لَقَدْ اَنْزَلْنَا اِلَيْكُمْ كِتَابًا فِيْهِ ذِكْرُكُمْ اَفَلَا تَعْقِلُوْنَ

یقیناً ہم نے تمہاری طرف کتاب اتاری ہے جس میں تمہارا ہی ذکر ہے کیا تم عقل سے کام نہیں لیتے

قرآن مجید

حصہ مکی

جلد اوّل

از غلام احمد

۲۹۷.۱۲ ع
غ ل ا
مجید
جلد اول
۲۰۱۲
۲

انڈکس قرآن ازم (مکی)

(جلد اول ۔ مطبوعہ سنہ ۱۹۶۰ء)

عرضِ مولف :۔ "قرآن ازم" حصۂ مکی جلد اول کی طباعت و اشاعت مارچ سنہ ۱۹۶۰ء کے موقع پر مجھ کو تفصیلی فہرست کے طباعت و اشاعت کا موقع نہیں ملا، جس کی وجہ کتاب کی افادیت میں غیر معمولی کمی محسوس کی جاتی رہی لیکن آج جبکہ محترم سید غوث صاحب آئی۔ اے۔ ایس کلکٹر وظیفہ یاب آندھرا پردیش نے اس خصوص میں خاص توجہ مجھ کو دلائی، اور محترم حامد غلام دستگیر صاحب تحصیلدار آندھرا، و محترم محمد عبد اللہ صاحب کمشنر سکلمنٹ مہاراشٹر نے مالی امداد کے لئے اپنا دستِ سخا بڑھایا تو اس انڈکس کی طباعت و اشاعت عمل میں آئی ۔۔ اللہ تعالیٰ ہر سہ حضرات کو اور ان کی آل و اولاد کو دارین میں اجرِ عظیم عطا فرمائے ۔ آمین ثم آمین ۔

"مارچ سنہ ۱۹۶۶ء"
غلام احمد مولف قرآن ازم

نوٹ :۔ جن حضرات کی خدمت میں یہ انڈکس پہنچ جائے اگر وہ وصولی کی اطلاع دو سطری کارڈ پر لکھ کر ادارہ کو دے دیں تو مناسب ہوگا۔
جن حضرات کو اس کی "قرآن ازم" ہو، اور انڈکس انہوں نے کو دے تو وہ ادارہ سے بلا قیمت طلب فرما سکتے ہیں۔

مضمون	صفحہ نمبر	مضمون	صفحہ نمبر	مضمون	صفحہ نمبر
قرآن ازم کا دیباچہ ۔	۰	فہرست مجمل و مفصل کتاب ۔	۵	گذارش احوالِ واقعی ۔	۳
انتساب ۔	۰	قرآن ازم کا دیباچہ اور اقرار حقیقت	۱	محکمات و متشابہات ۔	۴
تقریظ تنقید و تبصرہ ۔	۰	قوتِ فکریہ پر اشارات سے اوکسیے ہوئے	۲	تلاش و جستجو نزولِ وحی ۔	۵
پیش لفظ ۔	الف	اعلانِ انقلاب ۔	۲	ابتدائی نصاب تعلیم الٰہی ۔	۷

لہ اس انڈکس کے مطالعہ کے بعد امید کی جاتی ہے کہ جناب اپنی محفوظ کتاب "قرآن ازم" حصۂ مکی جلد اول میں (جو جناب کے گراں قدر کتب خانہ میں موجود ہے) چسپاں فرما دیں گے تاکہ ہر مطالعہ کنندہ کتاب اس سے استفادہ حاصل کرے (مولف)۔

وَلَقَدْ يَسَّرْنَا الْقُرْآنَ لِلذِّكْرِ فَهَلْ مِنْ مُدَّكِرٍ

اور ہم نے قرآن کو سمجھنے کیلئے آسان کر دیا ہے۔ تو کوئی ہے کہ سوچے سمجھے۔

قرآن ازم

یعنی

نظامِ قرآنی

پر

میرا فکر و فہم

جلدِ اول

مکی قرآن بلحاظ سلسلہ نزول از وحی (۱) تا (۲۹)

از

غلام احمد (امی)

ادارۂ علمیہ

۲۲۱ - اعظم پورہ - روبرو مدرسۂ اعزہ

حیدرآباد دکن

طبع اول ۲۷ رمضان المبارک ۱۳۷۹ھ م ۲۶ مارچ ۱۹۶۰ء (۵۰۰)

قیمت بلا جلد پانچ روپیہ

قیمت مجلد چھ روپیہ

محصول ڈاک بذمہ خریدار

See p. 59

باہتمام محمد عبدالرحیم صدیقی ابراہیمیہ پریس حیدرآباد میں طبع ہوکر
"دارالاشاعت قرآن ازم" ۲۲-۱-۸۶۷ سلطان پورہ حیدرآباد سے
شائع ہوئی۔

انتساب

اس میرے دفتر فکر و فہم کو نوجوان مرد و زن طالبان آزادیٔ فکر کے نام سے معنون کرتا ہوں ۔

جنکا ہر لمحہ فکر تلاش حق میں۔ دائم الصوم۔ قائم اللیل مقلد انسانوں کی عبادت سے بلند و بالا ہوا کرتا ہے۔ کیونکہ نوجوان ارادوں ہی کے زیر سایہ زمین اور آسمانوں کی جنتیں بنتی ہیں

پس

تیرے فکر کی انتہا چاہتا ہوں میری سادگی دیکھ کیا چاہتا ہوں

غلام احمد

تقریظ۔ تنقید۔ تبصرہ

؟

یہ صفحہ اسلئے معرا ہے کہ اس کتاب کے متعلق قدرت الٰہی زمانہ مستقبل میں جس عنوان کو چاہے گی۔ اسکو عالم آشکارا کردیگی۔ اسوقت تو وہ پردہ غیب میں ہے۔

پیش لفظ

اس کتاب کے مطالعہ کرنے والوں کو نہ تو اس میں ادبی چاشنی ملے گی اور نہ مضامین کا تسلسل۔ بلکہ ایک ہی مضمون کی بار بار تکرار اور اس پر کتابت و طباعت کی غلطیاں تیز اور۔ متقدمین کے حوالوں سے مرا میرے اوکار کا یہ دفتر پراگندہ آپکے سامنے موجود ہے۔ جبکہ ہر جملہ بلکہ ہر لفظ اعتراضات اور تنقید کے لئے کوہ آتش فشاں کا شرارہ بن سکتا ہے۔

چند سال قبل ڈاکٹر ابو طاہر عبد القادر نائب ناظم طبابت اندھرا پردیش اور انکی اہلیہ سعید طاہر کے اصرار پر قرآن ازم کے مقدمہ کی طباعت اچھی دنیا اور سچی انسانیت کے نام سے قسط وار شروع کی گئی تھی۔ لیکن بعض مجبوریات کی وجہ سے اس سلسلہ کو ادھورا چھوڑ دیا گیا۔ میں اپنے زائد از چالیس سالہ قرآن حکیم کی یادداشتوں کو جو سلسلہ نزول کے لحاظ سے قلمبند تھے کسی کتب خانہ میں محفوظ کرا دینے کے خیال سے ایک جا جمع کرنے لگا تاکہ وہ مستقبل میں کسی صاحب فکر کی ریسرچ میں ممد و معاون ہوں۔ میرے نوٹس کی ایک جلد حسن الدین احمد صاحب ایم اے خلف نواب دین یار جنگ بہادر نبیرہ محسن العلماء نواب عزیز جنگ کے زیر مطالعہ آئی میرا فکر انکے جاذب توجہ بن گیا۔ اور وہ اس کی طباعت اور اشاعت پر مصر ہو گئے۔ مگر چند میں اپنی ادبی استعداد کی کمی اور مالی مشکلات کو بتلایا لیکن وہ اپنے اصرار پر اڑے رہے لہٰذا میں بقول سعدیؒ "از دل دوستاں سہل است" یہ جلد اول شائع کر رہا ہوں۔ اگر وہ صاحبان غور و فکر کے لئے قابل توجہ قرار پائے تو مابقی حصص بھی شائع ہو سکتے ہیں۔ ورنہ "ایں دفتر بے معنی غرق بحر عرب اولیٰ"۔

اس کتاب کے مقدمہ میں قرآن حکیم کے نظریات اور مبادیات کو پیش کر دیا گیا ہے۔ تاکہ اگر آئندہ حصص شائع نہ بھی ہوں اور میرا فکر ناظرین کے لئے درخور التفات ہو تو وہ قرآن کریم کے مطالعہ کے وقت اس سے استفادہ کر سکیں۔ قرآن حکیم کا مکی حصہ جسمیں ۹۰ سورتیں ہیں۔ مزید چار جلدوں کی ضخامت کے طالب ہیں۔ اسکے بعد ۲۰ مدنی وحیوں کا سلسلہ شروع ہوگا۔ جس میں اسٹیٹ کے جملہ قوانین، ثقافت، تمدن، معاشرت و جنگ کے دفاعی و مفاجاتی احکام بیان کئے گئے ہیں۔ جو مزید تین چار جلدوں میں شائع ہو سکیں گے۔ ایسی صورت میں "زاں پیشتر کہ بانگ برآید فلاں نہ ماند"۔ ارادہ ہے کہ مدنی حصہ کی جلد اول بھی شائع کر دی جائے۔ تاکہ مدنی قرآن کے نظریات پر بھی میرا فکر واضح ہو جائے۔

نزول قرآن حکیم کے وقت تمام مذاہب عالم کے پیرو اپنے رہبران سوء کے دام تزویر میں گرفتار ذہنی غلامی میں جکڑے ہوئے تھے۔ اور صرف چند مخصوص رسومات کی ادائی اور شخصیت پرستی کو دین سمجھتے ہوئے اپنے کو خدا کی برگزیدہ امت جانتے تھے۔ ساتویں صدی عیسوی میں قرآن ازم نے انسانیت کو ذہنی غلامی اور تقلید جامد کے جال سے نکالا جو آزادی فکر کے ساتھ میدان عمل میں گامزن ہو کر فلاح دارین سے سرفراز ہوئی۔ لیکن آج وہی امت محمدی جاہل قرآن ہوتے ہوئے اپنے رہبران سوء اور اجارہ داران اسلام کی نفس پرستی کی وجہ عمل سے کوسوں دور اپنے ذہنی عقائد میں گرفتار انا خیر منہ کے زعم ابلیسی میں مبتلا ذلت و مسکنت کے گڑھے کی طرف چلی جا رہی ہے۔ فہم قرآن کریم کو انسانی دماغ کی پہنچ سے باہر سمجھتے ہوئے اسکی تلاوت تبرکاً حصول ثواب کے مقصد کے تحت کرتی چلی جا رہی ہے جس کا فائدہ بظاہر بجز اسکے کچھ نہیں کہ اسکی بہشت میں دائمی عیش و نشاط کی پر سرور تمناؤں کو

لئے ہوئے قبروں میں دفن ہوتے چلے جائیں۔ بقول اقبال -

حیات از حکمت قرآن نگیری
کہ از لین او آسان میری
بہ آیاتش ترا کارے جز این نیست
بہ سند صوفی و ملا اسیری

نوجوان تعلیم یافتہ طبقہ سے اور خصوصاً حاملین قرآن سے میری التجا ہے کہ وہ قرآن کی فَهَلْ مِن مُّدَّكِرٍ کی آواز پر لبیک کہیں اور اس منزل کی طرف قدم بڑھائیں جسکے باب الداخلہ پر اَنْتُمُ الْاَعْلَوْنَ اِنْ كُنْتُمْ مُّؤْمِنِيْنَ کا کتبہ لگا ہوا ہے۔ اور سچی انسانیت پیدا کرکے ایک اچھی دنیا کے معمار بنیں۔ خود سے سنو کہ اقبال مرحوم کی روح کیا کہہ رہی ہے۔

کافر ہے تو ہے تابع تقدیر مسلماں
مومن ہے تو وہ آپ ہے تقدیر الٰہی
تو شاہین ہے۔ پرواز ہے کام تیرا
تیرے سامنے آسماں اور بھی ہیں
اسی روز و شب میں الجھ کر نہ رہ جا
کہ تیرے زماں و مکاں اور بھی ہیں

پھر وہ کہتی ہے کہ — اے نوجوان حامل قرآن —

وہی جہاں ہے تیرا جسکو تو کرے پیدا
یہ سنگ و خشت نہیں جو تیری نگاہ میں ہے
عالم ہے فقط مومن جانباز کی میراث
مومن نہیں جو صاحب لولاک نہیں ہے

مختصر یہ کہ میرے رب نے اپنے فضل و کرم سے مجھکو جو کچھ فکر و فہم دیا ہے وہ میں آپ کی ضیافت فکر کے لئے اس دسترخوان پر چن دیتا ہوں۔ ہر شخص کو اختیار ہے کہ وہ اپنی پسندیدہ چیز کو اس خوان نعمت سے لے لے۔ اور جو ناپسند ہو اس کو چھوڑ دے۔ اور میری اس بنیادی فکر پر قرآن ازم کا بلند و بالا ایوان تعمیر کرکے ذٰلِكَ الْكِتٰبُ لَا رَيْبَ فِيْهِ کا نشان لہرا دے۔ ان تین سو صفحات میں قلمبند خیالات سے اگر دو چار افکار بھی آپکے لئے درخور التفات ہوں تو میرا مقصد پورا ہو جائے گا۔

مجھے فطرت نوا پر پے بہ پے مجبور کرتی ہے۔ ابھی محفل میں ہے شاید کوئی درد آشنا باقی
الٹ جائیں گی تدبیریں بدل جائیگی تقدیریں۔ حقیقت ہے، نہیں میرے تخیل کی یہ خلاقی

اس مشن لفظ کو اگر میں ان مخلص ہستیوں کی شکر گزاری کے بغیر ختم کر دوں تو انتہائی ناسپاس گزاری ہوگی جنہوں نے میرے کشکول کا بھیک میں میری ذات کے لئے بلا لحاظ مذہب و ملت میری منہ مانگی خیرات ڈالدی درآں حالیکہ وہ بے خبر ہیں کہ میں نے یہ رقم کس غرض کیلئے مانگی تھی۔ لہذا ان کو میں قرآن ازم کی اشاعت کا معاون سمجھتا ہوں۔ کاتب سید اکرم علی صاحب اور مرزا عمر بیگ صاحب مالک ابراہیمیہ پریس کا بھی مشکور ہوں جنہوں نے کتابت و طباعت میں خاص توجہ کی اور میرا یہ فکر شائع ہو سکا۔ یہ ایک حقیقت ہے کہ کسی حق بات کا کہنا۔ لکھنا یا پڑھنا تو بہت ہی آسان ہے اور کوئی اہمیت کا باعث نہیں۔ لیکن حق سچائی کو دوسروں تک پہنچانا بڑی ہمت اور اولوالعزمی کا کام ہوتا ہے جسمیں مالی۔ عملی و قلمی جد و جہد کرنے والوں کو قدرت "مجاہد" کا خطاب عطا کرتی ہے۔ ایسی صورت میں ایک غلام دوسرے غلاموں کے ادائی فرائض کو اپنے آقائے علیم و خبیر۔ سمیع و بصیر کی بارگاہ میں پیش کرنے کی جرأت بھی تو نہیں کر سکتا البتہ اپنے

عہ ہم نے قرآن کو سمجھنے کے لئے آسان کر دیا ہے۔ تو کوئی ہے کہ سوچے سمجھے؟

عہ تم ہی غالب ہوگے۔ بشرطیکہ تم (معیار قرآنی) مومن ثابت ہو جاؤ۔

محسنین سے مخاطب ہو کر اپنی دلی تمنا ظاہر کر دیتا ہوں۔
تیری دعا ہے کہ ہو تیری آرزو پوری۔ میری دعا ہے کہ تیری آرزو بر آئے۔

ہاں میرے رب اکرم تعالےٰ شانہٗ!!

تو ہی میری قلبی تمناؤں سے واقف ہے۔ میں خود نہیں جانتا کہ میرا فکر و فہم جو میرے زبان قلم سے کاغذ پر نقش ہو رہا ہے کہاں سے اور کیسے آیا۔ پس اول و آخر تجھ ہی سے التجا ہے کہ ہر نوجوان کو فکر و فہم قرآن حکیم سے نواز دے۔ اور صراط مستقیم کی طرف آزادی فکر سے چلنے والوں کے ارادوں میں اپنی ملکوتی قوتوں کے ذریعہ حسب وعدہ قرآنی مدد فرما۔

مرے رب!!!

ترے آسمانوں کے تاروں کی خیر۔ زمینوں کے شب زندہ داروں کی خیر
امنگیں مری آرزوئیں مری۔ امیدیں مری جستجوئیں مری
جوانوں کو سوز جگر بخش دے۔ ہر افکر مری نظر بخش دے
مرا فکر۔ مری رزم گاہ حیات۔ گمانوں کا لشکر یقین کا ثبات
مری دیدۂ ترکی بے خوابیاں۔ مرے دل کی پوشیدہ بے تابیاں
یہی کچھ ہے ربی متاع فقیر۔ اسی سے فقیری میں ہوں میں امیر
مرے قافلے میں لٹا دے اسے۔ لٹا دے ٹھکانے لگا دے اسے۔

میری آخری التجا تیری بارگاہ باعظمت و جبروت میں یہی ہے کہ تو نے اپنے مامورینؑ کے ذریعہ جو پیام انسانیت نوازی کا کرۂ زمین پر نازل فرمایا تھا۔ وہ اپنی اصلی روح کے ساتھ فکر انسانی میں جاگزیں ہو جائے۔ خصوصاً محمد عربی صلی اللہ علیہ وسلم کے ذریعہ تیری تعلیم "قرآن ازم" جو آزادی فکر انسانی اور شرف انسانیت کے لئے آج بھی کرۂ زمین پر باعث صد ناز و فخر موجود ہے۔ اسکو افکار انسانی کے لئے سراج منیر بنا دے۔ فقط۔

غلام احمد

"دار الاشاعت قرآن ازم"
سلطان پورہ حیدر آباد

۳۰ رمضان المبارک ۱۳۷۹ھ
۲۶ مارچ ۱۹۶۰ عیسوی

فہرست مضامین

مضمون	صفحہ
دیباچہ یعنی مقدمہ قرآن ازم ہے	۱
کیا غیر عربی داں کو اپنی مادری زبان میں فہم قرآن عطا ہوتا ہے	۴
تلاش و جستجو سلسلہ نزول وحی قرآنی	۵
قرآن ازم کا بنیادی تصور	۷
اچھی امت یا صالح جماعت؟	۸
تاریخ انسانیت میں اوہام باطلہ کے مقابل پہلی بغاوت	۹
تعلیم قرآن حکیم کے چرچے	۱۰
قرآن ازم؟	۱۲
قرآن ازم کس کی رہنمائی کیلئے نازل ہوا۔	۱۳
تراجم قرآنی	۱۴
اُمی اصحاب رسول کے جانشین کون ہو سکتے ہیں۔	۱۶
سلسلہ نزول وحی کے لحاظ سے مطالعہ قرآن حکیم کی ضرورت	۱۸
انسان خصوصاً مسلمان کس طرح آزادی فکر حاصل کر سکتے ہیں	۲۳
قرآن کو کسطرح پڑھنا چاہیے۔ کیا قوانین الٰہی عام فہم نہیں ہوتے	۲۴
قرآن عربی اور ہم غیر عربی داں	۲۶
حمائلین انجیل کا ایک حسن عمل	۲۸
اعلیٰ تعلیم یافتہ نوجوانوں سے قرآن کا مطالبہ	۲۹
خادم لعبہ معظمہ کا ایک اہم فریضہ	۳۰
قرآن مسلمانوں کے لئے نازل ہوا یا غیر مسلموں کیلئے۔	۳۱
ایک چیلنج	"
لذت صوت یعنی خوش الحانی سے تلاوت قرآن	۳۲
احترام قرآن مجید	۳۳
خلاصہ دعوت فکر و فہم قرآن حکیم	۳۴
میرے زیر مطالعہ تراجم قرآن	۳۵

مضمون	صفحہ
اقتباس رائے متعلق ترتیب نزول قرآن مجید	۳۷
تدوین قرآن حکیم	۴۰
محرک جمع القرآن	۴۱
مرتب سور القرآن	۴۳
اقتباس مسودہ ترتیب نزول قرآن از علامہ محمد اجمل خاں	۴۵
اختلاف قرارت	۴۷
فرقہ امامیہ کے مفکرین ۔ نماز میں سورتوں کی ترتیب	۴۸
قرآن کا رسم الخط	۴۸
سات قرارتیں	۵۲
پہلا تصور ترتیب نزول وحی (محققین ترتیب نزول)	۵۳
کیا چودھویں صدی میں سلسلہ نزول وحی پر تحقیق ہو سکتی ہے	۵۷
اقتباس دیباچہ تفہیم القرآن	۵۹
اقتباس مقدمہ تفہیم القرآن از علامہ مودودی	۶۲
قرآن کے غیر محرف ہونے کی دلیل	۷۰
فہم قرآن حکیم کسطرح حاصل ہو سکتا ہے۔	۷۱
قرآن کا روئے سخن عرب کی طرف کیوں ہے	۷۳
فرقہ بندی قرآن کے منشاء کے خلاف ہے۔ پھر امت محمدی میں فرقوں کا وجود کیسا۔	۷۴
ترتیب نزول وحی قرآنی کے محققین کی ایک مکمل فہرست نوٹ ۔ سنہ ۶۱۰ء غلط صحیح سنہ ۱۱ء براہ کرم تصحیح فرمالیں	۷۵
فہرست مدنی قرآن مجید بلحاظ سلسلہ نزول وحی نوٹ ۔ سنہ ۱۳۱۱ء غلط ۔ صحیح سنہ ۱۱ء ۔ براہ کرم تصحیح فرمالیں	۷۹
میری آخری التجا صاحب کلام سبحانہ تعالیٰ سے	۸۴

مضمون	صفحہ
قرآن ازم حصہ مکی پر میرا فکر و فہم	
پس منظر نزول قرآن حکیم - اساس خطاب قرآن حکیم و محاورات قرآنی بموجب فہرست صفحہ ۸۶	۸۷ تا ۱۱۸
۱- سورہ علق -	۱۲۱
اقرا کا مفہوم - تخلیق انسانی - سوانح حیات محمد عربی صلعم - کی نزول وحی کا زمانہ - الحاقی آیات - مامور من اللہ کے متعلق تصور الحاد قدامت پسندی کا نظریہ - صلوٰۃ کی حقیقت - طریقہ نماز امت محمدی کی تاریخ - قرآن حکیم کے محاورہ حقیقت سجدہ -	
۲- سورہ الضحیٰ -	۱۳۷
قرآن میں قسموں کی حقیقت - فترۃ الوحی - سوال کو رد کرنے کی ممانعت اظہار انعامات الٰہی - محمد عربی صلعم کی بسم اللہ	
۳- سورہ الانشرح	۱۴۱
شرح صدر؟ تبلیغ کی دشواریاں - قوم کی مخالفت - بت شکنی کی اصلیت - رب کے طرف راغب ہونے کی حقیقت -	
۴- سورہ الفلق	۱۴۵
آقا کے پناہ میں آنے کی ضرورت - رسالت کا محافظ رستہ اور ہمارے عملیات -	
۵- سورہ الفیل	۱۴۷
واقعہ اصحاب فیل - طیراً ابابیل اور حجارۃ کی حقیقت طیر کے معنے اور حجارۃ کا محاورہ	
۶- سورہ القدر	۱۴۹
شب قدر - نزول قرآن شب قدر میں - تمنا بنی اسمٰعیل اہل کتاب ہونے کی - روح کی حقیقت - نزول قرآن حکیم شب قدر میں - نسی کی حقیقت - نصاریٰ کے روزے - تقوم ہجرت	
آغاز دعوت جہری	
۷- سورہ القریش -	۱۵۵
حج کا ہمیشہ ماہ مارچ میں ہونا - اتحاد کا ابتدائی سبق - قریش کے باہمی اتحاد کی مثال -	
۸- سورہ الیل -	۱۵۸
کسب معاش ہر انسان کا الگ الگ - ابتدائی سبب حصول آزادی اور بعد میں آرام - حق و انصاف کے منکرین کی تباہی - قانون مجرم ہی کو سزا دیتا ہے - جہنم میں بدبخت - نیکی دین کی کیا ہے - قرآن کی تعلیم کا اساس تنظیم قومیت ہے -	
۹- سورہ العادیات -	۱۶۱
عرب کے گھوڑوں کی قسم کا مطلب - سرمایہ داری کی مذمت -	
۱۰- سورہ الزلزال	۱۶۳
سرمایہ داری کا زلزلہ - قدرتی زلزلہ	
۱۱- سورہ العصر	۱۶۵
عصر یعنی زمانے کا مدوجزر - ہند کی تحریک آزادی - حیدرآباد کی تحریک آزادی کی ناکامی	
۱۲- سورہ التکاثر	۱۶۸
سرمایہ داروں کی حرص مال و دنیا - حشر اول میں حیدرآباد کے مسلم سرمایہ داروں پر عذاب الٰہی -	
۱۳- سورہ القارعۃ	۱۷۰
قارعہ؟ - حیدرآباد میں قارعہ - ھاویہ کا مفہوم -	
۱۴- سورہ الناس	۱۷۲
وسوسہ کی خرابی - خناس کیا ہے - جن کی حقیقت - میرا سرچ روح کیا پابند زبان ہوتی ہے - میرا مقابلہ جن سے - قرآنی جن - مدنی قرآن میں جن کا لفظ کیوں نہیں آیا - رسول کا جادو کا اثر غلط ہے - جن کیا ہے؟ وہ کیسی مخلوق ہے - اللہ کا تصور - ذات خدا میں فکر کے بجائے اسکی مخلوق میں فکر کرو - ہر مذہب کی مقدس کتاب اس مذہب کا الٰہ یعنی بت تصور کیا جاتا ہے -	
۱۵- سورہ الشمس	۱۸۲
خدا کیوں مستقبل کے نتائج سے بے خوف ہو کر قوموں پر عذاب نازل کر کے فنا کر دیتا ہے - ہم کس بنا پر قرآن کی تفسیر صحیح کر سکتے ہیں	

مضمون	صفحہ
ہمارے فہم قرآنی اور ماضی کے فہم قرآنی کا فرق ۔ فرقہ اسلام کے زائد از چار سو فرقے ۔	
۱۶ ۔ سورۃ الھمزۃ ۔	۱۹۳
حطمہ کی حقیقت ۔ عذاب حطمہ میں امراء اور جاگیرداران حیدرآباد دکن طرح مبتلا ہوئے ۔ چغلی کا حشر ۔	
۱۷ ۔ سورۃ الماعون	۱۹۵
دعوئے حق کی تکذیب کرنے والوں کا خدا سے عذاب کا طالب ہونا ایک دن پچاس ہزار سال کے برابر ہونے کا کرۂ زمین پر ثبوت ۔ مکذبین پر عذاب نازل نہ ہونے سے مصدقین کے شکوک ۔ قانون انصاف دنیا کی مثال ۔ امریکہ کا واقعہ ۔ تمام مذاہب کے مومن کی تعریف ۔ صلاۃ ۔ نماز بمعنی تنظیم ۔ صرف اولاد انبیاء و مرسلین ہونا قابل احترام نہیں ۔ رب المشرقین و رب المغربین ۔ حسب و نسب کا گھمنڈ غلط ہے ۔ آبائی دین کا گھمنڈ ۔ روحانی ہستیوں کی بے بسی پولس ایکشن کے موقعہ پر ۔	
۱۸ ۔ سورۃ عبس	۲۰۴
آنکھوں والے بے بصیرت کے مقابل اندھا بابصیرت بہتر ہوتا ہے ۔ قرآن کی تعلیم پست کو بلند کرتی ہے ۔ سرسید کے مصدق بے علم ہوتے ہیں نکتہ عالم ۔ لیڈر و مصلحان قوم کی آواز پر عوام لبیک کہتے ہیں ۔ گاندھی جی کی تحریک کی مثال ۔ قرآن میں عصر حاضر کے مطابقت کی جھلک ۔ امی کس کو کہتے ہیں ۔ کرام برر قرآن کو لکھنے والے کون ۔ قتل الانسان یعنے مارا جائے انسان کا محاورہ ۔ انسانی مساوات اونچ نیچ ۔ اپنی غذا روزانہ پر ایک نظر زراعت کا قانون قدرت حشر اول انفرادی حشر اول اجتماعی حشر اول و آخر ۔	
۱۹ ۔ سورۃ البلد	۲۱۳
قسم شہر مکہ کی حقیقت ۔ انسان کی ترقی کا قانون ۔ دو ٹ حاصل کرنے کا قدیم طریقہ اہل مکہ کا ۔ ایثار و قربانی کی گھاٹیاں عقبۃ ۔ یعنی گھاٹیاں کیا ہیں ؟ اصحاب المیمنہ و اصحاب المشئمہ	
۲۰ ۔ سورۃ الفجر	۲۱۷
جنت اور طاق رائیں ۔ تاریخ عاد و ثمود ۔ ایک مثال برطانیہ اور ہندوستان کی فراعنہ مصر اور بنی اسرائیل کے مماثل ۔ ان آیات کی روشنی میں جرمن کی تباہی ۔ قدرت کی مشنری ۔ گری ہوئی انسانیت کو سہارا دینے سے تباہی قوم ملک و ذات ۔ مردوں کا مال کھانے والے ۔ انصاف روز جزا ۔ روز حشر صرف دو گروہ ہوں گے ۔ ہر غالب قوم کا مومن ہونا ۔ یوم الساعۃ	
۲۱ ۔ سورۃ الاعلی	۲۲۶
تخلیق کائینات کا نظریہ ۔ تقدیر ۔ وحی الہی ۔ وحی شیطانی وحی کس زبان میں نازل ہوتی ہے ۔ گھاس کا کوڑا کرکٹ ہونا ایک نئی زندگی کا پیش خیمہ ہے ۔ انسان میں بھول کی صفت قدرت کا عظیم انعام ہے ۔ ناسخ و منسوخ آیات قرآنی صبر کی حقیقت ۔ نصیحت کو کون قبول کرتا ہے ۔ آج بھی دین فطرت تمام کرۂ زمین کے مذاہب میں مشترک ہے ۔ ذکر سیدنا ابراہیم و صحف ابراہیم و موسیٰ	
۲۲ ۔ سورۃ الکوثر ۔	۲۴۱
کوثر ۔ صلاۃ ۔ نماز کی حقیقت ۔ نحر ۔ قربانی کی حقیقت ۔ قربانی کی تاریخ ۔ انسان کی قربانی ۔ ہندو مورتی کی پوجا خون کے بغیر نہیں ہوتی ۔ پہلے لڑکے کی قربانی ۔ بیسویں صدی میں بیٹے کی قربانی ۔ عید قربان کی قربانیاں ۔ ہندوؤں کا ہون اور اسرائیلی قربانی ۔ ابتر کی حقیقت ۔ آنحضرت صلعم بھی پروہت خاندان سے تھے ۔ حضرت ابراہیم پروہت خاندان سے تھے ۔	
۲۳ ۔ سورۃ الماعون	۲۴۷
دین کی حقیقت ۔ دین کے جھٹلانے والے کون ۔ صرف نماز روزہ وغیرہ ہی دین نہیں ۔ مصلی یعنی نمازی پر ملامت کی حقیقت ۔ ثواب کے معنی ۔ ہر مذہب میں دین کی حقیقت ۔	

مضمون	صفحہ
دین انسانیت یعنی اخلاقیات ہی دین ہے۔	
۲۴۔ سورہ لہب۔	۲۵۲
ابی لہب کے ہاتھ ٹوٹ گئے کی حقیقت۔ ابی لہب کی مخالفت کا اصلی سبب آبائی دین کی حفاظت تھا۔ ابی لہب کی عورت کے گلے میں رسی۔	
۲۵۔ سورہ طارق	۲۵۵
طارق مشتری۔ زہرہ کے پرستار۔ انسانی پیدائش منی سے سب انسانوں کے لئے یکساں ہے۔ عقائد حشر کی عملاً نفی۔ آیات قرآن و کائنات کی نشانیاں۔ الہان باطل قرآن کے مصدق۔	
۲۶۔ سورہ مزمل	۲۵۸
مزمل؟ تہجد کی حقیقت۔ مراقبہ اور سیر زم۔ رب المشرقین ورب المغربین۔؟ عدم تشدد یعنی اہمسا۔ بنی اسمٰعیل کی تمنا اہل کتاب بننے کی۔ آگ کی بیڑیاں آخرت کیلئے زاد راہ۔ الحاقی آیات پر یادداشت۔ مدنی قرآن تعمیر امت۔ قوانین وحی اور تمدن و معاشرت کو نافذ کرتا ہے۔ قرآنی احکام کے ناسخ و منسوخ کی حقیقت۔ نماز باجماعت۔ زکاۃ کی حقیقت۔ مالی عبادت سے ثواب آخرت۔	
۲۷۔ سورہ تین	۲۶۶
کوہ طور کے احترام کی ایک مثال حیدرآباد میں مولا کا پہاڑ اور اسکا احترام و عظمت۔ ہر قوم اپنے مقابل دوسری قوم کو ارذل سمجھا کرتی ہے۔ انسان کا احسن تقویم ہونا نتائج اعمال۔ ایک ذات واحد کا عام تصور۔	
۲۸۔ سورہ انشقاق	۲۷۰
زمین آسمان کی اطاعت اور انسان کی نافرمانی۔ بیسویں صدی کے مخاطبین وحی کا مفہوم۔ معاد کا تصور مذاہب عالم میں۔ زمانہ قدیم میں جنت و دوزخ کا تصور۔ دید میں یوم حشر۔ قرآنی جنت و دوزخ کا نظریہ۔ نظریہ معاد و تناسخ پر سیر فکر۔ نظریہ ارتقا۔ طبقات عن طبق۔ دماغ انسانی کا ارتقا۔ تناسخ کے ماننے والے منکر معاد نہیں۔	
۲۹۔ سورہ انفطار	۲۸۰
جدید تصور قیامت۔ ہر انسان ایک ہی خالق کا تصور رکھتا ہے۔ کراماً کاتبین۔ شفاعت کی نفی۔ یوم حشر اور انصاف۔ حشر اول۔ ہنری چہارم اور امریکہ کے انصاف کی ایک مثال بادشاہ اور منصف کا فرق۔ قرآن کی سہ ربع آیات دین انسانیت کی رہنمائی کرتے ہیں۔ دین انسانیت۔	

فہرست نقشہ جات

	صفحہ
مکتوب مبارک محمد عربی صلعم بنام مقوقس اعظم سلطان قبط و مصر	۴۹
. . . . . بنام شاہ نجاشی عظیم الحبش	۵۰
قرآن کا کوفی رسم الخط بہ زمانہ حضرت امام جعفر صادقؑ	۵۱
نقشہ مذاہب عالم نصف کرہ زمین ساتویں صدی عیسوی	۹۶
نقشہ شرق وسطی تجارتی راستے خشکی و تری پہلی صدی عیسوی	۱۵۷
خاکہ (۱) دل خاکہ (۲) دل موشریان اور نس متعلق نخاع	۱۸۵
خاکہ (۳) دماغ انسانی	۱۸۶
نقشہ (الف) اقتدار عاد اولیٰ نقشہ (ب) اقتدار عاد اولیٰ و ثمود	۲۱۹
نقشہ ہجرت ابراہیمؑ	۲۳۷
نقشہ تصورات قدیم زمین اور آسمان، دوزخ و جنت	۲۷۴

دیباچہ

اَعُوْذُ بِاللّٰہِ مِنَ الشَّیْطٰنِ الرَّجِیْمِ
بِسْمِ اللّٰہِ الرَّحْمٰنِ الرَّحِیْمِ

اِقْرَاْ بِاسْمِ رَبِّکَ الَّذِیْ خَلَقَ ۝ اے محمد! تو اپنے رب کے حکم سے ۔ یعنی جس ذات نے کائنات کو پیدا کیا۔ تبلیغِ حق کا آغاز کر۔

خَلَقَ الْاِنْسَانَ مِنْ عَلَقٍ ۝ کون ہے وہ ذاتِ واحد؟ وہ ذات جس نے ماحصلِ کائنات سے نطفۂ انسانی کے لئے تخلیق بتسویہ مقدار اور ہدایت کا قانون بنا دیا۔

اِقْرَاْ وَرَبُّکَ الْاَکْرَمُ ۝ ہاں اعلان کر دے کہ وہی ذاتِ واحد سب کا مربی۔ مالک اور آقا ہے جو اپنی تمام مخلوق کے لئے اکرم بھی ہے۔

الَّذِیْ عَلَّمَ بِالْقَلَمِ ۝ دیکھو اسی ذاتِ واحد نے انسان کو فکر و فہم کا جوہر عطا فرما کر قلم کے ذریعہ حصولِ علم کا طریقہ بتلا دیا جس کی وجہ وہ کرۂ زمین پر ہر ذی حیات سے ممتاز بنتا جا رہا ہے۔

عَلَّمَ الْاِنْسَانَ مَا لَمْ یَعْلَمْ ۝ پھر انسان کو اس بات کا پتہ نہیں کہ اس کے جوہرِ فکر (یعنی روح) میں کوئی انوکھی بات کہاں سے اور کس طرح آتی ہے جس کا علم اس کو پہلے سے کبھی نہ تھا۔ بلکہ اس کے آب و جد بھی ماضی میں اس علم سے بے خبر تھے

سورۂ علق کی ان پانچ آیتوں کو میں "قرآن ازم" کا دیباچہ سمجھتا ہوں۔ جو سب سے پہلے محمدِ عربی صلعم پر بذریعۂ وحی شہر مکہ بمقام غارِ حرا رمضان ۴۱ سنہ عام الفیل مطابق ڈسمبر ۶۱۰ سنہ عیسوی شبِ قدر میں۔ بتوسط قوتِ ملکوتی جبرئیل نازل ہوئیں جس میں حکم دیا جا رہا ہے کہ

(۱) اے محمد بن عبداللہ۔ سن لے کہ تیرا رب تجھ کو تبلیغِ حق یعنی انسانیت کو سنوارنے کے لئے مامور کر رہا ہے پس اپنے رب کے نام سے تبلیغ اور اعلانِ حق کے لئے تیار ہو جا۔

(۲) اس بات کا اعلان کر دے کہ کائنات میں ایک ۔ صرف ایک ہی ایسی زبردست ذات ہے جو قادرِ مطلق ہے۔

جس کا صفاتی نام زبانِ عرب میں رب۔ اور اسم ذات اللہ ہے۔ پس اُسی ایک ذات نے قانونِ تخلیق کے ذریعہ نطفہ سے علق، پھر علق کو مدارجِ تخلیق طے کراتے ہوئے انسان کو احسن تقویم بنا دیا۔

(۳) دیکھو وہی ایک ذات نہ صرف تمہارا۔ بلکہ کرۂ زمین کی تمام قوموں کا اللہ۔ بھوانہ۔ الوہیا۔ اوم۔ پرماتما۔ یزدان۔ گاڈ ہے۔ جو سب کے لئے اکرم۔ اور سب کا بے نیاز پالن ہار ہے۔

(۴) کیا تم غور نہیں کرتے کہ اس خالق نے انسان کو قوتِ فکریہ عطا فرما کر اُسی کے ہاتھوں حصولِ علم کا ذریعہ قلم کو ٹھہرا دیا جس کی وجہ انسان اہلِ کتاب بنکر سب کچھ سیکھتا۔ سیکھاتا۔ اور جانتا ہے۔ اور اہلِ قلم بنکر ماضی۔ حال۔ اور کچھ کچھ مستقبل کا علم دوسروں کے لئے محفوظ کرتا جاتا ہے۔ بلکہ خلافتِ زمین کا اقتدار۔ اور حکومت بھی اسی کے ذریعہ حاصل کر لیتا ہے۔

(۵) لیکن انسان اس بات سے قطعاً بے خبر ہے کہ۔ اُسکی قوتِ فکریہ میں جو کچھ علم آتا ہے۔ وہ کہاں سے اور کیونکر آتا ہے۔ دران حالیکہ وہ اچھوت ہوتا ہے۔ جو کبھی کسی انسان کے فکر و ذہن۔ وہم و گمان میں بھی نہیں ہوتا۔ پس انسان کے قوتِ فکریہ میں کسی علم کا اشارہ۔ اور اشارہ کے بعد اُسکے فہم و ادراک کی صلاحیت دراصل ایک ذاتِ واحد خالق تعالیٰ سبحانہٗ کے فیضان کا نتیجہ ہے۔ جس میں غیر اللہ (خواہ وہ مادّی مخلوق ہو یا روحانی) کا رمق برابر دخل نہیں۔

"قرآن ازم" کی اس تمہید نے صحیفۂ کائنات اور کتابِ حکمت (جو آیندہ بذریعۂ وحی الٰہی محمد عربی صلعم کے ذریعہ آزادیٔ فکر کے علمبردار ہر انسان کے لئے نازل ہونے والی تھی) کے رازِ سربستہ کو آشکارا کر دیا۔ تاکہ انسان کی قوتِ فکریہ آزادیٔ فکر و فہم کی نعمتِ عظمیٰ سے محروم نہ رہے۔ اور اپنے جیسے انسانوں کی ظنی و ذہنی غلامی میں گرفتار نہ ہو۔ بلکہ ہر انسان اپنے فکر و فہم کے لحاظ سے ہر علم کو بالراست اپنے رب تعالیٰ سبحانہٗ کی بارگاہ سے حاصل کرنے کا متمنی ہو جائے۔

یہ ہیں وہ پانچ جملے "قرآن ازم" کے جو زاید از چھ ہزار آیتوں کا دیباچہ ہیں۔ اور ہر زمانہ میں تقلیدِ جامد کی تاریکی سے نکل کر آزادیٔ فکر کی فضا میں قدم رکھنے والے انسان کے لئے سراجِ منیر کا مینار۔

کیا آج ہم بھی اس اعلانِ انقلاب پر (جو حصولِ آزادیٔ فکر کے لئے ہمارے آنکھوں کے سامنے ہے) لبیک کہتے ہوئے ابوجہل کی صف سے نکل کر محمد عربی صلعم کے مینارِ سراجِ منیر کی طرف اپنے عمرِ رواں کی کشتی کا رُخ کر کے ساحلِ مقصود یعنی مصدقین کی صف میں داخل ہونے تیار ہیں؟

اس بات کو اپنی یادداشت میں بطور خاص جگہ دیجئے کہ۔ اگر کوئی فرد یا جماعت آزادیٔ فکر کے ساتھ تلاشِ حق میں ہمت و استقلال کو اپنا کر اچھی دُنیا۔ سچی انسانیت کے ذریعہ اپنی آخرت کو درخشان بنانے ایک قدم آگے بڑھائے تو سنت اللہ (قانونِ قدرت) کے تحت کارکنانِ قضا و قدر (ملکوتی قوتیں) دس قدم آگے بڑھکر اسکو سنبھالا دیتی ہیں۔ کیونکہ "قرآن ازم" انسان کے ارادہ کو مقدم قرار دیتا ہے۔ اور ملکوتی قوتوں کی امداد کو موخر ٹھہراتا ہے۔

قرآنِ ازم

اَعُوْذُ بِاللّٰہِ مِنَ الشَّیْطٰنِ الرَّجِیْمِ
بِسْمِ اللّٰہِ الرَّحْمٰنِ الرَّحِیْمِ

سب تعریفیں اللہ تعالیٰ ہی کیلئے سزاوار ہیں، جو ساری کائنات اور قوموں کا خالق اور پروردگار ہے اور اسکے مرسلین و مامورین پر صلوٰۃ و سلام
خصوصاً رحمۃ للعٰلمین پر

وَ اَمَّا بِنِعْمَۃِ رَبِّکَ فَحَدِّثْ (اور تیرے رب نے تجھکو جو بھی نعمت عطا کی ہے اُسکا اظہار دوسروں پر بھی کرتے رہو تاکہ وہ بھی حصولِ نعمت کیلئے سرگرم عمل ہو جائیں)

گذارشِ احوالِ واقعی

بلاشبہ اللہ کی سب سے بڑی نعمت فہمِ قرآن حکیم ہے! اسلئے میں اس نعمتِ عظمیٰ کا اظہار حسب الحکم میرے رب کے بطور شکرانۂ نعمت ضروری سمجھتا ہوں۔ کہ مجھ جیسے ناچیز غلام کو میری سمجھ بوجھ کے موافق فہمِ قرآن حکیم عطا فرمایا۔ کیا کہنا ہے اسکے فضل و کرم کا۔ جو بھی حق کے لئے جد و جہد کرتا ہے اللہ تعالیٰ اپنے فضلِ بے پایاں سے اسکو مالا مال کر دیتا ہے۔

بغیر عربی صرف۔ نحو۔ لغت جاننے کے کیا کوئی فہمِ قرآنی کا مدعی بن سکتا ہے؟ اس سوال کا جواب میری سرگزشت ہی ہوگی۔ یہ ایک واقعہ ہے کہ میں اپنی ۲۵ سالہ عمر ہی سے قرآن کا ترجمہ پڑھتے ہوئے ہر آیت کا مفہوم حاصل کرنے کا عادی رہا ہوں[1]۔

---

[1] یہ ایک حقیقت ہے کہ قرآن کی چند سورتیں ہی بچپن میں میں نے پڑھی تھیں۔ پورا قرآن ناظرہ بھی میں نے ختم نہیں کیا پس اس واقعہ کو میں ہمیشہ اپنی خوش قسمتی سمجھتا رہا۔ کیوں؟ اسلئے کہ اگر میں بچپن میں قرآن ناظرہ پڑھ لیتا۔ یا حفظ کر لیتا تو مثل دیگر تلاوت کرنے والوں کے طوطی صفت بن جاتا۔ فہمِ قرآنی کا ذوق و شوق مجھ کو نصیب نہ ہوتا۔ چونکہ عربی قرآن میں نہیں پڑھا تھا۔ اسلئے قرآن حکیم کے ترجمہ سے فہم حاصل کرنے میری طبیعت مائل ہوئی جس کا نتیجہ یہ ہے کہ آج زاید از چالیس سال سے قرآن حکیم میرا مونس۔ اور میرے فکر و فہم۔ غور و تدبیر کا مرکز بنا ہوا ہے۔ درآنحالیکہ عربی متن کا روان پڑھنا میرے لئے مشکل ہے۔ لیکن اس کا مفہوم میرے لئے آسان سے آسان تر ہے۔ ھٰذَا مِنْ فَضْلِ رَبِّیْ۔

کیا غیر عربی دان کو اپنی مادری زبان میں فہم قرآن عطا ہوتا؟

محض اس تصور کے تحت کہ۔ قرآن حکیم جب اللہ کا کلام ہے۔ اور اللہ میرے شہ رگ سے بھی قریب ہے۔ اور پھر قرآن کا ادعا ہے کہ وہ غور و فکر کرنے والوں کے لئے آسان الفہم ہے تو کوئی وجہ نہیں کہ مجھ کو اس کا فہم میرے رب کی طرف سے عطا نہ ہو۔ اور میں اس نعمت سے محروم رہوں۔ اس تصور نے آج تک ارباب متفرق سے مجھ کو بے نیاز بنا دیا ہے۔ پس میں اس فیضانِ الٰہی کا شکرانہ اس طرح ادا کرتا ہوں کہ جو کچھ مجھ کو نعمت ملی ہے۔ اسکو دوسروں کے سامنے رکھ کر مزید حصولِ نعمتِ الٰہی کی دعوت ان کو دیدوں۔ تاکہ وہ بھی اپنی قوتِ فکریہ کی آزادی سے فہمِ قرآن حکیم کی نعمت حاصل کر کے مجھ پر سبقت لیجانیکی جد و جہد کریں! اور تقلیدِ جامد باپ دادا کی اندھی تقلید کی غلامی سے اپنی گردنوں کو آزاد کرالیں۔ اور اس حقیقت پر ایمان رکھیں کہ:۔

ذَالِكَ فَضْلُ اللّٰهِ يُؤْتِيْهِ مَنْ يَّشَآءُ وَاللّٰهُ ذُو الْفَضْلِ الْعَظِيْمِ

ابتداء میں عام تصورات آبائی کے تحت آیاتِ محکمات ہی میں[1] فکر و غور کرتا رہا۔ اور اس کے سمجھنے کی کوشش میں لگا رہا! اور متشابہ آیات میں غور و فکر کرنے سے بچتا رہا۔ پھر جب کبھی محکمات ہی میں کوئی بات میری سمجھ میں نہیں آئی تو میں خوش عقیدگی پر اپنے فکر اور تدبر کو بھینٹ نہیں چڑھایا۔ بلکہ ہر عقل انسانی اور وسوسۂ شیطانی کا کوئی اعتراضی پہلو ایسا نہیں تھا جو میرے گوشۂ دل میں نہ پیدا ہوا ہو۔ اور میرا فکر اس کے اطراف و جوانب میں چکر لگا کر فہم حاصل نہ کیا ہو۔ اور وہ فہم بھی ظنی و ذہنی نہیں۔ قرآن حکیم ہی کے بین الدفتین آیات بینات۔ اور صحیفۂ فطرت کے کھلے مشاہدات نے میرے قلبِ سلیم کو مطمئن کرا دیا۔ یہی وجہ ہے کہ میں قرآن حکیم کا بغیر پنسل یا قلم ہاتھ میں رکھے مطالعہ کرنا جو عام طور پر تلاوت کہی جاتی ہے۔ قرآن کی بے حرمتی سمجھتا ہوں۔ کیوں؟ اسلئے کہ جب کبھی کسی مدبر۔ فلسفی یا قانون دان کی تصنیف یا تالیف کا مطالعہ کرتے ہیں۔ (درآں حالیکہ وہ کتاب مانگے کی ہوتی ہے) تو بطور یادداشت نشان کئے بغیر نہیں رہتے۔ تو کیا قرآن حکیم جو ہمارے لئے اس دُنیا کی زندگی کا دستورِ حیات ہے۔ اس پر غور و فکر کے لئے یادداشت مرتب کرلینا۔ ہمارا فرض نہیں۔ یہ کیسا مہمل اور بے معنیٰ عقیدہ ہے کہ ایسا کرنا قرآن کیساتھ بے ادبی ہے۔ بریں عقل و دانش بباید گریست۔ مختصر یہ کہ میرے اس طریقۂ مطالعہ نے قرآن حکیم کی ہر آیت حکمت کو میری سمجھ بوجھ کے لحاظ سے میرے فہم میں سمو دیا۔ اور قرآن کے اس دعوے کو کہ۔ "اِنَّ عَلَيْنَا بَيَانَهٗ" یعنی اللہ تعالیٰ قرآن ہی کی روشنی میں اپنے کلام کی ہر آیت کو طالبِ فہم و فکر کے ذہن نشین کر دیتا ہے۔ یقینِ کامل کے ساتھ تسلیم کرلینا پڑا۔

---

[1] محکم آیات کے متعلق مفسرین کا کہنا ہے کہ جو بات عام فہم ہو جس کے معنے عام طور پر ایک ہی سمجھے جائیں اس کا دوسرا مفہوم ہی نہ ہو وہ محکمات ہیں۔ جیسے رات۔ دن۔ زمین آسمان۔ انصاف۔ ظلم۔ مرد۔ عورت۔ پانی مٹی۔ وغیرہ۔ لیکن میرا فکر یہ ہے کہ محکمات بھی بصورت محاورات قرآن حکیم۔ متشابہات ہو جاتے ہیں۔ جیسے اندھا۔ اور بہرا۔ قرآن نے تقلید جامد کے غلاموں کو اندھا اور بہرا کہا ہے۔ درآں حالیکہ ان کی بصارت و سماعت ظاہری موجود ہے۔ اور ایک نابینا کو وہ صاحبِ بصارت کہتا ہے! اندھی تقلید کو وہ تاریکی کہتا ہے اور آزادیِ فکر و فہم کو روشنی۔ ایسی حالت میں محکمات کا یہ کلیہ برقرار نہیں رہ سکتا۔

[2] متشابہ کے متعلق تو مفسرین اور علماء خود ہی چکر میں پڑے ہوئے ہیں۔ کوئی تو متشابہ آیات ان جملوں کو سمجھتا ہے جس کا مفہوم سمجھ میں نہ آئے۔ کوئی متشابہ اس آیت کو سمجھتا ہے۔ جو ایک دوسرے سے ملی جلی ہو۔ کوئی متشابہ اس آیت کو کہتا ہے جسکے مطالب کو ظاہر کرنے میں مختلف خیالات جولانی طبع کے لئے مل جائیں۔ بعض کا خیال ہے کہ تمام قرآن متشابہ ہے یعنی پہلے نازل شدہ مقدس کتابوں ہی کی تعلیم سے وہ ملتا جلتا ہے۔ لہٰذا وہ محکم بھی ہے اور متشابہ بھی۔

عموماً علماء و مفسرین اُن آیات کو متشابہ قرار دیتے ہیں۔ جو کسی واقعہ کی حقیقت سے ناواقفیت کی وجہ (باقی صفحہ ۵ پر)

Sept. 43

تلاش وجستجو سلسلہ نزول وحیِ قرآنی

رمضان ۱۳۶۴ھ ہجری میں مجھ کو خیال آیا کہ قرآن مجید کی سورتوں کا مطالعہ بلحاظ سلسلۂ نزولِ وحی کیا جائے تو تعلیم اسلام کے ارتقائی منازل شاید آسانی سے

(بقیہ حاشیہ صفحہ ۴) یا روایاتِ عجوبہ کو سند تسلیم کر لینے کی وجہ فکر و فہم انسانی میں سمونے سے خارج ہوں۔ یا کسی خاص علم و فن کی نادانستگی ظنی و ذہنی عقاید ان کے عقل و فہم اور فکر کو معذور رکھے۔

قرآن حکیم نے واضح حقیقت پر روشنی ڈالدی ہے کہ محکم آیات اُم الکتاب ہیں۔ متشابہ کا علم خواص ہی کو ہوتا ہے۔ جو لوگ نامعلوم علم و فن کی حقیقت کو بتلانے یا ثابت کرنے اپنے علمِ کلام کے زعم باطل میں اندھے کی طرح لاٹھی چلانے لگتے ہیں تو دراصل وہ ان کے دلوں کی کجی کا ثبوت ہے۔ یہاں پر اس بات کو ذہن نشین کر لینا ہوگا کہ جب قرآن حکیم اپنے زاید از چھ ہزار آیتوں کو آیات بینات کہتا ہے۔ تو پھر تقسیم آیات کے کیا معنے ہوں گے؟ بات یہ ہے کہ کائنات میں جس قدر اشیا ہم کو نظر آتی ہیں۔ یا بعض کے دیکھنے سے ہماری قدر کی بصارت معذور ہے۔ وہ سب ایک حقیقت رکھتی ہیں۔ اور حقیقت کا جاننا علم کہلاتا ہے۔ لہذا یہ ناممکن ہے کہ ایک انسان کائنات کی ہر شئے کا عالم ہو۔ یعنی اسکی ماہیت کو جاننے والا بن جائے۔ اسلئے اللہ نے ہر شئے کا علم حاصل کرنے کی صلاحیت اپنی مخلوق کو فرداً فرداً علیحدہ علیحدہ دی ہے۔ لہذا ایک شعبۂ حیات یا کسی شئے کائنات کا عالم دوسرے علم میں درآن حالیکہ اس علم سے اسکو دُور کا بھی واسطہ نہ ہو۔ دخل در معقول بن جائے تو ایک بے معنے بات ہوگی۔ اور ایسی مداخلت کوئی اندرونی دل کی کھوٹ کا نتیجہ ہی ہو سکتی ہے۔ بطور مثال سمجھئے کہ ایک ڈاکٹر یا حکیم کسی میکانک کے فنی نظریات میں اپنی رائے زنی شروع کر دے تو ایسی رائے کا کیا کوئی وزن ہو سکتا ہے؟ بجز چرب زبانی۔ یا علم کلام و فلسفہ و منطق کے حقیقتِ فن اور عملی کام سے اسکو دُور کا بھی واسطہ نہیں ہو سکتا۔ لیکن ایک اعلےٰ طبیب جو اپنے فن میں شہرۂ آفاق ہو۔ کبھی اس بات کو گوارا نہیں کر سکتا کہ ایک معمولی طبقہ کے ملازم کے بیان کردہ میکانکی بات کو مان لے۔ کیونکہ وہ اپنے کو نہ صرف "اَنَا خَیْرٌ مِّنْہُ" سمجھتا ہے۔ بلکہ علم فضل اور عقل و شعور میں بھی اس سے بلند و بالا ہونے کا یقین رکھتا ہے۔

پس اگر آپ تفاسیر۔ اور ہمارے علما کے ایک دوسرے کے فکر و فہم پر رد اور قدح۔ وغیرہ: دن رات بحث مباحثہ۔ مناظرہ پر نظر ڈالیں تو کروڑ در کروڑ صفحات کے لاکھوں دفتر اور سیکڑوں سال ہزاروں مہینے۔ لاکھوں گھنٹے محض ظنی و ذہنی عقاید کے استحکام کیلئے عین خوشنودیِ خدا کے دعوؤں کے ساتھ آپکے پیش نظر ہونگے۔ اور پھر یہود۔ عیسائی۔ ہندو۔ بدھی مذاہب کو باطل قرار دینے قرآن حکیم کے آیات کی تفسیر۔ توضیح۔ تشریح جو کچھ کیجائیگی وہ تمام علمِ کلام اور فلسفہ منطق کی بنیادیں ہندی۔ یونانی۔ اسرائیلی۔ نظریات و روایات۔ اور انہیں کے فلسفہ کا ماخذ ہوگا۔ جو قرآن حکیم کے آیات بینات۔ اور محکمات کے صریح خلاف ذہنی ظنی عقاید کو منوانے۔ وحدت الوجود۔ ذاتِ محمدی۔ شفاعت۔ معراج النبیؐ۔ شق القمر۔ پیدائش عیسیٰؑ و آدمؑ و موسیٰؑ کے معجزات پر فلسفہ اور منطق کی نہروں سے علمِ کلام کے سمندر میں ایک طوفان برپا کرنے والی نظر آئیگی۔ جس سے فرائض مقصد حیات انسانی اور قرآن حکیم کے ذکر۔ تذکرہ۔ کتاب حکمت کی کھلی آیتوں اور صحیفۂ کائنات کے واضح نشانیوں کو کوئی دُور کا بھی واسطہ نہ ہوگا۔ برخلاف اس کے اگر ہم مشاہدات آیات صحیفۂ کائنات کو کلام اللہ کے آیات محکمات کی تشریح و تفسیر قرار دیکر اپنے مقصدِ زندگی کا تو اب یعنی فوائد حاصل کرنیکی کوشش اور اسکے تفکر۔ تفحص۔ تجسس و تدبر میں یہ وقت صرف کریں تو نہ صرف ہمارے لئے بلکہ بنی نوع انسان کے لئے فائدہ مند ثابت ہوگا۔

چنانچہ معلم "قرآن ازم" صلعم نے واضح الفاظ میں اپنی جماعت کو متنبہ کر دیا تھا کہ "اللہ کی ذات میں فکر و غور کرنے کے بجائے اس کے صفات۔ اور تخلیق میں غور و فکر کیا کریں۔ تاکہ خالق کی عظمت و شان انکے علم میں سمو جائے۔ چونکہ اللہ کی ذات "لیس کمثلہٖ شئ" یعنی اسکی کوئی مثال انسانی فہم و فکر۔ وہم و گمان۔ میں آ ہی نہیں سکتی تو پھر ایسی ذات کے متعلق فکر و فہم کو کام میں لانا ایک بے معنی سی بات ہوگی (باقی صفحہ ۶)

میری سمجھ میں آجائیں[1] چنانچہ میں نے تفاسیر اور احادیث تواریخی سے اس کا مواد فراہم کرنا شروع کر دیا اور ایک مختصر سی فہرست مرتب کر لی۔ میں محسوس کر رہا تھا کہ میرے اس کام میں بہت سی خامیاں ہونگی۔ کیونکہ نہ تو میرے پاس کتابوں کا کافی ذخیرہ موجود تھا اور نہ کوئی کتب خانہ اس کام کے لئے نظام آباد میں ایسا ذخیرہ اپنے پاس رکھتا تھا۔ تاہم میں نے اپنی مرتبہ فہرست سلسلہ نزول قرآن حکیم کے پیش نظر قرآن کا مطالعہ شروع کیا تو مجھکو ایک عجیب روشنی میرے فکر و فہم آیات اللہ کی رہنمائی کرنے والی نظر آئی جس سے میرا قلب سلیم مطمین ہوتا رہا۔ اتفاقاً میرے مخلص دوست میر ولایت علی صاحب سے (جن کو میں مفکر قرآن حکیم سمجھتا ہوں) بسلسلہ تذکرہ اپنے خیالات کا ذکر کیا تو موصوف نے مجھ کو کتاب "ترتیب نزول قرآن مجید" مولفہ اجمل خان صاحب ایم۔ اے کی رہنمائی کی۔ میں نے فوری اس کتاب کو خرید کر پڑھنا شروع کیا۔ یہ ایک حقیقت ہے کہ جب میں نے اسکا مطالعہ شروع کیا تو اس کو ختم کرنے تک نظروں سے علیحدہ نہ کر سکا۔ اور اس کی ہر سطر میرے غور و فکر کا آئینہ تھی۔ برسوں سے میں جن خیالات میں سرگرداں تھا اور لوگ میرے فکر کو مضحکہ خیز سمجھ رہے تھے۔ وہ سب کچھ بصورت ریسرچ اُن اوراق میں موجود تھا جس کو میں منجانب اللہ نورِ ہدایت کا عطیہ سمجھ کر شکرِ الٰہی بجالاتا رہا۔ اور اسی تحقیق پر میں نے قرآن حکیم کا مطالعہ شروع کر دیا۔ لیکن سلسلۂ نزولِ وحی کے تسلسل کو قایم کرنے میں

(بقیہ حاشیہ صفحہ ۵) کس قدر بلند و بالا ہدایت تھی جسکو قبول کر کے مصدقین نے تمام ارضی و سماوی انعاماتِ الٰہی حاصل کر لئے۔ اور کیسے نالایق جانشین اُن اسلاف کے پیدا ہوئے جنہوں نے اس ہدایت کو نظر انداز کر کے اپنے آبائی میراث کو تلف کر ڈالا اور غیر حاملین قرآن غیر شعوری طور پر اس تعلیم پر چل رہے ہیں۔ اور سب کچھ الکو مل رہا ہے۔ اور ہم "منتلی کی بہشت میں مست و مدہوش" تاخیرِ منصفہ کے دعوئے ابلیسی میں اپنی زندگی کو تباہ کر رہے ہیں۔

---

[1] میرے اس فکر کی تائید علامہ مودودی کے اس لکچر سے ہوتی ہے۔ جو پاکستان کے دستور سازی کے سلسلہ میں لاہور یونیورسٹی کے جلسہ ۱۹۴۸ء میں۔ بعنوان "اسلامی قانون" دیا گیا تھا جس میں علامہ موصوف نے کہا تھا کہ "ہمیں صرف اتنا ہی کرنا نہیں ہے کہ ہم قرآن اور حدیث و فقہ کے اُردو تراجم کر دیں۔ بلکہ ہم کو چاہئے کہ اُن مضامین کو از سر نو نئے عنوانات قایم کر کے منتشر مسائل کو یکجا کریں۔ یاد رکھو کہ قدیم زمانہ کا طریقہ تدوین اور تھا۔ اور موجودہ زمانہ کی طلب اور ہے"۔

جب میں نے علامہ کے ان خیالات کو پڑھا تو میرے فکر و فہم کے لئے وہ ایک سند تھی۔ کیونکہ معلم قرآن اور بانی سلطنت قرآن ازم نے جس ترتیب سے قرآن کی تعلیم دی تھی۔ اور قرآن ازم کی عمارت کو جن بنیادوں پر قایم کر کے اسکی تعمیر مکمل کی۔ انھیں نقوش پر آج بھی اسکی ترمیم ہو سکتی ہے۔ جب کہ وہ عمارت بوسیدہ ہو چکی ہے۔ چنانچہ میرے فکر کے آئندہ اوراق اس بات کی شہادت دینگے کہ اللہ تعالےٰ کے بتلائے ہوئے نقوش پر اسکے منتخبہ انجینیر صلعم نے ابتدا میں معماران عمارت کو کیسی تربیت دی اور کسطرح ایک ایک اینٹ فراہم کرنے میں (۱۳) سال صرف کئے۔ پھر بسلسلۂ تعمیر تقریباً آٹھ نو سال کن مشکلات و مصائب میں گذارے

ان حقیقتوں پر اگر غور و فکر کیا جائے تو یہ بات سمجھ میں آجائے گی کہ آج اُمتِ محمدی کو فہم قرآن حکیم کے حاصل کرنے کے لئے نصاب نزولِ وحی قرآن حکیم کے ترتیب وار مطالعہ کی کس قدر شدید ضرورت ہے ـــــ ورنہ:ـــ

خلافِ پیمبرؐ کسے رہ گزید کہ ہرگز بمنزل نخواہد رسید

کے مصداق ہوگا ـــــ (یہ نوٹ اکتوبر ۱۹۵۳ء کے مطبوعہ "قرآن ازم" کا ہے)ـــ

۱۹۵۸ء میں علامہ موصوف نے جو "تفہیم القرآن" شایع کیا ہے۔ اسکے دیباچہ میں علامہ موصوف کا فکر میرے فکر کی تائید ہی میں مجھ کو نظر آرہا ہے۔

مختلف مقامات کی ورق گردانی کی وجہ غور و فکر میں رکاوٹ پیدا ہونے لگی۔ تو خیال پیدا ہوا کہ پہلے سلسلۂ نزول کے لحاظ سے ترجمہ کو ایک جگہ لکھ لوں تاکہ مطالعہ۔ اور غور و فکر میں تسلسل باقی رہے۔ چنانچہ رمضان ۱۳۶۷ھ میں اس کام کو شروع کیا اور ۷ ارمحرم ۱۳۶۸ھ یعنی ۱ ۱/۲ ماہ میں اس کی تکمیل کر لی گئی۔ اس طرح (۹۰) مکی سورتیں ہر ایک سورۃ کے متعلق ضروری توضیحات و تشریحات محققین سلسلۂ نزول کے داخلوں کے ساتھ ایک دفتر مکمل ہو گیا۔

اس کے بعد (۲۴) مدنی سورتوں کے رکوع بلحاظ سلسلہ نزول وحی کا ترجمہ بزبانِ اُردو جمع کر لیا گیا ـــــ اس طرح یہ نقل نویسی رمضان ۱۳۷۱ھ مطابق ۱۹۵۱ء میں پایۂ تکمیل کو پہونچی۔ ھٰذا من فضل ربی۔

سب سے پہلے اس بات پر غور کرنا لازمی ہے کہ اللہ تعالےٰ نے تعلیم قرآن حکیم کا ابتدائی نصاب اُمیوں کیلئے کسطرح مقرر کیا تھا[1] اور پھر وہ کسطرح بتدریج بلند سے بلند تر ہوتا گیا۔ جسکے بعد اسلام کی عظیم الشان عمارت کی تعمیر کا صحیح اندازہ ہوگا۔ جو آج بنیادوں کے کھوکھلے ہو جانے کے باعث جابجا شق ہو گئی ہے۔ اور اسکی بوسیدگی کی وجہ ضرر کے اندیشوں نے نہ صرف غیروں کو بلکہ خود اس عمارت میں رہنے بسنے والوں کو اسکے مسمار کر دینے کی طرف مائل کر دیا ہے ـــــ درآں حالیکہ اسکے پانچوں ستون بظاہر اپنی جگہ قایم اور فریب نظر بنے ہوئے ہیں۔ لیکن وہ اپنی بنیادی قوتوں کو کھو چکے ہیں۔ جس کی وجہ اصلی عمارت ناقابلِ رہائش ہو گئی ہے۔ کیونکہ ستون اگرچہ وہ کیسے ہی مستحکم ہوں مقصدِ عمارت کو پورا کرنے والے نہیں ہو سکتے۔ وہ تو مقصدِ تعمیر عمارت اور قیامِ چھت کا ایک سہارا ہوتے ہیں نہ کہ اصل عمارت پر جب کہ ستون بھی فریبِ نظر ہوں تو کیا ہوگا؟ ـــــ

قرآن ازم کا بنیادی تصور

قرآن حکیم نے سب سے پہلے انسانیت کو اس بات سے آگاہ کر دیا کہ وہ آزادیِ فکر سے (جو اُس کا پیدائشی حق ہے) کام لیکر فرداً فرداً اپنی زندگی کا مطالعہ کرتے ہوئے اپنے فکر و فہم عقل اور سوجھ بوجھ سے اپنے خالق تعالےٰ کے اقتدارِ اعلےٰ کو بلا شرکتِ غیرے تسلیم کر لینے کی کوشش کرے۔ جب یہ تصور اسکے یقینِ کامل کا سبب بن جائے تو اس ایک ذاتِ واحد کو اپنا آقا مان کر اپنی ذات کو بحیثیت ایک غلام کے جانکر اسکے مقررہ قوانین کی پابندی کا عہد واثق کر لے۔

پھر ہر فرد اس بات کو اچھی طرح ذہن نشین کرے کہ موجودہ زندگی کے ختم ہو جانے کے بعد اسکو ایسی حیات میں داخل کیا جائیگا جہاں وہ اپنے زندگی کے ہر چھوٹے بڑے اعمال کا جوابدہ ہوگا۔ اور یہ جوابدہی ایک بہت ہی زبردست قادرِ مطلق اور دلوں کی بات جاننے والی ذات (جبکہ وہ بحیثیت قاضی القضات! و چیف جسٹس کے جسٹس کی شان میں کرسیِ انصاف پر جلوہ افروز ہوگا) کے سامنے ہوگی۔ پھر انصاف کے وقت ذرہ ـ ذرہ ـ عمل کی جزا۔ اور سزا کا قانونِ مکافات ہر عمل کے لئے مقررہ موجود رہے گا جسکی وجہ رتی برابر بھی ناانصافی کا شائبہ نہیں رہ سکتا[2]

---

[1] یہاں پر ایک ضروری یادداشت کو ذہن نشین کر لینا ہوگا کہ میں موجودہ ترتیب قرآن حکیم کو بدلنا نہ صرف ظلمِ عظیم سمجھتا ہوں بلکہ اُسکو کفر سے بڑھکر شرک قرار دیتا ہوں۔ میرے اس سلسلۂ نزولِ وحی کے ترتیب کا منشا صرف فکر و فہم قرآنی کے سوائے کچھ نہیں جسکو آپ آیندہ صفحات میں میرے فکر کے مطالعہ کے بعد رائے قایم کر سکتے ہیں۔ لہٰذا اگر کوئی مجھپر قرآن حکیم کے موجودہ ترتیب کو بدلنے کا الزام عاید کرتا ہے۔ تو میں مشرکانہ گناہ کے تصور سے بھی بری الذمہ ہوں۔ اللہ تعالےٰ مجھپر اس بہتانِ عظیم باندھنے والے کو معاف کرے۔ اور میں اپنے قلب کی گہرائیوں سے ایسی شخصیت کو بوجہ اسکے فکر و فہم کے اندھے پن کے قابلِ معافی سمجھتا ہوں۔

[2] اس بات کو ذہن نشین کر لیجئے کہ روزِ جزا اللہ تعالیٰ انصاف کے دن کا قاضی القضات ہوگا۔ اور ہر بندے کے (باقی صفحہ ۸ پر)

چنانچہ جب اس ابتدائی نصاب کی تکمیل تقریباً تین سال مین چند افراد نے کرلی۔ اور اچھی طرح وہ امتحان مین کامیابی کے نمبر حاصل کرلئے تو وہ سابقون الاولون قرار پائے۔

اچھی اُمت یا صالح جماعت

جب افراد کسی حقیقت کو سمجھ کر نتائج مستقبل (یعنی غیب) پر یقین کامل پیدا کرلیتے ہین تو یہ چند افراد کی ایک اچھی امت یعنی صالح امت۔ کہلانے کی مستحق بن جاتی ہے۔ اور اس جماعت کو مصدقین کے نام سے مخاطب کیا جاتا ہے۔ یہ جماعت پُرخلوص ایماندارانہ جذبہ کے تحت اچھائیون کو پھیلاتی ہے اور بُرائیون سے روکنے کی کوشش کرتی ہے۔ چونکہ اعلےٰ کردار کی حامل ہوتی ہے۔ اسلئے ہر کام اسکے لئے آسان تر ہوتا جاتا ہے۔ اور وہ انسانیت نوازی کا عملی نمونہ بن جاتی ہے۔ چونکہ وہ امن وسلامتی کی علمبردار ہوتی ہے۔ اسلئے انعاماتِ الٰہی یعنی سلطنتِ ارضی کی حقدار ہوجاتی ہے۔ جسکے بعد زمین اور آسمان کی مخلوق اس پر خالقِ کون ومکان کے حکم سے درود اور سلام بھیجتی ہے۔[1]

چنانچہ قرآن حکیم کے ان اصولون کو آنحضرت صلعم کے زیرِ قیادت عرب کے اُمیون نے اپنالیا تو دُنیا نے دیکھ لیا کہ چوتھائی صدی کے اندر ہی اندر ایک صالح معاشرہ کی حکومت عالمِ وجود مین آگئی جسکو عقل وفہم والے ناممکن سمجھ رہے تھے۔

(بقیہ حاشیہ صفحہ ۷) اعمال میزانِ عمل میں رکھے جائینگے روزِ حشر سوائے میزانِ عمل کے کوئی پیمانہ معتقداتِ ظنی۔ ذہنی کا وہان پر نہ ہوگا۔ اور پھر وہان پر انصاف رسانی کے لئے کسی کی سفارش۔ کفارہ۔ اور ایک کا بوجھ دوسرے پر ڈالا جانے یا اُٹھا لینے۔ یا کوئی مزید مہلت کا سوال ہی باقی نہ رہیگا۔ چنانچہ آپ کو آیندہ اوراق مین وحی الٰہی کے ذریعہ ان باتون کی سند ایک نہیں بلکہ بیسیون امثال اور حکم محکم ناقابلِ انکار حقیقت کے تحت نظر آئین گی۔ جہان پر قرآن حکیم نے ان تمام عقایدِ باطلہ ظنی و ذہنی تصورات کو توڑ کر پاش پاش کردیا ہے۔ اور تمام شفیعانِ ظنی و ذہنی جن کو ہر مذہب کے پیشوایانِ مذہب نے اپنے پیروانِ مذہب کیلئے معبود بنالئے تھے (خواہ اُن شخصیتون کا مقام نبوت ہو یا رسالت۔ فرشتہ ہون یا جنات۔ مادی قوت ہو یا روحانی) سب ہی کی نفی کردی۔ اور انسان کو تقلیدِ جامد سے نکال کر آزادیِ فکر کے ساتھ قانونِ مکافات۔ قانونِ قدرت۔ قانونِ امہال۔ قانونِ ارتقا سے فہم حاصل کرنیکی تعلیم دی گئی۔ پھر مجسم سبکھی۔ کو بھی مثال مین پیش کرکے دعوتِ غور۔ فکر۔ تدبر و تعقل دی گئی! اور باپ دادا پیشوایانِ مذہب کی اندھی تقلید کی غلامی سے آزادی حاصل کرلینے کی ہدایت بھی قدم قدم پر دیجاتی رہی ہے تاکہ مقصدِ انسانیت خالق تعالیٰ سبحانہٗ کے پورا کرنے مین غلامیِ پیشوایانِ مذہب کوئی رُکاوٹ پیدا نہ کرسکے۔

اب ہمارے لئے غور وفکر کا مقام ہے کہ حاملینِ قرآن نے اس بنیادی اصول کی اس طرح نفی کردی جس طرح کہ نزولِ وحی کے وقت مکذبین اس تعلیم کو جھٹلا رہے تھے! اور روایت، راویِ معتبر کو قرآن حکیم کے احکام کے مقابل نہ صرف ترجیح دی بلکہ آیات اللہ کو اپنے عقاید باطلہ کی روشنی میں بے معنی سمجھ لیا۔ یا اسکے منشا کو اس طرح اُلٹ دیا کہ غیر حاملین قرآن کے لئے کفر کا مقام قرار پایا اور اپنے لئے سب کچھ جایز قرار دے لیا۔ نتیجہ اس کا کیا ہوا؟ قرآن حکیم کی روشنی مین آپ کو آیندہ اوراق مین نظر آئیگا۔ بشرطیکہ آپ آزادیِ فکر کی فضا مین آیات اللہ سے فکر وفہم حاصل کرنیکی کوشش کرین۔

[1] قرآن حکیم نے افراد حزب اللہ کے لئے "صلوٰۃ" کا لفظ استعمال کیا ہے۔ اور اپنے مرسلین خصوصاً آنحضرت صلعم کے لئے بھی۔ جس کا ترجمہ اُردو زبان میں رحمت درفیکا گیا ہے۔ دراصل درود اور رحمت کا مفہوم امداد و معاونت ہے۔ یعنی اللہ تعالیٰ اور اس کی تمام ملکوتی قوتین نہ صرف اپنے رسولؐ کی بلکہ حزب اللہ یعنی خدائی فوج کی امداد۔ اعانت کرتی ہین ـــ پس ہر مدعیِ انسانیت۔ یعنی مومن کو اپنی جماعت کی امداد اور اعانت کرنا چاہئے (سورۂ احزاب مین درود کے متعلق بصراحت میرا فکر واضح ہوگا)۔

تاریخ انسانیت میں اوہامِ باطلہ کے مقابل پہلی بغاوت

قرآن کہتا ہے کہ تاریخِ انسانیت میں بُت پرستی اور اوہامِ باطلہ پیشوایانِ مذہب کے مقابل ایک ذاتِ واحد کی فرمانبرداری کے لئے جس نے علمِ بغاوت بلند کیا۔ وہ پجاریوں یعنی پروہت خاندان کا ایک ممبر تھا۔ جو اپنے باپ دادا ؤں اور اپنے مذہب کے پیشوا ؤں کی اجارہ داری کو چیالنج کرتے ہوئے تن تنہا مخالفت کی آگ میں کود پڑا لیکن حکومتِ وقت اور قوم کی یہ شعلہ فگن آگ خدائے برتر و بزرگ کے حُکم سے اسکی سلامتی کا باعث بن گئی :۔

"یا نار کونی بردا و سلام علی ابراھیمؑ"

چنانچہ آج اس بندۂ مجاہد کا نام مختلف زبانوں میں مذاہب عالم اپنی اپنی مقدس کتابوں میں پاتے ہیں۔ سیدنا ابراہیمؑ کے اس واقعہ کے تقریباً ڈھائی ہزار سال بعد جب انسانی عقل و شعور منازلِ ارتقا کے بلند زینوں کو طے کر رہی تھی تو اس سنتِ ابراہیمی کو زندہ کرنے والا نسل ابراہیمی سلسلہ اسمٰعیل ہی سے اور بُت خانہ کعبہ کے پجاریوں کے خاندان سے ایسی حالت میں ظاہر ہوتا ہے کہ نہ تو اسکا کوئی سایہ یعنی سرپرست رہتا ہے اور نہ کوئی یار و مددگار۔ عرب جیسی عصبیت کی نشہ میں مست و مدہوش انانیت میں ڈوبی ہوئی اوہامِ باطلہ سے گھری ہوئی قوم میں تن تنہا علمِ بغاوت کا نعرہ ان الفاظ میں بلند کر رہا ہے کہ :۔ "لَا اِلٰہَ اِلَّا اللّٰہ" ۔ اِیَّاکَ نَعْبُدُ وَ اِیَّاکَ نَسْتَعِیْنُ ۔ اور تیرہ ۱۳ سال مخالفت کی دہکتی ہوئی آگ میں صبر و استقلال سے گذار کر سلامتی اور رحمتِ الٰہی کے فیضان سے اپنے جدِ اعلیٰ کے نقشِ قدم پر ہجرت کرتا ہے۔ جسکے بعد دس سال کی اقل قلیل مدت میں۔ حزب اللہ کی صالح جماعت کے ذریعہ کرۂ زمین کی تمام اقوام کو سچی انسانیت اور اچھی دُنیا کا پیام پہونچا دیتا ہے۔ جسکی وجہ کرۂ زمین کے مظلوم و مجبور انسان بے ساختہ پکار اُٹھتے ہیں کہ:

"ھٰذا رحمۃ للعٰلمین ۔ وصلی اللہ علیٰ محمد کز و شد نور ہا پیدا"

اِس بات کو ذہن نشین کر لیجئے کہ ساتویں صدی کا یہ انقلاب عرب و حجاز میں کوئی اتفاقی انقلاب نہ تھا۔ بلکہ وہ روح القدس کے ذریعہ لایا ہوا انقلاب تھا۔ جو بنی اسمٰعیل کے رسولِ عربیؐ کے ذریعہ تمام قوموں کے انسانوں کی گردنوں سے پیشوایانِ مذہب کو آزادیِ فکر کا دشمن سمجھ کر پہلے بغاوت پر آمادہ کر دیا۔

شخصیت پرستی ـــ اور شفاعت کا ایمانِ باطل

اس امتِ وسطا۔ اور خیر الامم۔ حزب اللہ کے قایم مقامون نے قرآن حکیم کی تعلیم کو پس پُشت ڈال کر روایتی ایمان اور شخصیت پرستی کا اموختہ دہرانا شروع کر دیا۔ اور آنحضرت صلعم اور اصحابِ رسولؐ نے قرآن مجید کی روشنی میں عملی زندگی کا جو ورثہ چھوڑا تھا۔ اسکو شخصیت پرستی کے پردوں میں چھپا کر روحِ قرآنی کو اس طرح منقلب کر دیا کہ اسلام کا چہرہ بھی مثل دیگر ادیانِ عالم کے مذہبی فضا میں داغدار ہو گیا۔ یعنی اس کلامِ الٰہی کے آخری ایڈیشن کی معنوی تحریف اس طرح کی گئی کہ دوسری قوموں میں اس طرح انقلاب کی مثال بمشکل نظر آئیگی۔

اِیَّاکَ نَعْبُدُ وَ اِیَّاکَ نَسْتَعِیْنُ کہنے والوں۔ ہزاروں الٰہوں کی پرستش اور وسیلہ کو چھوڑ کر لا الٰہ الا اللہ پر ایمان لانے والوں۔ اپنے رسول اور تمام انبیاء و مرسلینؑ اور اوتاروں کو بشر اور خدا کا بندہ سمجھنے والوں۔ عیسیٰؑ کے عقیدۂ ابن اللہ کی تکذیب کرنے والوں کے قایم مقامون نے بابلی۔ یونانی۔ مصری۔ اسرائیلی۔ زرتشتی۔ ہندی فلسفہ کے تصورات کی تاریخی میں حلولیت۔ کفارہ۔ شفاعت۔ دستگیری۔ استمداد غیر اللہ۔ وسیلہ۔ سفارش کے عقاید کو ایمانیات اور دین قرار دیکر روحِ تعلیم کتاب حکمت کو پس پُشت ڈال دیا۔ اور تقلید کی غلامی کو واجب بلکہ فرضِ عین ٹھہرا لیا۔

جس بات سے آنحضرت صلعم نے اپنے اصحابؓ کو سختی سے منع کیا تھا۔ اور اصحابؓ بھی قال الرسولؐ کے بیان کرنے کو بشدتِ تمام

آنے والی نسلوں کو منع کرتے رہے۔ اندرون یک صدی قال الرسولؐ کو قال اللہ کے مقابل بلند کر دیا گیا[1]۔ نتیجہ یہ ہوا کہ:۔

"یہ اُمت روایات میں کھو گئی"

مذہب اسلام جسکو قرآن حکیم نے حیاتِ انسانی کے تمدنی۔ معاشرتی۔ اخلاقی و روحانی تنظیم کا ایک دلکش مرقع امن و سلامتی کا حقیقی مرکز۔ قانون مقصد تخلیق انسانیت کا ایک بہترین منبع تھا۔ اسکو از سرتاپا اُلٹ دیا گیا۔ درآن حالیکہ قرآن حکیم نے گذری ہوئی امتوں کے واقعات بار بار دھرا کر شخصیت پرستی کی سختی سے ممانعت کرتے ہوئے۔ ذہنی غلامی اور شخصی نوازی کے تصورات میں۔ تن آسانی سے دُور رہنے کی تاکید اکید کر دی تھی۔ مگر اس بنیادی تعلیم پر فکر و فہم کے ذریعہ عمل پیرا ہونے کی تمام صلاحیتوں کو فنا کر دیا گیا۔ اور مثل امم سابقہ کے تقلیدِ جامد کے غلامی میں۔ کانوں۔ آنکھوں۔ اور قلوب پر چودہ سو سال پہلے کا غلافِ کعبہ (جس میں (۳۶۰) بتوں کا عکس نمایاں تھا) سنّت کا غلافِ کعبہ سمجھ کر کہنے لگے کہ:۔ "قَالُوْا قُلُوْبُنَا غُلْفٌ" (یعنی اپنے تقلیدِ جامد کی غلامی اور جمود و بے حسی پر نازاں ہو کر کہتے ہیں کہ ہمارے آبائی دین و مذہب کے بتلائے ہوئے ایمانیات و عقاید ہمارے قلوب میں غلافوں کے اندر محفوظ ہیں۔ جس پر آزادیِ فکر کی دعوت کا کوئی اثر مرتب نہیں ہو سکتا) اس دعوے کے متعلق قرآنی فیصلہ بھی سُن لیجئے۔ "بَلْ لَّعَنَهُمُ اللّٰهُ بِكُفْرِهِمْ" اے محمد! ایسا دعویٰ کرنے والوں کو اللہ کا فیصلہ سُنا دو کہ ان کے اس انکارِ حق کی وجہ اللہ ان پر لعنت کرتا ہے۔

کیا قرآن حکیم کے اس رویداد۔ اور فیصلۂ اخیر و امرِ فیصل شدہ کو ——— قیامت تک کیلئے حاملین قرآن نافذ سمجھنے تیار ہیں؟۔

تعلیم قرآن حکیم کے چرچے

یوں تو ہر نہ مانے ہیں مسلمان اپنی اولاد نابالغ کو قرآن کے ناظرہ یا حفظ کرا دینے کے علمبردار رہے ہیں۔ اور آج تو ہندوستان میں اسکے چرچے گوشے گوشے میں ہو رہے ہیں۔ ہر طرف سے فضا میں یہی آواز گونج رہی ہے کہ اگر اسلام کا کھویا ہوا ورثہ حاصل کرنا ہے تو مسلمان بچوں اور بچیوں کو قرآن پڑھانا۔ اور نوجوانوں کو عربی سیکھنا چاہیئے۔ لیکن قابلِ تعجب یہ بات ہے کہ سیکڑوں برس کی یہ پُرانی تحریک کبھی بھی اپنے مقصد کو حاصل نہ کر سکی۔ تو کیا صاحبانِ غور و فکر کیلئے اس مقدس تحریک کے ناکامی کے اسباب و علل قابلِ غور نہیں[2]۔

---

[1]۔ یہ ایک تاریخی حقیقت ہے کہ احادیث کو جمع کرنے۔ لکھنے آنحضرت صلعم نے اپنے اصحابؓ کو شدت سے منع فرمایا۔ اور حضرت ابوبکرؓ و عمرؓ بلکہ عثمانؓ و علیؓ نے بھی اسکی سختی سے پابندی کی۔ اس حکم کا احترام آخری صحابی یعنی ۱۰۰ھ تک کیا گیا ——— لیکن سیاسی اغراض اور فرقہ بندیوں کی خاطر جمع حدیث کو بدعت حسنہ قرار دیکر لاکھوں احادیث آنحضرت صلعم سے بواسطہ اصحابؓ منسوب کر کے بنا لیے گئے۔ اور ان کو "وحی غیر متلو" قرار دیا جا کر ایمانیات و عقاید کا جز ٹھرا دیا گیا۔ جسکا نتیجہ آج اُمتِ محمدی میں زاید از چار سو فرقوں کی صورت میں ظاہر ہو رہا ہے۔ اس طرح اسلام کا شیرازہ بکھر گیا۔ ہوا بگڑ گئی۔

یاد رکھو کہ ہر وہ حدیث جو احکامِ قرآنی کے مطابق ہے۔ بلاشبہ وہ معلمِ قرآن حکیم صلعم کا ارشاد ہو سکتا ہے۔ اور جو قرآن حکیم کے آیات بینات اور محکم آیات کے خلاف و نیز عقل و فہم انسانی کے لئے ناقابلِ قبول ہے۔ بلاشبہ وہ جھوٹی اور بنائی ہوئی ہے۔ جو رسول اکرم صلعم پر ایک بہتانِ عظیم ہے۔ خواہ وہ کسی بلند و بالا شخصیت کیطرف سے روایتاً بیان ہوئی ہو۔

[2]۔ میرا ذاتی تجربہ ہے کہ زاید از پچاس سال سے برابر سُنتا اور دیکھتا چلا آ رہا ہوں کہ ہر عربی دان۔ اور ہر فارغ التحصیل مولوی۔ ہر مشائخ و صوفی۔ بلکہ ہر قدامت پرست مسلمان۔ بچوں کو اور بڑوں کو عربی زبان کے پڑھانے کی کوشش کو ثوابِ عظیم اور اپنی آخرت کا توشہ سمجھ کر تحریر و تقریر کے ذریعہ منبر و محراب۔ اسٹیج اور ریڈیو۔ رسائل و اخبارات (باقی صفحہ ۱۱ پر)

کیا ہمارے رہبرانِ ملت کیلئے یہ بات قابلِ غور و فکر نہین ہے کہ قرآن حکیم کی ہر وحی خطابِ بالغان کے لئے نازل ہوئی ہے۔ وہ معلم قرآن صلعم کے زمانۂ حیات یا چارون خلفاء کے زمانۂ خلافت مین تعلیم نابالغان کیلئے نصابِ تعلیمی نہین تھی ـــ جس کا ثبوت یہ ہے کہ قرآن کا ہر رکوع بالغ عمر۔ بالغ سمجھ۔ بالغ فکر انسانون ہی کو تدبر و تعقل کی دعوت دیتا ہے۔ تو ظاہر ہے کہ وہ نابالغ معصوم۔ فکر و فہم سے عاری بچون کیلئے ابتدائی تعلیم کا نصاب کیسے ہو سکتا ہے۔

مین سمجھتا ہون کہ اگر فہمِ قرآن حکیم کو تعلیمِ قرآن کا ذریعہ ہر قوم کی مادری زبان مین۔ آسان طریقون پر بنا دیا جاتا۔ یا آج بنا دیا جائے تو فہمِ قرآنی کا ذوق عام طور پر پیدا ہو جاتا۔ اور وہ ذہنی غلامی سے نکل کر آزادیِ فکر کی فضاء مین۔ اِیَّاکَ نَعْبُدُ وَ اِیَّاکَ نَسْتَعِیْنُ۔ اور لَا اِلٰہَ اِلَّا اللّٰہُ۔ کا ایقان اور ایمان صحیح طور پر حاصل کر لیتے۔ اور تعلیمِ قرآن حکیم کی روح سے وہ تہیدامن نہ رہتے۔ اور نہ قرآن کو بنی اسرائیل کے تقدس اور عظمت و احترام کا تابوت بنا کر سرون پر لئے لئے پھرتے۔ بلکہ وہ اس کو اپنی زندگی یعنی اچھی دنیا۔ سچی انسانیت۔ اور قانونِ مکافات کا ایک دستورِ الٰہی سمجھ کر اس پر عمل کرنا لازمی سمجھتے۔ اور ان کی سمجھ مین آتا کہ اس دستور پر عمل کرنا ہی اصلی ثواب یعنی فائدہ ہے۔ انکو معلوم ہو جاتا کہ اس قرآن حکیم کے زاید از چھ ہزار آیتون کا اساس صرف یہ ہے۔ کہ

پڑھو ـــ سمجھو ـــ اور کرو ـــ

(بقیہ حاشیہ صفحہ ۱۰) کتب و رسائل وغیرہ سے اس تحریک کو پھیلا رہا ہے۔ اپنی زندگیون کو وقف کر رہا ہے لیکن جو حضرات اس تحریک مین آگے آگے نظر آتے ہین ان مین سے فیصد (۹۹) محرکین کو مین نے دیکھا ہے کہ وہ اپنی اولاد کو بجز قرآن ناظرہ کے عربی کا ایک لفظ نہین پڑھاتے بلکہ وہ اسکولون اور کالجون مین تعلیم پاتے ہین۔ جب قول اور عمل کا تضاد دریافت کیجئے تو کہا جاتا ہے کہ حالاتِ زمانہ سے مجبوری ہے۔ پھر جو مذہبی ادارے صدیون سے عربی تعلیم کے اجارہ دار بنے ہوئے ہین۔ جہان سے علم و فضل کی خلعت حاصل ہوتی ہے۔ وہ ایک ایسا بندی خانہ ہے۔ جس مین آج سے نو سو سال پہلے کے نظریات و فلسفہ کی کتابین داخلِ نصاب ہین جسکے پڑھنے والے زمین کو بچھا ہوا سطح فرش سمجھتے ہین۔ اور زمین کی گولائی یا اسکی گردش کا نظریہ بیان کرنے والون کو کفر و الحاد کے فتوے سے نوازنا عین خدمت اسلام تصور کرتے ہین۔

ایک اور بات بھی تو قابلِ غور ہے کہ۔ اگر صرف عربی زبان سیکھ جانے سے اُمتِ محمدی کو نشاط ثانیہ حاصل ہو سکتی ہے۔ تو سوال پیدا ہوتا ہے کہ جن ممالک کی مادری زبان عربی ہے۔ وہان پر مسلمانون کی حالت کیون خراب ہے ـــ؟ ظاہر ہے کہ ان ممالک کا بچہ بچہ قرآن حکیم کے آیات کے معنی ہمارے علماء سے بہتر سمجھ سکتا ہے۔ اور سمجھتا ہے۔ پھر وہان اسلام کی قرآنی روح کیون نظر نہین آتی۔؟ اس کے علاوہ جب اُمتِ محمدی کا زوال شروع ہوا ہے۔ تو اس وقت قرآن پڑھنے والے اور عربی جاننے والے صد فیصد تھے۔

اصل حقیقت تو یہ ہے کہ جب تک فکر و فہم قرآنی حاصل نہ ہو۔ محض عربی دانی۔ یا تلاوتِ قرآن حکیم "کمثل الحمار" کے ایک طولی صفت بات ہے ـــ مین سمجھتا ہون کہ مسلمان اس قسم کی تحریکات مین جو وقت ضائع کر رہے ہین۔ یا جو صاحبِ استطاعت یا ایثار و قربانی کے عادی غریب اپنا روپیہ اس مین لگا رہے ہین وہ سب ضایع جا رہا ہے۔ جس کی مثال ایک پہاڑ پر مٹی مین کاشت کی ہے ـــ کہ پانی کا ریلہ جب آئے تو تخم بھی ضائع ہو جائے اور محنت بھی ـــ قرآن حکیم تو تبذیر کرنے والون کو ظالم ٹھرایا ہے۔ اور خدا کا یہ وعدہ سنایا ہے کہ ـــ

"وَاللّٰہُ لَا یَھْدِی الْقَوْمَ الظّٰلِمِیْنَ ۝"

مین اس کتاب کے طبع ثانی کے موقع پر علامہ مودودی کے "تفہیم القرآن" کی اشاعت پر علامہ موصوف کو قابلِ مبارکباد سمجھتا ہون کہ ایک ہزار سالہ حاملین قرآن کی ضرورت کو ایک حد تک یہ کتاب پوری کر رہی ہے۔

کیا آپ نے کبھی اس بات پر بھی غور و فکر کیا ہے کہ ۔ جب کبھی اُمتِ محمدی مین صاحب فکر و فہم کوئی فرد پیدا ہوا۔ اور وہ تقلید کی غلامی سے آزادیِ فکر کا علمبردار ہو کر قرآن حکیم کی اصلی روح کو پیش کرتے ہوئے اسوۂ حسنہ معلمِ قرآن صلعم کو بھی بطور تائید سامنے رکھا۔ تو اسکے ساتھ کیا سلوک کیا گیا۔؟

اُس زمانہ کے اُسی کے ہمعصر علماء ۔ اور مسندِ خلافتِ انبیاءؑ کے جانشین معظم و محترم حضرات نے کفر و الحاد کے فتوؤن سے اسکو مردود ۔ اور قابلِ نفرت قرار دیا۔ اور سُنتِ اوّلین کی تکمیل مین دار و رسن کے مقام پر پہونچا کر اپنے رب کی خوشنودی کے تصور مین داخلۂ جنّت کے حقدار بن گئے۔

لیکن زمانہ کی ستم ظریفی کو بھی تو دیکھئے کہ اس مردہ پرست انسان کی نسل نے اُسی کو رحمۃ اللہ علیہ اور رضی اللہ عنہ کہہ کر اسکی اصلی تعلیم کو پسِ پُشت ڈال دیا۔ اور اسکے نام کو اپنی فہرستِ شفعاء مین داخل کر کے مزید ایک معبود کا اضافہ کر لیا۔ اور نذر و نیاز ۔ فاتحہ ۔ درود کے ذریعہ اس سے استعانت اور استمداد کی منتہی ہو گئی۔[1]

قرآن ازم

بظاہر تو اُمتِ محمدی ٹھوس نظریات کے تحت دوسری اُمتون پر فوقیت کی حامل نظر نہین آتی ۔ بلحاظ تاریخ حاملینِ قرآن کی میراث پر آج دوسری قومین قابض و متصرف ہین ۔ البتہ ایک اثاثہ کتابِ حکمت کا اصلی حالت مین اسکے پاس آج بھی موجود ہے۔ گویہ خزانہ راویٔ معتبر کی روایتون کی وجہ نظرون سے پوشیدہ ہے لیکن اسکی معنوی روح اصلی حالت مین بلا تحریف آج بھی موجود ہے ۔ صرف فکر و فہم کے عمل کے ذریعہ ۔ اُن تلخ ناگ سانپون کو اس خزانہ سے ہٹا کر اُسکے جواہر ریزون سے استفادہ کیا جا سکتا ہے ۔ جس کے بعد اس بے بہا خزانہ سے حاملینِ قرآن مالا مال ہو سکتے ہین ۔ ہمت و استقلال کے ساتھ آزادیِ فکر و فہم کے ذریعہ عمل اور صرف عمل شرط ہے۔

آج کرۂ زمین پر جو انقلاب رونما ہے ۔ اور دُنیا کے تمام "ازم" امن و سلامتی ۔ اور صالح معاشرہ کے نظریات کی تلاش مین سرگردان ہین ۔ تو قرآن حکیم تمام انسانون ۔ خصوصاً اپنے نام لیوا تعلیم یافتہ نوجوانون کو بزبانِ حال کہہ رہا ہے : ۔ "آؤ ! اور میری تعلیم پر بھی تو ذرا غور و فکر کرو ۔ تاکہ تم کو اچھی دُنیا ۔ اور سچی انسانیت کے سنوارنے مین میرے نظریات تجربہ شدہ بلا شک و شبہ کام دین ۔ اور دُنیا کی تشنہ کامی دُور ہو جائے ۔ دیکھو ! ساتوین صدی عیسوی مین جس ازم نے کرۂ زمین پر ایک عظیم الشان انقلاب انسانیت کے فلاح و بہبود کے لئے پیدا کیا تھا ۔ جس کو مذہب کے اجارہ دارون نے پھر تباہ کر دیا ۔ وہی انقلاب تم آج بھی پیدا

---

[1] ۔ امام مالکؒ کو منصور نے کوڑے لگائے ۔ امام ابو حنیفہؒ کو قید کیا گیا ۔ امام احمدؒ بن حنبل کو تین مرتبہ قید و بند کی زندگی مین مبتلا ہونا پڑا اور روزانہ کوڑون کی سزا بھگتنی پڑی ۔ امام رازیؒ ۔ شیخ عبد القادر جیلانیؒ ۔ المخاطب بہ پیرانِ پیر ۔ امام غزالیؒ ۔ کیساتھ انکے زمانہ کے چوٹی کے علماء اور حکومت نے کیا کیا ۔؟ تاریخ دیکھئے تو معلوم ہو گا کہ کسطرح ان پر کفر کے فتوے لگائے گئے ۔ خود ہندوستان کا جائزہ لیجئے ۔ شاہ ولی اللہ ۔ شاہ عبد العزیزؒ ۔ سید احمد شہیدؒ ۔ سر سید احمدؒ ۔ شیخ الہند ۔ ملا ابو الکلام آزاد ۔ . . . . . کے سوانح حیات پر غور کیجئے ۔ اور بنی اسرائیل کی تاریخ سے اُس کی مطابقت کیجئے تو معلوم ہو گا کہ محض فہم و فکر قرآنی کے نتائج ہر زمانہ کے مفکر کے حق مین بجبینِ حیات کیا مترتب ہوئے اور بعد موت ان کا مقام کیا رہا ۔ اور اب کیا ہے ۔

آخر یہ سب کچھ کرنے والے کون تھے ۔ اور کیون کیا ؟ ظاہر ہے کہ اس زمانہ کے علماء و فضلاء اور (باقی صفحہ ۳۱ پر)

کرسکتے ہو۔ صرف ذہنی غلامی سے آزادیِ فکر کے میدان مین ہمتِ مردانہ کے ساتھ علمِ بغاوت بلند کرکے کھڑے ہوجاؤ۔ ورنہ یاد رکھو کہ دوسری کوئی اُمت "قرآن ازم" کی وارث ہوکر تمہاری توریث کار ہاسہا اثاثہ بھی چھین لے گی۔ اور اس وقت تمہارا یہ نعرہ کہ "پدرِ ما سلطان بود" کچھ بھی فایدہ نہ دے گا۔[1]

کرۂ زمین پر آج جو انقلاب رونما ہورہے ہین وہ صرف روٹی اور کپڑے کا سبز باغ دکھلا کر ہر لیڈر اپنا اپنا ازم پھیلا رہا ہے اور حاملینِ قرآن اندھے بنے ہوئے اُن ازمون کی طرف کھنچے جارہے ہین۔ لیکن قرآن ازم کے اصلِ عظیم پر غور و فکر کرکے اپنی دُنیا اور آخرت۔ حال اور مستقبل کو سنوار لینا نہین چاہتے۔ البتہ اس مقدس ازم کے نظریات کا دستور انکے فکر و فہم سے بہت دُور صرف عظمت و احترام کا ایک مقدس معبود بنا ہوا ہے۔

قرآن ازم کس کی رہنمائی کیلئے نازل ہوا؟

یارب مرے قلم مین تاثیر وہ عطا کر — جو لفظ اس سے نکلے چھوڑے اثر دکھا کر

آیئے! اس سوال کا جواب قرآن ازم ہی سے حاصل کرلین۔

سورۂ جمعہ کے پہلے رکوع مین ارشاد ہوتا ہے:۔ "ہر چیز جو آسمانون اور زمین مین ہے وہ اللہ ہی کی تسبیح (یعنی اطاعت و فرمانبرداری) مین مصروفِ عمل ہے اللہ تو عزیز اور حکیم ہے۔ لہذا اس عزیز و حکیم نے اُمیون ہی مین سے

(بقیہ حاشیہ صفحہ ۱۲) مشایخین ہی کے تو فتوؤن پر یہ نوازے گئے۔ جو محض خوشنودیِ خدا و رسولؐ اور خدمتِ اسلام ہی کے مدِنظر کیا گیا تھا۔ اور کیا جارہا ہے۔ اور کیا جاتا رہے گا۔

[1] "اِنْ یَّشَاْ یُذْهِبْكُمْ اَیُّهَا النَّاسُ وَیَاْتِ بِاٰخَرِیْنَ" الخ ۔۔۔ اے حاملینِ قرآن۔ اگر تم قرآن ازم نظریات کو اپنانا نہین چاہتے تو یاد رکھو کہ خدا دوسرون کو تم پر مسلط کردیگا۔ جو قرآن ازم کے نظریات کو تم سے بہتر طریقہ پر سوچ سمجھ کر عمل کرنے والے ہون گے۔ تم تو جانتے ہی ہو کہ اللہ کی قدرت کیسی اٹل ہے"۔ (دیکھو سورۂ نساء رکوع ۱۹۔ اور سورۂ المائدہ رکوع ۸) ۔۔۔ کیا اس کلامِ الٰہی کی روشنی مین تاریخِ اسلام کی سرگزشت قابلِ غور و فکر نہین۔ اور کیا اس کا ثبوت آج بھی ہماری آنکھونکے سامنے روزمرہ نہین آرہا ہے۔!

لیکن حاملینِ قرآن تو اس عقیدہ مین مگن ہین کہ ہم تو اُمتِ محمدی اخیر اُمت ہین۔ جو نجات یافتہ اور شفاعت دینے دلانیکی وعدۂ خداوندی کی حامل ہے۔ ہمارے لئے دُنیا دارِ محن اور قید خانہ ہے۔ اور آخرت انعاماتِ الٰہی سے ہم کو مالا مال کرکے ابدی راحت و آرام کا باعث ہوگی۔ اس طرح دوسرے کی بہشت کو دیکھتے ہوئے قبرون مین پہونچ رہے ہین۔ اور غیر حاملینِ قرآن غیر شعوری طور پر قرآنی نصب العین کو اپنا کر اپنی مادی۔ اخلاقی۔ بلکہ روحانی ترقیات حاصل کرتے ہوئے انعاماتِ الٰہی سے مالا مال ہوتے جارہے ہین۔ قانونِ قدرت نے ہم سے سب کچھ چھین لیا۔ اور دوسرون کو نوازا جارہا ہے۔ ہم "اَنَا خَیْرٌ مِّنْهُ" کے نشہ مین مست و مدہوش ہین۔

[2] محاورۂ عرب مین "اُمّی" اس قوم کے فرد کو کہا جاتا تھا۔ جو کسی قانون کی پابند نہین ہوتی تھی۔ اور لفظِ کتاب محاورۂ عرب مین قانون یا دستور کے معنی مین استعمال ہوا ہے۔ جو قانونِ اخلاقیات۔ تمدن۔ معاشرت وغیرہ کیلئے وحیِ الٰہی کے ذریعہ نافذ ہو جس کو لیکر قومین اپنی سلطنت یا حکومت کا قانون مدون کرلیتی ہین۔ پس ایسی قوم کو اہلِ کتاب سے موسوم کیا جاتا تھا۔ بالفاظ واضح غیر متمدن اور غیر مہذب قوم اُمّی کہلاتی تھی۔ اور مہذب و شایستہ قومون کو اہلِ کتاب کہا جاتا تھا۔

ایک اُمّی کو نبوت و رسالت کے لئے منتخب کرکے مامور کیا ہے۔ جو اللہ کا دستور سُناتا ہے۔ اور اُس پر تم کو چلنے کی تربیت بھی دیتا ہے۔ جسکے بعد تم ایک شائستہ اُمت۔ تعلیم یافتہ جماعت بنکر معاشرت۔ تمدن۔ اخلاق۔ تہذیب کی حکمت سیکھ کر انسانیت کے حاذق حکیم۔ اور سیاستِ مدن کے بہترین مفکر بن رہے ہو۔ اور آیندہ انسانیت کیلئے تم ایک اچھے معلم ثابت ہو گے"۔

پھر آگاہ کیا جا رہا ہے کہ:۔ "یہ دستور تمہاری مادری زبان مین اسلئے بھیجا جا رہا ہے کہ تم اسکے مطالب پر آسانی سے غور و فکر کر سکو۔ چونکہ تم اُمّی ہو۔ اسلئے اللہ نے اس دستور کو بہت آسان۔ عام فہم۔ فصیح مبین الفاظ مین نازل کیا ہے۔ بشرطیکہ تم باپ دادا کے مذہبی غلامی سے آزادی حاصل کرکے اسکو سوجھ بوجھ سے سُنو۔ پڑھو۔ تو ہر بات تمہارے سمجھ مین آسانی سے آجائیگی۔ البتہ تقلید کی غلامی مین جو لوگ اندھے۔ اور بہرے بنے ہوئے ہین انکے لئے تو اسکی ہر بات ناقابلِ فہم اور ناقابلِ عمل نظر آئیگی[1]"۔

قرآن کی اس کامیاب تعلیم کا ثبوت نہ صرف تاریخ کے صفحات دے رہے ہین بلکہ آج بھی عینی شہادت ہر صاحب نظر کے سامنے ہے۔ کہ عرب کے اُمّی جب اپنے سیدھے سادھے فہم سے معزز قرآن کو سمجھے تو دوسرون کو بھی دو اور دو چار کی طرح سمجھا دیا۔ جس کا نتیجہ یہ ہوا کہ ۲۲ سال کی مدت مین یعنی ۲۳ھ تک (۳۶) ہزار شہر فتح کر لئے جس کا رقبہ (۲۲) لاکھ میل تھا۔ اور کروڑ در کروڑ انسانون کو انسانیت کا علمبردار بنا دیا۔ قابلِ تعجب تو یہ بات تھی کہ جو قومین مہذب و شائستہ ہلالی تھین انکو بھی درسِ انسانیت دیا گیا۔ اس طرح ربع صدی کے اندر ہی اندر ہر سمت بر اعظمون مین قرآن ازم کی تعلیم پھیل گئی۔ لیکن آج ہمارے اسلاف کے کارنامے اپنے نام لیواؤن کو مخاطب کرکے کہہ رہے ہین کہ:۔

ما زِ قرآن مغز را برداشتیم استخوان پیشِ سگان انداختیم

تراجمِ قرآن

ایک زبان کا ترجمہ دوسری زبان مین تو آسان ہے لیکن ترجمہ کے ذریعہ کسی مصنف یا مولف یا خطیب کے مدعا کا اصلی مفہوم قطعاً واضح نہین ہو سکتا۔ خصوصاً جب کسی مقدس کتاب اللہ کا ترجمہ دوسری زبان مین کیا جاتا ہے تو تحت اللفظی ترجمہ کا لزوم اسلئے عاید ہوا کرتا ہے کہ لغوی معنے کو اگر نظر انداز کر دیا جائے تو تحریف کلامِ مقدس باعثِ گناہ ہوگا۔

لیکن ذرا غور و فکر سے کام لیا جائے تو قرآن حکیم کا یہ دعوے کہ دیگر مقدس کتابون کا مفہوم بزبان عربی مبین اہلِ عرب کے غور و فکر کے لئے بذریعۂ وحی نازل ہو رہا ہے۔ تو اسکے معنے یہ ہی تھے کہ جو مقدس کتابین بزبان عبرانی۔ سریانی۔ حمیری۔ مصری۔ سنسکرت وغیرہ ہر قوم کے انبیاؑ و مرسلینؑ پر نازل ہوئی تھین ان سب کا مفہوم زبانِ عرب کے محاورون اور استعارات مین بذریعۂ خطاب بزبانِ رسول عربی صلعم نازل ہو رہا ہے۔ چنانچہ قرآن حکیم اس حقیقت کو اس طرح واضح کر رہا ہے کہ:۔

"اگر اللہ عجمی (یعنی دوسری قوم کی) زبان مین وحی نازل کرتا تو قوم عرب کے مخاطبین کہتے کہ "ہماری زبان تو عربی اور یہ قرآن جو ہماری نصیحت کے لئے نازل ہو رہا ہے وہ عجمی زبان مین۔ یہ کیسی عجیب بات ہے"

اس واضح آیت کی موجودگی مین۔ کیا دوسری قومون کو یہ کہنے کا حق نہین کہ ہماری زبان تو گو انگریزی یا اُردو یا

---

[1] مذکور الصدر مفہوم کے حوالون کیلئے سورۂ جمعہ رکوع (۱) سورۂ انفال رکوع (۳) سورۂ البقرہ رکوع (۳ و ۲۱) اور آل عمران رکوع (۱۲ و ۲۲) اعراف رکوع (۱) یونس رکوع (۳) رعد رکوع (۱) نحل رکوع (۹) جاثیہ رکوع (۲) نحل رکوع (۲) انعام رکوع (۵) زمر رکوع (۵) کا مطالعہ فکر و نظر سے کیا جائے۔

تلنگی۔ یا بنگالی وغیرہ وغیرہ اور قرآن عربی زبان مین ــــ یہ کیسی بات ہے ــــ؟

یہ ظاہر ہے کہ جب ایک قوم کا عذر زبان کے متعلق حق سمجھا گیا ہو تو دوسری قومون کے لئے بھی وہ عذر قابلِ تسلیم ہوگا۔ پس معلوم ہوا کہ کتاب اللہ کو۔ الفاظ۔ اصوات سے کوئی دُور کا بھی واسطہ نہین۔ بلکہ اسکا مقصد ہر قوم کی زبان مین اسی زبان کے محاورات روزمرہ۔ اور عام فہم الفاظ مین قوم کو دعوتِ غور و فکر دیکر انکی اصلاح مقصود ہوا کرتی ہے ــــ قرآن حکیم کے اسوقت تک جس قدر ترجمے ہوئے ہین وہ سب تحت اللفظی ہین۔ بجز "ترجمان القرآن" علامہ ابو الکلام آزاد کے[1]۔ ترجمان القرآن مین علامہ آزاد نے تحت اللفظی ترجمہ کے بجائے منشاء آیت کی ترجمانی کی ہے۔

چونکہ قرآن حکیم کے ترجمے یا ترجمانی یا تفہیمات جو کچھ شایع ہوئے ہین وہ سلسلہ نزولِ وحی سے نہ ہونے کی وجہ مفہوم وحی کیلئے محتاجِ تفاسیر ہین اسلئے مین نے نزولِ وحی کے لحاظ سے اپنے فکر و فہم قرآنی کو واضح اور عام فہم الفاظ مین بزبان اردو مبین لکھا ہے[2]۔ تاکہ منلاشیانِ فہم قرآنی کو دعوتِ غور و فکر دیجائے ــــ البتہ میرے مفہوم کو پڑھنے سے پہلے یا بعد ترجمہ تحت اللفظی کا مطالعہ کر لیا جائے تو مزید غور و فکر کیلئے ایک وسیع میدان سامنے ہوگا۔ و نیز یہ بھی معلوم ہو جائیگا کہ میرا فکر و فہم کس حد تک وحیِ الٰہی سے مطابقت رکھتا ہے۔ اس طرح ہر شخص اپنے فکر و فہم کے لحاظ سے قرآنی آیات کا مطالعہ کر سکتا ہے۔ اور بحد فکر و فہم وہ قابلِ مواخذہ ہے نہ کہ اس سے زاید۔

---

[1] ۱۹۵۸ء مین "تفہیم القرآن"۔ علامہ ابو العلیٰ مودودی۔ کا جو شایع ہوا ہے وہ وحیِ الٰہی قرآنی (جو بزبان عربی مبین ہے) کا مفہوم بزبان اردو مبین کا حامل ہے۔

[2] اللہ تعالےٰ نے اپنے بندون کی اصلاح کیلئے جس ترتیب سے وحی نازل کیا۔ اور آنحضرت صلعم نے اس پر جسطرح عمل فرمایا یہ سُنت اللہ اور سُنتِ رسولؐ بلاشک و شبہ قرار پاتا ہے ــــ پس ان ہر دو سنتون یعنی طریقون پر چلنا ہی اُمتِ محمدی کا فرض ہے۔ خصوصاً ایسی حالت مین جبکہ تعلیم قرآن حکیم کو اُمت نے یکسر بھلا دیا ہو ــــ اور نزولِ قرآن حکیم کے زمانہ کے مخاطبین کیطرح وہ باپ دادا کے تقلید جامد کی تاریکی مین گھر گئی ہو ــــ تو اسکے لئے سوائے اسکے چارہ نہین کہ وہ ابجد خوانی ہی سے آغازِ نصاب کر کے اپنے بھولے ہوئے سبق کی یاد تازہ کرے ــــ اور عملی دُنیا مین مثل اپنے اسلاف کے حیاتِ جاوید حاصل کر سکے۔

آج ہماری مثال بالکل اُس شخص کے مانند ہے جو ابجد خوانی کے بغیر مولوی فاضل۔ یا بی۔ اے کی ڈگری حاصل کرنے اُن درجون کے نصابی کتاب کو پڑھنے کی کوشش کر رہا ہو۔ ظاہر ہے کہ وہ طوطے کی طرح اسکو رٹ لے گا۔ اور حافظ بن جائیگا۔ لیکن مقصدِ علم سے وہ تہی دامن رہیگا۔

پس اسی اصول کے تحت وحیِ الٰہی ہر قوم کی اصلاح کے لئے اپنے نصاب کو بتدریج مرتب کر کے اعلان کرتی رہی ہے۔ چنانچہ مخاطبینِ وحی نے مکمل قرآن حکیم کے دفعۃً واحدۃً مین نازل نہ ہونے کی وجہ دریافت کی تو یہ ہی جواب ملا کہ "اصلاحِ قوم کیلئے بلحاظ حالات و ضرورت۔ وقتاً فوقتاً قرآن کا نزول سُنت اللہ ہے ــــ اس حقیقت کو نہ ماننے والے بے عقل و ناسمجھ ہین ــــ"

لیکن ہم نے ابجد خوانی کو غیر ضروری سمجھ کر اخیری نصاب کو رٹ لینا ہی اپنا فرض سمجھا جسکا نتیجہ "کمثل الحمار" بنکر رہگئے۔ پس میرے اس ترتیب کا نتیجہ یہ ہوگا کہ ہر آیت آسانی سے دو اور دو چار کی طرح فہم انسانی مین جاگزین ہو جائیگی۔ اور شاذ و نادر ہی کسی تفسیر سے مدد لینے کی ضرورت ہوگی۔

اُمی اصحابِ رسولؐ کے جانشین کون ہوسکتے ہین۔؟

کیا یہ بات کسی کیلئے بھی قابلِ انکار ہوسکتی ہے کہ عالم کا جانشین عالم ہی ہوگا، اور حکیم کا جانشین حکیم ہی ہوسکتا ہے اور اُمی اصحاب کے جانشین اُمی ہی ہوسکتے ہین۔ نکہ اسکی ضد ۔ تو پھر کیا وجہ ہے کہ علماء و مشائخین ۔ اور فارغ التحصیل طبقہ اپنے کو انکا جانشین قرار دیتا ہے۔ اور ہم بھی اندھے بنے ہوئے علماء سُو کی رہبری کو تسلیم کرتے ہین ۔ مین تو کہتا ہون کہ اس دور مین غیر فارغ التحصیل ہی اُن انصارؓ اور مہاجرؓ کے حقیقی جانشین بن سکتے ہین۔ جنھون نے بلا صرف اور نحو۔ اور بغیر کسی تفسیر و تشریح کے آیات اللہ مین غور و فکر کرتے ہوئے قرآن ازم کو دُنیا کے سامنے پیش کیا تھا۔ بشرطیکہ اُنکی طرح آزادیِ فکر کے بھی حامل ہوکر تقلید کی سُنہری زنجیرون کو توڑ دین۔

برخلاف اُن خود غرض پیشوایانِ مذہب کے ۔ جن کو قرآن احبار ۔ رہبان کہتا ہے جنھون نے اپنی مقدس کتابونکی بوٹیان کرکے اپنے پیروؤن کو فہمِ وحی الٰہی سے محروم رکھا تھا۔ اور اپنی اجارہ داری منواتے رہے۔ اور نہ صرف خود چند درہم و دینار ۔ اور روپیہ و لوٹون ۔ عزت و جاہ و جلال کیلئے کیے۔ بلکہ اللہ کی آیتون کو بھی چند پیسون پر بیچ ڈالا تھا۔ پس آج بھی وہی وطیرہ حاملین قرآن کے پیشوایانِ مذہب نے اختیار کرلیا۔ جس کا ثبوت یہ اُمتِ واحدہ زاید از چارسو فرقون مین بٹ گئی ۔

اگر کوئی ان فرقون کے اختلافات کا تجزیہ کرے تو بہت آسانی سے مدعیانِ فہمِ قرآنی کی ۔ نافہمیِ قرآن کا ثبوت مل جائیگا خصوصاً دین اکمل کے دعوے کے بعد ۔ اور خاتم النبیینؐ کے ایمان کی موجودگی مین ۔ جب اللہ اور رسول عربی صلعم اور قرآن حکیم ہی ہر فرقہ کیلئے بنیاد ہے تو پھر ہر فرقہ کے علیحدہ علیحدہ فقہہ کے کیا معنے ہوسکتے ہین؟[1]

تفاسیرِ قرآنی

جب اصل منشاء و مفہوم آیات اللہ کے حاملین ۔ یعنی اصحابِ رسولؐ اس دُنیا سے رخصت ہوگئے تو آنے والی نسلون نے صرف و نحو ۔ علمِ کلام ۔ علمِ لغت ۔ فلسفہ و منطق پر تت الفاظ وحی الٰہی کو دیکھنا ۔ اور دیکھانا شروع کیا ۔ اور اسکی اصلی روح کو نظر انداز کرکے جسمِ الفاظ کا پوسٹ مارٹم شروع کردیا ۔ پھر اپنے علم و فضل کا مظاہرہ اور زورِ کلام و قوتِ خطاب کو کام مین لاکر ایک ایک حرف کو لیکر بال کی کھال نکالنے لگے ۔ جسکا نتیجہ یہ ہوا کہ اصل منشاء وحی کا مفہوم پیچیدہ سے پیچیدہ تر ہوتا چلا گیا ۔ جسکی وجہ فکرِ انسانی اصلی مفہومِ وحی معلوم کرنے سے معذور و مجبور ہوگیا ۔ خصوصاً شخصیت پرستی اور عقیدت مندی کی تقلیدِ جامد نے قرآن حکیم کو ناقابلِ فکر و فہم ہونے (عوام تو عوام خواص کیلئے بھی) کا فتویٰ صادر کردیا۔

میرے اس بیان کی تائید "فوز الکبیر" مصنفہ حضرت شاہ ولی اللہ صاحب قدسرہٗ العزیز سے ہوتی ہے کہ ۔ جس مین شاہ صاحب نے لکھا ہے کہ :۔

"بال کی کھال نکالنے والے مفسرین نے قرآن کے محکم آیات کو متشابہ بلکہ مجہول بنا دیا ہے"

اگر غور کیا جائے تو معلوم ہوگا کہ یہ سب کچھ علمِ کلام اور فلسفہ و منطق پر عبور حاصل کرکے اُسکا مظاہرہ اور دادِ سخن حاصل کرنیکا ایک فطری جذبۂ انسانی تھا ۔ جسکا نتیجہ اندر دن تیسری صدی ہجری ہی مین اُمتِ محمدی بیسیون فرقون مین بٹ گئی۔

جن مفسرین نے انتہائی نیک نیتی سے اپنے زمانہ کے ماحول کو پیشِ نظر رکھتے ہوئے جو کچھ لکھا وہ اس زمانہ کے

---

[1] ۔ اگر اختلافِ اُمتِ محمدی کے اسباب و علل معلوم کرنا ہو تو شاہ ولی اللہ کی تصانیف خصوصاً "فوز الکبیر" و نیز بزبانِ اُردو اختلافی مسایل مین اعتدال کی راہ ۔ اور تجدید و احیائے دین کے مختصر رسایل کا مطالعہ غور و فکر سے کیجیے۔

حالات کے لحاظ سے بلاشبہ حق ہوگا۔ لیکن شخصیت و تقدس نے آنیوالی نسلون کیلئے اُسکو حرفِ آخر قرار دیدیا۔ جسکے بعد تقلید کی واجبیت کا فتویٰ ایمہ و مجتہدین و مفسرین پر ایمان لانے کا ایک عقیدۂ محکم بن گیا ـــ پھر تو فکر و فہم قرآن حکیم کے دروازہ بند ہوگئے ـــ ہر عالم اپنے زمانہ مین متقدمین کے اقوال کی نقل کرکے اپنے فرضِ دینی اور حصولِ ثوابِ آخرت پر ایمان لے آیا۔ اور اپنے علم و فضل کی روشنی مین اپنے زمانہ کے ماحول مین اجتہاد کرنے کو وہ گناہ سمجھنے لگا۔ چنانچہ شاہ ولی اللہ قدسرہٗ العزیز نے آج سے دوسو سال پہلے اس صورتِ حال پر اظہارِ تاسف کرتے ہوئے لکھا ہے کہ :۔

"اِس زمانہ کے لوگون کا حال یہ ہے کہ ان سے علمِ بصیرت کی امانتین نکل چکی ہین۔ حتیٰ کہ اب امورِ دین مین غور و فکر اور تدبر کو مٹا کر وہ اطمینان کا سانس لے رہے ہین! اور علانیہ کہتے ہین کہ :۔ "انا وجدنا آباءنا"۔

آپ جب کبھی آیات اللہ کے تاویلات و توضیحات و تشریحات کے متعلق کسی تفسیر مین غور کرینگے تو واضح ہوگا کہ جسطرح ایک ادیب یا شاعر۔ یا سیاس جسکی شخصیت بلند و بالا ہو۔ کوئی کلام اپنی زبان سے نکالتا ہے۔ تو متکلم کے مفہوم کو مخاطبین آسانی سے سمجھ جاتے ہین۔ لیکن جب وہ کلام۔ الفاظ اور جملون کی صورت مین کاغذ پر نمایان ہوتا ہے تو ہر فن کے صاحبانِ علم و فضل اپنے فکر رسا کا مظاہرہ کرکے دادِ سخن حاصل کرنے بات کا بتنگڑ بنا کر اس مین موشگافیان شروع کردیتے ہین۔ درآن حالیکہ متکلم کے کسی گوشۂ ذہن مین بھی وہ باریکیان نہین ہوتین ـــ چنانچہ اس حقیقت کا ثبوت شعراء کے کلام مین اور لیڈرون کے سیاسی تقاریر مین ہر روز اخبارات و رسایل کے ذریعہ آپکے پیشِ نظر رہتا ہے۔

چونکہ فطرتِ انسانی اپنے فکر رسا۔ اور علم و فضل کے مظاہرہ کیلئے داد خواہی کی متمنی رہا کرتی ہے۔ اسلئے وہ بڑی سے بڑی شخصیت کے کلام مین اپنی جولانیٔ طبع کو عوام کے سامنے پیش کرکے دادِ سخن حاصل کرنا چاہتی ہے۔ لہٰذا جب وہ اللہ کے کلام مین غور و فکر کرتی ہے تو فطرت کے یہ جذبات زیادہ نمایان ہونے لگتے ہین۔ چنانچہ علماءِ اُمتِ محمدی نے جب کبھی اپنے قلم کو متحرک کیا تو اپنے علم کلام کے زور پر علم فلسفہ و منطق ہند۔ یونان اور بابل کی روشنی مین بنی اسرائیل کے روایات کا سہارا لیکر ایسا رنگ چڑھایا کہ کتاب اللہ۔ کتاب مبین کے بجائے۔ کتابِ مبہم اور ناقابلِ فکر و فہم انسانی بنکر رہگئی۔

پھر یہ بھی ہوا کہ جب قرآنِ حکیم کی تعلیم کے اعلےٰ مقصد اور اسکی بلندیون تک متاخرین اپنے چنگ و رباب کے زمانہ مین پہونچنے کے قابل نہ رہے تو کتاب اللہ کے آیات کو انھون نے اپنے رنگ مین رنگ لیا۔ چنانچہ قرآنِ حکیم نے اس حقیقت کو واضح کردیا کہ :۔

"جن لوگون کو اللہ کی آیتین ملتی ہین وہ انکی حقیقت کو چھوڑ کر گمراہ ہو جاتے ہین۔ اللہ کا مقصد تو ان نعمتون سے انسانیت کا مرتبہ بلند کرنا ہوتا ہے لیکن حاملینِ کتاب اللہ اپنی خواہشاتِ نفسانی کے تحت اپنی خود غرضیون پستی کی طرف چل پڑتے ہین۔ انکی مثال تو کتون کی سی ہے۔ کہ وہ ہر حالت مین زبان نکالے ہی رہتے ہین۔ پس یہ مثال ہے انکی جو جھٹلاتے ہین[1] کتابِ مقدس کی آیتون کو"۔ لہٰذا اس مثال کو سامنے رکھ کر صاحبانِ فکر و غور نتایج اخذ کرسکتے ہین۔ (سورۂ فرقان۔ آیت ۳۰۔ اور سورۂ اعراف رکوع ۲۳)۔

---

[1] قرآن حکیم مین آیات اللہ کو جھٹلانے والون کے لئے سخت وعیدین ہین! اسلئے آیات اللہ کے جھٹلانے کی حقیقت سب سے پہلے پیشِ نظر ہونا چاہیئے۔ یہ حقیقت نفس الامری ہے کہ کوئی صاحبِ کتاب اپنی کتاب کے کسی مشکوک۔ آیت۔ یا جملے کے متعلق یہ نہین کہتا کہ یہ جھوٹ ہے۔ بلکہ جب کوئی اپنی مقدس کتاب کا کوئی جملہ سنتا ہے تو وہ سرِ تسلیم خم کرلیتا ہے۔ کبھی کسی حاملِ کتاب کی زبان سے یہ الفاظ نہین نکل سکتے کہ :۔ "کتابِ مقدس کی یہ آیت جھوٹی ہے"۔ البتہ یہ کہا جاتا ہے کہ اس آیت کا مقصد۔ مفہوم۔ تفسیر۔ تشریح۔ توضیح فلان نے اس طرح کی ہے۔ لہٰذا مین اسکو مانتا ہون۔ دوسرون کے تفسیر و تشریح کو (باقی صفحہ ۱۸ پر)

سلسلۂ نزولِ وحی کے لحاظ سے مطالعۂ قرآنِ حکیم کی ضرورت

جس طرح ابتدائی صفحات میں میرا فکر و فہم واضح ہو چکا ہے۔ اُسکے پیشِ نظر مکی۔ اور مدنی وحیوں کا مطالعہ بلحاظ سلسلۂ نزول کیا جائے تو مفہوم بہت جلد حاصل ہو جاتا ہے۔ کیونکہ مخاطبینِ وحی کے تصورات۔ اور ماحول۔ عقاید جب آپکے سامنے ہونگے تو بلا کسی تغیر کے ہر وحی کا مفہوم آسانی سے آپکے ذہن نشین ہوتا چلا جائیگا۔ اور آپ معلوم کرینگے کہ معلم قرآن صلعم نے اپنے مصدقین کو کسطرح زینہ بزینہ پستی سے بلندی کی طرف بڑھایا۔ پھر اسکے ساتھ ہی ساتھ جب ہم اپنے ماحول پر نظر ڈالیں گے تو حقیقت واضح ہوتی چلی جائیگی۔ اور قرآن حکیم کی روشنی میں اپنی سنوار آسان سے آسان تر ہو جائے گی۔

میرے اس بیان کی تصدیق ہر شخص کو "میرا فکر و فہم قرآنی" کے چند صفحات کے مطالعہ سے ہو سکتی ہے۔ کہ کس طرح وحیِ الٰہی بلحاظ سلسلۂ نزول قلبِ سلیم کی تشنگی کو بہ آسانی آبِ حیات سے فیض پہونچاتی ہے۔ اور تمام عقاید باطلہ و روایاتِ بے سند سے معتقداتِ خلق کو مٹا کر نورِ ہدایت سے آپکے فکر و فہم کو منور کر دیتی ہے۔ اسطرح نقوشِ قدمِ معلم قرآن حکیم صلعم آپکی نظروں کے سامنے نمایاں ہوتے جائیں گے۔

میں جب تقلیدِ جامد کا منکر ہوں تو کس طرح دوسروں کیلئے میرے فکر اور ترتیبِ نزول کو ماننے اصرار کر سکتا ہوں۔ اسی لئے میں نے جملہ محققین نزولِ وحیِ قرآنی کا ایک نقشہ اسمواری مرتب کر دیا ہے۔ لہٰذا ہر صاحبِ فکر آزادی جس تحقیق کو وہ پسند کرے اسی کے سلسلۂ نزول کے لحاظ سے مطالعہ کرتے ہوئے فکر و فہم حاصل کر سکتا ہے۔ بشرطیکہ وہ مفسرین کے حاشیہ سے اپنے فکر کو متاثر نہ کرے۔ البتہ اپنے فکر سے وحیِ الٰہی کا فہم حاصل کر لینے کے بعد اگر وہ حاشیہ پر سرسری نظر ڈالتا ہے تو کوئی مضایقہ نہیں۔ اسلئے کہ اگر اسکا فہم حاشیہ ہی کے موافق ہو تو اسکے لئے باعثِ مسرت ہوگا۔

(بقیہ حاشیہ صفحہ ۱۷) نہیں مانتا۔ بس اسکو جھٹلاتا ہے۔ جب تقلیدِ جامد میں جب کوئی قوم یا فرد گرفتار ہو کر آزادیِ فکر کو کھو بیٹھتا ہے تو اسکے سامنے واضح حقیقت عام فہم بات۔ عین الیقین کے مشاہدات بھی قابلِ تسلیم نہیں ہوا کرتے۔ بلکہ وہ اپنے باپ دادا۔ اور اپنے پیشوایانِ مذہب کے بتلائے ہوئے اصولوں ہی پر جما رہتا ہے۔ اور حقیقت کو جھٹلاتا ہے۔ چونکہ قرآن کھلی کھلی نشانیوں۔ اور واضح مثالوں حقیقت آشکار نصیحتوں کے ذریعہ دعوتِ فکر دیتا ہے۔ تو اس پر غور و فکر کرنے کے بجائے۔ تقلیدِ جامد کی وجہ اس سے انکار کیا جاتا ہے۔ اسی کو قرآن حکیم آیات اللہ کو جھٹلانا کہتا ہے۔ چنانچہ آج اُمتِ محمدی کے ہر فرقہ کا یہی وطیرہ بلکہ نصب العین ہے کہ وہ قرآن کے آیاتِ بینات کے مقابل دوسروں کے اجتہاد۔ فکر۔ اور تفسیر و تشریح کو ترجیح دیتے ہوئے صاف کہہ دیتی ہے کہ آیاتِ مبین۔ آیاتِ محکم کا مفہوم جو فکرِ انسانی میں آسانی سے آسکتا ہے اسکو میں ماننے کے لئے تیار نہیں ہوں۔ بلکہ میرے باقی فرقہ کی توضیح و تشریح حق ہے۔

ایک اور بات ذہن میں رکھئے کہ جب اُمتِ محمدی عروج سے زوال کی طرف اپنے ضعفِ عمل و کردار کی وجہ گرنے لگی تو وہ قرآنِ حکیم کی بلند و بالا تعلیم سے ہم آہنگ نہیں ہو سکتی تھی اسلئے اس نے قرآنِ حکیم کی تعلیم کو اپنی پست سے پست تر منزل سے لا کر ہم آہنگ کی کوشش کی۔ یہ کوشش اسلئے کارگر ہوئی کیونکہ ہر قوم جب فتوحات [illegible] کرنے لگتی ہے تو پھر اسکے لئے جنگ و رباب ہی کا مشغلہ باقی رہتا ہے۔ اسی طرح وہ اختلاف کے ذریعہ [illegible] کر کے اصول ایثار و قربانی۔ اور عملی سہم کی کشمکش سے جان چرانے لگتی ہے۔ [illegible] قائم رکھ کر عوام کو اپنا غلام بنانے کی فکر دامنگیر ہو جاتی ہے۔ [illegible] تقلید کی فرقیت کو [illegible] کر کے انکی قوتِ فکریہ کو سلب کر لیتی ہے۔ پس یہ [illegible] وطیرہ [illegible] سے ہماری تباہی کا باعث بنا ہوا ہے۔

اگر خلاف ہو تو اپنے فکر اور مفسر کے فکر کا اختلاف اسکو مزید فکر و غور کے داعی ہونگے۔ جسکے بعد میرا یقین ہے کہ اسکے پہلے فکر و فہم کی تائید مین قرآن حکیم کی دوسری آیت اسکے قلب سلیم کو مطمین کر دینے والی ثابت ہوگی۔

مجھ کو اس مخصوص مین ناظرین و ناظرات کے فکر و نظر کو مسحور کرنے کیلئے قلم کی روانی بتلانا مقصود نہین ہے۔ بلکہ ایک حقیقت کو پیش کر دینا ہے کہ فہم قرآن حکیم کے ذوق سلیم نے عرب اُمیون کو کس طرح صرف (۱۳) سالہ مدت مین سنوار دیا۔ جسکے بعد مخاطبین وحی۔ اللہ کے شاگرد رشید اُمی رسولؐ کے زیر تربیت کیسے اچھے رسولؐ کے شاگردان رشید بنکر حکومت الٰہیہ یعنی عرش الٰہی کے حامل بن گئے۔ جس کا ثبوت آج چودہ سو سال کے بعد بھی اس ذات مقدس کو امن و سلامتی کا معلم تسلیم کرنے اپنے نہین بلکہ پرائے مجبور ہو رہے ہین[۱]۔

"لکھے نہ پڑھے جناب والا شاگرد رشید حق تعالیٰ"

اگر آپ کے قلب مین یہ سوال پیدا ہو کہ آخر فہم قرآن کا فقدان کب سے اور کیونکر ہوا تو اسکے لئے آپکو اس حقیقت کیطرف متوجہ ہونا پڑے گا کہ جب صاحبان فہم قرآن حکیم کے جانشین آزادی فکر کو چھوڑ کر تقلید کی غلامی مین داخل ہوگئے تو مثل دیگر اُمم سابقہ کے انھون نے بھی اپنی مقدس کتاب کو صنم کدہ کا ایک پیٹھا را بنا کر اسکی تعظیم و تکریم کا منشاء بلا کسی فکر و فہم کے اسکورٹ لینا۔ یا چوم لینا۔ باعث سعادت دارین اور عین ثواب دُنیا و دین کا عقیدہ بنا لیا اور مکذبین وحی کے وارث و قایم مقام بن بیٹھے۔ جس کا فیصلہ قرآن حکیم کے امر منفصلہ کی روشنی مین قانون قدرت سے نافذ ہو رہا ہے۔ چنانچہ خلافت زمین سے نکال کر ذلت و مسکنت کے عذاب مین ان کو ڈال دیا گیا ہے۔ لیکن عاملین قرآن خوش ہین کہ ان کے قافلہ سالارون کی رہنمائی مین وہ آخرت کی دائمی حیات مین راحت و آرام کے حقدار ہونگے:۔

"کرین گے مرے بقائے دوام کیا حاصل جو زندہ رہ کے مقام حیات پا نہ سکے"

مین نے جب کبھی کسی اُمت کے مغضوب اور ضالین ہونے کی بنیادون پر قرآن حکیم مین فکر کیا تو میری سمجھ مین ایک ہی بنیادی وجہ آئی ۔۔ کہ ۔۔ جس قوم یا اُمت نے قانون مکافات کو چھوڑ کر۔ شفاعت۔ اور کفارہ کے بھروسہ عمل صالح۔ کردار سازی۔ اور کوشش پیہم سے دُوری اختیار کی۔ اور اپنے پیشوایان مذہب کے فلک سیر جنت کے تصور مین :۔ انا خیرٌ منھم" کا نعرہ لگا کر بے عمل۔ عیش پسند۔ کا مجور بنکر عبادت کی روح کو فنا کر کے جسم مُردہ کو لئے لئے خدا کی خوشنودی کا گھمنڈ پیدا کر لیا۔ تو پھر قانون قدرت نے اُسکے لئے عذاب غلامی۔ ذلت اور مسکنت کا فیصلہ صادر کر دیا۔ اور وہ "خیر الامم" سے "بدترین اُمت" بن گئی۔

میرے اس فکر و فہم قرآنی کا ثبوت ہر صاحب غور و فکر آیات قرآن حکیم ہی سے حاصل کر سکتا ہے۔ مختصر یہ کہ "میرا فکر و فہم قرآنی" کے مطالعہ سے یہ حقیقت آشکارا ہو کر رہے گی کہ نزول وحی کے وقت مکذبین کے جو عقاید ایمانیات۔ ظنی و ذہنی تصورات تھے ان کا عکس آج اُمت محمدی کے ہر فرقہ مین نمایان ہے اور مصدقین وحی الٰہی کے

---

[۱]۔ یون تو اکثر بے تعصب غیر مسلمون نے محمد عربی صلعم کو معلم انسانیت ہونے کا اقرار کیا ہے۔ لیکن آزادی ہند کے علمبردار مہاتما گاندھی جی کا تصور بھی اس خصوص مین قابل قدر ہے ۔۔ عبدالماجد صاحب ایڈیٹر "صدق" نے مہاتما جی سے سوال کیا۔ کہ آپ کا خیال توحید باری تعالیٰ کے متعلق کیا ہے؟" جواب ملا کہ :۔ مین ذات واحد کی توحید کا قایل ہون! اور ایمان کامل رکھتا ہون!" ۔ پھر سوال کیا گیا کہ "محمد عربی صلعم کے متعلق آپ کا کیا عقیدہ ہے؟" جواب ملا کہ "میرا عقیدہ محمد عربی صلعم کے متعلق یہ ہے کہ وہ دُنیائے انسانیت کے ایک معلم تھے!" (اخبار "صدق" ۳ فروری ۱۹۴۸ء)۔

عکس سے ہمارے قلوب خالی ہین[1]

پس آج ہر حامل قرآن جو تھوڑا بہت بھی لکھا پڑھا اور صاحب فہم ہو۔ خود قرآن حکیم مین فکر کرکے فہم حاصل کرے کہ اسکے رہبر تیرہ سو سال سے جس منزلِ مقصود کی رہنمائی کر رہے ہین۔ کیا وہ فی الحقیقت قرآن حکیم ہی کی راہِ مستقیم ہے۔ یا شاہراہِ ضلالت۔ کیا اُمتِ محمدی کے وہ اصلے تعلیم یافتہ جو ہر قسم کی دماغی صلاحیتوں کی نعمتِ الٰہی سے سرفراز ہین فکر و فہم کی نعمتِ عظمیٰ کو حاصل کرنا نہین چاہتے ــــ؟

انسان جب غلامی مین پُشت ہا پُشت گذار دیتا ہے۔ تو اسکو غلامی کی زندگی ہی مرغوب و محبوب معلوم ہونے لگتی ہے۔ آزادی کی فضاؤن مین وہ قدم رکھتے گھبراتا ہے۔ جس کا ثبوت آپ کو بنی اسرائیل کی دوسو سالہ مصر کی غلامی سے مل سکتا ہے۔ اور خود ہم کو ہندوستان کی آزادی کے متعلق غور و فکر کے نتائج سے حاصل ہو سکتا ہے۔ چونکہ آزادی کے بعد اجتماعی اور انفرادی ذمہ داریان عملِ پیہم۔ اور کردارِ صالح۔ پھر ایثار و قربانی کے فرائض عاید ہو جاتے ہین۔ جو بحالتِ غلامی نہین ہوتے۔ اسی لئے اگر حاملین قرآن قرآنِ حکیم مین مثل قرنِ اولیٰ کے غور و فکر سے کام لین تو انکے لئے سوائے عمل اور جان گسل عمل کے نجات اور جنت کی دایمی مسرتون کا امکان ہی نظر نہین آتا۔ تو پھر کس طرح اپنے پیشوایانِ مذہب کے ظنی و ذہنی عقاید کو چھوڑ کر مصدقین اور حزب اللہ کے مسلمانون کی طرح جو اپنی جان۔ مال۔ اولاد۔ راحت اور آرام کو جنت کے بدلے مین دیکر جو کچھ انھون نے حاصل کیا تھا اسکے لئے تیار ہو سکتے ہین۔ اسکے برخلاف مسجدون۔ خانقاہون اور تاریک حجرون مین بیٹھ کر اپنے وظیفون۔ تسبیحون اور تلاوتِ آیات اللہ کا ورد کرتے ہوئے وہ سب کچھ حاصل کر رہے ہین جو قرونِ اولیٰ کے حاملینِ قرآن اور مصدقین کو بھی نصیب نہ ہوا تھا (یعنی دُنیا ہی مین قربِ الٰہی اور دیدارِ الٰہی جو ہم کو ہو رہا ہے) اس طرح ہم اپنے ایمان اور ایقان کی روشنی مین آخرت کے دایمی انعاماتِ الٰہی کے تصور مین مست و مدہوش ہین ــــ برخلاف اسکے اگر ہم آزادیِ فکر سے فہم قرآنی حاصل کرنا چاہین تو لازماً ہمکو سابقون الاولون کیطرح مصائب کا شکار ہونا پڑے گا۔ فاقون پر فاقے کرنا ہوگا۔ جلتی اور تپتی ریت پر اور دریاؤن کے بہتے دھارون مین اپنی جانون کی بازی لگانی ہوگی۔ بیوی بچون۔ گھر بار۔ عزیز و اقارب سب کو چھوڑ کر جیلون مین جانا ہوگا۔ اور میدانون مین بے سر و سامان سفر کرنا ہوگا۔ جب کہین دُنیا اور دین کے انعامات خصوصاً خلافتِ زمین۔ اور زمین کے خزانون پر ہمارا حق ہوگا۔ تو بھلا کون ایسا ہوشمند ہوگا جو پیری۔ اور مریدی کے آسان طریقون سے دایمی جنت۔ حور۔ غلمان۔ اور جملہ عیش و عشرت کے انعامات کو چھوڑ کر امید و بیم کی حالت مین ان مصائب کو

---

[1] یاد رکھئے کہ نزولِ وحی کے وقت مکذبینِ وحی توحیدِ الٰہی کے اُسی طرح قایل تھے جیسے آج اُمتِ محمدی کے نی ہزار (۹۹۹) مسلمان قایل ہین۔ چنانچہ قرآنِ حکیم نے متعدد مقامات پر اس حقیقت کو واضح فرما دیا ہے کہ خالقِ کائنات اور رزاقِ حقیقی تو وہ ایک ذاتِ واحد ہی کو سمجھتے تھے۔ شاہ ولی اللہ نے "الفوز الکبیر" کے صفحہ (۵) پر لکھا ہے کہ: "نزولِ قرآن کے وقت مشرکین عرب عظیم الشان امور اور جواہر کی تخلیق مین خدا کو کسی کا محتاج نہین سمجھتے تھے البتہ غیر اللہ (یعنی انبیاءؑ و مرسلینؑ اور اولیاء اللہؒ) کے غصہ اور مہربانی کے قایل تھے۔ جنکو خدا اور بندون کے درمیان شفیع مجاز۔ اور مختارِ کل مانتے تھے اور انکو خدا کی مرضی اور منشا مین دخیل اور مختار یقین رکھکر انکی روحانیت کو معبود بنائے ہوئے تھے" ــــ اسکے بعد تو مسلمانون کی بے معنیٰ توحید بھی مثل مکذبین کے سمجھی جا سکتی ہے۔

جھیل کر دارین کے انعامات حاصل کرنے کی توقع کرے ــــ؟

ذہنی غلامی

عمل کی تابناک زندگی تعلیم قرآن کے مقابل سب سے پہلے حیلہ شرعی کا اس طرح کلوراوفارم ہم کو دیا گیا کہ "فہم قرآن عوام حاصل نہیں کر سکتے" ــــ عوام میں صاحبانِ علم و فضل بھی رفتہ رفتہ داخل ہو گئے ــــ یہاں تک کہ ایک جامعہ ازہر کے اعلےٰ ڈگری یافتہ کو بھی ظنی و ذہنی عقاید آبائی کے خلاف حقیقی آیاتِ قرآنی عقل و خرد کو اپیل کرنیکے بعد بھی اُس کے اظہار کی جراءت نہیں ہوتی ــــ یہ میرا ذاتی تجربہ ہے ــــ اور لطفِ خاص یہ ہے کہ ہمارا صرفی ــــ و نحوی عالم بلکہ وہ مسند نشین خلافت ہے جو ایک لفظ عربی کے معنیٰ و مفہوم کو نہیں جانتا ــــ زمین اور آسمان کے قلابے من مانے طور پر ملاتا ہے ــــ جسکے مقابل ایک ماہر علم فلکیات ــــ ایک ماہر علمِ ارضی ــــ ایک ماہر سائنٹسٹ موجودہ تحقیقات کی روشنی میں کچھ بھی نہیں کہہ سکتا ــــ کیوں؟ ــــ اسلئے کہ ہماری گھٹی میں یہ ایمان اور عقیدہ پڑا ہوا ہے کہ ہمارے راویانِ معتبر جو کچھ لکھ گئے ہیں وہ حرفِ آخر ہے ــــ وہی منشاء قرآنی اور حقیقت کائنات ہے خواہ وہ فلسفہ ہند ــــ اور یونان ــــ یا روایاتِ بے سندی بنی اسرائیل ہی سے اپنے زمانہ کے ماحول کے نظریات میں کیوں لکھا گیا ہو پھر وہ قدیم ماخذ آج کیوں نہ بدل چکے ہوں ــــ

غور کیجئے کہ عالم فلکیات کے موجودہ نظریہ کو کہ تم جس نیلگوں فضا میں ٹکے ہوئے شمس و قمر اور ان باریک جھلملاتے تاروں کو جو محض اس مقصد کے تحت خالقِ اکبر کی تخلیق کا منشا سمجھتے ہو کہ ــــ وہ تمہاری نظروں کی زینت یا سفر کی رہنمائی کے سوائے کچھ نہیں[1]۔ خداوند تعالیٰ کی تخلیقِ اعظم کو ثابت کر رہا ہے کہ اُس خالقِ اکبر کی شان کی عظمت کا اندازہ اس ایک بات ہی سے کر لو کہ جس زمین پر تم رہتے ہو وہ اس خلاء میں ایک پہاڑ کے مقابل رائی کے دانہ کے برابر بھی نہیں ــــ اور جسکو تم جھلملاتے تارے کہتے ہو وہ تمہاری زمین سے کروڑ در کروڑ درجے بڑے ہیں ــــ اس تحقیق عالمانہ کو سنکر ہمارا عامل قرآن اس نظریہ کو بیان کرنیوالے کیلئے بجز کفر و الحاد کے فتوے سے نوازنے کے اور کچھ نہ کرے گا ــــ کیونکہ نظریات زمانۂ قدیم کے تحت وہ آیاتِ قرآنی کی

---

[1] ایک قابلِ مضحکہ تقلید جامد کی مثال پر غور کیجئے ــــ کیا آج کوئی کرۂ زمین پر کسی مسلمان شہری یا گاؤں کے رہنے والے کو بھی پیش کر سکتا ہے جو سفر کیلئے سمت کی رہبری تاروں سے حاصل کرتا ہو ــــ یا نماز کے اوقات سورج کے سایہ اور رات کے تاروں سے معلوم کرتا ہو ــــ یا کوئی قطب تارے کو جاننے والا بھی آپ کو نظر آتا ہے؟ ــــ ہر جگہ گھڑی لگی ہوئی ہے ــــ ہر ہاتھ پر ریسٹ واچ ہے ــــ رصد گاہ کی جنتری طلوع و غروب اور چاند گہن ــــ اور سورج گہن ــــ ہر ماہ کے قمری ــــ اور شمسی تاریخ کیلئے ہر گھر میں موجود ہے سفر کیلئے نشاناتِ میل اور راستوں پر بورڈ لگے ہوئے ہیں ــــ ہر جہاز میں قطب نما اور بحری راستوں کے نشانات ہیں ــــ اسکے بعد غور کیجئے کہ ہمارے مفسرین کا مقصدِ تخلیق تاروں اور سورج کے سایہ اور چاند کے عروج و زوال کی ضرورت اس بیسویں صدی میں کہاں باقی رہی ــــ لہٰذا کرۂ زمین کے چالیس کروڑ مسلمان جو آج رصد گاہوں اور ریڈیو کے محتاج ہو کر اسی پر اپنی نمازوں ــــ روزوں ــــ حج کو منحصر کئے ہوئے ہیں ــــ لیکن عید الفطر کیلئے وہ رصد گاہ اور ریڈیو کی اطلاع پر بھروسہ کرنا اسلام کی شریعت کے خلاف سمجھ کر رویتِ ہلال کے لئے دو مسلمانوں کی شہادت کے طالب ہیں ــــ دیکھا آپ نے اندھی تقلید کے لا یعقلون کی نابینائی ــــ!

ایک زمانہ تھا کہ جب رصد گاہ حیدر آباد میں نہ تھی تو ہم نے چار بجے دن کے روزے توڑ ڈالے تھے جب ہمکو رویتِ ہلال کی اطلاع ملتی تھی ــــ جب سے رصد گاہ کا قیام عمل میں آیا ہے ــــ میری نظر برابر جنتریوں پر ہے کہ آج تک قمری مہینہ میں کوئی غلطی مجھ کو نہیں مل سکی ــــ بات یہ ہے کہ ہمارا پیشوائے مذہب رصد گاہ کی حقیقت ہی کو نہیں جانتا ــــ تو پھر اسکے لئے اسکا کہنا حق ہے اور اسکے مقلدین کیلئے اسکا کہنا ہی حکمِ خدا و رسولؐ ہے ــــ

فکر انگشت بہ دنداں کہ اسے کیا کہئے!

تفسیر یہی سمجھتا ہے کہ زمین بچھی ہوئی ہے اور سورج اور چاند اسکے اطراف گھوم رہے ہین۔ اور زمین ساکن ہے ——
عالمِ فلکیات و عالمِ نباتات۔ عالمِ جمادات وغیرہ کو کوئی حق نہین کہ وہ فہم قرآن حاصل کرکے صحیفۂ کائنات کا مطالعہ
کرتے ہوئے اس کی حقیقت کو آشکارا کرین۔ اور مشاہدات سے اپنے نظریات کو دو اور دو چار کی طرح ثابت
کرادین — کیون؟ — اسلئے کہ اس غریب سائنٹسٹ کے پاس سوائے علم الیقین اور حق الیقین کے روایاتِ فنی و ذہنی
اور عقایدِ اباء و جد کے محیر العقول روایات کے دفتر نہین ہین۔ وہ آزادیِ فکر سے صحیفۂ کائنات کا علم حاصل کر رہا ہے۔
وہ اپنے علم۔ فکر۔ تدبر سے جو کچھ علمِ الٰہی حاصل کر رہا ہے۔ اُسکو پیش کر رہا ہے — وہ شخصیت پرستی سے بے نیاز ہے۔
نظریاتِ قدیم کو وہ حرفِ آخر نہین سمجھتا۔

میرا فکر یہ ہے کہ مقدس وید کے سننے والے شودر کو پنڈتون نے سیسہ پگھلا کر کانون مین ڈالنے اور انکی قوتِ سماعت کو
فنا کر دینے کا فتویٰ دیا تھا۔ وہ بمقابلہ فکر و فہم انسانی کو فنا کر دینے کے فتوے کے بہت ہی ادنیٰ درجہ کا ظلم تھا۔
کیونکہ کسی عضو جسمانی کی ایک قوت کو فنا کر دینا اتنا بڑا ظلم نہین جتنا کہ عقل و خرد کو معطل کرکے انسان کو فکر و فہم سے محروم
کر دیا جائے۔ جسکے بعد انسان حیوان سے بھی بدتر ہو جاتا ہے — چنانچہ قرآن کہتا ہے کہ اللہ کے نزدیک کائنات کی
جان دار مخلوق مین سب سے بدتر مخلوق وہ ہے جو عقل و فکر کی نعمتِ الٰہی سے اپنے کو خود اپنے ہاتھون تقلیدِ جامد مین
پھنسا کر اندھا۔ بہرا بن گیا ہو۔

اب سوال پیدا ہوتا ہے کہ آخر یہ سب کچھ کیون ہو رہا ہے؟ — بات یہ ہے کہ ہر مذہب کے پیشوایانِ دین کو اپنے
اقتدار کے منوانے کیلئے انسانون کو ذہنی غلامی مین قید رکھنے سنہری زنجیرون کی ضرورت لاحق ہوا کرتی ہے۔ بغیر اس
طریقہ کے انسانی فکر و فہم شعور و عقل کی فطری آزادی پر ان کا قبض و تصرف ناممکن ہے — یہ طریقہ آج کا نہین بلکہ
ہزارون سال سے چلا آرہا ہے۔ جو تاریخ شعورِ انسانیت سے پیشوایانِ مذہب کے خاندانون مین نسلاً بعد نسلاً منتقل
ہوتے ہوئے آج تک ہماری نظرون کے سامنے نمایان ہے — جسکا ثبوت نہ صرف تاریخ کے اوراق بلکہ مقدس کتاب مین
مل سکتا ہے — خصوصاً مذاہبِ عالم کے مقدسون کے آخری ایڈیشن یعنی قرآن ازم کلامِ الٰہی کی شہادت آپ کی نظرون کے
سامنے موجود ہے — اگر آپ اس حقیقت کو معلوم کرنا چاہتے ہین کہ قرآن ازم نے کسطرح انسان کو آزادیِ فکر کی تعلیم دیکر
اُنکی سنہری زنجیرون کو توڑ کر پیشوایانِ مذہب کی غلامی سے نجات دلوائی؟ — تو پھر آپ کو سلسلۂ نزولِ وحیِ الٰہی پر فکر کرکے
فہم حاصل کرنا ہوگا — چنانچہ آپ نے گذشتہ اوراق مین اُس انقلابی پیام کو پڑھ لیا ہے — جسکا نتیجہ یہ ہوا کہ قرآن ازم کی
آواز پر لبیک کہنے والون نے اپنے ظنی و ذہنی نجات دہندہ شخصیتون کی روحانی پرستیون سے یکسر انکار کرکے ایک واحد آقا۔
اور پروردگار کے اقتدارِ اعلیٰ کے آگے سرِ تسلیم خم کر دیا۔ جسکے بعد پیشوایانِ مذاہب نے اپنے اقتدار کے باغیون کے جسم و
جان پر جو کچھ ظلم ڈھائے اسکے اثرات انکے آزادیِ فکر کو متاثر نہ کر سکے — جب ہجرت کے بعد حکومتِ قرآن ازم کا قیام
عمل مین آیا۔ اور حسبِ وعدۂ الٰہی فتح و نصرت کا وہ دن طلوع ہوا جسکی تمنا بار بار مکذبین مسلسل تیرہ سال سے کر رہے تھے — چنانچہ
وہی چند ریگستانِ مکہ کے ناتراشیدہ جواہر پارے دولتِ قرآنیہ کے تاج کے درخشندہ ہیرے بن گئے جن کے آگے "کوہِ نور" کی
ضیا پاشی ماند پڑ گئی[1] اور دنیا نے دیکھ لیا کہ اندرونِ چار صدی اُس پیامِ انقلاب کو سُن سُن کر اسکی حکمتون کا فہم حاصل کرنیوالو

---

[1] مسلمان حکومتِ قرآنیہ کا جو چاہین منشا لین — لیکن میرے غور و فکر کا نتیجہ تو یہ ہے کہ اس کو کوئی (باقی صفحہ ۲۳ پر)

کرۂ زمین کے رہنے والون کیلئے معلم کی حیثیت حاصل کرلی ـــ حاملین قرآن ازم کا خیر مقدم مفتوحین نے فاتحین کی تلوارون کے ڈر سے نہین کیا۔ بلکہ قرآن ازم کے حال وقال کو دیکھ دیکھ کر بے اختیار بول اُٹھے کہ :- "ذٰلک الکتاب لا ریب فیہ" یعنی سچی انسانیت اور اچھی دُنیا سازی کیلئے اس قانون حکمتِ الٰہی مین ذرا بھی شک وشبہ کی گنجایش نہین[1]۔

پھر کیا آج ہم بھی اُسی طرح آزاد ہو سکتے ہین جیسے کہ ہم اپنے ماؤن کے بطن سے آزاد پیدا ہوئے تھے ـــ

انسان، خصوصاً مسلمان کسطرح آزادیِ فکر حاصل کر سکتے ہین ؟

اس سوال کا جواب ہر صاحب فکر ونظر کو خود ہی مرتب کرنا ہوگا۔ بظاہر اس بات پر:- (۱) یقین کر لینا چاہئے کہ فکر وفہم قرآنی کی اجارہ داری۔ دارالعلومون۔ خانقاہون۔ اور مسجدون مین ـــ یا متقدمین اور موخرین کے فکر ونظر یعنی اُنکے اقوال مین بند نہین ہے بلکہ وہ ہر انسان یعنی اولادِ آدم کی میراث ہے جسکو قدرت ہر انسان کو ارتقائے دماغی کے لحاظ سے ہر زمانہ مین عطا کرتی رہتی ہے ـــ البتہ اُن متقدمین کا فکر ونظر جو ہر زمانہ کے عقل وخرد کو اپیل کر سکتا ہے ایک حد تک ہمارے لئے بنیادی حیثیت رکھتا ہے۔ لہٰذا ہم بھی قرآنِ حکیم کے ذکر یعنی نصیحت پر غور وفکر کرکے اس سے نتایج اخذ کرنے کے مجاز ہین۔

(۲) اس بات پر ایمان کامل رکھنا ہوگا کہ خالق تعالیٰ کی ایک ذاتِ واحد ہی فرمانبرداری کے لایق ہے۔ سوائے اسکے کوئی اور ذات یا قوت (چاہے وہ مادی ہو۔ یا روحانی) ہمارے فکر کو غلام بنانے کی حقدار نہین۔

(۳) اللہ کی فرمانبرداری سوائے اسکے کچھ نہین کہ ہر انسان انفراداً۔ اور ہر قوم اجتماعاً اپنے فرضِ تخلیق کے منشاء کو کما حقہٗ پورا کرے (منشائے تخلیق کیا ہے ؟ ـــ اچھی دُنیا۔ اور سچی انسانیت) جسکے بعد امن وسلامتی خود بخود نمایان ہو سکتی ہے۔

(۴) جب ان اصولون پر قایم ہو جائین تو مقصدِ حیات کی پہلی منزل مقصود متعین ہو جائیگی ـــ اور اخلاقی اقدار جس کو دین اور مذہب سے قرآنِ حکیم تعبیر کرتا ہے۔ روحانی قوتون کی نشو ونما کا باعث ہو جائین گے ـــ اور نتیجتہً ضمیر۔ فکر۔ نفس۔ روح۔ آتما۔ کانشنس (CONSLIENCE) (جنکو مین قوتِ فکریہ کے ہم معنی سمجھتا ہون) رضاجوئی خالقِ کائنات کیطرف متحرک ہونے لگین گے۔ پھر تو ہر مومن اور مسلم کی سچی تدبیر کی صورت اختیار کرتا چلا جائیگا۔ اجتماعی قوت ظاہر ہونے لگے گی۔ اور "اعلون" کا انعامِ الٰہی بصورت خلافتِ زمین اُس اُمت کو مل جائیگا۔ پھر مستقبل کے وہ راحت وآرام کی زندگی جس کا وعدہ قرآنِ حکیم نے کیا ہے۔ اس زندگی اور اسکے بعد کی دوسری حیات مین بھی یقینی حاصل ہو کر رہے گی ـــ لیکن اس بات کا خیال پیشِ نظر ہونا چاہئے کہ ـــ انسان کے خود اعتمادی اور قوتِ ارادی کے تابع

(بقیہ حاشیہ صفحہ (۲۲)۔ حکومتِ الٰہیہ کہیے۔ یا سیکولر اسٹیٹ ـــ رام راج کہیے ـــ یا سچی جمہوریت ـــ اگر وہ قانونِ قدرت کے تحت آزادیِ فکرِ انسانی کو باقی رکھکر اچھی دُنیا۔ اور سچی انسانیت کیلئے برسرِ اقتدار ہے تو بات یک ہی ہے۔ ورنہ سب غلط۔

[1] ۳۱ اگست ۱۹۵۳ء کے اخبار رہنمائے دکن کے صفحۂ (۲) پر ڈاکٹر برنڈ شیریہ۔ ونیسر ہمبرگ جرمنی یونیورسٹی کے مقالہ کا ترجمہ شایع ہوا ہے ـــ جو میری نظر سے گذرا ـــ جس مین پروفیسر موصوف نے اپنے فکر وفہم کی آزادی کی روشنی بتلایا ہے کہ ـــ "اسلام تمام مذاہب عالم کے خلاف محض قرآن کی عام فہم اور عالمگیر جامعیت۔ آزادیِ فکر۔ رواداری۔ حُسنِ اخلاق۔ اچھے کردار۔ اور سچی تفہیم کے ذریعہ بلا کسی اقتدار حکومت کے دباؤ کے یا کسی سلطنت کی سرپرستی کے کرۂ زمین پر پھیل گیا ـــ کاش مسلمان فرقہ کو مسلمانی تعلیم کو مثل قرنِ اول کے اپنا لین تو وہ بالاشبہ آج بھی مذاہب عالم کے راہ نما ثابت ہو سکتے ہین ! ـــ

دیکھا آپ نے! غیر اُمت ہندی۔ اور غیر مسلم کے مطالعہ قرآن نے فکر وفہم کے اقدار عظمت کلام اللہ ـــ !!

قانونِ قدرت ہے۔ اسی لئے اقبال نے کہا تھا۔ کہ ؎

خودی کو کر بلند اتنا کہ ہر تقدیر سے پہلے خدا بندے سے خود پوچھے بتا تیری رضا کیا ہے؟

یہ ہے اس قرآنی آیت کا مفہوم جسکو ہم رات دن اپنی زبان پر رواں رکھتے ہیں۔ یعنی:۔

"رَضِیَ اللّٰہُ عَنْہُمْ وَرَضُوْا عَنْہُ"

پس ہمارے لئے تو ایک ہی کتاب اللہ کافی ہے جسکے ذریعہ مثل قرونِ اولیٰ کے ہم راہِ مستقیم پا سکتے ہیں ؎

صد جہاں باقیست در قرآں ہنوز اند کے خود را در آیاتش بسوز (اقبال)

کیا قوانینِ الٰہی عام فہم نہیں ہوتے؟

مقامِ غور ہے کہ دنیا کا کوئی دستور تو ایسا نہیں ہو سکتا جو مبہم و ناقابلِ فکر و فہم ہو تو پھر کیسے خالقِ تعالیٰ سبحانہٗ کا ایسا دستور جو تمام اقوامِ عالم کی ہدایت اور رہنمائی کے لئے خصوصاً عرب کے اُمیوں کو تزکیۂ نفس۔ اور تمدن و معاشرت سکھا کر "خیر الامم" بنانے کے دعوے کیساتھ نازل ہوا ہو۔ عوام الناس۔ خصوصاً لکھے پڑھے صاحبِ علم و فکر، اعلیٰ تعلیم یافتہ (خواہ وہ کسی زبان کے اعلیٰ تعلیم یافتہ ہوں) کیلئے ناقابلِ فہم ہو سکتا ہے[1]۔ میرا چیلنج ہے کہ آیاتِ اللہ کا واضح مفہوم جسطرح ایک تعلیم یافتہ سمجھ سکتا ہے اسی طرح ایک جنگل میں پتھر پھوڑنے والا ڈرائیور اور خانہ بدوش قوم کا فرد بھی اپنے فکر و فہم سے بلا تصنع سمجھتا اور اسکو بتلا سکتا ہے۔ جب چاہو اس حقیقت کی آزمائش کر لو کہ کسطرح دینِ فطرت کے حسنات۔ اور سیئات۔ یعنی اچھائیوں۔ اور برائیوں۔ یعنی نیکی اور بدی کے سوالات کا جواب مثبت و منفی میں وہ دیتا ہے۔ البتہ وہ ہر مذہب کے شرع و منہاج سے بے خبر ہوگا۔ اور اپنے مذہب کی ذہنی غلامی میں گرفتار نظر آئیگا۔ پس الٰہی دستور بصورت بین الدفتین اور بصورت فطرت اللہ۔ یعنی کھلی کتاب صحیفۂ کائنات ہر شخص کیلئے "کتابِ مبین" ہے۔ بشرطیکہ حصولِ نصیحت پیشِ نظر ہو۔ نکہ دادِ کلام اور فکر و نظر کیلئے منطق کے تاویلات و تشریحات و توضیحات کی واہ واہ۔ یا کفر و الحاد کے فتووں سے دنیا کے تمام انسانوں کو دوزخ کا ایندھن بنا کر صرف اپنی ذات اور اپنے ہمخیال اندھے مقلدین کو جنت کی اجارہ داری کا پروانہ دلوا دینا۔

قرآن کو کسطرح پڑھنا چاہیئے؟

ہر شخص عربی قرآن کا ترجمہ اپنی مادری زبان۔ یا اس زبان میں جس پر اُس کو عبور ہو۔ ہر صبح غور و فکر سے چند صفحات کا مطالعہ کر سکتا ہے۔ اور مطالعہ کے وقت یادداشت کیلئے قلم اسکے ہاتھ میں رہنا لازمی ہے۔ تاکہ کوئی آیت اسکی سمجھ میں نہ آئے تو اُس کو یادداشت میں لکھ لے۔ لیکن مطالعہ کیلئے شرطِ اوّل یہ ہے کہ وہ اپنے باپ دادا۔ اور ائمہ و مفسرین۔ یا راویانِ معتبر کی روایتوں سے اپنے ذہن کو صاف و پاک کر لے۔ اگر وہ ذہنی غلامی میں مبتلا ہے۔ یا اسکے فکر کا کوئی گوشہ روایتِ شخصی سے متاثر ہے تو یہ اصنام اور

---

[1]۔ یہاں پر یہ اعتراض پیدا ہو سکتا ہے کہ قانون کے نکات بیان کرنیکا حق تو قانون دان طبقہ ہی رکھتا ہے نکہ عوام۔ یہ اعتراض اپنی جگہ صحیح ہے۔ لیکن اصل حقیقت یہ ہے کہ واضعانِ قانون کا منشاء تو بلاشبہ عام فہم الفاظ میں ہوا کرتا ہے۔ لیکن قانون دان افراد اپنے علمِ کلام فلسفہ و منطق کے ذریعہ ایک ایک لفظ اور حرف کا تجزیہ کر کے جج کے ذہن کو مسخر کر لیتے ہیں۔ اور اس سحر بیانی کی وجہ واضعانِ قانون کی تدوین قانون کا اصلی منشاء و مفہوم بدلتا رہتا ہے۔ پس اسی مثال کو سامنے رکھکر آپ ائمہ۔ فقہاء و مفسرین کے اقوال کا جائزہ لے سکتے ہیں۔

غلامی کی سُنہری زنجیرین اصلی حقیقت تک پہونچنے مین سدِ راہ ہو جائینگی۔

علامہ آزاد نے "ترجمان القرآن" مین لکھا ہے کہ :۔

"اگر ہم قرآن کو اسکی حقیقی شکل مین دیکھنا چاہتے ہین تو ضرور ہے کہ پہلے وہ تمام پردے[1] ہٹا دیئے جائین جو اسکے چہرے پر پڑے ہوئے ہین۔ اور پھر آگے بڑھین اور قرآن کی حقیقت کو قرآن حکیم کے صفحات ہی مین تلاش کرین"۔

شاہ ولی اللہ کا نظریہ "مصفّیٰ" مین یہ ہے کہ :۔

ہمارے زمانہ کے سادہ لوح (مقلد علماء) اجتہاد سے بالکل برگشتہ ہین۔ اونٹ کی طرح ناک مین نکیل پڑی ہے۔ کچھ نہین جانتے کہ کدھر جا رہے ہین۔ ان کا کاروبار ہی دوسرا ہے۔ یہ ہمارے ان باتون کو سمجھنے کے لئے مکلف ہی نہین"۔

غور کیجئے کہ آج سے دو سو سال پہلے جو نقشہ ہمارے اسلاف کا شاہ صاحبؒ کے سامنے تھا۔ کیا آج اُس سے زیادہ ہم اور ہمارے علماء تقلیدِ جامد مین گرفتار نہین ہین؟۔

---

[1] وہ "پردے" کیا ہین؟۔ وہ پردے۔ یونانی، ہندی، فلسفہ اور روایاتِ بے سند بنی اسرائیلی کے جو ہمارے ایمانیات و معتقداتِ غیر قرآنی کو مستحکم کرنے کیلئے راوی معتبر کی شخصیت پرستی کے نام سے ڈالے گئے ہین۔ انکو اس طرح اپنے ذہن سے دُور کر دین کہ ہمارا ذہن بالکل صاف پاک ہو جائے۔ کیونکہ اس ریگستان سے ہم کو سونے کے ذرات حاصل کرنا ہے۔ نہ کہ سنگریزے۔

اس موقع پر یہ کہا جا سکتا ہے کہ کہین ہمارا غلط فکر اور فہم ہمارے ایمان کو متزلزل نہ کر دے۔ اس کا جواب صرف یہ ہے کہ۔ اگر قرآن حکیم مین فکر اور اسکے فہم سے ہمارا ایمانِ متزلزل ہو جاتا ہے تو ایسے ایمان سے تو دُوری بہتر ہے۔ کہ ایسے مکڑی کے جالے کا کمزور ایمان و یقین تو محمد عربی صلعم لائے ہوئے ایمان سے کوئی تعلق نہین رکھتا۔ وہ تو سیدنا ابراہیمؑ کے حصولِ اطمینانِ قلب کا ایک واقعہ مثالاً پیش کر کے استحکام اور یقینِ کامل کے ایمان کی دعوت دیتا ہے ـــــ دیکھئے سورۂ بقرہ کی آیت (۲۶۱) رکوع (۳۵)۔

"اے مخاطبینِ وحی! اُس واقعہ کو یاد کرو کہ جب ابراہیم نے اپنے رب سے کہا تھا کہ اے میرے رب مجھ کو بتلا دے کہ تو مُردون کو کس طرح زندہ کریگا۔ تو اللہ نے ابراہیم سے پوچھا کہ "کیا تیرے کو میری اس قدرت کا یقین نہین"۔ ابراہیم نے عرض کیا کہ "اے میرے رب! مجھ کو اس تیری قدرت پر تو یقیناً ایمان ہے لیکن مین اپنے اطمینانِ قلب کیلئے عین الیقین (یعنی مشاہدات) کا طالب ہون"۔

اے صاحبانِ عقل و خرد! ذرا تو غور کرو کہ اُس واقعہ کا ذکر قرآن حکیم مین وحیِ الٰہی کیون کر رہی ہے؟۔ کیا ایک جلیل القدر رسولؑ کے ایمان کی تذلیل اسکو مقصود ہے؟ نہین۔ ہرگز نہین۔ بلکہ وحیِ الٰہی حاملینِ قرآن کو مثل ابراہیمؑ کے آزادیِ فکر و فہم کی دعوت دے رہی ہے۔ اور بتلا رہی ہے کہ یقینِ کامل اور چیز ہے۔ اور ایمان بالغیب اور چیز ہے۔ پس آج ہم مشاہدات کی دُنیا مین فکر و فہم قرآنی کے لئے جب کوشش کرین تو کیون ہمارا ایمان متزلزل ہو گا اور کیون خدا کا عتاب ہم پر نازل ہو گا۔ جبکہ سیدنا ابراہیمؑ کی التجا پر اللہ کو غصہ نہین آیا تو کیا ہمارا ایمان ایک رسولؑ کے ایمان سے زیادہ ہو سکتا ہے؟۔ بات تو یہ ہے کہ قرآن حکیم کا مطالبہ تو یہ ہے کہ میری آیتون پر غور و فکر کے بعد کفر سے انکار کر کے ناچار مومن ہو جاؤ۔ ع "کافر نمی آتی شد۔ ناچار مسلماں شو"۔

ایک اور علامہ کے قول پر بھی فکر کر لیجئے۔ شاید تقلید کے موتیابند کیلئے یہ سُرمہ مفید ثابت ہو جائے۔
علامہ مودودی اپنے "تفہیم القرآن" کے مقدمہ میں صفحہ (۳۱) پر لکھتے ہیں کہ:۔
"اس کتاب (یعنی۔ قرآن حکیم) سے اگر کوئی شخص صحیح مفہوم حاصل کرنا چاہتا ہے۔ تو اسکو چاہیئے کہ اپنے ذہن کو پہلے قایم شدہ ظنی و ذہنی اور عقاید موافق یا مخالف سے خالی کر لے۔ اور اسکا فہم حاصل کرنے کے خالص مقصد کو لئے ہوئے وسعت قلب سے اسکا مطالعہ کرے"۔
اقبال مرحوم کے فکر و نظر مطالعۂ قرآن کو بھی سُن لیجئے ؎

زِ رازی معنیٔ قرآں چہ پرسی ضمیر پایہ آیاتش دلیل است
خرد آتش فروز و جاں بسوز د ہمیں تفسیر نمرود و خلیل است

پھر وہ کہتا ہے ؎

ترے ضمیر پہ جب تک نہ ہو نزول کتاب گرہ کشا ہے نہ رازی نہ صاحب کشاف

آئیے، اب ذرا ہم وحیِ الٰہی سے اسکے مطالعہ کے اصول کا سوال کر کے اطمینان حاصل کر لیں:۔
"افلا یتدبرون القرآن۔ ام علی قلوب اقفالھا"
(کیا یہ لوگ قرآن حکیم کے مطالب میں غور و فکر نہیں کرتے۔ یا انکے قلوب پر تالے پڑے ہوئے ہیں؟")
دیکھا آپ نے! وحیِ الٰہی اپنے مخاطبین کو کس طرح اس کتاب کے مطالعہ کے لئے فکر و تدبر[1] سے فہم حاصل کرنے کا حکم دے رہی ہے۔ اور طوطی صفت تلاوت کرنے والوں کیلئے وہ کیا کہتی ہے:۔ "کمثل الحمار یحمل اسفارا"۔

قرآن عربی اور ہم غیر عربی دان

گذشتہ صفحات میں بسلسلۂ تراجم قرآنی اس بات پر روشنی ڈالدی گئی ہے کہ اسی اعتراض کو دُور کرنے کیلئے قرآن حکیم میں حٰمٓ السجدہ کی (۴۴) ویں آیت میں نزولِ قرآن کے بزبان عربی نازل ہونیکا سبب بتلایا جا رہا ہے۔ کہ "اے مخاطبینِ قرآن۔ اہلِ عرب! اگر یہ قرآن کسی دوسری زبان میں تم کو پہونچایا جاتا تو تم صاف کہتے کہ یہ عجیب بات ہے۔ کہ ہماری زبان تو عربی اور ہماری حیات کا دستور غیر زبان میں"۔
اس آیت حکمت پر اگر غور کیا جائے تو معلوم ہوگا کہ مدعیان جانشینیِ رسول عربیؐ پر یہ فرض عاید ہوتا ہے کہ اگر وہ قرآن کی تعلیم کو عالمگیر سمجھتے ہیں تو اسکے مفہوم کو دُنیا کی ہر بڑی اور چھوٹی زبانوں میں پیش کریں۔ تاکہ وہ اپنے خدا اور رسولؐ کے سامنے جوابدہی سے بری ہو سکیں۔
یہ کیسی عجیب و غریب بات کہی جاتی ہے کہ "قرآن حکیم صرف بزبان عربی تمام اقوامِ عالم کیلئے نازل ہوا ہے اور اسکی تلاوت بغیر زیر۔ زبر کے فرق کے کرنا فرض ہے ورنہ کفر ہوگا"۔ بلاشبہ یہ ایک حسین مکر ہے۔ مگر اللہ تو "خیر الماکرین" ہی ہے۔ وہ تو اس حقیقت سے خوب واقف ہے کہ یہ حیلہ محض کاہلی و مجبوری۔ اور ادائے فرائض سے بچنے کیلئے تراشا گیا ہے۔ کیونکہ قرآن تو فطرت انسانی کے ہر پہلو کو واضح کر رہا ہے۔ وہ مذکور الصدر جملہ کو وحی کے ذریعہ مخاطبینِ وحی کو سُنا کر خاموش نہیں ہو جاتا۔ بلکہ وہ بار بار اس حقیقت کو واضح کرتا ہے کہ:۔ "اللہ نے

---

[1] ایک چھوٹا سا رسالہ "تدبر قرآن" مصنفہ امین الحسن اصلاحی اس موضوع پر قابلِ مطالعہ ہے۔ مولف نے مطالعہ قرآن حکیم سے صحیح بوجھ حاصل کرنے کیلئے اچھے اندازِ بیان میں حاملینِ قرآن کو سمجھانے کی کوشش کی ہے۔

ہر قوم مین اسکی زبان جاننے والا۔ اسی قوم کے فرد کو ہدایت کیلئے منتخب کیا ہے۔ تاکہ ہر قوم ہدایت کو (یعنی نصیحت) اپنی مادری زبان مین غور و فکر کے بعد حاصل کر سکے۔ یہ ایک سنت اللہ ہے" پھر وہ اس حقیقت کو واضح کرتا ہے کہ:۔ "دنیا مین جتنی زبانین بولی جاتی ہین اُن سب کا خالق اللہ ہی ہے"۔

ان احکامِ قرآنی کی موجودگی مین علماء اسلام سے۔ خصوصاً اہلِ عرب سے یہ سوال ہو سکتا ہے کہ انھون نے قرآن کے تراجم کتنی زبانون مین شایع کئے؟ جسکا جواب بجز نفی کے تاریخ مین نظر نہین آتا۔ میرا فکر و فہم تو یہ ہے کہ وہ اپنی زبانِ عربی کو سیاسی نقطۂ نظر سے قرآن حکیم کی آڑ لیکر تمام قومون کی زبانون پر جاری کروا دیا تھا۔ گو سیاسی نقطۂ نظر سے حکومتِ الٰہیہ کے اقتدار کی روشنی مین یہ بات تو نامناسب نہ تھی۔ لیکن جب اقتدار ختم ہو چکا۔ اور اُمت کی ہوا بگڑ گئی تو نتیجہ یہ ہوا کہ وہ دستورِ حیات ایک مقدس صنم بنکر رہ گیا۔ ہان۔ اس فرض کی تکمیل صحیح معنی مین علامہ رومیؒ نے مثنوی کے ذریعہ مفہومِ قرآنی کو بزبانِ فارسی لکھ کر کی۔ لیکن افسوس کہ اس دفتر کو صوفیا نے اپنے رنگ مین پیش کر کے اسکو تصوف اور معرفت اور حقیقت کے رنگون سے اس طرح رنگ لیا کہ علامہ رومیؒ کا مقصد ہی فنا ہو گیا۔ کہنے کیلئے تو صرف بات ہی رہی کہ:۔

مثنوئی مولوئ معنوی ہست قرآں در زبانِ پہلوی

اسکے بعد علامہ سعدیؒ نے قرآن کا تحت اللفظی ترجمہ لکھا۔ اور بس[1]۔

اُردو زبان کیلئے سب سے پہلے ترجمہ کا خیال شاہ عبد القادرؒ کو پیدا ہوا تو ۱۲۰۵ھ مین اُمتِ محمدی کی انتہائی مخالفتون اور سخت سے سخت جسمانی تکالیف برداشت کرتے ہوئے قرآن کے اس حکم کی تعمیل مین کہ:۔ "ہر قوم کیلئے اسکی مادری زبان جاننے والا اسی قوم سے ہدایت دہندہ مامور من اللہ ہوا کرتا ہے"۔ تحت اللفظی ترجمہ کر دیا۔ تاکہ ہندوستان کے ہندی دانون کیلئے کوئی حجت باقی نہ رہے[2]۔

لیکن بزبان تلنگی۔ کنڑی۔ مرہٹی۔ گجراتی۔ پنجابی۔ بنگالی۔ چینی۔ جاپانی۔ لمباڑی۔ گونڈی وغیرہ وغیرہ قومون مین اب تک رسول اللہ کی جانشینی کے مدعیون نے چودہ سو سال سے اس پیام کو پہونچانے کی طرف خیال بھی تو نہین کیا۔

مین ببانگِ دہل کہتا ہون کہ ہمارے علماء جو عربی زبان کی تعلیم پر زور دیتے ہین۔ وہ ایک "مکرِ عظیم" ہے۔ کیونکہ وہ "سنت اللہ" کے خلاف ہے۔ قرآن حکیم تو اپنے رسولؐ کو حکم دیتا ہے کہ وہ ہدایت کا پیام انسانون کے کانون تک اُنکی مادری زبان مین پہونچانے کے ذمہ دار ہین۔ نکہ انسانون کو ہدایت حاصل کرنیکے لئے رسولِ عربیؐ کے پاس

---

[1]۔ آپ کو تاریخ سے پتہ چلے گا کہ شاہ ولی اللہؒ شاہ عبد العزیزؒ شاہ عبد القادرؒ کے تراجم پر اس زمانہ کے علماء و فضلاء نے کیسے سخت ریمارک کئے اور کسطرح ان مامور من اللہ پر نہ صرف کفر کے فتوے صادر ہوئے بلکہ انکی انگلیان کاٹی گئین۔ اور ہاتھ بیکار کر دئے گئے کہ اس گناہِ عظیم کے وہ مرتکب ہی نہ ہون۔ دیکھا آپ نے! پیشوایانِ مذہب کی اجارہ داری کے حفاظت کی سنہری زنجیرین۔

[2]۔ وہ تو اسوقت کی ضرورت تھی۔ لیکن موجودہ ماحول و رفتارِ زمانہ کے لحاظ سے مفہوم آیاتِ قرآنی کے معلوم کرنیکی پیاس ہے جسکو علامہ مودودی نے ۱۹۵۸ء مین "تفہیم القرآن" لکھکر بڑی حد تک دُور کرنیکی کوشش کی ہے۔ دیکھئے اس بندۂ خدا نے جو فرض ادا کیا ہے اسکے ساتھ اجارہ دارانِ قوم کیا سلوک کرتے ہین۔ بہرحال میرے اُن تمام افکار کو جو چالیس سال سے میرے دماغ مین گردش کرتے رہے اور جو میرے زبانِ قلم سے دس بارہ سال پہلے کاغذ پر نمایان ہو چکے ہین "تفہیم القرآن" کا مقدمہ اور دیباچہ صفحہ (۹۰) قیمت تصدیق کرتا ہے

عربی دانی کے بعد آنے کا حکم قرآن نے دیا ہے ـــ ایسی حالت مین ہمارے علماء پر یہ فرض عاید ہوتا ہے کہ وہ دُنیا کی تمام زبانون کو سیکھین ـ اور اُن قومون کی زبانون مین اس کلامِ الٰہی کو سنتِ رسول اللہ کے تحت ذریعۂ خطاب ـ یا موجودہ زمانہ کے لحاظ سے اسکا مفہوم بصورت کتاب انکی آنکھون کے سامنے رکھ دین ـ ـ یہ ایسا فرضِ کفایہ ہے کہ جب تک دُنیا کی چھوٹی سے چھوٹی قوم کی زبان مین قرآن نہ پہونچایا جائے وہ علمائے اسلام کیلئے باقی رہے گا ـ بشرطیکہ وہ قرآنِ حکیم کو آخری کتاب اور محمدِ عربی صلعم کو خاتم النبیین اور تمام انسانیت کیلئے آخری رسول اور تمام دُنیا کیلئے قیامت تک اس قرآن کو نافذ العمل سمجھتے ہون ـــ

کیا آپ بتلا سکتے ہین کہ حاملینِ قرآن اور جانشین رسالت مآب صلعم ـ ہندوستان کی قدیم زبان تلنگی ـ کنڑی ـ مرہٹی ـ گجراتی جاننے والے کتنے ہین ؟ ـــ میرے خیال مین تو ایکہزار مین ایک عالم بھی ایسا نہین جو عربی ـ فارسی ـ اُردو کے سوائے کوئی دوسری زبان مین بات بھی کر سکتا ہو ـــ

حاملینِ انجیل کا ایک حُسنِ عمل

اگر اُردو تراجم کی ایک فہرست تیار کیجائے تو زاید از پچاس ترجمے مختلف علماء کے آپ کو ملین گے ـ جس مین بجز چند الفاظ کے ہیر پھیر کے یا حاشیہ ہین ـــ تقلیدِ جامد ـ اور شخصیت پرستی کی نقالی کے مفہوم وحی کی وضاحت نظر نہ آئے گی ـــ

اس موقع پر اگر مین حاملینِ توراۃ اور انجیل کے تبلیغ کی مثال پیش کرون تو بے جا نہوگا کہ ـــ توراۃ اور انجیل کا عبرانی زبان سے انگریزی زبان مین لفظی ترجمہ ناقابلِ فہم ہو چکا تھا ـ تو سولھوین صدی عیسوی مین ایک مجلسِ شوریٰ نے اس پر غور کیا ـ اور متفقہ طور پر اسکا ترجمہ شایع ہو گیا ـ لیکن انیسوین صدی مین جب اس ترجمہ مین تنگی محسوس کی گئی تو پھر مجلسِ شوریٰ نے عام فہم اور دل نشین انداز مین اسکو مرتب کر کے شایع کیا جو اسوقت تک مقبولِ عام ہے[1] ـ

پھر اس متفقہ ترجمہ ہی کو دُنیا کی بڑی سے بڑی اور چھوٹی سے چھوٹی زبانون مین ترجمہ کر کے شایع کیا گیا بلکہ

---

[1] ـ اس طریقہ پر علمائے اسلام اور ہم حاملینِ قرآن اہلِ کتاب خصوصاً عیسائیون کو کہتے ہین کہ ـــ واہ صاحب واہ ـــ کیا کہنا ہے آپکی مقدس کتاب کا کہ جب چاہے آپکی مرضی و منشاء کے تحت وہ بدلی جا سکتی ہے ـ ـ دیکھئے ہماری کتاب کو کہ آج چودہ سو سال سے زیر و زبر کے فرق کے بغیر باقی ہے ـــ پھر یہی ـ صدا ہر محراب و ممبر اور اسٹیج سے سامعین کو بذریعۂ خطاب سُنا کر دادِ سخن حاصل کیجاتی ہے ـــ لیکن اس موقع پر اپنی تنگ نظری ـ اور جد و جہد تبلیغ دین ـ یا مذہب سے سہل انگاری کا جائزہ نہین لیا جاتا ـ اور مدِ مقابل کے ایثار و قربانی اور خدمتِ دین و مذہب کی داد دیکر انکے نقشِ قدم پر چلنا کفر و بے دینی سمجھا جاتا ہے ـ البتہ انکے جہلِ مرکب ـ یا تحریفِ کلام اللہ کو پیش کر کے مضحکہ اُڑانا ـ ثوابِ عظیم ـ بلکہ اللہ کی راہ مین جان ـ مال ـ اولاد کو قربان کرنے سے زیادہ ہزارون درجہ کا ثواب سمجھا جاتا ہے ـــ

کیا مین معترضین سے یہ سوال کر سکتا ہون کہ ـ عیسائیون نے ایک مجلسِ شوریٰ کے تحت اپنی مقدس کو عام فہم بنانے کے لئے جو تحریف کی وہ تو قابلِ مواخذہ ہین ـ اور ضرور ہین ـــ تعجب یہ ہے کہ باوجود اسکے صاحبِ کلام نے آج تک ان سے مواخذہ نہین کیا ـ برخلاف اسکے آپ نے قرآنِ حکیم کو اسکی اصلی صورت مین باقی رکھکر جسطرح اسکی معنوی تحریف کی ـ اور کر رہے ہین (جسکا ثبوت یہ ہے کہ آج چالیس کروڑ مسلمانون مین چار سو مسلمان بھی بمشکل تمام قرآنِ حکیم کی حقیقی تعلیم کو متفقہ پیش کرنیوالے نہین نکل سکتے) ـ تو کیا اسکے بعد آپ پر یہ مقولہ صادق نہین آتا کہ : "چہ دلاور است دزدے کہ بکف چراغ دارد" (باقی صفحہ ۲۹ پر)

ہر قوم کی زبان امریکہ کے رہنے والون نے اسطرح سیکھی کہ اپنی کتاب مقدس کا مفہوم اس قوم کو آسان سے آسان تر طریقہ پر انکی مادری زبان مین سمجھا دیا جائے۔ پھر اون مبلغین نے دنیا کی قومون کی بڑی بڑی زبانون پر اپنی توجہ کو مرکوز نہین رکھا بلکہ چند سو۔ یا چند ہزار نفوس مین بھی اگر کوئی قوم اپنی علیحدہ زبان رکھتی ہے تو اسکو بھی انھون نے حاصل کیا ——

دیکھا آپ نے! تبلیغ کی سنت اللہ کو غیر شعوری طور پر کسطرح اہل کتاب نے روبہ عمل لایا۔ درآن حالیکہ انکی کتاب اور ان کا مذہب غیر وسعت پذیر کہا جاتا ہے۔ لیکن حاملین قرآن اور امت محمدی تو کرۂ زمین پر اپنے مذہب کا جھنڈا لہرانے کے مدعی ہین —— تو پھر آپ کا مذہب کیون محدود ہو کر رہ گیا ہے ——؟

اعلیٰ تعلیم یافتہ نوجوانون سے قرآن مطالبہ

آج قرآن حکیم پاکستان۔ ہندوستان کے زاید از چار سو فرقون کے روشن خیال وسیع القلب اعلیٰ تعلیم یافتہ۔ بلکہ ریسرچ کرنیوالون سے بزبان حال کہہ رہا ہے کہ —— جہان تم تمام شعبہ حیات مین ریسرچ کرتے ہو۔ بلکہ بعض اسلامی مضامین بھی تمہارے زیر ریسرچ آجاتے ہین تو کیا تم قرآن حکیم کی تعلیم کی حقیقت کو معلوم کرکے دنیا کے سامنے رکھنے کیلئے ریسرچ نہین کرسکتے۔ اور پھر ایک مرتبہ تم حضرت عثمانؓ کی مجلس شوریٰ کی تقلید مین اپنا قدم آگے نہین بڑھا سکتے۔ کیا حاملین قرآن پاکستان پر یہ فرض عاید نہین ہوتا کہ وہ عمل صحابہؓ کی روشنی مین کم از کم مفہوم قرآن حکیم کو پیش کرکے اسکے مقصد اصلی کو دنیا کے سامنے رکھدین —— کہ کوئی اگر اس سے بہتر قانون۔ اچھی دنیا اور سچی انسانیت کیلئے پیش کرسکتا ہے تو وہ پیش کرے۔ تو اسکو دنیا کے بہترین دماغ رکھنے والون (بلالحاظ مذہب و ملت) کے فیصلہ کی بنا پر رد کردیا جائے۔ یا پھر اسکو دنیا قبول کرلے[1] ——

(بقیہ حاشیہ صفحہ ۲۷) ظاہر تو یہ نظر آرہا ہے کہ قانون قدرت ہر دو جماعت کے مقابل اپنا فیصلہ نافذ کررہا ہے جسکے نتائج ہر دو امتون کیلئے ظاہر ہو رہے ہین۔ آیندہ اوراق مین میرا فلسفہ فہم۔ ہر وحی الٰہی کی روشنی مین آپکے پیش نظر ہوگا۔ کہ قرآن کے وعدون کا ظہور ہر زمانہ مین بلا کم و کاست کسطرح ہو رہا ہے۔ بشرطیکہ "انا خیر منہ" کی عینک آپ کی نظرون کو حقیقی رنگت کے نمایان کرنے مین حارج نہ ہو۔

بسلسلۂ تبلیغ و اشاعت پیام الٰہی ایک معمولی سی بات پر ہی غور کیجئے کہ توراۃ اور انجیل کا نسخہ ہر زبان مین جو کئی ہزار صفحات پر مشتمل ہوتا ہے۔ چار پانچ روپیہ مین آپ کو دستیاب ہوتا ہے۔ یا اسکے پارے چند آنون مین۔ لیکن کیا قرآن کی اشاعت بسلسلۂ تبلیغ بھی امت وسطا کے کسی گوشہ مین اس ایثار و قربانی کی مثال بتلا سکتی ہے؟ ——

[1] صدر پاکستان کرنل ایوب خان کی ایک تقریر۔ جو جلسۂ تقسیم اسناد "دار العلوم اسلامیہ ٹنڈو الہ یار" مین بتاریخ ۳ مئی ۱۹۵۹ء ہوئی تھی۔ اسمین آپ نے فرمایا تھا کہ: "اگر زندگی اور مذہب کے رشتۂ اتحاد مین کمزوری آجائے تو۔ زندگی کسی نہ کسی نہج پر چلتی ہی رہیگی۔ لیکن۔ مذہب ایک ایسا بت بن جائیگا جو ساکت و ساتت۔ بے حس و حرکت۔ مسجدون اور خانقاہون کے جیل خانون مین مقید ہو کر رہ جائیگا۔ پس یہی حال آج اسلام کا نظر آرہا ہے۔ لہذا اسلام کے احیا کی ذمہ داری علماء و فضلاء پر عاید ہوتی ہے۔ انکو بطور خاص اس جانب متوجہ ہونا چاہئے"۔ غالباً صدر پاکستان نے اس حقیقت کو نظر انداز فرمادیا کہ۔ دین الٰہی کی حقیقی خدمت کلام الٰہی کی روشنی مین کبھی بھی اس طبقہ نے نہین کی۔ البتہ وہ دین کو ٹکڑے ٹکڑے کرکے خدمت بلند و بالا طریقون پر انجام دیتا رہا ہے۔ اور آج بھی دے رہا ہے۔ البتہ آپ نے جسطرح پاکستان کی ڈوبتی کشتی کو سنبھالا دیا ہے اسی سیاست مومن کی روشنی مین امت محمدی کی مذہبی کشتی کو جو تقریباً ڈوب چکی ہے۔ علماء و فضلاء کے طوفانی تھپیڑون سے بچانے کیلئے اپنی قوت بازو سے پتوارون کو حرکت دین تو پھر وہ اچھی دنیا اور سچی انسانیت کیلئے قرآن ازم کی امن و سلامتی کی راہ پر رواں ہوسکتی ہے۔ البتہ آپ اپنے ساتھ نوجوانون کو اس مہم عظیم کیلئے آواز دیسکتے ہین جنکے جھنڈے تلے ہمیشہ نفرت و نفرت ہوا کرتی ہے۔ کہ شوہری حقیقی آزاد صدر پاکستان کے گوشگذار ہو کر قابل توجہ قرار پاجائے۔

لیکن شیطان تو اس اختلاف ہی پر اپنی کامیابی و کامرانی کو دیکھ رہا ہے۔ اور قہقہۂ مسرت لگا رہا ہے۔ پھر کس طرح ہم اپنا فرض ادا کر سکتے ہیں۔

اے حاملینِ قرآن کے مدعی نوجوانو! اٹھو! اور اپنی آزادیِ فکر کا ثبوت اس طرح دو کہ "قرآن ازم" کا جھنڈا ارب در ارب انسانیت کیلئے بلند کر دو! اور اے کوہ ہمالیہ کی آخری چوٹی پر پہونچنے کیلئے اپنی جانوں کو قربان کرنے والوں کو دیکھنے والو! انسان کی فلاح و بہبود اور اسکی منزلِ مقصود کا پتہ لگانے میں اسی طرح ہمت و استقلال سے قدم کو آگے بڑھائے چلے چلو! محض زبان سے قدم ملائے چلو۔ بڑھائے چلے! کہہ کر قدم کو ایک انچ بھی آگے نہ بڑھانا۔ بلکہ دو گز پیچھے ہٹ جانا۔ اور آخرت کی سعادتوں کے سبز باغ میں مگن رہنا۔ تعلیم یافتہ نوجوانوں کا شیوۂ حیات نہیں ہو سکتا۔

خادمِ کعبہ معظمہ کا ایک اہم فریضہ

آج حکومتِ سعودیہ خادمِ حرمین شریفین کا شرف رکھتی ہے۔ اور اسکی مادری زبان قرآنی ہے۔ کیا اس حکومت پر یہ فرض عاید نہیں ہوتا کہ وہ اپنی پہلی فرصت میں تبلیغ کے اہم فریضہ کو انجام دے۔ آج اسکے پاس ہر قسم کے خداداد مواقع موجود ہیں۔ خصوصاً ہر سال کرۂ زمین کے ہر حصۂ ملک اور قوم کے افراد حج بیت اللہ کو بلا لحاظِ فرقہ حاضر ہوتے ہیں۔ اگر وہ ہر بڑی قوم کے اعلیٰ تعلیم یافتہ وسیع النظر مفکر نوجوانوں کی ایک مجلس ریسرچ قرآنی تشکیل دے اور ہر قوم کی زبان میں مفہومِ کلام اللہ کو یکسانیت کے ساتھ شایع کرنیکا انتظام کرے تو یہ کام اسقدر آسانی سے ہو سکتا ہے کہ اسکی مثال دنیا کا کوئی مذہب پیش نہیں کر سکتا۔[1]

---

[1] صدر امریکہ آئزن ہاور نے ۲۵ اگست ۱۹۵۳ء کو کل چرچوں کی عالمی کانفرنس کو مخاطب کرتے ہوئے کہا تھا کہ: "آج امن و سلامتی کو مستقل و پائیدار بنانے کیلئے اس بات کی ضرورت شدید ہے کہ آپ دیگر مذاہب کے قائدین سے ملکر متفقہ طور پر کوئی صحیح صراط المستقیم دنیا کے سامنے پیش کریں"۔ دیکھا آپ نے! دنیا کس قدر "قرآن ازم" کی حقیقی تعلیم کی پیاسی ہے ——— کاش ایک مطبوعہ "ایک کتاب کیا کہتی ہے" دنیا کی تمام زبانوں میں ترجمہ کیجا کر شایع ہو جاتی۔ اور انسان حقیقت کی جستجو میں اس کتاب کو حاصل کرکے چیخ اٹھتا کہ "وہ کتاب قرآن ہے"۔

[2] یہ تحریر تو سلطان ابن سعود کی حیات میں لکھی گئی تھی۔ جو شایع نہ ہو سکی۔ آج جبکہ "قرآن ازم" مکمل شایع ہو رہا ہے تو کیا موجودہ حکومتِ سعودیہ کے سریر آرائے سلطنت۔ جن کی روشن خیالی اور وسعتِ قلب کی اطلاعات ہماری نظروں کے سامنے آتے رہتے ہیں۔ اس تحریک پر توجہ کرنیکی سعادتِ دارین حاصل کرنے تیار ہیں؟ کاش میرا یہ "قرآن ازم" اور میرا فکر و فہم شاہِ موصوف کی نظر سے گذر جائے۔ بلاشبہ قدرت اللہ تو ہر بات پر قادر ہے۔

شاہِ سعود نے تو یورپ کا بھی سفر کیا ہے۔ وہاں کی چرچ کی مشنریوں کی کارکردگی کا گہری نظر سے مطالعہ کیا ہوگا۔ کیا حدودِ حجاز میں انہیں نقوش پر مبلغینِ "قرآن ازم" کی جماعت تیار نہیں کیجا سکتی؟ صرف ارادہ شرط ہے۔ اور بس۔

مالی مشکلات کا حل اس قدر آسان ہے کہ عیسائی مشن اسکا مقابلہ نہین کر سکتے۔ کہ سالانہ ہر حاجی پر ایک لیغ قرآنی کا مختصر سا ٹیاکس لگا دیا جائے۔ لیکن اسکے لئے اس بات کی ضرورت ہے کہ حکومتِ سعودیہ اس فرض کی ادائی مین (یعنی اُمتِ واحدہ بنانے مین) جب اسکو تکفیر کے فتوؤن سے توڑا جائے تو اس سے اسی طرح بے پروا ہوکر اپنے فرض کو ادا کرتی رہے جب کہ وہ فتحِ حجاز کے موقع پر اصلاحات کے سلسلہ مین مستقل مزاج رہی ؎

میں بلبلِ نالاں ہوں اک اُجڑے گلستاں کا تاثیر کا سائل ہوں محتاج کو داتا دے! (اقبال)

ہے کوئی بندۂ خدا! جو اس عاجز و حقیر کی آواز کو سلطان تک پہونچا دے!۔

قرآن مسلمانون کیلئے نازل ہوا یا غیر مسلمون کے لئے؟

مین ایک دلچسپ حقیقت کو ضیافت صاحبانِ غور و فکر کیلئے پیش کرنا چاہتا ہون۔ بشرطیکہ عقل و خرد سے کام لیا جاکر حصولِ فہم کی کوشش کیجائے۔

یون تو ہر حاملِ قرآن کا قول ہے کہ۔ قرآن تمام دُنیا کے انسانون کیلئے نازل ہوا ہے۔ لیکن قول اور عمل مین تضاد ہے۔ عملاً تو یہ ظاہر ہوتا ہے کہ وہ صرف مسلمانون کیلئے نازل ہوا ہے۔ اور غیر مسلم اسکو چھو نہین سکتا۔ بلکہ خود مسلمان بھی بغیر وضو کے اسکو اُنگلی بھی نہین لگا سکتا۔ کیا قرآنِ حکیم کا منشا یہی ہے؟ ——

قرآنِ حکیم از ابتدا تا انتہا اس حقیقت نزولِ وحی کو بار بار دھراتا ہے کہ وہ اُمیون کو اہلِ کتاب بنانے آیا۔ مشرکین کو موحد بنانے نازل ہو رہا ہے۔ وہ بدکارون کو نیکوکار بنانے کی کوشش کر رہا ہے۔ وہ کافرون کو مومن اور مسلم بنانے معلمِ قرآن حکیمؐ کی زبان پر جاری کیا جا رہا ہے۔ جسکے واضح معنی و مفہوم یہ ہین کہ وہ غیر مسلمون کو مسلمان بنانے نازل ہوا تھا۔ اور آج بھی اسکا یہی مقصد و مدعا ہے۔

مسلمانون کو مسلمان بنانے کا کوئی سوال ہی قرآن حکیم کیلئے نہین۔ وہ تو ایک عظیم الشان نظریہ کا حامل ہے۔ یعنی وہ گمراہون کی راہنمائی کرنا چاہتا ہے۔ وہ دُنیا سے تقلیدِ جامد کو مٹا کر شخصیت پرستی کے بتون کو توڑ کر۔ فرقہ بندیون کی زنجیرون کو کاٹ کر۔ سب کو اُمتِ واحدہ بنا کر مقصدِ تخلیقِ انسانیت کو واضح کرنا چاہتا ہے۔ وہ دین کو تمام اقوامِ عالم کیلئے "دینِ واحدہ" قرار دیکر۔ مذاہب کے شرع و منہاج کے فتنہ و فساد کو مٹانے کیلئے آیا تھا۔ اور آج بھی وہ اسی عظیم مقصد کا حامل ہے۔ مسلمانون کو مسلمان بنانے کا کوئی سوال وحیِ الٰہی کے زاید از چھ ہزار آیتون مین نظر نہین آتا۔ بلکہ ہر مذہب کے چند مسلم افراد اپنی مقدس کتاب کی تعلیم کی روح سے آشنا ہوکر عزلت گزینی مین زندگی گذارتے تھے۔ یا ہر زمانہ مین گذر رہے ہین۔ انکے متعلق قرآن حکیم کہتا ہے کہ۔ ان لوگون سے کوئی تعرض نہ کرو۔ انکو انکے حال پر چھوڑ دو۔ کیونکہ وہ مومن مسلم اور متقی ہین۔ البتہ جو گمراہ ہین۔ اور مغضوب ہین۔ ضلالت مین مبتلا ہین۔ حقوقِ انسانیت کے کافر ہین۔ اندھی تقلید کے غلام ہین۔ انکو قرآن کی نصیحتون سے آگاہ کرتے رہو۔ انکے گوشگذار کرو۔ انکی نظرون کے سامنے پیش کرکے دعوتِ غور و فکر سوجھ بوجھ دیتے جاؤ —— (دیکھو آلِ عمران آیات ۱۰۹ و ۱۱۳ و ۱۱۴۔ اور المائدہ ۵۹ و ۶۶)۔

وہ اعلان کر رہا ہے کہ کرۂ زمین کے ہر زمانہ کے انسانون کیلئے یہ ایسا قابلِ عمل دستورِ حیات ہے جس پر عمل کرکے (۹۹) فیصد صاحبِ فکر انسان مومن اور مسلم بنکر حاملِ قرآن ہو سکتا ہے۔

لیکن۔ دیکھا آپ نے اس حقیقتِ کبریٰ کو کسطرح اُلٹ دیا گیا!۔۔۔

ایک چیستان

حکیم نے کے لئے یہ دستورِ حیات نازل ہوا تھا۔ انکے لئے اس کتاب کو ہاتھ سے چھونے کی بھی اجازت اجارہ داران قرآن دینا نہین چاہتے۔ اور پھر اس دستورِ حیات کو سُنتِ اللہ کے تحت انکی مادری زبان مین انکے گوشگذار کرنے کی صلاحیت بھی نہین رکھتے۔ اسکے بعد حاملین قرآن کا یہ عقیدہ و ایمان کہ۔ سوائے اُمتِ محمدی۔ اور

حاملینِ قرآن کے ارب در ارب انسان جو کرۂ زمین پر ہر زمانہ مین پیدا ہوتے اور مرتے ہین۔ یہ سب ہی دوزخ کا ایندھن ہین۔

"ایں طرفہ تماشا ہیں ناکردہ گناہ مگارے"

دیکھو آپ نے حاملینِ قرآن اُمتِ محمدی خیرالامم اُمتِ وسطا اور اجارہ دارانِ راحت و آرام دائمی آخرت کا فہم و فکرِ قرآنی!۔

کیا فرق ہے آج ہندو۔ عیسائی۔ پارسی۔ اور مسلمانون مین؟۔ یہ سب بھی اپنے آبائی مذہب کے ماحول مین نشو و نما پاکر ہندو۔ عیسائی وغیرہ کہلاتے ہین۔ اسی طرح مسلمان بھی ہین۔ وہ بھی اپنے آبائی مذہب کے مقابل اپنی جان کو قربان کر دینا اپنا فرضِ مذہبی سمجھتے ہین۔ اور ہم مسلمان بھی۔ وہ بھی تقلیدِ جامد کی غلامی مین گرفتار رہ کر آزادیِ فکر کے میدان مین قدم رکھنے سے گریز کرتے ہین اور ہم بھی۔ پھر انھون نے بھی اپنی پیدائش کیلئے کوئی درخواست خالقِ تعالیٰ کے پاس نہین پیش کی تھی کہ۔ ہم کو فلاں مذہب کے مان باپ کے گھر پیدا کر دے۔ اور نہ ہم نے ایسی کوئی درخواست پیش کی تھی۔ تو بتلائے کہ سب ناری اور ہم ناجی کا وہ نعرہ جو تمام مذاہبِ عالم نزولِ قرآن حکیم کے وقت لگا رہے تھے آج وہی نعرہ ہمارا بھی ہے یا نہین۔ ہان۔ اس قدر ضرور ہوا کہ اس وقت حاملینِ قرآن کی جو کمی اس قسم کا نعرہ لگانے والون مین تھی اور آج وہ پوری ہو گئی۔ اسطرح شیطان اپنی کامیابی پر خندہ زن اور مسرت سے پھولون نہین سما رہا ہے۔

کیا ان کھلی حقیقتون کے بعد بھی انسانون کا نوجوان اعلیٰ تعلیم یافتہ انسان اس دستورِ حیات پر غور و فکر کرنے کیلئے تیار ہے؟۔ اس سلسلہ مین میرا فکر "قرآن ازم" عالمگیر کیون ہے؟ اور سلسلۂ نزولِ وحی مین میرا فہم و فکر شاید آپ کی تشنگی کو بجھا دے۔

لذتِ صوت یعنی خوش الحانی سے تلاوتِ قرآن۔

یہ کیسی عجیب بات ہے کہ ایک طرف تو حاملینِ قرآن حکیم اسلام مین گانے کو۔ اور گانا سننے کو حرام قرار دیتے ہین۔ اور دوسری طرف تجوید کے قواعد اور اسکے ساتھ (۷) قراءت کو بھی مانتے ہین۔ جسکا نتیجہ یہ ہے کہ بجائے آیاتِ اللہ مین فکر و غور کے لحنِ داودی مین اس کا پڑھنا سننا سنانا داخلِ ثواب قرار دیا جاتا ہے۔ شاہ ولی اللہ نے سچ کہا تھا کہ:۔ "جب سے تجوید کا علم جاری ہوا ہے۔ خشوع کے ساتھ تلاوتِ قرآنِ مجید سے محرومی ہو گئی۔" (دیکھو فوز الکبیر صفحہ ۲۲)۔

لذتِ صوت قرآنی کی حقیقت پر آپ غور کیجئے گا شاہ صاحبؒ کے نظریات کے تحت معلوم ہوگا کہ:۔

"قرآنِ حکیم جس طرزِ بیان کو لئے ہوئے نازل ہوا ہے اسمین فطرتِ انسانی کے تصورات کی کشش ضرور ہے جو اسکی قافیہ بندی اور آواز کا اُتار چڑھاؤ سامع کے دل و دماغ کو مسخر کر لیتا ہے۔ جس سے ایک خاص کیفیت لذتِ صوت محسوس ہوتی ہے[1] جب اسکے معنی اور مطالب بھی ساتھ ساتھ ذہن نشین ہوتے جائین تو کیفیت لذتِ صوت دہ چند ہو جاتی ہے۔ جسکے بعد وہ کلام دل پر نقش ہو جاتا ہے اور زبان پر رواں۔

---

[1] آواز کا اُتار چڑھاؤ۔ کیا آپ جانتے ہین گانے کی حقیقت کیا ہے؟ یہی آواز کا اُتار چڑھاؤ۔ کیا آپ کو معلوم ہے کہ موسیقی مین مزامیر کی روح کیا ہے؟ یہی آواز کا اُتار چڑھاؤ۔ اسی کو غیر مسلم گانا کہتے ہین۔ اور مسلمان تجوید، لحنِ داودی، یا قراءت۔ اگر آپ مزید غور و فکر سے حقیقت معلوم کرنا چاہتے ہین تو تجوید کے قواعد اور گانے بجانے کے قواعد کے فنی تحریرات کا تجزیہ کیجئے معلوم ہوگا کہ ہر دو کی نوعیت ایک ہی ہے۔ مگر اُمتِ محمدی مین سرود و مزامیر کو ایک جماعت حرامِ مطلق کہتی ہے اور دوسری جماعت اس کو عینِ عبادت و سعادت۔ اس خصوص مین میرا فکر سورۂ رحمٰن مین آپ کی تشفی کیلئے تفصیل سے مل جائیگا۔

علامہ مودودی نے بھی "تفہیم القرآن" کے مقدمہ مین لذتِ صوت قرآنی کی طرف اشارہ کیا ہے۔

جب یہ صورتِ حال پیدا ہو جاتی ہے تو احکام پر عمل پیرا ہونے میں ذرا بھی دیر نہیں لگتی۔ بلکہ دیوانہ وار عمل کیطرف قدم بڑھتا چلا جاتا ہے"۔

آپ ان اصولی نظریات پر غور کرینگے تو آسانی سے معلوم ہوگا کہ عرب کے اُمیّون کے قلوب تلاوتِ قرآن کے مفہوم سے منور ہو رہے تھے۔ قرآنِ حکیم کے آیات بچہ بچہ کی زبان پر رواں تھے۔ ہر قدم پر مفہوم و منشاء وحی پیشِ نظر تھا۔ جب کبھی کوئی وحی پڑھی جاتی تو سامعین کے تصوراتِ حصولِ انعاماتِ الٰہی آنکھوں سے مسرت کے آنسوؤں کو رواں کر دیتے۔ اور کبھی نتائجِ نافرمانی کا خوف ان کو لرزہ براندام کر دیتا۔

لیکن آپ کو قرونِ اولیٰ میں کوئی ضعیف سے ضعیف روایت بھی ایسی نہ ملے گی کہ جس میں کسی صحابیؓ نے قرآنِ حکیم کو سُن کر۔ یا پڑھتے ہوئے رقص کیا ہو۔ جیسے کہ آج حاملین قرآن حکیم پر قوالی وغیرہ میں کیفیت طاری ہو جاتی ہے ـــــ البتہ تاریخ پس منظر اسلام پر نظر ڈالنے سے پتہ چلتا ہے کہ کفارِ مکہ پر ظنّی و ذہنی عقاید کے سلسلہ میں فرشتہ۔ یا روح۔ یا کسی دیو کے حلول کرنے سے ایسی کیفیت ہو جایا کرتی تھی۔ جیسا کہ آج کل بھی ہم کو آسیب زدہ اور دیولوں کی پوجا پاٹ کے وقت پست طبقہ کی عورتوں پر ایسی کیفیت طاری نظر آتی ہے جس کو ہندی میں "آنگ بھرنا" کہا جاتا ہے۔

ایک بات اور بھی غور طلب ہے کہ۔ کیا آپ نے کسی عالم۔ فاضل۔ مشائخ۔ یا پیر کو تلاوتِ قرآن کے موقع پر عالمِ بے خودی میں مست و مدہوش بھی دیکھا ہے؟۔ برخلاف اسکے شعراء کے کلام پر نہ صرف صاحبانِ طریقت و معرفت کو بلکہ ایک جاہلِ مطلق کو جو شعر کے ایک لفظ کا مطلب بھی نہیں سمجھ سکتا وجد طاری ہو جاتا ہے۔ جب آپ اس کی حقیقت پر غور کریں گے تو معلوم ہوگا کہ خوش الحانی ہماری سماعت پر ایک کیفیت طاری کر دیتی ہے۔ نہ صرف انسان بلکہ حیوان بھی اُس سے متاثر ہو جاتا ہے اگر شعر کا مطلب و مفہوم ذہن نشین ہو جائے تو نہ صرف شعر از بر ہو جاتا ہے بلکہ وجدانی کیفیت بھی دو آتشہ بن جاتی ہے۔ جس کا مزید ثبوت آپ کو اس طرح مل سکتا ہے کہ آپ سورۂ فاتحہ کو ہر جمعہ میں اپنے امام سے سُنتے ہیں۔ آپ کبھی جھومتے نہیں۔ لیکن حسنِ اتفاق سے کوئی خوش الحان خطیب آپ کا امام بن جائے تو پھر تمام مقتدیوں پر ایک خاص کیفیت طاری ہو جاتی ہے۔ اب بات یہ ہوئی کہ محض خوش الحانی نے ایک کیفیت پیدا کر دی۔ اور بس ـــــ

میرا فکر تو یہ ہے کہ قرآن حکیم کو خوش الحانی سے کوئی دُور کا واسطہ نہیں۔ کیونکہ تاریخ شعورِ انسانی سے آج تک کوئی کتابِ حکمت کسی معلم نے گا گا کر سُنانے ہوئے حکمت نہیں سکھائی۔ تو پھر قرآنِ حکیم کا منشاء اپنی تلاوت میں لذتِ صوت کے کیا معنیٰ رکھتا ہے؟۔ البتہ وہ لذتِ فکر و فہم حاصل کرنے کی دعوت دیتا ہے ـــــ

احترامِ قرآن مجید اسی سلسلہ میں احترام و عظمتِ قرآن کا مفہوم بھی قابلِ فکر ہے۔ اگر ہم کسی صاحبِ اقتدار کے حکم سے سرتابی کریں۔ یا کسی نصیحت کو یاد رہوا سمجھیں۔ اور اسکے منشاء کے خلاف ہر مرتبہ ہمارا عمل نمایاں رہے۔ لیکن حکم کو بصورتِ تحریر۔ ایک قیمتی مجلد میں لکھکر ہمیشہ سر آنکھوں پر رکھا کریں تو کیا یہ اُس کلام کا احترام ہے؟۔ برخلاف اسکے اگر ہم اس شخص کے کلام کو وقتِ ضرورت پڑھیں۔ اور جس قدر پڑھا ہے اس پر قولاً و فعلاً عمل کرنے کی سعی میں لگ جائیں تو حقیقت میں اُسکے احترام و عظمت کا تصور صحیح ہو سکتا ہے۔ چنانچہ اصحابِ رسول اللہ صلعم نے کبھی بھی مثل بنی اسرائیل۔ یہودی۔ اور نصاریٰ کے قرآن حکیم کا چوم چاٹ کر احترام نہیں کیا۔ نہ وہاں قرآن حکیم کیلئے جزدان تھے اور نہ مرصع رحل۔ اور نہ چاندی سونے کے صندوق۔ لیکن تعمیلِ احکامِ قرآنی کا احترام ہر آن اور ہر لحظہ ہو رہا تھا۔ لیکن جب سے حاملینِ توراۃ اور انجیل کی طرح ہم نے قرآنِ حکیم کا تصور اپنے ذہن میں پیدا کر لیا تو اسکی بے حرمتی کا آغاز ہو گیا ـــــ اب تو وہ صرف حصولِ ثواب یا ایصالِ ثواب۔ یا غیر مرئی قوتوں۔ یعنی موکلین اور فرشتوں کو

مطیع کرنے۔ یا امراضِ جسمانی کو دفع کرنے۔ یا آسیب کو دُور کرنے کے نقوش کے کام کیلئے رہ گیا ہے ـــ بلکہ اس کی ہر سورۃ اور ہر آیت کے تابع ایک موکل۔ جنات۔ یا فرشتہ ـــ مقرر سمجھا جاتا ہے۔ یا پھر وہ آوراد۔ اور وظایف حصولِ مقصد۔ خوش حال زندگی کیلئے مختلف سمجھا جانے لگا ـــ مختصر یہ کہ وہ ایک طلسماتی بیاض کی صورت مین ہمارے ظنی و ذہنی ـــ تصورات کا ایک "معبود" ہے ـــ اور بس ـــ

خلاصہ دعوت فکر و فہم قرآنِ حکیم

گزشتہ اوراق مین جو کچھ مین نے اپنا ذاتی فکر لکھا ہے۔ اسکا خلاصہ یہ ہے کہ ـــ قرآن حکیم کی تلاوت ثواب کی حقیقت کو ہم غلط سمجھ رہے ہین ـــ دراصل اسکی تلاوت کا منشاء و مقصد یہ ہے کہ ـــ ہم اسکے نصائح سے۔ اور اُن مثالون۔ اور تاریخی واقعات سے کوئی سبق اپنے غور و فکر کی حد تک حاصل کرکے اپنی زندگی کو سنوار لین اور اچھی دُنیا۔ سچی انسانیت پیدا کرلین۔ اسکے لئے اس بات کی ضرورت ہے کہ ہم ایسے دستورِ حیات کو اپنی مادری زبان مین بصورت ترجمہ پڑھین۔ اور ترجمہ سے مفہوم حاصل کرین ـــ پھر اسکی روشنی مین اپنی عملی زندگی کا راستہ معین کرلین ـــ بس یہ ہے ثواب "مطالعۂ قرآن حکیم" اگر یہ مقصد حاصل نہین ہو رہا ہے تو ہر ساعت ایک ختم قرآن عمر بھر پڑھا کرین تو رتی برابر بھی ثواب یعنی فایدہ حاصل نہین ہو سکتا۔

ایک بات کو ذہن مین جگہ دیجئے کہ (۱۱۴) سورتون کی تلاوت۔ اور رات دن اسکے فکر و فہم مین استغراق ـــ کاروبارِ معیشت کو ترک کرکے ـــ ایک مہمل اور بے معنیٰ بات ہے ـــ قرآن حکیم اپنی ہر سورۃ ـــ بلکہ ہر رکوع کو قرآن کہتا ہے۔ اگر آپ کسی ایک جامع سورۃ ہی کو غور و فکر سے عمر بھر پڑھتے رہین تو بلاشبہ قرآن حکیم کی مکمل تعلیم آپکے پیش نظر آجائیگی ـــ کیونکہ قرآن کا اساس یہ ہے کہ ـــ پڑھو ـــ سمجھو ـــ اور کرو ـــ کیا کرو؟ ـــ ایسی زندگی اختیار کرو کہ جس سے انفرادی اور اجتماعی انسانیت نمایان ہو جائے اور منشاءِ تخلیق پورا ہو ـــ وہ کس طرح؟ ـــ اس طرح کہ ـــ تمہاری دُنیاوی زندگی اچھی سے اچھی ہو جائے جو دوسرون کیلئے قابلِ تقلید ہو ـــ یعنی تمہارا تمدن ـــ اور معاشرت ـــ تمہارے قول و فعل کی یکسانیت جس مین سوائے سچائی کے دھوکہ۔ فریب نہ ہو ـــ جسکے بعد تم کو قانونِ قدرت کے تحت ـــ تمام انعاماتِ الٰہی ـــ ارضی و سماوی حاصل ہو جائین گے ـــ لیکن اسکے لئے تم کو تقلیدِ جامد سے نکل کر آزادیِ فکر و عمل کی فضاؤن مین قدم جمائے رہنا لازمی ہے ـــ اور قانونِ مکافات پر تمہاری نظر ہر آن اور ہر لحظہ رہے ـــ

پس انہین بنیادون پر قرآن حکیم کی زاید از چھ ہزار آیتین نُزول رہی ہین ـــ جس کو (۲۳) سال تک وہ معلمِ قرآن حکیم کو بتلایا جاتا رہا۔ اور اس حکیم اُمت صلعم نے اپنے ارد گرد کے مصدقین کو (۲۳) سال تک بتدریج یہ نصاب سمجھایا[1] اس حقیقت کو سامنے رکھکر ذرا آپ غور کیجئے کہ (۳۰) دن مین قرآن کے (۳۰) ٹکڑے پڑھ لینے ـــ اور وہ بھی بلا غور و فکر رٹ لینے ـــ یا ایک شب مین قرآن حکیم کا ختم کرکے اپنے کو مستحقِ ثواب قرار دینے کا تصور کس قدر مضحکہ انگیز ہے ـــ

---

[1] ـ نزول وحیِ قرآنی کا زمانہ (۲۰) سال کا رہا ـــ (کیونکہ (۲۳) سال مین پہلی وحی کے بعد (۳) سال فترۃ الوحی کا زمانہ بغیر وحی کے گذرا) اگر حساب کیا جائے تو نزولِ وحی کا اوسط فی آیت (۲۶) گھنٹے (۷) منٹ اور فی سورۃ (۲۴) دن ـــ قرار پاتا ہے ـــ اب ہمارے تلاوت کے ثواب اور نزولِ وحی کے ثواب پر غور کیجئے ـــ

میرا یقین یہ ہے کہ اگر کوئی تعلیم یافتہ انسان[1] قرآن حکیم کا ترجمہ اپنی مادری زبان میں ہفتہ میں ایک مرتبہ صرف ایک صفحہ پڑھ کر ایک دو گھنٹے اس ذکر یعنی نصیحت پر غور و فکر کر کے اپنی عقل کے لحاظ سے تعلیم حاصل کر رہا ہے تو اسکا ثواب اُس قاریِ قرآن کے مقابل ہزار گونہ بڑھا ہوا ہے۔ جو پچاس سال سے روزانہ صبح اور شام ایک ایک سالم قرآن کو رٹنے کا عادی ہے۔

آپ اس روایت پر غور کیجئے کہ جب سورۂ روم کی وحی نازل ہوئی تو غُلِبَتِ الرُّوم۔ یفرح المومنون بنصر اللہ کے دو جملے حضرت عمرؓ کیلئے مہینوں مرکزِ غور و فکر رہے۔ یا عبد اللہ بن عمرؓ سورۃ البقرہ کو آٹھ سال تک پڑھتے رہے۔ اسکے بعد کیا آپ تلاوتِ کلام الٰہی کے مقصد کو بھی کبھی پیشِ نظر لائیں گے؟

شیخ سعدیؒ نے کہا تھا ؎

گر تو قرآں بریں نمط خوانی بہ بر د رونقِ مسلمانی

تو ہم نے اسکا مقصد یہ لیا کہ قرآن کو اسطرح قراءت سے پڑھو کہ صرف کیفِ سماعت سے ہم مسحور ہو جائیں۔ گویا یہ ایک موسیقی کے بول ہیں۔ غور کیجئے کہ جب ہم نے قرآنِ حکیم کی معنوی تحریف سے احتراز نہیں کیا تو بھلا شیخ سعدیؒ کا کلام کس شمار و قطار میں۔ میرا فکر اس شعر کے متعلق تو یہ ہے کہ۔ اگر قرآن کو یہود اور نصاریٰ کے طور طریق پر رٹ لیا جائے اور فکر و فہم کا اس میں کوئی دخل نہ ہو تو اس طریقہ کی تلاوت بلاشبہ تیرے مقصدِ حیات کو برباد کر دینے والی ہوگی۔

میرے زیرِ مطالعہ تراجمِ قرآن

جو

سلسلۂ نزولِ وحی کے ترتیب کا ماخذ ہیں

(۱) ترجمہ فارسی شیخ سعدیؒ (۲) ترجمہ فارسی حضرت شاہ ولی اللہؒ (۳) ترجمہ ہندی شاہ عبد القادرؒ (۴) ترجمہ اُردو نذیر احمد صاحب مرحوم (۵) ترجمان القرآن، محمد علی صاحب لاہوری (۶) ترجمہ محمود الحسن صاحب شیخ الہند (۷) ترجمان القرآن، علامہ ابو الکلام آزاد (۸) ترجمہ اُردو، فتح محمد خانصاحب جالندھری[2]

متذکرۂ بالا ترجموں میں جو ترجمہ حصولِ فہم کے لئے مجھکو آسان معلوم ہوا اسکو میں نے لے لیا۔ یا اس آیت کے مفہوم کو لکھدیا۔ کیوں؟ اسلئے کہ اگر آپ اس بات پر غور و فکر کریں کہ قرآن حکیم "خطاب" ہے۔ یا "مضمون"! تو معلوم ہوگا کہ۔ قرآن حکیم از آغاز تا اختتام "خطاب" ہی "خطاب" تھا۔ اور آج بھی ہے۔ نہ کہ "مضمون"۔ ظاہر ہے کہ تقریر اور

---

[1] میں ہر اس شخص کو تعلیم یافتہ کہتا ہوں جو اپنی مادری زبان میں دُنیاوی کاروبار کی سوجھ سمجھ رکھکر اپنے نفع و نقصان کا اندازہ صحیح طور پر کر لیتا ہے۔ جب وہ اپنے دُنیاوی معاملات کے نفع و نقصان کو سمجھ سکتا ہے تو پھر اچھی دُنیا اور سچی انسانیت کے واضح نظریات اسکے سوجھ بوجھ سے اوجھل نہیں رہ سکتے۔ وہ پڑھکر۔ اور سُنکر۔ اپنے فکر سے کام لے سکتا ہے۔ اور نتائج نیک و بدکی تمیز کر کے صراطِ مستقیم پر چل سکتا ہے۔ چونکہ نزولِ قرآن کے وقت مخاطبین میں فی ہزار ایک بھی لکھا پڑھا نہ تھا۔ لیکن سب نے قرآن حکیم کو سُنکر ہی فہم حاصل کیا۔ سمجھا۔ اور عمل کیا تھا۔ تو آج ایسا کیوں نہیں ہو سکتا۔

[2] (۷۰) وین مکی وحی سے علامہ مودودی کا "تفہیم القرآن" ستمبر ۱۹۵۹ء سے میرے زیرِ مطالعہ آگیا ہے۔ یعنی سورۂ زُمر سے۔

تحریر مین بڑا فرق ہوتا ہے۔ خطاب مین خطیب کے مخاطبین۔ اُنکے فہم و ادراک کے لحاظ سے ہی مخاطب کئے جاتے ہین۔ جسکے بعد سُننے والے اشارات۔ محاورات و کنایات سے سب کچھ سمجھ لیتے ہین۔ اور مثالون کو واضح طور پر بیان کرنیکے بجائے اجمالاً ذکر کردینا کسی تاریخی حقیقت کیلئے کافی ہوتا ہے۔ اور بعض طنزیہ فقرہ مجمع میں بعض افراد کیلئے تازیانۂ عبرت بن جاتا ہے۔ بہر حال خطاب تو سب ہی کے سمجھ کی بات ہوتی ہے۔ اور یہی شانِ خطابت ہے[1]۔ اگر کسی خطیب کی تقریر کو کوئی شارٹ ہینڈ مین دعن قلمبند کرکے۔ بعد تصدیقِ مقرر شائع کرادے تو اس تحریر کے پڑھنے والون کیلئے نہ تو وہ لطف آئیگا جو خطابت مین آیا تھا۔ اور نہ تحریر مین وہ شانِ خطابت نمایان ہوگی۔ بلکہ بعض جملون کا مفہوم محتاجِ توضیحات ہوگا۔ اگر اسی خطبہ کو بر زبان یاد کرکے دہرایا جائے۔ جب بھی حاضرین مجلس کے بدل جانیکی وجہ خطاب مبہم ہی رہیگا۔ چنانچہ آپ اس حقیقت کو فی زمانہ عام جلسون مین خطبۂ صدارت یا تقاریر کے وقت محسوس کرسکتے ہین۔ اور وہان سے ہٹ کر وہی تقاریر و خطبات جب اخبارات مین آتے ہین اور اس مجلس کے باہر والے اسکو پڑھتے ہین تو ان کے مختلف الرائے ہوتے ہیں آپ نے اکثر حیرت و استعجاب ظاہر کیا ہوگا۔ اگر اس کلیہ کو پیشِ نظر رکھکر قرآن کے ترجمون کو پڑھا جائے تو وہ آسانی سے فہم مین آسکتے ہین۔ لیکن بجائے تحت اللفظی ترجمہ کے قرآن کا مفہوم بطور ترجمانی بیان کیا جاتا تو وہ زیادہ دلنشین ہوتا۔ غالباً اسی نظریہ کے تحت سب سے پہلے علامہ ابو الکلام آزاد نے "ترجمان القرآن" کو لکھا۔ اور اردو دانون کیلئے فہم قرآن حکیم کا ایک دروازہ کھول دیا[2]۔ پس مین نے بھی ترجمہ کے بجائے مفہوم کو ان عام فہم الفاظ مین لکھنے کی کوشش کی ہے۔ خداوند تعالیٰ سے دعا ہے کہ وہ میرے ارادہ مین استقامت عطا فرماکر میرے اس فکر و فہم کو منشاء قرآن حکیم سے قریب سے قریب تر اور عام فہم بنادے۔ آمین ثم آمین[3]۔

میرے نوٹ ہر آیت یا سورۃ یا رکوع کے متعلق جو کچھ ہین وہ زمانۂ نزول کے ماحول اور مخاطبین کے پیشِ نظر اسی ماحول کی روشنی مین ہین[4]۔

---

[1]۔ میرے اس فکر کی تائید کیلئے دیکھئے "تفہیم القرآن" کا مقدمہ صفحہ ۲۴ و ۲۵۔

[2]۔ کاش۔ علامہ آزاد ما بقی دو حصص "ترجمان القرآن" کی اشاعت فرمادیتے۔ اور ہر چہار حصص کی اشاعت کیلئے کوئی ٹرسٹ کی اپیل مسلمانانِ ہند سے کرکے معمولی قیمت پر اس تعلیم کو دنیا کے انسانون تک پہنچانے کی سعی فرماتے۔ مین سمجھتا ہون کہ سیاسیات کی مصروفیات مین "ترجمان القرآن" کا مقام بھارت مین بہت بلند ہوگا کیونکہ "سکولرزم حکومت" کیلئے قرآن حکیم سے بہتر دستور الٰہی اور کوئی نہین ہوسکتا۔ بشرطیکہ بھارت کی قوم بلا لحاظ مذہب و ملت ترجمان القرآن کو بلا تعصب مطالعہ کرے۔ (۱۹۴۵ء)

[3]۔ اس کتاب کے طبع ثانی کے موقع پر مجھ کو اس حقیقت کے اظہار کی مسرت ہے کہ علامہ مودودی کا "تفہیم القرآن" اس فرض کو بڑی حد تک پورا کر رہا ہے۔ اور میرے فکر متذکرۂ صدر کی کما حقہٗ تائید بھی کرتا ہے۔ ملاحظہ ہو "تفہیم القرآن" جلد اول کا مقدمہ۔

[4]۔ میرے مطالعۂ قرآنی کا زمانہ اس طرح گزرا ہے کہ کفر و شرک اور وجودِ ذات باری تعالیٰ اور رسول و نبی و ولیا اللہ بہر حال ہر ایک کے متعلق کوئی پہلو ایسا نہین تھا جو میرے لئے انکار کا نہ رہا ہو۔ لیکن بالآخر غور و فکر و تفہیم حقیقت کا پتہ چلانے کے بعد مجھ کو سرِ تسلیم خم کرنا پڑا۔ بمصداق ؎

"کافر نتوانی شد۔ ناچار مسلماں شو"

ان تاریخی واقعات کا ماخذ تمدنِ عرب اور پس منظر اسلام سیرۃ قرآنیہ محمد صلعم۔ مولفہ علامہ محمد اجمل خان ایم۔ اے ہے۔ کیونکہ جناب خانصاحب موصوف نے اپنے تین سالہ ریسرچ کے بعد اسکو شایع کیا۔ اور علامہ عبید اللہ سندھیؒ کے فیضِ صحبت سے بھی آپ نے کما حقہٗ استفادہ کیا ہے۔ میرا خیال ہے کہ محمد اجمل خانصاحب کا ریسرچ ایک نئے انداز پر ہوا ہے۔ جس کو صحیح معنی مین "قرآن کی تلاش۔ قرآن ہی مین" کہنا بے جا نہ ہوگا۔ وہ محض روایات ہی مین بہتے نظر نہین آتے۔ بلکہ نزولِ وحی کو قرآن حکیم کے اندر ہی تلاش کرتے ہین ـــــ پھر اس کو سیرت محمد صلعم کی روشنی مین کافی جانچ کرتے ہین۔ جس مین وہ زمانۂ تبلیغ کے ماحول اور رسالت مآب کے طرزِ تعلیم اسلام سے اپنی نظر کو ہٹنے نہین دیتے ـــ یہ ہے ان کے ترتیب نزول قرآن مجید کے تحقیق کا طریقہ[1]

علامہ محمد اجمل خان کی تحقیق کو دیکھ کر ایسا معلوم ہوتا ہے کہ وہ امام احمد بن حنبلؒ کے نقش قدم پر اجتہاد کے اصول مقرر کرکے اپنی خداداد قوتِ غور و فکر سے آگے بڑھتے چلے گئے ہین۔ اور تقلیدِ جامد کی انھون نے یکسر نفی کردی ـــ کیونکہ یہ رنگ نہ صرف حضرت امام حنبلؒ کا تھا۔ بلکہ یہی طریقہ امام بخاریؒ و امام اعظمؒ نے اختیار کیا تھا[2] میرے اس خیال کی تائید مین شارح حکمت ولی اللہی[3] حضرت علامہ عبید اللہ سندھی کی رائے کا اقتباس بطور سند کے پیش کردینا ضروری معلوم ہوتا ہے۔

اقتباس رائے متعلق ترتیب نزول قرآن مجید

قرآن عظیم کی ہر سورۃ کے متعلق مفسرین کے پاس روایتین موجود ہین کہ وہ مکّہ مین نازل ہوئین یا مدینہ مین ـــ لیکن متعدد سورتون کے متعلق روایتین اس قدر مختلف ہین کہ جن کی تطبیق و ترجیح بآسانی ممکن نہین بعض احکام کی تاریخ ان روایتون کو تغلیط کرتی ہے ـــ محقق مفسرین اپنے مسلمہ نظریہ کی مدد سے ان روایتون کی خلاف ورزی کرتے رہے ہین اسلئے یہ روایتی سلسلہ ناقابلِ اطمینان ہوگیا[4] مولانا محمد اجمل خان با تقابہ کا ان مفسرین پر ہمیشہ احسان رہے گا۔ کیونکہ انھون نے قرآن کی اندرونی شہادت کی مدد سے مکی سورتون کے معین کرنیکا راستہ کھولدیا ہے۔ اور روایات کے اختلاف سے جو اغلاق پیدا ہوا تھا۔ اسکو دُور کرنیکی پوری کامیابی سے کوشش کی ہے۔

مولانا اجمل خان نوجوان مسلمانون کیلئے قابلِ تقلید نمونہ ہین ـــ وہ گیتا کا ترجمہ کرتے ہین۔ وہ قرآن کے

---

[1] ترتیب نزول قرآن مجید (مولفہ علامہ محمد اجمل خان --- ایم۔ اے مطبوعہ کتب خانہ عزیزیہ اُردو بازار دہلی)۔ یہ مقالہ اخبار مدینہ مین مسلسل شائع ہوتا رہا۔ جسکو لاکھون مسلمانون نے پڑھا۔ اور ہزارون نے بصورتِ رسالہ اُس کے اشاعت کی خواہش کی۔ جسکی وجہ سنہ ۱۹۴۱ء مین یہ کتاب شایع ہوئی جسکو صاحبانِ علم نے بنظرِ استحسان پڑھا لیکن آج تک اس تحقیق پر کسی کا اعتراض میری نظر سے نہین گزرا۔ بلکہ علامہ عبید اللہ سندھی نے اسکو سراہا ہے۔ اور اجمل خان صاحب کے نام کے ساتھ "مولانا" کا لفظ استعمال کیا ہے۔ اسلئے مین بھی انکے نام کے ساتھ لفظ "علامہ" لکھتا ہون۔

[2] ترتیب نزول قرآن مجید کے اصول صفحہ (۴۵) پر ملاحظہ ہون۔

[3] علامہ عبید اللہ نے حضرت شاہ ولی اللہؒ کے فلسفۂ حکمت قرآنی کو نظرِ تعمق سے دیکھا۔ اور اسکو دُنیائے اسلام کے سامنے پیش کیا۔ اور دُنیائے اسلام کو اس سے روشناس کرانیکے لئے انتہا تکالیف برداشت کین یہان تک کہ اپنی زندگی ختم کردی۔ اس صلہ مین بعض علمائے اسلام نے آپ کو شارح حکمت ولی اللہی کا خطاب دیا۔

[4] رسائل فوز الکبیر اور حجۃ اللہ البالغہ مین حضرت شاہ ولی اللہؒ سے عام مفسرین کی بعید از قیاس (باقی صفحہ ۳۸ پر)

احکام مین طبعی نظام پیدا کرنیکے لئے جد و جہد مین مصروف ہین ۔ اسی طرح وہ ہندوستان کے مسلمانون کیلئے نیا پروگرام معین کرنیکی صلاحیت پیدا کر رہے ہین ۔ خدا کرے کہ ہمارا نوجوان ۔ جو بے انتہا قوتِ عمل کا مالک ہے شعر و شاعری سے بچکر اسلامی پروگرام سوچنے مین مصروف ہو جائے ۔ چونکہ اسکا نصب العین دھندلا ہے ۔ وہ اسلامیت اور ہندوستانیت مین تطبیق نہین دے سکتا اس گرد و غبار کو قرآنی نظریات ہی سے صاف کرنا ہوگا ۔ جیسے کہ مولانا اجمل خان نے اس کام کا آغاز کیا ہے[1]

اگر جامعہ ملیہ قرآنی تحقیقات کیلئے فیکلٹی (FACULTY) قائم کرے تو مین اسکے سامنے شہادت دینے تیار ہون کہ مولانا اجمل خان کو ڈاکٹر مان لیا جائے ۔

اب آیندہ اوراق مین موجودہ قرآن حکیم کے جمع و ترتیب کے متعلق تاریخی واقعات سے روشنی ڈالی جائے گی ۔ تاکہ میرے مرتبہ چارٹ کے لحاظ سے قرآنی سورتون کو ترتیب نزولِ وحی سے مطالعہ و غور و فکر مین آسانی ہو جائے ۔

ذٰلِكَ الْكِتَابُ لَا رَيْبَ فِيهِ

"اس کتاب کے قانون الٰہی ہونے مین ذرا بھی شک و شبہ نہین"

یون تو ہر حاملِ کتاب اپنی مقدس کتاب کو پیغامبرِ خدا کیطرف بلا کسی تحریف و تغیر کے منسوب کرتے ہوئے اس کے ہزارون سال سے محفوظ ہونیکا یقینِ کامل رکھتا ہے ۔ لیکن دوسرے مذاہب کے پیرو اُسکے تغیرات کو بڑی تحقیق و تدقیق سے جانچ کر اپنے زورِ کلام سے اُس پر نکتہ چینی کرنیکی کوشش مین سرگردان رہتے ہین ۔

جب کسی مذہب کی کتابِ مقدس کے متعلق کوئی غیر مذہب باوجود سخت تعصباتِ ذہنی کے اپنی ممکنہ تحقیق کے بعد اسکو مستند مان لینے پر مجبور ہو جائے تو میرے خیال مین اس سے بڑھ کر کوئی ثبوت اس کتاب کے اصلی ہونیکا نہین ہو سکتا ۔

قرآن کے غیر مسلم مصدق

نظریہ بالا کو سامنے رکھکر جب ہم قرآن حکیم کے متعلق ۔ جو تمام کتب مقدسہ کا آخری ایڈیشن اور تمام سابقہ کتب مقدسہ کا مصدق بھی ہے ۔ ایک ایسے مورخ کا بیان دیکھتے ہین جس نے حضرت محمد صلعم کے حیاتِ طیبہ پر سیر حاصل تنقید و تبصرہ کرتے ہوئے "لائف آف محمدؐ" لکھی ہے ۔ تو ہم اپنی کتابِ مقدس کے اصلی حالت پر ہونے پر ایمان کے ساتھ اطمینانِ قلب بھی حاصل کرتے ہین ۔ مسٹر ولیم میور جیسے محقق مورخ (جو ایک غیر مسلم یعنی عیسائی مذہب کے پیرو تھے) قرآن اور محمد صلعم کے حالات کا ریسرچ کرنے اپنی عمر کا بہت بڑا حصہ مکہ اور مدینہ مین گزارا) اپنی تالیف کو یورپ کے سامنے پیش کرتے ہین ۔ ظاہر ہے کہ اگر ایسے محقق کو قرآن کے متعلق ذرا بھی شبہ ہوتا تو وہ رائی کو پہاڑ بنانے مین کچھ بھی

(بقیہ حاشیہ صفحہ ۳۷) مونٹگا فیو کے باعث علم تفسیر قرآن سے فہم قرآن کی محرومی اور دوری کے اسباب معلوم ہو سکتے ہین ۔ جو اس جملہ کی بیّن شہادت ہے ۔

[1] اس سوال کا جواب کہ کیا چودھوین صدی مین اسطرح اجتہاد کا حق کسی کو ہے؟ آپکو آیندہ اوراق مین ایک مستقل عنوان کے تحت ملے گا ۔

پس وپیش نہ کرتا۔ پس ہم قرآن کے متعلق انکی رائے کا اقتباس پیش کرتے ہین :۔

"جہان تک ہمارے معلومات ہین۔ دُنیا بھر مین ایک بھی ایسی کتاب مقدس نہین جو اسکی (قرآن) طرح بارہ صدی تک ہر قسم کی تحریف سے پاک رہی ہو۔ اور مرے لئے اس بات کو مان لینے کے لئے ناقابلِ تردید ایسے زبردست وجوہات موجود ہین کہ محمدؐ کی زندگی مین قرآن کے (سورتین) متفرق نسخون مین لکھے ہوئے صحابہؓ کے پاس موجود تھے۔ اور ان نسخون مین تقریباً سارا قرآن موجود تھا۔

چونکہ یہ بات پایۂ ثبوت کو پہنچ چکی ہے کہ دعوتِ نبوت سے پہلے مکّہ مین فنِ تحریر رائج تھا۔ اسکے متعلق نہ صرف مین بلکہ وآن ہمپر نے بھی انتہائی تحقیق کے بعد یہی رائے قایم کی ہے۔

ہم ایسے ہی یقین کے ساتھ قرآنِ موجودہ کو بعینہٖ (محمد صلعم) کے مُنھ سے نکلے ہوئے الفاظ سمجھنے پر مجبور ہین جیسا کہ مسلمان اسکو خدا کا کلام سمجھتے ہین"۔

ایک اور مغربی مورخ ومحقق مسٹر راڈویل نے جو ترتیب نزولِ وحی کا ریسرچ کیا ہے اپنے ترجمۂ قرآن بزبان انگریزی مین لکھتا ہے کہ :۔

"کم از کم اتنا تو پتہ چلتا ہے کہ قرآن کی سورتین لکھے ہوئے نسخون کی صورت مین زیرِ استعمال تھین چنانچہ عمرؓ کی بہن نے سورۂ طٰہٰ کا نسخہ بغیر غسل کے عمرؓ کے ہاتھ مین دینے سے انکار کیا تھا"[1]

اللہ تعالیٰ خود قرآن کی حفاظت فرماتا ہے۔

اب قرآن حکیم کے اس دعوے پر نظر ڈالئے جس مین اللہ تعالیٰ ارشاد فرماتا ہے کہ :۔

"اِنَّا نَحْنُ نَزَّلْنَا الذِّكْرَ وَاِنَّا لَهٗ لَحٰفِظُوْنَ" (الحجرات)

(اس قرآن کو ہم نے اتارا ہے اور اسکی حفاظت کے ہم ہی ذمہ دار ہین)

جب تک کسی وعدہ کا ایفاء ثابت نہ ہو۔ ایسا وعدہ اور عہد کوئی چیز نہین اسلئے ساڑھے تیرہ سو سال پہلے وعدۂ الٰہی جو اس قرآن کی حفاظت کا فرمایا گیا تھا اسکے پورا ہونیکی تصدیق اپنون[2] سے نہین بلکہ غیرونکی انتہائی قوتِ تلاش کے بعد جو بیان کی گئی ہے۔ آپکے سامنے پیش کردی گئی۔ سچ تو یہ ہے کہ اللہ سے بڑھ کر کس کا وعدہ سچا ہوگا۔

حفاظِ قرآن

یہ بھی ایک حقیقت ہے کہ مقدس کتابون کو از ابتداء تا انتہا مسلسل حفظ کرنے والونکی تعداد فی زمانہ عام طور پر اتنی نہین ہے جتنی کہ قرآن کے حفاظ کی ہے۔ باوجود اس کے کہ عربی کا ایک لفظ نہین جانتے۔ لیکن ہر ملک اور ہر قوم مین قرآن کے حفاظ موجود ہین۔ جن کی تعداد

---

[1] گو اس روایت کو ضعیف کہا جاتا ہے۔ اسلئے کہ اس وقت طہارت وغسل کے احکام نازل نہین ہوئے تھے۔ لیکن ہم دیکھتے ہین کہ زمانۂ کفر مین بھی کفار اپنے اصول کے تحت طہارت کے قایل تھے۔ جیسے کہ آج بھی اہلِ ہنود بغیر اشنان کے کھانا نہین کھاتے۔ پوجا وغیرہ تو بڑی چیز ہے پس اس اعتبار سے اگر حضرت عمرؓ کی بہنؓ نے زمانۂ کفر کی عادت کے تحت حضرت عمرؓ کو غسل کرنے کہا ہو تو کوئی عجیب بات نہین تھی محض اس نظریہ کے تحت کہ احکامِ غسل بعد مین نازل ہوئے اس روایت سے انکار کی کوئی وجہ نہین۔ البتہ دوسرے اسناد سے اس واقعہ کی نسبت ضعیف ہونا کہا جا سکتا ہے۔

[2] "کس نگوید کہ دوغِ من ترش است" اپنی چیز کو ہر ایک اچھی ہی کہتا ہے۔ بات تو جب ہے کہ دوسرونکی نظر مین اسکی اچھائی نظر آئے۔

ہر زمانہ مین کرۂ زمین پر تیرہ سو سال سے لاکھون کی شمار ہوتی رہی ہے۔ برخلاف اسکے دیگر مقدس کتابون کے حافظ فی زمانہ بمشکل معدودے چند نکلین گے۔

بہرحال قرآن حکیم اپنے روشن نقوش کے ساتھ آج بھی ویسا ہی ہے جیسا کہ وہ ساڑھے تیرہ سو سال قبل زمانۂ خلافت عثمانی مین تھا۔

تدوین قرآن حکیم

روایات سے ثابت ہے کہ ہر سال ماہ رمضان المبارک مین آنحضرت صلعم جبریل امین سے نازل شدہ حصہ کو دُہرا لیا کرتے تھے۔ اور سنہ ۱۰ کے رمضان مین جب کہ آپ کو تمام مجاہدانہ سرگرمیون سے فرصت مل گئی تو آپ نے دو مرتبہ تمام منزل قرآن کو فرشتۂ وحی یعنی جبریل کے ذریعہ دُہرایا۔ اور مختلف سورتون کو الگ الگ کرکے ہر سورۃ کو دوسری سورۃ سے علٰحدہ کرنیکے لئے "بسم اللہ الرحمٰن الرحیم" لکھنے کی تاکید فرمائی لیکن خود مختلف سورتون کی کوئی ترتیب نہین دی۔ کیونکہ صحابہؓ اچھی طرح جانتے تھے کہ کونسی تعلیمات قرآنی کس زمانہ کی ہین۔ اور کیون نازل ہوئی ہین۔ آنحضرت صلعم کی وفات کے بعد (۲۳) سال تک مختلف اصحابِ رسولؐ کے پاس مختلف ترتیب سورۃ کے ساتھ پورا قرآن محفوظ تھا۔ ۳۳ھ مین حضرت عثمانؓ نے صحابہؓ کے مشورہ سے موجودہ سورتون کی ترتیب دی۔ جو آج ہمارے سامنے ہے (اقتباس از مختصر سیرۃ مرتبہ محمد اجمل خان صاحب صفحہ ۲۴۵)۔

احادیث ہی نہین۔ بلکہ مورخین کی تحقیق سے یہ بات ثابت ہے کہ ہر حصہ قرآن حکیم کا آنحضرت صلعم کی حیات ہی مین تحریر ہوتا رہا ہے۔ نہ صرف لکھا گیا۔ بلکہ قرآن کے حافظ[1] و قاری بھی موجود تھے۔ لیکن جب ہم نزولِ قرآن کے (۲۳) سالہ زمانہ پر غور کرتے ہین تو معلوم ہوتا ہے کہ حسب ضرورت و حالات وقتاً فوقتاً بتدریج (۲۳) سال تک نازل ہوتا رہا۔ چنانچہ آنحضرت صلعم سے مکذبین نے اس طریقۂ نزول پر اعتراض کیا کہ "کیون وقتِ واحد مین قرآن آپؐ پر نازل نہین ہوتا؟" تو ذریعۂ وحی اس کا جواب ملا کہ:-

> "اور کافر کہتے ہین کہ۔ اس پر قرآن ایک ہی مرتبہ کیون نہین نازل کردیا گیا؟ — ان ناسمجھون سے کہدو کہ۔ بتدریج نزول کا منشاء یہ ہے کہ تمہارے تزکیۂ نفس و اطمینانِ قلب کو مستحکم کیا جائے۔ پس اسلئے ہم اسکو بتدریج نازل کررہے ہین۔" (الفرقان۔ آیت ۳۲)۔

اب سوال پیدا ہوتا ہے کہ۔ کیا موجودہ قرآن حکیم جسکو ہم پڑھتے ہین۔ نزولِ وحی کے موافق ہے؟ — اسکا جواب کہین سے بھی اثبات مین بجز نفی کے نہیں ملتا[2]۔ لیکن اس بات سے کسی کو انکار نہین کہ سورتون مین آیات و رکوع

---

[1] اس بات کو ذہن نشین کرلیجئے کہ قرآن کی ہر سورۃ "قرآن" کہلاتی ہے۔ آنحضرت صلعم کے زمانۂ حیات مین اور بعد بھی جس کسی کو سورۂ بقرہ یاد تھی وہ حافظِ قرآن کہلایا جاتا تھا۔ یا کسی کو دس پندرہ سورتین یاد تھین وہ بھی حافظِ قرآن کہلاتا تھا۔

۳۳ھ مین جب موجودہ ترتیب عمل مین آئی۔ اور اسکے بعد ترتیبِ موجودہ کے لحاظ سے (۱۱۴) سورتین مسلسل حفظ کی جانے لگین تو حافظِ قرآن کا مفہوم بدل گیا۔

[2] تفصیلی حوالون کیلئے ملاحظہ ہو "کشاف الہدیٰ" صفحہ (۱۵۰) بحوالہ "اتقان" و "فتح الباری"۔

جس سلسلہ سے ہم پڑھتے ہین۔ وہ حسب ارشاد آنحضرت صلعم کے ہی لکھے ہوئے ہین۔ اور آج بھی اسیطرح موجود ہین جس طرح کہ آپؐ کی حیات مین اسکا سلسلہ قایم کرایا گیا تھا۔ پس اس حد تک واقعہ تواتر سے ثابت ہے جسمین کسی کو بھی اختلاف نہین ہے۔ بلکہ نامسلمان مورخین بھی اسکو تسلیم کرتے ہین۔ اب رہی یہ بحث کہ سورتون کو ایک جگہ کب اور کسطرح جمع کیا گیا۔ آیندہ صفحات کے پڑھنے سے اسکا انکشاف ہوگا۔

محرک جمع القرآن

حضرت زیدؓ بن ثابت سے روایت ہے کہ:۔ "جنگِ یمامہ کے بعد ابو بکرؓ نے مجھے بلا بھیجا (جب مین حاضر ہوا) تو دیکھا کہ عمرؓ بن الخطاب بھی موجود ہین۔ ابو بکرؓ نے مجھے دیکھ کر کہا کہ۔ عمرؓ میرے پاس آئے ہین۔ اور مجھسے کہتے ہین کہ۔ یمامہ کی جنگ مین قاریانِ قرآن ستر شہید ہو گئے ہین۔ مین ڈرتا ہون کہ اگر اور جنگون مین بھی اسی طرح قاری لوگ شہید ہوتے رہین تو قرآن کا بہت سا حصہ گم ہو جائیگا۔ لہذا میری رائے یہ ہے کہ آپ جمع قرآن کا حکم دین"۔

(حضرت ابو بکرؓ نے کہا اس تحریک کے جواب مین کہ):۔

"مین عمرؓ سے کہہ رہا ہون کہ۔ تم کیون کر اس کام کو کرتے ہو جسکو آنحضرت صلعم نے نہین کیا[1]۔ اس کا جواب عمرؓ یہ دے رہے ہین کہ:۔ خدا کی قسم۔ اسی مین بہتری ہے۔ پس عمرؓ میرے ساتھ مباحثہ کرتے رہے۔ یہان تک کہ اللہ تعالیٰ نے میرا سینہ کھول دیا۔ اور میری بھی یہی رائے ہو گئی۔ یعنی مین بھی جمع القرآن کی تحریک عمرؓ سے متفق ہو گیا"۔

زیدؓ کہتے ہین کہ:۔ "(اس تمام واقعہ کو سنانے کے بعد) پھر ابو بکرؓ نے مجھے مخاطب کیا۔ اور کہا کہ:۔ تم عقلمند جوان آدمی ہو۔ ہم تم پر کسی طرح کی تہمت نہین لگا سکتے۔ اور تم رسول اللہ کے کاتبِ وحی بھی رہ چکے ہو۔ پس تم قرآن کو تلاش کرکے جمع کرو[2]"۔

(زیدؓ کہتے ہین کہ) "خدا کی قسم۔ وہ مجھے کسی پہاڑ کے ہٹا دینے کو کہتے تو مجھ پر اتنا زیادہ دشوار نہ تھا۔ جتنا کہ قرآن کو جمع کرنا دشوار تھا[3]۔ (اس کے بعد زیدؓ نے جواب مین ابو بکرؓ سے) کہا کہ:۔ تم لوگ وہ کام کیونکر کر سکو گے جس کو

---

[1]۔ یہ روایت صحیح بخاری و اتقان و فتح الباری۔ و ترمذی۔ کے حوالون سے کشاف الہدیٰ کے صفحہ (۱۵) پر مفصل درج ہے۔ جس سے ظاہر ہوتا ہے کہ آنحضرت صلعم نے اپنی زندگی مین تمام قرآن کو یکجا جمع نہین فرمایا تھا۔ اور نہ ایسا حکم دیا تھا۔ البتہ وہ ذات رسول صلعم مین مکمل جمع تھا۔ جیسا کہ صفحاتِ صدر مین حضرت جبریلؑ سے دو مرتبہ قرآن کے دُہرانیکا ذکر موجود ہے۔

[2]۔ دیکھئے اس جملہ سے پتہ چلتا ہے کہ تمام قرآن نہ تو کسی کو حفظ تھا۔ اور نہ لکھا ہوا کسی ایک ہی کے پاس تھا۔ بلکہ چیدہ چیدہ مختلف صحابہؓ کے پاس یا تو لکھا ہوا تھا۔ یا حافظہ مین تھا۔ جس کو تلاش و جستجو کے بعد یکجا جمع کرنیکا حکم دیا گیا تھا۔

[3]۔ یہ ایک حقیقت نفس الامری تھی کہ نزولِ وحی مکی کا دور جس کشمکش و مخالفت مین گذرا۔ اور ابتدائی دور کی جو بے سروسامانی یاس و نا امیدی کی وجہ ہوا کرتی ہے۔ اس پر اگر نظر غائر ڈالی جائے تو کاتبِ وحی حضرت زیدؓ کا یہ جملہ صاف سمجھ مین آسکتا ہے کہ مکی دور کی وحیان کس طرح ضبطِ تحریر مین لائی جا سکتی ہین۔ جب کہ ان کے محفوظ رکھنے کا اس وقت کوئی سوال ہی نہ تھا۔ میرا فکر تو یہ ہے کہ اُن وحیون کو آنحضرت صلعم بھی بجز مددِ جبریل کے اپنی یادداشت مین جگہ نہین دے سکتے تھے۔ اسی لئے تو یہ روایت احادیث مین موجود ہے کہ سلسلۂ رمضان مین حضرت جبریلؑ کے سامنے (باقی صفحہ ۴۲ پر)

رسول اللہ صلعم نے نہین کیا؟ (تو ابو بکرؓ نے) کہا کہ — خدا کی قسم یہ اچھا کام ہے! — ابو بکرؓ برابر اصرار کرتے رہے: یہان تک کہ خدا نے میرا سینہ بھی اس کام کیلئے کھول دیا جس کام کیلئے اس نے ابو بکرؓ اور عمرؓ کا سینہ کھول دیا تھا. پس مین نے قرآن کو تلاش کرنا شروع کر دیا۔ اس کو ہڈیون۔ سفید پتھرون اور لوگون کے سینون سے جمع کرنے لگا. یہان تک کہ مین نے سورۂ توبہ کا آخری حصہ ا — "لقد جاءکم رسول" الخ۔ سے آخری سورۃ تک ابو خزیمہؓ کے سوائے کسی کے پاس نہین پایا۔"

اِس تصفیہ کے بعد جمع قرآن کا جو طریقہ اختیار کیا گیا وہ حسب ذیل تھا: —

ابو بکرؓ نے یہ حکم دیا کہ عمرؓ اور زیدؓ مسجد کے دروازہ پر بیٹھ جائین۔ اور جو شخص تمہارے پاس کتاب اللہ کا کوئی حصہ پیش کرے تو جب تک وہ دو گواہ نہ لائے۔ اسکی پیش کردہ آیات تسلیم نہ کی جائین۔ چنانچہ اس حکم کی تعمیل حضرت عمرؓ و زیدؓ نے نہایت شدت کے ساتھ کی — ابن ابی داؤدؒ کی روایت ہے کہ: —

"عمرؓ کسی شخص سے قرآن کا کوئی حصہ اس وقت تک قبول نہین کرتے تھے جب تک کہ وہ دو گواہ نہ لائے۔"

اِس حزم و احتیاط کے ساتھ قرآن کی وہ تمام سورتین نقل کرلی گئین جو وقتاً فوقتاً رسول اللہ صلعم پر نازل ہوئی تھین اور متفرق تھین —

گویا رسول اللہ صلعم کی وفات کے بعد یہ پہلا موقع تھا کہ قرآن حکیم کے متفرق اجزاء اوراق مین یکجا جمع کر دیئے گئے۔ لیکن ان اوراق مین سورتون کی ترتیب نہین تھی۔ کیونکہ اوراق ایک جلد مین نہین تھے کہ سورتون کی ترتیب ہوتی. بلکہ یہ متعدد صحیفون (یعنی تکڑون) مین لکھے ہوئے تھے۔ لیکن ہر سورۃ کی آیتین اسی طرح لکھی گئین جس ترتیب سے آنحضرت صلعم نے اپنی حیات مین بتلا دیا تھا۔

مذکورہ جمع القرآن کے بعد یہ صحیفے حضرت ابو بکرؓ کے پاس محفوظ کر دیئے گئے۔ اور حضرت ابو بکرؓ کے بعد حضرت عمرؓ کے پاس محفوظ رہے۔ اور حضرت عمرؓ کی شہادت کے بعد ام المومنین حفصہؓ بنت عمرؓ کے پاس محفوظ رہے۔

(بقیہ حاشیہ صفحہ ۴۱) قرآن کو دو وقت دُہرایا تھا۔

یہ بات اس مثال سے ذہن مین آسکتی ہے کہ — علامہ اقبال مرحوم کی زندگی مین اُن سے کہا جاتا کہ — آپ نے اعجازِ شاعری سے جو کلام لکھا ہے کیا وہ آپ کے حافظہ مین محفوظ ہے؟ تو جواب نفی مین ملتا — اسی طرح کسی زبردست حافظہ کے خطیب کا حال ہوگا۔

یہی وجہ تھی کہ آنحضرت صلعم کے وصال کے بعد ترتیب نزولِ وحی کے صحیح اور مستند روایات تاریخ حدیث مین نہین ہین. اور بعض اصحابِ رسول اللہ صلعم اور تابعین نے اِن الفاظ مین سچائی سے اعتراف کیا کہ: — "اگر جن و انس ملکر بھی ترتیب نزول وحی کو مرتب کرنا چاہین تو نہین کرسکتے" — اِس جملہ کو جس رنگ مین حاملین قرآن نے سمجھا اور پیش کیا وہ ان کا اپنا اپنا فکر اور عقیدہ تھا۔ اور آج بھی ہے — لیکن ایک محقق کیلئے تو ان عقاید کی کوئی اہمیت نہین ہوسکتی — البتہ بنیادِ حقیقت اسکے پیش نظر ہوگی — اور اسکے لئے قیاسِ محکم کی بناء پر غور و فکر کا میدان ہمیشہ کھلا ہوا ہے — پس ترتیب نزولِ وحی کے محقق کیلئے (خواہ وہ حضرت عبد اللہ ابن عباسؓ ہون یا عکرمہؒ یا ہرشفیلدؒ یا علامہ اجمل خان) بجز اپنی اپنی قیاسی اور فکری تحقیق کے کوئی چارہ نہین — یہی وجہ ہے خود اصحابِ رسول اللہ صلعم مین نزولِ وحی کے سلسلہ مین — اور شانِ نزولِ وحی کے سلسلہ مین اختلافات موجود ہین — لہ حوالہ کیلئے دیکھو بخاری باب جمع القرآن — (باقی ۲ تا ۵ صفحہ ۴۳ پر)

ان تمام روایاتِ صحیحہ سے یہ بات ثابت ہو جاتی ہے کہ جمع القرآن کے محرک حضرت عمرؓ ہیں۔ آنحضرت صلعم کی حیات میں بعض امور کے متعلق حضرت عمرؓ کی رائے اس قدر صحیح ہوتی تھی کہ اسکی تائید وحیِ الٰہی سے ہو جاتی۔ چنانچہ بعض نامسلمان مورخین کو اس میں ایک قسم کا اشتباہ بھی پیدا ہو گیا ہے۔ جس کو انھوں نے ان الفاظ میں لکھا کہ:۔

"قرآن میں بعض امور عمرؓ کی رائے کے مطابق ہیں"۔

اس بیان کی تائید اس روایت سے بھی ہوتی ہے کہ آنحضرت صلعم نے آپؓ کی اصابتِ رائے کی قدر فرماتے ہوئے ارشاد فرمایا تھا کہ۔

"اگر میرے بعد کوئی نبی ہوتا تو عمرؓ ہوتا"۔[۱]

پس اس روشنی میں میرا یہ ایقان ہے کہ حفاظتِ قرآن کیلئے حضرت عمرؓ کو آنحضرت صلعم کے بعد الہامِ خداوندی کے ذریعہ جمع قرآن کا حکم ملا تھا جسکی تعمیل ہوئی۔ ایک جلیل القدر صحابیؓ کے متعلق میرا یہ فکر بے محل نہیں ہو سکتا۔ لہذا میں محرک جمع القرآن اور جامع القرآن حضرت عمرؓ کو سمجھتا ہوں۔

یہاں تک تو سورتوں کو یکجا جمع کرنے کا ذکر کیا گیا۔ اب آیندہ اوراق میں یہ بتلایا جائیگا کہ یہ تمام سورتیں ایک مصحف میں کس طرح لکھے گئے۔

مرتب سور القرآن حضرت عثمانؓ

اب ہم خلافت حضرت عثمانؓ کا ذکر کریں گے۔ جن کے عہدِ خلافت (۲۴ تا ۳۵ھ) میں موجودہ ترتیب سور القرآنی کا کام پایۂ تکمیل کو پہنچا۔

صحاح کی روایتوں سے معلوم ہوتا ہے کہ:۔

حذیفہؓ فتح ارمینیا میں اہلِ شام کے ساتھ تھے۔ اور وہ جب آذربیجان میں اہلِ عراق کے ساتھ جنگ میں شریک تھے تو وہاں پر ان کو مسلمانوں کی مختلف قراءتوں نے گھبرا دیا تھا۔ پس وہ جب مدینہ واپس ہوئے تو حضرت عثمانؓ کے پاس حاضر ہوئے اور کہا کہ:۔ "یا امیر المومنین! اس امت کی خبر لیجئے۔ قبل اس کے کہ وہ کتاب اللہ میں ایسا اختلاف[۲] پیدا کر دیں۔ جیسا کہ یہود اور نصاریٰ کرتے تھے"۔ اس تحریک پر حضرت عثمانؓ نے اصحابِ رسول صلعم کو جمع کر کے مشورہ کیا۔ اور سب کی متفقہ رائے سے ایک مجلس تشکیل دی جس میں قریش اور انصار کے (۱۲) صحابیؓ مقرر کئے گئے۔ جن میں زیدؓ۔ عبداللہ بن زبیرؓ۔ سعید بن العاصؓ۔ عبدالرحمٰن بن الحارثؓ کو

(بقیہ حاشیہ صفحہ ۴۲ ۲ تا ۵) ۲۔ اتقان و فتح الباری کشاف الہدیٰ ص ۱۵۱۔ ۳۔ اتقان ۴۔ فتح الباری و بخاری و کشاف الہدیٰ ص ۱۵۲۔

۵۔ حضرت حفصہؓ کے انتقال کے بعد یہ امانت حضرت عبداللہؓ ابن عمرؓ کے پاس محفوظ رہی۔ بعض روایات سے ثابت ہوتا ہے کہ خلافت امیہ کے زمانہ میں مروان بن الحکم نے ان صحیفوں کو ابن عمرؓ سے حاصل کر لیا۔ اسکے بعد پتہ نہیں چلتا کہ کیا ہوا۔

۱۔ اگر اس روایت کو ضعیف بھی قرار دیں تو پھر بھی قرآن کی بعض آیات کے لحاظ سے حضرت عمرؓ کے اصابتِ رائے اور تائیدِ وحی کا ثبوت تواتر سے ملتا ہے۔

۲۔ غالباً یہ اختلاف قراءتِ قرآنی تھا جس کی وجہ معنوی حیثیت ہی بدل رہی تھی۔ م (رائے) علامہ محمد اجمل خان ——— اختلاف قراءت سے مراد یہ ہے کہ لوگ مختلف ترتیبوں سے قرآن پڑھتے تھے۔ اس کا اختلاف تلفظ سے کوئی تعلق نہیں۔ نہ ہو سکتا ہے۔

تحریر کا حکم دیا۔ اور عبداللہؓ۔ سعیدؓ اور عبدالرحمٰن کو حکم دیا کہ جب زیدؓ کے قراءت مین اختلاف ہو تو وہ لفظ قریش کی زبان مین لکھا جائے۔ کیونکہ تم قریش ہو۔ اور قرآن قریش کی زبان ہی مین اُترا ہے۔ چنانچہ ان لوگون نے ایسا ہی کیا[1]۔

جب اس مجلس کی تشکیل ہو چکی تو حضرت عثمانؓ نے اُم المومنین حضرت حفصہؓ کے پاس کہلا بھیجا کہ حضرت ابوبکرؓ کے زمانے کے صحف جو آپ کے پاس محفوظ ہین بھیج دیے جائین۔ تاکہ ہم اُن کو مصحف مین نقل کر لین[2]۔ اور اسکے بعد وہ آپ کو واپس کر دیے جائین گے۔ چنانچہ اُم المومنینؓ نے صحیفے حضرت عثمانؓ کے حوالے کر دیے۔ جب مجلس نے صحیفون کو مصحف مین نقل کر لیا تو حضرت عثمانؓ نے وہ مصحف حضرت حفصہؓ کے پاس واپس کر دیے[3]۔

پس حضرت عثمانؓ نے قرآن ایک خاص ترتیب سے لکھوایا۔ اور اسکو مصحف کی صورت دی۔ اس مصحف کے نسخے ممالکِ مفتوحہ کے ہر علاقہ مین بھیج کر حکم دیا کہ وہ تمام صحیفون اور مصحفون کو جو مختلف قراءتون مین کسی کے پاس بھی ہون جلا دیا جائے۔ یہ حفاظتِ قرآن کے وعدۂ الٰہی کا دوسرا ذریعہ تھا۔ جو حضرت عثمانؓ کے عہدِ خلافت مین ظاہر ہوا۔ جس کا نتیجہ یہ ہوا کہ ہمیشہ ہمیشہ کیلئے اختلافِ قراءت۔ الفاظ وغیرہ کے جھگڑون کا سدِّ باب ہو گیا۔ اور قیامت تک کے لئے قرآن محفوظ ہو گیا[4]۔

یہان پر اختلافِ قراءت کے وجوہات قابلِ وضاحت معلوم ہوتے ہین۔ تاکہ مرتب القرآن حضرت عثمانؓ کے اس کام کی اہمیت کا اندازہ ہو جائے۔ عرب مختلف حصون مین بٹا ہوا تھا۔ ہر قبیلہ اور ہر شہر زبانِ عربی کے الفاظ و محاورات علیحدہ علیحدہ اپنے خطہ کی حد تک کہتا تھا۔ اور سمجھتا تھا۔ جس طرح آج بھی ہم دیکھتے ہین کہ بعض عرب "ق" نہین کہہ سکتے۔ بلکہ "گ" کی آواز نکالتے ہین۔ اور "ث" کا تلفظ "ت" کا ادا کرتے ہین[5]۔ اس کی مثال اسی طرح سمجھ لیجئے کہ پنجابی۔ کشمیری۔ مدراسی۔ بنگالی بعض حروف کے تلفظ کو قطعاً ادا نہین کر سکتے۔ کسی انگریز سے کہیے کہ وہ "دال" کا صحیح تلفظ ادا کرے۔ ہرگز نہ کر سکے گا۔ بلکہ "ڈال" کا تلفظ ادا ہو گا۔ اس مثال کو پیشِ نظر رکھکر اُن اختلافات کا اندازہ لگائیے کہ اگر قرآن قریش کی قراءت پر متعین نہ کر دیا جاتا تو آج اس مین اختلافاتِ قراءت کا کیا عالم ہوتا۔

---

[1] بخاری۔ باب جمع القرآن و اتقان و کشاف الہدیٰ صفحہ (۱۵۴ و ۱۵۵)۔

[2] صحف جمع ہے "صحیفہ" کی جس کے معنی "رسالہ"۔ "جزء"۔ "پارہ" کے ہین۔ یعنی چھوٹے چھوٹے سے رسالے۔ یا کسی کتاب کے مختلف ابواب کے علیحدہ علیحدہ حصے۔ مصاحف۔ مصحف کی جمع ہے۔ مصحف لغت مین اس کتاب کو کہتے ہین جس مین رسالے یا صحیفے جمع ہون۔ اس روایتِ صحیحہ سے معلوم ہوتا ہے کہ عہدِ خلافت صدیقی کا قرآن مصحف نہ تھا۔ بلکہ ہر سورۃ علیحدہ علیحدہ اوراق پر لکھی ہوئی تھی۔ جس کو عہدِ خلافت عثمانی مین مصحف کی صورت دی گئی۔

[3] حوالہ کیلئے دیکھئے بخاری۔ باب جمع القرآن و اتقان و کشاف الہدیٰ صفحہ (۱۵۴ و ۱۵۵)۔

[4] " " " اتقان اور کشاف الہدیٰ صفحہ (۱۵۷)۔

[5] عبداللہ بن مسعودؓ سے روایت ہے کہ آپ نے ایک شخص کو قرآن کی آیت مین "طعام الاثیم" پڑھایا۔ وہ "طعام الایتم" پڑھتا تھا۔ کیونکہ وہ "ث" کا تلفظ ادا ہی نہین کر سکتا تھا۔ اسلئے آپ نے مجبوراً اس کو (باقی صفحہ ۴۵ پر)

اب رہا سوال سورتون کی ترتیب کا۔ اسکے متعلق روایاتِ صحیحہ سے ثابت ہے کہ حضرت عثمانؓ نے یقیناً بمشورۂ صحابہؓ بڑی سورتون کو پہلے رکھا۔ اور اسکے بعد متوسط سورتین لکھی گئین۔ اور آخر مین چھوٹی چھوٹی سورتین نقل کی گئین۔ جس کو محاورۂ تفسیر و حدیث مین "طوال"۔ "مبین" اور "مثانی" کہتے ہین۔ اسکے علاوہ جب ہم زمانۂ موجودہ کے ترتیب قوانین پر نظر ڈالتے ہین تو یہ معلوم ہوتا ہے کہ یہ ترتیب مملکتِ قرآنیہ کے وین (اسٹیٹ) کے تمام قوانین احکم الحاکمین کی اس طرح ہوئی ہے کہ اسکی موزونیت پر کوئی حرف نہین آسکتا جو حضرت عثمانؓ کے ایک اعلیٰ ذوق علمِ سیاست کا ثبوت ہے۔ چنانچہ جب ہم قرآن کو کھولتے ہین تو سب سے پہلے سورۂ فاتحہ مکی اور مدنی ہم کو ملتا ہے۔ جو یقیناً تمام قرآن کی تعلیم کا ایک بہترین خلاصہ اور ہماری دُنیوی اور دینی تمناؤن اور خواہشات کے حصول کی دُعا ہے جو بلاشک وشبہ فطرتِ انسانی کے مطابق ہی نظر آئیگی۔ پھر معلوم ہوگا کہ اس کتاب کے قبول کرنے والے کون ہین (متقی) اور انکی تعریف کیا ہے۔ یعنی اُمّی۔ جو غیب کی باتون پر آسانی سے ایمان لاتے ہین۔ کیونکہ انکے قلوب عکس کے حاصل کرنیکے لئے مثل آئینہ کے صاف رہتے ہین۔ جیسے کہ فوٹو کا نگیٹیو۔ یہ لوگ حکومتِ قرآنی سے وفاداری کا حلف اس طرح لیتے ہین کہ قوانینِ ماسبق اور اسکے لانے والون کی تصدیق کرتے ہیں اس کے بعد شرع و منہاج کے واجبات۔ اور ترکِ واجبات کے نتائج اور حقوق۔ معاہدات۔ معاشرت اور تمدن وغیرہ کے تفصیلات اس سلسلہ سے نظر آتے ہین کہ بے اختیار زبان سے :——

"ذالك الكتاب لاريب فيه"

نکل جاتا ہے۔

اس سلسلہ مین محقق محمد اجمل خان کی تحقیق کا اقتباس ضروری معلوم ہوتا ہے۔ تاکہ اس موضوعِ بحث پر صاحبانِ غور و فکر کیلئے مزید روشنی سامنے آجائے[1] :—

اقتباس مسودہ ترتیب نزولِ قرآن

از

علامہ محمد اجمل خان

"مکی زندگی کے سمجھنے کیلئے تاریخی ترتیب نزولِ وحی سے پہلے مکی قرآن کا مطالعہ ضروری ہے اسکے بعد مدنی زندگی معلوم کرنے مدنی سورتون کے رکوع سلسلۂ نزولِ وحی کے لحاظ سے دیکھنا ہوگا۔ کیونکہ مدنی سورتون کے اکثر رکوع بلحاظ سلسلۂ وحی ایک سورۃ کی تعریف مین آتے ہیں۔ ہمارے لئے یہ بحث غیر ضروری ہے کہ وہ آیات یا رکوع کن کن سورتون مین بحکم رسالت پناہی

(بقیہ حاشیہ صفحہ ۴۴) "طعام المفاجو" پڑھایا۔ اگر ایسا نہ ہوتا تو معنیٰ و مفہوم بدل جاتے۔ دیکھا آپ نے اصحابہؓ کا عمل۔ کہ مقصدِ تلاوت معنوی ہوتا تھا۔ نہ بے معنیٰ۔ کشاف الہدیٰ۔ صفحہ (۱۶۱)۔

[1] انتہائی شکرگزاری کے ساتھ اس اقتباس کو مین درج کر رہا ہون۔ جو خان صاحب موصوف نے اپنے زیرِ طبع مسودہ سے مجھ کو استفادہ کا موقع عنایت فرماکر ان اوراق مین درج کرنے کی اجازت مرحمت فرمائی۔

رکھے گئے ہین ۔ کیونکہ یہ امر مسلمہ ہے کہ ہر سورۃ مین جو آیت آج ہمارے سامنے موجود ہے ۔۔ وہ آنحضرت صلعم کے حیات ہی مین اُسی مقام پر رکھ دی گئی تھی ۔

محدثین و محققین صرف ترتیب سور و نزولِ وحی کی حد تک مختلف رائے رکھتے ہین ۔۔ یہ امر قابلِ غور ہے کہ آنحضرت صلعم کی تیرہ سالہ مکی زندگی مین جو قرآن باوقاتِ مختلف نازل ہوا وہ بلاشبہ مکی تھا ۔ ہجرت کے بعد جتنے مہاجرین اور انصار تھے وہ یقیناً مکی سورتون ہی کی تلاوت کرتے تھے ۔ جیساکہ آنحضرت صلعم بتلاتے تھے ۔

ایک جماعت حبشہ کی جو بعثت کے پانچوین سال ہجرت کی تھی ۔ وہ یقیناً سورۂ "علق" سے ششم ہجری تک کے قرآن ہی کی تلاوت کرتی تھی ۔

اسکے بعد شعب ابی طالب کے زمانہ کا قرآن ششم سے سنہ نبوی تک جو نازل ہوا ۔ اور جو مخصوص نوعیت کا تھا ۔ جس مین قطعاً کوئی مدنی آیت یا سورۃ نہ تھی ۔ وہ صرف آنحضرت صلعم اور آپ کے شعب کے مسلم ساتھیون کے حافظہ مین تھا کیونکہ باہر کا کوئی مسلم آپؐ سے نہین مل سکتا تھا ۔۔

غرض تیرہ سالہ قرآن مکی کو تاریخی حیثیت سے معلوم کرنے کے بعد صحیح فہم قرآن حاصل ہو سکتا ہے ۔ جس کا نتیجہ یہ ہوگا کہ آنحضرت صلعم کی سیرتِ مبارکہ کو آسانی سے معلوم کیا جا سکتا ہے ۔

یہ کہنا کہ قرآن موجودہ کو ترتیب نزول سے پڑھنا حکمِ خداوندی اور سنتِ نبوی کے خلاف ہے ۔ وہ بہ وجوہات بالا ۔ بلاشبہ تاریخ نزول قرآن حکیم ۔ اور سلسلۂ نزولِ وحی اور سنت آنحضرت صلعم و نیز اصحابہ رضوان اللہ علیہم کو بے معنیٰ قرار دیتا ہے ۔

اس واقعہ سے کسی کو بھی انکار نہین ہو سکتا کہ تیرہ سالہ مکی قرآن ہجرت کے بعد ہر سال آنحضرت صلعم کو رمضان مین جبریلِ امینؑ دُہرایا کرتے تھے ۔ اور حضرت مصعبؓ نے جو قرآن انصار کو سُنایا ۔ اور یاد دلایا ۔ یا ۔ لکھایا ۔ وہ صرف مکی ہی تھا ۔ جسکے بعد مدنی قرآن کا سلسلہ شروع ہوا ۔

مدنی قرآن تو نہ صرف مہاجرین ہی جانتے تھے ۔ بلکہ انصار بھی اسکی ترتیب سے اچھی طرح واقف تھے ۔ پس سلسلۂ وحی مدنی کے لحاظ سے تو مہاجر اور انصار سب ہی مکی و مدنی قرآن سے واقف ہو رہے تھے ۔ کیونکہ حکومتِ قرآنیہ قایم ہونیکے بعد تو سب مسلمان ایک ساتھ خطابِ قرآنی سے شرف حاصل کر رہے تھے ۔

آنحضرت صلعم کی وفات کے بعد بعض اصحابؓ کے پاس قرآن لکھا ہوا تھا ۔ لیکن اس مین سور کی ترتیب ایک دوسرے سے ملتی جلتی نہ تھی ۔ اور نہ مکمل قرآن کی (۱۱۴) سورتین کسی کے پاس مکمل لکھی ہوئی تھین ۔ بلکہ آج کل جس طرح پنج سورہ ۔ دہ سورہ ۔ بست سورہ وغیرہ کا طریقہ سہولتِ وظایف کیلئے ہے ۔ اس وقت بھی تھا ۔ اور اسی طرح اسکے حفاظ و قراء بھی تھے ۔ نہ مکمل (۱۱۴) سورتون کے موجودہ ترتیب کے لحاظ سے ۔ سوائے آنحضرت صلعم کے ۔

بلاشبہ اس طرح مختلف صحائف مین مکمل (۱۱۴) سورتین محفوظ تھین ۔ جن کو حضرت صدیقؓ کے زمانۂ خلافت مین ایک جگہ پہلی مرتبہ مرتب و جمع کرکے محفوظ کر دیا گیا ۔ اور سورتون کے اختلاف یعنی

مقدم و موخر کو دُور کر کے یکسانیت قایم کرنے حضرت عثمانؓ کے دَورِ خلافت مین موجودہ ترتیبِ سور دی گئی۔"

اختلافِ قراءت

اختلافِ قراءت یعنی ترتیبِ سور مین جو اختلاف تھا۔ اس کو دُور کر دیا گیا۔ لیکن عام طور پر اختلافِ قراءت سے اختلافِ تلفظ جو مُراد لی جاتی ہے۔ وہ دُرست نہین۔ اسلئے کہ جو قرآن حضرت عثمانؓ کے زمانہ مین مرتب ہوا اور اسکی نقلین مختلف مقامات پر روانہ کی گئین۔ وہ نقاط و اعراب کے ساتھ نہ تھے[1]

یہ کہنا بھی بے معنیٰ ہے کہ کاتبون کی کمیٹی مین حضرت عثمانؓ کے حُکم سے قرآن قراءتِ قریش پر جو لکھا گیا۔ وہ مخارج کے تحت تھا۔ اسکے معنیٰ یہ ہون گے کہ یہ کمیٹی مصحفِ صدیقی کے اِملا کو دُرست کرنیکے لئے مامور تھی۔ اس کمیٹی مین کاتبِ وحی حضرت زیدؓ ہی تو تھے۔ جو مصحفِ صدیقی کے کاتب تھے۔ اور پھر نقاط و اعراب سے مُعرّا دونون مصحف تھے تو کسطرح پر اِملا و تلفظ و مخارج و حروف کی اصلاح کا کام تصور کیا جا سکتا ہے۔ قابلِ غور ہے۔

اگر "قراءت" کے معنیٰ وہ لئے جائین جس کا ذکر صدر مین کر دیا گیا ہے۔ یعنی سلسلۂ سور کی قراءت۔ تو مسئلہ آسانی سے صاف ہو جاتا ہے۔ اور یہ بات کہ "قریش کی زبان مین لکھا جائے!" واضح ہو جاتی ہے ــــ کہ سلسلۂ قراءتِ سور اہلِ قریش کے بتلائے ہوئے کو ہی مستند مان لیا جائے۔ اسطرح تمام اختلافات دُور ہو جاتے ہین۔

چنانچہ بقول امام مالک ــ قاضی ابوبکر اور ابن فارس قرآن کی سورتون کی ترتیب اجتہادِ صحابہؓ پر مبنی ہے۔ رسول اللہ صلعم کی بتلائی ہوئی نہین ہے۔ البتہ بعض سورتون کو ایک خاص ترتیب سے پڑھنا سنتِ رسول اللہ صلعم ضرور ہے[2]۔ ان مستند تحقیقی آراء کے بعد تو کوئی تعارض ہی باقی نہین رہتا۔

سیوطی نے اتقان کے حوالہ سے لکھا ہے کہ :ــ "ترتیبِ نزول کے لحاظ سے جمع قرآن کا خیال سب سے پہلے حضرت علیؓ کو ہوا۔ اور آپؓ نے جمع کیا۔"

غالباً سیوطی نے ترتیبِ سور حسین بن ابی الحسن اور عکرمہؓ کے نام سے دی ہے ــ وہ حضرت علیؓ کے ترتیب ہی کے لحاظ سے ہوگی۔ حضرت عبد اللہ ابن عباسؓ نے جو تاریخی ترتیبِ سور روایت کی ہے۔ وہ تقریباً اسی ترتیب کے مطابق ہے[3]

حافظ سیوطی نے ابنِ اشتہ کی کتاب "المصاحف" سے ابی بن کعب۔ اور مصحف۔ عبد اللہ بن مسعودؓ کی ترتیبِ سور کی جو فہرست دی ہے۔ یہ دونون اجلِ قرار سے تھے۔ اور حضرت ابن مسعودؓ تو وہ صحابی ہین جنھین خود رسول اللہ صلعم نے اپنی زبانِ مُبارک سے ستر (۷۰) سورتین یاد کرائی تھین۔ اور وہ عشرۂ مُبشرہ سے تھے۔ آنحضرت صلعم نے عبد اللہ ابن مسعودؓ کے طرف اشارہ کر کے صحابہؓ کو فرمایا تھا کہ "قرآن سیکھنا ہو تو عبد اللہ ابن مسعودؓ سے پڑھو!"

---

[1] ۔ جیسا کہ صفحۂ (۴۹، ۵۰) پر نمونۂ کتابت زمانۂ آنحضرت صلعم سے ظاہر ہوگا۔ کیونکہ اعراب و نقاط تو دوسری صدی ہجری کے آخر کی بات ہے۔

[2] ۔ کتاب التبیان (صفحۂ ۷۸)۔

[3] ۔ اتقان۔ صفحۂ (۱۰)۔ ترتیبِ نزولِ قرآن۔ صفحۂ (۱۶) الفہرست۔ صفحۂ (۳۹)۔

ایک خاص بات قابلِ یادداشت ہے کہ ـــ مروان بن الحکم نے مصحفِ عثمانی کے وقت عبداللہ بن مسعودؓ سے کوئی مشورہ نہین لیا ۔ اور نہ ان کے قرآن کو قابلِ اعتنا سمجھا ـــ اور یہی حال حضرت علیؓ کا رہا ۔ چونکہ حضرت عمرؓ نے اپنے عہدِ خلافت مین ابنِ مسعودؓ کو قرآن کی تعلیم دینے کو کوفہ روانہ کیا تھا ۔ اسلئے کوفہ مین انکے شاگرد بکثرت تھے ۔ جو آپؓ ہی کے ترتیب سور کی پیروی کرتے تھے ـــ ظاہر ہے کہ ـــ خود عبداللہ ابنِ مسعودؓ نے رسول اللہ صلعم سے قراءت سیکھا تھا ۔ تو کیا کسی کو آپؓ کے تلفظ سے اختلاف کی گنجایش ہوسکتی تھی ؟[1] ـــ

فرقۂ امامیہ کے مفکرین جب ہم مصحفِ عثمانی کا ذکر کرتے ہین تو ہم کو فرقۂ امامیہ کے معتقدات پر بھی ایک سرسری نظر ڈالنی ضروری ہے کہ ـــ موجودہ ترتیب کے متعلق وہ کیا رائے رکھتے ہین ! ـــ

اس موقعہ پر جب علماء فرقۂ امامیہ کی محققانہ رائے ہمارے پیشِ نظر آتی ہے ۔ تو ـــ معلوم ہوتا ہے کہ وہ موجودہ قرآنِ حکیم کو بلا کم و کاست اسی طرح مسلمہ مانتے ہین جیسے کہ اسلام کے دوسرے فرقے ۔ چنانچہ علامہ ملا محسن مجتہد ۔ مفسر و محدث فرقۂ امامیہ نے اپنی "تفسیر صافی" کے صفحہ (۱۴) پر بڑے بڑے علماء و فضلاء و محدثینِ امامیہ کے معتقدات کا حوالہ دیتے ہوئے لکھتے ہین کہ :ـــ

"اُس وقت جو قرآن دُنیا مین عام طور پر مروج ہے ۔ وہ لفظ بہ لفظ ۔ اور حرف بہ حرف وہی ہے جو ۔ آنحضرت صلعم پر بذریعۂ وحی نازل ہوا تھا ۔ اس مین کوئی تبدل یا تغیر نہین ہوا" ـــ

اس مستند محقق کے بعد فرقۂ امامیہ کے عامیانہ تصورات خود بخود مٹ جاتے ہین ـــ

نماز مین سورتون کی ترتیب ایک سوال یہان پیدا ہوتا ہے کہ ـــ واقعاتِ بالا کی روشنی مین آنحضرت صلعم ۔ حضرت صدیقؓ ۔ حضرت عمرؓ ۔ حضرت عثمانؓ ۔ اور حضرت علیؓ کے زمانہ مین کیا موجودہ ترتیب ہی کے لحاظ سے سور کی تلاوت ہوتی تھی ؟ ـــ روایات کے لحاظ سے اس کا جواب نفی مین ملتا ہے ـــ لیکن بعد مین اس کی تحدید محض موجودہ ترتیب کے تحفظ کے پیشِ نظر فقہاء ۔ آئمہ اور علماء سلف نے عاید کی ہے ـــ (اقتباس ختم)

قرآن کا رسم الخط

جنوبی عرب کے باشندون نے مسیحؑ سے صدیون پہلے "حمیری خط" ایجاد کیا تھا ـــ جو شمالی اور مغربی عرب مین بھی رائج ہوگیا تھا ـــ "نبطی" ـــ جو اسمٰعیلؑ کی اولاد سے تھے ـــ انھون نے بھی ایک خط ایجاد کیا تھا ـــ عرب مکہ نے حیرہ والون سے عربی خط سیکھا تھا ـــ وہی رسم الخط نزولِ وحی کے زمانہ مین اہلِ عرب مین رائج تھا چنانچہ آنحضرت صلعم کے زمانہ کے مکتوبات ۶ھ ہجری کے مستند دستیاب ہوئے ہین ۔ جن کے چربے آپ کے پیشِ نظر ہین[2] ـــ ان مکتوبات کے رسم الخط سے اس بات کا یقین ہوتا ہے کہ آنحضرت صلعم کے زمانۂ حیات مین ۔ دورِ خلفاء ۔ صدیقؓ و عمرؓ کے زمانہ مین بھی قرآن کی کتابت اسی طرح پر ہوا کرتی تھی ۔ جس مین نہ تو حروف کے لئے نقطے ہوتے تھے ۔ اور نہ اعراب وغیرہ ـــ غالباً

---

[1] ۔ حضرت عبداللہ ابن مسعودؓ ـــ حضرت ابی بن کعبؓ ۔ اور حضرت عکرمہؓ و حسین بن ابی الحسن ۔ کے مصحف کے متعلق جو ترتیب سور ۔ یا ترتیب نزولِ وحی کے لحاظ سے ہے ۔ وہ اوراقِ آخر مین پیشِ نظر ہون گے ۔ مزید وضاحت کیلئے دیکھو اقتباس "ترتیب نزول قرآن مجید" ۔

[2] ۔ دیکھو "فرمانِ نبوت" ـــ علامہ عبدالجلیل نعمانی ۔ صفحہ ۱۳۱ ۔ بسلسلہ مکتوبات نبوی

مکتوب مبارک محمد عربی صلعم

بنام

مقوقس اعظم سلطان قبط و مصر - کاتب نامہ عبد اللہ بن ارقم رضی محررہ ۶ھ م سنہ ۶۱۹ء



موجودہ رسم الخط میں مکتوب مبارک کا مضمون حسب ذیل ہے۔

(۱) بِسْمِ اللّٰهِ الرَّحْمٰنِ الرَّحِيْمِ - مِنْ مُحَمَّدٍ عَبْدِ اللّٰهِ وَرَسُوْلِهٖ اِلَى الْمُقَوْقَسِ عَظِيْمِ الْقِبْطِ سَلَامٌ عَلٰى -

(۲) مَنِ اتَّبَعَ الْهُدٰى اَمَّا بَعْدُ فَاِنِّيْ

(۳) اَدْعُوْكَ بِدِعَايَةِ الْاِسْلَامِ اَسْلِمْ تَسْلَمْ

(۴) يُؤْتِكَ اللّٰهُ اَجْرَكَ مَرَّتَيْنِ

(۵) فَاِنْ تَوَلَّيْتَ فَعَلَيْكَ مَا يُفِيْضُ الْقِبْطَ

(۶) يٰاَهْلَ الْكِتَابِ تَعَالَوْا اِلٰى كَلِمَةٍ

(۷) سَوَاءٍ بَيْنَنَا وَبَيْنَكُمْ اَلَّا نَعْبُدَ اِلَّا اللّٰهَ

(۸) وَلَا نُشْرِكَ بِهٖ شَيْئًا وَّلَا يَتَّخِذَ بَعْضُنَا

(۹) بَعْضًا اَرْبَابًا مِّنْ دُوْنِ اللّٰهِ فَاِنْ

(۱۰) تَوَلَّوْا فَقُوْلُوا اشْهَدُوْا بِاَنَّا

(۱۱) مُسْلِمُوْنَ -

رسول اللہ محمد

نوٹ: دوسرا خط مصر کے مقوقس کو دیا گیا تھا۔

مکتوب مبارک محمد عربی صلعم بنام شاہ نجاشی عظیم الحبش ۶۲ھ



موجودہ رسم الخط میں

من محمد رسول اللہ (النجا)
شی عظیم الحبشہ سلام علی من
اتبع الھدی اما بعد فانی احمد الیہ
ک اللہ الذی لا الہ الا ھو الملک
القدوس السلام المومن المھیمن
واشھد ان عیسی بن مریم روح
اللہ وکلمتہ القاھا الی مریم البتو
ل الطیبۃ الحصنۃ فحملت عیسی من رو
حہ ونفخہ کما خلق آدم بیدہ و
انی ادعوک الی اللہ وحدہ لا شر
یک لہ والموالاۃ علی طاعتہ وان
تتبعنی وتومن بالذی جاءنی فانی ر
سول اللہ۔ وانی ادعوک وجنو
دک الی اللہ عزوجل وقد بلغت
ونصحت فاقبلوا نصیحتی والسلام
علی من اتبع الھدی

مہر

اصل مکتوب کا بلاک ڈاکٹر حمید اللہ پروفیسر جامعہ عثمانیہ حال فرانس نے ۱۹۴۲ء کے مجلہ عثمانیہ میں اپنے تحقیقی نوٹ کے ساتھ شائع کرایا تھا۔
اس مکتوب مبارک کا خاکہ رسم الخط زمانہ نزول وحی کو پیش نظر رکھنے کے لئے یہاں پر پیش کیا جارہا ہے۔
حضرت عثمانؓ کے قلمی قرآن کے ایک صفحہ کا بلاک جو ترکی سے شائع ہوا ہے۔ اسکا رسم الخط بھی اسی رسم الخط کے مماثل ہونا۔
اور ۱۳۱ھ کا جو کتبہ مصر میں ملا ہے۔ اس کا رسم الخط بھی یکساں ہونا ڈاکٹر صاحب موصوف کے مضمون سے ظاہر ہے۔
بہرحال یہ بات مسلمہ ہے کہ پہلی نصف صدی ہجری تک اہل عرب کا رسم الخط ایسا ہی تھا جس میں قرآن کی کتابت ہوا کرتی تھی۔

حضرت امام جعفر صادقؑ کے لکھے ہوئے قرآن بخط کوفی کا ایک صفحہ

مُحَمَّدٌ رَّسُولُ اللّٰهِ

وَالَّذِيْنَ مَعَهٗٓ اَشِدَّآءُ

عَلَى الْكُفَّارِ رُحَمَآءُ

بَيْنَهُمْ تَرٰىهُمْ رُكَّعًا

سُجَّدًا يَّبْتَغُوْنَ فَضْلًا

علامات

- • نقطہ
- ○ زیر و زبر
- ◌ تنوین
- ✓ جزم
- ◦ جزم
- ـــــ مد
- ـــ مد

ولادت امام بمقام مدینہ ۸۳ھ م ۷۰۴ء

وفات ۱۴۸ھ م ۷۶۵ء عیسوی

اس چربہ کا اصل راجہ اعجاز رسول خاں رئیس جہانگیر آباد کے نوادرات میں محفوظ ہے۔ جسکے بلاک خواجہ حسن نظامی نے ۱۹۳۷ء میں بنوا کر شائع کئے۔

۲۶ و ۲۷ سنہ ہجری تک اسی طرزِ تحریر سے قرآن کو اصحابِ رسولؐ لکھا کرتے تھے۔
چونکہ اہلِ زبان صرف اشارون پر الفاظ کو پڑھ لیا کرتے تھے۔ اور ان کو کوئی دشواری محسوس نہین ہوتی تھی۔ جیساکہ آج بھی ہم نہایت شکستہ خطوط کو اندازے سے بلا تکلف پڑھتے چلے جاتے ہین۔ بس یہی حال اُسوقت کا تھا۔ لیکن جب اسلام ترقی کرتے ہوئے عجم پہنچا تو عجمی بہ کثرت مسلمان ہوئے۔ ان کیلئے آیاتِ قرآنیہ کی تلاوت مین دقت محسوس ہونے لگی۔ اس موقع پر ابو الاسود نے پہلے پہل آیاتِ قرآنیہ پر نقطون کے ذریعہ اعراب لگانے کاتب کو اس طرح ہدایت کی کہ:۔ "دیکھو! جس حرف کے ادا کرتے ہین مین مُنہ کھول دون تو اس حرف کے اُوپر نقطہ دینا۔ اور جس حرف کے بولتے ہین آواز نیچے ہو۔ اسکو نیچے نقطہ۔ اور جس حرف کے ادا کرنے مین میرا مُنہ گول ہوجائے تو اُسکو آگے نقطہ دیدو!" (وفات ابو الاسود ۲۹ سنہ ہجری)۔ چنانچہ کاتب نے اسکی تعمیل کی اور تمام قرآن اسی طرح زیر۔ زبر۔ اور پیش کی علامتون سے لکھا گیا جسکو عجمی پڑھا کرتے تھے
یہ سلسلہ نقطون کا غالباً سو برس تک جاری رہا جس کا نمونہ حضرت امام جعفر صادقؒ کی تحریر ہے۔ دوسری صدی ہجری مین مشہور نحوی خلیل بن احمد (وفات ۱۷۰ سنہ ہجری) نے زیر۔ زبر۔ پیش کی موجودہ علامتین ایجاد کی۔ جس کے بعد سے نقطون کا رواج موقوف ہوگیا۔[1]
چوتھی صدی مین ابن مقلہ نے خطِ کوفی سے خطِ نسخ ایجاد کیا۔
پانچوین صدی مین مشہور کاتب ابن البوّاب (وفات ۴۲۳ سنہ ہجری) کی کوششون نے نسخ کی ایسی اصلاح کی کہ جو آپ کے سامنے بہترین عربی شان کا نمونہ ہے۔
گویا اس طرح قرآنِ حکیم کے دائمی تحفظ کا انتظام منجانب اللہ اسکے بندون سے کرایا گیا۔
حقیقت یہ ہے کہ قرآن کی خدمت مذکور الصدر تابعینؒ وغیرہ نے ایسی کی جسکی مثال نہین مل سکتی۔ کہ۔ ہر غیر صرفی ونحوی غیر عربی دان۔ خواہ وہ کسی مُلک کا رہنے والا ہو۔ قرآن کی قراءت مین زیر۔ زبر کا بھی فرق نہین کرسکتا۔ بلکہ اگر اہلِ زبان قراءت مین غلطی کرین تو غیر زبان والا قاریِ قرآن اسکو فوراً ٹوک دیتا ہے۔[2]

سات قراءتین

مصحفِ عثمانی کی اشاعت سے پہلے قرآن کے سیکھنے یا سکھلانے کا دارومدار صرف زبانی قراءت پر تھا۔ جب مصحفِ عثمانی کی متعدد نقلین ممالکِ اسلامیہ مین پھیل گئین تو لوگ کتابی قراءت کی طرف مائل ہوئے۔ چونکہ کتابت۔ اعراب۔ جزم وتشدید سے مُعرّا ہوتی تھی۔ اور پھر بلا نقط جس کا نتیجہ "یعلمون" کو "تعلمون" پڑھنے کا قوی امکان تھا۔ اسلئے قراء ہی سے صحیح قراءت سیکھے بغیر چارہ نہ تھا۔
صحابہؓ۔ اور تابعینؒ قراءت مین اکثر حضرات نے کافی شہرت حاصل کی۔ اور اس فن مین اس قدر شغف پیدا ہوا کہ بعض حضرات قراءت کے امام تسلیم کئے گئے۔ اس سلسلہ مین سات ائمہ قراءت کے طرز پر آج تک

---

[1] کشاف الہدیٰ۔ بحوالہ اتقان۔ صفحہ (۱۶۷)۔
[2] کشاف الہدیٰ۔ مولفہ سیٹھ یعقوب حسن۔ مدراسی۔ کا مطالعہ کرین۔ جو اُردو زبان کی اچھی کتاب ہے۔ یہ میرے مطالعہ مین آچکی ہے۔ ممکن ہے اور بھی اس موضوع پر اُردو مین کتابین ہون۔

قراءت جاری ہے۔ جنکے نام حسب ذیل ہین :۔

(۱) نافع بن ابی نعیم اصفہانی (۲) عبداللہ بن کثیر عجمی (۳) ابو عمرو بن العلا گازرونی (۴) عبداللہ بن عامر دمشقی (۵) عاصم بن ابی النجود کوفی (۶) حمزہ بن حبیب الزیات کوفی (۷) ابو الحسن علی الکسائی۔

اِن سات قراءت کے امامون کے شاگرد در شاگردون کی جماعت نے تمام دُنیا مین اپنے اپنے امامون کے طرزِ قراءت کو جاری کر دیا۔[1]

پہلا تصور ترتیب نزولِ وحی

بعض روایات سے ظاہر ہوتا ہے کہ حضرت علیؓ ابن ابی طالب نے رسول اللہ صلعم کے وصال کے ساتھ ہی قرآن کو ترتیبِ نزول سے لکھنے کا ارادہ کیا۔ اور اسکی فہرست بھی مرتب کرلی۔ چنانچہ "الفہرست" کے صفحہ (۴۲) پر حسبِ ذیل عبارت ہے :۔

"یہ پہلا مصحف تھا جس مین حافظ سے قرآن کو جمع کیا گیا تھا۔ یہ مصحف امام جعفرؓ کے خاندان مین محفوظ تھا۔ چند دن ہوئے مین نے اسکو ابی یعلیٰ حمزہ الحسینی کے پاس دیکھا۔ اسکے کئی اوراق گر چکے ہین۔ یہ حضرت علیؓ کے ہاتھ کا لکھا ہوا ہے۔ امام حسنؓ کے خاندان مین یہ مصحف باپ سے بیٹے کو منتقل ہوتا رہا ہے۔ اس جلد کی سورتون کی تفصیل حسب ذیل ہے"۔

اس عبارت کے بعد حسب ذیل نوٹ ہے کہ :۔

"افسوس۔ ہزار افسوس کہ الندیم مین کوئی فہرست درج نہین ہے۔ بلکہ ایک صفحہ مُعرّا ہے۔ اور اسکے بعد دوسرا صفحہ شروع ہے"۔

الندیم کا بیان ہے کہ :۔

"خلافتِ صدیقؓ کے بعد تین دن مین حضرت علیؓ نے اس کو مرتب کیا"۔

اِس بیان سے ظاہر ہوتا ہے کہ حضرت علیؓ نے اپنے حافظہ کے لحاظ سے تین دن مین (۱۱۴) سورتون کے ترتیب نزول کی فہرست مرتب فرمالی ہوگی۔ ورنہ اس قدر قلیل عرصہ مین تمام قرآن کا لکھ لیا جانا۔ وہ بھی کاغذ پر نہین۔ بلکہ چمڑے۔ ہڈیون۔ یا پتھر کی تختیون پر کسطرح ممکن ہوسکتا ہے۔ غور طلب ہے۔ اِس مین شک نہین کہ ۔۔ حضرت علیؓ جو آغازِ رسالت ہی سے آنحضرت صلعم کے ساتھ رہے۔ ہر آیت کے شانِ نزول و ترتیب نزول سے اچھی طرح واقف تھے۔

اِس خیال کی تائید اِس واقعہ سے بھی ہوسکتی ہے کہ جمع القرآن کے موقع پر حضرت علیؓ نے کوئی قرآن اپنا مُرتّب پیش نہین کیا۔ اور نہ حضرت عثمانؓ کے زمانہ مین ترتیب کے موقع پر۔ ظاہر ہے کہ اگر وہ قرآن کو بلحاظ ترتیب نزولِ وحی آنحضرت صلعم کے وصال کے بعد مکمل طور پر مرتب کر چکے ہوتے۔ تو ضرور وہ ان دو مواقع پر پیش ہوتا ۔۔ اور اسکا ذکر روایات مین آتا۔ لیکن کسی ضعیف سے ضعیف روایت مین بھی اسکا ذکر موجود نہین ہے۔ بلکہ فرقۂ امامیہ نے بھی کہین اسکا ذکر نہین کیا ہے ۔۔ اِن حالات کے مدِ نظر میری یہ رائے قابلِ غور ہو جاتی ہے کہ ۔۔ حضرت علیؓ نے غالباً

---

[1] بعض لوگون کا خیال ہے کہ سات حرفون پر سات قراءت ہوتے ہین۔ یہ غلط ہے۔ حدیث مین جو سات حرفون کا ذکر ہے وہ "سبع قراءت" سے غیر متعلق ہے ۔۔ مزید تفصیل کیلئے دیکھو کشاف الہدیٰ صفحہ (۱۶۲)۔

ترتیبِ نزول کے لحاظ سے صرف فہرستِ سور کی تکمیل کی ہوگی۔

دوسرے محقق حضرت عبداللہ ابن عباسؓ۔

اس سلسلہ کی دوسری کڑی حضرت عبداللہ ابن عباسؓ ہین[1]۔ جن سے سلسلۂ نزولِ وحی کے اسناد ملتے ہین۔ اور ان ہی سے سلسلۂ نزولِ آیات وسور کا پتہ چلتا ہے۔ اور بعض رکوع کے الحاق وشانِ نزول کے اسناد بھی ملتے ہین۔ پس عبداللہ ابن عباسؓ کو ترتیب سلسلۂ نزول قرآنِ حکیم کا سرچشمہ کہا جائے تو بے محل نہ ہوگا۔

تیسرے محقق

اس سلسلہ کی تیسری کڑی حضرت حسین ابی الحسنؓ وعکرمہؓ ہین۔ چونکہ حضرت عکرمہؓ عبداللہ ابن عباسؓ کے مولیٰ تھے۔ اسلئے جب ہم اس تیسری کڑی کے ترتیب سور پر غور کرتے ہین تو عبداللہ ابن عباسؓ کی روشنی کا زیادہ عکس نظر آتا ہے۔ یا بہ قول اجمل خان صاحب:۔

"ان تینون کی تحقیق مین حضرت علیؓ کی ترتیبِ سور کی روح کار فرما ہے"۔

چوتھے محقق

چوتھے محقق جابر بن زیدؒ تابعی ہین۔

پانچوین محقق

محمد بن نعمان بن بشیر کا ذکر "الفہرست" مین ندیم نے کیا ہے۔ یہ پانچ محقق دورِ اول کے ہین جنکا پتہ روایت مین ملتا ہے۔ جو بہت ہی جزوی اختلاف کے ساتھ نمایان ہین۔

نامسلمان محققین

چودھوین صدی ہجری مین عیسائی محققین نے اپنی عمرون کا بڑا حصہ اس تحقیق مین لگا کر بہت کچھ مواد فراہم کیا۔ جن کی تعداد سات آٹھ تک پہنچ چکی ہے[2]۔

چودھوین صدی کے مسلم محققین۔

چودھوین صدی یعنی۔ ایک ہزار سال سے زاید سکوت کے بعد اس بے بہا خزانہ کے متلاشی چند مسلم محققین۔ جو اعلیٰ تعلیم یافتہ ہین۔ اس فرض کی تکمیل کیلئے ہم کو کمربستہ نظر آتے ہین۔ جن مین سب سے پہلے سیٹھ یعقوب حسن مدراسی (مرحوم) ہین۔ جنھون نے جیل خانہ کی تنگ وتاریک کوٹھری مین ۱۳۳۰ھ مین اس روشنی کو پایا۔ اور باہر نکلے تو "کتاب الہدیٰ" و "کشاف الہدیٰ" کی شمعین لے کر نکلے۔ افسوس کہ "کشاف الہدیٰ" تو شایع ہوگئی۔ لیکن "کتاب الہدیٰ" کا ایک حصہ شایع ہوا تھا کہ مولف نے داعیِ اجل کو لبیک کہا۔

مرزا ابوالفضل بن فیاض علی۔ مولف "غریب القرآن" نے بھی بزبانِ انگریزی ریسرچ کیا تھا جس کا مسودہ طبع نہ ہوسکا۔ فہرست سلسلۂ نزول کے لحاظ سے معلوم ہوتا ہے کہ ان کی تحقیق کا ماخذ زیادہ تر راڈویل ہی کی تحقیق ہے۔

مصری ترتیب

ایک مصری فہرست کا بھی پتہ ملا ہے۔ لیکن اسکے مولف سے افسوس ہے کہ مین بے خبر ہون۔ البتہ بحوالۂ فہرست۔ مرتبۂ محترم میر ولایت علی صاحب اسکو مین نے شریکِ چارٹ کردیا ہے۔

ہاشم امیر علی۔ اس تحقیق کے متعلق میرے مطالعہ مین کوئی خاص مواد نہین آیا۔

---

[1] حضرت عبداللہ ابن عباسؓ۔ اس زمانہ مین پیدا ہوئے جب کہ قریش نے بنی ہاشم۔ اور بنی مطلب کا بائیکاٹ کیا تھا۔ یہ زمانہ شعبِ نبوی کا تھا۔ آپکی پیدائش سنہ نبوی مین ہوئی۔ گویا ہجرت سے تین سال قبل۔ آنحضرت صلعم کے وصال کے وقت آپکی عمر (۱۳) سال تھی۔ سنہ ۶۸ھ بمقام طائف انتقال کیا۔ آنحضرت صلعم نے علمِ قرآن عبداللہ ابن عباسؓ کو عطا ہونیکے لئے کئی بار دعا فرمائی تھی۔

[2] ہمارے لئے عبرت کا مقام ہے کہ ہمارے فرض کو دوسرون نے اپنا لیا۔

زمانۂ موجودہ کا ایک محقق

علامہ محمد اجمل خان ایم۔ اے نے ۱۹۳۰ء سے بالکل جدید بنیادون پر ترتیب نزولِ قرآنِ مجید کا کام شروع کیا۔ اور اسی روشنی مین وہ سیرۃ محمد صلعم مرتب کر چکے ہین۔ جس کی اشاعت دھیرے دھیرے ہو رہی ہے۔

(علامہ محمد اجمل خان۔ نہ صرف عربی کے ایم۔ اے ہین۔ بلکہ علامہ عبید اللہ سندھیؒ۔ اور علامہ ابوالکلام آزاد جیسی ہستیون کے فیضِ صحبت سے استفادہ حاصل کر چکے ہین۔ اور اس فرض کی تکمیل کیلئے (۲۳) سال سے اپنے کو وقف کر دیا ہے۔)

مین جب کبھی ان کے "ترتیب نزولِ قرآن مجید" پر غور کرتا ہون تو یہ معلوم ہوتا ہے کہ اس غواص نے ساڑھے تیرہ سو سالہ گہرے سمندر مین غوطہ لگا کر کس طرح دُر ہائے بے بہا کو جمع کیا ہے۔ اب یہ ہر جوہری کا کام ہے کہ وہ ان سچے موتیون کو اپنے خزانۂ عقل و فہم مین محفوظ کرنے کی کوشش کرے۔ اور مصنوعی کنکرون کے بجائے ان اصلی جواہر ریزون سے اپنے عقل و فہم کو منور کر لے۔ اور ان کو سنگِ میل قرار دے کر خود بھی اس منزل مین قدم بڑھاتا چلا جائے۔ شاید قدرت اسکے لئے اس سے بہتر جواہر مہیا کر دے۔

بہر حال۔ ہر مسلم نوجوان اعلیٰ تعلیم یافتہ سے قرآن۔ حقیقی تدبر و فہم قرآن ازم کا طالب ہے۔

اب مین علامہ اجمل خان کے رسالۂ "ترتیب نزولِ قرآن مجید" کا اقتباس ہدیۂ ناظرین کرتا ہون جس سے ان کی تحقیق کی بنیادون کا نقشہ واضح ہو کر ان کے کام کی اہمیت کو ظاہر کر دے گا۔ جو میرے ترتیب نزولِ وحی کی بنیاد ہے۔

مخفی مبادکہ۔ مین اس تحقیق کو حرفِ آخر نہین سمجھتا۔ بلکہ اس کو سنگِ میل سمجھتا ہون کہ شاید ان نکات پر نوجوان اعلیٰ تعلیم یافتہ آگے بڑھنے کی کوشش کر کے اس سے بہتر جواہرات دُنیا کے سامنے پیش کرین۔

اقتباس از ترتیب نزول قرآن مجید

مولفۂ علامہ محمد اجمل خان ایم۔ اے

سورتون کی جو ترتیب موجودہ مخطوطہ و مطبوعہ قرآنون مین ہے۔ وہ تاریخی نہین ہے۔ اور نہ یہ کہا جا سکتا ہے کہ یہ ترتیب خود آنحضرت صلعم کی دی ہوئی ہے۔

محدثین مین اس بات پر اختلاف ہے۔ بعض تو کہتے ہین کہ۔ قرآن کی مختلف سورتون کی ترتیب رسول اللہ کی بتلائی ہوئی ہے۔ لیکن محدثین کی کثیر تعداد کی رائے ہے کہ موجودہ ترتیبِ قرآن صحابہؓ کے اجتہاد پر مبنی ہے[1]۔

قرآنِ حکیم۔ خلفائے راشدینؓ کے زمانہ مین جمع ہوا۔ اور شایع کر دیا گیا۔ ۸۸ھ ہجری تک جملہ اصحابِ رسولؐ وفات پا چکے تھے۔ یعنی جنھون نے واقعی طور پر۔ قرآن کو رسول اللہ صلعم سے سُنا۔ اور سمجھا تھا۔ وہ باقی نہ رہے۔ جسکی وجہ اہلِ علم کی جماعت پیدا ہو گئی۔ اور اس نے تہیہ کر لیا کہ۔ اس خدائی پیغام کو۔ جو محمدِ عربی صلعم کے ذریعہ

---

[1] ۔ اقتباس صفحہ (۸)۔

تمام بنی نوعِ انسان کو بھیجا گیا ہے۔ ہم سمجھ کر رہین گے۔

خلیفہ عمر بن عبدالعزیز نے احادیث و اخبارِ نبوی کو جمع کرنے کا حکم دیا۔ کیونکہ ابھی زمانہ تھا کہ ایک راوی سے دوسرے راوی تک زبانی حدیث بیان ہو رہی تھی۔ احادیث کا تحریر مین آنا ایک مشہور حدیث کے تحت تھا کہ آنحضرت صلعم نے حکم دیا تھا کہ :۔ "مجھ سے سوائے قرآن کے کچھ نہ لکھو۔ تاکہ احادیث اور قرآن کے مسودون مین خلط ملط نہ ہو"۔ یہ زمانہ عمر بن عبدالعزیز المخاطب "عمر ثانی" کی خلافت کا سنہ ۹۹ و ۱۰۱ھ ہے۔ جنھون نے علومِ قرآنیہ کو از سرِ نو زندہ کر دیا۔ خصوصاً۔ احادیث و مغازی کا بہت چرچا اسی زمانہ مین ہوا۔ اور عباسی دور مین احادیث کا مطالعہ اپنے کمال کو پہنچ گیا تھا۔ لہذا ہم بلا شبہ یہ دعوی کر سکتے ہین کہ پہلے چار خلفائے راشدینؓ کے زمانہ مین قرآن کی تفسیر کی کوئی ضرورت ہی نہ تھی۔ ان کے جملہ اعمال ملکی و خانگی۔ قرآن و سنت کی روشنی مین چلتے تھے۔ اسلئے ان کی مجموعی زندگی۔ یا سوانح حیات پر بہ نسبت ان کی مروی احادیث کے زیادہ توجہ دینا۔ اور سمجھنا بہتر ہوگا۔ کہ۔ ان کی زندگیان اور ان کے اعمال سب قرآن اور سنت کی عملی تفسیر تھے۔

لیکن۔ بعد کے زمانہ مین تفسیر کیلئے احادیث کو زیادہ اہم سمجھا جانے لگا۔ (اس سلسلہ مین متقدمین اسلام اور مغربی مورخین نے ترتیب نزولِ قرآنی کے لئے کیا کیا۔ اس پر سیر حاصل بحث کو دیکھنے کے لئے ــــ رسالۂ "ترتیب نزولِ قرآن مجید" مولفۂ علامہ محمد اجمل خان کو ملاحظہ کیجئے۔ جس کو پڑھنے کے بعد معلوم ہوگا کہ محقق نے تلاش کی کونسی راہ اختیار کی ــ اور خان صاحب موصوف کے اجتہاد (ریسرچ) کے اصول کیا ہین۔ اور وہ کس حد تک صحیح اصول پر مبنی ہین ــ م)۔

ترتیب تنزیلی کے تاریخی اصول۔

متذکرۂ صدر اصولون کو سامنے رکھکر ہم پورے قرآن کی سورتون کو مکی ــ اور مدنی سورتون مین تقسیم کر سکتے ہین ــ لیکن تاریخی ترتیب نزول مشکل ہو جاتی ہے ــ کیونکہ تاریخی اشارات مکی سورتون مین بہت کم ملتے ہین۔ البتہ مدنی سورتون کی تنزیلی ترتیب مین اتنی مشکل نہین ہے۔ ان مین ہم کو تاریخی اشارات پائے جاتے ہین۔ جس کی وجہ تنزیل کا قطعی زمانہ متعین کیا جا سکتا ہے۔ لہذا قرآن کے مختلف رکوعون اور سورتون کے مخصوص زمانۂ نزول کو متعین کرنیکے لئے ہم مندرجہ ذیل اصول سے مدد لے سکتے ہین۔ جس سے صحیح اور یقینی نتائج ظاہر ہون گے :ــ

(۱) اصولِ ارتقاء

تاریخ اور حدیث سے ظاہر ہے کہ قوم کی اصلاح۔ تعقل و تفکر کیلئے سب سے پہلے چھوٹی چھوٹی سورتین نازل ہوئین۔ جن مین اخلاقی حقایق کو بار بار دہرایا گیا ہے کہ لوگون کے دلون مین وہ اچھی طرح سمو جائین۔ اور ان کے ذہن ان کو قبول کر لین ــ اس طرح جب ہم قرآن پر نظر ڈالین گے تو ہمین معلوم ہوگا کہ بہت سی سورتین نہایت سادہ خیالات سے شروع ہو کر پھر رفتہ رفتہ یہ سبق مفصل و مشرح ہوتا جاتا ہے یعنی۔ ابتدائی تعلیم کے بنیادی اینٹ رفتہ رفتہ عظیم الشان عمارت کی صورت اختیار کر لیتے ہین[1]۔

---

[1] جسطرح ابتدائی تعلیم کیلئے "الف بے" ہر بچہ۔ یا بالغ کو پڑھنا لازمی ہے۔ تاکہ بتدریج اسکے ذہن مین حروف کی آواز آجائے! اور پھر حروف سے الفاظ! اور الفاظ سے جملے وہ بنا سکے! اسی طرح قرآن نے سب سے پہلے اخلاق و اطوار کے سنوارنے سے ابتدا کی۔ جو عین فطرت اللہ کے تحت تھی! اور بغیر انفرادی اصلاح کردار کے بغیر کوئی صالح معاشرہ بن ہی نہین سکتا! اصلاح کی کوشش ایک ہزار سال سے جاری ہے۔ مگر کامیابی کا کوئی گوشہ بھی نظر نہین آتا۔ (م)۔

(۲) دوسرا اصول ادبی

اگر آپ کوئی بھی کتاب سامنے رکھکر اسکا تجزیہ کرین تو آپ کو یہ بات صاف نظر آئیگی کہ ابتدائی جو طرز بیان اسکا ہے۔ مابعد تحریر مین الفاظ اس کثرت سے استعمال نہین ہو رہے ہین جو پہلے استعمال ہوئے تھے۔ اسی اصول کے تحت قرآن حکیم کے آیات نمایان ہین۔ جن کو مختلف عرب محدثین و مفسرین نے کتاب اللہ مین پایا ہے۔ لہذا اس بناء پر وحی کے مختلف دور قایم کئے گئے۔ اور آج بھی قایم کئے جاسکتے ہین۔ اور ہر دور کے الفاظ۔ اور انداز بیان مین فرق کیا جاسکتا ہے (یعنی اس طرح سلسلۂ نزول کے معلوم کرنے مین ایک محقق اپنے لئے راہ جستجو اور تلاش کو صحیح طور پر پہچان کر منزل مقصود جا پہنچتا ہے (خانصاحب نے اسی کو اپنی تلاش سلسلۂ نزول کا دوسرا اصول قرار دیا ہے)۔

(۳) تیسرا اصول تاریخ پس منظر اسلام و اسلام

آنحضرت صلعم کے حیات طیبہ کے بڑے بڑے چند تاریخی حصون پر غور کیا جائے تو مندرجۂ بالا اصولون کے لحاظ سے جو ترتیب سور قرار پاتی ہے۔ اسکا مقابلہ اگر ایک معمولی سمجھ والا بھی کرے تو آسانی سے سمجھ سکے گا کہ ہمارے نتائج تحقیق کس قدر واضح اور معقول ہین۔ چنانچہ ذیل مین ہمارے ترتیب تنزیلی کے اصول پر غور کیجئے تو معلوم ہوگا کہ وہ بالکل فطری اور حقیقت پر مبنی ہین۔ (اقتباس صفحہ ۴۹ و ۵۰ ترتیب نزول قرآن مجید)۔ اقتباس ختم

حضرت شاہ صاحب کے پلائے ہوئے سنگ میل

حضرت شاہ ولی اللہ محدث دہلوی۔ جو اپنے وقت کے نہ صرف امام بلکہ مجدد بھی تھے۔ فصل (۵۶) حجۃ اللہ البالغہ مین "حقیقت النبوۃ و خواصہا" کے عنوان سے جو کچھ تحریر فرمایا ہے۔ اسی روشنی مین آنحضرت صلعم کے حیات حسنہ کے (۸) ادوار قرار دیکر علامہ محمد اجمل خان صاحب نے اپنی تحقیق اور اجتہاد ترتیب نزول کی بنیادون کو مستحکم کیا ہے (ملاحظہ ہو صفحہ ۵۲ تا ۵۴ کتاب ترتیب نزول)۔

(اقتباس ختم)

کیا چودھوین صدی مین سلسلۂ نزول وحی پر کوئی تحقیق ہو سکتی ہے؟

اب ہم کو غور کرنا ہے کہ کیا ساڑھے تیرہ سو سال کے بعد آج کسی مسلمان۔ یا انسان کو ایسا حق ہے کہ وہ ترتیب نزول قرآنی کی تحقیق کیلئے (ان اصحاب کے مقابل جو قرن اول مین گذر چکے ہین۔ اور جنھون نے اس خصوص مین حقیقت معلوم کرنے کے عجز کا اعتراف ایمان دارانہ طریقہ پر کر لیا ہو) کھڑا ہو کر اپنی خداداد نعمتون کو ظاہر کرنے کا حق بتلائے؟

لیکن جب ہم حضرات فقہاء و محدثین اور مجتہدین کی تاریخ پر نظر ڈالتے ہین۔ اور قرآن اور حدیث کی روشنی مین اس کو جانچتے ہین تو یقین ہو جاتا ہے کہ نہ صرف آج بلکہ قیامت تک بھی ایسا حق متلاشیان حق کے لئے باقی ہے۔ جب کبھی ترقی زمانہ کی رفتار ایک بلند زینہ سے دوسرے بلند زینہ پر پہنچ جائے تو اسوقت کی سہولتون سے استفادہ حاصل کرنا ہی عین فریضۂ انسانیت ہے۔ اور اسکے خلاف تافوت کی بندگی جسکو تقلید جامد کہا جاتا ہے۔

کیا کوئی اس بات سے انکار کر سکتا ہے کہ۔ آج کے زمانہ مین جس قدر سہولتین "سیروا فی الارض و فی السماء" یعنی زمین و آسمان کی سیرون کیلئے مہیا ہین۔ اور قرآن۔ تفسیر۔ حدیث۔ سیر الہیات۔ وغیرہ وغیرہ ہر قسم کے علوم کے خزانون سے مالا مال خزانے کتب خانون کی شکل مین موجود ہین جن سے استفادہ کا ہر متلاشی مستحق قرار دیا گیا ہے اور پھر جب کہ زمین اپنے تاریخی خزانون کو اگل رہی ہے۔ اور آسمان سے رحمت کی لگاتار بارش ہو رہی ہے۔ اس روشنی مین کوئی۔ عربی۔ فارسی۔ سنسکرت۔ انگریزی وغیرہ کی زبانون پر عبور کامل رکھنے والا اپنی عمر کا بڑا حصہ

ایمان دارانہ طریقہ پر اس کام کیلئے وقف کردے۔ اور اپنے عقل وفہم اور قوتِ فیصلہ کو کام میں لاکر ایک نتیجہ پر پہنچ جائے اور اس کو عوام کے سامنے رکھے۔ تو ہم محض اپنی اندھی تقلید۔ اور اپنے غلط تصورات میں اس کو موردِ الزام قرار دیکر حق وصداقت کی روشنی سے انکار کرنے میں حق بجانب ہوسکتے ہیں؟۔

گر نہ بیند بروز شپرہ چشم چشمۂ آفتاب راچہ گناہ!

یقیناً ہر صاحبِ فہم انسان اس تصورِ انسانیت کے لئے اللہ تعالیٰ۔ قرآنِ حکیم۔ اور رسول اللہ صلعم کے سامنے بروزِ حشر جوابدہی پر مجبور کیا جائیگا۔ اس بیانِ حق پر غور کرنے کیلئے کہ۔ ہمارے سلف الصالحین نے ہر زمانہ کی رفتارِ ترقی سے کس طرح استفادہ کیا۔ حضرت شاہ صاحبؒ کے تصانیف کا مطالعہ ضروری ہے۔[1] اس موقعہ پر اگر میں حضرت امام بخاریؒ۔ اور حضرت امام شافعیؒ کے متعلق ایک روایت بیان کروں تو بے محل نہوگا کہ:

"ایک مردِ بزرگ نے خواب میں دیکھا کہ آنحضرت صلعم اس سے مخاطب ہوکر فرمارہے ہیں کہ:۔
"لوگوں کو کیا ہوا ہے کہ میری کتاب چھوڑ کر امام شافعی کی کتاب پڑھتے ہیں؟"۔ اس بزرگ نے عرض کیا کہ:۔ "یارسول اللہ! آپؐ کی کتاب کونسی ہے؟"۔ تو آنحضرت صلعم نے فرمایا کہ:۔
"صحیح بخاری!"۔

بھلا غور تو فرمائیے کہ اس کتاب کی شہرت اور عظمت کا کیا عالم تھا۔ قرآن کے بعد کسی کتاب کا نام لیا جاتا ہے تو وہ "صحیح بخاری" ہے۔ اس روایت کے بعد کسی کی مجال تھی کہ وہ حدیث یا فقہ میں ایک قدم بھی آگے بڑھاتا۔ لیکن۔ کیا ایسا ہی ہوا؟۔ نہیں!۔ بلکہ نہ صرف امام مسلمؒ وامام داؤدؒ و امام ترمذیؒ وغیرہ نے اپنی اپنی تحقیق کو برابر جاری رکھا۔ اور تقلیدِ شخصی وجمود سے دور رہ کر اپنی اپنی خداداد قابلیت علم وغور وفکر سے کام لیتے ہوئے اپنے اپنے دفتر اوراق پر اپنے اخلاف کیلئے چھوڑے۔ اللہ تعالیٰ ان سب پر اپنی رحمت نازل فرمائے۔

ظاہر ہے کہ۔ ہر متلاشیٔ حق۔ جو اندھی تقلید سے بیزار ہو۔ وہ اپنی ذہنی غلامی سے آزاد ہوکر اپنی خداداد قوت غور وفکر۔ اور علومِ محصلہ سے آگے بڑھے تو کیا عجب کہ وہ اپنے اپنے ذوقِ فکر کے لحاظ سے اپنے زمانہ کا ایک درخشاں سیارہ بن کر "قرآن ازم" کی روشنی سے کرۂ زمین کو منور کردے۔ بشرطیکہ خود غرضی اور

---

[1]۔ اگر آپ شاہ صاحبؒ کی کتاب اختلافی مسایل میں اعتدال کی راہ کو پڑھیں تو معلوم ہوگا کہ کسطرح امام مالکؒ سے امام حنبلؒ تک اور امام بخاریؒ سے امام ترمذیؒ و رازیؒ و غزالیؒ تک ایک دوسرے کی تحقیق سے استفادہ حاصل کرتے ہوئے اپنی قوتِ غور وفکر کو تقلیدِ جامد کا شکار نہونے دیا۔ اور یہ سمجھتے ہوئے برابر آگے بڑھتے ہی گئے کہ۔ انسان۔ جو اشرف المخلوقات ہے۔ اُسکا دماغی ارتقاء ہمیشہ بلند سے بالاتر ہی ہوتا جائیگا۔ انھوں نے کبھی بھی یہ خیال نہ کیا کہ۔ جو کچھ اسلاف نے کہا وہ اخلاف کیلئے "حرفِ آخر" تھا۔ بلکہ وہ یہ سمجھتے رہے کہ۔ اسلاف کے اکتساب سے آگے بڑھنا ہی اخلاف کا "رشد" ہے۔ جسکے لئے ماحول زمانہ "کل یوم ھو فی شان" کے تحت خالقِ کون ومکان کے "رازہائے تخلیق" زیادہ سے زیادہ اور آسان سے آسان۔ واضح سے واضح طریقہ پر۔ مشاہدات کی دنیا میں فراہم کرتا رہے چنانچہ اس میں اضافہ ہی اضافہ نظر آرہا ہے۔ جسکا ثبوت ہر صاحبِ غور وفکر انسان کو اللہ تعالیٰ کی کھلی نشانیاں ہر آن وہر لحظہ دے رہی ہیں۔ باوجود اسکے کوئی اپنی آزادیٔ ذہن وغور وفکر کا منکر ہے۔ تو قرآنِ حکیم کا فیصلہ موجود ہے کہ:۔ "وہ ظالموں میں ہے۔ اور خدا کبھی ظالموں کیلئے راہِ ہدایت نہیں کھولتا"۔ "واللہ لا یھدی القوم الظلمین"۔

انانیت وطلب شہرت سے ہٹ کر ایمان دارانہ فرضِ انسانیت کی ادائی اسکے پیش نظر ہو۔ یقیناً ایسے ہی لوگون کیلئے اللہ تعالیٰ کا فضل مختص ہے۔ اور ایسون ہی پر وہ اپنا فضل پر فضل کرتا ہے۔ اسکا یہ وعدہ اٹل ہے۔

میرا فکر و فہم

اور

علامہ ابوالاعلیٰ مودودی

اس مرتبہ جب کہ "قرآن ازم" کی اشاعت ثانی ہو رہی ہے۔ میرے زیر مطالعہ "تفہیم القرآن" علامہ مودودی کا دیباچہ اور مقدمہ آچکا ہے۔ جسکا اقتباس حسب ذیل ثواب" (یعنی "فایدے") کے تحت پیش کر رہا ہون:۔

(۱) میرے فکر و فہم کی تائید علامہ موصوف کے فکر و نظر سے کس حد تک منطبق ہو سکتی ہے۔ اس کا اندازہ ناظرین کو ہو جائیگا۔

(۲) اس کتاب کے ناظرین۔ علامہ موصوف کے "تفہیم القرآن" سے متعارف ہو کر اسکے مطالعہ سے فہم قرآن حاصل کرنے کی کوشش کرین گے۔

(۳) میرا فکر و فہم پڑھنے کے بعد ہر حاملِ قرآن اللہ تعالیٰ کا فضل عظیم حاصل کرنیکی طرف راغب ہوگا۔ بدین خیال کہ جب ایک امی کو اللہ کے فضل و کرم سے "فہم قرآن کی نعمت" اس طرح مل سکتی ہے کہ وہ ایک علامہ کی وسیع النظری سے مطابقت پائے۔ تو کیون مین بھی "تقلیدِ جامد" کی غلامی سے آزادی حاصل کر کے اپنے فکر سے فہم قرآنی کی نعمتِ عظمیٰ حاصل نہ کرون!

خدا کرے کہ میرا یہ تیسرا تصور صحیح معنیٰ مین نوجوان تعلیم یافتہ طبقہ کے فکر و خرد کیلئے ایک لیور کی حرکت کے مصداق بن جائے۔

جوانون کو میری آہِ سحر دے — پھر ان شاہین بچون کو بال و پر دے
خدایا! آرزو میری یہی ہے — مرا نورِ بصیرت عام کر دے (اقبال)

اقتباس دیباچہ تفہیم القرآن

از

علامہ ابوالاعلیٰ مودودی[1]

قرآنِ حکیم کے تراجم و تفاسیر پر زبانِ اردو مین اتنا کام ہو چکا ہے کہ اب کسی شخص کو محض خیر و برکت کے لئے مزید اس پر وقت ضایع کرنا صحیح نہ ہوگا۔

البتہ طالبینِ قرآن کی ایسی ضرورت کو پورا کرنا۔ جو گذشتہ تراجم و تفاسیر سے پوری نہ ہو سکی احسن ہوگا۔ ان صفحات مین ترجمانی اور تفہیم کی جو سعی کی گئی ہے۔ وہ اسی بنا پر ہے۔ کیونکہ ایک مدت سے مین محسوس کر رہا تھا کہ

(۱ صفحہ ۶۰ دیر)

ہمارے تعلیم یافتہ طبقہ کو قرآنِ حکیم کے حقیقی منشاء سے روشناس کرانے کی شدید ضرورت ہے۔ اور وہ روز بروز بڑھتی چلی جارہی ہے۔ لہٰذا اس تشنگی کے بجھانے کیلئے اگر مین کچھ کرسکون تو بہتر ہوگا۔

میرے اس کام کے پیشِ نظر علماء و محققین کی ضروریات نہین ہین۔ جن کے لئے بہت کچھ سامان پہلے ہی سے موجود ہے — مین تو ان لوگون کی خدمت کرنا چاہتا ہون جو عربی سے محروم ہین۔ میرا مقصد تو یہ ہے کہ قرآن پڑھتے وقت اسکا مفہوم اور مدعا آسانی سے سمجھ مین آتا جائے اور کوئی اُلجھن نہ پیدا ہو۔ (صفحہ ۵)۔

اس کتاب مین ترجمہ کے طریقہ کو چھوڑ کر آزاد ترجمانی کا طریقہ اختیار کیا گیا ہے۔ کیونکہ ترجمۂ قرآن کی خدمت تو بہت سے لوگ کر چکے ہین۔ لیکن طالبین قرآن کی ضرورتین اس سے پوری نہین ہوتین۔ اسلئے کہ وہ لفظی ترجمہ سے کوئی اثر قبول ہی نہین کرسکتے جس کا ثبوت یہ ہے کہ آپ کسی بہتر سے بہتر مضمون کو لیکر اسکے فقرے الگ الگ کردیجئے جس کے بعد اس کا ربط ہی باقی نہین رہے گا۔ ایسے جُدا جُدا فقرے آپ کے فکر کو کسی طرح متاثر نہین کرسکتے۔

ایک بڑی وجہ یہ بھی ہے کہ قرآن کا طرز تقریری ہے نہ کہ تحریری — تقریر کو تحریر مین منتقل کرتے وقت جب تک تحریر کے طریقہ پر وہ نہ بدلا جائے اور صرف اس کا لفظی ترجمہ کردیا جائے تو ساری عبارت غیر مربوط اور ناقابلِ فہم ہوکر رہ جائے گی۔ (صفحہ ۶)۔

(صفحہ ۷ و ۸ و ۹) یہ تو ظاہر ہے کہ قرآنِ حکیم ابتداء مین کتاب یا رسایل کی صورت مین شایع نہین ہوا تھا۔ بلکہ تبلیغ اسلام کے سلسلہ مین وہ وقتاً فوقتاً حسب موقع و ضرورت بصورت تقریر وحی الٰہی نازل ہوتا رہا۔ اور آپ اس کو بذریعۂ خطاب مخاطبین کو سناتے رہے — چونکہ تقریر اور تحریر کی زبان مین بہت بڑا فرق ہوتا ہے۔ ایسی حالت مین (ایک زبان کی) تقریر کو (دوسری زبان مین) پیش کرنے کیلئے تحریری زبان کا اختیار کرنا لازمی ہوگا۔ اسکے سوا کوئی چارہ نہین — کیونکہ تقریر مین مخاطب بار بار بدلتے ہین۔ اور خود متکلم کبھی خود بولتا ہے۔ اور کبھی گروہ کی طرف سے بولتا ہے۔ کبھی کسی بالائی طاقت کی طرف سے بولتا ہے تو کبھی بالائی طاقت اس کی زیادہ سے زیادہ بولتی ہے[1]۔

چونکہ قرآن حکیم کی ہر سورۃ ایک تقریری دعوتِ اسلام کیلئے تھی۔ جس کا ایک خاص پس منظر ہوتا تھا۔ کچھ مخصوص حالات۔ اور کچھ خاص ضرورتین جس کیلئے وحیِ الٰہی نازل ہوتی تھی۔ ایسی حالت مین مجرد الفاظ کا ترجمہ کسی کے سامنے رکھ دیا جائے تو کبھی بھی صحیح مفہوم واضح نہین ہوسکتا۔ عربی زبان کے قرآن کے معاملہ مین تو تفسیر سے مدد لیجاکر اس مشکل کو دُور کیا جاسکتا ہے۔ کیونکہ جس زبان مین قرآن نازل ہوا ہے اس کی اصل زبان مین کوئی اضافہ نہین کیا جاسکتا۔ لیکن دوسری زبان مین ہم بصورت ترجمانی (یا تفہیم) اس کے پس منظر اور حالاتِ نزول کو ساتھ ساتھ جوڑتے چلے جائین تو ناظر کیلئے وہ بامعنی اور قابلِ فہم

---

(۱) حاشیہ صفحہ ۵۹) میرا یہ اقتباس علامہ موصوف کے فکر و نظر کی نقل نہین ہے۔ بلکہ مین نے نہایت اختصار کے ساتھ اس کے فکر و نظر کا خلاصہ کیا ہے۔ البتہ براکٹ مین یا فٹ نوٹ مین جو کچھ لکھا گیا ہے وہ میرا ذاتی فکر و فہم ہے جسکو علامہ کی اصل تحریر سے کوئی تعلق نہین ہے۔

[1] اس فکر و نظر پر سوچ بوجھ کی ضرورت ہے۔ تاکہ نزولِ قرآنی کی حقیقت آپکی سمجھ مین آجائے۔ براہ کرم تقلیدِ جامد کی عینک فکر و فہم کی آنکھون سے ہٹا کر پڑھئے تو ان چند سطور کے اطراف ہی نہ صرف علامہ موصوف کا بلکہ میرا فہم اور قرآن از آپکو گفتگو متاہو نظر آئیگا پھر صحیح معنی مین آپکا فکر آپکو فہم قرآن عطا کریگا۔

ہوسکتا ہے۔ (صفحہ ۹ تا ۱۰)۔

محاورے پھر قرآن نے ایسے محاورون کا بکثرت استعمال کیا ہے جس کا مطلب لغتی معنیٰ سے بالکل جداگانہ ہے ــ ایسی حالت مین لفظی ترجمہ اصل مفہوم کے حاصل کرنے کیلئے ناممکن ہو جاتا ہے۔ اور ناظر الجھن اور غلط فہمی کا شکار ہو جاتا ہے ــ مثلاً لفظ "کفر" ہی کو لے لیجئے۔ جو قرآن کی اصطلاح ــ اصلی عربی لغت اور ہمارے فقہاء و متکلمین کے اصطلاح (اور عوام کی اصطلاح) مین مختلف معنیٰ (منشاء و مفہوم) رکھتا ہے۔ پھر خود قرآن مین بھی تو وہ ہر جگہ ایک ہی معنیٰ مین استعمال ہوتا ہوا نظر نہین آتا ــ کہین اس سے مراد مکمل غیر ایمانی حالت ہے۔ کہین بحر و انکار ــ کہین محض ناشکری اور احسان فراموشی کے مفہوم کو بتلاتا ہے۔ کہین مقتضیات ایمان کو پورا نہ کرنے کیلئے استعمال ہوا ہے۔ کہین اعتقادی اقرار۔ مگر عملی انکار یا نافرمانی کیلئے۔ لیکن ظاہری اطاعت۔ مگر باطنی بے اعتقادی کو کفر سے تعبیر کیا ہے ــ اگر ان تمام مقامات پر "کفر" کا ترجمہ "کفر" ہی کرتے چلے جائین تو بلاشبہ ترجمہ تو صحیح ہوگا۔ لیکن مطلب سے محرومی ہوتی رہے گی۔ (صفحہ ۱۰)۔

ترجمہ یا مفہوم کو کسطرح لکھا گیا ہے (صفحہ ۱۱)

لفظی ترجمہ کی اس کسر اور خامی کو مین نے پہلی مرتبہ دور کرنے کی کوشش کی ہے اس طرح کہ قرآن کی عبارت کو پڑھ کر جو مفہوم میری سمجھ مین سمن آیا ہے یا جو اثر میرے دل پر پڑتا ہے اس کو حتی الامکان اپنی زبان مین منتقل کر دیا ہون۔ اس طرح عربی مبین کی ترجمانی اردوئے مبین مین ہو کہ تقریر کا ربط فطری طریقے سے تحریر کی زبان مین ظاہر ہو جائے۔ اور کلام الٰہی کا مطلب و مدعا صاف صاف واضح ہونے کے ساتھ ساتھ اس کا شاہانہ وقار اور زورِ بیان بھی منعکس ہو جائے۔ جسکے لئے آزاد ترجمانی ناگزیر تھی[1] چونکہ معاملہ کلام الٰہی سے وابستہ ہے اسلئے اس بات کا پورا اہتمام کیا گیا ہے کہ قرآن کی اپنی عبارت جتنی آزادیٔ بیان کی گنجایش دیتی ہے اس سے تجاوز نہ ہونے پائے۔

حواشی (یعنی فٹ نوٹ) مین جس جگہ عام ناظر تشریح چاہتا ہے۔ یا اسکے ذہن مین کوئی سوال پیدا ہو سکتا ہے یا کسی شبہ مین مبتلا ہو سکتا ہے تو اس کو واضح کر دیا گیا ہے۔ پھر جہان ناظر کے سرسری طور پر گذر جانیکا امکان تھا جسکی وجہ قرآن حکیم کے ارشاد کی اصلی روح اُس پر واضح نہین ہو سکتی اور تشنگی کا اندیشہ تھا۔ وہان پر حاشیہ لکھا گیا ہے۔ (تاکہ اصل روح پر اس کا فکر غور کر کے سوجھ بوجھ سے نتیجہ اخذ کرے)۔ جو لوگ اس کتاب سے پورا فایدہ اُٹھانا چاہین۔ ان کو مین مشورہ دون گا کہ وہ پہلے اپنے روزمرہ کے مقررہ تلاوتِ قرآن حکیم کا لفظی ترجمہ اپنے زیرِ مطالعہ قرآن مین پڑھین۔ اس غرض کے لئے وہ فارسی۔ یا اردو۔ یا انگریزی تراجم سے جو ترجمہ بھی منتخب کر سکتے ہین کر لین۔ اسکے بعد تفہیم القرآن کی ترجمانی اور اسکے حواشی کا مطالعہ کرین جس کے بعد عام ناظر کو

---

[1] میرا آج سے چالیس سال پہلے کا فکر و فہم قرآنی۔ جو اللہ تعالیٰ کے فضل و کرم سے مجھ کو ملا تھا۔ علامہ کے اس فکر سے کس قدر مطابقت رکھتا ہے۔ ھذا من فضل ربی"۔ اسی لئے ۱۹۵۴ء مین۔ جب "قرآن ازم" کی ابتدائی اشاعت کا آغاز ہوا تو۔ ایسے الفاظ اور محاورون کو فہم قرآن حکیم کیلئے ضروری سمجھ کر بوضاحت تمام۔ اچھی دُنیا۔ سچی انسانیت رسایل مین شایع کرتا رہا ہون۔ اور آج اصل کتاب۔ یعنی "میرا فکر و فہم قرآنی" کے آغاز ہی مین۔ ان الفاظ کے معنی و مفہوم کو لکھ دیا ہون۔ تاکہ ناظر و طالب فہم قرآن حکیم کو مطالعہ کے وقت کوئی اُلجھن نہ پیدا ہو۔ اور آسانی سے منشاء وحی سمجھ مین آجائے۔ بزبان "اردوئے مبین" ہر اردو دان فہم حاصل کرے۔

قرآنِ مجید کی عالمانہ واقفیت نہ سہی۔ عامیانہ واقفیت انشاء اللہ تعالیٰ بخوبی حاصل ہو جائیگی[1]۔ (ص ۱۲ و ۱۱)۔

اقتباس مقدمہ تفہیم القرآن

از

علامہ ابوالاعلیٰ مودودی

"تفہیم القرآن" کا مقدمہ لکھنے سے میرے پیشِ نظر دو مقصد ہیں:۔ اولاً ناظران باتون سے اچھی طرح واقف ہو جائے جن کو ابتدا ہی مین سمجھ لینے سے فہمِ قرآنی کی راہ آسان ہو جائے گی۔ ورنہ یہ باتین دورانِ مطالعہ مین بار بار کھٹکتی رہین گی۔ اور بسا اوقات محض ان کی سمجھ مین نہ آنے سے آدمی برسون تک قرآنی معنیٰ کے سطح پر گھومتا رہتا ہے۔ اس کو گہرائی مین اترنے کا راستہ نہین ملتا۔ دوم۔ اُن سوالات کا جواب پہلے ہی دیدیا جائے جو قرآن کو سمجھنے کی کوشش کرتے وقت عام طور پر لوگون کے ذہن مین پیدا ہوا کرتے ہین۔ لہذا

اس مقدمہ مین صرف ان سوالات کا جواب دیا جائے گا جو خود میرے ذہن مین اول اول پیدا ہوئے تھے یا جن سے بعد مین مجھ کو سابقہ پڑا۔ (ص ۱۳)۔

عام طور پر کتابون کا ایک ہی موضوع ہوا کرتا ہے۔ اگر مختلف موضوع ہون تو اُن کی تقسیم ابواب مین ہوا کرتی ہے۔ لیکن ہم کو قرآنِ حکیم کی تلاوت کے وقت خلافِ توقع ایک انوکھا انداز نظر آتا ہے۔ وہ یہ کہ اعتقادی مسایل۔ اخلاقی ہدایت۔ شرعی احکام۔ دعوت۔ نصیحت۔ عبرت۔ قصص۔ تنقید۔ تخویف۔ بشارت۔ تسلی۔ آثارِ کائنات۔ نہ صرف بار بار اشارات۔ اجمال۔ تفصیل سے ملتے ہین۔ بلکہ وہ ایک دوسرے سے خلط ملط کے ساتھ بار بار دُہرائے جا رہے ہین۔ پھر نہ تو وہ تاریخی انداز کے زبان مین ہے اور نہ فلسفہ۔ اور نہ کے کتابون کی طرح ہین سیاست۔ معیشت۔ معاشرت پر گفتگو کو علوم عمران کے طرز پر نہین۔ اس طرح ہر موضوع ہماری تالیف و تصنیف کے خلاف نظر آتا ہے۔ جس سے ایک قسم کا انتشار ذہن مین پیدا ہو جاتا ہے۔ اس بے ربطی کو محسوس کر کے ایک معتقد صاحبِ غور و فکر انسان (یعنی عقیدت مندی کے تحت) شکوک سے بچنے کیلئے (زبان پر مُہر لگا کر اپنے فکر کو مفلوج کر کے بلا کسی غور و فکر کے الفاظ کو زبان سے ادا کر لینا محض ثواب کیلئے کافی سمجھ لیتا ہے) تلاوت کر لیتے۔ یا اپنے دل کو سمجھا لیتے۔ یا دوسرون کو مطمئن کرنے کیلئے عجیب عجیب ظنی و ذہنی نتایج اخذ کر کے منشاء و مفہومِ کلام سے دُور جا پڑتا ہے۔ (ص ۱۴)۔

ظاہر ہے کہ کسی کتاب کا فہم حاصل کرنے کیلئے اسکا مقصد و مدعا۔ اور پھر اس مصنف۔ اور مولف کی

---

[1] مین نے بھی اپنے فکر و فہم قرآنی مین ناظرین سے یہی خواہش کی ہے۔ جب تک وہ لفظی ترجمہ کو نہ پڑھ لین وہ معلوم نہین کر سکتے کہ ترجمانی کی کیا حقیقت ہے۔ پھر وہ ترجمہ کو پڑھ لینے کے بعد اپنا ذاتی فہم بھی تو حاصل کر سکتے ہین۔ اور ترجمانی اصلی حقیقت بھی منکشف ہو سکتی ہے۔ وہ غور کر سکتے ہین کہ مفہوم مین کوئی تحریف تو نہین کی گئی ہے۔ اسلئے لفظی ترجمہ کو پہلے یا بعد پڑھ لینا ضروری ہے۔

اصطلاحی زبان۔ اور محاورون۔ اور مخصوص طرزِ بیان سے شناسائی حاصل کر لینا ضروری امر ہے۔ پھر اس کے ظاہری عبارت کے پیچھے اور آگے جن احوال و معاملات کے تعلقات ہون۔ وہ بھی ذہن و فکر کے سامنے ہون۔ تو حصولِ فہم مین کوئی زحمت نہین ہوتی۔ جب مطالعۂ قرآن کے وقت ناظر کیلئے یہ تمام باتین ذہن سے خارج ہون تو نتیجہ یہ ہوتا ہے کہ وہ اُن بکھرے ہوئے علمی جواہر کی اصلی روح تک پہونچنے سے محروم رہ جاتا ہے۔ اور اکثر و بیشتر مواقع پر پس منظر کا صحیح علم نہ ہونے پر وہ عقایدِ ظنّی مین گرفتار ہو کر بے سند روایات اور غلط فہمیون کا شکار ہو جاتا ہے۔ (ص۱۵)۔

قرآن کس قسم کی کتاب ہے؟۔ اسکے نزول کی کیا حقیقت ہے؟۔ اور اسکے ترتیب کی نوعیت کیا ہے؟۔ اِس کا موضوعِ گفتگو کیا ہے؟۔ اِسکی ساری بحث کس مدعا کیلئے ہے؟۔ کس مرکزی مضمون کے ساتھ اسکے بے شمار مختلف مضامین وابستہ ہین؟۔ کیا طرزِ استدلال اور کیا طرزِ بیان اس نے اپنے مدعا کیلئے اختیار کیا ہے؟۔

اِن سوالات کا جواب اگر ابتدا ہی مین صاحبِ غور و فکر ناظر کو صاف اور سیدھے طور سے مل جائے تو اِس کے فہم و تدبر کی راہین آسانی سے کشادہ ہو سکتی ہین۔ اسلئے اگر اس کو سمجھنا ہے تو پہلے سے قایم شدہ تمام قیاسات۔ (ظنّی و ذہنی اور تقلیدِ جامد کے عقاید۔ و۔ نیز روایاتِ عجیب و غریب) کو ذہن سے دُور کر کے آزادیِ فکر سے اِن بکھرے ہوئے موتیون کی روح سے شناسائی حاصل کی جا سکتی ہے۔

اصل قرآن ناظرِ قرآن کو سب سے پہلے قرآن کی اصل سے واقف ہونا لازم ہے (خواہ وہ اہلِ قرآن ہو۔ یا نہ ہو۔ اُمتِ محمدی ہو۔ یا کسی اور اُمت سے متعلق ہو) ہر حال مین اس کتاب کو سمجھنے کے لئے اس کے نقطۂ آغاز کی وہی اصل سامنے رکھنی ہوگی جس کو کلامِ الٰہی نے اور اس کے پیش کرنے والے (یعنی محمد عربی صلعم) نے بیان کی تھی۔ وہ اصول یہ ہین:۔

(۱) خداوندِ عالم۔ جو ساری کائنات کا فرمانروا ہے۔ جس نے اس حصۂ زمین پر آدم زاد کو پیدا کیا۔ اور اس کو قوتِ فکر یہ عطا کی۔ جس کی وجہ وہ اپنی بُرائی۔ بھلائی کی تمیز۔ اور ارادے مین آزاد ہے۔ اور تصرفات اشیاء کائنات مین مختار۔ اور ایک بڑی حد تک خود مختار بھی ہے۔ جس کی وجہ وہ اس زمین کا خلیفہ (یعنی آخری قایم مقام) بنایا گیا ہے۔

(۲) دُنیا کی زندگی مین ایک ہی ذاتِ واحد خالقِ کائنات کو اپنا آقا مانکر۔ اُسی کی فرمانبرداری کا تصور لئے ہوئے۔ مرنے کے بعد اسکے آگے ہر چھوٹے بڑے عمل کے محاسبہ و جواب دہی کا یقین کامل رکھتے ہوئے ہر حرکت کے ارادے پر نظر جمائے رکھین کہ اچھے عمل کا بدلہ اچھا۔ یعنی جنت۔ اور بُرے عمل کا بدلہ بُرا۔ یعنی جہنم ملے گا۔ اور ضرور ملے گا۔ (ص۱۶ و ۱۷)۔

(۳) انسان کے جدِّ اعلیٰ (یعنی آدمؑ و حوّاؑ) کو راہِ ہدایت کے ساتھ زمین پر رہنے کا حکم ملا۔ پس اوّلین انسان۔ جہالت اور تاریکی کی روشنی مین پیدا نہین ہوئے۔ بلکہ خدا نے زمین پر ان کی زندگی کا آغاز پوری روشنی مین کیا تھا۔ وہ حقیقت سے کما حقہٗ واقف تھے۔ ان کو ان کا قانونِ حیات بتا دیا گیا تھا۔ ان کا طریقۂ زندگی۔ خدا کی اطاعت و فرمانبرداری تھا۔ یعنی۔ اسلام۔ وہ اپنی اولاد۔ یعنی نسل۔ کو یہی بات۔

سکھلا گئے۔ کہ وہ مسلم بن کر رہیں ۔ لیکن بعد کی صدیوں میں انسان اس صحیح طریقۂ زندگی (یعنی دین) سے منحرف ہو گیا[1] اور خدا کے مقرر کئے ہوئے عادلانہ اصول اخلاق و تمدن ۔ یعنی شریعت کو چھوڑ کر اپنے تعصبات کے مطابق اپنے قوانین بنا لئے جن سے خدا کی زمین ظلم سے بھر گئی۔

---

(۴) خدا نے جو محدود خود مختاری انسان کو دی تھی ۔ اس میں تخلیقی مداخلت کو کام میں لا کر انسان کو ایک ہی رویہ پر قایم کر دینا (منشاء تخلیق خالق تعالیٰ سبحانہٗ نہ تھا) مقصود نہ تھا۔ بلکہ اسکی مہلت عمل کے دوران میں (یعنی قانونِ امہال کے تحت) قدرت اسکی رہنمائی بھی کرتی رہی ہے ۔ اور کرتی رہتی ہے ۔ چنانچہ وہ اپنے نمایندوں (یعنی مامور من اللہ) کے ذریعہ صحیح قانونِ حیات (یعنی منشاء تخلیقِ انسانیت) کیلئے انسان کی برابر رہنمائی کرتی رہی ہے ۔

---

(۵) مامور من اللہ ۔ ہر ملک اور قوم میں ظاہر ہوتے رہے ۔ ہزاروں سال تک یہ سلسلہ جاری رہا ۔ جو سب ایک ہی ہدایت کے پیرو تھے ۔ (یعنی اخلاق و تمدن جو منشاء تخلیقِ انسانیت کا عین مقصد تھا) اور ان سب کا ایک ہی مشن تھا ۔ جب کبھی کسی قوم میں ایسا معلم ظاہر ہوا تو اس قوم نے ایک اُمتِ مسلمہ کی حیثیت اختیار کی لیکن مامور من اللہ معلم کی وفات کے بعد رفتہ رفتہ وہ اس طرح بگڑی کہ وہ اصل تعلیم ہی کو کھو بیٹھی ۔ (یعنی تحریفِ معنوی کے پس پردہ ہر اہلِ کتاب کے علماء نے خدمتِ مذہب کو اپنا وطیرہ نجاتِ اُخروی سمجھ کر پیشوائیِ اُمت کا مقام حاصل کر لیا) ۔ (ص ۱۹) ۔

---

(۶) آخر خداوندِ عالم نے سرزمینِ عرب پر محمد صلعم کو اُسی کام کیلئے مبعوث کیا جو سابقہ مامور من اللہ کے بگڑے ہوئے پیروؤں کو خدا کی ہدایت واضح طور پر پہونچا کر دُنیا کی اصلاح کیلئے آخری جد و جہد کرے ۔

اِسی دعوت اور ہدایت کی کتاب یہ قرآن ہے
جو اللہ نے محمد صلعم پر نازل کی[2]

قرآن کا مرکزی مضمون اور اسکا مدعا کیا ہے؟ ۔

(۱) اس کا موضوع انسان ہے ۔ اس اعتبار سے کہ بلحاظ حقیقت نفس الامری اس کی فلاح اور اس کا

---

[1] گو مجھکو علامہ موصوف کے اس فکر سے اختلاف ہے لیکن جب میں غور کرتا ہوں کہ علامہ کا ایسا فکر کیوں ہے؟ ۔ تو مجھکو معلوم ہوتا ہے کہ علامہ کو ایسا ہی لکھنا اور کہنا چاہیئے ۔ کیونکہ یہ طریقہ مامور من اللہ کی ایک سُنت ہے ۔ جو تابعِ سُنت اللہ ہے ۔ کہ عوام الناس کے بگڑے ہوئے تصورات کو بتدریج موڑتے چلے جائیں ۔ نہ کہ ایک دم سے پلٹ دیا جائے جس کا نتیجہ تخریب ہوگا ۔ نہ کہ تعمیر ۔ البتہ مجھ جیسا آزاد فکر ۔ گوشہ نشین فرد ۔ اپنے ہم فکر معدودے چند ۔ انسانوں کیلئے جسطرح چاہے اپنا فکر پیش کر سکتا ہے ۔ اسلئے کہ معمار کی حیثیت میری نہیں ہے ۔ بلکہ ایک "نقشہ نویس" جو تعمیرِ قدیم کے متعلق ایک آزاد قیاسی فکر رکھتا ہے ۔ جسکے بعد ہر طرف سے اعتراض ہو کر ایک "صحیح عمارت" تعمیر ہو سکتی ہے ۔ [2] میں سمجھتا ہوں کہ ۔ فقرۂ (۵) کے لحاظ سے جو سُنت اللہ رہی ہے (باقی صفحہ ۶۵ پر)

خسران (یعنی تباہی) کس چیز مین ہے ــــ

(۲) اسکا مرکزی مضمون ــ یہ ہے کہ ـ انسان نے ظاہر بینی ـ یا خواہشاتِ غلامی (نفس) کی وجہ (تقلیدِ جامد مین اندھا بنکر) جو رَوّے اختیار کر لئے ہین ـ وہ غلط ہین ـ حقیقت وہ ہے ـ جو انسان کی خلافت کیلئے خداوند تعالیٰ نے اسکی تخلیق مین ودیعت کر دیئے ہین ـ یہی ایک صحیح رویہ ہے ـ

(۳) اسکا مدعا ـ انسان کو صحیح رویہ کی طرف دعوت دیتا ہے ـ جو اس نے اپنی شرارت سے مسخ کر دیا ہے (یعنی اندھی تقلید ـ اور باپ ـ دادا کے رسم و رواج کے بدِ نظر ـ بے روح ڈھانچے کو اُٹھائے ہوئے ـ "کمثل الحمار" بنا ہوا ہے ـ اور آزادیٔ فکر کو ـ تقلید کی غلامی پر قربان کر چکا ہے) ـ

اِن ہر سہ بنیادی امور کو ذہن مین رکھکر اگر قرآن کا مطالعہ کیا جائے تو معلوم ہوگا کہ وہ ہر چیز کا ذکر بلحاظِ ضرورت واضح ـ مختصر ـ اِس حد تک ـ اور اِس انداز مین کرتا ہے جو اُس کے مدعا کیلئے ضروری ہے ـ اور اس کا بیان ایک ہی محور کے اطراف گھومتا نظر آئے گا ـ اسکا مطلب کسی فن ـ یا علم کی تعلیم دینا نہین ہے ـ چاہے وہ تاریخ ہو ـ یا سائنس ـ وغیرہ ـ البتہ ـ عام ظنّی و ذہنی ـ غلط ـ اور ـ بے معنی تصورات ـ اور مہمل عقاید کی وجہ جو غلط فہمیان کسی قوم مین نمایان ہو چکی ہین ـ ان کی اصلاح ـ ایک صُلح کُن انداز مین اختلافات کو ختم کرنے کیلئے کرتا ہے جس کا مقصد کسی خاص قسم کا ریسرچ ـ یا تحقیق ـ اور اصل حقیقت کو آشکارا کرنا نہین ہوتا)

فہم قرآن کیلئے ایک بنیادی حقیقت (ص۲)

قرآن حکیم کے طرزِ بیان ـ اور اسکے مضامین کو آدمی اِس وقت تک نہین سمجھ سکتا ـ جب تک کہ اسکے کیفیتِ نزول کو بھی اچھی طرح نہ سمجھ لے ـــ (اسلئے سب سے پہلے ـ ناظر ـ یا مفکر کو یہ بات ذہن نشین کر لینا ہوگا کہ) (ص ۱۹ و ۲۰) یہ قرآن حکیم کوئی ایسی کتاب نہین ہے جو اللہ تعالیٰ نے محمدِ عربی صلعم پر بہ یک وقت بصورتِ تحریر بھیج کر ارشاد فرمایا ہو کہ اسکو شایع کر دو ـــ بلکہ

(بقیہ حاشیہ صفحۂ (۶۴) وہ محمدِ عربی صلعم کے بعد بھی جاری رہی ـ اور قیامت تک جاری رہے گی کیونکہ سُنّت اللہ ـ بدلا نہین کرتی ـ لیکن محمدِ عربی صلعم کے بعد ہدایت کیلئے جو مامور من اللہ قدرت منتخب کرتی ہے ـ اسکا نام اِس دُنیا مین ـ نبی ـ رسول نہین ہو سکتا ـ اور نہ کوئی منزّل من اللہ دستور وہ لا سکتا ہے ـ ہر قوم مین اسکا نام جُداگانہ ہوگا ـ کوئی اس کو "لیڈر" کہے گا ـ کوئی "مصلح قوم" ـ کوئی "ہادی" ـ کوئی "مجدد" ـ کوئی "مہاتما" ـ بہرحال ـ ہر زبان مین ـ اس زمانہ کے لحاظ سے وہ موسوم ہوگا ـ اور اُس آخری دستورِ الٰہی کے بنیادون ہی پر وہ قوم کی اصلاح کرے گا ـ جو آخری دستورِ الٰہی اِس وقت دُنیا مین موجود ہے ـ جو بنی اسمٰعیل کے اوّل و آخر نبیؐ و رسولؐ پر چودہ سو سال ماضی مین نازل ہوا تھا ـ جسکا نام "قرآن ازم" ہے ـ لیکن اس دستور کو مان کر اور پڑھ کر ہی ہدایت و تعمیل کا لزوم مین نہین سمجھتا ـــ بلکہ غیر شعوری طور پر دستورِ الٰہی کے آخری ایڈیشن کے نظریات مصلح قوم کے پیشِ نظر ہوتے جائینگے ـ کس طرح ہونگے؟ ـ اس کا جواب قرآن حکیم کی پہلی وحی دیتی ہے کہ "علم الانسان مالم یعلم" انسان نہین جانتا کہ اسکو ایسا علم کہان سے مِل رہا ہے ـ پس ایسے مصلح قوم مامور من اللہ تخلیقِ انسانیت کا مقصد ـــ یعنی "صالح اُمتِ واحدہ" بنانیکی ممکنہ کوشش کر کے اسکی رہنمائی کرتے ہوئے داعیِ اجل کو لبیک کہتا چلا جائیگا ـ لیکن میرا فکر و فہم قرآنی مامور من اللہ کیلئے کسی خاص اُمت ـ یا قوم مین اُسکی پیدائش ـ یا مذہب کی قید کا لزوم ماننے کیلئے تیار نہین ہے ـــ کیونکہ قرآن حکیم کی روشنی مین تمام مرسلینؑ کی مثالین میری ایسی ہی رہنمائی کرتی ہین ـــ

اسکا نزول وقتاً فوقتاً جن ہدایات کی ضرورت تھی (مخاطب و متکلم کی ہدایت و رہنمائی کیلئے (۲۳) سال تک) نازل ہوتا رہا ـــــ جو تین نوعیتوں پر مشتمل ہے :ـــ

(۱) پیغمبرؐ کو اس امر کی تعلیم کہ وہ خود اپنے آپ کو اس عظیم الشان کام کیلئے کس طرح تیار کریں ـــ اور کس طرز پر کام کریں۔

(۲) حقیقتِ نفس الامری کے متعلق ابتدائی معلومات۔ اور ان غلط فہمیوں کی اجمالی تردید جو گرد و پیش کے لوگوں میں پائی جاتی ہیں جن کی وجہ ان کا رویہ غلط ہو رہا تھا (یعنی تقلید کی تاریکی سے آزادیٔ فکر کی روشنی میں لانے کیلئے دعوتِ فکر و غور)۔

(۳) صحیح رویہ کی طرف دعوت ہدایتِ الٰہی کے بنیادی اصولِ اخلاق کا بیان جن کی پیروی انسان کیلئے فلاح و سعادت کا باعث ہو سکتی ہے۔

شروع میں یہ نصاب۔ ابتدائی تعلیم کی مناسبت سے چند چھوٹے چھوٹے بولوں پر مشتمل نازل ہوتا رہا۔ جو مخاطبین کے مذاق کے مطابق تھا۔ تاکہ وہ آسانی سے اس کی طرف نہ صرف متوجہ ہوں۔ بلکہ اس کو بار بار زبان پر دہرانے لگیں ـــ

اگرچہ بیان تو کی جا رہی تھیں عالمگیر صداقتیں۔ مگر دلایل۔ اور شواہد۔ اور مثالیں قوم کے قریب تر ماحول سے دیجا رہی تھیں کہ مخاطبین اس سے اچھی طرح مانوس تھے۔ تاکہ اس سے وہ بآسانی متاثر ہو سکیں۔

دعوت کا یہ ابتدائی مرحلہ تقریباً چار۔ پانچ سال تک جاری رہا۔ جس میں :ـــ

(۱) چند صالح انسان (آزادیٔ فکر والے) دعوت کو قبول کر کے مصدقین میں داخل ہو گئے۔

(۲) کثیر تعداد۔ جہالت۔ اور خود غرضی۔ یا آبائی طریقے کی محبت کے سبب مخالفت پر آمادہ ہو گئی۔ (یعنی آبائی مذہب اور اس کی حفاظت کے خاطر اس غلط نظریہ کے تحت کہ یہ ہمارا جہادِ فی سبیل اللہ ہونیکی وجہ خوشنودیٔ خدا کا باعث ہوگا۔ کیونکہ ہمارے باپ۔ دادا ؤں کا بتلایا ہوا طور طریق اور ان کا مذہب ہی اللہ کو مرغوب و محبوب ہے۔ جس پر صدیوں سے ہمارے اسلاف چلتے آئے ہیں۔ اگر وہ خدا کا ناپسندیدہ ہوتا تو وہ ہمارے بزرگوں کو روک دیتا)۔

(۳) مکہ اور اہلِ قریش کے حدود سے متجاوز اس نئی دعوت نے وسعت اختیار کی۔ (ص ۲۱)۔

پہلے دور کے بعد دوسرا دور جب شروع ہوا تو۔ نئی تحریک۔ یعنی دعوتِ اسلام۔ اور پرانی جاہلیت (یعنی تقلیدِ جامد۔ اب وجد کے مذہب کی پابندی و حفاظت ایک طرف۔ اور دوسری طرف آزادیٔ فکر کے علمبردار۔ یعنی مصدقین) کے درمیان جان گسل کشمکش برپا ہو گئی ـــ جس کا سلسلہ آٹھ سال تک جاری رہا۔ جو لوگ اپنے آبائی مذہب کو قایم رکھنا چاہتے تھے۔ وہ اس نئے مذہب کو مٹانے پر تل گئے تھے ـــ جس کیلئے ہر طرح کی کوششیں وہ کرتے رہے۔ اور جب مظالم شدید صورت میں رونما ہونے لگے ـــ یہاں تک کہ تین سال تک قریش سے بھی مقاطعہ۔ یعنی ترکِ تعاون کیا گیا (جو سماج کیلئے ایک بدترین سزا ہوتی ہے) اور مظلومین کیلئے انتہائی ظلم۔ جاری رہا۔ کیونکہ گیہوں کے ساتھ گھن بھی پیس دیا جاتا ہے۔ (تاریخ شعب ابی طالب کا مطالعہ کیجئے تو واقعۂ کربلا کی کوئی حقیقت نہیں رہتی) جسکی وجہ مصدقین (یعنی آزادیٔ فکر کے

متوالون کو) دو مرتبہ ہجرت کرکے حبش کو جانا پڑا۔ بالآخر (۱۳) سال کی کشمکش کے بعد آزادیٔ فکر کے داعی یعنی معلم قرآن صلعم کو ایک راہنما کی حیثیت سے مکہ کو چھوڑ کر مدینہ ہجرت کرنی پڑی (جب کہ جان کے لالے پڑ گئے)[۲] (ص ۲۲)۔

اس تیرہ سالہ شدید کشمکش کے دوران میں۔ اللہ تعالیٰ حسب موقع اور حسب ضرورت اپنے نبیؐ پر ایسے پرجوش خطبے نازل کرتا رہا جن میں دریا کی سی روانی۔ سیلاب کی سی قوت۔ اور تیز و تند آگ کی سی تاثیر تھی۔ ان خطبات میں مصدقین کو ڈھارس دی جاتی تھی۔ اور صبر و تحمل کے دیرپا نتائج اور مستقبل کی خوشخبریاں تھیں۔ اور مکذبین کو آبائی اندھی تقلید سے متنفر ہو کر آزادیٔ فکر سے کام لینے کیلئے کھلے اور واضح دلایل و براہین سے سمجھایا جاتا رہا کہ عقل و خرد کیلئے کوئی شک و شبہ کی گنجائش ہی باقی نہیں رہ سکتی تھی۔ اور جاہلیت ان واضح اور سیدھے سادھے مثالوں اور نصیحتوں کی تردید سے دن بہ دن عاجز اور لاجواب ہوتی چلی جا رہی تھی (جسکے بعد اس کے پاس بجز ہٹ دھرمی کے ساتھ مظالم ڈھانے کے کوئی اور حربہ باقی نہ تھا)۔ مختصر یہ کہ یہ (۱۳) سالہ زمانہ تبلیغ مختلف ادوار اور متازل سے گذرتا رہا۔ اور ہر جدید دور گذشتہ دور کے مقابل مصدقین و مکذبین کیلئے کشمکش کی شدت کے اضافہ ہی کا باعث ہوتا چلا جا رہا تھا۔ اس طرح قرآن مجید کی مکی سورتوں کا زمانۂ نزول (۱۳) سال میں اختتام کو پہونچا۔ (ص ۲۳)۔

آنحضرت صلعم کی ہجرت کے بعد تحریک (قرآن ازم) کیلئے ایک ایسا محفوظ و مامون مقام یثرب یعنی مدینہ قدرتاً قرار پا گیا کہ تمام منتشر علمبردار ان (قرآن ازم) یعنی مصدقین ایک جگہ سمٹ کر آ گئے۔ اس مرحلہ پر حالات نے پلٹا کھایا۔ اور ایک اسٹیٹ کی بنیاد قایم کرنیکا موقع مل گیا۔ یعنی ابتداء میں تو اہل کتاب۔ یعنی یہود اور نصاریٰ نے منافقت برتی (یعنی اہل کتاب کو قرآن ازم کی سیاست کچھ بھی سمجھ میں نہیں آئی۔

---

[۱] یونان میں آزادیٔ فکر کا طالب حکیم سقراط تھا جسکو سنگین جرم آزادیٔ فکر کا قرار دیکر زہر کا پیالہ پلایا گیا (چونکہ اس زمانہ کے اخلاقیات کے مدنظر اسکو پی لینا ہی اعلیٰ کردار کا باعث تھا۔ اسلئے اس نے پی لیا)۔ جب اسکے شاگرد نے اپنے استاد کے آزادیٔ فکر کے نقش قدم پر نعرۂ حق بلند کیا تو اسکو بھی ماخوذ کیا جا کر زہر کا پیالہ اسکے سامنے پیش کیا گیا۔ افلاطون نے زہر کے پیالہ کو قبول نہ کیا۔ اور راہ فرار اختیار کی۔ فراری کو اس زمانہ میں پست کرداری سمجھا جاتا تھا۔ جب اسکے شاگردوں نے اس پر اعتراض کیا تو اس نے کہا کہ "میں موت کے ڈر سے نہیں بھاگ رہا ہوں۔ میری ہجرت کا منشاء ایک بلند و بالا مقصد کا حامل ہے کہ میرا فکر اگر میری قوم کے اندھے درخور التفات نہیں سمجھتے تو میں اسکو دوسروں تک پہونچاؤں گا۔ تاکہ پھر کسی دور مستقبل میں میری قوم میرے فکر و نظر کے نتایج پر متوجہ ہو سکے"۔ یہ واقعہ محمد عربی صلعم کے ہجرت سے (۸۰۰) سال ماضی کا ہے۔ اس نقطۂ نظر سے آپؐ کی ہجرت اور پھر ہجرت کے کامیاب نتایج قابل غور و فکر ہیں۔ عقاید و ایمانیات سے ہٹ کر ایک صاحب عقل و خرد انسان کیلئے دعوت فکر ہی نہیں بلکہ قابل تقلید قرار پاتے ہیں۔

[۲] ۔ بعد ہجرت بہ مقام یثرب رسالت مآب صلعم کی تشریف آوری نے نہ صرف اس کو مدینہ سے موسوم ہونے کا شرف بخشا۔ بلکہ قرآن ازم کی تحریک کا وہ "دار التبلیغ" اور حکومت قرآن ازم کا دار السلطنت بھی بن گیا۔ پھر اس تیرہ سالہ نزول وحی الٰہی کی ایک ایک پیشین گوئی جس کو عقل و خرد والے دیوانہ کی بڑ سمجھتے تھے ـــــ اور اس خواب کے شرمندۂ تعبیر نہ ہونے کا یقین کامل رکھتے تھے۔ صرف آٹھ سال کی مدت میں سب کچھ عالم مشاہدات میں نمایاں ہو گیا۔ یہ ہے اقبالؒ کے فکر کا منبع فہم قرآن حکیم سے "جس میں نہ ہو انقلاب موت ہے وہ زندگی نہ روح امم کی حیات کشمکش انقلاب"

انھون نے ابتدائی معاہدات کو قبول کرکے محمد عربی صلعم کو ایک سرسری نظر سے سرپنچ تسلیم کرلینے مین کوئی قباحت نہ سمجھا)
بعد مین ان کو اندرونی نظام مین مختلف قسم کی منافقانہ چالین چلنی پڑین (اور اسکے انسداد کیلئے رسولِ عربی صلعم کو بھی
شعبۂ حیات کے مختلف پہلوؤن کی رخنہ انداز یون کا سدِّباب کرنا پڑا جسکا ذریعہ وحیِ الٰہی تھا۔ جو وقتاً فوقتاً تعمیرِ حکومتِ الٰہی
کیلئے قرآن ازم کے دستور مین مدوّن ہوتا رہا۔ یہان تک کہ وہ "ذالك الكتاب" کی شان مین آج تک ہمارے
نظرون کے سامنے موجود ہے) اور ان ضرورتون کے مطابق اللہ تعالیٰ کی طرف سے ایسی تقریرین نبی صلی اللہ علیہ وسلم پر
نازل ہوتی رہین جن کا انداز۔ کبھی آتشین خطاب کبھی شاہانہ فرامین واحکام کبھی معلمانہ درس وتعلیم۔ اور کبھی
مصلحانہ افہام وتفہیم کا ہوتا تھا۔ ان سب مین یہی بتایا گیا کہ جماعت اور ریاست۔ اور مدنیت کی تعمیر کس طرح
کیجانی چاہیئے۔ اور زندگی کے مختلف شعبون کو کن اصولون اور ضوابط پر قایم کیا جائے۔[1]
ان تقریرون مین ایک طرف مصدقین (حزب اللہ) یعنی جماعتِ قرآن ازم) کو تعلیم وتربیت دیجارہی تھی
اور ان کی کمزوریون پر تنبیہہ بھی کی جارہی تھی۔ پھر ان کو ایثار وقربانی کیلئے ابھارا جارہا تھا۔ فتح ونصرت۔
شکست ومصیبت۔ بدحالی وخوش حالی۔ امن اور خوف۔ غرض ہر حال مین مناسب درسِ اخلاقیات کیلئے
تقریرین بذریعۂ وحی نازل ہورہی تھین = تو دوسری طرف مخالفین (قرآن ازم) کو نرمی سے دعوتِ حق
دینے۔ اور سختی سے ملامت کے ساتھ نصیحت۔ اور عذابِ الٰہی کے نتایج سے ڈرانیکی کوشش کیجارہی تھی۔
یہ ہے قرآن مجید کا (یعنی قرآن ازم کی تدوین اسٹیٹ قوانین و قواعد وضوابط
مفاجاتی وغیر مفاجاتی = امن اور جنگ کے حالات مین وحیِ الٰہی کے نزول) پس منظر۔ (ص۲۴)

متذکرۂ بالا واقعات سے یہ بات سمجھ مین آجاتی ہے کہ جس دعوت کے آغاز سے اختتام تک کیلئے (۲۳) سال
لگے ہون۔ وہ ایسی ترتیب تو نہین ہوسکتی۔ جو کسی فن یا موضوع کیلئے (تالیف یا تصنیف) مقالہ نویسی مین
اختیار کی جایا کرتی ہے۔ خصوصاً ایسی حالت مین جب کہ نزولِ وحی کے ہدایات رسالون کی صورت مین شایع نہین
ہوئے تھے۔ اس کا اسلوب کوئی تحریری نہ تھا۔ بلکہ از اول تا آخر خطاب ہی خطاب تھا۔ پس اللہ تعالیٰ نے
اس کام کے سلسلہ مین اپنے پیغمبرؐ پر جو تقریرین نازل فرمائین ان کا طرزِ خطابت وہی ہوسکتا تھا
جو دعوت کے مناسبِ حال ہوتا۔ (ص۲۵)۔

قرآن مین تکرار کی وجہ پر اگر غور کیا جائے تو معلوم ہوگا کہ ایک دعوت اور عملی تحریک کا فطری تقاضا یہ ہے کہ
وہ جس وقت اور جس مرحلے مین دیجارہی ہو وہی ہو اس مین وہی باتین ہونی چاہئین جو اس مرحلے سے
مناسبت رکھتی ہون۔ پھر اس بات کی بھی ضرورت ہوتی ہے کہ ہر مرحلے مین جو باتین بار بار کہی جائین
وہ نئے انداز۔ اور الفاظ۔ اسلوب۔ اور آن بان کے ساتھ کہی جائین تاکہ بار بار کا خطاب

---

[1] واہ۔ سبحان اللہ۔ کیا کہنا ہے علامہ مودودی کے فکر وفہم کا۔ اللہ تعالیٰ علامہ کے فکر ونظر مین اور وسعت عطا فرمائے
اور "تفہیم القرآن" کے مطالعہ کرنے والون کو بھی اندھی تقلید سے نکلکر۔ آزادیٔ فکر کے ساتھ اس کتاب کے مطالعہ سے
فکر وفہم حاصل کرنے کی توفیق توفیق عطا فرمائے۔ آمین۔

سامعین کیلئے ناگواری طبائع کا سبب نہ بن جائے۔ بلکہ وہ مختلف پہلو سے دل نشین ہوتا جائے ـــ جب اصلاحِ قوم کیلئے اُن بنیادی اور دیرینہ عقاید کو جو صدیون کی موروثی ذہنون سے وابستہ ہون۔ اُکھاڑنا ہو تو اُن کا ذکر مختلف دلایل اور مختلف پہلوؤن سے ہی مقصد کو پورا کرسکتا ہے ـــ لہذا اس طرح بنیادی تصورات (تشویق و تخویف) مین ذرا بھی کمزوری لاحق ہوئی تو اسلام کی تحریک اپنی صحیح روح کے ساتھ آگے نہین بڑھ سکتی تھی۔

ترتیبِ نزول (۲۳) سال تک جس ترتیب سے منازل ارتقاء طے کروائے گئے۔ پھر تکمیلِ مقصد کے بعد اس دستور العمل کی ترتیب مین دوسری ہی ترتیب کی ضرورت ہوگی۔ اور لامحالہ یہ بات لازم آئے گی کہ پہلے جماعت اپنے فرایض سے آگاہ ہوتی رہے پھر اسلام سے بیگانہ دُنیا کے سامنے اس ہدایت نامہ کو پیش کرنے کیلئے اپنے فرایض کو سنبھالتے ہوئے آگے بڑھے۔ ورنہ ترتیب نزول کے لحاظ سے قرآن حکیم مرتب ہو تو کیفیتِ نزول (یعنی تاریخ) ہر وحی کیلئے جزوِ لازم قرار پاتی۔ جسکی وجہ وحیِ الٰہی مین غیر الٰہی الفاظ کا خلط ملط لازمی ہوجاتا۔

جو لوگ قرآن کی موجودہ ترتیب پر اعتراض کرتے ہین وہ محض اِس کتاب کے مقصد و مدعا سے (بلکہ نزول کی حقیقتِ نفس الامری سے) نابلد اور غلط فہمی مین مُبتلا رہتے ہین[1] (ص ۲۶ و ۲۷)۔

---

[1] اس خصوص مین مجھکو علامہ کا فکر کچھ بند سا معلوم ہوتا ہے کیونکہ اس پر "فکرِ مُبین" کی تعریف صادق نہین آتی۔ جس کی دو ہی صورتین میرے پیشِ نظر ہین :ـــ

(۱) متقدمین کے طریقۂ کار کو حرفِ آخر سمجھکر اسکو نباہنے کی کوشش کی جارہی ہے۔

(۲) چالیس کروڑ مسلمانون کے عقاید کے خلاف کسی ایسے فکر کو پیش کرنا جس مین منفعت کم اور نقصانِ کثیر کا اندیشہ ہو۔ مصالحِ اصلاح کے خلاف ہے ـــ

صورتِ اوّل کے متعلق تو مین علامہ مودودی کے متعلق خیال کرنا اُن پر بُہتان لگانے کے مترادف سمجھتا ہون۔ البتہ صورتِ ثانی کے متعلق میرا حُسنِ ظن ہے کہ اسی نقطۂ نظر سے اُنھین اِن سطور کو لکھنے پر مجبور ہونا پڑا۔ مین علامہ موصوف اِن نظریات سے متفق ہون۔ چنانچہ میرے ۴۸ء کے مسودہ سے (جس کا کچھ حصہ ۵۴ء مین شایع بھی ہوچکا ہے) ظاہر ہوگا کہ میرے خیالات وہی ہین جو علامہ موصوف کے ہین۔ چنانچہ ابتدائی صفحات اس خصوص مین آپکی نظر سے گذر چکے ہین۔ لیکن مین انتہائی احترام کے ساتھ علامہ کی خدمت مین عرض کرتا ہون کہ۔ جب کبھی اُمتِ محمدیؐ۔ یا کوئی اُمت اُنھین لوگون کے نقشِ قدم پر گامزن ہوجائے۔ جو اسلام سے ناآشنائے محض تھے۔ اور اُسی تقلید کی تاریکی مین اندھی اور بہری بن جائے تو کیا یہ بات لازم نہ آئیگی کہ پھر انکو وہی الف۔ ب سمجھائے جائین جو اس قسم کی تاریکی کو روشنی سے بدلنے اور تقلید کی غلامی سے آزادیٔ فکر کی فضا مین لانے کیلئے قدرت نے مقرر کئے تھے؟۔ بلاشبہ جب اُمت ایسی منزل پر پہونچ جائے جہان پر اس کو حروفِ شناسی کی ضرورت نہین۔ تو پھر حروفِ فہمی بطور یادداشت آخر صفحات پر جگہ پالین گے ـــ

پس۔ میرا "قرآن ازم" اور "میرا فکر و فہمِ قرآنی" اُسی منزل کی پہلی سیڑھی سے منزلِ مقصود کے بلند و بالا زینہ تک پہونچانیکی کوشش مین پیش کیا جارہا ہے۔۔ اور جو نصب چودہ سو سال پہلے کا تھا اُسی کو بطور آموختہ (باقی صفحۂ ۷۰ پر)

موجودہ ترتیب قرآنی اصحابؓ رسولؐ کی اجتہادی نہین ہے۔ بلکہ خود اللہ تعالیٰ کی ہدایت کے تحت نبی صلعم ہی نے قرآن کو اس طرح مرتب فرمایا ہے۔ جو اُس کا نازل کرنے والا تھا وہی اس کا مرتب بھی کرنے والا تھا۔ اور جس کے قلب پر وہ نازل ہوا اسی کے ہاتھون اس کو مرتب بھی کرا دیا گیا۔ کسی دوسرے کی مجال نہ تھی کہ اس مین مداخلت کی جاتی۔[1]

نماز ابتدا ہی سے مسلمانون پر فرض تھی۔ اور تلاوتِ قرآن نماز مین ایک ضروری جزو قرار دیا گیا تھا۔ اور اسی طرح اختلافِ قرارت کے متعلق مقدمہ کے صفحات (۲۸ تا ۳۰) مین توضیح و تشریح کیگئی ہے۔[2] (ص ۲۸ و ۲۹)۔

قرآن کے غیر محرف ہونیکی دلیل

انسانی تاریخ مین کوئی دوسری کتاب ایسی نہین پائی جاتی جو اس قدر قطعی الثبوت ہو جسکی صحت مین ذرا بھی شک و شبہ کی گنجایش نہ ہو۔ جس کو لکھ کر چودہ سو سال گذر چکے ہون اور پھر اسکو مختلف زمانہ مین مخالف و موافق ادوار سے گذرنا پڑا ہو۔ لیکن آج بھی اس مین ایک نقطہ یا زیر و زبر کا فرق نہ ہوا ہو۔[3] (ص ۳۰)۔

(بقیہ حاشیہ صفحہ ۶۹) یاد دلانا مقصود ہے۔ کیونکہ آج تو اُمتِ محمدی کو اسلام کی اصلی تعلیم کے الف۔ ب بھی تو یاد نہین رہے۔ بلکہ انکی صورت بھی ذہنون سے مٹ چکی ہے۔ ایسی حالت مین مین نہین سمجھ سکتا کہ کس طرح مقصدِ اعلیٰ کا بلند و بالا نصابی خطاب ان کیلئے قابلِ استفادہ ہو سکتا ہے۔ بجز اسکے کہ غایب دماغی سے اسکو بلا غور و فکر ایک لفظی تصورِ ثواب مین طوطی صفت بنکر وردِ زبان کرتے رہین۔ لہذا سلسلۂ نزولِ وحی کے لحاظ سے میرا یہ دفتر بلاشبہ قرآن اُردو یعنی "مبین" کی تعریف مین داخل ہے۔ جو ایک آموختہ کی صورت مین ہے۔ شاید اس آموختہ کو یاد کرکے پھر اُمتِ محمدی اپنا مقصدِ حقیقی حاصل کرلے۔ [1] اگر علامہ کا منشاء قرآن سے اصطلاحاً قرآنِ حکیم کی ہر سورۃ مکی اور ہر رکوع مدنی ہے۔ تو بلاشبہ علامہ کے اس یقین کے ساتھ میرا بھی ایمانِ کامل اسی پر ہے کہ ہر سورۃ نبی کریم صلعم کے ارشاد کے مطابق مختلف وحیون کے لحاظ سے مرتب ہوئی ہے۔ اور ہر سورۃ کی آیتین اور ہر رکوع کی آیتین آنحضرت صلعم کے ہدایات ہی کے لحاظ سے اسی مقام پر لکھی گئین جہان آج بھی وہ نظر آتی ہین۔ لیکن اگر علامہ کا منشاء موجودہ ترتیب سورتون کے متعلق ہے تو پھر میرے صفحہ (۴۰ تا ۴۴) کے نوٹس یہان بھی سمجھ لئے جائین۔ اور ایک سرسری نظر ان پر ڈال لی جائے۔

[2] یہ ایک تاریخی۔ پھر وہ بھی تاریخ حدیث کا موضوع ہے۔ جسکے متعلق مین جو کچھ فکر رکھتا ہون وہ اپنا ذاتی فکر ہے۔ گو علامہ کے فکر سے مجھ کو اس خصوص مین اختلاف ضرور ہے۔ لیکن مین اپنے اختلافی پہلو پر کسی قسم کی روشنی یہان پر ڈالنا نہین چاہتا۔ میرے اور علامہ کے فکر و نظر کے مطالعہ کے بعد ناظرین اپنی اپنی صلاحیتِ فکر کے مدِ نظر کوئی صحیح رائے قایم کر سکتے ہین۔ [3] مصحفِ عثمانی کے متعلق قرآن ازم مین جو کچھ مین نے لکھا ہے وہ ناظرین کے زیرِ مطالعہ آچکا ہے۔ چنانچہ مین نے حضرت عثمانؓ کے فکر و نظر کو بھی سراہا ہے۔ جو دراصل ایک بہت ہی بڑی سیاستِ مومنؓ تھی۔ پھر بعد مین جن ہستیون نے قرآن کو اعراب لگا کر اسکی قرارت کی بھی حفاظت کردی۔ یہ سب قرآنی وعدہ کے لحاظ سے تھا ——— "انا نحن نزلنا الذکر و انا لہ لحافظون"۔ کارکنانِ قضا و قدر نے کس کس سے یہ کام لیا گذشتہ صفحات مین آپکی نظر سے گذر چکا ہے۔

فہم قرآن حکیم کس طرح حاصل ہو سکتا ہے؟

قرآن ایک ایسی کتاب ہے جسکو دُنیا کے بے شمار انسان بے شمار مقاصد کے تحت مطالعہ کرتے ہین۔ ہر ایک کے مقاصد کے پیشِ نظر مشورہ دینا کسی کیلئے بھی ممکن نہین۔ البتہ جو اشخاص قرآن کے متعلق یہ سمجھنا چاہتے ہین کہ یہ کتاب انسان کے مسایلِ حیات کی کس طرح رہنمائی کرتی ہے۔ ایسے لوگون کیلئے میرا مشورہ ہوگا:۔

کوئی شخص چاہے وہ قرآن پر ایمان رکھتا ہو۔ یا نہ رکھتا ہو۔ اگر فی الواقع اس کو سمجھنا چاہتا ہے۔ تو سب سے پہلے اسکے لئے اس بات کی ضرورت ہے کہ وہ اپنے ذہن کو پہلے سے قایم شدہ خیالات و تصوّرات۔ خواہ وہ مخالف ہون یا موافق (جو نظری و ذہنی معتقدات و ایمانیات پر مبنی ہون۔) جس حد تک بھی ممکن ہو سکے خالی کر دے۔ اور اسکے بعد اسکو سمجھنے کے خالص مقصد کو لیکر پڑھنا شروع کر دے۔

جو لوگ محض چند مخصوص خیالات (یا معتقدات و ایمانیات) کو ذہن مین جگہ دیکر اس کتاب کو پڑھنا شروع کرتے ہین تو پھر اس کتاب مین ان کو وہی خیالات نظر آتے ہین۔ ان کو فہمِ قرآن کی ہوا بھی نہین لگتی۔ ظاہر ہے کہ کسی کتاب کو غور و فکر سے سمجھنے کا یہ طریقہ از سرتا پا غلط ہے۔

پھر جو شخص اسکے مطالعہ سے فکر و فہم حاصل کرنیکا طالب ہو تو اسکے لئے اس کتاب کا صرف ایک مرتبہ مطالعہ (یا معتقدات کے تحت "تبرکاً" یا "حصولِ ثواب" کیلئے اسکی روزانہ تلاوت) کس طرح کافی ہوگا۔ لہذا اسکے لئے تو اس بات کی ضرورت ہے کہ وہ دو چار مرتبہ ہی نہین۔ بلکہ بار بار پڑھنے کی کوشش کرے۔ اور ایک طالبِ علم کی طرح (بوقتِ مطالعہ) پنسل اور کاپی رکھ کر ضروری نکات کا نوٹ کرتا چلا جائے۔ اسطرح کئی مرتبہ مطالعہ کیساتھ نوٹ کرتے ہوئے اسکے سامنے بحیثیتِ مجموعی وہ پورا نظامِ فکر و عمل آجائیگا جسکو یہ کتاب پیش کرنا چاہتی ہے۔

مین اپنے تجربہ کی بناء پر کہتا ہون کہ اسطرح کے مطالعہ سے قرآن کا فہم بآسانی حاصل ہو سکتا ہے[1]۔ (ص ۳۱)۔

اگر مطالعہ کنندہ مفکر اپنے نوٹس اس طرح مرتب کرتا چلا جائے۔ مثلاً۔ قرآن کس انسانیت کے نمونہ کو پسند کرتا ہے۔ اور کس نمونہ کو ناپسند کرتا ہے۔ قرآن کے نظریات مین کونسے عمل صالح ہین اور کونسے غیر صالح۔ وغیرہ۔ اس طرح وہ ہر بات کے دو پہلو مثبت و منفی کو ابواب۔ موضوعات۔ فکر و فہم مین تقسیم کر کے لکھتا چلا جائے۔ اور جو بات سمجھ مین نہ آسے تو اسکے سمجھنے کی کوشش اسی قرآنِ حکیم کے آنے والے آیات مین کرتا رہے۔ اور جہان اس کو تشنگی کا جواب مل جائے تو اس مقام پر اس کا حوالہ نوٹ کرے۔ تو ظاہر ہے کہ وہ فکر و فہم قرآن سے کبھی بھی

---

[1] مین بھی اسکی تصدیق کرتا ہون۔ چنانچہ میرا فکر اس مخصوص مین گذشتہ صفحات پر ناظرین کے زیرِ مطالعہ آچکا ہے۔

دیکھئے۔ قرآن کا مطالعہ کرنے والے دو گروہ ہین: ایک تو نامسلمان: اور ایک مسلمان۔ غیر مسلمان مین عمومیت اُن لوگون کی ہے جو متعصبانہ نظر سے اسکا مطالعہ کرتے ہین: اور صرف اعتراضات کیلئے جملے اور الفاظ کی تلاش انکے پیشِ نظر رہتی ہے جسکو لیکر وہ اس کتاب کے کلام اللہ نہ ہونیکا ثبوت اپنے فکر و ذہن سے دُنیا کے سامنے پیش کرنا چاہتے ہین: البتہ مخصوص نامسلمان تحقیق و جستجو کیلئے اسکا مطالعہ کرتے ہین تو وہ اسکی بے ترتیبی مین گم ہو جاتے ہین: حاملین قرآن مین بھی شاید فی لاکھ ایک انسان اس مقدس کتاب کا مطالعہ فکر و فہم کیلئے کرنے والا نکلیگا۔ ورنہ حصولِ ثواب کے تصوّر مین اس کتاب کی تلاوت انکا ایمان ہوتا ہے۔ میرا ذاتی تجربہ ہے کہ بعض بزرگانِ خاندان صرف قرآن کے ہر ورق پر نظر ڈالکر ورق گردانی کر کے یہ سمجھ لیتے تھے کہ انھون نے چند گھنٹون مین سالم قرآن کی ورق گردانی کر کے ایک ختم قرآن کا ثواب حاصل کر لیا۔

محروم نہین رہ سکتا (میرا دعویٰ ہے کہ اس طور طریق کے مطالعہ سے ایک بڑے سے بڑے عالم و فاضل عربی کے مقابل ایک معمولی لکھا پڑھا انسان بھی فکر و فہم قرآنی کو اس طرح حاصل کر سکتا ہے کہ جسکی ہوا بھی غیر مفکر زبان عربی کے فارغ التحصیل عالم دین کو نہین لگ سکتی کیونکہ "مولوی" "ملا" اور "مشائخ" کے پیش نظر فکر و فہم قرآن حکیم نہین ہوتا۔ بلکہ اسکی تلاوت حصولِ ثواب" کا ایک ہی مقصد ہوتا ہے)۔

پھر ایک محقق مفکر کو اس بات کی بھی ضرورت ہے کہ وہ قدیم و جدید نظریات اور تاریخی حالات کو بھی قرآن کے مطالعہ کے وقت پیش نظر رکھے۔ تاکہ معلوم ہو سکے کہ انسان نے ان بنیادی نکات پر کیا سوچا اور سمجھا ہے[1]۔ (صفحہ ۳۲)۔

لیکن فہم قرآن کی ان ساری تدبیرون کے باوجود آدمی قرآن کی روح سے پورے طور پر آشنا نہین ہو سکتا۔ جب تک کہ عملاً وہ کام نہ کرے جس کیلئے قرآن آیا ہے ۔۔ یہ محض نظریات اور خیالات کی کتاب تو ہے نہین کہ آرام سے گدون پر بیٹھ کر اسکو پڑھین۔ اور سب کچھ سمجھ مین آجائے ۔۔ یہ تو دنیا کے عام تصورِ مذہب کے مطابق ایک بڑی مذہبی کتاب بھی تو نہین ہے ۔۔ کہ مدارس اور خانقاہون مین اس کے سارے رموز بتلا دیئے جائین۔ اور وہ سمجھ مین آجائین ۔۔ یہ تو ایک دعوت اور تحریک کی کتاب ہے۔ اس کتاب ہی نے تو ایک خاموش طبع اور نیک نہاد انسان کو گوشۂ عزلت سے نکال کر علمبرداران کفر و فسق و ضلالت کے (یعنی تقلیدِ جامد کے غلامون سے جو دنیا بھری پڑی تھی) مقابل لا کھڑا کیا۔ پھر ایک فردِ واحد کی پکار نے (یعنی محمد عربی صلعم کی تبلیغ حق نے) جب کام شروع کیا تو (۲۳) سال کی کشمکش مین وہ (یعنی آیاتِ قرآنی) ہر مرحلہ پر اس تحریک کے علمبردارون کی رہنمائی کرتی رہی۔ اور قدم قدم پر اسکی تعمیر کے نقشے بتلاتی گئی ایسی حالت مین یہ کیسے ممکن ہے کہ آپ سرے سے کفر و دین کے نزاع مین۔ یا اسلام و جاہلیت کے میدان مین قدم بھی نہ رکھین اور پھر اس کتاب کی ساری حقیقت آپ پر آشکارا ہو جائے۔

---

[1] اس بات کو بھی مدِ نظر رکھنا لازمی ہے کہ جن نظریات کو قرآن پیش کرتا ہے۔ نزولِ وحی کے وقت مخاطبین کے فکر و نظر مین انکا مقام کیا تھا؟ ظاہر ہے کہ ہمارے بلند فکر و نظر کے مقابل تو وہ ہو نہین سکتا کیونکہ آج جس سائنسی دنیا مین ہم ہین۔ ہمارے مقابل چودہ سو برس ماضی کے انسان کے فکر و نظر کا ذکر ہی کیا؟ ۔ آج سے سو سال ماضی کے انسان بھی تو اس بیسوین صدی کے فکر و نظر اور ان کے معلومات کے مقابل کوئی حقیقت نہین رکھتے تھے۔ چونکہ ہر زمانہ کے انسان کا تصور ماضی کے انسانون کے متعلق انکے بزرگی و احترام کے مدِ نظر ہر بات مین احترام شخصیت کا ہوتا ہے۔ اور اپنی پستی کا بھی اسی لئے ہر مفسر اپنی تفسیر کا دارومدار متقدمین کے فکر و نظر کی نقالی پر منحصر کر لیتا ہے یا پھر کوئی محقق آزاد فکر نزولِ وحی کے فکر و نظر کو اس سائنسی صدی کا فکر و نظر سمجھ بیٹھتا ہے۔ اسطرح ہر جدید ایجاد ۔۔ جدید علم و فن کو وہ قرآن سے نکال کر پیش کرنے کی کوشش مین لگا رہتا ہے۔

مین سمجھتا ہون کہ جب مسلمانون کی بدقسمتی کا زمانہ انکے ترکِ مفہوم قرآنی اور عملِ پیہم سے آرام و آسایش مین بدلنے والا آیا۔ تو وہ قرآن حکیم کی بلند و بالا تعلیم سے پستی مین گر گئے۔ اور جب انھون نے دیکھا کہ ان کی پستی و انحطاط کا ساتھ قرآن کی تعلیم نہین دے سکتی۔ تو انھون نے آیات اللہ کی توضیح و تشریح اور تفسیر کے ذریعہ اسکو اپنی غیر فلاح یافتہ زندگی سے ملا کر لیا۔ جسکا نتیجہ آج ہمارے سامنے ہے ۔۔ اسی طرح آج بھی قرآن حکیم کے اسی مدعا و مقصد۔ اور منشاء کو نظر انداز کر کے اس مین موجودہ سائنسی تاریخ فن۔ انجینیری۔ فنِ ڈاکٹری۔ علمِ طبیعات و فلکیات۔ و علمِ نباتات کے نظریونکی تلاش و جستجو اسکے عظمت و احترام اور خدا کے عالم الغیب ہونے اور محمد عربی صلعم کو تاریخ آفرینش سے تا قیامت علم ہونیکا ثبوت دینے ایڑی چوٹی کا زور لگانا خدمتِ قرآن حکیم سمجھا جا رہا ہے۔

اس کو تو وہی آدمی کچھ سمجھ سکتا ہے جب کہ اس کتاب کے ہدایت کی تعمیل مین وہ کم ازکم دو چار قدم ہی آگے بڑھائے ہون (اور اسکو کچھ ٹھوکرین بھی لگی ہون)۔ تو شاید اسکی ایک دو باتین سمجھ مین بھی آئین یا اسکی حقیقت تو جب ہی سمجھ مین آسکتی ہے جب کہ ہر قدم پر ابواب سے واسطہ پڑے۔ اور ہر موقع پر جسمانی تکالیف سے تنگ آکر ترک وطن پر مجبور ہونا پڑے۔ یا کم ازکم دو تین ماہ کے لئے ہی مقاطعہ کی زندگی بسر کرنا پڑے۔ اسکے بعد قرآن کی بتلائی ہوئی راہ سے فلاح و بہبود کا سلوک ظاہر ہوگا۔ بس وہی سلوک قرآنی آپکے مشاہدات کے ذریعہ حقیقت کو سمجھانے والا ہوگا۔

اب غور کیجئے کہ اسکے خلاف جو کچھ انفرادی و اجتماعی طریقوں پر فہم قرآن حکیم کی حقیقتون کو سمجھنے اور سمجھانیکی کوششین ہو رہی ہین وہ کہان تک درست ہو سکتی ہین[1] (ص ۳۳ و ۳۴)۔

قرآن کا روئے سخن عرب کیطرف کیون ہے؟

اسلئے کہ اسکی مخاطب قوم عرب تھی اسی لئے وہ عرب ہی کے رسم و رواج کا ذکر کرتا ہے۔ اور اسی ملک کے اطراف و اکناف کے تاریخی واقعات دہراتا ہے (اور اس کے اشارہ مرسلین کا ذکر کرتا ہے) جو مخاطبین کے ذہنون مین جاگزین ہیں کیونکہ اجنبی واقعات کا اظہار با مثال تعلیم یا نصیحت کیلئے قطعاً فایدہ بخش نہین ہوتا۔ بلکہ اسکے سننے سے طبیعت اکتا جاتی ہے۔ (ص ۳۵ و ۳۶)

اسی طرح قرآن کے تعلیم کی عمومیت پر ایک اعتراض عاید ہوتا ہے کہ۔ جب وہ ملک عرب کیلئے نازل ہوئی ہے اور مخاطب قوم عرب ہے تو پھر اسکے عالمگیر دعوت کے کیا معنی!۔ بات یہ ہے کہ ہر ایسی تحریک جو عالمگیر انسانیت کیلئے فلاح و بہبود کی ہو تو کسی ایک ملک کی چھوٹی سی جماعت ہی سے شروع ہوگی۔ اور اسکی عالمگیر انسانیت کی افادیت اسکو عالمگیر بنادے گی۔ کسی عالمگیر انسانیت کی اصلاح کیلئے وقت واحد مین وہ تمام دنیا مین ابتداء ہی مین تحریک پھیلائی نہین جاسکتی۔

---

[1] بڑی سچی بات علامہ نے لکھی ہے۔ میرا فکر تو یہ ہے کہ قرآن کے لغوی معنی تو پڑھنے۔ یا بار بار پڑھنے کے ہین۔ جو قرآن (۶۶۶۶) آیتون مین پھیلا ہوا ہے۔ ان سب کا مفہوم مقصد۔ مدعا صرف تین الفاظ مین ہے۔ پڑھو۔ سمجھو۔ اور کرو۔ بالفاظ عربی (اقراء۔ تدبرون۔ تفکرون۔ تعقلون۔ اور اعملوا) گویا آخری مقصد یا نتیجہ "عمل" ہے اگر صرف پڑھنا۔ اور کسی حیثیت سے علم کلام کی روشنی مین سمجھنا۔ یا سمجھانا ہے۔ اور تیسری شرط مفقود ہے۔ تو پھر سب کچھ بے معنی و مہملات ہین۔ کسی تحریک کی حقیقت جب تک اُن حالات سے گذرتے ہوئے محسوس نہ کیجائے صحیح علم کا حصول نہین ہوسکتا مثلاً، آگ جلاتی ہے۔ اسکا جاننا تو قیاسی ہے۔ لیکن جب ہم کو بذات خود کوئی چرکا لگے تو جلانیکا علم ہی نہین بلکہ جلنے کی تکلیف بھی محسوس ہوگی۔ اور آیندہ اس سے بچنے کی فکر۔ اور اتفاقاً اگر جل جائین تو اسکے علاج کا علم بھی ہوگا۔ ایک بے شعور بچہ بھی آگ کے پاس جانے ڈریگا۔ کہ کسی وقت اسکو چرکا لگا تھا۔ اسی مثال کے پیش نظر علامہ کا خیال ہمین قرآن حکیم اور سنت رسول و اصحاب رسول کے بلکہ سنت اللہ کے تحت حق ہے۔ سچ کہا ہے اقبال نے "کیا صوفی و ملا کو خبر میرے جنون کی ان کا سر دامن بھی ابھی چاک نہین ہے"۔ پس۔ جو علماء و مشائخ آرام دہ گدون پر رونق افروز ہو کر جب تفسیر قرآن کا درس دیتے ہین۔ تو انکو اسکی بھی خبر نہین کہ "صلوٰۃ خوف" کی کیا حقیقت ہے۔ کیونکہ انکو کبھی میدان جنگ کی ہوا بھی تو نہین لگی۔ برخلاف اسکے ایک جنگجو سپاہی (زمانہ نزول قرآن حکیم کا نہین بلکہ اس بیسوین صدی کا صلوٰۃ خوف کے احکام قرآن کو سنکر اسکا صحیح مفہوم حاصل کرسکتا ہے۔ اور بتلا سکتا ہے۔ پس اس نظریہ کے تحت علامہ کا فکر ایک سیاست مومن کا سمجھا جاسکتا ہے۔ اگر غور کیجئے تو معلوم ہوگا کہ موجودہ زمانے کی عدالتون کی وجہ اب ہمارے علماء کیلئے تمدن و معاشرت کے معاملات کا فکر بھی باقی نہین رہا البتہ ایک نظر ایک وسیع میدان ہے۔ فتاوے کفر کا جسمین وہ بال کی کھال نکالنے کی رات دن کوشش کرتے رہتے ہین۔ اور جہانتک ممکن ہوسکے مسلمانون کو دین سے خارج کرنیکی فکر انکے دامنگیر ہے۔

بلکہ اسکا آغاز محدود مقام سے ہوگا، اور انجام عالمگیر بن جائیگا۔ اسکو خود بخود مقبولیت حاصل ہوتی چلی جائیگی، پس اس اصول پر آپ قرآن حکیم کی تعلیم میں غور کریں تو یہ اعتراض باقی نہیں رہتا[1]

قرآن میں تفصیلات کیوں نہیں ہیں؟ یہ اعتراض بھی پیدا ہوتا ہے کہ جب قرآن کو ایک مفصل اور مکمل ہدایت نامہ سمجھا جاتا ہے تو اسمیں ارکانِ اسلام کے تفصیلات بھی تو کہیں نہیں ملتے۔ جیسے نماز۔ زکوٰۃ۔ وغیرہ۔

اس معاملہ میں ساری الجھن صرف اسلئے پیدا ہوتی ہے کہ آدمی کی نگاہ سے حقیقت کا پہلو اوجھل رہ جاتا ہے۔ خدا نے صرف کتاب ہی نازل نہیں کی۔ بلکہ ایک رسول بھی بھیجا جو ہر قسم کے طور طریق (یعنی شرع و منہاج) کو عملاً بتلا دیا (جسکی مثال کسی بڑے پراجکٹ کی تعمیر سے سمجھ میں آسکتی ہے کہ۔ ابتداءً حکومت تعمیر کے ارادہ کو ظاہر کرتی ہے تو انجینیر اسکی تعمیر کے تمام سلسلوں کو عملاً اپنے ماتحتین کو بتلاتا جاتا ہے۔ صرف نقشہ کے مرتب کرنے سے کوئی کام نہیں چل سکتا اور نہ بغیر نقشے کے تعمیر ہوسکتی ہے۔ ہم چھوٹا اور بڑا کام عملی طور پر انجینیر حالات کے لحاظ سے بتلاتا جاتا ہے۔ جب کہیں ایک بڑا سا گر تعمیر ہوتا ہے) انھیں نقوش پر اللہ کی مرضی کے مطابق اُمت کی تعمیر رسولِ عربی نے کی[2]

فرقہ بندی قرآن کے منشاء کے خلاف ہے پھر اُمتِ محمدی میں فرقوں کا وجود کیسا؟ یہ ایک وسیع الاطراف مسئلہ ہے جس پر مفصل بحث کا یہ موقع نہیں ہے۔ یہاں پر ایک عام طالبِ علم کی الجھن دور کرنیکے لئے صرف اتنا اشارہ کافی ہے کہ۔ قرآن اس صحت بخش اختلاف رائے کا مخالف نہیں جو دین میں متفق اور اسلامی نظامِ جماعت میں متحد رہتے ہوئے محض احکام و قوانین کی تعبیر میں مخلصانہ تحقیق کی بنا پر کیا جائے۔ وہ مذمت اس اختلاف کی کرتا ہے جو نفسانیت اور کج نگاہی سے شروع ہو اور فرقہ بندی و نزاعِ باہمی کی نوبت تک پہونچ جائے۔ پہلی قسم کا اختلاف تو ترقی کی جان ہے اور زندگی کی روح ہے۔ دوسری قسم کا اختلاف مرض نہیں بلکہ مرض الموت کا باعث ہے۔ پس قرآن نے دوسرے قسم کے اختلاف کی مخالفت کی ہے۔ نہ کہ احتجاجی اختلاف کی[3] (ص ۳۸ و ۳۹)۔

(خاتمہ پر علامہ نے لکھا ہے کہ) ۔ اس مقدمہ میں مسایل کو واضح کرنا میرے پیشِ نظر نہیں۔ بلکہ ایسے سوالات جو عام طور پر مطالعۂ قرآن حکیم کے وقت ناظر کے ذہن اور فکر میں کھٹک پیدا کرتے ہیں اسکی طرف غور و فکر کیلئے اشارے کر دیئے گئے ہیں۔ (ص ۴۰)۔

"تفہیم القرآن" کے دیباچہ اور مقدمہ کو پڑھنے کے بعد میرے دل کی گہرائیوں سے یہ دعا نکلی کہ "اللہ تعالیٰ علامہ کے فکر و نظر ۔۔۔ مطالعۂ قرآن حکیم میں اور زیادہ شرح صدر عطا فرمائے۔ این دعا از من و از جملہ جہان آمین باد!" فقط (۷ اکتوبر ۱۹۵۹ء)۔

---

[1] میرا فکر دیرینہ جسکو آپ گذشتہ صفحات میں پڑھ آئے ہیں۔ یا آیندہ صفحات میں آپکے زیرِ مطالعہ آئیگا۔ اسکی تائید میں علامہ موصوف کا فکر آپکو نظر آئیگا جو شرح و بسط کیساتھ مقدمۂ قرآن کے (دو) صفحات پر ہے۔ [2] اس بات کو ذہن نشین رکھئے کہ محمد عربی صاحبِ مقابلۂ گذشتہ سلسلوں کے دامنِ تقاضائے انسانی کی بلندی پر تھے۔ اسی لئے منشاء نزولِ وحیِ الٰہی کی جیسے آپ نے تکمیل کی اسکی مثال دیگر انبیاء و مرسلین کی تاریخ میں آپکو نہیں ملیگی۔ و نیز قرآن حکیم ایک دستورِ حیات ہے۔ یہ متعدد مجمل ہوا کرتا ہے۔ مگر مفصل۔ قانون مفصل ہوتا ہے۔ لیکن وہ بھی نشۂ البتہ ضابطہ عمل کے تفصیلات کا حامل ہوتا ہے۔ لیکن ہم تو قرآن کو ایک فقہ کی کتاب کیطرح سمجھنا چاہتے ہیں۔ میرے گذشتہ صفحے کے افکار کی تصدیق تو آپکو علامہ کے اس فکر سے ہوسکتی ہے۔ جس سے آپکی تشنگی دور ہو رہی ہوگی۔ [3] بلاشبہ یہ ایک معرکۃ الآراء مسئلہ ہے کہ اسکے حل کرنے کیلئے ہزاروں صفحات کی ضرورت ہے۔ علامہ نے جس اختصار سے ایک عام طالب العلم کیلئے بنیادی نظریات کو واضح کر دیا ہے وہ حق ہے لیکن اس بدقسمتی کا کیا علاج کہ دوسری قسم کا اختلاف کرتے ہوئے قسمِ اول کے اختلاف ہی کی چادر اوڑھے ہوئے اپنے فرقہ کو ناجی بنا کر تمام دنیا کے غیر اُمتِ محمدی ہی کو نہیں بلکہ اُمتِ محمدی کے تمام فرقوں کو بھی وہ ناری قرار دیتا ہے۔ ایسی حالت میں بجز مالکِ یوم الدین کے کوئی ہے جو اس اختلاف کا تصفیہ کرے۔ اور یہ مرض تو نزولِ قرآن کیوقت اہلِ کتاب مکذبین میں تھا اور آج اُس سے زیادہ حاملین قرآن کیلئے وہ مرض متعدی بن چکا ہے۔ پھر لطفِ خاص تو یہ ہے کہ جو وسیع النظر مہربان اس حقیقت سے آشنا ہیں وہ بھی تو عملاً اسی رنگ میں رنگی ہوئی نظر آتی ہیں۔ اب بتلایئے کہ اس عالمگیر زہریلے اثرات کا علاج کسکے بس کی بات ہوسکتی ہے! چنانچہ میرا مقالہ "قرآن اور عالمگیر کیوں ہے؟" علامہ موصوف کے پیش نظر آجائے تو شاید ہی وہ اسکو درخورِ التفات سمجھیں۔ بہرحال میرا فکر تو یہ ہے کہ نزولِ قرآن کیوقت جو کیفیت عوام و اہلِ کتاب کے علماء کی تھی آج اسکا عکس اُمتِ محمدی میں نظر آرہا ہے کہ وہ ایک ذہنی فلم ظاہر ہوتا ہے۔

ترتیب نزول وحیِ قرآنی کے محققین کی ایک مکمل فہرست ۔ من ابتدائے سنہ ۶۱۰ء تا سنہ ۶۳۲ء مطابق سنہ ۱۱ھ ۔

صفحہ	۱	۲	۳	۴	۵	۶	۷	۸	۹	۱۰	۱۱	۱۲	۱۳	۱۴	۱۵	۱۶	۱۷
	سلسلۂ نزول محققین	موجودہ سلسلہ	نام سورۃ	محمد عبد اللہ ابن عباس و عکرمہ	حسن بصری و عکرمہ	محمد بن اسحاق بن یسار	جابر بن زید تابعی	مستشرق سپرنگر ۱۸۵۶ء	نولدیکے ۱۸۶۰ء	رازی و بیضاوی ۱۸۷۲ء	مرزا ابو الفضل ۱۹۱۱ء	ایچ گرام	بہ تحقیق ۱۹۰۰ء	سید محمود حسین ۱۹۲۷ء	بلاشیر ۱۹۳۱ء	تحقیقات مصر ۱۹۸۵ء	توضیحات تحقیق مصر
۱۲۱	۱	۹۶	علق	۱	۱	۱	۱	۱۹	۱	۱	۱	۱۱	۱۱و۱	۱	۱	۱	آغاز وحی
۱۳۷	۲	۹۳	ضحیٰ	۱۰	۱۰	۱۱	۱۱	۱۶	۱۳	۴	۱۳	۱۴	۱۶	۱۱	۲۳	۱۱	
۱۴۱	۳	۹۴	نشرح	۱۱	۱۱	۸	۱۲	۱۷	۱۲	۵	۱۲	۱۳	۱۰	۱۲	۲۴	۱۲	
۱۴۵	۴	۱۱۳	فلق	۱۹	۱۹	۲۰	۲۰	؟	۴۶	۶	۴۶	۳۹	۸۴	۱۷	۳۹	۲۰	
۱۴۷	۵	۱۰۵	فیل	۱۸	۱۸	۱۸	۱۹	۱۳	۹	۱۹	۹	۴	۳۹	۱۶	۳۲	۱۹	
۱۴۹	۶	۹۷	قدر	۲۴	۲۴	۲۴	۲۵	۲۴	۱۴	۲۱	۱۴	۵۵	۴۱	۲۲	۲	۲۵	
۱۵۵	۷	۱۰۶	قریش	۲۸	۲۸	۲۸	۲۹	۵	۴	۲۰	۴	۳	۳۳	۲۶	۳۳	۴۹	آغاز دور مکی
۱۵۸	۸	۹۲	واللیل	۸	۸	۱۲	۹	۱۲	۱۰	۱۶	۱۰	۱۵	۳۷	۹	۲۲	۹	
۱۶۱	۹	۱۰۰	عادیات	۱۳	۱۳	۱۳	۱۴	۲	۳۰	۳۴	۳۰	۸	۳۱	۹۷	۲۷	۱۴	
۱۶۳	۱۰	۹۹	الزلزالۃ	۹۲	۹۱	۹۲	؟	۳	۲۵	۳۰	۲۵	۹	۲۱	۹۵	۲۶	۹۳	
۱۶۵	۱۱	۱۰۳	عصر	۱۲	۱۲	۹	۱۳	۱	۲۱	۲۷	۲۱	۶	۴۶	۱۳	۳۰	۱۳	
۱۶۸	۱۲	۱۰۲	تکاثر	۱۵	۱۵	۱۵	۱۶	۹	۸	۱۵	۸	۷	۴۰	۹۸	۲۹	۱۶	
۱۷۰	۱۳	۱۰۱	قارعہ	۲۹	۲۹	۲۹	۳۰	۷	۲۴	۲۹	۲۴	-	۳۲	۲۷	۲۸	۳۰	
۱۷۲	۱۴	۱۱۴	الناس	۲۰	۲۰	۲۱	۲۱	؟	۴۷	۷	۴۷	۳۸	۸۴	۱۸	۴۰	۲۱	
۱۸۲	۱۵	۹۱	شمس	۲۵	۲۵	۲۵	۲۶	۴	۱۶	۲۳	۱۶	۱۶	۳۸	۲۳	۳۱	۲۶	
۱۹۳	۱۶	۱۰۴	ہمزۃ	۳۱	۳۱	۳۱	۳۲	۱۰	۶	۱۳	۶	۵	۱۳	۲۹	۳۱	۳۲	
۱۹۵	۱۷	۷۰	معارج	۷۸	۷۶	۷۷	۷۷	۳۷	۴۲	۴۷	۴۲	۳۵	۳۰	۷۹	۰	۷۹	
۲۰۴	۱۸	۸۰	عبس	۲۳	۲۳	۲۳	۲۴	۲۶	۱۷	۲۴	۱۷	۲۷	۲۲	۲۱	۱۰	۲۴	
۲۱۳	۱۹	۹۰	بلد	۳۴	۳۴	۳۴	۳۵	۱۵	۱۱	۱۸	۱۱	۱۷	۳۶	۳۱	۲۰	۳۵	
۲۱۷	۲۰	۸۹	فجر	۹	۹	۱۰	۱۰	۱۴	۳۵	۳۹	۳۵	۱۸	۴۳	۱۰	۱۹	۱۰	
۲۲۶	۲۱	۸۷	اعلیٰ	۷	۷	۷	۸	۲۳	۱۹	۲۵	۱۹	۲۰	۲	۸	۱۷	۸	
۲۴۱	۲۲	۱۰۸	کوثر	۱۴	۱۴	۱۴	۱۵	۱۸	۵	۱۲	۵	۱۰	۳۵	۹۶	۳۵	۱۵	
۲۴۷	۲۳	۱۰۷	ماعون	۱۶	۱۶	۱۶	۱۷	۳۹	۷	۱۴	۷	۲	۳۴	۱۴	۳۴	۱۷	
۲۵۲	۲۴	۱۱۱	لہب	۵	۵	۵	۶	۲۲	۳	۱۱	۳	۱	۱۲	۶	۳۷	۶	
۲۵۵	۲۵	۸۶	طارق	۳۵	۳۵	۸۶	۳۶	۲۹	۱۵	۲۲	۱۵	۲۱	۲۳	۳۲	۱۶	۳۶	
۲۵۸	۲۶	۷۳	مزمل	۳	۳	۳	۳	۳۶	۲۳	۳	۳۳	۳۴	۸	۳	۳	۳	۱-۱۱و۲-۲ ملحق
۲۶۶	۲۷	۹۵	والتین	۲۷	۲۷	۲۷	۲۸	۸	۲۰	۲۶	۲۰	۱۴	۴۷	۲۵	۲۵	۲۸	

سلسلہ نزول بتحقیق جلال الدین سیوطی	موجودہ سلسلہ	نام سورۃ	عبداللہ بن عباس و عطاء و ربیعہ	حسن بصری و ابن سیرین و مجاہد	محمد بن اسحاق و ابن زبیر	جابر بن زید و ابن ابی	سورۃ الکہف ۱۸	نزول ۱۵	راوی ۱۷	مدینہ ۱۸	ابن عباس و ابن الفضل ۱۹	ابن کرام	مختلف فیہ ۱۹	سیوطی و بیہقی و جعبری ۱۲	ابن ابی ہاشم ابن عربی	تحقیقات مصر ۱۸۸۸ء	توضیحات تحقیق مصر
۱	۲	۳	۴	۵	۶	۷	۸	۹	۱۰	۱۱	۱۲	۱۳	۱۴	۱۵	۱۶	۱۷	
۲۸	۸۴	انشقاق	۸۲	۷۹	۸۱	۸۱	۲۸	۲۹	۳۳	۲۹	۲۳	۲۰	۸۳	۱۴	۸۳		۳۷۰
۲۹	۸۲	انفطار	۸۱	۸۰	۸۰	۸۰	۱۱	۲۶	۳۱	۲۶	۲۵	۱۹	۸۲	۱۲	۸۲		۲۸۰
۳۰	۷۷	مرسلات	۳۲	۳۴	۳۴	۳۳	۳۳	۳۲	۳۶	۳۲	۳۰	۲۷	۳۰	۷	۳۳	آیت (۸۴) مدنی ہے۔	
۳۱	۷۵	قیامۃ	۳۰	۳۰	۳۰	۳۱	۳۶	۳۶	۴۰	۳۶	۳۲	۲۴	۲۸	۵	۳۱		
۳۲	۵۶	واقعہ	۴۵	۴۳	۴۴	۴۶	۴۱	۴۱	۴۵	۴۱	۴۰	۲۹	۴۵	۲۷	۴۶	آیت (۸۱ و ۸۲) مدنی	
۳۳	۷۱	نوح	۷۰	۶۸	۷۱	۷۲	۵۴	۵۱	۵۱	۵۱	۷۱	۷۶	۶۸	۹	۷۱		
۳۴	۷۹	نازعات	۸۰	۷۸	۷۹	۷۹	۴۷	۳۱	۳۵	۳۱	۲۸	۱۴	۸۱	۹	۸۱		
۳۵	۸۵	بروج	۲۶	۲۶	۲۶	۲۷	۳۱	۲۲	۲۸	۲۲	۲۲	۴۵	۲۴	۱۵	۲۷		
۳۶	۷۴	مدثر	۴	۴	۴	۴	۲۱	۲	۲	۲	۳۳	۷	۴	۴	۴		
۳۷	۸۳	تطفیف	۸۵	۸۳	۸۴	۸۴	۳۲	۳۷	۴۱	۳۷	۲۳	۳۵	۸۶	۱۳	۸۶	آخری مکی سورۃ بلحاظ تحقیق مصر	
۳۸	۶۸	ن۔ قلم	۲	۲	۲	۲	۵۲	۱۸	۱۷	۱۸	۳۷	۳۸	۲	۴۸	۲	۴۸ آیا ۳۳ تا ۵۰ مدنی	
۳۹	۸۱	تکویر	۶	۶	۶	۷	۲۷	۲۷	۳۲	۱۰	۲۶	۱۸	۱۷	۱۱	۷		
۴۰	۵۱	ذاریات	۶۶	۶۴	۶۶	۶۵	۶۳	۳۹	۴۳	۳۹	۴۵	۴۹	۶۵	۴۲	۶۷		
۴۱	۶۹	حاقہ	۷۷	۷۵	۷۶	۷۶	۵۱	۳۸	۴۲	۳۸	۳۶	۲۷	۷۸	-	۷۸		
۴۲	۵۴	قمر	۳۶	۳۶	۸۸	۳۷	۴۸	۴۹	۴۹	۴۹	۴۲	۵۱	۳۴	۴۵	۳۷		
۴۳	۸۸	غاشیہ	۶۷	۶۵	۶۷	۶۶	۲۵	۳۴	۳۸	۳۴	۱۹	۲۶	۷۷	۱۸	۶۸		
۴۴	۷۸	النبأ (عمایتسا لون)	۷۹	۷۷	۷۸	۷۸	۳۳	۳۳	۳۷	۳۳	۲۹	۲۸	۸۰	۸	۸۰		
۴۵	۷۶	دہر	۹۷	۹۶	۹۷	-	۳۵	۵۲	۵۲	۵۲	۳۱	۹	۳۹	۶	۹۸		
۴۶	۵۵	رحمٰن	۹۶	۹۵	۳۵	-	۴۰	۴۳	۴۸	۴۳	۴۱	۷۷	۴۰	۴۶	۹۷		
۴۷	۵۰	ق	۳۳	۳۳	۳۳	۳۴	۵۶	۵۴	۵۴	۵۴	۴۶	۷۷	۳۳	۴۱	۳۴	(۳۸) مدنی	
۴۸	۵۳	نجم	۲۲	۲۲	۲۲	۲۳	۴۳	۲۸	۴۸	۲۸	۴۳	۱۵	۲۰	۴۴	۲۳	(۳۲) مدنی	
۴۹	۶۷	ملک	۷۶	۷۴	۷۵	۷۵	۴۲	۶۳	۶۳	۶۳	۶۵	۸۰	۷۶	-	۷۷		
۵۰	۴۶	احقاف	۶۵	۶۳	۲۷	۶۴	۶۴	۸۸	۸۸	۸۸	۵۰	۷۱	۶۴	۰	۶۶	۱۰-۱۵-۳۵ مدنی	
۵۱	۴۴	دخان	۶۳	۵۸	۶۳	۶۲	۵۸	۵۳	۵۳	۵۳	۵۳	۵۳	۶۴		۶۴		
۵۲	۱۱۲	اخلاص	۲۱	۲۱	۱۹	۲۲	۲۰	۴۳	۱۰	۴۴	۹۰ ۱-۹	-	۱۹	۳۸	۲۲		
۵۳	۳۷	صافات	۵۵	۵۳	۵۳	۵۶	۵۹	۵۰	۵۰	۵۰	۵۹	۵۲	۵۴	-	۵۶		
۵۴	۳۴	السجدہ	۷۴	۷۲	۷۳	۶۹	۴۴	۷۰	۷۰	۷۰	۷۳	۸۰	۷۳	-	۷۵	۶ تا ۳۰ مدنی	
۵۵	۱۹	مریم	۴۳	-	۴۲	۴۴	۶۸	۵۸	۵۸	۵۸	۷۷	۵۹	۴۳		۴۴	۵۸ و ۷۱ مدنی	
۵۶	۵۲	طور	۷۵	۷۳	۷۴	۷۳	۵۵	۴۰	۴۴	۴۰	۴۴	۲۹ و ۶	۷۵	۴۳	۷۶		

سلسلۂ نزولی حقیقی	موجودہ سلسلہ	نام سورۃ	عبداللہ بن عباس ۶۸ھ	حسن بصری ۱۱۰ھ	محمد بن سیرین ۱۱۰ھ	جابر بن زید ۱۰۳ھ	مرثد بن سمیر ۱۲۷ھ	نزول بن سبرہ ۱۲۷ھ	ابوالعالیہ ۹۰ھ	زید بن اسلم ۱۳۶ھ	ابن قتیبہ ۲۷۶ھ	ابن الجوزی ۵۹۷ھ	ابن کثیر ۷۷۴ھ	سیوطی ۹۱۱ھ	ابراہیم بن علی	توضیحات تحقیق مصر
۱	۲	۳	۴	۵	۶	۷	۸	۹	۱۰	۱۱	۱۲	۱۳	۱۴	۱۵	۱۶	۱۷
۵۷	۳۸	ص	۳۷	۳۷	۳۸	۳۸	۷۳	۵۹	۵۹	۵۹	۵۸	۵۴	۳۵	؟	۳۸	
۵۸	۱۵	الحجر	۵۳	۵۱	۵۲	۵۴	۶۲	۵۷	۵۷	۵۷	۴۷	۵۶	۵۲	؟	۵۴	آیت (۸۷) مدنی
۵۹	۱۸	کہف	۶۸	۶۶	۶۸	۶۷	۶۹	۶۹	۶۹	۶۹	۸۰	۵۷	۶۶	؟	۶۹	۲۸ و ۸۳ تا ۱۰۱ مدنی
۶۰	۲۰	طٰہٰ	۴۴	۴۲	۴۳	۴۵	۷۵	۵۵	۵۵	۵۵	۷۳	۶۲	۴۴	؟	۴۵	۱۳۰ و ۱۳۱ "
۶۱	۲۳	المومنون	۷۳	۷۱	۵۵	۷۴	۸۴	۶۴	۶۴	۶۴	۷۴	۷۰ و ۸۱	۷۲	؟	۷۴	
۶۲	۲۱	الانبیاء	۷۲	۷۰	۵۷	۷۰	۸۶	۶۵	۶۵	۶۵	۷۶	۶۰	۷۱	؟	۷۳	
۶۳	۳۶	یٰسین	۴۰	۳۹	۳۷	۴۱	۹۷	۶۰	۶۰	۶۰	۶۰	۸۷	۳۸	؟	۴۱	آیت (۴۵) مدنی
۶۴	۲۶	شعراء	۴۶	۴۴	۴۵	۴۷	۶۱	۵۶	۵۶	۵۶	۷۰	۵۰	۴۶	؟	۴۷	۱۹۷ و ۲۲۳ تا ۲۲۷ مدنی
۶۵	۱۳	رعد	۹۵	۹۴	۹۶	؟	۸۹	۸۰	۹۰	۹۰	۸۳	۸۳	۷۰	؟	۹۶	
۶۶	۲۵	فرقان	۴۱	۴۰	۳۹	۴۲	۷۴	۶۶	۶۶	۶۶	۷۲	۸۱	۴۱	؟	۴۲	۶۸ تا ۷۰ مدنی
۶۷	۴۲	شوریٰ	۶۱	۶۰	۶۱	۶۸	۷۱	۸۳	۸۳	۸۳	۷۹	۷۸	۶۰	؟	۶۲	۲۳ تا ۲۵ و ۲۷ مدنی
۶۸	۳۴	سبا	۵۷	۵۵	۵۶	؟	۷۹	۸۵	۸۵	۸۵	۶۲	۶۴	۵۶	؟	۵۸	۶ مدنی
۶۹	۴۰	مومن	۵۹	۵۷	۵۹	۵۹	۷۲	۷۸	۷۸	۷۸	۵۶	۶۷ و ۸۹	۵۸		۶۰	۵۶ و ۵۷ مدنی
۷۰	۳۹	زمر	۵۸	۵۶	۵۸	۵۸	۷۵	۸۰	۸۰	۸۰	۵۷	۸۸	۵۷		۵۹	۵۲ تا ۵۴ مدنی
۷۱	۱۰۹	کافرون	۱۷	۱۷	۱۷	۱۸	۳۸	۴۵	۹	۴۵	۹۰ و ۱۱۲	۱۷	۱۵	۳۶	۱۸	
۷۲	۳۱	لقمان	۵۶	۵۴	۵۴	۵۷	۵۰	۸۲	۸۲	۸۲	۶۴	۸۶	۵۵	؟	۵۷	۲۷ تا ۲۹ مدنی
۷۳	۲۸	قصص	۴۸	۴۶	۴۷	۴۹	۸۳	۷۹	۷۹	۷۹	۶۸	۵۵	۴۸	؟	۴۹	۵۲ تا ۵۵ و ۸۵ اثنائے سفر ہجرت
۷۴	۱۲	یوسف	۵۲	۵۰	۵۰	۵۳	۷۷	۷۷	۷۷	۷۷	۸۴	۹۴ و ۵۸	۵۱	؟	۵۳	۱ تا ۳ و ۷ مدنی
۷۵	۱۴	ابراہیم	۷۱	۶۹	۷۲	؟	۸۰	۷۶	۷۶	۷۶	۴۹	۶۱	۶۹	؟	۷۲	۲۸ و ۲۹ مدنی
۷۶	۳۰	روم	۸۳	۸۱	۸۴	۸۲	۶۰	۷۴	۷۴	۷۴	۶۶	۸۸	۸۴	x	۸۴	(۱۷) مدنی
۷۷	۷	اعراف	۳۸	؟	۸۹	۳۹	۹۱	۸۷	۸۷	۸۷	۸۷	۹۵ و ۸۷	۳۶	۰	۳۹	۱۶۳ تا ۱۷۰ مدنی
۷۸	۲۹	عنکبوت	۸۴	۸۲	۸۳	۸۳	۹۰	۸۱	۸۱	۸۱	۶۷ و ۹۹	۶۸ و ۹۰	۸۵	؟	۸۵	۱ تا ۱۱ مدنی
۷۹	۳۵	فاطر	۴۲	۴۱	۴۱	۴۳	۶۶	۸۶	۸۶	۸۶	۶۱	۷۹	۴۲	؟	۴۳	
۸۰	۴۱	حٰمٓ سجدہ	۶۰	۵۹	۶۰	۶۰	۵۳	۷۱	۷۱	۷۱	۵۴	۷۹	۵۹	؟	۶۱	
۸۱	۷۲	قل اوحی جن	۳۹	۳۸	۳۶	۴۰	۶۵	۶۳	۶۲	۶۲	۵۱	۴۴	۳۷	؟	۴۰	
۸۲	۱	فاتحۃ الکتاب	؟	؟	؟	۵	۶	۴۸	۸	۴۸	۷۸	۷۵	۵	۴۸	۵	
۸۳	۴۵	الجاثیہ	۶۴	۶۲	۶۴	۶۳	۵۷	۷۳	۷۲	۷۲	۵۲	۷۸	۶۳	؟	۶۵	۱۴ مدنی
۸۴	۴۳	زخرف	۶۲	۶۱	۶۲	۶۱	۷۶	۶۱	۶۱	۶۱	۷۵	۵۹ و ۸۲	۶۱	؟	۶۳	۵۴ مدنی
۸۵	۲۷	نمل	۴۷	۴۵	۴۶	۴۸	۷۰	۶۸	۶۸	۶۸	۶۹	۵۴	۴۷	؟	۴۸	

سلسلہ نزول بحسب تحقیق	موجودہ سلسلہ	نام سورۃ	عبداللہ بن عباس رضی اللہ عنہ	حسن بصری و عکرمہ	محمد بن کعب قرظی	جابر بن زید ابو الشعثاء	مجاہد	قتادہ	زید بن اسلم	ابن عباس رضی اللہ عنہ	مرثد بن عبداللہ الیزنی	ابو حیان	نولدیکے ۱۸۶۰ء	ریڈ ویل ۱۸۶۱ء	مرزا حیرت دہلوی ۱۸۹۱ء	توضیحات تحقیق مصر
۱	۲	۳	۴	۵	۶	۷	۸	۹	۱۰	۱۱	۱۲	۱۳	۱۴	۱۵	۱۶	۱۷
۸۶	۱۷	بنی اسرائیل	۴۹	۴۷	۴۸	۵۰	۸۷	۶۷	۶۷	۶۷	۸۱	۶۶ و ۸۵ و ۹۰	۷۳	؟	۵۰	۲۶ و ۳۲ و ۳۳ و ۵۷ و ۷۳ تا ۸۰ مکی
۸۷	۱۱	ھود	۵۱	۴۹	۴۹	۵۲	۷۸	۷۵	۷۵	۷۵	۸۵	۶۳	۵۰	؟	۵۲	۱۲ و ۱۷ و ۴۴ و ۹۱ مکی
۸۸	۱۰	یونس	۵۰	۴۸	۵۱	۵۱	۷۹	۸۳	۸۴	۸۴	۸۶	۶۹	۴۹	؟	۵۱	۳۰ و ۴۳ و ۹۶ مکی
۸۹	۱۶	نحل	۶۹	۶۷	۷۰	۷۱	۸۸	۷۳	۷۳	۷۳	۸۲	۸۲	۶۷		۷۰	آخری تین آیات مدنی
۹۰	۶	انعام	۵۴	۵۲	۴۹	۵۵	۸۱	۸۹	۸۹	۸۹	۸۸	۷۴ و ۹۰	۵۳		۵۵	۲۰ و ۲۳ و ۹۱ و ۹۳ و ۱۴۱ و ۱۵۱ و ۱۵۳ مکی ۱۱۴ و ۱۴۱ و ۱۵۱ و ۱۵۳ مدنی آخری آیت ۲۸۱ بمقام منیٰ حجۃ الوداع
۹۱	۲	البقرہ	۸۶	۸۴	۸۷	۸۵	؟	۹۱	۹۱	۹۱	۹۱	۶۳ و ۸۹	۸۷		۸۷	
۹۲	۶۲	جمعہ	۱۰۸	۱۰۸	۱۰۸	۹۸	؟	۹۴	۹۴	۹۴	۹۲	۵	۱۰۸		۱۱۰	
۹۳	۸	انفال	۸۷	۸۶	۸۸	۸۷	سنہ ۲ ہجری	۹۵	۹۵	۹۵	۹۵	۳	۸۸		۸۸	۳۰ تا ۳۶ مکی
۹۴	۴	النساء	۹۱	۱۰	۹۲	-	-	۱۰۰	۱۰۰	۱۰۰	۱۰۰	-	۹۴		۹۲	
۹۵	۴۷	محمد	۹۴	۹۳	۶۵	-	۹۹	۹۶	۶۶	۹۶	۹۶	-	۱۰۰		۹۵	(۱۳) در سفر ہجرت
۹۶	۶۱	صف	۱۱۰	۱۱۰	۱۱۰	۱۰۰	-	۹۸	۹۸	۹۸	۹۸	۱۰۳	۱۱۰		۱۰۹	
۹۷	۳	آل عمران	۸۸	۸۵	۹۰	۸۶	سنہ ۲ ہجری	۹۷	۹۷	۹۷	۹۸	۹۸	۸۹		۸۹	
۹۸	۹۸	البینہ	۹۹	۹۸	۹۹	-	-	۹۲	۹۲	۹۲	۸۹	۴۲	۱۰۱		۱۰۰	
۹۹	۵۹	الحشر	۱۰۰	۹۹	۱۰۰	-	سنہ ۴	۱۰۲	۱۰۲	۱۰۲	۹۷	-	۹۱	-	۱۰۱	
۱۰۰	۶۳	منافقون	۱۰۴	۱۰۳	۱۰۳	۹۴	سنہ ۶	۱۰۴	۱۰۴	۱۰۴	۱۰۸	-	۱۰۴		۱۰۴	
۱۰۱	۲۴	النور	۱۰۲	۱۰۱	۱۰۲	۹۲	سنہ ۵	۱۰۵	۱۰۵	۱۰۵	۹۶	-	۱۰۳		۱۰۲	
۱۰۲	۵۸	المجادلہ	۱۰۵	۱۰۴	۱۰۵	۹۵	-	۱۰۶	۱۰۶	۱۰۶	۱۰۵	-	۱۰۵		۱۰۵	
۱۰۳	۳۳	احزاب	۸۹	۸۷	۴۰	۸۸	-	۱۰۳	۱۰۳	۱۰۳	۱۰۷	-	۹۲		۹۰	
۱۰۴	۴۸	فتح	۱۱۱	۱۱۰	۱۱۱	۱۰۱	سنہ ۶	۹۸ و ۱۰۸	۱۰۸	۱۰۸	۱۱۱	-	۱۱۱		۱۱۱	
۱۰۵	۶۰	ممتحنہ	۹۰	۸۹	۹۱	۹۰	سنہ ۸	۱۱۰	۱۱۰	۱۱۰	۱۰۴	-	۹۳		۹۱	
۱۰۶	۱۱۰	نصر	۱۰۱	۱۰۰	۱۰۱	۹۹	۳۰	۱۱۱	۱۱۱	۱۱۱	۱۱۰	-	۱۱۳		۱۱۴	بمقامِ منیٰ حجۃ الوداع
۱۰۷	۵۷	حدید	۹۳	۹۲	۹۳	-	-	۹۹	۹۹	۹۹	۱۰۱	-	۹۹		۹۴	
۱۰۸	۶۴	تغابن	۱۰۹	۱۰۹	۱۰۹	۹۹	۸۲	۹۳	۹۳	۹۳	۱۰۲	-	۱۰۹		۱۰۸	
۱۰۹	۴۹	حجرات	۱۰۶	۱۰۵	۱۰۶	۹۶	-	۱۱۲	۱۱۲	۱۱۲	۱۰۹	-	۱۰۶		۱۰۶	
۱۱۰	۶۶	تحریم	۱۰۷	۱۰۶	۱۰۷	۹۷	سنہ ۸	۱۰۹	۱۰۹	۱۰۹	۱۱۲	-	۱۰۷		۱۰۷	
۱۱۱	۶۵	طلاق	۹۸	۹۷	۹۸	-	-	۱۰۱	۱۰۱	۱۰۱	۱۰۶	-	۱۰۲		۹۹	
۱۱۲	۲۲	حج	۱۰۳	۱۰۴	۱۰۳	۹۳	۸۵	۱۰۷	۱۰۷	۱۰۷	۴۸	۸۹	۹۰		۱۰۳	۵۲ تا ۵۵ سفر مکہ و مدینہ کے درمیان
۱۱۳	۹	توبہ = برائت	۱۱۳	-	۱۱۳	-	۱۱۴	۱۱۳	۱۱۳	۱۱۳	۱۱۳		۱۱۲		۱۱۳	آخر کی آیات مکی
۱۱۴	۵	مائدہ	۱۱۲	۸۸	۱۱۲	-	سنہ ۱۰ تا ۱۱	۱۱۴	۱۱۴	۱۱۴	۱۱۱	۷۲ و ۹۳	۱۱۴		۱۱۲	(۳) عرفہ حجۃ الوداع

فہرست مدنی قرآن مجید بلحاظ سلسلہ نزول وحی[1] بموجب تحقیق علامہ محمد اجمل خان

من ابتدائے سنہ ۱ ہجری۔ لغایتہ سنہ ۱۱ ہجری۔ مطابق سنہ ۶۲۲ء لغایتہ سنہ ۶۳۲ء

سلسلہ نشان	نام سورۃ	شمار رکوع	سلسلہ نشان	نام سورۃ	شمار رکوع	سلسلہ نشان	نام سورۃ	شمار رکوع
۱	البقرہ۔ سنہ ۱ ہجری	۴	۲۲	البقرہ۔ رجب سنہ ۲ تا شوال سنہ ۲	۹	۴۳	النساء۔ رجب سنہ ۳ تا شوال سنہ ۳	۲
۲	〃 〃	۵	۲۳	〃 〃	۱۰	۴۴	〃 〃	۳
۳	〃 〃	۶	۲۴	〃 〃	۱۱	۴۵	〃 〃	۴
۴	〃 〃	۷	۲۵	〃 〃	۱۲	۴۶	〃 〃	۵
۵	〃 〃	۸	۲۶	〃 〃	۱۳	۴۷	〃 〃	۶
۶	〃 〃	۲	۲۷	〃 〃	۱۴	۴۸	〃 〃	۱۹
۷	〃 〃	۳۲	۲۸	〃 〃	۱۵	۴۹	〃 〃	۲۲
۸	〃 〃	۳۳	۲۹	〃 〃	۱۶	۵۰	آل عمران 〃	۱۹
۹	الجمعہ 〃	۲	۳۰	الجمعہ 〃	۱	۵۱	النساء 〃	۷
۱۰	البقرہ 〃	۳۴	۳۱	البقرہ 〃	۲۳	۵۲	〃 〃	۸
۱۱	〃 〃	۳۵	۳۲	الانفال 〃	۵	۵۳	〃 〃	۱۰
۱۲	〃 〃	۳۶	۳۳	〃 〃	۲	۵۴	〃 〃	۱۲
۱۳	〃 〃	۳۷	۳۴	〃 〃	۱	۵۵	〃 〃	۱۳
۱۴	〃 〃	۴	۳۵	آل عمران 〃	۲	۵۶	〃 〃	۱۴
۱۵	المائدہ 〃	۵	۳۶	〃 〃	۵	۵۷	〃 〃	۲۱
۱۶	البقرہ۔ رجب سنہ ۲ تا شوال سنہ ۲	۲۷	۳۷	انفال 〃	۹	۵۸	〃 〃	۱۶
۱۷	〃 〃	۱۷	۳۸	〃 〃	۸	۵۹	〃 〃	۱۷
۱۸	〃 〃	۱۸	۳۹	〃 〃	۷	۶۰	〃 〃	۱۸
۱۹	〃 〃	۱۹	۴۰	محمدؐ 〃	۱	۶۱	〃 〃	۱۹
۲۰	〃 〃	۲۲	۴۱	نور 〃	۴	۶۲	محمدؐ 〃	۲
۲۱	〃 〃	۲۱	۴۲	النساء 〃	۱	۶۳	〃 〃	۳

[1] اس بات کو یادداشت میں جگہ دیجئے کہ۔ مدنی قرآن کا ہر رکوع مختلف اوقات میں بلحاظ حالات نازل ہوا ہے جسکو آنحضرت صلعم کے حکم سے ہر سورۃ سے ملا کر لکھا گیا تھا۔ چونکہ ہمیں پیش نظر سلسلۂ وحی ہے اسلئے ہر رکوع بلحاظ سلسلۂ نزول پیش کیا جا رہا ہے تاکہ نزول وحی مدنی کا مفہوم آسان ہو۔

سلسلہ نشان	نام سورۃ	شمار رکوع	سلسلہ نشان	نام سورۃ	شمار رکوع	سلسلہ نشان	نام سورۃ	شمار رکوع
۶۴	محمد ۔ رجب سنہ ۲ تا شوال سنہ ۳	۴	۹۱	الحشر سنہ ۳ تا سنہ ۶	۱	۱۱۸	البقرہ سنہ ۳ تا سنہ ۶	۲۸
۶۵	الصف 〃	۱	۹۲	〃 〃	۲	۱۱۹	〃 〃	۲۹ جزو
۶۶	〃 〃	۲	۹۳	〃 〃	۳	۱۲۰	الاحزاب 〃	۴
۶۷	المائدہ 〃	۴	۹۴	النساء 〃	۷	۱۲۱	آل عمران 〃	۸
۶۸	〃 〃	۶	۹۵	〃 〃	۹	۱۲۲	〃 〃	۹
۶۹	〃 〃	۷	۹۶	المنفقون 〃	۱	۱۲۳	〃 〃	۱۰
۷۰	〃 〃	۸	۹۷	〃 〃	۲	۱۲۴	〃 〃	۱۱
۷۱	〃 〃	۹	۹۸	النور 〃	۱	۱۲۵	البقرہ 〃	۲۹ جزو
۷۲	〃 〃	۱۰	۹۹	〃 〃	۲	۱۲۶	〃 〃	۳۰
۷۳	الانفال 〃	۳	۱۰۰	〃 〃	۳	۱۲۷	〃 〃	۳۱
۷۴	〃 〃	۴	۱۰۱	〃 〃	جزو ۴	۱۲۸	الاحزاب 〃	۶
۷۵	〃 〃	۱۰	۱۰۲	〃 〃	۵	۱۲۹	〃 〃	۷
۷۶	〃 〃	۶	۱۰۳	〃 〃	۶	۱۳۰	〃 〃	۸
۷۷	آل عمران سنہ ۳ تا سنہ ۶	۱۳	۱۰۴	〃 〃	۷	۱۳۱	الفتح سنہ ۶ تا سنہ ۸	۱
۷۸	〃 〃	۱۴	۱۰۵	〃 〃	جزو ۴	۱۳۲	〃 〃	۲
۷۹	〃 〃	۱۵	۱۰۶	〃 〃	۸	۱۳۳	〃 〃	۳
۸۰	〃 〃	۱۶	۱۰۷	〃 〃	۹	۱۳۴	〃 〃	۴
۸۱	〃 〃	۱۷	۱۰۸	المجادلہ 〃	۱	۱۳۵	الاعراف 〃	۲۰
۸۲	〃 〃	۱۸	۱۰۹	〃 〃	۲	۱۳۶	آل عمران 〃	۷
۸۳	〃 〃	۱۹	۱۱۰	〃 〃	۳	۱۳۷	البقرہ 〃	۲۴
۸۴	〃 〃	۲۰	۱۱۱	البقرہ 〃	۲۶	۱۳۸	النساء 〃	۱۳
۸۵	النساء 〃	۲	۱۱۲	النساء 〃	۱۱	۱۳۹	الممتحنہ 〃	۱
۸۶	〃 〃	۱۸	۱۱۳	الاحزاب 〃	۱	۱۴۰	〃 〃	۲
۸۷	〃 〃	۲۴	۱۱۴	〃 〃	۹	۱۴۱	البقرہ 〃	۲۰
۸۸	〃 〃	۱۵	۱۱۵	〃 〃	۲	۱۴۲	〃 〃	۱
۸۹	البینہ 〃	۱	۱۱۶	〃 〃	۳	۱۴۳	〃 〃	۳
۹۰	آل عمران 〃	۱۲	۱۱۷	〃 〃	۵	۱۴۴	النصر 〃	۱

سلسلہ نشان	نام سورۃ	نمبر رکوع	سلسلہ نشان	نام سورۃ	نمبر رکوع	سلسلہ نشان	نام سورۃ	نمبر رکوع
۱۴۵	الحدید سنہ ۶ تا سنہ ۸	۱	۱۷۲	البقرہ سنہ ۹ تا سنہ ۱۱	جزو ۲۷	۱۹۹	المائدہ سنہ ۹ تا سنہ ۱۱	۳
۱۴۶	〃 〃	۲	۱۷۳	توبہ 〃	۸	۲۰۰	〃 〃	۶
۱۴۷	〃 〃	۳	۱۷۴	الحجرات 〃	۱	۲۰۱	〃 〃	۱۱
۱۴۸	〃 〃	۴	۱۷۵	〃 〃	۲	۲۰۲	〃 〃	۱۲
۱۴۹	التغابن 〃	۱	۱۷۶	التحریم 〃	۱	۲۰۳	〃 〃	۱۳
۱۵۰	〃 〃	۲	۱۷۷	〃 〃	۲	۲۰۴	〃 〃	۱۴
۱۵۱	البقرہ 〃	۲۵	۱۷۸	التوبہ 〃	۶	۲۰۵	〃 〃	۱۵
۱۵۲	الحج 〃	۱	۱۷۹	〃 〃	۷	۲۰۶		۱۶
۱۵۳	〃 〃	۲	۱۸۰	الطلاق 〃	۱	۲۰۷	التوبہ	۵
۱۵۴	〃 〃	۳	۱۸۱	〃 〃	۲	۲۰۸	البقرہ آخری وحی	۴۰
۱۵۵	〃 〃	۴	۱۸۲	التوبہ 〃	۹			
۱۵۶	〃 〃	۵	۱۸۳	〃 〃	۱۰		ختم	
۱۵۷	〃 〃	۶	۱۸۴	〃 〃	۱۱			
۱۵۸	〃 〃	۷	۱۸۵	〃 〃	۱۲			
۱۵۹	〃 〃	۸	۱۸۶	〃 〃	۱۳			
۱۶۰	〃 〃	۹	۱۸۷	〃 〃	۱۴			
۱۶۱	〃 〃	۱۰	۱۸۸	〃 〃	۱۵			
۱۶۲	النساء 〃	۲۰	۱۸۹	〃 〃	۱۶			
۱۶۳	〃 〃	۲۳	۱۹۰	〃 〃	۱			
۱۶۴	آل عمران سنہ ۹ تا سنہ ۱۱	۱	۱۹۱	〃 〃	۲			
۱۶۵	〃 〃	۲	۱۹۲	〃 〃	۳			
۱۶۶	〃 〃	۳	۱۹۳	〃 〃	۴			
۱۶۷	〃 〃	۴	۱۹۴	〃 〃	۵			
۱۶۸	〃 〃	۵	۱۹۵	البقرہ 〃	۳۸			
۱۶۹	〃 〃	۶	۱۹۶	〃 〃	۳۹			
۱۷۰	〃 〃	۷	۱۹۷	المائدہ 〃	۱			
۱۷۱	البقرہ 〃	۲۶	۱۹۸	〃 〃	۲			

ترتیب سور مصحف ابی بن کعب

الحمد	السباء	الجن	عبس	التکاثر
البقرہ	العنکبوت	النجم	المطففین	العصر
النساء	المومن	سال سائل	اذا السماء انشقت	الخلع
آل عمران	الرعد	المزمل	والتین	الحضر
الانعام	القصص	المدثر	اقرا باسم ربک	ویل لکل ہمزہ
الاعراف	النمل	اقترب	الحجرات	اذا زلزلت
المائدہ	الصافات	حامیم	المنافقون	العادیات
یونس	ص	الدخان	الجمعہ	الفیل
الانفال	یٰسین	لقمان	لم تحرم	لایلاف قریش
براۃ	الحجر	حم الجاثیہ	الفجر	ارائت
مریم	ح م ع س ق	الطور	لاقسم بہذا البلد	انا اعطینک
الشعراء	الروم	الذاریات	واللیل	القدر
الحج	الحدید	نوح	اذا السماء انفطرت	الکافرون
یوسف	الفتح	الحاقہ	والشمس	اذا جاء نصر اللہ
الکہف	القتال	الحشر	والسماء والطارق	تبت یدا
النحل	الظہار	الممتحنہ	سبح اسم ربک	الصمد
الاحزاب	تبارک الملک	المرسلات	الغاشیہ	الفلق
بنی اسرائیل	السجدہ	عم یتساءلون	الصف	الناس
الزمر	انا ارسلنا نوحاً	لاقسم بیوم القیامۃ	التغابن	
طٰہٰ	الاحقاف	اذا الشمس کورت	اہل الکتاب (لم یکن)	
الانبیاء	ق	یا ایہا النبی (طلاق)	الضحیٰ	
النور	الرحمٰن	النازعات	الم نشرح	
المومنون	الواقعہ	التغابن	القارعہ	

ترتیب سور مصحف عبداللہ بن مسعودؓ

(الطوال)		۲۲	القصص	۴۴	الاحقاف	۶۶	الطور	۸۹	البلد
۱	البقرہ	۲۳	طس النمل	۴۵	الجاثیہ	۶۷	الذاریات	۹۰	الضحیٰ
۲	النساء	۲۴	النور	۴۶	الدخان	۶۸	اقترب الساعۃ	۹۱	الطارق
۳	آل عمران	۲۵	الانفال	۴۷	الممتحنات	۶۹	الواقعہ	۹۲	العادیات
۴	الاعراف	۲۶	مریم	۴۸	انا فتحنا لک	۷۰	النازعات	۹۳	ارائت
۵	الانعام	۲۷	العنکبوت	۴۹	الحشر	۷۱	سال سائل	۹۴	القارعہ
۶	المائدہ	۲۸	الروم	۵۰	تنزیل السجدہ	۷۲	المدثر	۹۵	لم یکن
۷	یونس	۲۹	یاسین	۵۱	الطلاق	۷۳	المزمل	۹۶	والشمس وضحٰہا
(المئین)		۳۰	الفرقان	۵۲	ن والقلم	۷۴	المطففین	۹۷	والتین
۸	براۃ	۳۱	الحجر	۵۳	الحجرات	۷۵	عبس	۹۸	ویل لکل ہمزہ
۹	النحل	۳۲	الرعد	۵۴	تبارک	۷۶	ہل اتی	۹۹	الم تر کیف

١٠ - هود
١١ - يوسف
١٢ - الكهف
١٣ - بني اسرائيل
١٤ - الانبياء
١٥ - طاها
١٦ - المومنون
١٧ - الشعراء
١٨ - الصافات
١٩ - المثاني
٢٠ - الاحزاب
٢١ - الحج
٢٢ سبا
٢٣ الملائكه
٢٤ ابراهيم
٢٥ - ص
٢٦ الذين كفروا
٢٧ - لقمان
٢٨ - الزمر
(حواميم)
٢٩ - المومن
٣٠ - الزخرف
٣١ - السجده
٣٢ - لم عسق
٣٣ الاحقاف
٣٤ الذاريات
٣٥ الغاشيه
٣٦ الكهف
٣٧ النمل
٣٨ نوح
٣٩ ابراهيم
٤٠ الانعام
٤١ الصافات
٤٢ لقمان
٤٣ سبا
٤٤ الزمر
٤٥ حم المومن
٤٦ حم الدخان
٤٧ حم السجده
٤٨ حم عسق
٤٩ حم الزخرف
٥٠ الجاثيه
٥١ الاحقاف
٥٢ الذاريات
٥٣ الغاشيه
٥٤ الكهف
٥٥ التغابن
٥٦ اذا جاءك المنافقون
٥٧ الجمعه
٥٨ الصف
٥٩ قل اوحي
٦٠ انا ارسلنا
٦١ المجادله
٦٢ الممتحنه
٦٣ يا ايها النبي لم تحرم
(المفصل)
٦٤ الرحمن
٦٥ النجم
٦٦ المرسلات
٦٧ القيامه
٦٨ عم يتساءلون
٦٩ اذا الشمس كورت
٧٠ اذا السماء انفطرت
٧١ الغاشيه
٧٢ سبح
٧٣ الليل
٧٤ الفجر
٧٥ البروج
٧٦ اذا السماء انشقت
٧٧ اقرا باسم ربك
٧٨ لايلاف قريش
٧٩ الهكم
٨٠ انا انزلنا
٨١ اذا زلزلت
٨٢ والعصر
٨٣ اذا جاء نصر الله
٨٤ الكوثر
٨٥ قل يا ايها الكافرون
٨٦ تبت
٨٧ قل هو الله احد

قال في دلايل النبوة (النوع الاول مكي صدقي القان)
عن عكرمه و الحسين بن ابي الحسن

اقرا	عبس	بني اسرائيل	الانبياء
ن	انا انزلنا	(يونس)	المومنون
المزمل	والشمس	هود	الم السجده
المدثر	البروج	يوسف	والطور
تبت يدا	والتين	الحجر	تبارك
اذا الشمس	قريش	الانعام	الحاقه
سبح اسم ربك	القارعه	الصافات	سال
الاعلى	القيامه	لقمان	عم يتساءلون
الليل	الهمزه	سبا	والنازعات
والفجر	المرسلات	الزمر	والسماء انشقت
والضحى	ق	حم المومن	والسماء انفطرت
الم نشرح	لا اقسم بهذا البلد	حم الدخان	الروم
والعصر	والسماء والطارق	حم السجده	العنكبوت
والعاديات	اقتربت الساعة	حم عسق	هود
الكوثر	ص	حم الزخرف	ويل للمطففين
التكاثر	الحج	الجاثيه	البقره
ارايت	يا سين	الاحقاف	آل عمران
الكافرون	الفرقان	الذاريات	الانفال
الفيل	الملائكه	الغاشيه	الاحزاب
الفلق	طاها	الكهف	المائده
الناس	الواقعه	النمل	الممتحنه
قل هو الله احد	المسم	نوح	النساء
والنجم	طس	ابراهيم	اذا زلزلت

الحديد
محمد
الرعد
الرحمن
هل اتى
الطلاق
لم يكن
الحشر
اذا جاء نصر الله
النور
الحج
المنافقون
المجادله
الحجرات
يا ايها النبي لم تحرم
الصف
الجمعه
التغابن
الفتح
البرات
قد سقط الفاتحه
والاعراف والكهف
فيما نزل بمكة

میری آخری التجا صاحب کلام تعالیٰ سبحانہ سے

میرے رب! آج مین تیرے چودہ سو سالہ نصاب کو۔ جو تو نے اپنے رسول عربی صلعم کے ذریعہ اُمی قوم عرب کی اصلاح کیلئے بزبان عربی مبین نازل فرمایا تھا جس نے اُس تقلید جامد کی عصبیت اور جہالت مین سرشار قوم کو جو اپنے باپ۔ دادا ؤن کے ظنی و ذہنی ایمانیات سے و عقاید مین شخصیت پرستی کے اصنام کو کعبۂ ابراہیمی مین بٹھلا کر۔ اور اسی کو عین تعلیم ابراہیمؑ سمجھکر نجات کا یقین کامل رکھتی تھی۔ اُنکو مقصد تخلیق انسانیت۔ آزادیٔ فکر سے سنوار کر "خیر الامم" بنا دیا تھا۔ آج اُسی نصاب سے تیرے فضل و کرم نے مجھکو شخصیت پرستی کا منکر بنا کر تقلید جامد۔ باپ۔ دادا ؤن کے طور طریق اور انکے ظنی و ذہنی عقاید سے دُور کر کے نقش قدم محمد عربی صلعم کی توفیق رفیق عطا فرمائی جسکی وجہ تیری عطیہ حیات کے (۷۰) سال کے منجملہ زاید از چالیس سال اچھی دُنیا۔ سچی انسانیت کے نقوش مجھ کو نظر آرہے ہین۔ اور تیرے ہی حکم "اقرا باسم ربك الذی خلق" ـــ کی تعلیم مین اپنے رسول عربی صلعم کی سُنت پر اعلان حق کی جُرات کر رہا ہون۔ میرے رب! میرا یقین کامل ہے کہ اس کام کا صلہ تیرے قانون قدرت ہی کے ذریعہ مجھکو ملیگا۔ موجودہ اُمت کیطرح تو تیری مقررہ اٹل "سُنت اللہ" کے تحت فتوہائے کفر و الحاد سے تو از جاؤنگا لیکن مجھکو تو اپنا فرض ادا کرنا ہے یعنی تیرے فضل و کرم سے مجھکو جو نعمت عظمیٰ ملی ہے اسکو دوسرونکی ترغیب و تحریص کیلئے انکے سامنے پیش کر دینا ہے۔ مجھکو نہ تو کسی کے صلہ و ستایش کی تمنا ہے اور نہ کسی کی سرزنش کی پروا۔ اے میرے آقائے بے نیاز! مین تیری بارگاہ مین عجز و انکساری سے عرض کرتا ہون کہ مجھکو اُس حسین فریب سے دُور رکھ جسمین بڑی بڑی شخصیتین مسحور ہوگئین! اور تیرے کلام مبین کی غیر شعوری طور پر معنوی تحریف کرتے ہوئے اسکو تیری خوشنودی کا باعث سمجھ کر ازان و فرحان زمین مین دفن ہوگئین۔ جنکو آنیوالی نسلون نے اپنا معبود و مشکل کشا اور مسجود بنا لیا۔ میرے مولا! میرے فکر و فہم کا جو عکس میرے قلب مین نمایان ہوتا ہے اسکو تو اچھی طرح جانتا ہے جس سے مین خود بے خبر رہتا ہون۔ بظاہر تو مین اپنے اس کام مین اپنے ہی ضمیر کی خوشی کو محسوس کر رہا ہون! تو ہی بہتر جاننے والا ہے کہ اس میرے عمل ظاہری مین "افاخیر ہو صدقہ" کے کتنے ابلیسی جراثیم نشو و نما پا رہے ہین۔ اسکا صحیح علم تو تیرے ہی کو ہے۔ بس مین اس حرص متعدی سے بچنے کیلئے تیری ہی پناہ کا طالب ہون ـــ اے خدائے کائنات! تو جانتا ہے میرے ایمان کے اقدار کو۔ میری یہ کوشش تیرے بندون کی خدمتگذاری کیلئے حق ہے۔ پُر خلوص ہے۔ تو بلاشبہ تیرا قانون قدرت نہ صرف اسکو آگے بڑھائیگا بلکہ باقی بھی رکھیگا۔ میرے لئے تو نتائج پردۂ غیب مین ہین۔ لیکن مجھکو تو تیرے ہی عطیہ فہم کے تحت اپنا کام کرنا ہے۔ اور بس۔ کیونکہ ـــ "نہ آوردم از خلنہ چیزے نخست۔ نہ تو دادی ہم چیزے من چیز نست"!

اے میرے رب! تو جانتا ہے کہ اپنے فکر کو تیرے بندون تک بصورت کتاب پہنچانیکا کوئی تصور بھی تیرے اس ادنیٰ غلام کے وہم و گمان مین نہ تھا لیکن تیری ہی قدرت نے تو تیرے ایک بندے محترم حسن الدین احمد ایم اے کو اچانک اس کام کی اشاعت کیلئے کھڑا کر دیا جو تیری مخلوق کو "اچھی دُنیا۔ سچی انسانیت" تک پہنچانیکا ایک جذبہ رکھتا ہے۔ اور محض اسی جذبہ مین اون سے یہ عمل نمایان ہو رہا ہے جسکے متعلق میرا یہ بھی یقین ہے کہ مین اپنے کام کو جلد سے جلد مکمل کر دون۔ قبل اسکے کہ۔ "زان پیشتر کہ بانگ برآید فلان و ماند" ـــ لہذا تو ہی تیرے بندۂ نوجوان صالح کو اپنی رحمتون سے مالا مال فرمادے۔ و نیز محمد عبدالرحیم صدیقی سلمہٗ بی۔ کام نے اپنی ہمت سے اسکی طباعت و اشاعت کو اپنے ذمہ لیا ہے وہ بھی تیری رحمتون کا محتاج ہے! اور جن تیرے بندون نے میرے کشکول مین تیرے نام پر قرض حسنہ دیا ہے۔ تو ان سب کو فکر و فہم قرآن حکیم کی نعمتون سے نواز دے۔ اور انسانیت کی اس کشتی کو منزل مقصود تک پہنچانے مین انکی مدد کر۔

اے میرے رب! جو کچھ تیری قدرت سے برکتین مل سکتی ہین۔ ہم سب اسکے فقیر ہین۔ آخری التجا یہ ہے کہ ؎

دلے را کہ شد بر درت رازدار ٭ ز دروبزۂ ہر درے بازدار

تو ہی تو دعاؤن کا قبول کرنے والا ہے۔

قرآن ازم

اِنَّهٗ لَحَقٌّ مِّثْلَ مَآ اَنَّكُمْ تَنْطِقُوْنَ

(یہ حق باتیں ایسی ہی ہیں جیسے کہ تم گفتگو کرتے ہو)

حصہ مکی

پر

میرا فکر و فہم

جلد اوّل

وحی (۱) تا (۲۹)

از

(اُمّی) غلام احمد نائطی

فہرست

نشان سلسلہ	مضمون	صفحہ
(۱)	سب سے پہلی بات	۸۷
(۲)	پس منظر نزول قرآن حکیم	۹۱
(۳)	نقشہ کرہ زمین بلحاظ مذاہب عالم	۹۵، ۹۶
(۴)	اساس خطاب قرآن حکیم	۹۷
	بعض محاورات قرآنی	
(۵)	اللہ	۱۰۱
(۶)	نبی اور رسول	۱۰۲
(۷)	وحی	۱۰۳
(۸)	قرآن	۱۰۳
(۹)	توحید	۱۰۵
(۱۰)	رحمت اور درود	۱۰۵
(۱۱)	امت۔ قوم و فرقہ	۱۰۵
(۱۲)	کفر و کافر	۱۰۶
(۱۳)	اسلام و مسلم	۱۰۷
(۱۴)	ایمان و مومن	۱۰۸
(۱۵)	تقویٰ و متقی	۱۰۹
(۱۶)	ظلمت و نور	۱۰۹
(۱۷)	ہدایت و ضلالت	۱۰۹
(۱۸)	غیب	۱۱۰
(۱۹)	دین	۱۱۰
(۲۰)	مذہب	۱۱۱
(۲۱)	شریعت و منہاج	۱۱۲
(۲۲)	ثواب و عذاب	۱۱۳
(۲۳)	صلاۃ	۱۱۴
(۲۴)	زکاۃ	۱۱۵
(۲۵)	حشر	۱۱۶
(۲۶)	جہنم	۱۱۶
(۲۷)	انصاف	۱۱۶
(۲۸)	ظلم	۱۱۶
(۲۹)	فرشتے اور جن	۱۱۷
(۳۰)	جبر و قدر	۱۱۸

انہ لقرآن الکریم (واقعہ)

جلیل القدر اعلان حق بلا شک و شبہ نفع بخش ہے!

اِنَّ فِیْ ذٰلِکَ لَاٰیٰتٍ لِّقَوْمٍ یَّعْقِلُوْنَ (رعد ع ۱)

(ان لوگون کے لئے جو فکر و عقل سے کام لیتے ہین)

سب سے پہلی بات

آزادیٔ فکر کے لئے

اِن سطور کو بغور پڑھیئے ـــــ اور سمجھیئے ـــــ اور عمل کیجئے ـــ

سب تعریفین اللہ ہی کے لئے سزاوار ہین ـــ جس نے قرآنِ حکیم کو اپنے رسول محمد عربی صلعم پر (۲۳) سال تک بلحاظِ ضرورت و حالات مختلف اوقات مین اصلاحِ انسانیت کیلئے نازل فرماتا رہا ـــ اور آپؐ نے اپنی انتہائی جد و جہد سے اس وحیِ الٰہی کو پہلے اپنی قوم کو خطاب کیا ـ اور پھر اقوامِ عالم کیلئے محفوظ کرادیا ـــ چنانچہ آپؐ کی وفات کے بعد آنیوالی انسانی نسل کیلئے بصورتِ کتابت قدرت نے اُس کو اُسی حالت مین محفوظ رکھا ہے ـــ بلا شبہ اللہ ہی آپ اپنے کلام کا محافظ ہے ـ اس وحیِ الٰہی کو سُننے والون نے سُنا ـ اور اس پر عمل کیا ـ تو وہ "مصدقین" کہلائے ـ اور جن لوگون نے سُنا ـ مگر اپنی سُنتِ اولین کے (یعنی باپ دادا کا مذہبی تقلیدِ جامد کی وجہ آزادیٔ فکر سے انکار کیا) نشہ مین حق بات سے انکار کیا ـ وہ کافر اور مکذبین کہلانے کے مستحق قرار پائے ـــ

لہذا سُنت اللہ ـ یعنی ـــــ قدرت کا وہ اٹل قانون ـ مصدقین و مکذبین کیلئے نتایج کو اُسی زمین پر اور اُنکی حیات ہی مین ظاہر و نمایان کرتا رہا ـــ اصحابِ رسولؐ و تابعین جب تک فہمِ قرآنِ حکیم ـ منشاء نزولِ وحی کے لحاظ سے حاصل کرتے رہے اور اس پر سچائی سے عمل پیرا رہے ـ کامیاب و کامران رہے ـ فتح و نصرت ان کے قدم چومتی رہی ـ قوتِ ملکوتی ـ ارضی و سماوی انکے آگے مسخر تھی ـ جب یہ قافلہ منزلِ مقصود پر پہنچکر اپنا سفر ختم کر چکا اور راہِ عدم اختیار کیا تو انکی پشت سے جو نسلین عالمِ وجود مین آئین انھون نے اس دفترِ وحی کی حقیقت کو بھلا کر اس بین الدفتین (یعنی مجلد قرآنِ حکیم کے حروف ـ الفاظ ـ اور اصوات کی صنم پرستی شروع کردی ـ جسکا نتیجہ قانونِ قدرت کے تحت بجائے کامرانی ـ و شادمانی ـ فتح و نصرت کے ذلت و مسکنت کے عذابِ شدید مین ظاہر ہونے لگا ـــ

میرے افکارِ قرآنِ حکیم کا مقدمہ "قرآن ازم" تو آپ ملاحظہ کر چکے ہین جسکے بعد یقیناً سلسلۂ نزولِ وحی ـ جمع القرآن ـ اور موجودہ ترتیب ـ اور فہمِ قرآنی کے متعلق آپ کے فکر نے موجود ـ بوجھ حاصل کر لیا ہوگا ـ مزید اس حقیقت کو ذہن نشین کر لیجئے کہ

قرآنِ حکیم مین جو الفاظ ہین وہ ایسے محاورے ہین جو مخاطبینِ وحی کے سوجھ بوجھ۔ اور انکے ذہنی تصورات کے آئینہ دار تھے۔ و۔ نیز نزولِ قرآنِ حکیم کے وقت مکہ مین۔ فارسی۔ یونانی۔ رومی۔ نبطی۔ عبرانی۔ سریانی۔ حبشی۔ قبطی۔ ہندی وغیرہ زبانون کے محاورے اور الفاظ بھی اہلِ عرب کے زبانون پر جاری تھے۔ جو زبانِ عربی کا جزو بن چکے تھے۔ جیسے کہ آج ہماری اُردو یا ہندی زبان مین۔ انگریزی۔ فارسی۔ عربی۔ تلنگی۔ مرہٹی۔ کنڑی اور سنسکرت کے الفاظ اور محاورے اُردو ہی کے سمجھے جاتے ہین۔

نزولِ قرآنِ حکیم کے ایک عرصہ کے بعد لغت۔ اور صرف ونحو عالمِ وجود مین آئے۔ ظاہر ہے کہ ایک ایسی زبان کے خطاب۔ یا تحریر کا ترجمہ جس کی صرف ونحو بعد مین مدوّن ہوئی ہو۔ کس قدر دشوار ہوگا۔ جب کہ صرف ونحو والی زبان کے محطبات اور مضامین کا ترجمہ دوسری زبان مین ناممکن سمجھا جاتا ہے۔ کیونکہ کسی زبان کا دوسری زبان مین لفظی ترجمہ لغت کو سامنے رکھکر اصل مفہوم کو غارت کردیتا ہے۔ جیسے کہ "اسد اللہ" اسکا ترجمہ لغوی "خدا کا شیر" ہی ہوسکتا ہے۔ چنانچہ عاشور خانون مین علیؓ کا تصور آپ کو بصورتِ شیر صحرائی نظر آتا ہے۔ ہان۔ ایک زبان کے خطاب یا عبارت کو دوسری زبان مین وہی شخص صحیح طور پر ظاہر کرسکتا ہے جس کو دوسری زبان کے محاورون پر کامل عبور ہو۔ تاکہ ترجمہ اصلی مفہوم کو واضح کرسکے۔ اور قابلِ فہم ہوجائے۔[1]

بدقسمتی سے قرآنِ حکیم۔ یا ہر مقدس کتاب کو جب دوسری زبان مین پیش کیا گیا تو۔ لغوی ترجمہ تحت اللفظ ہی کیا گیا۔ اور اصلی زبانِ مقدس کے محاورون کو نظر انداز کردیا گیا۔ بدین خیال کہ کہین تحریف کلامِ مقدس کا مرتکب مترجم کو قرار نہ دیا جائے۔ اسکا نتیجہ یہ ہوا کہ ہر کتابِ مقدس ایک چیستان بنکر رہ گئی۔ اور اسکے الفاظ۔ اصوات۔ کو بُت بناکر پوجنا لازمی ہوگیا۔ اس طرح ہر مذہب کی تعلیم کی اصلی روح فنا ہوتی چلی گئی۔ اور جسم کو بلا روح کے اہلِ مذہب اپنے کندھون پر اُٹھائے اُٹھائے پھر رہے ہین۔ درآنحالیکہ ہر مقدس کتاب کی تعلیم کا منشا یہی تھا۔ اور ہے کہ ہر ادنیٰ و اعلیٰ دماغ اسکو ایک ہی سطح پر سمجھے اور اُس سے استفادہ کرے۔ خصوصاً قرآنِ حکیم کا اندازِ بیان اس قدر آسان اور سلیس ہے کہ ہر انسان خواہ وہ ماہرِ علوم عقلیہ ونقلیہ ہو یا نہ ہو۔ لیکن ذراسی سوجھ بوجھ کی صلاحیت رکھتا ہو تو اگر اسکے کانون تک اسکی مادری زبان مین صحیح جملے محاورہ مروجہ مین پہنچ جائین تو وہ فوراً دل کے اندر اتر ہی جاتے ہین۔ ایسی حالت مین قرآنِ حکیم کے مفہوم کو فلسفہ ومنطق۔ یا علمِ کلام۔ یا علمِ حدیث وفقہ۔ یا صرف ونحو مین مقید کردینا ہی دراصل معنوی طور پر "تحریف قرآنِ حکیم" کا ایک کھلا ثبوت ہے۔ جس کا نتیجہ چودہ سو سال سے قرآنِ حکیم بھی مثل دیگر مقدس کتابون کے ایک چیستان۔ اور عجائب وغرائب کا پٹارہ بنا ہوا ہمارے گھر کا ایک مقدس تبرک ہے۔ درآنحالیکہ وہ بار بار اپنے بیان کو یعنی اپنی نصیحت = تذکرہ = ذکر کو آسان۔ بلکہ فہمِ انسانی کیلئے آسان تر ہونیکا اعلان کررہا ہے۔ اور بتلا رہا ہے کہ وہ خود اپنی ہر آیت کا مفسر اور شارح ہے۔ وہ کہتا ہے کہ میری کوئی نصیحت۔ ناقابلِ فہم و ادراک نہین = میری کوئی آیت مبہم اور چیستان نہین = اور نہ وہ شعر۔ سحر۔ اور جادو بیانی ہے = بلکہ یہ تو قرآن۔ ذکر مبین۔ اور قرآن ہے یعنی ہر چیز کھلی اور روشن۔ ہے اور اس مین صاف صاف نصیحتین ہین۔

اس بات کو ذہن مین جگہ دیجئے کہ قرآن کا یہ دعویٰ کہ :- "وہ گذشتہ تمام مقدسون کی تعلیم کو پیش کررہا ہے جو دیگر

---

[1] علامہ مودودی نے بڑی حد تک اس چودہ سو سال مین سب سے پہلے اس بات پر توجہ کی اور تفہیم القرآن کو اسی نقطۂ نظر سے لکھا ہے۔ اور لکھا بھی سلیس اُردو مین۔ جزاک اللہ۔

زبانون مین تھین جسکو اہلِ عرب نہین سمجھ سکتے تھے اسلیئے انکی تفہیم اور غور و فکر کیلیئے انکی مادری زبان عربی مُبین مین اسکو بتلایا جارہا ہے؟ تو کیا اسکے معنیٰ یہ ہین کہ وہ دوسری مقدسون کا بزبانِ عربی لفظی ترجمہ سُنا رہا ہے؟ نہین۔ بلکہ وہ زبانِ عربی کے اُن محاورون کو جو نزولِ وحی کے وقت مخاطبین کے ذہن و فکر مین تھے۔ استعمال کر رہا ہے۔ پس اس سے ثابت ہو رہا ہے کہ ترجمانیٔ منشاءِ قدرت کے خلاف نہین۔ بلکہ عین مطابق ہے۔ بہرحال مین اپنے افکارِ قرآنی کے۔۔۔ یادداشتون مین ہر آیت کا مفہوم لکھکر اسکے متعلق اپنا ذاتی فکر قلمبند کر رہا ہون[1]۔ مین سمجھتا ہون کہ میرا مفہوم مروجہ اُردو مین اس قدر اٹل اور ناقابلِ انکار ہے کہ فی زمانہ آزادیٔ فکر کی روشنی مین آسانی سے اسکو قبول کر لیا جا سکتا ہے۔ کیونکہ جس طرح چودہ سو سال ماضی بعید مین مخاطبین کو (جن ظنی و ذہنی تصورات کے تحت) وحیِ الٰہی خطاب کر رہی تھی اسکا وجود آج بھی ہر قوم و ملت کے انسانون مین انفراداً و اجتماعاً موجود ہے۔ خصوصاً حاملین قرآن مین۔ تو ایسی حالت مین جن قیاسات پر مین اپنی رائے قایم کر کے فہم حاصل کر رہا ہون اور اسکو لکھ رہا ہون وہ صاحبانِ غور و فکر کیلیئے ضرور قابلِ توجہ ہونگے اسلیئے کہ وہ دو اور دو چار کی طرح آسانی سے ہر وقت ادنیٰ و اعلیٰ انسان کے مشاہدہ اور علم مین موجود ہین جسکے بعد کسی قسم کا اُلجھاؤ یا پیچیدگی آیات اللہ کے سمجھنے مین باقی نہین رہتی۔ اور یہ بات آسانی سے سمجھ مین آسکتی ہے کہ جیسے رسول عربی صلعم اہلِ مکہ کو۔ و نیز اہلِ عرب کو بزبانِ عربی مخاطب فرما رہے ہین: ایک مترجم بزبان اُردو مُبین ترجمانی کر رہا ہے اور اسکا مفہوم سمجھا رہا ہے۔ اور ہم اُن اُمی مخاطبین کیطرح صاف و سلیس مروجہ اُردو مین فہم حاصل کر رہے ہین جیسا وہ اپنی مادری زبان عربی مُبین مین نصیحت حاصل کر رہے تھے۔

ظاہر ہے کہ ایسی حالت مین کسی صرف و نحو۔ یا نزولِ قرآن حکیم کے تین سو سال بعد کے ظنی و ذہنی روایات۔ و تصورات کی تفسیرون سے مجھ کو کوئی تعلق نہین ہو سکتا۔

ہان۔ اگر کسی کو تفاسیر کی کتابون کا کھوج لگانا ہو تو وہ توراۃ۔ انجیل۔ اور رامایَن۔ ژند۔ اوستا۔ وغیرہ پر نظر ڈال کر فکر کر سکتا ہے۔ جسکے بعد غالباً اسکو یقین ہو جائیگا کہ یہ تفاسیر انھین عقاید کی روایات کی بنیاد پر ہین و جو محض راویٔ معتبر کی شخصیت پرستی سے بلا کسی غور و فکر کے مسلسل نقل در نقل چلی آرہی ہین۔ اور ان روایات کا مقام مقلدین کے یقین کیلیئے مثل وحیِ الٰہی کے ہو گیا ہے[2]۔ لیکن ہر صاحبِ فکر انسان کیلیئے اُن روایات کو یک سخت ناقابلِ قبول کہہ کر نظر انداز کر دینا فکرِ انسانی کی توہین کا باعث سمجھتا ہون۔ کیونکہ دیگر اقوام اور اُمم کے روایات بھی کسی نہ کسی حقیقت پر مبنی ہوتے ہین۔ اگر ذرا سا فکر کیا جائے تو کوئی نہ کوئی نتیجہ فہمِ انسانی مین جگہ پا سکتا ہے جس سے عقلِ انسانی قلبِ سلیم کو مطمئن کر سکتی ہے۔ البتہ جو لوگ تقلیدِ جامد کے مرضِ متعدی مین مبتلا ہین۔ انکی آنکھون مین تو عقاید ظنی و ذہنی۔ باپ دادا۔ اور بزرگانِ ملت کی شخصیت پرستی کا رنگ چڑھا ہوا ہے۔ یا اسی رنگ کی عینکین انکو اصلی رنگ کے معلوم کرنے مین حارج ہو جاتی ہین: لہٰذا اُن کو افکارِ قرآنی کا حقیقی فہم قطعاً حاصل نہین ہو سکتا۔ وہ تو ہینٹلی کی حیثیت کو تیرہ سو سال سے دیکھنے کے عادی ہو چکے ہین: اور صُورِ اسرافیل تک یہ مقلد جماعت اسی مرض مین مبتلا رہے گی۔ جیسے کہ نزولِ قرآنِ حکیم کے وقت ایسے افراد اور جماعتون کی کثرت تھی۔ وہی اس سے زیادہ آج بھی ہے! اور آیندہ بھی رہیگی۔

---

[1]۔ میرے اس دس بارہ سالہ فکر کی تائید علامہ مودودی کے "تفہیم القرآن" کے مقدمہ اور دیباچہ سے ہو رہی ہے کہ علامہ موصوف نے اسی اصول کو اپنا کر بجائے ترجمہ کے مفہومِ آیات کو بزبان "اُردو مُبین" لکھا ہے۔

[2]۔ چوتھی صدی ہجری مین ایک جماعت "اخوان الصفاء" مسلمانون کے عہدِ اقتدار مین قایم ہوئی تھی۔ جو رازِ مین فلسفۂ یونان۔ ہند۔ اور فارس کے نظریات معلوم کر کے بلحاظِ اقتضاءِ ماحول اسلام کی تعلیم کا اس کو جزو بنا رہی تھی۔ غالباً اسکے اصول آج تک اُمتِ محمدی کے ایمانیات مین نظر آتے ہین۔

مین نے جس حد تک فکر و فہم قرآنِ حکیم سے حاصل کیا ہے اسکی تعلیم کو از ابتدا تا انتہا انسانیت نوازی کیلئے مندرجۂ ذیل بنیادون پر قایم کرنیوالی پایا ــــ وہ یہ کہ :ــ (۱) باپ دادا کے مذہب کی اندھی تقلید کو چھوڑ دو! ــــ (۲) تقلیدِ جامد کی سُنہری زنجیرون کو توڑ دو! ــ (۳) آزادیٔ فکر و نظر۔ اور عقل و تدبّر انسان کا پیدائشی حق ہے۔ (۴) ایک ہی ذاتِ واحد قوت یعنی خالقِ کائنات کو اپنا آقائے بے نیاز مان کر۔ اسکی غلامی کا اقرار اپنے ایمان و عقیدہ مین کامل طور پر جما لو ــ اور پوجا ــ عبادت پرستش کیلئے اُسی کو اپنا مرکز قرار دو۔ اسکے سوا سب سے انکار کر دو۔ (۵) اپنی عقل۔ فکر۔ فہم اور ادراک سے کام لیکر مذہب انسانیت کے پیرو بن جاؤ ۔ (۶) اللہ کے پاس قابلِ نفرت ــ اور قابلِ ویل ۔ "انا خیرٌ منہ" یعنی "مین اس سے اچھا ہون" کا تصور ابلیسی ہے ــ چاہے وہ افراد مین ہو۔ یا جماعت۔ یا قومون یا امم مین۔ (۷) اللہ کے پسند صرف کردار ۔ اعمال ۔ اخلاق کی اچھائی ہے۔ (۸) اللہ تعالیٰ چاہتا ہے کہ انسان نیکیون مین ایک دوسرے پر سبقت لے جانیکی کوشش کرنے والا ثابت ہو۔ اور شرع و منہاج کے اختلاف مین نہ پڑے۔ (۹) اللہ چاہتا ہے کہ انسان بُرائیون یعنی "المنکر" سے کنارہ کش رہے۔ اور شر و فساد سے دُور ہو جائے۔ (۱۰) اللہ کے نزدیک اسلام (اتباعِ قوانینِ فطرت) کا مذہب ہی پسندیدہ ہے۔ جسکو قرآنِ حکیم کے ذریعہ امن و سلامتی کے ساتھ کرۂ زمین پر اولادِ آدم کو اُنس و محبت اور اتحاد و اتفاق کے ساتھ مقامِ انسانیت کیلئے مُقدر ہونا بتلایا گیا ہے جسکو وہ قدیم دین (یعنی سناتن دھرم) کہتا ہے۔ (۱۱) اللہ تعالیٰ کا حکمِ قضا شیم یہ ہے کہ ابلیسی مذہب سے دُوری اختیار کی جائے ۔ وہ تمام مذاہب ابلیسی ہین جن کو ذُرّیاتِ شیاطین نے بصورت اقوالِ رہبان ۔ احبار ۔ پادری ۔ پنڈت ۔ وغیرہ یعنی پیشوایانِ مذاہب اپنی اپنی خود غرضیون کے تحت خدا کی آیتون کے معنیٰ و مفہوم کو چند سکۂ رائج الوقت یا نام و نمود ۔ اقتدار ۔ اور وقار عظمت و احترام کیلئے علمِ کلام ۔ فلسفہ منطق کے زور پر شرع و منہاج کی بُت گری ۔ اور صنم تراشی کر رکھی ہے ــ اس پر اندھے بنکر نہ گرو ۔ بلکہ فکر و تدبر سے اپنی اپنی مقدس کتاب کی روشنی مین ۔ اسکو جانچو ۔ سوچو ۔ سمجھو ۔ اور اس پر عمل کرو ــ اسکے بعد راہِ مستقیم پر چل کھڑے ہو :ــ "وَالَّذِيْنَ اِذَا ذُكِّرُوْا بِاٰيٰتِ رَبِّهِمْ لَمْ يَخِرُّوْا عَلَيْهَا صُمًّا وَّ عُمْيَانًا" (الفرقان ۔ رکوع (۶) آیت ۷۳) ۔ یعنی ۔ وُہی لوگ مستحق انعاماتِ الٰہی ہین جو اللہ کی باتون کے سمجھانے والون کے خطاب یا کتاب پرستی کی وجہ متاثر ہو کر اندھے اور بہرے بنکر نہین گرتے ــ یعنی اندھی تقلید کے مقابل آزادیٔ فکر سے غور کرتے ہین ۔ کہ ۔ کیا فی الحقیقت یہی منشاء الٰہی ان کھلی نشانیون (آیات اللہ) کا ہو سکتا ہے۔

اس آسان اور عام فہم تعلیم حق کو ہم پس پُشت ڈال کر قرآنِ حکیم کی دو ایداز چار سو ہڈیان[1] اپنے مُنھ مین دبائے ہوئے ایک دوسرے پر غرّاتے نظر آ رہے ہین ۔ اور غیر شعوری طور پر غیر حاملینِ قرآن اسکا مغز حاصل کر کے وہی نتائج حاصل کر رہے ہین جس کا وعدہ قرآنِ حکیم نے اپنے بتلائے ہوئے اصولون پر کاربند رہنے والون کے ساتھ کیا تھا ــــ اور ہم "انا خیرٌ منہم" کے ابلیسی تصورین پھنسے ہوئے بتلی کی بہشت کی سیر کر رہے ہین ۔

اگر میرے افکار کی بنیادون پر موجودہ صدی کے اعلیٰ تعلیم یافتہ دماغ اپنی ریسرچ کی بنیاد دین قایم کر کے حقیقت کی تلاش و جستجو کرین تو بلاشبہ وہ قرآنِ حکیم کی ایک بہت بڑی خدمت انجام دینگے ۔ اور ڈھائی ارب انسانیت کے لئے وہ مذہبِ انسانیت یعنی دینِ اسلام جو خدا کا پسندیدہ دین ہے اسکی راہ نمائی کیلئے خضرِ راہ قرآنی ثابت ہو کر حیاتِ جاوید حاصل کر لینگے ۔

---

[1] محققین نے اسلام کے چار سو سے زیادہ فرقے گنوائے ہین ۔ یہ اُسی کی طرف اشارہ ہے ۔

چونکہ اس عظیم الشان کام کیلئے نزولِ قرآن کے زمانے کی طرح جد و جہد کی ضرورت موجودہ ماحول کے اصولوں پر لازمی ہے بغیر اسکے یہ کام انجام نہیں پا سکتا اسلئے نوجوان نسلِ انسانی ہی اس انقلاب کی علمبردار بن سکتی ہے۔ نہ کہ فرسودہ تقلیدِ جامد کے پرستار۔ لہذا آخر میں نوجوان نسل سے میری التجا ہے کہ وہ اقبال مرحوم کے پیام کو دہراتے ہوئے قرآن کو پڑھیں سمجھیں اور انقلاب کیلئے آگے قدم بڑھائے چلیں :۔

جس میں نہ ہو انقلاب موت ہے وہ زندگی ؛ روحِ اُمم کی حیات کشمکشِ انقلاب
صورتِ شمشیر ہے دستِ قضا میں وہ قوم ؛ کرتی ہے جو ہر زماں اپنے عمل کا حساب

"كَذٰلِكَ نُفَصِّلُ الْاٰيٰتِ لِقَوْمٍ يَّتَفَكَّرُوْنَ ۝" (یونس۔ رکوع (۳) آیت ۲۴)۔ "صاحبانِ غور و فکر کیلئے قرآن اپنی باتوں کو اس طرح واضح کرتا ہے"۔

کہنے سے تھا میں سروکار ؛ اب مان نہ مان تو ہے مختار

وَاٰخِرُ دَعْوَانَا عَنِ الْحَمْدُ لِلّٰهِ رَبِّ الْعٰلَمِيْنَ۔

پس منظر نزولِ قرآنِ حکیم

فکر و فہم قرآن حکیم کیلئے اس بات کو ذہن نشین کر لینا ضروری ہے کہ آج بیسویں صدی کے تاریخی تحقیقاتِ نزولِ قرآن کے وقت یا اسکے پہلے زمین پر بسنے والے آدم زاد کی تاریخ کیا بیان کر رہے ہیں؟۔ ہماری زمین آفتاب کا ایک ٹکڑا ہو یا مثل دیگر سیارگان کے علیحدہ وجود میں آئی ہو۔ اسکا تعلق تو سائنس کے مسلمات سے ہوگا۔ لیکن یہ بات تو قابلِ فہم ضرور ہے کہ کرۂ زمین پہلے گیاس کی تپش سے لاکھوں درجہ کی حرارت رکھتا تھا۔ جو رفتہ رفتہ لاکھوں برس میں اس قابل بنا کہ اس پہ نباتات اور حیوانات باحیات۔ نمو پا سکیں۔ پھر اسکے ہزاروں سال بعد آدم کے تحفظ کی صلاحیت اس میں پیدا ہوئی تو قدرت نے آدم کی تخلیق کی۔ جس کے بعد آدم زاد کو بھی نہ معلوم کتنے ہزار سال لگے ہوں گے کہ وہ منازلِ ارتقائے روحانی طے کرتے ہوئے مقصدِ تخلیق۔ یعنی شعورِ انسانیت کے زینہ پر قدم رکھا یعنی آسائشِ جنت سے دنیاوی مسرت و شادمانی۔ رنج و محن کے فطری جذبات و احساسات کو نمایاں کرنے کیلئے (یعنی ہبوط) کی منزل میں داخل ہوا۔ اسی وقت اسکی قوتِ فکر کا بلوغ ہوا۔ اور اللہ کی روح کا ایک جزو اسمیں پھونک دیا گیا۔ یعنی عطا ہوا۔

اسطرح جب شعور اس میں نمو پایا ہوگا تو اسکے ابتدائی قوتِ فکریہ نے آفتاب کو اس کرۂ زمین کی سب سے بڑی قوتِ ربوبیت سمجھکر اسکے آگے سجدہ ریز ہو گیا ہوگا۔ کیونکہ اسکے طلوع ہوتے ہی آدمی کے تمام دشمن (یعنی درندے۔ اور سانپ بچھو۔ زہریلے کیڑے وغیرہ) بھاگ جاتے تھے۔ گویا اسکی روشنی نہ صرف کرۂ زمین کو منور کر دیتی تھی بلکہ آدمی کو بھی ایک نئی زندگی بخشتی تھی۔ وہ سب کچھ دیکھتا تھا اور روشنی میں عمل کیلئے قدم بھی آگے بڑھائے چل سکتا تھا۔

اسی لئے اسکی آمد کے مسرت میں اسکا خیر مقدم سجدوں سے کیا جاتا۔ اور غروب ہونیکے وقت سر بسجود ہو کر یہ تمنا کیجاتی کہ

پھر جلد اپنی روشنی سے ہماری مدد کی جائے۔ تاکہ دشمنوں سے نجات حاصل ہو۔

نہ معلوم انسان کو آگ جلانے کا طریقہ کب معلوم ہوا۔ کہ اُس نے آگ کو فوراً سُورج دیوتا کی بیٹی مان لیا۔ کیونکہ اس سے بھی بڑی حد تک تاریکی دُور کرنے میں اسکو مدد مل رہی تھی اور اسکے دشمنوں کیلئے بھی آگ انکی دشمن ثابت ہو رہی تھی۔

چنانچہ قدیم زمانہ کی تاریخ بتلاتی ہے کہ ہر قوم اور مُلک میں آگ نہ صرف باعثِ خوف رہی بلکہ قابلِ احترام و تقدس بھی بنی رہی۔ جسکی وجہ وہ قابلِ پرستش یعنی "معبود" بنالی گئی۔ اہلِ ہنود کی قدیم پوجا "اگنی ہوتر" اور ایران کا "معبود آتشکدہ"۔ بلکہ حضرت ابراہیمؑ کے قربانی کا وہ طریقہ جو بنی اسرائیل کو توراۃ میں بتلایا گیا تھا۔ یہ سب کچھ آگ ہی کے تقدس کا ثبوت ہیں۔ چنانچہ آج تک موسیٰ کی اُمت کی قربانی جو عین صلاۃ موسوی ہے۔۔۔ اہلِ ہنود کی عبادت فنون میں ان کا عکس نظر آتا ہے۔۔۔ اٹھارھویں صدی عیسوی تک بھی اس دیوی کی خوشنودی کیلئے۔ یا۔ اللہ کو اور اسکے فرشتوں کو قربانی کے جلنے کی بُو پسندیدہ سمجھکر زندہ انسان۔ حیوان۔ اور مختلف خوشبویات۔ روغن وغیرہ آگ میں ڈالی جاتی تھیں: اور آج بھی تمام مذاہب میں بوقت عبادت خوشبویات جلانے کے طریقے موجود ہیں۔

اسکے بعد پھر۔۔۔ انسان۔۔۔ پتھر کی سختی کو محسوس کرکے اسکے ہتھیار بنانے لگا[1]۔ اس طرح یہ دَور بھی ہزاروں سال اپنے منازلِ ارتقاء کو طے کرتا رہا۔ اور پھر اس نے لوہے[2] کے استعمال کو (علمِ الٰہی کے اشارات سے) فکر و فہم میں لاکر ایک اونچے مقام پر اپنی ارتقائی منزل کو پالیا۔ جسکی وجہ وہ اپنے مقصدِ تخلیق میں فکرِ معیشت ہی کیلئے نہیں۔ بلکہ شجر۔ حجر۔ حیوانات اور درندوں پر قابو پانے اُس کا استعمال شروع کردیا۔ جسکے ساتھ ہی اسکا مقامِ انسانیت اور مقصدِ تخلیق اُجاگر ہونے لگا۔ پھر اس نے رفتہ رفتہ صحرا نوردی کو ترک کرکے ایک مقام پر سکونت کرنے کو ترجیح دی۔ اس طرح اس نے کرۂ زمین کے مختلف چھوٹے بڑے حصوں میں اپنی سکونت اور معیشت کی ضرورتوں کو محصور کرنا شروع کیا۔ اسکے ساتھ ہی قدرت نے (مقصدِ تخلیقِ انسانیت کیلئے شعور کو بیدار کردینے کے بعد) انسان کو اپنی قوم کے صاحبِ فکر و غور۔ عقل و خرد کو اپنا بزرگ بنالینے کیلئے ہدایت نافذ کرنا شروع کردی۔ جو رفتہ رفتہ خاندان سے قبیلہ۔ اور قبیلہ سے تمام قوم کیلئے ایک سردار بناکر اسکے تابع ہوجانے کی فطرتِ انسانی ظہور پذیر ہونے لگی۔ چونکہ قدرتِ الٰہی انسانیت کی تخلیق کے ساتھ ہی اسکی سنوار۔ ہدایت۔ اور تقدیر کی بھی ضامن ہے۔ اسلئے ہر قوم میں مختلف مدارج کے مامور من اللہ پیدا ہونے لگے جنھوں نے دیوتاؤں اور شیطانوں۔ اور بھوتوں کے نفسی و ذہنی تصورات کو اپنی خداداد وحیِ الٰہی کے ذریعہ عوام کے معیارِ عقل و فہم کے لحاظ سے ان کی اصلاح۔ اور امن و سلامتی سے زندہ رہنے اور دوسروں کو زندہ رکھنے کیلئے چند قواعد و ضوابط بتادیئے۔ جو اس زندگی اور مرنے کے بعد کے حالات میں انکے لئے باعثِ خوشخبری و ڈراوے ہوسکتے تھے۔ ایسے مامور من اللہ۔ یا قوم کی جانب سے اوتار۔ نبی۔ رسول۔ کا لقب حاصل کرلیتے تھے۔ یا راجہ اور پرجا کے تقسیم کا باعث بن جاتے تھے۔

ہر قوم اور ہر مُلک کے حالات کے لحاظ سے اُس وقت کے مامور من اللہ۔۔۔ اپنی اپنی قوم میں ریت۔ رواج۔ عبادات۔ معاملات۔ سیاسیات۔ اخلاقیات۔ بہرحال تمدن و معاشرت کیلئے مختلف طور طریق بتلاتے رہے۔

اس سلسلہ میں بعض سیاہ باطن انسانوں کو بھی قیادت کا موقع ملتا رہا۔ جن کو اگر مامور من الشیطان کہا جائے تو بیجا نہ ہوگا۔

---

[1] قیاسی تاریخ بتلاتی ہے آج سے تیس یا چالیس ہزار سال پہلے کا زمانہ ہے۔ [2] دوسرا دَور دس پندرہ ہزار سال پہلے کا کہا جاتا ہے۔

جس کی وجہ ہمیشہ اصلی حقیقت اور ہدایتِ الٰہی کی تعلیم پر شر و فساد کے سیاہ پردے پڑتے ہی رہے۔ جس میں زیادہ تر گندم نما جو فروش اپنے کو پروہت۔ پنڈت۔ احبار۔ رہبان۔ وغیرہ کے نامون کے ساتھ موسوم کرکے خود کو عوام اور اللہ کے درمیان واسطہ ٹھیرا کر۔ سب سے پہلے فکرِ انسانی کی آزادی کو اپنی غلامی کے آہنی زنجیرون پر سونے کا ملمع کرکے جکڑ لیا۔ جس میں بڑے بڑے صاحبانِ اقتدار راجہ۔ اور بادشاہ اور صاحبانِ فکر و فہم بھی فلسفۂ اجتماع کے تحت گرفتار ہوکر آزادیِ فکر کو کھو بیٹھے۔

چونکہ اس طبقہ نے اپنے فکر و فہم سے کعض سائینسی نظریات (شعوری یا غیر شعوری طور پر حاصل کرکے اُس کو رازِ سربستہ بنالیا تھا) سحر۔ جادو۔ قیافہ۔ حکمت۔ قوتِ ارادی۔ شعبدہ بازی۔ وغیرہ وغیرہ کے ذریعہ نہ صرف اپنی قوم کے عوام کو۔ بلکہ صاحبِ اقتدار ہستیون کو بھی مرعوب و مسخر کرلیا۔ تو۔ ظاہر ہے کہ میدان انکے ہی ہاتھ مین تھا۔ پھر انھون نے عوام اور خواص کو اس علم کے راز سے قطعاً محروم رکھنے کے تدابیر اختیار کئے۔ اور اپنی خاص اولاد کے سوا اس میراث رازِ سربستہ کو کسی دوسرے تک پہونچنے بلکہ اسکی ہوا بھی نہ لگنے دی۔ اس طرح کرۂ زمین کی انسانی آبادی کا ہر حصہ انسان کے ارتقائی ترقیون کو آگے بڑھانے مین معذور و مجبور بنا ہوا۔ ان کی غلامی مین جکڑا رہ کر اپنی اعلیٰ صلاحیتون کے ساتھ زمین مین دفن ہوتا چلا گیا۔

اگر آپ تاریخ کے اوراق کو پڑھین تو معلوم ہوگا کہ اس گندم نما جو فروش طبقہ نے۔ اللہ۔ خدا۔ پرماتما۔ یزدان۔ ایشور ہی کی خوشنودی کو بتلا بتلا کر جس قدر ظلم و ستم کئے اور اس زمین پر انسانی خونِ ناحق کے دریاؤن کو بہایا ہے اس کی مثال آپ کو کسی دوسری جماعت مین نظر نہین آسکتی۔ اس جور و جفا۔ ظلم و ستم کو آپ یہ نہ سمجھین کہ نزولِ قرآن حکیم ہی کے وقت دُنیا مین جاری و ساری تھا!۔ جی نہین!۔ بلکہ اٹھارہوین صدی عیسوی کے بعد بھی یورپ مین (آج دُنیا کو جس زمین کی تہذیب و تمدن پر ناز ہے) جاری و ساری تھا۔ جسکے لئے ایک معمولی مثال کافی ہے کہ:۔ یورپ مین فرانس اور یونان کی عیسائی قومین اُس شخص کو جو کسی مرض کا علاج کسی حکیم سے کرائے۔ جادوگر سمجھ کر نذرِ آتش کردیا کرتے تھے گویا ہر مرض کا سبب بُری روح تھی۔ اور اس کا دفع کرنا جھومنتر۔ تعویذ۔ گنڈون ہی سے ہوا کرتا تھا۔ اگر کوئی مفکر آزادیِ فکر سے توراۃ۔ انجیل تو بڑی بات ہے۔ کسی پادری کے فتوے پر کیون! اور۔ کیسے!۔ کا سوال کرتا تو اس کے لئے زہر کا پیالہ۔ یا زندہ درگور۔ یا چومنجا کردیا جاتا باعثِ خوشنودیِ خدا سمجھا جاتا تھا جسکے آگے اقتدارِ اعلیٰ یعنی بادشاہِ وقت بھی سرِ تسلیم خم کرکے فیصلہ صادر کردیتا تھا۔

عرب کا ملک۔ بے آب و گیاہ ریگستان مین رہنے والی قوم سے آباد تھا۔ جو تمدن۔ معاشرت اور تہذیب سے ناآشنا تھی۔ جہلِ مرکب یعنی نخوت۔ غرور۔ اکھڑپن مین اپنی مثال آپ تھی۔ یہ قوم سامی النسل تھی۔ گو۔ جنوبی عرب مین بعض سلطنتین تہذیب و تمدن کی علمبردار تھین۔ جیسے عاد و ثمود۔ اور سبا وغیرہ۔ اور شمال و مشرق و مغرب بھی تہذیب کا گہوارہ تھے مگر۔ ریگستانِ عرب کا وہ حصہ جو مکہ کہلاتا ہے وہان کے رہنے والے خانۂ کعبہ کے اطراف ہی جہل و نخوت کو لئے ہوئے گھوم رہے تھے۔

ساتوین صدی عیسوی کے آغاز مین یہان ایک روشنی اچانک پیدا ہوئی جس کا وہم و گمان بھی کسی کو نہین ہوسکتا تھا وہ روشنی کیا تھی؟ وہ "قرآن ازم" جس کو محمدؐ بن عبداللہ نے بہ حیثیت بنی اسمٰعیل کے اوّل و آخر نبیؐ و رسولؐ... حکمِ وحیِ الٰہی کو دُنیا کے سامنے پیش کیا کہ:۔ (۱) خدا اپنے تمام بندون کا بے غرض آقا و پالن ہار۔ رب۔ کریم ہے۔ جس کی مثال

دُنیا مین کسی اور کی نہین ہوسکتی۔ اُس کو سب ہی بندے یکسان پیارے ہین ۔ وہ "عَلَق" (یعنی مادۂ محبت اور باہمی تعلق) کے ذریعہ انسان کو پیدا کرکے روزِ ازل ہی مین اسکو اُسکا مقصدِ تخلیق بتلا دیا کہ سب مل کر ایک ہی تصور کے تحت اپنی زندگی کو پوری کرین کہ سچی انسانیت سے اچھی دُنیا پیدا ہو جائے۔

(۲) الف :۔ دوسرا اعلان یہ تھا کہ :۔ یاد رکھو! وہ سب کی بلا واسطہ سُنتا ہے۔ اور دیکھتا ہے! اور سب کا رزق اور ضروریاتِ زندگی پوری کرتا ہے! ایسی حالت مین ذہنی وطنی غلامی کے طوق جو تمہارے پیشوایانِ مذہب نے تمہاری گردنون مین ڈال رکھے ہین۔ نکال کر آزادیِ فکر کے میدان مین کود پڑو۔

دیوتاؤن ۔ اپنی بُری روحون کے نفع وضرر کے آبائی غلط تصورات و عقاید کو چھوڑ دو۔ عقل و خرد۔ اور آزادیِ فکر سے کام لیکر اپنی انفرادی اور اجتماعی زندگیون کو سنوار لو۔

ب :۔ یہ غلط ہے کہ ایک کا بوجھ دوسرا اُٹھائے گا ۔ قانونِ مکافات ایسا نہین ہے۔ ہر فاعل کے فعل کے نتائج صرف اسی کیلئے ہون گے۔ دوسرا کوئی اس کو اُٹھانے والا نہین ہوسکتا۔ ایک کا بوجھ دوسرا اُٹھائے۔ یا کفارہ کی قسم کا تصور ایک حسین فریب ہے۔ دھوکہ ہے ۔ اور شیطانی کید ہے ۔ ظلم ہے۔ سُنت اللہ۔ یعنی قانونِ قدرت کا حقیقی انصاف تو وہی ہے جو جیسا کرے ویسا پائے ۔ اور موت کے بعد دوسری زندگی مین ہر فرد۔ اور قوم کی جواب دہی اپنے خالق کے اجلاسِ انصاف پر لازمی ہوگی ۔ پس آزادیِ فکر کی روشنی حاصل کرکے اندھی تقلید کی تاریکی سے باہر نکل آؤ!۔

یہ تھا اعلانِ حق جو محمدِ عربی صلعم نے قومِ عرب کے سامنے پیش کیا ۔ جسکی مخاطب کُرۂ زمین کی ہر قوم تھی۔

موت کے بعد پھر زندہ ہونے کا تصور غالباً چار ہزار سال (ق م) نوحؑ کے زمانہ مین مشرقِ انسانی مین پیدا ہوا ہوگا۔ کیونکہ ایسے چند قدیم اسکول تاریخ قدیم مین نظر آتے ہین ۔ چنانچہ۔ تصورِ "تناسخ" ـــــ کہ۔ انسان مرتے ہی اس کی روح اپنی زندگی کے اچھے۔ یا بُرے نتائج حاصل کرنے کیلئے دوسرا جنم اختیار کرلیتی ہے یہ مکتبِ خیال۔ مصر۔ ہند۔ یونان۔ ایران کا بہت قدیم تصور کہا جاتا ہے۔

دوسرا گوتم بدھ نے بار بار پیدا ہونے کو عذاب کہہ کر۔ ایک ذاتِ واحد مین فنا ہو جانا۔ پھر دوسرا جنم نہ لینا بتلایا۔

تیسرا مکتبِ خیال۔ مرنے کے بعد پھر کسی طرح بھی زندگی کی نفی کرتا ہے ۔ اور جواب دہی کا منکر ہے۔

ساتوین صدی عیسوی مین "قرآن اعظم" نے ایک سمجھا ہوا مکتبِ خیال حشر و نشر کا اہلِ دُنیا کے سامنے پیش کیا۔ اور بتایا کہ ایک دن سب کو اپنے خالق کے سامنے حاضر ہوکر اپنی زندگی کے اعمال کا حساب کتاب دینا ہوگا ۔ چونکہ خالق نے انسانیت کے فرائض مقرر کردیئے ہین۔ اور انسان کو اپنے افعالِ نیک و بد کے ارادے اور عمل مین مختار کردیا ہے۔ چونکہ کائناتِ عالم مین ایسا اختیار کسی مخلوق کو نہین ملا اسلئے اس کو اپنے آقا کے سامنے جوابدہ ہونا لازمی ہے۔

پھر محمدِ عربی صلعم نے بزبانِ وحیِ الٰہی اس بات کا اعلان عام کردیا کہ :۔

"تاریخ انسانیت سے ہر قوم مین اس کی زبان جاننے والے سیکڑون ہادی۔ نبی۔ رسول ـــ اور مصلحانِ قوم پیدا ہوتے رہے ہین ۔ مین کوئی نیا مدعیِ نبوت تو ہون نہین ۔ بنی اسحاق مین تو سیکڑون نبی آچکے ہین

جن کو تم مانتے بھی ہو۔ چونکہ بنی اسمٰعیل میں آج تک کوئی نبی یا رسول نہیں آیا اسلئے میں تمہاری اصلاح کے لئے مامور من اللہ ہوں۔ اور میری تعلیم تمہارے لئے مختص نہیں بلکہ وہ انسانیت نواز ہے۔

میں تمام اقوام عالم کو پیشوایانِ مذاہب کی غلامی سے نجات دلانے کیلئے آیا ہوں، ہر قوم۔ اور ہر فرد کو انسانیت کے پیدائشی حقِ آزادی سے سرفراز کرکے ان پیشوایانِ مذہب کی غلامی کا جوا تمہاری گردنوں سے نکلوا دینے کا پیام لایا ہوں۔ کہ ہر شخص اپنے فکر و فہم عقل و خرد کی حد تک اپنے اعمال کا تنہا ذمہ دار ہے۔

چونکہ ہر مامور من اللہ کو ان ذریاتِ شیطان نے جھٹلا کر ناحق قتل کرنا اپنا فرض سمجھا۔ اور شفاعت و کفارہ کے حسین فریب کے جال میں انسانیت کو پھانس کر ظلم و استبداد کا طوفان برپا کر دیا۔ لہٰذا آج میرے پیامِ حق پر کان دھر کر آزادیِ فکر حاصل کرلو۔ اور اندھے مقلدین کی طرح ظالم مت بنو۔

یاد رکھئے کہ گذشتہ تمام مذاہب نے کرۂ زمین کی تمام انسانیت کو شیطانی گورندوں یعنی جوتش۔ احبار۔ رہبان۔ سرمایہ دار۔ آقا۔ ساحر۔ پروہت۔ وغیرہ کی غلامی سے آزادی حاصل کرلینے کی تعلیم اس طرح نہیں دی کہ۔ وہ عام فہم ہو۔ اور ہر انسان کے عقل و خرد کو آسانی سے اپیل کرے جیسے کہ قرآن ازم نے دی جس کی شہادت آپ کو آج بھی ہر مذہب کی مقدس کتاب دے گی۔ گو حاملینِ قرآن ازم نے اصلی تعلیم کو پس پشت ڈال دیا۔ وہ بھی دنیا کے ساتھ ہو گئے اور پیشوایانِ مذہب کی غلامی کا ایک مذہب انھوں نے بھی اختیار کر لیا۔ جس کی وجہ آج نزولِ قرآن ازم کی اصلی تعلیم کا کوئی مرکز کرۂ زمین پر نظر نہیں آرہا ہے تو یہ ذمہ داری قرآن ازم کی تعلیم پر عاید نہیں ہو سکتی۔ اور نہ معلمِ تعلیم قرآن ازم صلعم پر۔

قبل اسکے کہ آپ قرآن ازم میں فکر و فہم کا نصاب آغاز کریں۔ ساتویں صدی عیسوی کا نقشۂ نصف کرۂ زمین کو ملاحظہ فرما کر اپنی یادداشت میں اس کو جگہ دیجئے، اور اس بات کو پیش نظر رکھئے کہ نزولِ قرآن ازم کے وقت دیگر ممالک کے اقوام کس کس مذہب کے پیرو تھے، اور عرب کے اطراف کون کون سے مذاہب موجود تھے۔ تاکہ تعلیم اسلام کی حقیقت آسانی سے آپ کے فکر و فہم میں جاگزین ہو جائے۔

(ملاحظہ ہو صفحہ ۹۶ پر نقشۂ محولۂ صدر)

نقشہ ۱۵ مذاہب عالم نصف کرۂ زمین ساتویں صدی عیسوی

نمبر	ملک کا نام	قیاسی مردم شماری (ہزاروں میں)
۱	افریقہ	۶۰۰
۲	مصر	۴۲۶
۳	عرب	۲۱۰
۴	عراق	۸۴
۵	روما	۳۰۰
۶	یورپ	؟
۷	فارس	۳۶۰
۸	افغانستان	۴۲۰
۹	بلوچستان	۱۶
۱۰	ہند	۱۰۵۰۰
۱۱	تبت	؟
۱۲	سائبیریا	۴۲۰۰
۱۳	منگولیا	؟
۱۴	منچوریا	؟
۱۵	جاپان	۲۱۰۰
۱۶	چین	۱۳۵۰۰
۱۷	برما	۴۴۰
۱۸	انام و سیام	۳۰۰
۱۹	ملایا	۵۱
۲۰	سماترا	
۲۱	بورنیو	؟
۲۲	نیوگنی	؟
۲۳	آسٹریلیا	۴۵۰
۲۴	سیلون	۱۵۹
۲۵	مڈغاسکر	۱۱۱

نوٹ - چونکہ سابقہ مردم شماری کا مواد نہیں ملسکتا۔ اسلئے ۱۹۳۱ء کی مردم شماری سے ۹۷٪ کم کرکے ساتویں صدی عیسوی کی آبادی کا تخمینہ کیا گیا ہے۔

تصریحات مذاہبِ اہلِ مُلک متعلقہ نقشۂ عالم صفحہ (۹۶)

(سنہ ۱۹۳۰ء)

(۱) افریقہ۔ مشرق وجنوبی حصہ جس کو سلطنتِ اکسوم یا حبشہ کہتے تھے۔ عیسائی مذہب کا پیرو تھا۔ مغربی شمالی حصہ تقریباً غیر متمدن بُت پرست تھا۔ (۲) مصر۔ مصر کا اصلی مذہب تو اوسی رس ازم تھا۔ اور گائے کا تقدس۔ و۔ نیز فرعون کو خُدا کا اوتار مانا جاتا تھا۔ سلطنتِ روما کے تسلط کی وجہ عیسائیت کا مذہب عام تھا جس میں مجوسیت بھی شامل تھی۔ (۳) عرب۔ حجاز کا اصلی مذہب ابراہیمی تھا۔ خانۂ کعبہ کو ہندو موگہ (یعنے نجات کا مقام) اور ایرانی موگہ (یعنے چاند کا مقام) کہتے تھے اور مقدس مانتے تھے۔ خطۂ عرب میں مختلف مذاہب کے پیرو تھے۔ یہودی۔ عیسائی۔ بُت پرست اور مجوسی۔ اس طرح تمام مذاہب کے پیرو بحیثیت مجموعی تھے۔ اہلِ مکہ کو اُمّی کہا جاتا تھا۔ (۴۔۱) عراق۔ انی میزم تو قدیم مذہب تھا۔ اہلِ بابل آفتاب اور بُت کے پرستار تھے۔ مزدیسنایت کے پیرو بھی تھے۔ زرتشت بھی اسی سلسلہ کے تھے۔ مزدیسنایت میں عبادت وغیرہ کے طور طریق مثل اسلام کے تھے۔ یہ میدیوں کا مذہب تھا۔ (۴۔۲) شام وفلسطین۔ بنی اسرائیل کی سلطنت تباہ ہو چکی تھی۔ سلطنتِ روما کے تسلط کی وجہ مذہبِ عیسائیت کا غلبہ تھا۔ یہودی اپنا مذہب پوشیدہ رکھتے تھے۔ یا مختلف ممالک میں بٹے ہوئے تھے۔ (۵ و ۶) روما و یورپ۔ عیسائیت کا مذہب تھا جس میں تثلیث کا تصور تھا۔ اور تمام زیرِ تسلط ممالک بھی عیسائیت کے علمبردار تھے۔ (۷) ایران۔ زرتشت کا مذہب مختلف ادوار سے گزر رہا تھا۔ خیر کا خُدا ــــ اور شر کا خُدا۔ مرکزِ تصور تھا۔ آگ معبود تھی۔ بُدھ ازم۔ عیسائیت کے نظریات بھی جزوِ مذہب بنے ہوئے تھے ــــ

(۱۰) ہندوستان۔ سناتن دھرم یعنے دینِ قدیم۔ آریوں کا مذہب تھا۔ برہمن ازم جس میں دیوتا (یعنے فرشتوں) اور سیارگان کو معبود بنا کر پرستش کی جاتی تھی۔ اوتار۔ یعنے خُدا کے انسان میں حلول کا عقیدہ تھا جس کی وجہ اوتاروں کی مورتی پوجا ہوا کرتی تھی۔ آگ کی پوجا اگنی ہوتر کے نام سے خاص عبادت تھی۔ بُدھ ازم بھی اشوک اعظم کی وجہ پھیلا ہوا تھا۔ خواص ویدانت یعنی تصوف کے مکتبِ خیال کے حامل تھے۔ مگر عوام کے لئے وحدت الوجود۔ یا۔ وحدت الشہود کا فلسفہ ناقابلِ فہم تھا۔ اس لئے زیادہ تر بُت پرستی تھی۔ بُدھ مت میں مورتی پوجا کی سخت ممانعت تھی۔ مگر عوام نے گوتم کی مورتی پوجا کو داخلِ عبادت کر لیا تھا۔ بعض عرب مورخین ہندو قوم کو "صابی" تسلیم کرتے ہیں۔ (۱۶) چین۔ کنفوشے۔ لاؤتزے۔ یہ ہر دو مصلحانِ قوم بُدھ ازم کے نظریات کے حامل تھے۔ اسلئے چین میں بُدھ مت تھا۔ (۲۴) سیلون۔ بُدھ مت کا پیرو تھا۔

مندرجۂ ذیل ممالک میں کونسے مذاہب رائج تھے اس سے میں لاعلم ہوں۔ غالباً یہ سب بُت پرستی کی طرف مائل تھے۔ (سنہ ۱۹۳۰ء)
(۸) افغانستان؟ (۹) بلوچستان؟ (۱۱) تبت؟ (۱۲) سائبیریا؟ (۱۳) منگولیا (۱۴) منچوریا (۱۵) جاپان؟ (۱۷) برما؟ (۱۸) انام وسیام؟ (۱۹) ملایا؟ (۲۰) سوماترا؟ (۲۱) بورنیو؟ (۲۲) نیوگنی؟ (۲۳) آسٹریلیا؟ (۲۵) مدغاسکر؟ ــ

اساسِ خطاب قرآنِ حکیم

ہر وہ شخص۔ جو کچھ سوجھ بوجھ کی صلاحیت اپنے دماغ مین رکھتا ہو۔ اگر قرآنِ حکیم کا فہم حاصل کرنا چاہے تو اس کو سب سے پہلے قرآن کے تقدس و احترام کی حقیقت ذہن نشین کر لینا ہوگا۔ قرآنِ حکیم کا اصلی احترام۔ اور اس کا تقدس دراصل اس کے تعلیمون کو سمجھ کر اس پر عمل کرنے مین ہے۔ وہ کہتا ہے کہ:۔

پڑھو!۔ سمجھو!۔ اور عمل کرو!

اس کو محض رٹ لینا۔ اور چوم چاٹ کر۔ چاندی سونے کے جزدانون مین بند کر کے۔ محراب و منبر پر رکھ دینا۔ احترام نہین ہے۔ بلکہ ان طریقون کو قرآنِ عظیم سے تعبیر کرتا ہے۔

پھر اس حقیقت کو بھی ذہن نشین کرنا ہوگا کہ۔ قرآن کا نزول اپنے مخاطبین کے ذہنی و ذہنی تصورات۔ عقاید و ایمانیات کے ماحول مین۔ ان کو خوشخبریان سنا کر اچھے اعمال کیلئے ترغیب دلاتا تھا۔ اور بداعمالیون کے نتایج سے ڈراتا۔ اور دھمکاتا تھا۔ اور ہے۔ وہ کسی واقعۂ ماضی کا ذکر کرتا ہے تو اس واقعہ کا ریسرچ کر کے اصلی حقیقت کو ثابت نہین کرتا۔ بلکہ ان واقعات کو جو مخاطب قوم کے ذہن و فکر مین موجود تھے۔ سلجھے ہوئے طریقہ پر سنا کر عبرت دلاتا تھا۔ یا جب وہ کسی اختلافی واقعہ کو بیان کرتا تھا تو صلح کن پالیسی کے تحت نزاعات کا سدِ باب کر دینا اسکا اصل مقصد ہوا کرتا تھا۔ کیونکہ اگر وہ ایک مابہ النزاع مسئلہ کی حقیقت کو آشکارا کر کے حقیقتون سے پردہ اٹھا دیتا تو ایک تیسری پارٹی خود اسکی ہو جاتی۔ اس طرح اسکا اہم مقصد اصلاح بحث و مباحث۔ ثبوت و تردید کی جھنجھٹ مین نتایج کامیابی کو کھو دیتا۔ چونکہ اس کا ایک ہی اعلیٰ مقصد تھا کہ وہ انسان کو تقلیدِ جامد کی تاریکی، اور باب وجد کے ذہنی و ذہنی مذہب پرستی کی غلامی سے نجات دلا کر آزادیِ فکر کا فطری حق دلوا دے جسکے بعد انسانیت اپنے فکر و عقل سے سب حقیقین خود ہی معلوم کرتی چلی جائے۔ چنانچہ آج بھی وہ اپنے حاملین۔ اور کرۂ زمین کے تمام انسانون کو اس مقصد و مدعا کی طرف دعوت دے رہا ہے۔

قرآن کے تمام عبرت آمیز قصص۔ اور جنت و دوزخ کی خوشخبریان یا ڈراوے کی مثال بالکل ایسی ہی ہے جیسے آپ کسی کوردہ مین رہنے والے آدمی۔ یا کسی بچے کی تربیت کیلئے اسکے فہم و ادراک۔ اور اسکے محدود معلومات ہی کو اسکے سامنے پیش کر کے نصیحت کے ذریعہ مسرت یا خوف دلانے کی کوشش کرتے ہین۔ اگر اس کو سمندر۔ یا کسی ساگر کا نام لیکر کہین کہ تو ایسا کرنے سے اس مین ڈوب مرے گا تو اسکے سمجھنے کی کوئی بات نہ ہوگی۔ برخلاف اسکے آپ کہین کہ باؤلی مین ڈوب مرے گا تو آسانی سے سمجھ جائے گا۔ اسی طرح اگر کسی تصادم سے ڈراتا ہو تو موٹر۔ اور ٹیانک کا نام لین تو وہ خاک بھی نہ ڈرے گا۔ بلکہ بنڈی۔ یا شیر کے نام سے وہ کانپ اٹھے گا۔ راحت و آرام کیلئے آپ اسکو سیب انار۔ اور شربت۔ سوٹ۔ موٹر۔ اور ایوانِ شاہی کی مثال دین تو وہ کیا سمجھ سکتا ہے۔ اسکو بہترین سیتا پھل، بیر۔ اور عمدہ مکان، مثل سیندھی کے میٹھا پانی۔ اور بہترین کھاجہ۔ اچھے بیلون کی مثال دین تو اسکے لئے ایک خاص ترغیب و تحریص کا باعث ہون گے۔ ایک بچے کو شاہی اقتدار کا تصور۔ لڈو۔ اور مزیدار مٹھائی ہی سے

لطف اندوز کر سکتا ہے نہ کہ تاج و تخت کے ذریعہ اقتدارِ اعلیٰ کا۔ پس۔ قرآن حکیم نے ریگستانِ عرب کے بدوی و حوش۔ خانہ بدوش اُمیون کو ان کے تصورات اور ماحول۔ ان کے قلبی و ذہنی عقاید کے ذریعہ (جو تاریخ پیدائش سے ان کی گھٹی مین پڑے تھے۔ اور ہزارون سال سے ان کی نسبی و نسلی میراث تھے) ڈراوے اور خوشخبریون کیلئے وحی مین الفاظ اور جملے استعمال کئے۔ جس کا مدعا و مقصد سوائے اسکے کچھ نہ تھا کہ ان مین آزادیٔ فکر کی صلاحیت اُجاگر کردی جائے۔ اور خود بخود وہ اپنے فکر و فہم و خرد سے انسانیت کا اعلیٰ مقام حاصل کرلین۔ چنانچہ ایسا ہی ہوا۔

ایک دوسری مثال پر بھی آپ فکر کیجئے کہ۔ آپ کسی کوردہ مین جہان پر مسلم آبادی موجود ہے لیکن وہ غیر مسلم ریت رواج مین رنگی ہوئی حضرت پیران پیر کو پوجتی ہے۔ اسکی اصلاح کیلئے جاتے ہین۔ تو کیا آپ مخاطبین کو اس طرح خطاب کرین گے کہ:۔ "حضرت شیخ عبدالقادر جیلانیؒ ایک انسان تھے مثل ہمارے۔ وہ خود نہین جانتے کہ خدا اُن کے ساتھ کیا سلوک کرنے والا ہے۔ اور نہ ہم ان کو مثل انبیاءؑ و مرسلینؑ۔ اور عشرۂ مبشرہ کے معصوم اور جنتی ہونیکا یقین کامل کرسکتے ہین۔ لہذا تم ان کو چھوڑ دو۔ اور محمد عربی صلعم جن پر خدا نے قرآن نازل کیا ہے۔ انکی پیروی کرو!"۔ غور کیجئے کہ آپ کی تقریر کے آغاز ہی مین مجمع برخاست ہوجائے گا۔ اور مقصدِ اصلاح ختم ہوجائیگا۔ برخلاف اس کے آپ پیرانِ پیر کا نام لیکر۔ اور ان لوگون ہی کے باطل و مشرکانہ تصورات کو پیش کرتے ہوئے ان کو خوشخبری دینگے اور ڈرائینگے تو آپ کا مقصدِ اصلاح اس طرح پورا ہوسکتا ہے کہ ایک دو صاحبِ غور و فکر اُس گاؤن مین آپ کی تبلیغ سے متاثر ہوجائینگے۔ اور دھیرے دھیرے انکو دیکھکر چند سالون بعد دیگر چند نفوس پیدا ہوجائینگے اور اسطرح ایک جماعت سنور جائے گی۔

غور کیجئے کہ قرآن کی روشنی مین آنحضرت صلعم نے نہ صرف اس طریقہ کو تبلیغ و احکام امر و نہی مین ہمیشہ ملحوظ رکھا بلکہ ہمیشہ ارشاد فرماتے تھے کہ:۔ "مخاطبین سے انکے فکر و فہم عقل و خرد کے مطابق کلام کیا کرو (تکلموا الناس علیٰ قدر عقولھم)"۔ دیکھا آپ نے نزولِ وحی و آیات کے پند و نصائح کا وہ نصاب جو معلمِ قرآن صلعم نے (۲۳) سال مختلف ادوار۔ اور جماعتون کی تربیت کیلئے سُنا کر انکو تہذیب و تمدن سے ایک آراستہ قوم بنا دیا۔ کن بنیادی حقیقتون کا انکشاف کر رہا ہے!۔

اب غور کیجئے کہ اس ابتدائی نصاب کو ہم دماغِ انسانی کے بلند و بالا ارتقاء کی کڑی پر لے جانا چاہتے ہین اور کہتے ہین قرآن مین ہر قسم کے علم و فن کے نظریات موجود ہیں۔ عقل انگشت بدندان کہ اسے کیا کہئے!۔ کوئی اُردو کی پہلی کتاب لوٹ کر اپنی نکتہ سنجیون کی داد حاصل کرنا چاہے جو اس مین بھی سب کچھ اس کو نظر آئے گا۔ وہ کونسا فن۔ یا علم۔ یا سائنس کا نظریہ ہوگا۔ جو کسی لفظ کو لے کر آپ علم کلام و فلسفہ و منطق کے دریا بہاتے ہوئے ثابت نہ کرینگے۔ پھر کیا مصنف نے پہلی کتاب بچون کو اسی قسم کے نظریات کے سمجھنے۔ یا سمجھانے کیلئے لکھی تھی۔۔؟۔ نہین!۔ اسکا مقصد تو صرف اس قدر تھا کہ بچون کو ان کی دلچسپیون کے لحاظ سے علمی استعداد کے پروان چڑھانے کا موقع ملے۔ چنانچہ وہ بچے آیندہ چل کر بڑی بڑی ڈگریون کے حامل ہوگئے۔

چونکہ ہم اللہ کو علیم و خبیر سمجھ کر قرآن حکیم اسکا کلام ہونیکی وجہ ہر چیز کو اس مین تلاش کرتے ہین اسلئے ہم کو صحیح راستہ نہین ملتا۔ ایک دنیوی مثالی علیم اور خبیر کی ایسی بھی تو ہے کہ ایک اعلیٰ ریاضی دان جب اپنے بچے کو گنتی سکھلاتا ہے تو ایکائی دھائی ہی بتلاتا ہے۔ درآنحالیکہ اس کی ذاتی ایکائی دھائی کی حقیقت بہت ہی بلند نظریات کی حامل ہوتی ہے۔ مگر نہ تو ابتدائی اعداد و شمار بچون کو بتلاتے وقت اس کے ذہن مین ریاضی کے اعلیٰ نظریات ہوتے ہین اور نہ وہ بچون کو ان نظریات سے آگاہ کرسکتا ہے۔ اسکا مقصد تو یہی ہوتا ہے کہ ایک دو کی ابتدائی تعلیم سے درجہ بدرجہ ترقی کرتے

بچے کا ذہن اور اس کا فکر و فہم بلند ہو جائے تو حساب کے اونچے درجون پر پہنچ جائیگا۔
لہذا۔ قرآنِ حکیم کو جو شخص بھی سمجھنا چاہتا ہے۔ اس کو سب سے پہلے ان بنیادی حقیقتون پر نظر رکھنی چاہیئے تاکہ ہر آیت اور ہر رکوع اور ہر سورۃ اسکے فکر کیلئے فہم مہیا کر سکے ۔ اسی لئے قرآن نے ہر جگہ اپنے خطاب کے مفہوم کو آسان سے آسان تر ہونیکے کا دعوی کیا ہے۔ لیکن اس کا کیا علاج ۔ بقول اقبال ؎

احکام ترے حق ہین ۔ مگر اپنے مفسر ؛ تاویل سے قرآں کو بنا سکتے ہیں پاژند

جسکا نتیجہ یہ ہوا کہ اسکی ہر آیت ایک پہیلی بنکر ہمارے سامنے بوجھنے کیلئے آ رہی ہے ۔

اکثر الفاظ قرآنِ حکیم کے ہمارے ظنی و ذہنی عقاید مین ایک خاص معنیٰ و مفہوم کے اطراف چکر لگاتے نظر آتے ہین ؛ حالانکہ آپ کے مفہوم اور قرآنِ حکیم کے مفہوم مین زمین و آسمان کا فرق ہوتا ہے ۔ اسلئے مین نے ایسے الفاظ کا قرآنی مفہوم صاحبانِ فکر کیلئے مطالعۂ کتاب سے پہلے واضح کر دینا ضروری سمجھا ہے ۔ تاکہ آیندہ میرے فکر و فہمِ قرآنی کے نوٹس پڑھتے وقت ان الفاظ کا اصلی قرآنی مفہوم پیشِ نظر رہے ۔ اور ہر صاحبِ فکر اپنے وسعت علم و معلومات کے مدِ نظر خود تفکر و تدبر سے اس روشنی مین قدم بڑھاتا چلا جائے ۔

مین ۔ نہایت احترام کے ساتھ طبقۂ علماء و فضلاء کی خدمت گذارش کرتا ہون کہ میرا یہ فکر و فہم مقدس پیشوانِ مذہب کیلئے نہین ہے ۔ اس طبقہ کیلئے تو زبانِ عربی کا علمِ قرآن و تفسیر و حدیث کا ذریعہ ان کے زہد و تقویٰ فہم قرآنِ حکیم کا کھلا ہوا ثبوت ہے ۔ پس ۔ میرا مخاطب تو وہ تعلیم یافتہ طبقہ ہے جو آزادیٔ فکر و فہم کا متلاشی ہے بقول آپ کے وہ قرآنِ حکیم سے روز بہ روز دور ہی ہوتا چلا جا رہا ہے ۔ لہذا ۔ اس طبقہ کیلئے میرا یہ فکر و فہم قرآنِ حکیم ایک دعوتِ فکر ہے ۔ تاکہ وہ قرآنِ حکیم مین فکر کر کے اس کے مفہوم کو معلوم کرلے ۔ اور قرآنِ حکیم کی اصلی تعلیم کو قبول کر لینے کی صلاحیت اس مین پیدا ہو جائے ۔ ظاہر ہے کہ اس کتاب مین جو کچھ لکھا گیا ہے وہ میرا اپنا ذاتی فکر اور فہم ہے ۔ جو میرے عقل و خرد کی حد تک محدود ہے ۔ اگر کسی کو میرے فکر ۔ اور فہم کے متعلق اعتراض ہو تو وہ معترض ہی کیلئے ہو سکتا ہے ۔ نہ کہ میرے لئے بھی ۔ کیونکہ ۔ قدرت نے ہر انسان کیلئے الگ الگ فکر و فہم کی تخلیق کی ہے ۔ بدین وجہ میرے فکر و فہم کے متعلق کسی قسم کے بحث و مباحثہ کی ضرورت ہی باقی نہین ۔ بقول اقبال ؎

جہاں بینی مری فطرت ہے لیکن ؛ کسی جمشید کا ساغر نہیں میں

قبل اسکے کہ وحیِ قرآنِ حکیم پر میرے فکر کا آغاز ہو ۔ ضرورت اس بات کی ہے کہ قرآنِ حکیم کے اُن الفاظ کو جو اُمی مخاطبینِ عرب کے فکر و فہم مین آسانی سے سمو جاتے تھے جسکو آج بھی آسانی سے سمجھ لیا جا سکتا ہے بطور یادداشت متلاشیانِ فہمِ قرآنی کے ذہن نشین کرا دیا جائے ۔ تاکہ الفاظِ مروجہ اندھی تقلید کی تاریکی مین حصولِ فہم و تدبر سے محروم نہ کر دین ۔ لہذا ۔ فہمِ قرآنِ حکیم کیلئے مذہبِ اسلام کے عام محاورون کی یہ وضاحت ہر مفکر کے لئے حروفِ تہجی ثابت ہوگی ۔ بقولِ جامی ؎

یہ لوحِ اول الف ۔ با ۔ تا ۔ نہ خوانی ؛ ز قرآں درسِ خواندن کے توانی !

اللہ — بتلاؤن گا خدا کا پتہ کیا کسی کو مین ۔! معلوم آج تک مجھے میرا پتہ نہین (فیضؔ)

کائنات کے وجود مین آنے سے پہلے جو "ذات" تھی ۔ جس کی قدرتِ کاملہ ہر چیز کی تخلیق کا باعث ہے جس کی سب سے بڑی صفت یہ ہے کہ :۔

"کائنات مین اس کی کوئی مثال نہین"

اسی لئے وہ انسانی فکر ۔ فہم ۔ عقل ۔ تدبر ۔ گمان ۔ وہم ۔ کے کسی گوشہ مین آ ہی نہین سکتی ۔ پھر اس ذاتِ بے ہمتا کے نام کے کوئی معنی ہی نہین ہو سکتے ۔ یون تو الفاظ فی نفسہ مقصود بالذات ہوتے ہین ۔ نہ کہ علم کا ذریعہ ۔ البتہ الفاظ کے سیاق و سباق سے معنیٰ و مفہوم مین تبدیلی پیدا کر لی جاتی ہے ۔ لیکن اس ذاتِ واحد کا اسم ذات اس سے بھی مبرّا و منزّہ ہے ۔ البتہ اسکے صفاتی نام شعورِ انسانی نے اپنی اپنی زبان مین سیکڑون رکھ لئے ہین ۔ جیسے بزبانِ عربی رب ۔ رحیم ۔ کریم وغیرہ ۔ اور سنسکرت مین پرماتما ۔ ایشور ۔ رام وغیرہ[1] عیسائیون مین رحمانان ۔ وایرانیون مین خدا ۔ و پروردگار وغیرہ ۔ پس ۔ قرآنِ حکیم اپنے پیروؤن کو اس بات کی تاکید اکید کرتا ہے کہ ۔ جس قوم کی زبان مین جو مقدس نام ذاتِ واحد کیلئے مختص ہون اس کو اسماء الحسنیٰ سمجھ کر اس کا احترام کرو ۔ کیونکہ ایسے سب ہی نام ایک ذاتِ واحد کیلئے اسکے صفاتی یا ذاتی ہوتے ہین ۔

قرآن حکیم مین اللہ کا لفظ مختلف مفہوم کا حامل ہے ۔ اگر ہم ربطِ عبارت سے مفہوم حاصل نہ کرین تو مطلب ہی بدل جاتا ہے ۔ مثلاً :۔ "اللہ کو قرض دو!" ۔ ظاہر ہے کہ قرض ۔ بحالتِ محتاجی ہی مانگا جاتا ہے ۔ تو اللہ بھی محتاج ہے ؟ ۔ ایسا نہین ۔ بلکہ اس کا مفہوم یہ ہوگا کہ :۔ مقصدِ تخلیقِ انسانیت کی تکمیل کیلئے انسانون کی فلاح و بہبود کی غرض سے اپنا سرمایہ خرچ کرو ! ۔ تاکہ مستقبل مین تمہارا خرچ کیا ہوا مال تم کو ۔ یا تمہاری نسل کو کئی چند اضافہ سے مل جائے ! ۔

دیکھئے ! حکومت قرض مانگتی ہے ۔ تو کیا اس رقم کی محتاجی اس کو ہوتی ہے ؟ یا دراصل فلاح و بہبودِ رعایا کیلئے وہ رعایا ہی سے طالبِ قرضہ ہوتی ہے ۔ بس ۔ یہی مثال "یقرض اللہ قرضاً حسناً" کی سمجھو ! ۔

یا ۔ پھر قرآن کہتا ہے کہ :۔ "اللہ کی مدد کرو!" ۔ تو اسکے معنیٰ اپنی مدد آپ کرنیکے ہون گے ۔ یا اللہ سب کو رزق دیتا ہے ۔ سب کو مارتا ۔ اور جلاتا ہے ۔ وغیرہ وغیرہ ۔ تو اسکا مفہوم یہی ہے کہ اسکا قانونِ قدرت جو مقررہ ہے وہ ہر فعل کے نتائج کو ظاہر کرتا رہتا ہے ۔

مثلاً ۔ حکومت کا اعلان ہوتا ہے کہ وہ اپنی رعایا کے جان و مال کی ذمہ دار ہے ۔ خور و نوش کی ذمہ دار ہے ۔ تو ۔ کیا اسکے معنیٰ مرکزی حکومت فرداً فرداً رعایا کے ساتھ لگی ہوئی ہے ؟ ۔ نہین ۔ بلکہ اجزاء حکومت قانونِ مقررہ کے تحت

---

[1] اس موقع پر یہ اعتراض پیدا ہوتا ہے کہ ہندو رامچندر جی کا نام رام رام جپتے ہین ۔ یہ اعتراض تو بظاہر صحیح معلوم ہوتا ہے لیکن ذرا وسعتِ قلب کو کام مین لایا جائے تو یہ بات آسانی سے سمجھ مین آجاتی ہے کہ رامچندر جی کا نام بھی تو رام ہی کے نام پر رکھا گیا تھا ۔ اگر کوئی قادر کا نام جپنے لگے تو کیا اسکے معنیٰ یہ ہون گے کہ وہ عبدالقادر کو خدا مانتا ہے ؟ ۔ بلاشبہ بعض حضرت شیخ عبدالقادر جیلانیؒ کی پرستش کرتے ہین ۔ لیکن جب وہ "قادر" کہین گے تو ان کا تصور "اللہ" کے صفاتی نام ہی کا ہوگا ۔ پس ۔ اسی طرح لفظ "رام" کو بھی سمجھا جا سکتا ہے ۔

اپنے فرائض کی ادائی کے ذمہ دار ہیں۔ جو افراد اور جماعتوں کے حقوق و فرائض کے لحاظ سے قانونِ مقررہ کے تحت انکے نگہبان ہیں۔ پس۔ اس مثال کو سامنے رکھ کر قرآن حکیم میں اللہ تعالیٰ کے صفات اور افعال کا فہم حاصل کیا جائے تو ہر بات آسانی سے سمجھ میں آجائے گی۔

اب رہا علمِ کلام۔ فلسفہ۔ اور منطق کی نکتہ سنجیوں کیلئے تمام کرۂ زمین کا پانی سیاہی بن جائے۔ اور تمام صحرا و کرۂ زمین کے درختوں کا کاغذ بنا کر اسکے صفات کا ذکر لکھنا چاہو تو بھی وہ پورا نہ ہو سکے گا۔ وہ تشنگی باقی رہے گی۔ اسلئے فہم قرآن حکیم کیلئے جو کھلا۔ اور آسان سے آسان تر راستہ مل سکتا ہے اس کو اختیار کر لینا بہتر ہے۔ تاکہ آسانی سے ہم قرآن حکیم کے آیات کا مفہوم حاصل کر لیں:۔ "فکر ہر کس بقدرِ ہمتِ اوست"۔

نبی اور رسول محاورۂ عرب میں غیب کی بات بتلانے والے کو "نبی" کہا کرتے تھے۔ توراۃ سے معلوم ہوتا ہے کہ بنی اسرائیل کے دورِ عروج میں نبوت کی تعلیم کیلئے مدارس قایم تھے گویا علم و فضل کے خود یہ توراۃ پر عبور حاصل کر لینے والے کو "نبی" کہا کرتے تھے۔ جیسے کہ ہم علامہ۔ مولوی۔ کہتے ہیں۔ چنانچہ ہمارے پاس کسی مذہبی درس گاہ کے معمولی تعلیم یافتہ کو بھی تو ہم مولوی کہنے پر مجبور ہیں۔ لیکن جامعہ ازہر کے فارغ التحصیل یا کسی یونیورسٹی کے عربی زبان کے اعلیٰ تعلیم یافتہ کو اس لفظ سے مخاطب نہیں کیا جا سکتا۔ اور مولوی کی اس حدیث سے سند لی جاتی ہے کہ:۔ "میری اُمت کے علماء مثل انبیاء بنی اسرائیل کے ہونگے"۔

یہ تھا لفظِ نبی کا مفہوم اہلِ کتاب اور اُمیوں کے پیشِ نظر۔

قرآن حکیم میں لفظِ نبی کا مفہوم اس شخصیت سے وابستہ ہے جو اشاراتِ وحیِ الٰہی کے ذریعہ قوم کو موجودہ طریقۂ عمل کے نتایج حال و مستقبل سے آگاہ کر دے۔ لیکن توراۃ۔ انجیل وغیرہ مقدس کتابوں میں لفظِ نبی آپ کو نظر نہیں آئے گا۔ کیونکہ صحیفۂ نوحؑ اور صحیفۂ ابراہیمؑ کے وقت یہ لفظ مروج نہیں تھا۔ یہاں تک کہ اسمٰعیلؑ و اسحٰقؑ بلکہ عیسیٰؑ تک بھی عبرانی دوسریانی زبان میں نبی اور رسول کیلئے عربی کا یہ لفظ استعمال نہیں ہوا۔ قرآن میں ہر قوم کے مامور من اللہ کیلئے ہادی۔ بشیر۔ نذیر۔ نبی۔ رسول کے الفاظ مذکور ہیں۔

میں سمجھتا ہوں کہ نبوت کے بعد کا درجہ رسالت کا ہوا کرتا ہے۔ یعنی ایسا مامور من اللہ جو کسی کتاب (قانونِ الٰہی) کو اپنی قوم میں پیش کر کے قوم کو اہلِ کتاب بنا دیا ہو۔ اور قوم کیلئے شرع و منہاج بھی منشاءِ وحی کے تحت مدوّن کئے ہوں۔ جس پر نہ صرف اُمت۔ بلکہ عام انسانیت کے فلاح و بہبود۔ امن و سلامتی کا انحصار ہو اُسکو رسول کہا جائے گا۔

اس لفظِ رسول کا ترجمہ جب دوسری زبان میں کیا جائیگا تو لغت کا ترجمہ تو بزبانِ اردو پیغامبر ہوگا۔ لیکن ہر زبان کے محاورہ کے لحاظ سے وہ مختلف ہوگا۔ جیسے بدھ۔ اوتار۔ وغیرہ۔ جس کا مفہوم خاص اللہ کا پیغام پہنچانے والی ذات مقصود ہوگی۔

گو۔ قرآن حکیم نے نبی اور رسول میں کوئی امتیاز نہیں برتا ہے۔ کیونکہ وہ غیر صاحبِ کتاب کو بھی رسول اللہ سے موسوم کرتا ہے۔ اور صاحبِ کتاب کو بھی اس لئے نبی سے موسوم کیا ہے۔ اس بات کو ذہن نشین کر لینا ضروری ہے کہ نبوت کے جوہر۔ تاریخ قیام نظفہ ہی سے کارکنانِ قضاء و قدر۔ منشاءِ خالق کے تحت نبی اور رسول میں داخل کرنا شروع کر دیتے ہیں۔ پس یہ سعادت مکسوبہ یا میراثی نہیں ہے۔ بلکہ وہ بجانب اللہ ودیعت ہوا کرتی ہے۔ مثلاً:۔

(۱) ابتداء ہی سے بشر میں فہم و ادراک۔ غور و فکر کی صلاحیت نمایاں ہونے لگتی ہے۔

(۲) پھر اسکا طرزِ عمل اور طریقۂ زندگی اپنے ملنے جلنے والوں اور اپنی قوم کو پاکیزہ خیالات کا حامل بنانے لگتا ہے۔

(۳) پھر اس میں اخلاقی سنوار قوم کی صلاحیت کیلئے رونما ہونے لگتی ہے۔

(۴) پھر آدمی کو انسانیت سے سنوارنے کے بعد قوم کو خلیفۂ زمین بنانے کیلئے وہ علم سیاست و مدن ہو جاتا ہے۔
(۵) اسکے بعد وہ اپنی قوتِ فکریہ یعنی روحانیت کو بلند و بالا کر کے "صاحب قدس" بن جاتا ہے۔
(۶) اب اسکا درجہ ہادی و مزکی کا ہو جاتا ہے۔ یعنی لوگ اسکی صحبت سے ایک قسم کی روشنی اپنی قوتِ فکریہ میں حاصل کرنے لگ جاتے ہیں۔
(۷) پھر تو وہ قوم۔ بلکہ انسانیت کیلئے امام کا درجہ حاصل کر لیتا ہے۔ جسکے بعد قوم اسکے بتلائے ہوئے اصولوں کو اپنا کر اچھی دنیا۔ سچی انسانیت کو اپنانے کی طرف راغب ہو جاتی ہے۔
(۸) اس نوبت پر قرآن اسکو منذر کہتا ہے۔ کیونکہ وہ قوم کی بداعمالیوں سے آنے والی مصیبتوں یعنی عذاب الٰہی سے ڈراتا ہے۔ اور قوم کو تقلید کی غلامی سے آزادی فکر کی طرف رہنمائی کرتے ہوئے۔ قانونِ مکافات کی توضیح و تشریح کرنے لگ جاتا ہے۔ گویا وہ غیب کی باتیں قوم کو سنا کر مستقبل کے نتائج سے اس کو آگاہ کر دیتا ہے۔ پھر اس زندگی کے بعد موت۔ پھر موت کے بعد خالق کے آگے جوابدہی کا نقشہ بتلا کر قوم کو عملِ صالح کی راہ پر لگا دیتا ہے۔
(۹) جب وہ اس مقام پر پہنچ جاتا ہے تو اس کو مقامِ نبوت پر سرفرازی کا پیام بارگاہِ رب العزت سبحانہٗ تعالیٰ سے بذریعہ وحیِ الٰہی سرفراز ہونے لگتا ہے۔

میرا فکر یہ ہے کہ مندرجہ بالا صفات باستثناء نمبر (۹) یعنی نبوت بعض انسانوں میں کم و بیش بلحاظِ مدارج نظر آتے ہیں۔ لیکن نوان درجہ۔ وہ مقام ہے کہ محمد عربی صلعم نبیِ اوّل و آخر بنی اسمٰعیل کے بعد سے پھر آج تک کرۂ زمین میں کسی کو نہیں ملا۔ اور میرا یقین کامل ہے کہ آیندہ بھی قدرت کسی بشر کو اس نام سے موسوم ہونے نہیں دے گی (مزید وضاحت کیلئے جلد اوّل و دوم میں نبوت کی تاریخی حقیقت اور میرے فکر و فہم کا مطالعہ کیا جائے)۔

وحی وحی کے معنی عربی میں۔ اشارہ۔ کے ہیں۔ مخفی اشارہ۔ قرآن کہتا ہے کہ۔ "(اللہ) اپنے فرشتہ کے ذریعہ قلبِ رسول[1] پر وحی کی"۔ اسکے معنی یہ ہوئے کہ۔ ایک ملکوتی قوت کے ذریعہ قلبِ رسول۔ یا نبی پر کوئی اشارہ کیا جاتا ہے۔ یا اسکے فکر و فہم میں وحیِ الٰہی کے نقوش ظاہر ہوتے ہیں جس کی بناء پر اسکی زبان سے وہ الفاظ دوسروں کی سماعت تک پہنچائے جاتے ہیں۔ الہام اور وحی میں فرق ضرور ہے۔ الہام تو بالراست ہر ایک کیلئے عام ہے لیکن وحی چونکہ بالواسطہ ملکوتی قوت جبرئیلی کے تحت ہوتی ہے۔ وہ بیرونی آمیزش سے پاک ہوتی ہے۔ جس میں شک و شبہ۔ یا کمی و زیادتی کا موقع نہیں ہوتا۔ گویا وہ ایک آمد منجانب اللہ ہوا کرتی ہے۔ مثال کیلئے غور کیجئے دو شاعروں کو:۔ ایک کے اشعار میں آمد ہے۔ اور دوسرے کے اشعار میں آورد۔ وہ شعر جو آورد کے ذریعہ بنا تو اُستاد کی اصلاح کا ضرور محتاج رہا۔ لیکن جو شعر آمد کی بناء پر کہا گیا۔ تو اس میں اصلاح کی گنجائش نہیں۔ بلکہ اُستاد کی داد کے قابل ہو گیا۔ یہ تو ایک مثال بغرضِ تفہیم ہے۔ اس پر سے اندازہ لگائیے رسول کی وحی پر۔ اور عام الہام پر۔۔۔ آیندہ اوراق میں وحی کے متعلق مختلف نظریات کے ذریعہ میرا فکر آپ کو دعوتِ فہم دیگا جس سے آپ کا قلبِ سلیم بڑی حد تک مطمئن ہو جائیگا۔

قرآن قرآن کے مفہوم میں جو وحیاں محمد عربی صلعم پر (۲۳) سال تک نازل ہوتی رہیں۔ جنکے آیات یعنی جملوں کی

---

[1] قلب کی حقیقت کیلئے وحی نمبر (۱۵) فکر نمبر (۱) ص۱ میں میرا نوٹ بطور خاص ملاحظہ طلب ہے۔

تعداد (۶۶۶۶) ہے جس کو رسول اللہ صلعم نے قوم کو سُنایا اور اپنے اصحابؓ کو لکھوا بھی دیا تھا۔ اور آج تک بلا کسی زیر و زبر۔ یا نقطہ کی تبدیلی کے ہمارے ہاتھوں مین۔ ہماری نظروں کے سامنے کاغذ پر چھپ کر۔ یا لکھ کر ایک کتاب کی صورت مین ہے۔ اسکو عرفِ عام مین "قرآن" کہتے ہین۔ یہ تمام قرآن رسولِ کریم صلعم نے وحی نازل ہونے کے بعد سب کو بطور خطاب (یعنی تقریر) کے ذریعہ سُنایا تھا۔ نہ پڑھا۔ یا پڑھایا گیا تھا۔ قرآن کا لفظ سامی زبان کا ہے۔ جسکے معنی بولنا۔ چلّانا ہین۔ قوم تو نیقون کے ذریعہ یہ لفظ انگریزی زبان مین آیا تو کرائی کا تلفظ بنا۔ جسکے معنی بولنے اور پکارنیکے ہین۔ سنسکرت مین لفظ کیرتی کے معنی تشہیر کے ہین۔ عربی زبان مین ابتداءً "اقراء" کا لفظ اعلان۔ بولنا۔ لوگون کو کسی مصیبت سے دُور رہنے پکارنا کے معنی مین لئے جاتے تھے۔ بعد مین اسکے معنی پڑھنے کے بھی ہوگئے۔ لیکن۔ نزولِ قرآن کے وقت بولنے اور اعلان کرنے ہی کے لئے استعمال ہوتا تھا جیساکہ وحیِ اوّل مین میرے فکر کی روشنی مین معلوم ہوگا۔

لفظِ قرآن۔ اسی لفظ سے نکلا ہے۔ جو عبرانی لغت سے لیا گیا ہے جسکے معنی اعلان کرنیکے ہین۔ اور جو وحی گذشتہ انبیاء پر نازل ہوتی رہی ہین۔ ان کو بھی وحیِ الٰہی نے بزبانِ عربی قرآن ہی کہا ہے (یعنی۔ توراۃ۔ انجیل۔ زبور وغیرہ کو)۔ اور آنحضرت صلعم پر جو وحیان نازل ہوتی رہی ہین ان کو بھی قرآن ہی کہا گیا ہے۔

عام محاورۂ عرب مین ایک کتاب کو بار بار پڑھنے کو قرآن کہا جاتا ہے۔

اور نماز کو بھی قرآن کہا جاتا ہے۔ کیونکہ اس مین بھی وحیِ الٰہی کو بار بار پڑھا جاتا ہے۔

قرآن نے ہر سورۃ۔ بلکہ ہر رکوع کو بھی قرآن کہا ہے۔

قرآن کی عظمت اور احترام محض اُس کے لیے معنی پڑھنے مین نہین ہے۔ بلکہ ہر مضمون۔ یا کلام کو پڑھ کر اس کا فہم حاصل کرنا۔ یعنی اسکی نصیحتون کو سمجھنا۔ اس کا احترام ہے۔ لیکن یہ بھی اصلی عظمت و احترام نہین۔ اصلی عظمت و احترام اس وقت ظاہر ہوتے ہین جب کہ پڑھ کر سمجھین۔ اور جب کوئی بات سمجھ مین آجاتی ہے تو اس پر عمل کرنا لازمی ہوجاتا ہے۔ جب اس پر عمل کیا جاتا ہے تو اس بیان۔ تحریر۔ اور مضمون۔ یا کلام کی اصلی عظمت متصور ہوسکتی ہے۔ پس۔ قرآنِ حکیم کا اصلی مدعا یہ ہے کہ:۔

پڑھو ــــ سمجھو ــــ اور عمل کرو!

اگر اس مین کوئی ایک بات بھی چھوٹ جائے تو قرآن کی حقیقت باقی نہین رہتی۔ جو لوگ (خواہ وہ کسی مذہب کے پیرو ہون) اپنی مقدس کتاب کو اِن معنون مین نہین سمجھتے۔ اور اسکے لکھے ہوئے الفاظ۔ حروف کو مقدس سمجھ کر اسکو سرون پر رکھتے ہین۔ یا چوم چاٹ کر خیر و برکت کے لئے سونے چاندی کے صندوقون مین رکھ کر اس کا احترام کرتے ہین۔ تو مثل وہ ایک قسم کی صنم پرستی کرتے ہین۔ کیونکہ اصنام کے خط و خال بھی تو کاغذ پر موئے قلم سے بنائے جاتے ہین۔ ایسی حالت مین حقیقت سے دُور رکھکر اسکا احترام اور عظمت کا تصور۔ ایک مشرکانہ طریقہ ہے جس کے متعلق قرآنِ حکیم نے صاحبانِ فکر و عمل کو بار بار اس غلط راہ روی سے روکا ہے۔ چنانچہ سورۂ جمعہ مین ایسے لوگون کیلئے اس نے گدھون کی مثال دی ہے۔ جو بوجھ لادے پھرتے ہین۔ درآن حالیکہ اس بوجھ کی حقیقت سے وہ قطعاً ناواقف ہوتے ہین۔ ایسے حاملینِ کتاب کو قرآن "ظالم" کہتا ہے۔

توحید قرآن کی توحید یہ نہین ہے کہ دیوتاؤن۔ اور بتون کے آگے سجدہ نہ کرکے عبدالرحمٰن کے بیٹے

عبدالکریم ہونے کی وجہ موحد کہلائین ۔ اور نہ صرف (۳۶۰) خانۂ کعبہ کے بتون کو توڑ پھوڑ دینے کا نام توحید ہے۔ اور نہ لوگ زبان سے لا الٰہ الا اللہ ادا کر دینے کا نام توحید ہے ۔ اور نہ پنج وقتہ بے روح نماز ادا کر کے سال بھر مین یک ماہ کے روزے رکھ لینا۔ اور گیارہ ماہ سے زیادہ ماہِ رمضان مین خور و نوش کے لئے موازنہ کا متاثر کر لینا۔ عمر بھر مین ایک مرتبہ حج کے فریضہ کو رسماً ادا کر دینا توحید ہے۔ بلکہ اصل توحید تو وہی ہے جس کو رسول اکرم صلعم نے اپنے اصحابؓ کو بتلایا تھا کہ سوائے ایک ذاتِ واحد کے کسی کی غلامی قبول نہ کی جائے ۔ اور شخصیت پرستی کے بتون کو۔ جو ورانتاً سیکڑون سال سے ایمان و یقین کے صنم کدے مین بیٹھے ہوئے ہین ان سے بغاوت کی جائے ۔ ان کا قطعی انکار کر دو۔ بلکہ تقلید جامد کا وہ بت خانہ جس مین یہ حسین اصنام فروکش ہین ۔ اس کو منہدم کر کے آزادیِ فکر کے ساتھ عملاً لا معبود الا اللہ ۔ و۔ لا مسجود الا اللہ کا ثبوت دو۔ اور پھر کرۂ زمین کی انسانیت کو اُمتِ واحدہ بنانے کیلئے اپنے اعمال و اقوال و کردار کا ایک ہی نمونہ پیش کرو۔ جب تمہارا خالق ایک ہے تو اس کی مخلوق مین بھی وحدت کا ہونا لازمی ہے ۔ پس ۔ اسی کیلئے سب مل کر اللہ کی رسّی کو مضبوطی سے پکڑنے مین متحد ہو جاؤ۔

یہ تھی رسولِ اکرم صلعم کی بتلائی ہوئی توحید۔ تو کیا آج اُمتِ محمدی زاید از چار سو فرقون مین بٹ جانے کے بعد بھی وہ اپنے کو موحد کہنے مین حق بجانب ہے ؟

رحمت اور درود

"رحمت" کے معنیٰ تو محبت اور شفقت کے ہین لیکن محبت اور شفقت کا مطلب و مفہوم دراصل مدد کرنا ہے ۔ ہر قسم کی امداد۔ دستگیری ۔ سنبھالا دینا ۔ رحمت ہے ۔ اللہ کی رحمت کے معنیٰ اللہ کی مدد و دستگیری ۔ اور سنبھالا دینے کے ہین ۔ ماں کی محبت و شفقت بھی رحمت ہے کہ وہ بھی مدد ۔ دستگیری اور سنبھالے کیلئے ہی ہے ۔ ہم اپنے محاورہ مین کہتے ہین کہ ارے بھائی ! اس پر رحم کرو ! ۔ تو اسکے معنیٰ ہین ۔ ہر قسم کی مدد کے ۔ نہ کہ رحم کوئی ایسی مادی یا لطیف شئے ہے کہ اس کو کسی طبق یا ظرف مین بھر کر اس پر انڈیل دیا جائے ۔

اللہ ۔ اور اسکے فرشتے رحمت بھیجتے ہین ۔ رسولؐ پر ۔ اور مومن بندون پر ۔ اسکا صاف مفہوم ہے کہ ان کی مدد کرتے ہین ۔ مومنون کو حکم ہے کہ اپنے رسولؐ پر صلوٰۃ اور سلام بھیجو ۔ تو اسکے معنیٰ ہوئے کہ ان کی ممکنہ مدد کرو ۔ جس سے ان کی عزت و احترام کی سلامتی ہو ۔

یہان پر ایک سوال پیدا ہوتا ہے کہ رسولِ عربی صلعم پر صلوٰۃ یعنی رحمت کے معنیٰ اگر مدد کے لئے جائین تو آپ امداد کے کیا معنیٰ ہون گے ؟ ۔ میرا فکر یہ ہے کہ آپؐ کی لائی ہوئی صحیح تعلیم مین جو معنوی تحریف ہو گئی ہے ۔ اس کو دور کر کے سچی تعلیم کو اُجاگر کرنا ہی دراصل آپؐ پر درود و سلام ہو گا ۔ یہ عقیدہ کہ اُمت کے درود و سلام بے معنیٰ کو ملکوتی قوتین (یعنی فرشتگانِ درود) آنحضرت صلعم تک پہنچاتی ہین میرے نزدیک ایک بے معنیٰ عقیدہ ہے ۔ اس قرآنی حکم صلوٰۃ و سلام کی حقیقت آپ کو سورۂ احزاب مین میرا فکر ملاحظہ کرنیکے بعد معلوم ہو گی ۔ یا آپ خود اس آیت کے متعلقہ رکوع کو پڑھ کر غور کرین تو آپ کے آزاد فکر مین شاید صحیح مفہوم ظاہر ہو جائے ۔

اُمت ۔ قوم اور فرقہ

ایک گروہ ۔ جماعت ۔ خواہ وہ بلحاظ قومیت کسی ملک کی رہنے والی ہو ۔ یا کسی شخصیت کی تعلیم کو ماننے والی ہو ۔ بلکہ ہر شئے جو ہم جنس ہو ۔ قرآن نے پرندون کے گروہ کو اُمت کہا ۔ اور چارپایون کو بھی اُمت کہا ہے ۔ اولادِ آدمؑ کو اس لئے اُمتِ واحدہ کہا ہے ۔ گویا اولادِ آدمؑ مین

دو فرقے ہونگے ایک وہ اولادِ آدمؑ جو مقامِ انسانیت پر پہنچ گئی ہے اور ایک وہ جو ابھی مقامِ انسانیت پر نہیں پہنچی پھر ہر ملک کے رہنے والوں کو جو جغرافیائی حالات کے تحت علیحدہ علیحدہ ماحول رکھتے ہیں "قوم" کہا گیا اور ہر مذہب کے حاملین کو جو مامور من اللہ سے اپنی نسبت کو قایم کرتے گو وہ مقصدِ دین کو نظر انداز کر کے شخصیت پرستی میں مذہب کو اپنائے ہوئے ہوں۔ ملت۔ یا۔ اُمت سے تعبیر کی گئی ہے۔

ایک ہی دین میں۔ مختلف مذاہب۔ جو غلط طریقے سے اصل دین کو نظر انداز کر کے مامور من اللہ کی اُمت سے وابستہ ہو کر۔ ایک دوسرے کے شرع و منہاج کی تکذیب کرتے ہوئے آپس میں تفریق پیدا کر لیں انھیں "فرقہ" کہا گیا۔ یا ایک ہی نبی۔ یا رسول کی اتباع کے ادعا کے بعد مختلف نظریات کے حامل ہو کر علیحدہ علیحدہ جماعتیں بن گئیں۔ ان کو "فرقہ" کہا گیا ہے۔ "فرقہ بندی" کو قرآن انتہائی کراہیت کی نظر سے دیکھتا ہے۔ بلکہ اس چھوٹ کو وہ "اللہ کا عذابِ غلیظ" قرار دیتا ہے۔

کُفر۔ یا۔ کافر

غیر اُمت محمدی۔ کیلئے اُمتِ محمدی اس لفظ کو ایک ہی سانس میں استعمال کرتی ہے جسکے استعمال میں عالم اور جاہل۔ دونوں برابر کے حصہ دار ہیں۔ قرآنِ حکیم میں یہ لفظ سیکڑوں مقام پر مختلف مفہوم کے لحاظ سے استعمال ہوا ہے۔ لیکن تمام تراجم قرآنی میں وہ لغوی ترجمہ تحت اللفظی میں ک۔ ف۔ ر۔ ہی لکھا گیا ہے۔ چونکہ تاریکی سے ہی نور کی تمیز ہوتی ہے۔ اسلئے جب تک "کفر" کی وضاحت نہ ہو۔ اسلام۔ اور مسلم کا عنوان نمایاں نہیں ہو سکتا۔

"غریب القرآن" میں "کافر" کا مادہ "کُفر" ہے۔ جس کے معنیٰ:۔ ڈھکنا۔ چھپانا۔ انکار کرنا۔ ناشکری کرنا ہیں۔ "کافر" کے معنیٰ ہوئے:۔ ڈھانکنے والا۔ چھپانے والا۔ احسان نہ ماننے والا۔ انکار کرنے والا۔ ناشکری کرنے والا۔ پس۔ قرآنِ حکیم نے اِن تمام معنیٰ میں لفظ "کافر" کا استعمال کیا ہے۔ خصوصاً۔ انعاماتِ الٰہی سے انکار کرنے والوں۔ اور ناشکری کرنے والوں۔ اور حق و سچائی کو۔ تقلیدِ جامد کے اندھے پن کی وجہ جھٹلانے والوں کے لئے یہ لفظ بہت زیادہ آیا ہے۔ بُت پرستوں کے لئے یہ لفظ استعمال ہوا ہے تو محض اسلئے کہ وہ "ذاتِ واحد" کو "بلا شرکتِ غیرے" ماننے سے انکار کرتے تھے۔ جو لوگ سرے سے خُدا کے منکر تھے۔ ان کیلئے تو یہ لفظ عام ہے۔ لیکن جو لوگ خدا کی ذات سے وابستہ ہو کر۔ پھر بھی تقلیدِ جامد کی غلامی اور باپ دادا کے مذہبی طور طریق کی وجہ "حق" اور سچائی سے انکار کرتے تھے۔ یا۔ اپنے مذہبی جذبات سے "صداقتِ ضمیر" کو چھپاتے تھے۔ ان کیلئے بھی اس لفظ کا استعمال بہت زیادہ قرآنِ حکیم نے کیا ہے۔ عام انسانوں کی فطرت کے لحاظ سے "کفر" کا لفظ عام انسانوں کیلئے بھی استعمال کیا ہے[1] یہودیوں کو اصل تعلیم تورات سے برگشتہ ہونیکی وجہ سے بھی کافر کا لفظ استعمال ہوا ہے۔ سورۂ انبیاء کی آیت (۹۴) میں تو ذاتِ خداوندی کے متعلق ارشاد ہوا ہے کہ:۔ "فلا کفران لسعیہ"۔ یعنی۔ بروزِ حشر اعمال صالحہ کی جزا سے اللہ تعالیٰ انکار نہیں کرے گا۔

بعض رسولوں کو ماننے اور بعض کو نہ ماننے والوں کیلئے بھی (کافرون حقا) کے الفاظ سورۂ نساء کی آیات (۱۵۰ و ۱۵۱) میں موجود ہیں۔ سورۂ حدید کی آیت (۲۰) میں کسان کو (الکفار نباتہ) کا محاورہ استعمال کیا گیا ہے۔ پھر نزولِ قرآنِ حکیم کے وقت معتقدین ربیعی۔ اُمتِ محمدی۔ و نیز دیگر اہلِ کتاب کیلئے بھی اکثر مقامات پر

---

[1] دیکھئے سورۂ ابراہیم کی آیات (۳۲ تا ۳۴) "ان الانسان لظلوم کفار" سورۂ بنی اسرائیل کی آیت (۶۷) "کان الانسان کفورا"۔

یہ لفظ استعمال ہوا ہے۔ جس سے یہ ثابت ہوتا ہے کہ جو بھی "المعروف" کے عمل سے گریز کرے گا وہ کافر کی تعریف مین داخل ہو جائے گا۔ لیکن یہ کیسی بدقسمتی حاملین قرآن حکیم کی ہے کہ وہ فہم قرآنی سے دور ہو کر۔ اپنے ذہنی و ذہنی تصورات مین لفظ کفر کا عقیدہ۔ غیر امت محمدی کیلئے مختص کر کے خود "چہ غم" بنے ہوئے ہین۔

وہ "لا الہ الا اللہ" کا اقرار کرنے والے۔ وہ "ایاک نعبد و ایاک نستعین" پر ایمان کامل رکھنے والے۔ آج اپنے اسلاف قرن اولیٰ کے عہد و پیمان کی تکمیل سے کوسون دور ہین۔ بقول حالی ؎

کرے غیر گر بت کی پوجا تو کافر — جو ٹھہرائے بیٹا خدا کا تو کافر
کہے آگ کو اپنا قبلہ تو کافر — کواکب مین مانے کرشمہ تو کافر

مگر مومنون پر کشادہ ہین راہین
پرستش کرین شوق سے جس کی چاہین

نبیؐ کو جو چاہین خدا کر دکھائین — امامون کا رتبہ نبیؐ سے بڑھائین
مزارون پہ دن رات نذرین چڑھائین — شہیدون سے جا جا کے مانگین دعائین

نہ توحید مین کچھ خلل اس سے آئے
نہ اسلام بگڑے نہ ایمان جائے

خلاصہ بیان یہ ہے کہ لفظ "کفر" کا مفہوم مطالعۂ قرآن کے وقت بلحاظ ربط عبارت اخذ کیا جا سکتا ہے۔ اگر آج لفظ کفر کا مفہوم نزول وحی کے وقت کے مخاطبین جن اصطلاحات مین سمجھتے تھے اسی مفہوم مین ہم بھی سمجھنے لگین۔ اور اسی مفہوم مین پڑھین کہین۔ اور سنین تو بڑی حد تک امت محمدی کے عقاید کی تاریکی دور ہو سکتی ہے جسکے بعد وہ دوسری امتون کے مسلم۔ مومن۔ متقی افراد کو اپنی جماعت مین شریک کر کے "و اعتصموا بحبل اللہ جمیعا" "حزب اللہ" کی پارٹی بنانے مین کامیاب ہو سکتے ہین۔ لیکن یہ سب کچھ اسی وقت ہو سکتا ہے کہ جب پیرایۂ کلام آپ کے پیش نظر رہے کہ:۔ "تقلید جامد کی غلامی سے نجات حاصل کر کے آزادی فکر کے میدان مین آپ قدم رکھین"۔

اسلام۔ یا۔ مُسلم ہماری اصطلاح مین:۔ ہر وہ فرد۔ جو مسلم گھرانے مین پیدا۔ یا۔ امت محمدی مین ——— "لا الہ الا اللہ محمد الرسول اللہ" کے الفاظ نوک زبان سے ادا کر دے بس وہی مسلمان کہلانے کا مستحق ہے ——— گویا اسلام کے معنی ہین گروہ امت محمدی مین شریک ہونے کے۔ اور بس ——— قرآن حکیم کی اصطلاح کو آپ کی اصطلاح سے کوئی دور کا بھی واسطہ نہین۔ "غریب القرآن" مین اسلام کے معنی حسب ذیل ہین:۔

فرمان برداری۔ اطاعت گذار ہونا۔ اسلام کا مادہ "سلم" یا "سلام" ہے جس کے معنی ہین۔ امن۔ صلح۔ اطاعت۔ سکینہ (یعنی آرام۔ آسایش) "سلامۃ" اطاعت کیلئے گردن ڈال دینا۔ "سلیم" اطاعت کرنے والا۔ "سلام" صحیح و تندرست۔

قرآن حکیم نے رسول عربی صلعم کے ذریعہ دین اسلام۔ اس دین فطرت کو بتلایا ہے جو شعور انسانیت سے قیامت تک امن و سلامتی کا حامل بنا رہے گا۔ اور قرآن اس کو "دین قیم" کہتا ہے۔ جس کا ترجمہ بالفاظ سنسکرت "سناتن دھرم" ہوتا ہے ——— رسول عربی صلعم نے بزبان وحی بتلا دیا کہ:۔ "اللہ تعالیٰ کے نزدیک پسندیدہ دین۔ دین اسلام ہے۔ جس طرح اس دین کو کرۂ زمین کی ہر قوم مین اس قوم کے رسولون نے پیش کیا۔ مین بھی اسی طرح پیش کر رہا ہون ——— مین نہ تو کوئی انوکھا دین پیش کرتا ہون۔ اور نہ ہی کوئی انوکھا رسول ہون!" ——— پس۔ ایک ہی ذات واحد کے اقتدار کے آگے

سرِ تسلیم خم کرکے۔ اسکی اطاعت و فرمان برداری مین منشاءِ تخلیقِ انسانیت کو پورا کرنیکی پیہم سعی کا نام "اسلام" ہے۔ اور ایسے فرد کو مسلم کہا جاتا ہے۔ لیکن۔ اسلام کے دائرہ مین داخل ہونے کیلئے پہلی شرط وہ "میثاق" ہے جو زبان اور عمل سے یکسانیت کے ساتھ ظاہر ہوتا رہے۔ جس سے اللہ کی اطاعت و فرمان برداری بصورت منشاءِ تخلیقِ آدم کے بطورِ فرض امن و سلامتیِ عالم کیلئے ظہور پذیر ہو۔ محض گروہ بندی کا داخلہ۔ یا۔ مان باپ کی گھریلو پیدائش مسلم نہین بنا سکتی۔ کیونکہ اسلام نسبی و نسلی نہین ہوا کرتا۔ بلکہ وہ تو ہر فرد یا جماعت کا مکسوبہ ہوا کرتا ہے۔ اور اسلام حاصل ہوتا ہے سنِ شعور کو پہنچنے کے بعد فکر و فہم کے غور و فکر سے۔ تخلیقِ انسانیت کی منزلِ مقصود کو طے کرنے کیلئے ایک صحیح راستہ کو اختیار کرنے سے۔ جس مین سب سے پہلے انسان کو اپنے آبائی دین کے ظنی و ذہنی طریقون پر غور کرتے ہوئے عقل و تدبر سے کام لیکر۔ اور اپنے اپنے مقدس کتابون کا گہرا مطالعہ کرنیکے بعد کسی ایک صحیح نتیجہ پر پہنچ کر اپنی منزلِ مقصود کو معین کر لینا چاہیئے۔ جس مین امن و سلامتی کی راہین کشادہ ہون۔

پس۔ خدا کے پسندیدہ دین کا نام "اسلام" اسی لئے رکھا گیا ہے۔ نہ کسی گروہ بندی سے منسلک ہو جانا۔ یا پیدائشی آبائی طریقہ۔ یا۔ پیدائشی اب وجد کے فرقہ داری نام سے موسوم ہو جانا۔ کیا آپ نے کبھی غور کیا ہے کہ مصدقین کے تمام نام ان کے زمانۂ جاہلیت ہی کے رکھے ہوئے تھے۔ وہ بدلے نہین گئے۔ لیکن آج کوئی تو مسلم بغیر نام بدلنے کے مسلم نہین کہلا سکتا۔ یہ فرق کیون؟ اسلئے کہ اُس زمانہ مین مسلم کو نام سے کوئی تعلق نہ تھا۔ صرف کام پیشِ نظر تھا۔ اور آج کام سے کوئی دُور کا بھی واسطہ نہین۔ صرف نام کی ضرورت ہے۔ دیکھا آپنے اسلام کے ماضی اور حال مین کتنا بڑا فرق ہے!۔

ایمان اور مومن

قرآنِ حکیم کی اصطلاح مین اجزاءِ ایمان یہ ہین کہ:۔

ایک ذاتِ واحد ہی کو تمام کائنات کا خالق سمجھ کر اسی کو لائق فرمان برداری مانتے ہوئے اپنے منشاءِ تخلیق کے فرائض کو امانت داری سے کما حقہٗ ادا کرنا۔ اور اس بات پر یقینِ کامل رکھنا کہ اعمال کا محاسبہ خالق تعالیٰ سبحانہٗ ضرور لینے والا ہے۔ جسکے نتائج کا ظہور لازمی ہے۔

فرائضِ انسانیت کیا ہین؟ ہر وہ عمل جو سب کیلئے فایدہ بخش ہو۔ اور ضمناً اس سے خود بھی مستفید ہون۔ اگر اسکے خلاف ہو۔ یعنی توازن بگڑ جائے تو ایمان کی ضد کفر نمایان ہو جائے گی۔

جو لوگ صرف زبانی اقرار کو "حق اللہ" سمجھتے ہین۔ اور عمل سے دُور کا بھی واسطہ نہین رکھتے۔ وہ سراسر غلطی پر ہین۔ کیونکہ قرآن کی تعلیم کی اساس تصورانی نہین ہے۔ بلکہ وہ مشاہدات کے ذریعہ آپ کو ہر عمل کے نتائج بتلا کر تربیت دیتا ہے۔ چنانچہ وہ واضح الفاظ مین اس حقیقت کو ظاہر کرتا ہے کہ جو قوم بھی قانونِ الٰہی کی پابند اور سُنت اللہ پر گامزن ہے وہی باعزت و ترقی پذیر ہو سکتی ہے۔ پھر جب بھی وہ غفلت برتتی ہے تباہی کے راستہ پر ڈالدی جاتی ہے۔ پس۔ قرآن کی روشنی مین فرد یا جماعت کے صاحبِ ایمان و مومن ہونے کیلئے شرطِ اول عملِ صالح کا تواتر ہے۔ محض گروہ بندی یا تصورانی۔ اور زبانی۔ یا نسلی ایمان کا کوئی مقام ہی نہین۔

جو لوگ "حق اللہ" کا تصور۔ ایمانِ بالغیب۔ اور عبادات وغیرہ مین رکھتے ہین۔ وہ تعلیمِ قرآن حکیم مین تلبیس کے مجرم ہین۔ کیونکہ قرآنِ حکیم کے زاید از چھ ہزار آیات مین حق اللہ کے عقاید ظنی و ذہنی کا شائبہ بھی نظر نہین آتا۔ ایک بات اور بھی تو غور طلب ہے کہ ذاتِ واحد حق سبحانہٗ تعالیٰ بے نیاز ہے۔ جب وہ بے نیاز ہے تو پھر اسکے حق کا تصور بے معنیٰ ہوگا۔ اگر وہ اپنا کوئی حق رکھے تو شانِ بے نیازی مین فرق آجائے گا۔ دراصل حقوق العباد کی تکمیل ہی

مقصد و منشاء تخلیقِ انسانیت ہے ۔ جس کو قرآن اللہ کا پسندیدہ دین کہتا ہے ۔ اس پر کماحقہٗ یقینِ کامل کے ساتھ عمل پیرا ہونے کا نام "ایمانِ کامل" ہے ۔ اور اس کا علمبردار "مومن" ۔

تقویٰ اور متقی

منشاءِ قرآنِ حکیم مین "تقویٰ" کا مفہوم یہ ہے کہ انسان اپنی زندگی کے ۔ ہر شعبۂ حیات مین ۔ قدم قدم پر اپنے فرائضِ تخلیق کو پیشِ نظر رکھ کر نتائج عدم تکمیل فرائضِ انسانیت سے ڈرتے ہوئے اپنے لمحاتِ زندگی کو طے کرتا چلا جائے ۔ چونکہ تصورِ معاد کے بغیر اس قسم کی احتیاط انسان کیلئے ناممکن تھی ۔ اسلئے اس کو قانونِ مکافات و قانونِ امہال کے مضامین سے معاد کا تصور پیشِ نظر رکھنے کی تعلیم و تربیت قرآن ازم نے دی ۔ ایک عام مثل ہے کہ ۔ "جس کو نہ خدا کا خوف ہو ۔ اور نہ سماج کا لحاظ ۔ تو ایسے آدمی سے خدا ہی بچائے" ۔ قرآن نے تقویٰ کی ضد "فسق" کو قرار دیتے ہوئے ۔ صحت بخش ۔ عزت نواز طریقۂ زندگی پر چلنے کی بار بار تاکید کی ہے ۔ یعنی آج ہم اپنے محاورہ مین جس طریقہ کو "غنڈہ گردی" کہتے ہین ۔ اسی طرزِ زندگی کے اجزاء فسق و فجور کو سمجھئے ۔

قرآنِ حکیم مین "متقی" کا محاورہ حسب ذیل جماعتون مین استعمال کیا گیا ہے ۔

(۱) اہلِ کتاب مین بھی متقی ہوتے ہین ۔ (دیکھو سورۂ آل عمران ۔ آیت ۱۱۲ و ۱۱۳) ۔
(۲) مشرکین بھی متقی ہوتے ہین ـــ (" " توبہ " ۴) ۔
(۳) نامسلمانون مین بھی متقی ہوتے ہین (" " مائدہ " ۲) ۔
(۴) مومنون مین بھی "غیر متقی" ہوتے ہین (" " بقرہ (۲۰۸) آل عمران (۱۰۳) تحریم (۶) ۔

موجودہ حالاتِ زمانہ کے لحاظ سے بقول میر ولایت علی صاحب ۔ اگر یہ کہا جائے کہ :۔ "غنڈہ گردی کیلئے کسی خاص مذہب و ملت ۔ یا جماعت کی قید نہین ۔ اور اسی طرح مسلم و مومن و متقی کیلئے محض گروہ بندی ۔ یا نسل و نسب کا لزوم بے معنی ہے تو بے معنی بات نہ ہوگی" ۔

یاد رکھئے کہ تقویٰ و طہارت کا تعلق انسان کے باطن سے ہے ۔ نکہ ۔ ظاہری صورت شکل اور لباس سے ۔ البتہ ظاہری عمل باطن کے آئینہ دار ہوسکتے ہین ۔ بشرطیکہ ریاکاری ۔ یعنی نمود و نمائش کی خاطر نہ ہون ۔

ظلمت و نور ۔ تاریکی و روشنی

قرآن نے ظلمت کا محاورہ ہمیشہ اندھی تقلید ۔ اور نتائجِ اعمال سے بے خبر ہونے کے مفہوم مین استعمال کیا ہے ۔ اور نور ۔ آزادیٔ فکر ۔ عقل و خرد ۔ قانونِ مکافات کو دیکھتے ہوئے جو رات ۔ دن مشاہداتِ عینی مین آتے ہین ۔ نتائجِ مستقبل سے آگاہ رہنے کو تو ہدایت کہا ۔ مثلاً ۔ ایک شخص گہرے پانی مین ایسی حالت مین کود پڑتا ہے جب کہ اس کو تیرنا نہین آتا ۔ اور سمجھتا ہے کہ وہ ڈوبے گا نہین ۔ یا چوری کرتا ہے ۔ اور سمجھتا ہے کہ کوئی اسکو اس جرم مین پکڑ کر سزا دینے والا نہین ہے ـــ بس یہی تاریکی ہے ۔ اور فکر و فہم کا اندھا پن ـــ نتائجِ اعمال سے باخبر رہنا ۔ روشنی ۔ ہے ـــ کیونکہ آپ جب روشنی مین رہتے ہین تو ہر قسم کی تکلیف دہ اشیاء سے جو راہ مین آپ کو نظر پڑین بچتے چلتے ہین ۔ اندھیرے مین آپ کی نظر اُن تکلیف دہ اشیاء پر نہین پڑتی ۔ پس ۔ تقلیدِ جامد کا بھی یہی حال ہے کہ ۔ انسان تاریکی ہی تاریکی مین مبتلا رہتا ہے ـــ اور آزادیٔ فکر کی روشنی جب وہ حاصل کرلیتا ہے تو قانونِ مکافات اس کی رہبری کیلئے روشنی پیدا کردیتا ہے ۔

ہر انسان ۔ بلالحاظ مذہب و ملت ۔ ظلمت مین بھی مبتلا ہوتا ہے ۔ اور نور بھی حاصل کرسکتا ہے ۔ نور تو اسکا فطری حق ہے و

یعنی۔ آزادیٔ فکر۔ ظلمت فطرتِ انسانی کا ایک روگ ہے ۔ جو بڑا سخت متعدی اور میراثی مرض ہے ۔

ہدایت اور ضلالت ہدایت کے معنی ہین ایسی رہنمائی کہ ہر شعبۂ حیات کے متجسس کو اسکے مقصد کی تکمیل کے لئے راستہ بتلا دیا جائے جس پر وہ گامزن ہو کر اپنے مقصد کو پالے ۔

ایک ہدایت تو اللہ تعالیٰ نے ہر شئے کی فطرت مین ودیعت کر دی ہے جسکو "فطری ہدایت" کہنا چاہیئے ۔ یہ تو کائنات کے ذرہ ذرہ مین عام طور پہ جاری و ساری ہے ۔

دوسری وہ ہدایت ۔ جو انسانوں میں اُن کی پیدائش ہی کے ساتھ رکھی گئی ہے ۔ کہ وہ اچھے اور بُرے مین تمیز کرین ۔ جسکو مین اپنے الفاظ مین "قوتِ فکریہ" کہتا ہون ۔

تیسری ہدایت وہ ہے جن کی قوتِ فکریہ بڑی ہے ۔ وہ اپنی قوم کی گمراہیون سے بے چین ہو کر اسکی سنوار کیلئے تدبر سے کام لیکر اس کو بلند و بالا کر دیتی ہے ۔

چوتھی ہدایت الٰہی ۔ وہ عظیم المرتبت مقام ہے جسکو قرآن حکیم "وحیٔ الٰہی" کہتا ہے ۔ جسکے ذریعہ عام انسانیت کی خلاف یہود کے مختلف راستوں کو صاف کر کے ہر ایک کو شاہراہِ عام بنا دینے کیلئے ہوتی ہے اسی شخصیت کو قرآن حکیم ۔ نبی ۔ رسول ۔ ہادی ۔ کہہ کر ان کو "مامور من اللہ" ٹھہراتا ہے ۔

"ضلالت" ۔ "ہدایت" کی ضد ہے ۔ جس مین انسان اپنے سیدھے راستہ کو چھوڑ کر غلط راستہ پر پڑ جاتا ہے ۔ کیوں ؟ ۔ اسلئے کہ ۔ اسکی خواہشاتِ نفسانی ۔ ذاتی خود غرضیاں ۔ اسکو اسکی ذات ۔ یا زیادہ سے زیادہ اپنے بال بچون کی فلاح کیلئے خلافِ فطرتِ انسانی شر کے طریقون پر چلنے مجبور کر دیتی ہے ۔ جس مین بڑا پارٹ تقلیدِ جامد کا نظریہ ادا کرتا ہے ۔

غیب "غیب" کہتے ہین اس بات کو جو نظرون سے اوجھل ہو ۔ مادی ۔ اور غیر مادی شئے ۔ یا مرئی ۔ یا غیر مرئی قوتین جو بھی آپ کی نظرون سے غایب ہون ۔ وہی تو "غیب" ہے ! ۔ ہر حال کا ۔ ماضی و مستقبل "غیب" ہے ۔ اسلام نے غیب کو ایمانِ کامل کی شرط قرار دی ہے ۔ اسلئے کہ اسلام کے نظریات کے تمام اقدار کے نتائج مستقبل مین ظہور پذیر ہونیکی وجہ ورقاتون قدرت پر یقین کئے بغیر انسان کی زندگی بے معنی ہو کر رہ جاتی ہے ۔ بالفاظِ دیگر ۔ بغیر غیب پر ایمان ۔ یقین لانے کے انسان کیلئے کوئی چارہ نہین ۔ مثلاً ۔ آپ صبح کو بیدار ہو کر ۔ ناشتہ کرین گے ۔ یا ۔ ناشتہ کے بعد اپنے معیشت کے کاروبار مین لگ جائین گے ۔ آپ تعلیم پا کر ڈگری حاصل کرین گے ۔ آپ بحیثیت ملازم ختمِ ماہ پر تنخواہ پائین گے ۔ آپ کی شادی ہوگی ۔ اولاد ہوگی ۔ یہان تک کہ آپ اسکول ۔ یا دفتر جائین گے ۔ یا اسکول اور دفتر سے گھر واپس ہون گے ۔ وغیرہ وغیرہ ۔ یہ سب ہی تو "غیب" ہے ۔ جب کہ ایک ذاتِ واحد ۔ جو ۔ نظر ۔ فکر و فہم ۔ حواسِ خمسہ سے بھی غیب مین ہے ۔ اور ہر نیک و بد عمل کی جزا و سزا کا وعدہ ہو رہا ہے ۔ بہتر خلافتِ ارضی اور جنتِ ارضی کی بشارتین دی جا رہی ہین ۔ قرآن حالیکہ قوم امی ہے ۔ بتلایئے کہ بغیر یقین غیب کے کس طرح انسان اپنے فکر و ذہن مین انقلاب پیدا کر کے تکمیل کی طرف قدم بڑھا سکتا تھا ۔ یا بڑھا سکتا ہے ! ۔ آج بیسوین صدی مین جو کچھ ترقیات آپ دیکھتے ہین ۔ یہ سب غیب پر ایمان کے نتائج ہی تو ہین ۔

دین "دین" کے قرآنی معنی :۔ حساب ۔ انصاف ۔ قانون ۔ اور فطرت ۔ کے ہین ۔ انصاف اور حساب ۔ اور قانون ان تینون کا مفہوم ۔ ایسا توازن قائم کرتا ہے جو حدِ اعتدال سے آگے پیچھے نہ ہو سکے ۔ چونکہ فطرت کا

تقاضا ہر چیز کی سنوار ۔ مقدار ۔ اور ایک مقررہ راہ پر ڈال دیتے کا ہے ۔ اسی لئے خالق کائنات نے تمام آدم زاد کو ایک ہی دین فطرت عطا فرمایا ہے ۔ اور وہ فطرت انسانی "فطرت اللہ" کی مماثلت رکھتی ہے ۔ اسی لئے ہر قوم کے افراد ۔ یا جماعت مین دین کے اقدار مشترکہ ہین ۔ ذرا بھی ایک دوسرے مین فرق نہین ۔ مثلاً ۔ ہر قوم مین اور ہر زمانہ مین سچائی ۔ عبادت ۔ انصاف ۔ ایفاء عہد ۔ خدمت خلق ۔ فرض شناسی ۔ وغیرہ وغیرہ کو اچھا ہی سمجھا گیا اور سمجھا جاتا ہے ۔ اور سمجھا جاتا رہے گا ۔ برخلاف اسکے ۔ جھوٹ ۔ ظلم ۔ چوری ۔ دھوکہ دہی ۔ وغیرہ کو برا سمجھا گیا اور سمجھا جاتا ہے ۔ اور سمجھا جاتا رہے گا ۔

گویا اچھی دنیا بنانے کے لئے سچی انسانیت کے جتنے اقدار ہین ۔ وہ تمام دین سے تعلق رکھتے ہین ۔ اور وہ کرۂ زمین کی ہر قوم کے افراد ۔ اور جماعت مین مشترک رہین گے ۔ جن کو قرآن "المعروف" کہتا ہے ۔ یعنی اچھائی ۔ صالحیت ۔ نیکی ۔ یہ "المعروف" ہے ۔ اور برائی ۔ غیر صالحیت ۔ "المنکر" ہے ۔

یاد رکھئے ۔ کہ ہر وہ کام جس کو آپ علانیہ منظر عام پر کر کے اپنے ضمیر کی مسرت محسوس کرین ۔ وہ "المعروف" ہے ۔ اور جس کام کو آپ علانیہ نہ کر سکین ۔ بلکہ پس پردہ بھی کیا جائے تو نہ صرف اس کا سننے والا ۔ بلکہ آپ کا ضمیر بھی آپ کو ملامت کرے وہی "المنکر" ہے ۔ پس یہ ہے دین کی حقیقت ۔ جس کو قرآن کہتا ہے کہ آدم سے تا این دم ایک ہی دین اللہ نے انسانیت کے سنوارنے کے لئے مقرر کر دیا ہے ۔

مذہب "مذہب" کے معنی ہین ایک ایسی راہ پر چلنا جس سے اچھی دنیا ۔ اور سچی انسانیت بن جائے ۔ اس کیلئے کسی قانون کے بندھن مین باندھا جانا لازمی ہے ۔ خواہ وہ قانون الٰہی ہو ۔ یا قانون انسانی جسکے ذریعہ آدمی انسانیت کا مقام حاصل کر کے مہذب و متمدن کہلانے کا مستحق بن جائے ۔ اسکی ضد ہے ۔ غیر مہذب یعنی ۔ جاہل مطلق العنان ۔ غیر متمدن ۔ سنسکرت مین "دھرم" کے معنی ہین ۔ سب کو سنبھالے رکھنا ۔ ملائے رکھنا ۔ لہذا جس کام سے سب لوگ ملے جلے رہین وہی سچا دھرم ہے ۔ جس کام سے سب کا بھلا ہو ۔ وہی سچا دھرم ہے ۔ انگریزی مین "ریلیجن" کے معنی بھی "باندھے رکھنا" ہے ۔

قرآن نے دین کو تمام اقوام کیلئے ایک ہی قرار دیا ہے ۔ مذہب کو وہ شرع و منہاج قرار دیتا ہے ۔ اور بتلاتا ہے کہ :۔ "اللہ نے ہر ایک امت" یعنی گروہ ۔ قوم کیلئے علیحدہ علیحدہ شرع و منہاج مقرر کر دیا ہے ۔ یعنی مذہبی زندگی کا طور طریق علیحدہ علیحدہ ہے ۔ اگر خدا چاہتا تو سب ہی کو ایک امت کر دیتا ۔ لیکن ۔ تم دیکھ رہے ہو کہ تاریخ آفرینش سے ایسا نہین ہوا ۔ بلکہ ہر قوم اور ملت کیلئے مذہب کے طور طریق علیحدہ علیحدہ ہی رہے ۔ اور رہین گے ۔ یہ اسلئے کہ اللہ تم کو آزمانا چاہتا ہے کہ کون نیکیون مین سبقت لے جاتا ہے ۔ اور کون شرع و منہاج ۔ یعنی مذہب کے اختلافات مین پڑ کر اصل مقصد تخلیق انسانیت یعنی دین کو پس پشت ڈال دیتا ہے" (ملاحظہ ہو سورۂ المائدہ ۔ آیت (۵۳) رکوع (۷ و ۸) ۔

لیکن ہر قوم ۔ اور ہر جاہل کتاب نے دین اور مذہب کو ایک ہی معنی مین لیکر "امت واحدہ" کے ٹکڑے ٹکڑے کر ڈالے ۔ اور اصل کو جو "دین" تھا "فروع" قرار دیا ۔ اور فروع کو اصل ۔ مثلاً ۔ مسلمانون نے اپنی شریعت کو اصل دین قرار دیا ۔ دین کو جو اصل تھا فروع ٹھہرا لیا ۔ یعنی اخلاقیات کے اقدار ۔ جو عین فطرت اللہ ۔ اور فطرت انسانی ہین وہ شرع منہاج کے مقابل قابل اعتناء نہین سمجھے جاتے ۔ اس کا نتیجہ یہ ہوا ۔ اور ہو رہا ہے کہ مثل دیگر مذاہب کے مسلمانون کا بھی ایک مذہب امت واحدہ علیحدہ ہو کر رہ گیا ۔ جو عین منشاء قرآن حکیم کے خلاف ہے ۔ اگر آج ہر مذہب اس حقیقت پر

فکر کر کے فہم حاصل کریں۔ اور دین کو مذہب سے علیحدہ کر لے تو پھر اُمتِ واحدہ کی تعمیر میں ذرا بھی دقت باقی نہیں رہتی۔ میرا فکر کہتا ہے کہ وحی کے آخری ایڈیشن۔ اور سلسلہ بنی اسمٰعیلؑ کے اول و آخر رسول محمد صلعم نے دُنیا کے سامنے اسی نظریہ کو پیش کیا تھا۔ (اس خصوص میں میرا ایک مختصر مقالہ "قرآن ازم عالمگیر کیوں ہے؟" اور "ایک کتاب" کا مطالعہ مزید وضاحت۔ تشریح و توضیح کا باعث ہوگا۔ یا۔ آیندہ مدنی قرآن کے سلسلۂ نزول۔۔۔ میں میرا فکر و فہم آپ کے دعوتِ فکر کے لئے ملے گا)۔

شرع و منہاج

قرآن نے دین کو بنیاد قرار دیا ہے۔ جو کرۂ زمین کے تمام انسانوں کیلئے ایک ہی ہے جیسا کہ دین کی حقیقت میں ذکر کیا گیا ہے۔

شرع و منہاج۔ ہر ملک و قوم کی آب و ہوا۔ طرزِ معاشرت و تمدن کے مدِ نظر چند طور طریق، جس سے ایک اچھا معاشرہ پیدا ہو جائے۔ گویا۔ ہر دین کے فروعات یعنی ذیلی مدات ہیں۔ اُردو میں۔ ریت۔ رواج۔ شرع و منہاج کا مفہوم ہوگا۔ انھیں ذیلی مدات میں۔ عبادات۔ معاملات آجاتے ہیں۔ جن کو مامور من اللہ دستورِ الٰہی کی روشنی میں مرتب کر کے اپنی قوم کو دیتا ہے۔

مثلاً اس بات کو سمجھئے کہ کسی حکومت کا اقتدارِ اعلیٰ تو ایک ہی ہوگا۔ اقتدارِ اعلیٰ کے منشار کے لحاظ سے ایک دستور ہوگا۔ اس دستور کی روشنی میں ہر شعبہ حکومت کا اپنا قانون بنائے گا۔ اور اس قانون پر عمل کرنے کا ایک ضابطہ ہوگا۔ پھر اس ضابطہ کے مختلف پہلوؤں کو واضح کرنے کیلئے گشتیات ہوں گے۔ اسی طرح اقتدارِ اعلیٰ تو ذاتِ واحد ہے۔ جس نے ہر قوم کیلئے مامور من اللہ کے ذریعہ ایک دستورِ حیات دیا جس کا مقصد ایک ہی ہے یعنی ایک ہی دینِ واحد۔ اب ہر اسٹیٹ نے اپنے اپنے لئے قوانین و ضوابط دستور ہی کی روشنی میں بنالئے۔ جو ہر اسٹیٹ میں رہنے والوں کے لئے واجب العمل ہوں گے۔

قانونِ معاہدات۔ قانونِ شہادت تو اصل قانون ہیں جو دستور کی روشنی میں مرتب ہوئے ہیں۔ لیکن وہ کس طرح استعمال کئے جائیں گے۔ ہر اسٹیٹ کیلئے وہاں کے علیحدہ علیحدہ طریقے اسکے لئے معین ہوں گے۔ مثلاً:۔ گواہ سے حلف لیا جاتا۔ اب غور کیجئے کہ ہر ملک و قوم کے حلف کا طریقہ اور نوعیت جُداگانہ ہوگی۔ کل مملکت کے حلف کے الفاظ ایک ہی قرار دئے جائیں تو صحیح معنیٰ میں حلف کا مقصد باقی نہ رہے گا۔ اس مثال پر مزید غور کیجئے کہ:۔ حلفِ وفاداریِ مملکت۔ ایک نے خدا کا نام لیکر حلف لیا۔ اور دوسرے نے یزدانِ پاک کا۔ تیسرے نے یسوع مسیح کا۔ چوتھے نے ایشور۔ یا۔ رام کا۔ ایک شخص نے کہا کہ:۔ "میں خُدا ہی کو نہیں مانتا۔ بتلاؤ کہ میں کس کا نام لیکر حلف لوں؟"۔ اس سے پوچھا گیا کہ:۔ "پھر تم کس چیز کو اپنی زندگی میں سب سے زیادہ اہم سمجھتے ہو؟" اس نے کہا کہ:۔ "میرا ضمیر"۔ پس۔ اس کو ضمیر کا نام لیکر حلف لینے کی اجازت دی گئی۔ اگر یہ کہا جائے کہ ہر شخص کو "اللہ کی قسم" کے الفاظ میں حلف لینا ہوگا۔ تو۔ مقصدِ حلف بے معنیٰ ہو کر رہ جائے گا۔ اس طرح ہر ملک کے ریت رواج اور طور طریق کے لحاظ سے شرع و منہاج دین کا ضمن ہوگا۔ جس کو قرآن حکیم نے آخری وحی سورۂ مائدہ کے رکوع (۷) میں وضاحت سے بتلا دیا کہ:۔ اگر کوئی یہ سمجھتا ہے کہ شرع و منہاج اصل دین ہے۔ تو۔ اس غلطی کی وجہ وہ فہم قرآن حکیم کو حاصل نہیں کر سکتا۔ بلکہ بھول بھلیوں میں وہ حیران و پریشان رہے گا۔

ثواب ۔ عذاب

"ثواب" کے معنیٰ :۔ بدلہ ۔ اجر ۔ معاوضہ ۔۔۔ قرآن نے ثواب کا لفظ ۔ نیک عملی کی جزا ۔۔ اور ہر عمل کی سزا ۔ دونوں کیلئے استعمال کیا ہے ۔۔ جیسا کہ اُردو میں کہا جاتا ہے کہ :۔ "تم کو اس عمل کا بدلہ ملے گا"۔ تو ظاہر ہے کہ ۔ اچھے اور بُرے دونوں قسم کے اعمال کیلئے لفظِ بدلہ استعمال کیا جائے گا ۔ اور وہ صحیح ہوگا ۔ اب غور کیجئے کہ ہر اُمتِ محمدی کی زبان پر یہ لفظ جاری ہے کہ :۔ "دیکھو ! اس کام میں ثواب ہے ! اور اس کام میں عذاب !" ثواب کیلئے اس کا تصور صرف اس قدر ہے کہ ۔ اس کام کے کرنیکا اچھا بدلہ اسکے لئے آخرت میں یقینی ہے ۔ یعنی اس کے ہر اچھے عمل کے ظاہر ہوتے ہی کوئی ایسی غیر مرئی چیز ہے جو اس کو اخذ کر لیتی ہے جس کی وجہ اس کی موت کے بعد وہ پیمانہ یا ظرف ۔ یا دفتر اس کو دے دیا جاتا ہے ۔ اس زندگی سے اس کا کوئی تعلق کسی کے فکر و ذہن میں آپ کو نظر ہی نہ آسکے گا ۔ اور آن حالیکہ قرآنِ حکیم لفظِ ثواب کا استعمال کسی اچھے یا بُرے عمل کے نتائج کیلئے کرتا ہے ۔ جس کا ظاہر ہونا اس دُنیا میں لازمی ہے ۔ گو عمل کرنے والا زندہ نہ ہو لیکن اسکے عمل کا ثواب یعنی فایدے اور نتائج ظاہر ہوتے ہیں جس سے دوسرے لوگ فایدہ ملے ۔ اگر وہ اچھے عمل ہیں تو اچھے فایدے ملیں گے ۔ اور بُرے ہیں تو بُرے ۔ چونکہ قرآن نے دُنیا کی زندگی اور آخرت کی زندگی کی کوئی علیحدہ تقسیم نہیں کی ۔ بلکہ دونوں کو مشترک قرار دیا ہے ۔ جیسے روح اور مادہ ۔ اگر ایک نہیں تو دوسرا بے معنیٰ ہے ۔ پس ۔ ثواب یعنی بدلہ ۔ ہر کام کا اس دُنیا میں نمایاں ہوتا ہے تو وہ ضرور آخرت میں بھی نمایاں ہوسکتا ہے ۔ جب وہ یہاں پر نمو نہیں پا سکتا تو آخرت میں کیسے وہ نمایاں ہوگا !۔

یہ کیسی بے معنیٰ اور مہمل بات ہے کہ ۔ آپ روزمرہ ۔ بلکہ ہر آن و ہر لحظہ قانونِ قدرت میں ثواب کا مشاہدہ کرتے ہیں کہ آپ تخم بوتے ہیں تو جس قسم کا تخم بوتے ہیں اسی کا درخت پیدا ہوتا ہے ۔ اور وہی تخم زاید مقدار میں آپ کے ہاتھ لگتا ہے ۔ آپ لکڑی کاٹتے ہیں ۔ تو ۔ لکڑی کا ایک عظیم الشان درخت آپ کیلئے ایک بہترین ناٹ تعمیر مکان کیلئے مہیا کرتا ہے ۔ لیکن ۔ آپ جس شاخ پر بیٹھے ہیں ۔ اسی کو کاٹ رہے ہیں ۔ اور سمجھتے ہیں کہ اس لکڑی سے میں مکان کی تعمیر کروں گا ۔ تو یہ خیال آپ کا غلط ہوگا ۔ دراصل وہ لکڑی آپ کی قبر کے برگون کا ثواب دے گی ۔ کیونکہ جب لکڑی کٹ جائے گی تو آپ گر پڑیں گے اور آپ کی موت واقع ہوگی ۔

بہرحال ۔ ان مثالوں کو سامنے رکھ کر آپ لفظِ ثواب کے مفہوم کو قرآن میں تلاش کیجئے تو آپ کیلئے سب کچھ حاصل ہوگا ۔ اگر آپ ثواب کے معنیٰ تقلیدِ جامد کی اندھیری کوٹھری میں خود بھی آنکھ بند کر کے ٹٹول رہے ہیں تو شاید اسی کے بجائے سانپ آپ کے ہاتھ لگے اور وہ آپ کو ڈس لے ۔

پس ۔ اسی طرح ثواب کا تصور حاملینِ قرآن کو حقیقت سے ناآشنا رکھ کر تلاوتِ قرآن کا ثواب ۔ نماز کا ثواب ۔ روزہ کا ثواب ۔ اور ۔ اوراد و وظایف کا ثواب ۔ یہاں تک کہ اُمتِ محمدی کے فرقوں کو ۔ یا افراد کو کفر کا فتویٰ دینے کا ثواب ۔ غیر فرقہ کو اپنی مسجد میں نماز پڑھنے سے روکنے کا ثواب ۔ وغیرہ وغیرہ ۔ تقریباً ایک ہزار سال سے ناگ سانپ بنا ہوا ڈستا چلا جا رہا ہے ۔ اور موت کے گڑھے ان کی لاشوں سے بھرتے جا رہے ہیں ۔

مختصر یہ کہ ہر شخص اپنا جائزہ خود لے ۔ کہ ۔ وہ دن بھر جو کچھ کیا تھا ۔ اس کے نتائج اسکے لئے کس قدر دیرپا ہیں ۔ اور پھر وہ اس کے لئے خوشگوار ہیں ۔ یا ۔ ناخوشگوار ۔ اگر خوشگوار ہیں تو سمجھے کہ اچھا ثواب ملا ۔ اور اگر ناخوشگوار ہیں تو سمجھ لے کہ بُرا ثواب ملا ۔۔۔ کیا اس کیلئے آپ کو کسی عالم ۔ یا مشائخ سے مراقبہ ۔ یا الہام کے ذریعہ معلومات حاصل کرنی کی ضرورت ہوگی ؟ یا آپکا ضمیر اس حقیقت کا آئینہ دار ہوگا !۔

صَلاَ سے صلوٰۃ

فرض ۔ فرضِ منصبی ۔ دین ۔ ایمان ۔ دُعا ۔ رحمت ۔ برکت ۔ مسلمانوں کا ایک جا جمع ہو کر خالص اللہ کی عبادت کرنا ۔ اور اپنے کو بحیثیتِ مومن ۔ ہر قسم کے عملِ صالح کیلئے تیار کر لینا ۔ یعنی ۔ "نماز" ۔

یہودیوں کی عبادت گاہ ۔

صَلّٰی :۔ فرضِ منصبی ادا کرنا ۔ نماز ادا کرنا ۔ دُعا کرنا ۔ رحمت و برکت نازل کرنا ۔

صَلٰی :۔ صَلِیَ ۔ آگ میں بھُنا جانا ۔

صَالٍ :۔ جو لوگ آگ میں بھُنے ۔

صَلِیٌ :۔ آگ میں جلنے والے ۔

اب غور کیجئے کہ ۔ صلوٰۃ کے معنیٰ ۔ اور ذرا سی تبدیلی سے صَلّٰی کے معنیٰ کیا ہوتے ہیں ۔ اور پھر ذرا سے اعراب کے بدلنے سے کیا ہو گئے ۔ جب اس لفظ کا ترجمہ کیا گیا تو ۔ اُردو میں "نماز" لکھا گیا ۔ جو فارسی لفظ ہے ۔ نہ کہ عربی ۔ اگر صلوٰۃ کا ہندی ۔ یا سنسکرت میں ترجمہ کیا جائے تو ۔ پوجا ۔ اور ۔ پرارتھنا ہوگا ۔ انگریزی میں ۔ پرایر ۔

یہ تو ہوا لفظی ترجمہ ۔ تو کیا ۔ قرآنِ حکیم میں یہ لفظ جہاں جہاں آیا ہے ہر جگہ "نماز" ہی مقصود ہو سکتی ہے ؟ یا صَلّٰی کے معنیٰ ہر جگہ رحمت و برکت ہی کے ہوں گے ؟ ۔ ہمارے محاورے میں تو ۔ بس ۔ جہاں یہ لفظ آئے گا ۔ وہاں ایک ہی معنیٰ لئے جائیں گے کہ مسلمانوں کے پانچ وقتہ ادائی فرائض ۔ یعنی ۔ نماز ۔

اور صَلّٰی کے معنیٰ رحمت و برکت کے سوائے کوئی فرضِ منصبی کے نہ لے گا ۔ کبھی غیر مذہب کی عبادت کو ہم صلوٰۃ نہیں کہیں گے ۔ اور نہ نماز ۔ درآں حالیکہ قرآنِ حکیم نے ہر مذہب کے طریقۂ عبادت ۔ اور ہر مذہب ۔ بلکہ ہر فرد کے ادائی فرائض کو صلوٰۃ ہی کہا ہے ۔ دیکھئے :۔ "ان اللہ و ملٰئکتہ یصلون علی النبی" (اور اسکے ملائکہ اپنے نبی پر رحمت نازل کرتے ہیں) ۔

"یا ایھا الذین اٰمنو صلو اعلیہ و تسلمو تسلیما" ۔ (اے ایمان والو ! تم کو چاہیئے کہ تم اسپر رحمت اور سلام بھیجو) ۔

اب غور کا مقام یہ ہے کہ ۔ یہ رحمت اور برکت تو اللہ نازل کرتا ہے ۔ پھر مومنوں کیلئے جو حکم ہے اس کے کیا معنیٰ ہوں گے ۔ اگر یہاں پر فرضِ منصبی معنیٰ لئے جائیں تو مفہوم پورا ہو جائے گا ۔ یعنی اللہ ۔ اور ملکوتی قوتیں اپنے نبی کی ہر قسم کی مدد کرتے ہیں ۔ اے ایمان والو ! تم بھی اپنے فرائضِ منصبی کو فرمانبرداری کے ساتھ پورا کرو ! ۔ اس آیت کے متعلق میرا فکر آپ کو سورۂ احزاب مدنی وحیوں کے سلسلہ میں تفصیل سے ملے گا ۔ کہ ۔ "درود" کے متعلق اُمتِ محمدی نے کس طرح منشاءِ وحی میں معنوی تحریف کر دی ہے ۔ اور اصلی منشاءِ وحی کو منقلب کر کے اسکی روح کو فنا کر دیا ہے ۔

انہیں حروف میں ذرا سی اعراب کی تبدیلی سے وہ لفظ آگ کے شعلے بن جاتا ہے ۔ جیسے کہ اُردو میں "شیر" کے معنیٰ تو دودھ کے ہوتے ہیں ۔ اور "شیر" کے معنیٰ ایک خونخوار درندے کے ۔ بس ۔ اسی پر سے اندازہ کیجئے ۔ اعراب کے بدلتے ہی تلفظ بدلا ۔ اور معنیٰ کہاں سے کہاں ہو گئے ۔ پھر محاورے کے لحاظ سے ایک ہی لفظ کے مفہوم بیسیوں ہو گئے ۔ اگر ہم ایک ہی معنیٰ و مفہوم میں صلوٰۃ کو لے بیٹھیں تو پھر کس طرح قرآنِ حکیم کا صحیح مفہوم ہمارے ذہن نشین ہو سکتا ہے ! ۔ لہٰذا صلوٰۃ کے معنیٰ اگر "ادائی فرائضِ منصبی" کے لئے جائیں تو ہر قسم کی عبادت ۔ اور ۔ ہر قسم کے فرائض کا تصور نہ صرف اپنے لئے بلکہ ہر مذہب کیلئے قابلِ فہم ہو جائیگا ۔ پھر ہم کو ہندوؤں کی پوجا ۔ اور ۔ دیگر مذاہب کی عبادت کیلئے "نماز" کا لفظ استعمال کرنے میں کوئی کراہیت نہ ہوگی ۔ پھر ہم آسانی سے اُن آیات کے مطالب بھی تو سمجھ سکیں گے جن میں قرآن نے تمام مذاہب کیلئے صلوٰۃ کا ذکر کیا ہے ۔ یا صلوٰۃ سے روکنے والوں پر "ویل" بھیجتا ہے ۔ یا ۔ تارکین صلوٰۃ ۔ عدمِ ادائی فرائض کی صورت میں وہ "کافر" اور مشرک ! اور ظالم ۔ فاسق کے الفاظ استعمال کرتا ہے ۔ مگر ہمارا تصور تو یہی ہے کہ تاریخ آفرینشِ آدم سے لے کر تمام مذاہب کی "صلوٰۃ" اسی طرح تھی جیسی کہ

اُمتِ محمدی کی شرع مین ہے۔ اگر اسکے خلاف کوئی صلوٰۃ ادا کرتا ہے تو وہ کافر ہے مشرک ہے۔ اور اسکو صلوٰۃ کہنے والا بھی کافر۔

زکوٰۃ = زکاۃ

"زکوٰۃ" یہ لفظ شامی لغت کا ہے۔ جس کے معنیٰ :۔ عمل صالح۔ ٹھیک کام۔ مناسب عمل کے ہین۔ شرع محمدی مین۔ خدا کے ایک مقررہ ٹیاکس ۔۔ قرار دیے گئے ہین۔ جو اپنی ذاتی کمائی سے ایک حصہ "بیت المال" یعنی "خزانۂ حکومتِ قرآنیہ" مین داخل کیا جائے۔

اِسی لفظ سے اور بھی لفظ نکلے ہین :۔

زکی :۔ بے عیب۔ تندرست۔ صحیح وسالم۔ صلاحیت رکھنے والا۔ بے قصور۔

اَزکیٰ :۔ بہت اچھا۔ نہایت اچھا۔

زکّی :۔ اصلاح کرنا۔ اچھا بتانا۔

تزکّی :۔ اچھے بننے کی کوشش کرنا۔

قرآن نے ہر مذہب مین صلوٰۃ۔ اور۔ زکاۃ کی فرضیت عاید کرنے کا ذکر کیا ہے : تو۔ اسکے معنیٰ یہ تو نہین کہ مثل اُمتِ محمدی کے ہر مذہب مین چالیسوان حصہ زکاۃ کا مقررہ تھا۔

اگر غور کیا جائے تو دُنیا بھر کے ٹیاکس آپ کو ہر مذہب اور حکومت مین نظر آئین گے۔ وہ سب کن اغراض کیلئے وصول کئے جاتے ہین؟۔ پھر قرآن حکیم نے زکاۃ کا جو حکم دیا تھا۔ اور بانیٔ سلطنت قرآن ازم نے اس کو وصول کرکے کن اغراض مین لگایا تھا۔ اور اصحابِ رسول صلعم نے اس مین کیا کمی اور اضافے کئے۔ اور کن کن مصارف مین اس کو صرف کیا۔ پھر آج زکاۃ کا مفہوم تو بدل چکا ہے : وہ مثل صلوٰۃ = کے ایک بے معنیٰ اور بے روح حقیقت ہے۔ کوئی مسند نشین خلافتِ رسول اس پر غور و فکر کرنے کیلئے تیار نہین کہ زمانہ کے انقلاب کی روشنی مین حقیقتِ زکاۃ کا جائزہ لے کر مقصدِ زکاۃ کو مسلمانانِ عالم کے سامنے پیش کردے۔

یہ موضوعِ بحث ایک تحقیقی مقالہ کا طالب ہے۔ یہان پر صرف اس قدر بتلا دینا ہے کہ قرآن کا یہ بیان کہ "ہر مذہب و ملت مین اللہ نے صلوٰۃ کے ساتھ زکاۃ کو بھی فرض گردانا تھا"۔ اس کا ثبوت آج بھی آپ کو ہر مذہب مین نظر آئیگا یعنی وہ تمام مالی مدات جس کا مذہباً خرچ کرنا لازمی ہے اُس مذہب کی زکاۃ ہے۔ گویا زکاۃ ہر مذہب کی ایک مالی عبادت ہے۔ جس کیلئے ہر مذہب نے اپنے شرع و منہاج کی روشنی مین نصاب مقرر کئے ہین۔ جیسے کہ اسلام مین اسکے مختلف نصاب بنے ۔۔ یعنی۔ آنحضرت صلعم کی حیات مین جو چیزین نہ تھین : لیکن فتوحات کے دائرہ کی وسعت نے اصل زکاۃ کی حقیقت کو پیشِ نظر رکھکر اصحابِ رسولؐ اور آئمہ کو نئے نئے ذرائع مال پر نصاب کا تعین کرنے مجبور کیا۔ یہ ہے۔ اس "دستورِ الٰہی" کی تحکیک ۔۔

یہان پر اس بات کو ذہن نشین رکھئے کہ۔ کوئی اسٹیٹ۔ یا۔ حکومت یا ادارہ یا تحریک بغیر مالیات کے سرسبز نہین ہو سکتا۔ اسی نقطۂ نظر کے تحت خلیفۂ اول نے منکرینِ زکاۃ سے قتال کیا۔ یعنی جنگ کی۔ جس کے معنیٰ یہ تھے کہ زکاۃ کی ادائی سے انکار گویا حکومتِ الٰہیہ سے کھلی بغاوت تھی۔

آج اِس بیسوین صدی مین آپ مہذب ملک کے ٹیاکس کے اصول اور اس کے خرچ کو سامنے رکھ کر زکاۃ کے بیت المال مین جمع کرنے کا لزوم اور مداتِ خرچ پر فکر کرین تو زکاۃ کا مفہوم آسانی سے آپ کے ذہن مین آسکتا ہے۔

حشر ایک ایسا زمانہ ۔ وقت ۔ ساعت ۔ یا ۔ حالات ۔ جو ماضی مین "قانونِ مکافات" یعنی گذشتہ زمانہ کے اعمال کے نتائج نیک یا بد کو ظاہر کرنے والا ہو ۔ چنانچہ قرآنِ حکیم نے "سورۂ حشر" مین ۔ اس زندگی مین ۔ یعنی دُنیا ہی مین نتائجِ اعمال کے ظہور پذیر ہونے کو "حشرِ اول" کے الفاظ استعمال کئے ہین ۔ پس ۔ اسی طرح ۔ وعدہ کا دن ۔ یوم القیامت ۔ کی دو تقسیم کر لیجئے ۔ ایک تو اسی دُنیا مین نتائجِ اعمال کا ظہور ہوتا ہے ۔ خواہ انفرادی ہو یا اجتماعی ۔ اور دوسرے مرنے کے بعد جس کے متعلق کچھ بھی نہین کہا جا سکتا کہ وہان پر کس نوعیت اور کس طریقہ پر قانونِ مکافات اپنا عمل کرے گا ۔ اس خصوص مین صرف اس بات کو ذہن نشین کر لیجئے کہ ؎

"کان را کہ خبر شد ۔ خبرش باز نہ آمد"

شعورِ انسانیت سے آج تک یہ حقیقت راز ہی مین رہی ۔ اور نہ معلوم کب تک رہے گی ۔ جو کچھ اور جیسا کچھ کہا جاتا ہے ۔ وہ سب واخلِ احساس و فکرِ انسانی ظنیات ہین ۔ اس کے آگے کچھ نہین ۔ لیکن اپنی زندگی ہی مین قانونِ مکافات پر نظر رکھ کر انسان کو اپنے اختیاراتِ عمل کو کام مین لانا ضروری ہے ۔ کیونکہ دُنیا "مزرعۃ الآخرۃ" ہے ۔ پس دوسری زندگی مین اس زندگی کے نتائج کا عکس ضرور نمایان ہوگا ۔

دوزخ ۔ یا ۔ جہنم یہ ایک محاورہ اور استعارہ ہے ۔ جو روزمرہ بزبانِ اُردو استعمال ہوتا ہے کہ جب کوئی اپنے ہاتھون کسی غلط راہ روی پر پڑ کر تباہی کی طرف چل پڑتا ہے تو شدید تکالیف کے مدِ نظر کہا جاتا ہے کہ ۔ "خود اپنے ہاتھون جہنم مین گر رہا ہے" ۔ زبانِ عربی مین "جہنم" ایک محاورہ تھا جسکو قرآنِ حکیم نے مخاطبین کی ذہنیت کے لحاظ سے خوف دلانے کے لئے استعمال کیا ہے ۔ چونکہ جسمِ انسانی کے لئے سب سے زیادہ باعثِ تکلیف آگ کی تپش ہوا کرتی ہے ۔ اس لئے "نارِ جہنم" یعنی دوزخ کی آگ کے عذاب سے ڈراوے دیئے ہین ۔

عرش و کرسی "اقتدارِ اعلیٰ" کے مفہوم مین اس کو سمجھنا ہوگا ۔ جیسے کہ ہم کہتے ہین کہ ۔ "فلاں مُلک مین آج کل فلاں بادشاہ کی تخت نشینی ہوئی" یعنی سریر آرائے سلطنت ہے ۔ جس کا مفہوم یہ ہوگا کہ ۔ اس کو اپنے ملک مین سیاہ و سفید کے اختیاراتِ کاملہ حاصل ہین ۔ کوئی اس کے اقتدارِ اعلیٰ مین مداخلت یا دست اندازی نہین کر سکتا ۔

انصاف ایسا کام جس مین اعتدال ملحوظ ہو ۔ یعنی ایک ترازو کا صحیح تول ۔ جس کا کانٹا توازن کو برقرار رکھے ۔ انسان کی تخلیق کا منشاء قدرت اس کی سنوار ۔ اور مقدار مین مضمر ہے ۔ جس کے بعد ہی فرائضِ تخلیق کما حقہٗ پورے ہو سکتے ہین ۔ اگر وزن اچھائیون کی طرف زیادہ سے زیادہ ہو جائے بھی تو مقصدِ تخلیق پورا نہین ہو سکتا ۔ اور بُرائیون کی طرف بھی زیادہ ہو جائے تو بھی بُرا ہے ۔ مثلاً ۔ مقصدِ حیاتِ انسانی کو ترک کر کے ایک شخص ۔ یا جماعت سنیاس ۔ یا ۔ رہبانیت اختیار کرے تو انصاف باقی نہ رہے گا ۔ اور اسی طرح بُرائیون کی طرف مایل ہو جائے تو خرابیِ سماج کا باعث ہوگا ۔

چونکہ قدرت ہر چیز کو اچھی ہی بنائی ہے کیونکہ خالق "احسن تقویم" ہے ۔ لہذا کوئی چیز باعثِ شر نہین ۔ لیکن توازن کی خرابی یعنی انصاف سے ہٹ کر وہ "شر" ہو جاتی ہے ۔ مثلاً ۔ سنکھیا ۔ زہرِ ہلاہل ہے ۔ مگر ایک حکیم کا توازن سے

س کا استعمال ایک قریب المرگ کو زندگی عطا کرتا ہے۔ اور شیر، اور جیسی حیات بخش چیز اعتدال کی خرابی کی وجہ زہر بنجاتی ہے۔
س مثال کو سامنے رکھ کر خیر اور شر کو سمجھنا ہوگا کہ ہر عمل میں خیر ہے۔ لیکن حدود مقررہ کے توازن کے تحت۔ ورنہ
وہ "شر" ہو جائے گا۔

ظلم انصاف کی ضد ہے۔ ہر بات۔ اور عمل۔ جو اعتدال سے تجاوز کر جائے۔ اور جو ذاتی منفعت یا خود غرضی کے تحت
ظہور پذیر ہو۔ اس کو "ظلم" کہا جائے گا۔ مثلاً: کسی کا قتل ظلم ہے۔ لیکن وہی بصورت قصاص انصاف ہو جاتا ہے!
سی کے مکسوبہ مال کا حصہ جبراً لے لینا تو ناجائز ہے لیکن مفاد عامہ کی خاطر حاصل کرنا: جس کو آپ مالِ غنیمت۔ یا۔ ٹیکس۔
یا جزیہ۔ یا زکاۃ کہتے ہیں۔ عین تقاضاء انصاف ہے۔
سب سے بڑا ظلم اپنے نفس کا ہے۔ جس سے سماج کے اخلاق و کردار میں خرابی پیدا ہو جائے۔ اور خودداری و
خود اعتمادی فنا ہونے لگے۔ مثلاً:۔ خودکشی: جو ہر مذہب اور ہر متمدن قوم کے قوانین میں ظلم قرار دی گئی ہے۔
یرے خیال میں اس سے بڑھ کر ظلم کی حقیقت تو وہ ہے: جو انسان کی فطرت کو منقلب کرنے کیلئے استعمال کی جاتی ہے۔
یعنی انسان آزادیٔ فکر کا حامل پیدا کیا جاتا ہے: اور اس کو تقلیدِ جامد اپنی غلامی کے قید و بند میں جکڑ لیتی ہے۔
اسی لئے قرآن نے ایسے ظالموں کے متعلق واضح طور پر اعلان کر دیا ہے کہ:۔ "اللہ کبھی ظالموں کو ہدایت ہی نہیں دیتا: ظالموں
یعنی ان کو آزادیٔ فکر نصیب ہی نہیں ہوتی۔

فرشتے شیطان اور جن یہ ایک انسان کی ظنی و ذہنی غیر مرئی مخلوق ہے: جو داخلی احساس تو سب کچھ ہے اور
ضرور ہے۔ اور خارج از احساس کچھ نہیں۔

چونکہ انسان خوف کو تاریخ شعورِ انسانیت سے اپنے ورثہ میں پایا ہے: اس لئے اس نے بعض غیر مرئی قوتوں کے
نام منتخب کر کے ان کے اثرات کو مانا۔ اور اس پر یقین کامل لے آیا۔ درآں حالیکہ وہ تمام قوتیں ایک ہی خالق کی مخلوق ہیں۔
جیسے: ہوا۔ آپ غور کیجئے۔ ہوا۔ تو لطیف ہے۔ آپ کو بوجہ لطافت کے نظر نہیں آتی: لیکن اس میں جب کثافتیں
مل جاتی ہیں تو بعض صورت میں نظر آتی ہے۔ جیسے دھواں۔ گرد و غبار۔ لیکن بعض لطیف اشیاء جب انہیں ملجاتی ہیں تو
وہ نظر نہیں آتی۔ دونوں بھی لطافت کی وجہ غیر مرئی کیفیت کے حامل ہو جاتے ہیں۔ لیکن اثرات ضرور مترتب ہوتے ہیں۔
اب غور کیجئے کہ ہوا سے بھی لطیف برقی لہریں ہیں: اور اس سے زیادہ لطیف ایتھر ہے: اور اس سے زیادہ لطیف
اور قوی انیرجی کی قوت ہے: ان سب کی قوتیں اور اثرات بھی تو مختلف ہیں۔ ایک سائنٹسٹ تو یہ جانتا ہے کہ
انیرجی ایک قوت ہے۔ لیکن آپ کو بتلا نہیں سکتا: البتہ اس کے اثرات جو کچھ مترتب ہوتے ہیں اس کو وہ ظاہر کر دے گا۔
لیکن مادی صورت میں تو وہ آکسیجن۔ ہائیڈروجن کو بھی آپ کے سامنے پیش نہیں کر سکتا: اگر پیش کرے گا تو مادی صورت میں
ایک دوسرے نام کے ساتھ۔ یعنی پانی کی صورت میں۔ لیکن اگر کوئی کہے کہ آکسیجن خدا کی مخلوق نہیں تو پھر وہ بتلائے کہ
اس کا خالق کون ہے؟۔ اسی طرح اگر کوئی نائیٹروجن کے مضر اثرات کا نام "شیطان" رکھ لے اور آکسیجن کا نام فرشتہ
رکھے تو رکھ سکتا ہے: اسلئے کہ اول الذکر سے اس کو تکلیف۔ یا شر پہنچتا ہے۔ اور ثانی الذکر اس کیلئے راحت و زندگی کا
باعث ہے۔ چونکہ مخاطبین وحیٔ الٰہی غیر مرئی قوتوں کے متعلق کوئی سائنسی علم نہیں رکھتے تھے: اس لئے انھوں نے
اچھے اور برے نام رکھ لئے۔ بلکہ یوں کہنا چاہیئے کہ انھوں نے نہیں رکھے۔ مامور من اللہ نے وحی الٰہی کے تحت

انکے ڈراوے اور تجویزیون کیلئے ہر قوم مین ایسی غیر مرئی قوتون کے نام بتلا کر بشارت اور نذارت کے نسخے تجویز کئے جس سے انسانیت کے امراضِ مہلک کو صحت حاصل ہو۔ اور یہ قوتین بصورتِ مقویات اسکی صحت و تندرستی کا باعث بن جائے۔

میرا فہم و فکر قرآنی اس خصوص مین بوضاحت تمام آیندہ اوراق مین آپ کے مطالعہ مین آنے کے بعد شاید آپ کے فکر و فہم کی رہنمائی کا باعث ہو سکے۔ اسلئے یہان پر مختصراً اشارات کر دئے گئے ہین تاکہ مطالعہ قرآن کیوقت آپ کا فکر اس پر غور کرتا جائے۔

جبر و قدر یہ دو لفظ تو ہمارے لئے عجیب ناقابلِ فہم معمہ بنے ہوئے ہین۔ ہر شخص بوجہ سمجھکر مین کر اس مسئلہ پر گفتگو کرتا ہے۔ میرے مطالعہ کا نتیجہ یہ ہے کہ۔ اسلام مین سب سے پہلے ان دو الفاظ کا شبہ شیطان نے لگا دیا۔ دوسری تیسری صدی ہجری سے مسلمان علماء کی دو پارٹیان بنین۔ اور ہر پارٹی نے اپنے اپنے علم کلام فلسفہ و منطق کے زور پر اپنا اپنا فرقہ الگ الگ بنالیا۔ جو برابر آج بارہ سو سال سے اسکے زہریلے جراثیم جسمِ امتِ محمدی مین دق کے جراثیم کی طرح داخل ہو کر اسکو مردہ بنا رہے ہین۔ میرا فکر تو یہ ہے کہ جب مسلمانونکے قوتِ عمل پر فالج کا حملہ شروع ہوا تو انھون نے سب سے پہلے تقدیر معلق و تقدیر مبرم کی اصطلاح رائج کی۔ اور یہ سمجھ لیا کہ جو کچھ ہو رہا ہے وہ ہمارے مقسوم مین قسامِ ازل نے لکھ دیا ہے پس وہ ہو کر رہیگا۔ میرا یہ خیال ہے کہ قرآن کے اس ارشاد نے کہ "ان اللہ علی کل شیٔ قدیر" پہلے کے مسلمانون کو معراجِ ترقی عطا کی تھی۔ اور اسی آیت نے بعد کے مسلمانون کو اسفل السافلین مین پہنچا دیا۔ قرنِ اول نے اس آیت کا منشا یہ لیا کہ جب اللہ ہر چیز پر قادر ہے تو ہم اللہ کے خالق بن کر سرگرمِ عمل ہو جائین تو ہر چیز پر ہمکو قدرت حاصل ہو جائیگی۔ اسطرح ہم اپنی تقدیر آپ بنالین گے۔ بقولِ اقبال:۔ "عبث ہے شکوۂ تقدیرِ یزداں ۔ تو خود تقدیرِ یزداں" کیوں نہیں ہے؟

لیکن جب اس آیت کا منشا فالج کے حملہ کیوجہ یہ سمجھ لیا گیا کہ ہم کیا کر سکتے ہین جبکہ اللہ ہر چیز پر قادر ہے! وہی سب کچھ کریگا! نتیجہ یہ ہوا کہ اس غلط فہمی کیوجہ سے قدرت نے حاملینِ قرآن کو مومن کے مقام سے دھکا دیکر نکالدیا۔ یہ دوسرون پر اپنی مرضی جو چلایا کرتے تھے اب دوسرونکی مرضی کے تابع ہو گئے۔ اقبال کہتے ہین:۔ "مومن نہین جو صاحبِ لولاک نہین ہے" آیئے غور کیجئے کہ تقدیرِ الٰہی تو ایک قانونِ قدرت ہے۔ جو تخلیقِ کائنات کے موقع پر ہی ہر شئے کیلئے مقدر کر دیا گیا ہے۔ مثلاً:۔ آگ جلائیگی اور آفتاب کے طلوع ہونے سے تاریکی غائب ہو جائیگی۔ ہر چھوٹا۔ بڑا۔ برا۔ یا۔ اچھا عمل کائنات کی ہر شئے کا ایک نتیجہ پیدا کریگا۔ اور کائنات کے ذرہ ذرہ کو تقدیرِ الٰہی نے جبریہ پابند کر دیا ہے۔ صرف ایک انسان کو تدبیر کا حق عطا فرما کر اسکو اسکے عمل مین آزاد و خود مختار بنا دیا۔ اسکو قدرت دی کہ جسطرح چاہے وہ اپنے فکر و فہم۔ عقل و خرد۔ تدبیر کے ذریعہ اپنے افعال کا ارتکاب کرے۔ یعنی جیسا بھی عمل کریگا قانونِ مکافات کے ذریعہ اسکو اسکا بدلہ ملے گا۔ اسطرح آپ تقدیرِ الٰہی اور تدبیر و عملِ انسانی کو علیحدہ علیحدہ کر دیجئے تو مسئلہ بالکل صاف ہو جاتا ہے۔ کوئی پیچیدگی باقی نہین رہ سکتی۔ دیکھئے! آپ کی تقدیرِ الٰہی یہ ہے کہ آپ آنکھون سے دیکھ سکتے ہین۔ اور کانون سے سن سکتے ہین۔ آپکے لئے یہ قانونِ الٰہی "جبریہ" ہے۔ آپ ہرگز کان بند کر کے آنکھونکے ذریعہ سماعت حاصل نہین کر سکتے۔ اور نہ کانونکے ذریعہ قوتِ بصارت۔ لیکن جب آنکھون کے یا سماعت کے عوارضات کیوجہ کمزوری پیدا کر لی ہو تو پھر آپکی تدبیر مختلف ذرائع قدرت سے استفادہ حاصل کر کے بڑی حد تک اس کمزوری کو دور کر لے سکتی ہے۔ مثلاً:۔ عینک۔ خردبین و دوربین۔ آلۂ مکبر الصوت۔ یا علاج معالجہ سے بصارت و سماعت کی کمزوری کو رفع کر لیتے ہین آپ مختارِ کل ہین۔

قرآن حکیم نے تقدیرِ الٰہی کا ذکر کائنات کی عظیم الشان نشانیون مین کیا ہے مثلاً:۔ سورج۔ چاند۔ زمین۔ بارش وغیرہ وغیرہ۔ چونکہ انسان بھی تخلیقِ کائنات سے خالقِ تعالیٰ و سبحانہٗ کی ایک عظیم المرتبت نشانی ہے جسکو خلافتِ زمین کا حقدار بنایا گیا ہے تو ظاہر ہے کہ اسکے لئے بھی لفظ تقدیر قرآن حکیم نے استعمال کیا۔ لیکن ساتھ ہی ساتھ اس حقیقت کو واضح کر دیا کہ "لیس للانسان الا ما سعیٰ" (انسان جیسا عمل کریگا اسکا بدل بھی ویسا ہی پائے گا) یعنی اسکے سعی و عمل کے لحاظ ہی سے اچھے برے نتائج مرتب ہونگے۔ کیونکہ وہ عمل مین "مختارِ کل" پیدا کیا گیا ہے۔ تو انسان اپنی تقدیر آپ ہی بنا سکتا ہے۔

آغازِ وحی

دَورِ اَوّل

۱۰ء سنہ بعثت تا ۳ سنہ بعثت ۶۱۳ء

وحی نمبر (۱) تا (۶)

بِسۡمِ اللّٰہِ الرَّحۡمٰنِ الرَّحِیۡمِ

شروع کرتا ہوں میں نام سے اللہ کے جو بڑا رحمان اور رحیم ہے

اے میرے رب سبحانہٗ تعالیٰ! تو ہی اس آغاز کو انجام خیر تک پہنچانے کے اسباب پر قادر ہے۔

پہلی وحی سورہ علق

اِقۡرَاۡ بِاسۡمِ رَبِّکَ الَّذِیۡ خَلَقَ ۝ خَلَقَ الۡاِنۡسَانَ مِنۡ عَلَقٍ ۝ اِقۡرَاۡ وَ رَبُّکَ الۡاَکۡرَمُ ۝ الَّذِیۡ عَلَّمَ بِالۡقَلَمِ ۝ عَلَّمَ الۡاِنۡسَانَ مَا لَمۡ یَعۡلَمۡ ۝

نام سورہ:۔ العلق تعداد آیات (۱۹) تعداد رکوع (۱) شمارہ ترتیب موجودہ (۹۶) پارہ (۳۰) شمار ترتیب نزول (۱) بمطابق تحقیق علامہ محمد اجمل خان (۱) زمانۂ نزول آغاز دور اول سنہ آغاز بعثت سنہ ۶۱۰ عیسوی (۱) سورۃ کا سلسلہ نزول سے متعلق جن محققین نے جو شمار اپنی تحقیق میں اپنایا ہے نقشہ ذیل سے اس کی صراحت معلوم ہوگی:۔

نام محققین	[illegible]	[illegible]	[illegible]	[illegible]	[illegible]	[illegible]	[illegible]	[illegible]	[illegible]	[illegible]	[illegible]
شمار ترتیب نزول	۱	۱	۱	۱	۱۹	۱	۱	۱۱	۱۱	۱	۱

توضیحات

تاریخ وحی	کون مخاطب یا کونسی مثال ہے	احکام و شریعت منہاج	میرے فکر و نظر کے موضوعات			
			موضوع	صفحہ نمبر	موضوع	صفحہ نمبر
۶ تا ۱۹	محمد بن عبداللہ یعنی محمد عربی صلعم عام انسانیت اور اندھے مقلد	ہر مذہب کی عبادت کے احترام کا حکم	مفہوم اقرا تخلیق انسانی علق کا مفہوم علم کتابت سکھایا ہے تاریخ سنت محمد عربی صلعم تزکیہ عقوائے عربی محمد عربی صلعم پہلی وحیوں کی فاطمیت رسول اللہ سے	ف ۲ ۳ ۴ ۵ ۶	علمی وحیوں کی تاریخ کیوں نہیں مل سکتی انسانی [illegible] زمانہ [illegible] ذات کے سبب ہوتی ہے [illegible] کا نتیجہ صحیح طور پر منتخبین [illegible] [illegible] [illegible] [illegible] [illegible] [illegible] [illegible]	

آغاز نام سے اُس ذات بے ہمتا کے جس نے انسان کو قوت فکریہ عطا کی

اے محمد! اُس آقا (یعنی رب) کا نام لے کر اعلان تبلیغ کا آغاز کر ف

ف میرا فکر۔ لفظ اقرا کی حقیقت؟ یہ لفظ سامی ہے جسکے معنے آواز بلند پکارنا تھے اسی لئے کہ (باقی بر صفحہ ۱۲۲)

انسان اس بات سے قطعاً بے خبر رہتا ہے کہ اس کو علم کہاں سے مل رہا ہے۔ ۵۔ ۴۔

(بقیہ میرا فکر صفحہ ۱۲۳) وہ دراصل "قوتِ فکریہ" ہے۔ اگر آپ کائنات کی چھوٹی سے چھوٹی۔ اور بڑی سے بڑی مخلوق کی تخلیق میں غور کریں تو تمام قوتیں آپ کو کمی اور زیادتی کے ساتھ سب ہی میں نظر آئیں گی۔ اگر نفی ہوگی تو "قوتِ فکریہ" کی۔ جو سوائے آدم زاد کے کسی اور مخلوق میں اس کا وجود اس سیاسیتی دنیا میں بھی نہیں مل سکتا۔ پس یہاں پر قلم کے متعلق اس بیسویں صدی کا فکریہ ہوگا کہ "قلم" کا ذریعہ تو بلاشبہ "قلم" ہی ہے۔ لیکن۔ قلم کی ایجاد کا ذریعہ تو خالق سبحانہٗ کی وہ نعمتِ عظمیٰ ہے جو انسان کو عطا ہوئی ہے۔ جس کے ذریعہ اس نے قلم کو ایجاد کر کے اسکو تعلیم کا ذریعہ بنالیا یعنی قوتِ فکریہ۔

far-fetched

۴۔ علم الانسان ما لم یعلم ۔ اس پانچ لفظی جملہ پر غور کیجئے۔ جو پہلی وحی کا یہ آخری جملہ ہے۔

حصولِ علم کے ذریعہ سے بے خبری

نزولِ وحی کے وقت تو محمد عربی صلعم کی تسلی و تشفی کے لئے یہ جملہ اس طرح قابلِ فہم ہو سکتا ہے کہ انسان تاریخ شعورِ انسانیت سے جو کچھ معلومات حاصل کرتا ہے اسکی دو قسمیں ہیں:۔ ایک تو معلوماتِ ذاتی۔ جو اسکے ماحول اور اسکے حواسِ خمسہ کے ذریعہ اسکے خزانۂ دماغ میں جمع ہوتے رہتے ہیں۔ جو قوتِ سماعت۔ بصارت۔ شامہ۔ ذائقہ۔ اور احساس کے ذریعہ حاصل ہو جاتے ہیں۔ لیکن دوسری قسم علم کی وہ ہے جو انسان کو اس کے قوتِ فکریہ۔ یعنی دماغ (قلب) میں ایک اشارہ کے منعکس ہوتے ہی وہ اسکی صورت گری شروع کر دیتا ہے۔ بس اس اشارہ کے ساتھ ہی وہ اپنے عقل و تدبر کے ذریعہ ایسی ایسی باتیں معلوم کر لیتا ہے جس کا وہم و گمان بھی کسی بڑے سے بڑے عالم کو نہیں ہوتا۔ اور ایسی ایسی ایجادیں کرتا ہے کہ کائنات کی قوتِ ملکوتی بھی حیران و ششدر رہ جاتی ہے۔ پھر خود انسان کو اس بات کی خبر نہیں ہوتی کہ کس طرح اسکے فکر اور ذہن۔ عقل۔ فہم و ادراک میں اچانک ایسی بات۔ اور ایسا علم آیا۔ اور کہاں سے آیا۔ کیسے آیا۔ لہٰذا اشارہ ہو رہا ہے کہ اے محمد! تم پر اس وقت جو وحی نازل کی جا رہی ہے۔ وہ بھی ایسی ہی ہے۔ اور تم بہت جلد معلوم کر لوگے کہ آئندہ جس قدر پیاماتِ الٰہی تم کو ملیں گے۔ وہ سب تمہارے رب ہی کی طرف سے تم کو ملیں گے۔ اور تمہارا رب تم کو علم و حکمت کا معلم دنیائے انسانیت کے لئے بنا دے گا۔ یاد رکھئے کہ حقیقی علم جسکو "وجدانی علم" کہا جاتا ہے جس کی صورت "آمد" کی ہوتی ہے۔ وہ عمامہ فضیلت۔ یا یونیورسٹیوں کی ڈگریوں سے حاصل نہیں ہوتا۔ یہ علم تو "آورد" ہی "آورد" ہوتا ہے۔ وہ "علمِ حقیقی" جو "آمد" کی صورت میں قلبِ سلیم پر منعکس ہونے کے بعد آلۂ فکرِ انسانی اسکو ڈیویلپ کر کے اس کی صورت بنا کرتا ہے۔ وہ "علمِ خداداد" اور سعادت خالق تعالیٰ سبحانہٗ ہے۔

فوٹو گرافی کی ایک مثال

اسکی ایک مثال فوٹو گرافی کے کیمرہ و نگیٹو (NEGATIVE) کے اس آئینہ کی سمجھئے جس پر عکس منعکس تو ہو جاتا ہے مگر نمایاں اسی وقت ہوتا ہے جب کہ اس کو خاص سلوشن (SOLUTION) میں دھویا جائے۔ پس۔ اسی طرح قلبِ انسانی (یعنی دماغ کا وہ حصہ جس کا مقام "عرشِ اعلیٰ" ہے نہ کہ یہ بائیں بازو سینہ میں جو گوشت کا لوتھڑا ہے جس کو عرفِ عام میں "دل" کہا جاتا ہے) پر جب کوئی اشارہ منعکس ہوتا ہے تو۔ فکرِ انسانی اس کو "عقل و تدبر اور معلومات کے ماحول" اور "حواسِ خمسہ کے مخلوط سلوشن" میں دھو کر اس عکس کو نمایاں کر دیتا ہے۔ پھر اسکو "عمل" کے ذریعہ دنیا کے سامنے پیش کرتا ہے۔ (جیسے کہ نگیٹو (NEGATIVE) کے بعد کاغذ پر تصویر چھاپی جاتی ہے۔ جب تک وہ کاغذ پر نمایاں نہ ہو۔ اسکے خدوخال ظاہر نہیں ہو سکتے) اگر اجزائے سلوشن میں کسی ایک جز کی کمی یا زیادتی (باقی بر صفحہ ۱۲۵)

(بقیہ ف ۳ - میرا فکر صفحہ ۱۲۴) ہو جائے تو اصلی مقصد حاصل نہیں ہو سکتا —

اس وحیِ الٰہی کو نازل ہوئے جو دہ سو سال کا زمانہ گذر چکا ہے ؛ اور آج انسان کا فکر و فہم عقل ، سائنس کے نظریات میں نظامِ شمسی کو ثوابوں میں لانے آسمان کی بلندیاں طے کر رہا ہے ، یہ سب کچھ ہو رہا ہے ؛ لیکن آج بھی انسان کی زبان پر یہ الفاظ جاری ہیں کہ :- "وہ نہیں جانتا کہ اس کو علم کہاں سے مل رہا ہے" — اس کی حقیقی تفسیر تو کسی اعلیٰ سائنٹسٹ ہی سے معلوم ہو سکتی ہے جو اس وقت چاند کی تحقیقات میں لگا ہوا سب کچھ کر رہا ہے ۔ اگر آپ اس سے سوال کریں کہ :- "آپ نے یہ سائنسی نظریہ جو آج تک دنیا کے کسی فردِ بشر کو معلوم نہ تھا کہاں سے حاصل کیا ؟" تو وہ بے اختیار بول اٹھے گا :- "علم الانسان ما لم یعلم" ۔

تاریخِ بعثت ۱۷ رمضان ۔ سال چالیس عام الفیل مطابق ۶ ستمبر ۶۱۰ء شب قدر میں اس پہلی وحی الٰہی کے پانچ فقرات قلب محمد بن عبد اللہ صلعم پر قوتِ ملکوتی جبرئیلی کے ذریعہ شہر مکہ میں متعلس یعنی نازل ہوئے ۔ جب کہ محمدِ عربی صلعم غارِ حرا میں معتکف تھے — ان غیر متوقع کیفیات کے بعد آپؐ اپنے گھر تشریف لائے ۔ اپنی اہلیہ حضرت خدیجہؓ سے اپنی وجدانی کیفیت بیان فرمائی ؛ پھر ورقہ بن نوفل کے گوش گذار اس کیفیتِ قلبی کا ذکر کیا گیا تو ۔ ورقہ نے بتلایا کہ غالباً یہ وہی سب سے بڑی قوتِ ملکوتی ہے جو ہر نبی اور رسول پر وحیِ الٰہی کو پہنچانے کا فریضہ ادا کرتی ہے ! — یہ تو نبوت کی ابجد ہے ؛ کاش میں محمدِ عربیؐ کے مقامِ رسالت پر پہنچ جانے تک زندہ رہا تو ضرور اس رسولؐ بنی اسمٰعیل کے مصدقین میں داخل ہونگا !

سوانح حیاتِ محمدِ عربی صلعم قبل اسکے کہ ہم آیندہ سلسلۂ نزولِ وحیِ الٰہی پر فکر و غور کریں ۔ محمد بن عبد اللہ صلعم کی مختصر سی سوانح زندگی نزولِ وحی (یعنی قبلِ بعثت) کے پہلے کی ہمارے پیشِ نظر رہے تو فہمِ قرآنی کے حاصل کر لینے میں ممد و معاون ثابت ہوگی ۔ —

آپ نے ریگستانِ عرب کا نقشہ دیکھ لیا ہے ۔ سرزمینِ عرب میں خطۂ حجاز کا وہ حصہ جانبِ مغرب بھی آپکے پیشِ نظر ہوگا جہاں پر شہرِ مکہ واقع ہے — اس شہر کی بنیاد حضرت ابراہیمؑ و حضرت اسمٰعیلؑ دونوں باپ بیٹوں نے ایک عبادت گاہ "کعبہ" کو تعمیر کر کے سنہ ۱۹۰۰ قبل مسیحؑ رکھی تھی — اور اس ریگستان میں رہنے والوں کیلئے رزق عطا فرمانے اللہ سے دعا کی تھی ۔ کیونکہ یہ وہ مقام تھا جہاں میلوں پانی ۔ یا سبزہ کا وجود ہی نہ تھا ۔ کہ تمام حصہ ریگستانی اور ناقابلِ کاشت تھا — اس شہر میں رہنے والی قوم کو اپنے جدِ اعلیٰؑ کے تعمیر کردہ معابد پر فخر تھا ؛ اور وہ اپنی معیشت کو سنبھالنے تجارتی سرگرمیوں میں منہمک رہتی اور معابدِ کعبہ کے اطراف گھوم گھوم کر عبادت کرتی ۔ اور دوسروں سے کراتی ۔ سال میں دو مرتبہ یہاں یاترا (یعنی حج) ہوا کرتی ۔ جس کو عرب "حجِ اصغر" و "حجِ اکبر" سے موسوم کرتے ۔ جس میں تجارتی میلے لگتے ۔ اور عرب ہماہمی ہوتی ۔ چونکہ تمام ممالک کے تاجروں کے قافلوں کی رہگزر کا مرکز تھا ؛ اسلئے اسکو خشکی کا بندرگاہ سمجھا جاتا تھا ۔ آپ جانتے ہیں کہ بندرگاہ میں ہر قوم اور ملک و مذہب کے افراد کا گذر ہوا کرتا ہے ؛ ایسی حالت میں یہ "بین الملل معابد" یعنی خانۂ کعبہ سب مذاہب کو اپنانے اور ہر قوم اور ملک کے مذاہب کو زندہ رکھنے کا ایک بہترین آزاد مقام تھا ۔ پھر خوش قسمتی سے وہ تاریخ آبادی سے کبھی کسی سلطنت کا مفتوح ہو کر غلام یا باجگذار نہ بنا تھا ۔ اسی لئے ہر مذہب یہاں پر آزاد تھا ۔ جس کا نتیجہ یہ تھا کہ کرۂ زمین کے تمام مذاہب کے مکتبِ خیال کا کوئی نہ کوئی فرد یہاں نظر آتا تھا ؛ اس طرح دینِ حق ۔ الحاد ۔ کفر ۔ بے دینی ۔ شرک ۔ بت پرستی ۔ آتش پرستی ۔ کواکب پرستی ۔ غیر مرئی طاقتوں کی پرستش ۔ جیسے جن ۔ فرشتہ وغیرہ — بہرحال (باقی بر صفحہ ۱۲۶) ۔

(بقیہ میرا فکر۔ ص۴۔ صفحہ ۱۲۵) کوئی شعبۂ مذہب ایسا نہ تھا جسکا وجود یہاں نہ ہو۔ یا کم از کم اس سے شہر مکہ کا رہنے والا کوئی نہ کوئی واقف نہ ہو۔ اس شہر میں معابدِ کعبہ کے پیرو معتقدین یعنی خدمت گذاروں میں عبدالمطلب بن ہاشم نسلِ اسمٰعیلی اپنے فرائض ادا کرتے تھے جن کے دس لڑکے اور کئی لڑکیاں تھیں ... ان کا سب سے چھوٹا لڑکا عبداللہ تھا جو قربان گاہِ مکہ میں ذبح ہونے سے ایک عرافہ یثرب کی وجہ جان بخشی حاصل کر چکا تھا ـــ عبداللہ کی شادی آمنہ بنتِ وھب سے ۵۶۹ء میں ہوئی، جب آمنہ حاملہ ہوئیں تو عبداللہ نے سفرِ تجارت میں بمقامِ یثرب کسی مرضِ متعدی میں مبتلا ہو کر داعیِ اجل کو لبیک کہا جسکی اطلاع آمنہ کو واپسیِ قافلہ پر مکہ میں ملی ـــ اس طرح مکی نویلی دلہن آمنہ دو ماہ میں بحالتِ حمل بیوگی کے مقام پر کارکنانِ قضا و قدر کی مہربانی سے لا کھڑی کر دی گئی۔ اور جنین بھی قبلِ پیدائش ہی یتیمی کا حامل ہو گیا ـــ

یہ وہی زمانہ تھا جب کہ کور ترین یعنی ابرھا نے ہاتھیوں کا لشکر لے کر معابدِ کعبہ کو ڈھانے اور حجرِ اسود کو یمن کے معبد میں نصب کرنے کے ارادے سے فوج کشی کی تھی ـــ اور مکہ کا محاصرہ کر لیا تھا۔ لیکن لشکرِ ابرھا میں اچانک مرضِ چیچک پھوٹ پڑا۔ اور دیکھتے ہی دیکھتے ہزاروں سپاہی لقمۂ اجل بن گئے جس کا نتیجہ یہ ہوا کہ ابرھا کو اپنا محاصرہ اٹھا کر واپس ہونا پڑا ـــ اس واقعہ سے عرب جاہلیہ نے "عام الفیل" یعنی ہاتھیوں کے سال کے نام سے اپنی نئی تاریخ کا آغاز کر لیا تھا ـــ اسی عام الفیل کے دو ماہ بعد ربیع الاول کی کسی تاریخ عروج ماہ میں بطنِ آمنہ سے ایک لڑکا پیدا ہوا۔ جب عبدالمطلب کو اس کی اطلاع ملی کہ عبداللہ کا لڑکا بطنِ مادر سے پشتِ زمین پر آیا ہے تو وہ فوراً آمنہ کی قیام گاہ پر آئے۔ اور اپنے نوزائیدہ پوتے کو خوشی خوشی گود میں لے کر معابدِ کعبہ پہنچے۔ اپنے طریقے پر اسکی آیندہ زندگی کیلئے نیک تمناؤں کو ربِ کعبہ سے مانگا ـــ جب یہ خبر عبدالعزیٰ یعنی ابولہب کو ملی تو اس نے اپنے یتیم بھتیجے کی پیدائش کی مسرت میں ایک باندی ثوبیہ کو فوراً آزاد کر دیا۔ ساتویں دن اس نومولود کا عقیقہ کر کے دادا نے اس کا نام محمد رکھا ـــ

دستورِ عرب کے لحاظ سے محمد۔ دایہ حلیمہ سعدیہ کے حوالہ کر دئے گئے۔ جو قبیلہ طایف کے قریب چراگاہوں میں اپنی گذر بسر کرنے والے ایک چھوٹے سے قبیلہ کی خاتون تھیں ـــ اس نومولود کو کارکنانِ قضا و قدر نے عرب کے سب سے فصیح و بلیغ زبان جاننے والوں کے زیرِ پرورش رکھ کر مدتِ رضاعت کو ختم کروایا۔ اور پھر بازارِ عکاظ کے عظیم الشان تجارتی میلوں سے جہاں مختلف ممالک کے تاجر آیا کرتے تھے۔ بچپن ہی میں ہم کنار کرا دیا ـــ اس طرح پانچ سال کی عمر طایف کی چراگاہوں اور تجارتی رنگا رنگی میں کھیلتے کودتے محمد بن عبداللہ نے بسر کی ـــ اور چھٹے سال آمنہ کا لعلِ آمنہ کی آغوشِ محبت میں آ گیا۔ لیکن حلیمہ سعدیہ نے اس بچہ کی آمد کے گھر میں جو برکتیں نازل ہوئیں۔ اس کا ذکر کرتے ہوئے بادلِ ناخواستہ ہی محمد کو آمنہ کے حوالہ کیا۔

آمنہ نے چھٹے سال اپنے آنکھوں کے تارے اور دل کے سرور یعنی محمد کو لے کر یثرب اپنے میکہ میں جانے رختِ سفر باندھا۔ لیکن قدرت کی کرشمہ سازی دیکھئے کہ یہ سفر آمنہ کا ماں اور بیٹے کی دائمی جدائی کا ثابت ہوا۔ کہ عین واپسیِ سفر میں آمنہ بھی اپنے لعل کو تنِ تنہا چھوڑ کر ملک الموت کے کمند میں جا گریں ـــ لیجئے۔ اب تو محمد نے جس کی عمر کا ساتواں سال آغاز تھا، ماں کے سایہ کو بھی کھو دیا ـــ غور کیجئے کہ اس کم سنی میں کس طرح قدرت نے دنیا کے نشیب و فراز کی گھاٹیوں سے محمد بن عبداللہ کو گذارنا شروع کیا ـــ جب محمد مکہ پہنچے تو دادا نے اپنے پوتے کو آنسو بھری آنکھوں سے اپنے آغوشِ محبت میں لے لیا ـــ مگر چند ہی دن نہ گزرے تھے کہ دادا جان بھی آغوشِ موت میں جا پہنچے ـــ لیکن انھوں نے کم سن محمد کو اپنے فرزند ابوطالب کے حوالہ کر دیا۔ جنھوں نے اپنے یتیم و بیکس بھتیجے کو اپنی اولاد کی طرح آغوشِ محبت و شفقت میں جگہ دی ـــ دیکھا آپ نے قدرت کی کرشمہ سازیاں! اور مامور من اللہ کی بظاہر بے سروسامانی۔ اور دیکھنے والوں کی طعنہ زنی کہ (باقی صفحہ ۱۲۷ پر)

(بقیہ۔ میرا فکر ج۴ صفحہ ۱۲۶) کیسا منحوس بچہ ہے کہ ہر طرف سے اس کو سہارا دینے والے موت کا شکار ہو رہے ہیں ـــ لیکن قدرت کو ان ظاہر بینوں کی کیا پرواہ ہو سکتی تھی ۔ وہ تو چمنِ عرب میں ایک دیدہ ور کو پیدا کر کے اس کو کرۂ زمین پر انسانیت کا معلم بنانے اور اس کے رنگ و بو میں دائمی پائیداری پیدا کرنے منشاء خالق کی تکمیل میں مصروف تھی ـــ بھلا ۔ ان غیب کی باتوں کا جاننے والا دنیا میں کون بشر ہو سکتا تھا ـــ

مختصر یہ کہ ـــ ابو طالب کے زیر پرورش محمدؐ کی کم سنی کے ادوار اس طرح گذر رہے تھے کہ وہ بکریوں کے چرواہے بھی تھے اور اپنے چچا کے لاڈلے پیارے بھتیجے بھی ـــ گویا محمدؐ نے اپنی صغیر سنی میں بھی کسب معاش کے وظیفہ کو نہیں چھوڑا ـــ جس کی وجہ ان کی پرورش کا مالی بار ان کے چچا پر ہلکے سے ہلکا ہی رہا ہوگا ـــ پھر بارہ سال کی عمر ہی سے اپنے چچا کے تجارتی سفر میں ساتھی بنے رہے جس کی وجہ مختلف اقوام عالم ۔ اور مذاہب عالم کے پیروؤں سے میل جول ۔ ان کے تمدن اور معاشرت ۔ شرع و منہاج ۔ عبادت کے طور طریق سے واقفیت کا موقع ملتا رہا ۔ یہاں تک کہ آپؐ نے اپنی عمر کے ۲۵ ویں سال گرہ میں قدم رکھا ـــ لیکن آپ کو یہ بات ذہن نشین رکھنا ہوگا کہ "ہونہار بروا کے چکنے چکنے پات" کے بمصداق ہونے والے نبیؐ کے عجیب و غریب انداز ۔ اس کا ثبوت اس طرح ملتا ہے کہ اس دس پندرہ سالہ زندگی میں محمد عربی صلعم نے اپنی قوم عرب میں ۔ فکر و فہم ۔ عقل و تدبر کی وجہ ایک ایسا بلند مقام حاصل کر لیا ۔ جو ۔ ان کے اجداد کو بھی نہ ملا تھا ـــ یہ مقام ۔ دولت ۔ ثروت ۔ علم و فضل ۔ شعر شاعری ۔ مذہب کی پیشوائی ۔ اور رہبانیت میں سے کسی بات کا نہ تھا ۔ بلکہ ان کے اخلاق حسنہ ۔ اور صفات صالح کی زندگی نے آپؐ کے بلند و بالا کردار کی وجہ اہل عرب کے شیوخ اور پیروعیت اور عوام کو مجبور کر دیا کہ وہ محمدؐ کو "الامین" کا خطاب دیں ـــ چنانچہ اس اعلیٰ کرداری کی شہرت نے ایک سرمایہ دار بیوہ خاتون حضرت خدیجہؓ کو آپؐ کی حصہ داری کے ساتھ تجارتی کاروبار آپؐ کے حوالہ کر دینے پر مائل کیا ۔ اور پہلے ہی سفر تجارت کے نتیجہ نے خدیجہؓ کو مجبور کیا کہ وہ آپؐ کو نکاح کا پیام بھیج دے ـــ

محمدؐ بن عبداللہ "الامین" کی عمر ۲۵ سالہ تھی ۔ اور خدیجہؓ کی عمر (۴۰) سالہ لیکن "الامین" نے اپنے چچا ابو طالب کی رضامندی کے بعد اس پیام کو قبول کر لیا ۔ اور دونوں کی زندگی عقدِ نکاح میں منسلک ہو گئی ـــ اس طرح ۵۹۵ء عیسوی یا ۔ عام الفیل ۲۶ء میں آپؐ کی ازدواجی زندگی کا دور آغاز ہو گیا ـــ جس کے بعد تقریباً تیرہ چودہ سال آپؐ ـــ کاروبار تجارت میں آزادانہ منہمک رہے ـــ

جب آپؐ کی عمر کی گرہ چالیسویں لگی تو آپؐ میں تلاش حق کا تصور کارکنان قضا و قدر نے پیدا کرا دیا ـــ اس نوبت پر آپؐ مکہ کے قرب و جوار کی ایک پہاڑی کے غار میں اکثر معتکف ہو کر پرسکون ماحول میں غور و فکر کیا کرتے اور کرۂ زمین کے رہنے والے انس و محبت کے مادہ سے تخلیق پائی ہوئی مخلوق کو ایک دوسرے کی خونریزی اور خونخواری ۔ فکری اور جسمانی غلامی کے قید و بند کی بندشوں کا تصور ۔ اور اس سے نجات دلانے کی صورتوں پر فکر و غور فرماتے ـــ کہ ـــ کس طرح ایک ایسا گم نام انسان جس کے قلب میں کرۂ زمین کی انسانیت کو نجات دلانے کے لئے بے چینی ہو ۔ اس کام کا علمبردار بن سکتا ہے ؟ ـــ بس ۔ اسی سوچ بوجھ سے اس معتکف کے کندھے جھک رہے تھے ـــ اور وہ لمحے ۔ گھنٹے ۔ دن ۔ اور مہینے اسی میدانِ فکر میں طے کرتا چلا جا رہا تھا ـــ کہ ـــ اچانک ۷ ۔ رمضان سنہ عام الفیل یا دسمبر ۶۱۰ء کی شب قدر میں متذکرۂ صدر پانچ جملوں کا پیام رب اکرم کے دربار سے بذریعۂ قوت جبریلی آپؐ کے قلب پر منعکس ہوا ـــ اس بات کو بھی ذہن میں جگہ دیجئے کہ قدرت نے محمد عربی صلعم کو (باقی صفحہ ۱۲۸ پر)

(بقیہ میرا فکر۔ ف۔ صفحہ ۱۲۷) اکمل انسانیت کے چار درجے تو (۴۰) سال کی عمر تک طے کروا دیئے تھے (یعنے:۔ (۱) مفہم (۲) کامل (۳) حکیم (۴) خلیفہ) اب پانچوان درجہ آپؐ کو صاحبِ قدس کا عطا ہو رہا تھا (یعنے ملائے اعلیٰ تک رسائی کی قوت والا) جس کے بعد:۔ ہادی و مزکی۔ اور۔ امام و منذر۔ اور۔ پھر نبی۔ اور رسول کے مقامات پر آپؐ کو ترقیاں ملنے والی تھیں)۔

مخاطبتِ وحی یہاں پر اس بات کو یادداشت میں جگہ دیجئے کہ۔ قرآن حکیم کی بعض سورتیں اور آیات کا روئے سخن اپنے رسولؐ کی تعلیم اور تربیت کے لئے بصورتِ ہدایات ہوا ہے۔ جیسے کہ۔ ایک شفیق استاد اپنے شاگرد کو ابتداءً بعض ہدایات۔ اور نصائح کے ذریعہ آگاہ کر دیتا ہے۔ غالباً وحی آیات تک مخاطبت ذاتِ رسالت ہی سے ہے۔ لیکن آج ہر انسان کے لئے بھی وہی مخاطبت وحیِ الٰہی کی ہے۔ کیونکہ زمانہ سنت اللہ کے تابع ہے نہ کہ اس کا ناسخ۔

مکی نزولِ وحی کا زمانہ اس پہلی وحی کے متعلق تمام مفسرین و محدثین۔ اور مورخین تفصیلی واقعات کے بتلانے سے قاصر نظر آتے ہیں۔ بلکہ تمام مکی زمانہ کے نزولِ وحی کا یہی حال ہے۔ درآنحالیکہ یہ ابتدائی وحی۔ اور نزولِ وحی کی پہلی سورۃ بہت کچھ توضیحات و تشریحاتِ تاریخ نفسیہ کا مرکز ہو سکتی تھی۔ لیکن حقیقتِ نفس الامری یہ ہے کہ مورخین و محدثین اس معاملہ میں مجبور و معذور تھے۔ کیونکہ کسی تحریک کا ابتدائی دور کبھی بھی درخورِ التفات نہیں رہتا۔ بلکہ وہ ہمیشہ مخالفتوں کی وجہ نفرت و حقارت کی آماجگاہ بنا رہتا ہے۔ البتہ جب نتائج کامیابی ظاہر ہونے لگتے ہیں تو۔ تحریک کی ہر ادا جاذبِ توجہ بننے لگتی ہے۔ اس اصول کے تحت محمدِ عربی صلعم کا ابتدائی دور مکی صحیح تاریخ سے معرا نظر آتا ہے۔ گو۔ بے سندی روایات۔ اور ظنی و ذہنی معتقدات کی باتوں سے وہ بھرا ہوا ہے۔ جو کسی طرح بھی صحیح تاریخی واقعات بصورتِ حدیث مورخ کیلئے قابلِ قبول نہیں ہو سکتے۔ چنانچہ اس خصوص میں امام احمد بن حنبلؒ نے اس دور کے تمام احادیث کو بہ یک قلم رد کر دینا کہا جاتا ہے۔

ایسی حالت میں ایک مفکرِ قرآن کے لئے سوائے اسکے کوئی چارہ نہیں کہ وہ مکی دور کے نزولِ وحیِ الٰہی کو قرآن ہی میں غور و فکر کرتے ہوئے جستہ جستہ قیاسات سے کام لیکر ریسرچ کرتا چلا جائے جیسا کہ فی زمانہ علامہ اجمل خان نے اپنے (۳۰) سالہ لگاتار کوششوں کا ثمر پیش کر دیا ہے۔

مکی زمانے کے بعد جب تحریک قرآن ازم کا دوسرا دور ہجرت مدینہ میں شروع ہوا تو وہ ابتداء ہی سے محمدِ عربی صلعم کے امیرِ مدینہ ہو جانے کی وجہ کامیابی کے نتائج کا مورخ بنتا چلا گیا۔ اسی لئے قرآن حکیم میں اس دور کے مدوجزر۔ اور اس کے خد و خال ہر مفکر کو نمایاں نظر آئیں گے۔ پھر ذرا تاریخی مطالعہ بھی پیشِ نظر ہو تو تمام واقعات آسانی سے فہم میں آجاتے ہیں۔ ایک قابلِ غور بات یہ ہے کہ سلسلۂ نزولِ وحی مکی کو جب کہ وہ ابتدائی ادوار میں قابلِ التفات نہ تھے۔ بلکہ کشمکشِ زیست و حیات۔ یعنی کامیابی و ناکامی میں بطور خطاب سنائے جا رہے تھے۔ پھر شہرِ مکہ کی کل آبادی میں صرف (۱۷) آدمی معمولی نوشت و خواند سے واقف تھے۔ جن میں صرف دو چار مصدقین سے تھے۔ اور مابقی وحیِ الٰہی کے خطاب کا استہزا کر رہے تھے۔ یا تکذیب۔ اور محمدِ عربی صلعم کو آسیب زدہ۔ یا مجنون اور پاگل کہہ رہے تھے۔ یا پھر ان کو اساطیر الاولین یعنی قدیم زمانہ کا قصص گو سمجھتے تھے۔ ان حالات میں کس طرح مکی دور کی صحیح تاریخ کی (باقی صفحہ ۱۲۹ پر)

(بقیہ۔ میرا فکر۔ ۴۔ صفحہ ۱۲۸) تدوین ہو سکتی تھی ۔ یہی وجہ ہے کہ بعض اصحابِ رسولؐ نے جمع القرآن کو ناممکن بتلایا۔ اور بعض نے سلسلۂ نزولِ وحی کو صحیح طور پر جمع کرنا کرۂ زمین کے انس و جن سے بھی ناممکن کہہ دیا۔ جیسے زیدؓ اور جابر و عکرمہ وغیرہ نے۔ میرا فکر تو یہ ہے کہ خود محمد عربی صلعم بھی بغیر قوتِ جبرئیلی کے اس سلسلۂ نزولِ وحی کو نہیں لکھوا سکتے تھے۔ اصحابِ رسولؐ کا تو ذکر ہی کیا ۔۔۔ اب آپ ہی غور کیجئے کہ ۔ اگر سلسلۂ نزولِ وحی میں محققین کا باہمی فکری اختلاف نہ ہوگا تو کیا ہوگا! لہٰذا ہم یہ قطعی فیصلہ کر سکتے ہیں کہ قیامت تک کسی طرح مکی دور کے وحیوں کی صحیح تاریخ نہیں لکھی جا سکتی ۔۔۔ چودہ سو سال سے جو کچھ تاریخ بصورتِ روایات چلی آ رہی ہے وہ محض خوش عقیدت راویانِ معتبر کے دفتر ہیں۔ اسکے سوائے کچھ نہیں۔ پھر یہ سوال پیدا ہوتا ہے کہ "قرآن ازم" کی تحریک جب فتح و نصرت کے منازل طے کرنے لگی تو گذشتہ تاریخ کی تدوین کیوں عمل میں نہیں آئی؟ ۔۔۔ ایسا سوال تو کوئی صاحبِ فکر و نظر کر ہی نہیں سکتا۔ کہ کسی تحریک کا جو مقصدِ عظیم ہوا کرتا ہے اس کو چھوڑ کر فروعات میں بانیِ تحریک یا علمبردارانِ تحریک منہمک ہو جائیں ۔ ان کو اتنی فرصت ہی نہیں ملتی ۔۔۔ بقول اقبالؒ ۔۔۔ "میسر آتی ہے فرصت فقط غلاموں کو ؛ نہیں ہے بندۂ حُر کے لئے جہاں میں فراغ" ۔۔۔ کہ وہ ماضی کے خس و خاشاک سے جواہر ریزے چنتے بیٹھیں ۔ ان کی زبان پر تو یہ ہوتا ہے کہ "بجلی ہوں۔ نظر کوہ و بیابان پہ ہے میری ؛ میرے لئے شایاں خس و خاشاک نہیں ہے" ۔۔۔ البتہ یہ کام تو شمشیر اور سنان کا دور ختم ہو جانے کے بعد جب "طاؤس و رباب" کا دور آغاز ہوتا ہے ۔ اور فاتح قوم کے لئے زوال کے زمانے کی تخم ریزی شروع ہو جاتی ہے تو پھر پیشوائیِ ملت کے جذبات ابھرنے لگتے ہیں۔ تحریک کی حقیقتیں اُن کی نظروں سے پوشیدہ ہو جاتی ہیں ۔ وہ قوم و ملت میں تفوق پیدا کرنے اور اپنا تعلق بانیِ تحریک یا علمبردارانِ تحریک سے وابستہ بتلانے دیگر مذاہب کے قصوں کو لیکر اپنے مذہب کی افضلیت اور عظمت کو بلند سے بلند کر کے خود اونچا مقام حاصل کر لیتے ہیں۔ بلکہ قوم کو بھی ظنی و ذہنی عقاید کے نشہ میں مست و مدہوش بنا کر آزادیِ فکر و عمل کا اثاثہ لوٹ لیتے ہیں۔ اور پھر شخصیت پرستی کا آغاز ہو جاتا ہے ۔۔۔ یہ تو انسان کی ایک نفسیاتی کیفیت ہے۔ جو ہر زمانے میں آپ کے نظروں کے سامنے موجود ہے ۔۔۔ مثلاً :۔ کسی بڑے لیڈر کے مرجانے کے بعد بعض اونچے طبقہ کے افراد اس سے ملنے جلنے اور راز و نیاز کی گفتگو کا ذکر کرتے نظر آتے ہیں۔ بلکہ اسکو ضبطِ تحریر میں بھی لا لیا جاتا ہے۔ اور لیڈر کی شخصیت کو بلند کرنے عجیب و غریب حیرت انگیز واقعاتِ طفلی و جوانی کو بیان کیا جاتا ہے ۔ اور اس طرح بیان کیا جاتا ہے کہ گویا وہ چشم دیدہ واقعات ہیں ۔۔۔ دیکھئے۔ اقبالؒ گاندھی جناح کے سوانح حیات ۔ جس کو سطحی نظر رکھنے والوں نے لکھا ہے۔ یا۔ وہ اپنی تقریروں میں بیان کرتے رہتے ہیں ۔۔۔ جب یہ فکر و نظر معمولی انسانوں سے متعلق ہے تو غور کیجئے کہ کسی اوتار ۔ یا۔ نبی یا رسول کی بزرگی و برتری کو ثابت کرتے ہوئے اس کے متبعین و مصدقین کا کیا حال ہوگا! ۔۔۔ اب ہر زمانے میں جو کوئی اپنے فکر سے اُن حقیقتوں پر غور کریگا تو قیاسات ہی کا زینہ اُس کے لئے منزلِ مقصود ہوگا ۔ حقیقتِ صحیحہ تو پردۂ غیب میں پنہاں ہوگی۔ جس کی حسب ذیل صورتیں ہوں گی :۔

ایک تو عقیدت مندی ہوگی۔ اور دوسری تقلیدِ جامد کے پردوں کو ہٹا کر اصلی روشنی کی تلاش۔ تیسری تعصب اور مخالفت سے باطل کو حق پر غالب کرنے کی کوشش ۔۔۔

تاریخ حدیث سے پتہ چلتا ہے کہ اس وحی اول کے بعد کامل تین سال پھر کوئی وحی محمد عربی صلعم پر نازل نہیں ہوئی جسکو مجاورۂ حدیث میں "فترۃ الوحی" کا زمانہ کہا جاتا ہے ۔ پھر جب دوسری وحی نازل ہوئی تو زبانی صفحہ ۱۳۰ پر)

انسان سرکش ہو جاتا ہے جب کہ وہ دولت مند ہو جاتا ہے ۶ و ۷ لیکن کیا اُس کو اس بات کا خیال نہیں آتا کہ ایک دن اس کو اپنے محاسبہ اور جواب دہی کے لئے اپنے خالق کے سامنے حاضر ہونا لازمی ہے ۔ درآن حالیکہ اس کا ضمیر اس کو ہر وقت اس بات کا اشارہ کرتا رہتا ہے ۔ مگر پھر بھی وہ لاپرواہ ہو جاتا ہے ۸ اور اپنے مال دولت ۔ عزت کے گھمنڈ میں تقلیدِ جامد کا اندھا بنا ہوا لوگوں کو رب العالمین کی عبادت سے منع کرتا ہے ۹ و ۱۰ ! کیا اُس کو اتنا بھی شعور نہیں کہ وہ غور کرے ۔ عبادت گذار بندہ صحیح معنے میں رب العالمین کے آگے صلوٰۃ یعنے دُعا کے لئے ملتجی ہے تو کس طرح اس کو منع کیا جائے ۔ پھر جب کہ وہ عبادت گذار کی زندگی اور اس کے اعمال اور نیک نصیحتوں کو دیکھتا اور سُنتا ہے کہ وہ کس طرح اللہ کی نافرمانیوں کے نتائج سے خود ڈرتا ہے اور دوسروں کو ڈراتا ہے ۱۱ و ۱۲ کیا اندھے معترض کو اتنی بھی سمجھ نہیں کہ عبادت گذار جو (یعنے صلوٰۃ ادا کرنے والا ۔) سچے دین پر ہے ۔ اگر معترض کی وجہ وہ

(بقیہ بیرا فکر ۔ ف ۴ صفحہ ۱۲۹) نزولِ وحی کا سلسلہ دس سال تک ۔ مکی زندگی میں برابر جاری رہا ۔ اس طرح (۳۶۵۰) دن میں (۹۰) سورتوں کا نزول ہوا ۔ جس کے معنے یہ ہیں کہ چالیس دن میں ایک سورۃ اوسطاً نازل ہوئی ۔ اگر مدنی وحیوں کو بھی شمار کیا جائے تو (۷۳۰۱) دن میں جملہ (۶۶۶۶) کل قرآن کی آیتیں اوسطاً (۲۶) گھنٹوں میں ایک آیت کا نزول قرار پاتا ہے ۔

اساس وحیِ اوّل کیا آپ اعلانِ اوّل انقلاب پر غور کریں گے ؟

دیکھئے ! ۔ اس وحیِ اول میں بتلایا جا رہا ہے کہ :۔ انسان ۔ اپنے قوتِ فکریہ میں آزاد ہے ؛ اس لئے اس کو چاہیئے کہ باپ دادا کے ظنی و ذہنی عقاید و ایمانیات پر اندھا بن کر نہ گرے ۔ اور اسی کو راہِ مستقیم نہ سمجھے ۔ شخصیت پرستی سے دُور رہے ۔ اللہ نے جب ایک باریک کیڑے سے انسان کو پیدا کیا پھر اسکو صاحبِ شعور بنا دیا ؛ پھر اسکی قوتِ فکریہ نے حصولِ علم کا ذریعہ "قلم" بنا لیا ۔ تو پھر تم کو تمہارے قوتِ فکریہ کے لحاظ سے علم بھی وہی عطا کرتا ہے ۔ ایسی حالت میں اپنے جیسے انسانوں کی غلامی اور ان کو معبود بنا لینے کا کوئی محل نہیں ۔ لہٰذا لکیر کے فقیر بننے سے انکار کر دو تمہارا رب صرف ایک ۔ ذاتِ واحد ہے ؛ اسکے سوائے کوئی لائقِ عبادت نہیں ؛ بس اسی کی فرمانبرداری کو اپنا مقصدِ حیات قرار دو ؛ تاکہ تمہاری سچی انسانیت اچھی دُنیا بن جائے ۔ ہر انسان علم کیلئے اپنے رب کا محتاج ہے ؛ کوئی نہیں جانتا کہ اسکو اسکے قوتِ فکریہ میں علم کہاں سے کیسے آتا ہے ؛ اور کب آتا ہے ؛ بس یہی آزادیٔ فکر کے ذریعہ تمہارا رب فہم ۔ تدبر ۔ عقل و فراست سب کچھ دینے والا ہے ؛ پھر کیوں تقلیدِ جامد میں انسان گرفتار ہو کر اپنی آزادیٔ فکر کو قربان کرے ؛ ذرا سوجھ بوجھ سے کام لو ۔

خلاصہ یہ کہ :۔ تعلیم کی ترغیب ۔ تحریر اور فکر و فہم ۔ تدبر ۔ تعقل کی دعوت ۔ اس وحیِ اوّل یعنے انقلاب کی بنیاد ہے ۔

دینِ حق سے پھر جائے تو کیا روکنے والا گنہگار نہ ہوگا؟ — اور کیا اُس معترض کو اتنی بھی خبر نہیں ہے کہ اللہ تو سب کچھ جانتا اور دیکھتا ہے کہ کون راہِ حق پر چل رہا ہے اور کون گمراہی میں مُبتلا ہے ۱۳ و ۱۴۔ ف ۵۔

ف ۵۔ میرا فکر:۔

انسان کی سرکشی کا سبب انسان۔ دولت کے نشہ میں جس طرح خواہشاتِ نفسانی کا بندہ بن جاتا ہے، اور اپنی ہستی کو بھول جاتا ہے اُس کی طرف اشارہ کیا جا رہا ہے۔ آپ نے دیکھا ہوگا کہ ایک مفلوک الحال عابد و زاہد جب مال و دولت حاصل کر لیتا ہے تو پھر اس کو ذرا بھی احساس نہیں ہوتا کہ مفلوک الحال قرابت دارانِ قریب کن مالی مشکلات میں مُبتلا ہیں۔ وہ اپنی دولت کا کچھ حصہ خرچ بھی کرتا ہے تو اپنے نام و نمود کے لئے — پھر اکثر یہ دیکھا گیا ہے کہ وہ اپنی اندھی تقلیدِ اب وجد میں گرفتار ہو کر اپنے آبائی دین کے نام پر کوئی عبادت گاہ تعمیر کرواتا ہے۔ لیکن اس عبادت گاہ میں دوسرے مذہب۔ بلکہ خود اپنے مذہب کے دوسرے فرقہ کو عبادت کی اجازت نہیں دیتا۔ خواہ عبادت گذار کے اعمالِ حسنہ بظاہر اس کے دینِ حق پر قایم رہنے کا عمل اور کیسا ہی مشاہداتی ثبوت اس کے سامنے کیوں نہ ہو — وہ تو اپنے مال۔ عزت و احترام۔ علم و فضل کے گھمنڈ میں یہ سمجھتا ہے کہ سوائے میرے فرقے کے کوئی دوسرا فرقہ۔ اور میرے گروہ (یعنے اُمت) کے دوسرا کوئی گروہ رب العالمین کی بارگاہ میں پسندیدہ نہیں ہو سکتا۔ گویا وہ اپنے آبائی مذہب کے ہر طور طریق کو خدا۔ اور۔ خدا کے رسول کا پسندیدہ جان کر اس پر ایمانِ کامل رکھتا ہے۔ اور اپنے فرقے کے طور طریق۔ یعنے شرع و منہاج کے خلاف جو بھی صداقتیں ہوں۔ ان سب کو وہ جھٹلاتا ہے اور اس سے روکنا عین خوشنودیٔ خدا۔ اور رسول سمجھتا ہے — اس تقلیدِ جامد کے گھمنڈ میں وہ بھول جاتا ہے کہ اسکو اپنا محاسبہ دینے اور جواب دہی کے لئے اپنے خالق کے سامنے حاضر ہونا لابدی ہے۔ اور اس کا خالق ایسا علیم و خبیر ہے کہ وہ ہر سچے عبادت گذار۔ اور۔ بے روح عبادت گذار گمراہ — کو دیکھتا اور جانتا ہے —

پھر اس کا "ضمیر" بھی تو اس کو اکثر ٹوک دیتا ہے کہ:۔ تیرا یہ عمل حق نہیں! — مگر۔ وہ اپنی اندھی تقلید میں "باطل" کو "حق" سمجھتا ہے —

الحاقی آیات وحیِ اول کی پانچ آیتوں کے بعد یہ (۶ تا ۱۹) آیتیں کب نازل ہوئیں۔ اس کا کوئی واضح صحیح طور پر تاریخِ حدیث میں نہیں ہے۔ لیکن یہ آیتیں جب نازل ہوئیں تو رسولِ عربی صلعم کے ارشاد کے بموجب وحیِ اول کی سورۃ کا جزو قرار دی گئیں۔ جو ایک تاریخی حقیقت ہے —

قیاس غالب یہ ہے کہ اس وحی کے نزول کا زمانہ "دعوتِ جہری" کا ہوگا۔ کیونکہ آیات کا مفہوم واضح طور پر اس بات کا شاہد ہے کہ سنہ ۴ بعثت میں رسالت مآب صلعم نے جب اعلانِ حق شروع کر دیا ہوگا تو آپؐ خود۔ اور آپؐ کے متبعین خانۂ کعبہ کے سامنے قدیم طریقۂ عبادت سے ہٹ کر دعا۔ صلوٰۃ۔ عبادت کرتے ہوں گے — جب پیشوایانِ مذہب اور پروحیتِ کعبہ نے اپنے قدیم طریقۂ عبادت کے خلاف ان لوگوں کا عمل دیکھا تو وہ لازماً معترض ہوئے ہوں گے۔ جس کی بنا پر یہ وحی نازل ہوئی — جس میں معترضین کو فہمایش کی جا رہی ہے کہ وہ دولت اور (باقی صفحہ ۱۳۲ پر)

Every new idea begins as a heresy and ends as a superstition

(بقیہ میرا فکر۔ ۵ صفحہ ۱۳۱) تقلیدِ جامد۔ باپ دادا کے دین کے گھمنڈ مین حق کے علمبرداروں کو عبادت۔ دعا۔ صلوٰۃ سے نہ روکین۔ بلکہ وہ دیکھین کہ عبادت گذار کا عمل صالح ہے یا غیر صالح (غالباً ۴ سنہ نبوی یا ۳ سنہ عام الفیل کو حج اصغر کے اوایل یا درمیان یا اواخر کی یہ وحی معلوم ہوتی ہے)۔

مامورمن اللہ کے متعلق تصورِ الحاد اس حقیقت کو ذہن مین جگہ دیجئے کہ ہر نبی۔ رسول۔ مامورمن اللہ مصلح قوم اپنی قوم اور ملت کے نظرون مین ملحد۔ بے دین۔ کافر سمجھا جاتا ہے کیونکہ وہ باپ دادا۔ اور پیشوایانِ مذہب کے بے روح عقاید و ایمانیات سے یکسر منحرف ہو کر دینِ حق کی اصلی روح کو بذریعۂ وحیِ الٰہی معلوم کرنے کے بعد راہِ مستقیم پر چل پڑتا ہے۔ اور اسی وحیِ الٰہی کی روشنی مین اپنی قوم کو تقلیدِ جامد کی تاریکی اور باپ دادا کے موروثی طریق کی غلامی سے نکل کر۔ آزادیِ فکر حاصل کرنے کی دعوت دیتا ہے۔ جس پر قوم کے معدودے چند صاحبانِ فکر آزادی تو لبیک کہتے ہین۔ لیکن اجارہ دارانِ تقدس۔ اور مدعیانِ قربِ الٰہی۔ سرمایہ دارانِ قوم جو ہزارون سال سے اپنے آبائی دین کے موروثی طریق کو دینِ حق۔ اور اللہ کا پسندیدہ مذہب سمجھے ہوئے میراثِ اب و جد پر ظنی و ذہنی۔ ایمان و یقین کامل رکھتے ہین۔ اس کے خلاف کوئی عمل نہ صرف اپنے لئے بلکہ کسی فردِ قوم یا ملت کیلئے بھی برداشت نہین کر سکتے۔

بات یہ ہوتی ہے کہ وہ اپنے نبی اور رسول۔ یا۔ بانیِ مذہب کی اُس تعلیم کو حق سمجھتے ہین جو ان کے باپ دادا ؤن۔ اور پیشوایانِ مذہب نے قولاً۔ فعلاً ان کو میراث مین دی ہے۔ درآن حالیکہ سچی تعلیم تو ورکتاب ہوتی ہے اور سچے معلم اور شاگرد در گور۔ امتدادِ زمانہ اور پیشوایانِ مذہب کی خود غرضیان یا کم فہم سطحی نظر رکھنے والون کی غلط فہمیان اصلی روح کو فنا کرتی رہتی ہین۔ جس کے لئے شخصیت پرستی۔ ظنی و ذہنی روایات اور عجیب و غریب حکایات کے دریاؤن مین وہ غوطے کھاتے رہتے ہین۔ ایسی حالت مین ان کے فکر و عقل کو کیسے ہی ناقابلِ تردید۔ اور آسان و عام فہم مثالون سے دعوتِ سوچ بوجھ دی جائے تو ان کی بصیرت اندھی اور بہری ہونے کی وجہ حقیقت کے سمجھنے سے قاصر رہتی ہے۔

انسان کی فطری تقلید پسندی اس حقیقت سے بھی انکار نہین کیا جا سکتا کہ فطرتِ انسانی مین تقلید کا مادہ کوٹ کوٹ کر بھرا گیا ہے۔ یہی وجہ ہے کہ ہر انسان اپنے آبائی مذہب کو اپنی جان سے زیادہ عزیز رکھتا ہے۔ جس کے مقابل اس کا فکر و فہم۔ عقل و خرد۔ سب کچھ مفلوج رہتے ہین۔ پس۔ جب وہ دیکھتا ہے کہ اس کا ماحول۔ یعنے اس کے بزرگ خاندان۔ اور پیشوایانِ دین و مذہب۔ بلکہ پوری قوم ایک قدیم طریقہ پر چل رہی ہے اور اسی طور طریق پر دنیا۔ اور آخرت کی نجات کے وعدے بچپن ہی سے اُس کی سماعت اور بصارت مین جاگزین ہو گئے ہین تو اس کے خلاف کسی نئے طور طریقہ کو ماننے وہ تیار نہین ہوتا۔ بلکہ جب اُس قدیم طور طریق کے خلاف وہ کسی مذہبی یا دینی طور طریق کی تبلیغ۔ یا عمل کو دیکھتا۔ یا سنتا ہے تو اس کے جذباتِ مذہبی مین ایک ہیجان سا پیدا ہو جاتا ہے۔ ایسی حالت مین اس کا فکر و فہم۔ عقل و خرد۔ اُنس و محبت کے تعلقات سب ہی بے حس ہو جاتے ہین۔ جس کے بعد وہ اپنی اندھی تقلید مین حق کو باطل سمجھ کر اصلی دین کو الحاد و کفر بے دینی قرار دے کر اس کو روکنا۔ بلکہ اس کو ملیا میٹ کر دینا ایک دینی فرض سمجھ کر اپنے ظنی و ذہنی عقاید مین اپنے خدا اور رسول کی خوشنودی کے لئے۔ ہر قسم کا جبر (باقی صفحہ ۱۳۳ پر)

(بقیہ میرا فکر۔ ص صفحہ ۱۳۲) استبداد۔ ظلم وستم۔ خونریزی کو اپنے باپ۔ بلکہ اپنی اولاد کے مقابل بھی جائز قرار دیتا ہے، پھر فیرون کا تو ذکر ہی کیا۔ اس زمرہ میں آپ سب سے پیش پیش علماء و فضلاء اور پیشوایانِ مذہب ہی کو دیکھیں گے جو عوام کے جذبات کو اپنے ہاتھوں میں لیکر کھیلا کرتے ہیں۔ اور ان کو آخرت کے دائمی آرام و آسایش جنت کے حور و غلمان کی راحتوں کے ملنے کی ترغیب و تحریص دے کر مذہب کا فدائی بنا لیتے ہیں۔

قدامت پسندی کا نظریہ ایک سوال اور بھی قابلِ توجہ ہے کہ قدامت پسندی کیوں انسان کو مرغوب و محبوب ہے؟ اس کا جواب یہ ہے کہ فطرتاً انسان ہر نئی چیز کو قبول کرنے میں پس و پیش کرتا ہے۔ بلکہ وہ ڈرتا ہے کہ نامعلوم اس نئی بات کے کیا نتائج برآمد ہوں گے۔ وہ اپنے باپ دادا کے طور طریق پر ہی چلنا پسند کرتا ہے کہ وہ ان کے آزمودہ ہونے کا اس کو یقینِ کامل ہوتا ہے۔ ظاہر ہے کہ ہر جدید بات عمل فعل۔ بلکہ ادنیٰ سی حرکت کے نتائج مستقبل میں پردۂ غیب کے اندر رہتے ہیں۔ اور اس کے ظاہر ہونے کا ایک وقت معین ہوا کرتا ہے۔ اس لئے انسان بطور خاص مذہب کے معاملہ میں اپنے اب وجد کے طور طریق پر ایمانِ کامل رکھتا ہے۔ اور سمجھتا ہے کہ آخرت کی فلاح اسی میں ہے۔ اس لئے وہ ہر نئے مذہب کو قبول کرنے سے انکار کرنے پر فطرتاً مجبور ہے۔

یہ تو مذہب کے بعد از مرگ فلاح یا ضرر کے ظنی تصورات ہوئے۔ ذرا تمدن اور معاشرت ہی میں آپ غور کر لیجئے تو معلوم ہوگا کہ نئے لباس۔ نئی تحریک معاشرتی۔ تمدنی۔ نئی زبان کی تبدیلیوں میں قوموں کو کس طرح بھنور سے گذرنا پڑتا ہے۔ اور تجدد سے ان کو مانوس ہونے کتنی مدت درکار ہوتی ہے۔ اگر ہم روزمرہ کے حالاتِ زندگی کا مطالعہ کریں تو امم گذشتہ کی ہر بات ان کے لئے آسان سے آسان تر فہم پیدا کر سکتی ہے۔ پس۔ قرآنِ حکیم نوحؑ سے لیکر عیسیٰؑ تک تمام انبیاء کی تکذیب کا موضوع ایک ہی کہلاتا ہے۔ یعنی "قدامت پسندی"۔ تقلیدِ جامد کی غلامی۔ آزادیٔ فکر سے انکار۔

پھر انسان تو کچھ مُردہ پرست بھی واقع ہوا ہے۔ وہ ہمیشہ ماضی ہی کا پرستار رہا۔ حال اسکے لئے ہمیشہ درخورِ التفات نہیں بن سکا۔ لیکن جو انسان فکر و تدبر کا حامل ہوتا ہے۔ اس کے لئے ماضی کی تاریخ سبق آموز ہوا کرتی ہے۔ اور وہ حال کی ٹھوکروں اور خاردار بیابان کے کانٹوں سے اپنے پیروں کو بچاتے ہوئے مستقبل۔ یعنے منزلِ مقصود کی طرف برابر قدم بڑھائے چلا جاتا ہے۔ دُنیا اس کو دیوانہ اور مجنون سمجھتی ہے۔ اور وہ دُنیا کو اندھا بہرہ سمجھنے پر مجبور ہوتا ہے۔ مگر ایسا مفہم انسان چمنِ قوم میں بڑی مشکل سے صدیوں میں کبھی پیدا ہوا کرتا ہے۔

صلوٰۃ کی حقیقت دیکھئے! اس وحی میں لفظِ "صلوٰۃ" آیا ہے۔ اور کہا جا رہا ہے کہ: "صلوٰۃ سے روکنے والے قابلِ ملامت ہیں"۔ متواتر روایات سے ثابت ہے کہ نماز کی فرضیت معراج کے واقعہ کے بعد اُمتِ محمدی پر عاید ہوئی۔ اور واقعۂ معراج بعثت کے سات سال۔ یا دس سال بعد کا بیان کیا جاتا ہے۔ زمانۂ معراج کے متعلق مختلف روایات اور احادیث ہم کو ملتے ہیں۔ بہرحال اس وحیِ اول میں صلوٰۃ کا مفہوم کسی طرح بھی موجودہ طریقۂ نماز اُمتِ محمدی کا نہیں ہو سکتا۔ بلکہ واقعات سے پتہ چلتا ہے کہ نزولِ وحی کے وقت جو لوگ مکہ میں تھے۔ وہ کعبہ کے سامنے ہی صلوٰۃ ادا کیا کرتے تھے۔ یعنی عبادت یا دُعا اپنے اپنے مذہب کے طور طریق پر کیا کرتے تھے۔ اسی طرح مصدقین بھی صلوٰۃ ادا کرتے ہوں گے۔ چنانچہ جو لوگ حبشہ کو ہجرت کر گئے تھے وہ بھی تو نصاریٰ کی عبادت یعنی (باقی صفحہ ۱۳۴ پر)

(بقیہ میرا فکر۔ ص۔ صفحہ ۱۳۳) صلوٰۃ میں شریک ہوکر صلوٰۃ ادا کرتے ہوں گے۔ کیونکہ حبشہ کے عیسائیوں کا موحد ہونا بعض تواریخ سے ثابت ہے[عہ] خصوصاً ایسی حالت میں کہ ابھی تو تحویلِ قبلہ کا کوئی سوال ہی نہ تھا۔ بلکہ بیت المقدس یعنے اہلِ کتاب یہود اور نصاریٰ ہی کا قبلہ آنحضرت صلعم اور مصدقین کا قبلہ تھا۔ جب کہ وہ مکہ سے دُور رہتے۔

رہائی شعب ابی طالب کے بعد تو حسب معاہدہ خانۂ کعبہ کے حدود میں قرآن کے بلند آواز سے پڑھنے کا امتناع عاید تھا۔ اسلئے نماز کا منظرِ عام پر ادا کرنا بھی ممنوع تھا۔ البتہ رہائی شعب ابی طالب کے بعد یعنی ۱۱ یا ۱۲ بعثتِ محمدی میں مصعب بن عمیر کو یثرب کے مصدقین کی درخواست پر صلوٰۃ کی تعلیم دینے آنحضرت صلعم نے روانہ کیا تھا۔

قرآنِ حکیم نے صلوٰۃ اور زکوٰۃ کا ذکر دیگر اُمم کے فرایض میں بھی بتلایا ہے۔ ظاہر ہے کہ نہ تو اُمتِ محمدی کا طریقۂ نماز یہودیوں میں تھا۔ اور نہ نصاریٰ میں۔ اور نہ ہی مجوس اور صابی یا بُدھی اس طریقہ پر نماز ادا کیا کرتے تھے۔ اور نہ مثل شرعِ محمدی کے ان کا نصاب زکاۃ تھا۔ اس سے معلوم ہوتا ہے کہ قرآن کے لفظِ صلوٰۃ کا مفہوم مختص طریقۂ عبادت اُمتِ محمدی جس کو بزبانِ اُردو نماز کہا جاتا ہے نہیں ہے۔ بلکہ ہر قسم کی خالص عبادت جو ذاتِ واحد کیلئے مختص ہو۔ اسکو قرآن نے صلوٰۃ کہا ہے۔ یا ادائی فرایضِ منصبی۔ صلوٰۃ کے اصطلاحی معنے اور لغوی معنے تو آپ نے گذشتہ اوراق میں پڑھ لیے ہونگے۔ لہٰذا صلوٰۃ بہ معنی نماز کا ترجمہ ہر زبان میں علیحدہ علیحدہ ہوگا۔ ہندی میں پرارتھنا۔ تو۔ انگریزی میں پرایر۔ تلنگی میں پوجا۔ تو فارسی میں پرستش۔ وغیرہ۔ لفظِ نماز عربی نہیں ہے۔ قرآن میں آپ کو کسی وحی میں لفظِ نماز نظر نہ آئے گا۔ بلکہ صلوٰۃ کا ترجمہ بزبانِ اُردو نماز کیا گیا ہے۔

طریقۂ نمازِ اُمتِ محمدی کی تاریخ مجھ کو صحیح تاریخ حدیث سے اس بات کا پتہ نہیں ملا کہ موجودہ طریقۂ نماز رسالت پناہی صلعم نے کب سے اختیار فرمایا تھا۔ اور کب سے آپؐ کے مصدقین نے موجودہ نماز کے طریقہ پر عمل شروع کیا۔ اگر اہلِ مکہ کے کسی فرقہ یا جماعت یا فرد کا بھی یہ طریقہ ہوتا تو کفارِ عرب مصدقین کے صلوٰۃ پر معترض نہ ہوتے۔ میں نے جب کبھی اس خصوص میں غور و فکر کیا تو میرے سمجھ میں یہ بات آئی کہ آنحضرت صلعم نے تمام مذاہب کے طریقۂ عبادت کا خلاصہ اپنے لئے معین فرمالیا ہوگا۔ یا پھر سورۂ فاتحہ کی ابتدائی چار آیتوں کے نزول کے وقت (خواہ قبل بعثت ایک وجدانی کیفیت میں آپؐ کو نماز کے طور طریق بتلا دیے گئے ہوں۔ یا بعد بعثت ذریعۂ وحی) آپؐ کو اس طرح نماز کا علم عطا کیا گیا۔ میرا آزاد فکر تو یہی ہے کہ تمام مذاہبِ عالم کی عبادتوں کا خلاصہ لفظی اور عملی اُمتِ محمدی کی نماز ہے[عہ]

عہ۔ "یونی ٹرین" کا ایک فرقہ اسکاٹ لینڈ میں آج بھی موحد ہونا کہا جاتا ہے۔

عہ۔ دریائے دجلہ کے کنارے میدی قوم نے ۶۱۲ ق م مذہب "مغ ولیسنائی" کی بنیاد ڈالی تھی۔ پیشوایانِ مذہب کو "مغ" اور "مگوش" (جس کے معنے عقلمند۔ دانشور) کہا کرتے تھے۔ اس مذہب کے تمام احکام شرع و منہاج۔ عقاید و ایمانیات بالکل مذہب اسلام کے مماثل تھے۔ یعنے عبادت پنجگانہ۔ بعث بعد الموت۔ فرشتہ۔ جنت۔ دوزخ۔ صدقات وغیرہ اور عمل صالح کی تعلیم تھی۔ ایران کی مجوسیت اسی کی شاخ بن گئی۔ زردشت کا جدی مذہب یہی تھا۔ پھر وہ بگڑتے بگڑتے آتش پرستی کا لبادہ اوڑھ لیا (سیرۃ قرآنیہ صفحہ ۴۲ و ۴۳)۔

اگر کوئی راہِ حق پر چلنے والے کو روکنے سے باز نہ آئے گا تو وہ یقیناً سرِ بازار رُسوا ہوگا (یعنے اللہ اس کو سر کے بال سامنے سے پکڑ کر گھسیٹے گا ع۱۵)۔

کون رُسوا ہوگا؟ جھوٹا مدعیِ مذہب تقلیدِ جامد کا پرستار گنہگار۔ خطا کار۔ ع۱۶۔

اس کو بہت جلد معلوم ہو جائے گا کہ وہ قدرت کے مقابل کس طرح اپنے یاران و مددگارانِ باطل سے کام لے کر حق کی مخالفت مین کامیاب ہوگا۔ یاد رکھو کہ جب حق کے مقابل اس کا باطل مٹنے لگے گا تو وہ اپنی ذلت و خواری کی آگ جہنم مین جلنے لگے گا۔ ع۱۷ و ۱۸۔ ف۶۔

اے آزادیِ فکر حاصل کرنے والو! اور حق کو ماننے والو!! خبردار۔ ایسے اعتراض کرنے والون کی پروانہ کرنا۔ بلکہ اپنے اپنے فکر و عقلِ خداداد سے اپنے رب کی قربت حاصل کرنے اس کے احکام کی فرمان برداری اور اطاعت مین لگے رہنا اور فرائضِ تخلیقِ انسانیت کی تکمیل مین سر جھکائے ہوئے ہمیشہ رہا کرو۔ ع۱۹ غ۔ ف۷۔

ف۶۔ میرا فکر:۔ آیت پندرہ تا اٹھارہ مین ایک عام محاورہ استعمال ہوا ہے کہ حق کی مخالفت کرنیوالے کو سرِ بازار رُسوا کیا جائیگا۔ چنانچہ ہر زبان مین ذلیل و خوار کرنے یا ہونیکے لئے ایک محاورہ ہے۔ اسی طرح عرب مین بھی یہ محاورہ تھا۔ جیسے کہ اُردو مین کہا جاتا ہے کہ "اس کی داڑھی پکڑ کر گھسیٹو۔ چوٹی پکڑ کر نکال دو۔ چٹیا کے بال کاٹ ڈالو"۔ اہلِ عرب کے مرد سر مین بال رکھا کرتے تھے بلکہ وہ مثل ہند۔ اور چین کے چوٹیان بھی رکھا کرتے تھے۔ پھر کسی پر پیچھے سے حملہ کرنا تو کوئی بہادری نہین۔ سامنے سے حملہ کرنا ہی قوت کا مظاہرہ ہے۔ پس۔ اس وحی مین ایک محاورہ آیا۔ تو مفسرین نے مختلف خیالات ظاہر کئے۔ جو زیادہ تر عامیانہ روایات سے اخذ ہین۔

قرآنِ حکیم کے محاورے

قرآنِ حکیم کا تمام خطاب اہلِ عرب کے روزمرہ محاورون مین ہوا ہے۔ اگر کوئی بال کی کھال نکالتے ہوئے علمِ کلام کے زور پر تنکہ کو پہاڑ بنا دے تو یہ اسکی نکتہ رسیان ہونگی نہ کہ منشاء و مفہوم قرآنِ حکیم۔ بہرحال اس وحی مین مکذبین کو انتباہ دیا جا رہا ہے کہ:۔ تم جن کو مٹانیکی کوشش مین یقینی ناکام رہو گے۔ تمہارے یار و مددگار کارکنانِ قضا و قدر کا مقابلہ کسی طرح نہین کر سکتے۔ تم تو باطل کی طرف چلے جا رہے ہین۔ ظاہر ہے کہ حق کے مقابل باطل مٹ کر ہی رہے گا۔ جب یہ صورت ظاہر ہوگی تو باطل پرستون کیلئے ذلت و خواری کے جہنم کے سوائے اور کیا ملے گا۔ وہ اپنی گذشتہ خوشحالی اور قوم کی سرداری کے بعد جب حق کے مقابل مغلوب ہو کر ذلیل و خوار ہونگے تو ان کو رنج و غم کی آگ جھلسا دینے والی ہوگی۔ یہ تو اس زندگی ہی مین قانونِ مکافات انکو یہ سزا دیگا۔ اور آخرت مین جو سزا ملے گی اسکا علم تو سوائے خدا کے کسی کو نہین ہو سکتا۔

ف۷۔ میرا فکر:۔ ایک طرف تو معترض عبادت کو دُرا دے دے کر ڈرا نشا جا رہا ہے۔ اور دوسری طرف آزادیِ فکر کے علمبردارون کو ہدایت دی جا رہی ہے کہ:۔ ان اندھے مقلدون کی باتون مین آ کر اپنے آزادیِ فکر کی نعمت کو برباد نہ کر دینا۔ بلکہ اپنے رب کی اطاعت و فرمان برداری مین سر جھکائے ہوئے لگے رہو۔ تاکہ رب تعالیٰ کا قرب تم کو (باقی صفحہ ۱۳۶ پر)

(بقیہ میرا فکر۔ ف۔ صفحہ ۱۳۵) حاصل ہو جائے۔ پس یہی اصلی صلوٰۃ ہے جس کی روح تمہارے عمل سے ظاہر ہوگی۔ یعنے جبکہ تمہارے جوارح عملِ صالح کیلئے متحرک ہو جاتے ہین تو دنیا کو اسکا ثبوت ملتا ہے۔

حقیقتِ سجدہ عربی زبان میں سجدہ کا مفہوم ہے۔ اطاعت و فرمان برداری کیلئے جھکنا۔ فرمان بردار ہو جانا۔ اطاعت قبول کرنا۔ سجدۂ عبادت یعنے پاؤن کی انگلیان۔ گھٹنے۔ ہاتھ۔ ناک اور پیشانی زمین پر ٹیکدینا۔ قرآن حکیم نے جہان پر جھاڑ پہاڑ سورج۔ چاند وغیرہ کو اللہ کے سامنے سجدہ گذار بتلایا ہے۔ تو اسکا مفہوم اطاعت و فرمان برداری مین اپنے فرائض کما حقہٗ پورے کرتے رہنے کے ہین۔ ملائکہ نے آدمؑ کو سجدہ کیا تو اسکے معنے صاف ظاہر ہین کہ تمام ملکوتی قوتین اللہ کے حکم سے انسان کیلئے مسخر ہو گئے۔ اسی طرح فرعون اور نمرود بادشاہون کے آگے انسانون کے سجدہ گذار ہونیکا مطلب سوائے فرمان برداری کے کچھ نہین۔ اور ان کو رب سمجھنے کا مقصد اللہ کو بھول کر انکی ربوبیت کا تصور ہے۔ نکہ مثل اُمتِ محمدی کے نمازی سجدہ کے سجدہ۔

بعض مذاہب اور قوموں مین صرف گھٹنے زمین پر ٹیک کر سر کو جھکا لینا۔ اور دونون ہاتھ جوڑ لینا سجدۂ عبادت۔ اور اطاعت و فرمان برداری قبول کر لینے کی دلیل ہوا کرتی ہے۔ چنانچہ قرآن نے بھی "وارکعو مع الراکعین" (جھک جاؤ جھکنے والون کے ساتھ) حکم دیا ہے۔ یہ یہود۔ اور نصاریٰ کا سجدہ ہے۔

ہندوؤن مین اوندھے لیٹ کر دونون ہاتھ سر کی طرف لمبے کر کے جوڑ لین تو یہ ایک بلند درجہ کا سجدۂ عبادت۔ یا علامتِ اطاعت و فرمان برداری ہے۔ جس کو "ساشٹانگ نمسکار" کہتے ہین۔ صرف ہاتھون کو جوڑ لینا بھی ڈنڈوت۔ یعنے سجدہ کے مماثل ہے۔ "گھٹنون کے بل دوزخ مین گنہگارون کو داخل ہونا پڑے گا" قرآن کا ایک محاورہ انتہائی ذلت و خواری کی سزا کا ہے۔ نہ معلوم انسان کی فطرت نے ماتھا ٹیک کر عجز و انکساری کا طریقہ کب سے اپنی وجدانی کیفیت کے ذریعہ معلوم کر لیا۔ یا گھٹنے ٹیک کر۔ ہاتھ جوڑ کر۔ یا ہاتھ باندھ کر۔ کہ۔ ہر مذہب و قوم مین عبادتی اور غیر عبادتی دونون حیثیت سے آج تک جاری ہے۔ حجری زمانے کے فوقوس سورج کے سامنے ان دونون طریقون کی پوجا کا ثبوت دیتے ہین۔ میرے خیال مین محض عملی سجدہ کی کوئی اہمیت نہین۔ نہ تو وہ شرک باللہ ہے اور نہ عبادت باللہ۔ اصلی شرک تو غیر اللہ کے روحانی اقتدار اور تصرفاتِ ربوبیت کا تصور رکھنا چاہے وہ نبی اور رسول ہی کیون نہو۔ اسکی امداد و اعانت کے طالب ہونا۔ اپنے اغراض جسمانی۔ مالی۔ روحانی وغیرہ لیئے اسکا احترام اور عظمت در اصل شرک ہے۔ اور خدا کی عبادت کا حقیقی سجدہ اسکے احکام کی فرمانبرداری کما حقہٗ کرنا ہے خواہ کسی قسم کا عملی سجدہ نہو کیونکہ قرآن حکیم بار بار کائنات کے ذرہ ذرہ کو اللہ کے آگے سجدہ گذار بتلا رہا ہے۔ تو ظاہر ہے کہ وہ اطاعت و فرمانبرداری ہی کا مفہوم ہے۔ چنانچہ اقبال نے کہا "ہے وہی سجدہ لائق احترام کہ نہ ہو سجدہ تجھ پر حرام" اہل مکہ مثل اہل ہنود کے اپنے خود ساختہ معبودون کے علاوہ اللہ کو بھی سجدہ کرتے تھے۔ جب محمد عربی صلعم نے رحمٰن کو سجدہ کرنے کہا تو وہ بگڑ گئے "ہم تو اللہ کو سجدہ کرتے ہین۔ مگر رحمٰن کو ہرگز ہرگز سجدہ نہ کرینگے"۔ اسلئے مکی آیات ہی مین سجدہ کی آیتین نازل ہوئی ہین۔ مدنی منزولِ وحی مین آیاتِ سجدہ نہین نازل ہوئین۔ اگر آپ اس حقیقت کو معلوم کرنا چاہتے ہین تو فی زمانہ وہی حقیقت آپکے علم مشاہدہ مین آسکتی ہے۔ یعنے کبھی کوئی ہندو۔ یا عیسائی۔ یا بدھی اللہ کا نام زبان سے ادا کر کے سجدہ کرنا گوارا نہین کریگا۔ اور اسی طرح کوئی مسلمان یزدان۔ پرماتما۔ گاڈ۔ الوہیا۔ وغیرہ کا نام لیکر سجدہ ریز نہین ہوگا۔ اس حقیقت کو سامنے رکھ کر غور کیجیے کہ نصاریٰ حبش اللہ کو رحمانان کہتے تھے۔ اور رحمان کا لفظ عربی نہ تھا۔ پھر اہلِ عرب اہل حبش سے کدورت بھی رکھتے تھے۔ تو کس طرح حبش کے خدا کو وہ سجدہ کرنا گوارا کر لیتے۔ (مزید وضاحت سورۂ رحمٰن کے فکر مین ملاحظہ ہو)۔ بہرحال لفظِ سجدہ کے مختلف مفہومِ قرآنی کو ذہن مین رکھا جائے تو ذہنی و ظنی تصورات کی پیچیدگیان آسانی سے دور ہو جاتی ہین۔

نام سورہ الضحیٰ ۔ تعدادِ آیات (۱۱) تعداد رکوع (۱) شمارۂ ترتیب موجودہ (۹۳) پارۂ (۳۰)
شمارہ ترتیب نزولِ وحی بلحاظ تحقیق علامہ محمد اجمل خان (۲) زمانۂ نزول دورِ اوّل ۴ سنہ بعثت ۶۱۱ عیسوی۔
اِس سورۃ کے سلسلۂ نزول سے متعلق جن محققین نے جو شمارہ اپنی تحقیق مین قرار دیا ہے نقشۂ ذیل سے اسکی صراحت معلوم ہوگی۔

نام محقق	محمد بن مسلمہ	حسین بن مبارک	محمد بن سلیمان	نیشاپوری	سیوطی	نسفی	زرکشی	رازی	شیخ	شیخ	محقق
شمارۂ نزول وحی	۱۰	۱۰	۱۱	۱۱	۱۶	۱۳	۴	۱۴	۱۶	۱۱	۱۱

توضیحات

شمارۂ آیت	کون مخاطب ہے۔ کس سے سوال ہے۔	احکام	میرے فکر و نظر کے موضوعات					
			موضوع	صفحہ	موضوع	صفحہ	موضوع	صفحہ
×	محمد صلعم	۱۔ بے سہارا کی امداد ۲۔ سوال کو رد نہ کیا جائے۔ ۳۔ انعاماتِ الٰہی کو ظاہر کیا جائے۔ پوشیدہ نہ رکھا جائے۔	۱۔ قرآنی قسمون کی حقیقت۔ ۲۔ فترۃ الوحی کا زمانہ۔	ص ۱۳۷ ص ۱۳۸	۳۔ اسمائے تعلیم قرآن ازم	ص ۱۳۹	۴۔ محمد عربی صلعم کی بسم اللہ۔	ص ۱۴۰

بِسْمِ اللّٰهِ الرَّحْمٰنِ الرَّحِيْمِ

آغاز نام سے رحمان و رحیم تعالیٰ سبحانہٗ کے

قسم ہے روشنیِ آفتاب کی (یعنے دِن کی) ۱ اور رات کے اندھیرے کی ۲ تمہارے رب نے تم کو نظر انداز نہین کیا ۳ کیا تم غور نہین کرتے کہ تمہارا مستقبل تمہارے ماضی سے ہمیشہ بلند و بالا ہی ہوتا چلا جا رہا ہے ۴ اے محمد! تمہارا رب تو تم کو بہت جلد اپنی خاص نعمتِ عظمیٰ سے سرفرازی بخشنے والا ہے۔ جس کی وجہ تم اپنے رب کی رضامندی محسوس کرنے لگو گے ۵ کیا تم غور نہین کرتے کہ تمہارے رب ہی نے تم کو بحالتِ پسماندگی سہارا دیا ۶ اور تم کو تلاشِ حق مین بحالتِ تشنگی و پیچ پایا تو راہ ہدیٰ پر ڈال دیا ۷

ف ۱۔ میرا فکر:۔ قرآنِ حکیم کی بعض سورتون مین "واؤ" قسمیہ آیا ہے۔ مترجمین نے اسکا ترجمہ قسم ہی کیا ہے۔ مدنی سورتون مین واؤ قسمیہ کہین نہین ہے۔ قسم کا مقصد تو گواہی اور سچی بات کی شہادت ہے اور قسم عموماً اپنے سے بزرگ۔ یا اقتدارِ ہستی کی یا محبوب و مرغوب چیز کی کھائی جاتی ہے۔ چونکہ خدائے بزرگ و برتر کے لئے نہ تو کوئی ہستی یا عظمت ہے اور نہ کوئی مخلوق اسکے لئے محبوب و مرغوب ہو سکتی ہے کیونکہ اس کی ذات بے نیاز ہے۔

قرآن مین قسمون کی حقیقت

معلوم ہوتا ہے کہ اہلِ مکہ کے طرزِ کلام کے مدِ نظر وحی کا طرزِ مخاطبت ہے کیونکہ اہلِ مکہ اپنی صداقت بیانی کے (باقی صفحہ ۱۳۸ پر)

پھر تنگ دستی سے فارغ البالی بھی تم کو عطا کی ۸ پس اس بات کا خیال رکھو کہ جب کبھی تم

(بقیہ میرا فکر ف ۱ صفحہ ۱۳۷) ثبوت میں کائنات کی کسی نہ کسی عظیم الشان شئے کی قسم کھایا کرتے تھے پس۔ وحیِ الٰہی نے بھی اسی طریقۂ خطابت کو مناسب جانا۔ اور ان تمام مخلوقات کو جنکو عرب باعزت و احترام سمجھتے تھے بطورِ شہادت مخاطبین عرب کے سامنے پیش کرتے ہوئے اپنے ذکر (نصیحت) کو واضح کیا۔

دیکھئے اس طرزِ خطاب میں ایک راز بھی مضمر ہے۔ وہ یہ کہ نہ صرف اہلِ عرب بلکہ تمام انسان عقیدتاً جس چیز کی قسم کھا کر اپنی سچائی کو ثابت کرنے کے عادی تھے۔ اور آج بھی ہیں۔ اُن کا یقین کامل یہ ہوتا ہے کہ وہ باعزت اور با اختیار شئے ہماری غلط بیانی پر ہم کو نقصان پہنچائیگی۔ یا ہماری محبوب چیز جس کی قسم ہم لے رہے ہیں۔ تباہ و برباد ہو جائیگی۔ پس۔ مخاطبین کے اِن عقاید ہی کو باقی رکھتے ہوئے ان کے عقاید و تصوراتِ باطلہ کی روشنی میں ان کے باعظمت الٰہون یعنے آیات اللہ۔ چاند۔ سورج۔ ستارے۔ دن۔ رات۔ زمین۔ آسمان۔ مقدس شہر اور پہاڑ وغیرہ کی گواہی میں واؤ قسمیہ کے ساتھ وحیِ الٰہی اعلانِ حق بصورتِ نصیحت۔ ہدایت کر رہی ہے جس کا مقصد یہ ہو سکتا ہے کہ:۔

"اے مخاطبینِ وحی!۔ دیکھو! محمدِ عربی، جو وحیِ الٰہی تم کو سُنا رہے ہیں۔ اگر وہ جھوٹ ہوگی تو یہ تمہارے معبودانِ باطل ان کو نقصان پہنچائیں گے۔ کیونکہ تمہارے عقیدہ ہی کے لحاظ سے تو وہ ان کی قسم کھا کر تم کو نصیحت کر رہے ہیں۔ پھر کیا تم نہیں دیکھتے کہ ان باعظمت قسموں کے بعد بھی تمہارے یہ باعظمت معبود ساکت و صامت ہیں۔ تو کیا اس کے یہ معنے نہیں کہ جو کچھ تم سے محمدِ عربی کہہ رہے ہیں وہ سچ ہے"۔

اس بات کو ذہن میں جگہ دیجئے کہ۔ قرآن حکیم کا اندازِ ذکر (نصیحت و ہدایت) مخاطب قوم کے خواص و عوام کی ذہنیت کا علمبردار ہے۔ نہ کہ خارج از تصور مخاطبین وہ ان کو نصیحت کرتا ہے۔ چونکہ وحیِ الٰہی تالیفِ قلوب کے ذریعہ دعوتِ حق کا اعلان کرتی ہے۔ نہ کہ جبر و اکراہ کے ذریعہ وہ اپنی نصیحت و ہدایت کو منوانا چاہتی ہے۔ کیونکہ قدرت کا منشاء انسان کے "اختیارِ ارادی" کی آزمائش ہے۔ چونکہ اہلِ مکہ کا عقیدہ قسموں کا تھا۔ یا وہ عادتاً اپنے خطاب میں واؤ قسمیہ استعمال کیا کرتے تھے۔ اسلئے مکی وحیوں میں واؤ قسمیہ آپ کو نظر آ رہا ہے۔ مدنی وحیوں میں اس کی قطعاً ضرورت نہیں رہی۔ کیونکہ مدینہ میں مخاطبین قسم کھانے کے عادی نہیں تھے۔ میرے اس فکر کی تائید وحیِ مکی نمبر (۳۸) کی اس آیت سے بھی ہوتی ہے کہ:۔ لَا تُطِعْ كُلَّ حَلَّافٍ مَّهِينٍ ۝ یعنے "اے محمد! مت کہا مان کسی قسمیں کھانے والے کا"۔ اس سے ثابت ہوتا ہے کہ اُس وقت اہلِ مکہ قسم کھانے کے عادی تھے۔ اور آج بھی آپ کو اہلِ مکہ عرب بات بات پر "واللہ" کہتے ہوئے نظر آئیں گے۔ اور وہ عموماً جھوٹی قسم کھانیکے عادی ہوتے ہیں یا پھر وہ ان کا تکیۂ کلام ہوتا ہے۔

ف ۲۔ میرا فکر:۔ بعثت کیلئے پہلی وحی کی سرفرازی کے بعد ایک لمبا سکوت پیدا ہو گیا۔ اور دوسری وحی تین سال سکوت کے بعد نازل ہوئی۔ اس درمیانی وقفہ کو "فترۃ الوحی" کا زمانہ کہا جاتا ہے۔ ظاہر ہے کہ اس وقفۂ دراز میں آپؐ کی بعثت کا چرچا ہو چکا ہوگا۔ اپنے پرائے بطورِ ہمدردی۔ یا بطورِ طنز چہ میگویاں کر رہے ہوں گے۔ پھر بلحاظ تقاضائے بشریت خود آنحضرت صلعم کو بھی یہ خیال پیدا ہوا ہوگا کہ کہیں میرے رب نے مجھ کو نظر انداز تو نہیں کر دیا"۔ پس اس دوسری وحی میں آنحضرت صلعم کو مخاطب کر کے اس طرح سمجھایا جا رہا ہے کہ: "قدرت نے تمہارے ہر زمانۂ ماضی سے مستقبل کو درخشاں کیا ہے۔ تم دیکھ رہے ہو کہ جس راہِ حق کی تم کو (باقی صفحہ ۱۳۹ پر)

فترۃ الوحی

کسی بے سہارا (یعنے یتیم) کو دیکھو تو اس پر رحم کرنا ۹ اور جب کوئی سائل (خواہ وہ مالی سوال ہو یا معاش کا۔ یا معلومات کا۔ یا علم وغیرہ کا) تمہارے پاس آکر سوال کرے تو اس کے سوال کو رد نکرنا ۱۰ ف۳ اور ہمیشہ اپنے رب کی اُن نعمتون کو (جو تم کو عطا ہوئی ہین) دوسرون پر ظاہر کرتے رہو ۔ ۱۱ ف۴ ۔

(بقیہ میرا فکر صفحہ ۱۳۸) عرصہ سے تلاش و جستجو تھی! اس کی رہنمائی تم کو برابر کی جارہی ہے۔ اور تم بے سہارا تھے تو قدرت نے تم کو سنبھالا دیا۔ اور تنگ دستی سے فارغ البالی بھی عطا کی گئی۔ پھر سب سے بڑی نعمت یہ کہ تم کو راہ ہدیٰ پر ڈالدیا گیا۔ پھر تم اپنے رب کی نعمتون سے کس طرح مایوس و ناامید ہو رہے ہو۔ بلکہ تم کو یقین رکھنا چاہیئے کہ تمہارا مستقبل نہایت درخشان ہو کر رہے گا۔ وَجَدَ کے معنے ہین پانا۔ محسوس کرنا۔ اور استطاعت۔

ف۳ ۔ میرا فکر:۔ پھر ارشاد ہو رہا ہے کہ:۔ "اے محمد! یاد رکھو کہ تم جن ادوار سے گذرے ہو اس کو کبھی بھول نہ جانا۔ اور ہمیشہ بے سہارا مخلوقِ خدا کی اور یتیم مسکین۔ محتاج انسانون کی مدد کرتے رہنا۔ جب کوئی سائل تمہارے سامنے آئے تو اس کی ضرورت حتی الوسع پوری کر دینا۔ خبردار اس کو حقارت۔ نفرت یا غصہ سے نہ جھڑکنا"۔

سوال کو رد کرنیکی ممانعت

دیکھا آپ نے! اسلام کے بنیادی اصول اس دوسری وحی مین کیا بتلائے جارہے ہین؟

اساسِ تعلیم قرآن ازم

(۱) یتیم۔ یعنے بے سہارا کو سہارا دینا (۲) جاہل کو علم کی روشنی بتلانا۔ یعنے تقلید جامد کے اندھیرے سے اس کو آزادیٔ فکر کی روشنی مین لانے کی کوشش کرنا (۳) متلاشیِ حق کو راہِ ہدیٰ کی رہنمائی کرنا۔ اس وحیِ الٰہی کے بنیادی اصول تعلیم اسلام کی تعمیل مین آنحضرت صلعم نے کامل (۱۳) سال مکی زندگی مین اپنی قوم کو آزادیٔ فکر دلانے کی جدوجہد یعنے جہاد مین گذارے۔ اور تیرہ سالہ عدم تشدد۔ یعنے اہنسا کی جنگ مین اپنے چند مصدقین کے ساتھ اس طرح مصروفِ پیکار رہے کہ نہ صرف خود بلکہ مصدقین بھی سخت سے سخت مظالم کو خندہ پیشانی سے برداشت کرتے رہے۔ یہان تک کہ اپنے وطنِ عزیز سے ہجرت کرنی پڑی۔ جب کہ آپؐ کی جان کے لالے پڑ گئے۔ یاد رکھئے کہ محمد عربی صلعم نے اپنی جان بچانے کے لئے ہجرت نہین کی۔ بلکہ اُس پیامِ حق کی حفاظت کے لئے و نیز اس کو دُنیا کی انسانیت تک پہنچانے کی ذمہ داری کو محسوس کرتے ہوئے بحیثیت ایک امین کے آپؐ کو اپنی جان بچا کر ہجرت کرنا پڑا۔ آیندہ اوراق مین آپ کو اس طرح جان بچا کر ہجرت کرنے کی حقیقت معلوم ہوگی۔ جس کی مثالین اس بیسوین صدی مین نہ صرف قابلِ عظمت و احترام سمجھی جاتی ہین۔ بلکہ اس کی تقلید عین مقصدِ انسانیت ہے۔

ف۴ ۔ میرا فکر:۔ اس وحی مین حکم دیا جارہا ہے کہ:۔ "تمہارے رب کی طرف سے تم کو جو کچھ۔ مادی یا روحانی انعامات حاصل ہون ان کو علانیہ بیان کیا کرو۔ ان کو پوشیدہ رکھنے کی ضرورت نہین۔ کسی بات کا پوشیدہ رکھنا شانِ رسالت کے منافی ہے"۔

اظہارِ انعاماتِ الٰہی

اس بات کو ذہن مین جگہ دیجئے کہ فکر و فہم خداداد کے انعاماتِ عظمیٰ کو دوسرون کی ترغیب و تحریص کیلئے (باقی صفحہ ۱۴۰ پر)

(بقیہ میرا فکر۔ و۲ صفحہ ۱۳۹) علانیہ بیان کرتا اس لئے ضروری ہے کہ انسانیت انعاماتِ الٰہی کے حاصل کرنے میں سعیٔ پیہم کرنے لگ جائے۔ و نیز جو علم پوشیدہ راز میں رکھا جاتا ہے وہ دراصل شیطانی علم ہوا کرتا ہے۔ جو ساحروں اور مشعبدہ بازوں وغیرہ کا علم ہے۔ علمِ الٰہی آشکارا۔ اور فہمِ انسانی میں آسانی سے سمو جانے والا ہوا کرتا ہے۔ لہٰذا میرا فکر یہ ہے کہ فہمِ قرآنی دراصل انعاماتِ الٰہی سے ایک عظیم الشان انعام ہے۔ خواہ ایک آیت ہی کے متعلق کیوں نہ ہو۔ بشرطیکہ اس کا مقصد "اناخیرٌ منہ" نہ ہو۔ اس حکم کی تعمیل گویا مقصدِ تخلیق انسانیت ہے۔

محمدِ عربی صلعم کی بسم اللہ — آپ نے غور کیا کہ پہلی وحی کی پانچ آیتیں نازل ہونے کے بعد تین سال تک سکوت اور اُس کے بعد آغازِ وحی الٰہی کا کیا مطلب ہے؟ اس کے معنے یہ ہیں کہ پہلی وحی کے غور و فکر کے لئے مامور من اللہ کو سہ سالہ مدت دی گئی۔ کہ وہ اپنے فکر و فہم خداداد کے ذریعہ تبلیغ کے خاکے بنالیں۔ جب آنحضرت صلعم نے اس سہ سالہ مدت میں ادائیِ فرائضِ رسالت کا نقشہ بنالیا تو پھر روح القدس سے آپ ہم کنار ہونے لگے۔ پھر آپ کو الہادی۔ المزکی اور الانام۔ النبی۔ الرسول کے مدارج طے کرانے وحیِ الٰہی کا نزول شروع ہوا۔ جو بیس سال تک جاری رہا۔

دیکھا آپ نے محمدِ عربی صلعم کی بسم اللہ کس قدر عظیم المرتبت نتائج کی حامل تھی۔ اور بسم اللہ کے بعد کے مدارج کس قدر کٹھن فولاد کے چنے تھے

نام سورۃ **الانشرح** ۔ تعداد آیات (۴) تعداد رکوع (۱) شمارہ ترتیب موجودہ (۹۴) پارہ (۳۰)
شمارہ ترتیب نزول وحی بلحاظ تحقیق علامہ محمد اجمل خان (۳) زمانۂ نزول ۔ دور اول سنہ بعثت ۶۱۴ عیسوی
اس سورۃ کے سلسلۂ نزول سے متعلق جن محققین نے جو شمارہ اپنی تحقیق مین قرار دیا ہے نقشۂ ذیل سے اسکی صراحت معلوم ہوگی ۔

نام محقق	عبد اللہ بن عباس	حسن بن ابی الحسن بصری	قتادہ بن نعمان	عکرمہ بن ابی جہل	زید بن ثابت	زید بن اسلم	ابی بن کعب	ابو میسرہ	سعید بن جبیر	محمد اجمل خان
شمارہ ترتیب نزول	۱۱	۱۲	۸	۱۲	۱۷	۱۲	۱۵	۱۳	۱۰	۱۲

توضیحات

شمارہ الحاقی آیات	کون مخاطب ہے یا کونسی مثال ہے ۔	احکام و شریعت و منہاج	میرے فکر و نظر کے موضوعات			
			موضوع	صفحہ	موضوع	صفحہ
×	محمد عربی صلعم	۱۔ رسول کو اعتکاف کی ممانعت ۲۔ بعد ادائی فرائض نماز عبادت مین مصروف ہونا چاہیے	شرح صدر ؟ ۔ تبلیغ کی دشواریان ؟ قوم کی مخالفت ۔ بت شکنی کی اصلیت ؟ رب کی طرف راغب ہونے کی حقیقت ۔	ف۱ ف۲ ف۲		

بِسْمِ اللّٰهِ الرَّحْمٰنِ الرَّحِيْمِ

شروع نام سے شارح صدر تعالیٰ سبحانہٗ کے

37

اے محمد! کیا اللہ نے تیرے فکر و فہم کو وسعت نہین عطا کی ؟ ف۱ اور کیا تیرے رب نے تیرے اصلاح قوم کے بوجھ کو تجھ سے ہلکا نہین کر دیا ؟ ف۲ درآن حالیکہ تو ان تفکرات کے بوجھ سے جھکا جا رہا تھا ف۳ پھر ذرا تو غور کر کہ قدرت نے کسطرح تیری قوم مین تیری امانت ۔ اور صداقت کو نمایان کر کے اس سے تیرے کو امین کا خطاب دلوایا ۔ اور کس طرح تیرے وقار کو بلند و بالا کر دیا ف۴ اب جبکہ تمکو عہدۂ رسالت سے سرفراز کیا جا رہا ہے تو اس بات کو ذہن نشین کر لو کہ ہر مشکل کے بعد آسانی لازمی ہے ف۵ بلاشبہ ہر کام کی ابتداء مین مشکلات ہی کا سامنا ہوگا ۔ اس کو صبر و استقلال سے سرانجام پہنچانے کے بعد ہی

ف۱ ۔ میرا فکر :۔ اس تیسری وحی کا پہلا جملہ رب العزت تعالیٰ سبحانہٗ کی اس نعمت عظمیٰ کی طرف اشارہ کر رہا ہے جو قدرت الٰہی نے بصورت وسعت قلب محمد عربی صلعم کو عطا کی ہے ۔ یہ وسعت قلب مادی ۔ اور روحانی دونون قسم کی ہے ۔ یعنے سب سے پہلے آپؐ کے سن شعور سے آپؐ کے غور و فکر نے آپؐ کو اپنے اب و جد ۔ اور قوم کی تقلید جامد سے بے نیاز بنا دیا ۔ کیونکہ قلب مومن جس مین اللہ تعالیٰ کی روح کا جزو ودیعت ہوتا ہے ۔ یعنے "نفخت فیہ من روحی" تو (باقی صفحہ ۱۴۲ پر)

نتیجۃً اطمینان وسکون حاصل ہو سکتا ہے ۔ ۶ ۔ ۲ ۔ اور جب تجھ سے تفکرات کو دور کر دیا جا کر۔ رسالت سے

(بقیہ میرا فکر۔ ف۱ صفحہ ۱۴۱) ظاہر ہے کہ اسکی وسعت کا کیا ٹھکانا ۔ کہ اللہ کی ذات "محیطِ کُل" ہے ۔ اور وہ رب العالمین ۔ یعنے تمام مخلوقات اور تمام قومون کا پروردگار ۔ اور آقائے بے نیاز ہے ۔ تو ظاہر ہے کہ اسکے رسول کی وسعتِ قلب بھی بلند و بالا ہی ہونی چاہیئے ۔ جس کی وجہ وہ "رحمۃ اللعالمین" بن سکے ۔ پس ۔ رسالت مآب صلعم کو اسی وسعتِ قلب کے عطیہ نعمت کو جتلا کر کہا جا رہا ہے کہ :۔ "ہماری قدرت نے تم کو وہ نعمت عطا کی ہے ۔ جو موسیٰؑ کی طلب کے بعد بھی ان کو نہ مل سکی" ۔ چنانچہ اسی شرحِ صدر یعنے وسعتِ قلب کا نتیجہ یہ تھا کہ اپنی قوم کی اصلاح کی فکر مین ۔ رات دن تم دیے جا رہے تھے ۔ اب اسکو تمہاری رسالت اور وحیِ الٰہی کے ذریعہ ہلکا کر دیا جائے گا ۔ یعنے اب وحیِ الٰہی کا نزول اصلاحِ قوم اور ان کی رہبری کیلئے تمہارے ممد و معاون ہو جائیگا ۔ تم دیکھ رہے ہو کہ قبل سرفرازیِ عہدۂ رسالت منشاءِ خداوندی کے تحت کس طرح کارکنانِ قضا و قدر نے تمہاری قوم مین تمہارے وقار کو بلند و بالا کر کے تم کو امین کا خطاب دلوا دیا ۔ اور کس طرح تم کو قوتِ فکریہ کے بلند و بالا زینہ پر پہنچا کر تمہارے اعلیٰ کردار عقل و خرد کی بلندی سے تم کو دنیاوی اور دینی فیصلون کی صلاحیت عطا کی ۔ جس سے تمہاری قوم مین تمہارا نام بلند ہوتا چلا گیا ۔ پس یقین رکھو کہ مستقبل مین بھی تمہارا ذکر یعنے تمہارا نام اور تمہارا احترام ۔ بلند و بالا شہرت کے حامل ہون گے" ۔

ف۲ ۔ میرا فکر :۔ رسالت پناہی کے ذہن نشین یہ بات کرائی جا رہی ہے کہ :۔ "تبلیغ حق خصوصاً رسالت کے فرائض کی انجام دہی آسان نہین ۔ اسکے لئے سخت سے سخت مشکلات کا سامنا کرنا ہوگا ۔ کیونکہ آبائی طور طریق ۔ رسم و رواج ۔ اور تقلیدِ ذہنی و ذہنی آب و جد کو توڑنا آسان کام نہین" ۔ اگر آپ غور کرین تو معلوم ہوگا کہ ہر مذہب کے فرائض کی خلاف ورزیان رات دن ہوتی رہتی ہین کوئی انگشت نمائی نہین ہوتی ۔ اسی طرح حکومت کے قانون کی خلاف ورزیان رات دن ہوتی رہتی ہین جس کا نتیجہ جیل خانونکو آبادی ہے ۔ اخلاقی جرایم بر سر بازار سرزد ہوتے رہتے ہین ۔ لیکن سماج کا طور طریق چاہے وہ کتنا ہی بے معنے اور مہمل بکلیف دہ ہو ۔ اس کے خلاف ورزی کی جراءت کسی فرد مین نہین نظر آتی ۔ آخر یہ کیون ؟ ۔ اسلئے کہ ہر کس و ناکس ۔ اپنا اور پرایا انگشت نمائی کے لئے تیار رہتا ہے ۔ جس کو عرفِ عام مین "ناک کٹ جانا" کہا جاتا ہے ۔ اس خوف سے ہر انسان سماج کی ریت و رواج کی خلاف ورزی کرنیکی جراءت نہین کر سکتا ۔ پس ۔ جب کوئی مصلحِ قوم منجانب اللہ مامور ہوتا ہے ۔ یا نبوت یا رسالت کے مقام پر سرفراز کیا جاتا ہے تو اس کیلئے سب سے پہلا کام باپ دادا کے عقاید باطلہ اور بے روح طور طریق عبادات کی نفی کرنا ہوتا ہے ۔ جب وہ سماج کو حق بات بتلاتا ہے تو اس کی قوم بھصوصاً اسکے گھر والے ۔ عزیز و اقارب سب ہی اسکو "ملحد" یعنے آبائی دین سے پھرا ہوا کہنے لگتے ہین ۔ اور اس پر لعن و ملامت کا آغاز ہو جاتا ہے ۔ جب اس کا بلند کردار ۔ اعلیٰ ایمان ۔ سب و شتم کی پروا کئے بغیر اعلانِ حق کو جاری رکھتا ہے ۔ تو پھر اسکو پاگل ۔ دیوانہ مجنون ۔ ساحر ۔ شاعر وغیرہ کا خطاب دیا جاتا ہے ۔ پھر جیسے جیسے اس کا اعلانِ حق بلند ہوتا جاتا ہے ۔ اور اعلانِ حق کو لبیک کہنے والے اسکے ساتھ ہونے لگتے ہین ۔ تو قوم اسکی اور اسکا ساتھ دینے والون کی جانی دشمن ہوتی چلی جاتی ہے ۔ جس کے بعد ہر قسم کی ایذا رسانی ۔ ظلم و ستم اس پر ۔ اسکی پارٹی پر قوم اپنا فرضِ مذہبی اور خوشنودیِ خدا سمجھ کر کرنا شروع کر دیتی ہے ۔ جب ان تمام مصائب ۔ اور اس پُر خطر میدان سے وہ گزر کر استقلال و صبر سے فولادی چٹون کو چباتے ہوئے اپنا فرض ادا کرتا چلا جاتا ہے تو اسکے بعد کہین فتح و نصرت منجانب اللہ تعالیٰ ظاہر ہونے لگتی ہے ۔ پھر تو ساری قوم اسکے بتلائے ہوئے جدید اصولون پر چلنے کے لئے تیار ہو کر ۔ اپنے باپ دادا ۔ اور اپنے بزرگان مذہب کے ظنی و ذہنی شخصیت پرستیونکے بُت توڑ پھوڑ کر راہِ مستقیم پر چل پڑتی ہے ۔ وہ بُت ۔ صنم خانۂ قلب ۔ ذہن اور (باقی بر صفحہ ۱۴۳)

ے ۔ یَدْخُلُوْنَ فِیْ دِیْنِ اللّٰہِ اَفْوَاجًا ۔ (یعنے اب تو بکثرت لوگ گروہ در گروہ اللہ کے دین کو قبول کرنے لگ گئے ہین) ۔

سرفرازی بخشی جارہی ہے تو جو فرائضِ رسالت تمہارے ذمہ عاید ہونیوالے ہین اسکے لئے تم ہمہ تن تیار ہو جاؤ ۳ اور ہمیشہ اپنے آقائے بے نیاز کے فضل وکرم کے بھروسہ کامیابی وکامرانی کی اُمید یقینی رکھو ۴۔

(بقیہ میرا فکر ۔ صفحہ ۱۴۲) ظنیات مین متمکن رہتے ہین ۔ تکہ چونے اور پتھر کی عمارتون مین ۔ چنانچہ اس کا ثبوت تیرہ سالہ مکی زندگی اور آٹھ سالہ مدنی زندگی یعنے فتح مکہ تک کی تاریخ آپ کے نظرون کے سامنے ہے ۔ اور نیز دُنیا کی ہر قوم کی آزادی کے تاریخی ادوار ۔ ابتدائی اور انتہائی آپ کے غور و فکر کے لئے ہر زمانہ مین موجود ہین ۔

ف ۳ ۔ میرا فکر :۔ پھر آگاہ کیا جارہا ہے کہ "اے محمد! اس سُنت اللہ کے تحت تجھ کو فرائض رسالت کی ادائی مین ہمہ تن مصروف ہونا پڑے گا ۔ اب تیرے لئے غارِ حرا کا اعتکاف موزون نہین ۔ اب تجھ کو میدانِ عمل مین ادائی فرائض کے لئے نکل کھڑا ہونا چاہیئے ۔ ہان جب تبلیغ کے جان گسل فرائض سے فارغ ہو جائے اور اس وقت جب کہ تجھ کو تمام آسانی حاصل ہو جائے تو سکونِ قلب کے ساتھ اپنے رب کی شکر گذاری کی طرف راغب ہو جانا ہوگا ۔ بحالتِ موجودہ ادائی فرائض کے سلسلہ مین اپنے رب کے فضل وکرم کے بھروسہ یقین کامل کے ساتھ اپنا کام جاری رکھو ۔ اس وقت تمہاری رغبت کا ثبوت اپنے رب کی طرف فرائضِ رسالت کی ادائی مین مضمر ہے تو دُنیا کے ہر اچھے کام کو جو انسانیت کے فلاح و بہبود کے خاطر ہو ۔ اپنے فرضِ رسالت سے تصور مین کرتے چلے چلو ۔"

دیکھا آپ نے ۔ کہ قرآنِ حکیم کس طرح رہبانیت کی چلہ کشیون اور سیاسی گوشہ نشینیون ۔ اور سجادہ و دلق کے شایانِ شان رسالت کی نفی کر رہا ہے ۔ پس ۔ اس تیسری نزولِ وحی کے وقت کرۂ زمین پر خوشنودیٔ خُدا کے لئے سیاس اور گوشہ نشینی و اوراد و وظایف وغیرہ کو ہر مذہب لازمی سمجھ رہا تھا ۔ اس کی نفی کی جارہی ہے ۔ اور دُنیا کو "مزرعتہ الآخرہ" بتلایا جارہا ہے ۔ اور حق کی تبلیغ کو عباداتِ رسمی سے افضل ٹھہرایا گیا ہے ۔ یعنے خُدا کی طرف راغب ہونے کا وقت ادائی فرضِ انسانیت (جو عین مقصدِ تخلیقِ انسانیت ہے) کے بعد قرار دیا جارہا ہے ۔ چنانچہ اس وحی کے بعد زاید از چھ ہزار آیات اسی بنیادی اصول کے اطراف گھومتے ہوئے آپ کو دعوتِ غور و فکر دین گے ۔ یہ ایک حقیقتِ نفس الامری ہے کہ زمانۂ غلامی ۔ افلاس ۔ ذلت و مسکنت مین رسمی عباداتِ انفرادی و اجتماعی تو ہوتی رہتی ہین ۔ لیکن وہ بے روح ۔ البتہ جب قوم کو انفرادی و اجتماعی آزادی کے ساتھ خلافتِ زمین کا اقتدارِ اعلیٰ حاصل ہو جاتا ہے تو اُس کی انسانیت اُجاگر ہونے لگتی ہے لیکن مقامِ انسانیت کی ابتدائی جد و جہد جس مین اس کے جذبات کی رغبت خُداوندِ قدوس کی طرف ایک خاص تکیف ایمان کے تحت نتیجتاً حاصل ہوتی ہے ۔ جس مین اس کا عملِ پیہم اس کو رسمی عبادات سے بے نیاز کر دیتا ہے ۔ جب اس کشمکشِ حیات مین اس کو مالی جسمانی اور روحانی سخت سے سخت صدمات پہنچتے ہین تو اس کی رغبت ۔ یعنے توجہ اپنے رب کے ساتھ اور بڑھتی جاتی ہے ۔ اس کیفیت پر کارکنانِ قضاء و قدر اس کی امداد مین تیزی پیدا کرنے مجبور ہو جاتے ہین ۔ یہان تک کہ فتح و نصرت اس کے قدم بوس ہونے لگتے ہین ۔ اور انعاماتِ الٰہی کے خزانے اس کے لئے کھل جاتے ہین ۔ اس نوبت پر حزب اللہ مین ایک سکونِ و مسرت کی لہر دوڑنے لگتی ہے ۔ جس کے بعد وہ راحت و آرام ۔ عیش و عشرت کی طرف راغب ہونے لگتی ہے ۔ آلاتِ حرب و ضرب ۔ اور عملِ پیہم مین انحطاط کا آغاز ہو جاتا ہے ۔ جنگ و رباب کی طرف اس کی دلچسپیان شروع ہو جاتی ہین اب اس کی رغبتِ رب ۔ اور عبادات مین جذباتِ حقیقی کم ہونے لگ جاتے ہین ۔ یہان تک کہ (باقی بر صفحہ ۱۴۴) ۔

(بقیہ میرا فکر۔ ف۔ صفحہ ۱۴۳) بے روح رکوع اور سجود اس کی رسمی عبادت قرار پاتے ہیں۔ یہاں تک کہ سرداران قوم اقتدار کے نشہ میں مست و مدہوش ہو جاتے ہیں۔ تو تنزل کا پہلا زینہ قوم کے تنزل کا ظاہر ہونے لگتا ہے جسکے بعد وہ قوم قانونِ امہال کے تحت زوال پذیر مقام پر پہنچ جاتی ہے۔

انبیاء و مرسلین۔ اور مامور من اللہ مصدقین کی حالت ایسی نہیں ہوتی۔ وہ زیادہ سے زیادہ خدا کی طرف راغب ہوتے چلے جاتے ہیں۔ اس کے یہ معنے نہیں کہ وہ رات دن تسبیح و سجادہ و دلق میں منہمک ہو جاتے ہیں۔ نہیں! بلکہ اپنی قوم کو بلند سے بلند تر کرنے کے لئے بلا لحاظ مذہب و ملت انسانیت کے محتاجوں۔ مسکینوں۔ بے سہارا انسانوں کی حاجت روائی اور ان کے لئے اسبابِ ربوبیت کی فراہمی حکومتِ الٰہیہ کے عطیہ انعامات سے کرتے ہیں اپنی نیندوں کو خیرباد کہتے جاتے ہیں۔ اور رات دن اسی فکر میں مستغرق رہتے ہیں۔ ان کا عیش و آرام۔ راحت و مسرت۔ بس اسی میں ہے کہ وہ خلق اللہ میں انتظامِ ربوبیت کو کما حقہٗ پورا کر کے کسی انسان کو بھوکا۔ ننگا۔ بے گھر۔ محتاج مسکین۔ درد و کرب میں مبتلا نہ رہنے دیں۔ یہ سب کچھ دراصل :۔ "فَاِذَا فَرَغْتَ فَانْصَبْ وَاِلٰی رَبِّکَ فَارْغَبْ ۝" کا مفہوم ہے ؎

عبادت بجز خدمتِ خلق نیست ٭ بہ تسبیح و سجادہ و دلق نیست

سورۂ **الفلق** تعدادِ آیات (۵) تعداد رکوع (۱) شمارۂ ترتیب موجودہ (۱۱۳) پارہ (۳۰) ـــ
شمارہ ترتیب نزولِ وحی بلحاظ تحقیق علامہ محمد اجمل خان (۴) زمانۂ نزول ۔ دورِ اوّل سنہ بعثت ۶۱۴ عیسوی
اس سورہ کے سلسلۂ نزول سے متعلق جن محققین نے جو شمارہ اپنی تحقیق مین قرار دیا ہے نقشۂ ذیل سے اسکی صراحت معلوم ہوگی۔

نام محققین	عبد اللہ بن عباس ۶۸ھ	غازی بن ربیع ۱۲۳ھ	حسین بن ابی الحسن ۱۲۳ھ	محمد بن مسلمہ بن یسار	جابر بن زید ابی الشعثاء	ولید بن مسلم ۱۹۴ھ	ولیل دیکے ۱۲۳۹ھ	راڈ ویل ۱۲۵۳ھ	ایچ گرام	محمد بن عبد الوہاب ۱۳۱۰ھ	سید نظیر حسین ۱۹۳۸ء	تحقیق ہمہ ۱۹۵۸ء
شمارہ ترتیب نزولی	۱۶	۱۹	۲۰	۲۰	۲۰	۱	۴۶	۶	۳۹	۸۴	۱۷	۲۰

توضیحات

شمارہ الحاقی آیات	کون مخاطب ہے یا کونسی مثال ہے	احکام و شریعت و منہاج	میرے فکر و نظر کے موضوعات			
			موضوع	صفحہ	موضوع	صفحہ
×	محمد عربی صلعم اور تمام انسان		آقا یعنی رب کے پناہ کی ضرورت ہمارے عمل و عملیات کی اجازت	ف۱ ف۱		

بِسْمِ اللّٰهِ الرَّحْمٰنِ الرَّحِيْمِ

شروع نام سے رحمٰن رحیم کے

اے مخاطب! تو کہہ مین رب الفلق (یعنے صبح کی روشنی پیدا کرنے والے آقا) کی پناہ چاہتا ہون ۱۔ ہر اُس چیز کے نقصان سے جس کو میرے آقا نے پیدا کیا ہے ۲۔ اور رات کی تاریکی کے ضرر سے جب اندھیرا چھا جائے ۳۔ اور گرہون مین پھونک مارنے والون کے شر سے ۴۔ اور حسد کرنے والون کی شرارتون سے جب کہ وہ حاسد اور میری خرابی کے درپے ہو جائین ۵ ع ف۱

ف۱۔ میرا فکر:۔ اس چوتھی وحی الٰہی مین رسالت مآب صلعم کو اور نیز تمام انسانون کو اپنی حفاظت کیلئے پناہ آقا کی پناہ مین آنیکی ضرورت حاصل کرنیکا ذریعہ بتلایا جا رہا ہے۔ غور کرو تو معلوم ہوگا کہ کس قدر جامع الفاظ مین صرف ایک آقا کی پناہ مین آنے۔ پناہ مانگنے کی تعلیم دیجا رہی ہے اور تمام معذور و مجبور۔ اور بے اختیار معبودانِ باطل اور آقاؤن سے طلب امداد کے تصورات کو مٹایا جا رہا ہے۔

"فلق" کہتے ہین صبح صادق کو۔ اللہ تعالیٰ ہی تو صبح اور شام کا خالق ہے جب صبح نمودار ہوتی ہے تو ہر چیز اپنی آنکھون کے سامنے نمایان ہو جاتی ہے۔ انسان اور ہر جاندار مخلوق کیلئے یہ کتنی بڑی نعمت ہے کہ وہ ہر تاریکی یعنے اندھیری رات کے بعد کرۂ زمین آفتاب کی روشنی سے منور ہو جاتا ہے اور ہم ہر شئے کی حقیقت سے واقف ہو جاتے ہین۔ چونکہ ہر چیز کا خالق اللہ تعالیٰ ہے۔ اور (باقی بر صفحہ ۱۴۶)

(بقیہ میرا فکر۔ صفحہ ۱۴۵) اُس نے اپنے کو احسن الخالقین بتلایا ہے۔ تو ظاہر ہے کہ کائنات کی ہر چیز اچھی۔ خیر اور بہتر ہی ہے لیکن جب اُس کا استعمال صحیح طریقہ پر نہ کیا جائے۔ بلا فکر و غور۔ بے عقلی سے کیا جائے تو وہ باعث شر یعنے نقصان رسان بن جاتی ہے۔ دیکھو دودھ اور شہد جیسی چیزیں بھی جب غلط طریقہ سے استعمال کیجائیں تو موت کا باعث ہو جاتی ہیں اور سنکھیا جیسا زہر اگر صحیح طور پر حکیم دے تو مرنے والا جی اٹھتا ہے۔ لہذا انسان چونکہ خطا و نسیان اور عجلت پسندی کی فطرت پر پیدا ہوا ہے اسلئے وہ دنیا کی تکلیفوں سے دور رہنے کیلئے مختلف تدابیر اختیار کرتا ہے اور اپنے ذہنی و ذہنی تصورات اور عقاید میں معبودانِ باطل کی پناہ بھی چاہتا ہے درآں حالیکہ رات کی اندھیاری میں وہ مضرت پہنچانے والی چیزوں سے بچ نہیں سکتا اور نہ اسکی بصارت سے غائب چیزوں سے وہ محفوظ رہ سکتا ہے سوائے اُسکے رب تعالیٰ کی قدرت کے اُسکو کوئی بچا نہیں سکتا پس وہ ایک محیط کل قوت والے آقا سے چاہتا ہے کہ اوسکو اپنی پناہ میں لے لے ــــ اگر ہم جہالت اور تقلیدِ جامد کی تاریکی کے نقصانات سے فکر و عقل کی روشنی کی آرزو بھی اس وحی میں سمجھ لیں تو نامناسب نہ ہوگا ــــ گرہوں میں پھونک مارنے والے طبقہ سے بھی محفوظ رہنے کی تمنا سکھلائی جا رہی ہے ایک زمانہ تو جادو۔ ٹونا۔ جھوٹ منتر کے مضر اثرات سے دور رہنے کا تصور تھا جو نہ صرف غیر مہذب اقوام میں بلکہ مہذب و متمدن اقوام میں آج تک موجود ہے اس ذہنی و ذہنی عقیدہ کو باقی رکھکر طالب پناہ کو طریقہ پناہ گیری بتلایا جا رہا ہے۔ دنیوی زمانہ پروپگنڈوں کے پھونکوں کا وہ شر و فساد جو ریڈیو۔ لاؤڈ اسپیکر اور اخبارات کی جلی سُرخیوں اور انکے تحریرات سے جماعتوں ــــ ملکوں اور قوموں کے اجتماعی اور انفرادی نقصان کا باعث ہوتا ہے جس کا ثبوت اس بیسویں صدی میں کرۂ زمین کے ہر حصہ پر نمایاں ہے ان سے بھی پناہ گیری حاصل کرنیکا ایک ہی ذریعہ ہو سکتا ہے کہ اپنے رب ہی کی پناہ کے طالب ہو جائیں۔

ان مراحل کے بعد حاسدوں کے حسد کی خرابیوں سے بھی طالب پناہ ہونیکی تعلیم دیجا رہی ہے جو ہر ترقی یافتہ انسان کیلئے شر کا باعث ہوتے ہیں۔ حاسدوں کے حسد کے شر کے اثرات انفرادی تو کجا جماعتوں اور بڑی بڑی سلطنتوں کی بربادی اور تباہی کے تاریخی واقعات دل کو کپکپا دینے والے ہر صاحب فکر کے سامنے موجود ہیں۔ لہذا راہ مستقیم پر چلنے کے بعد انعاماتِ الٰہی کی سرفرازیوں کو دیکھکر حاسدین نقصان رسانی کے درپے ہو جاتے ہیں اس سے بھی رب العزت سے امان طلب کرنا سکھلایا جا رہا ہے۔

میرا فکر یہ ہے کہ یہ چوتھی وحی رسالت پناہی کے عہد کے لئے ایک "بادی کا رد" کا تصور بتلا رہی ہے۔ ایک بات قابل غور ہے کہ جو طالبین فکر رسالت کا محافظ و سنت اور اور عاملین آیات قرآنی جھوٹ منتر کیلئے دوسروں سے حاصل کرتے ہیں اور اُس عمل کے الفاظ کو پڑھنے کی ہمارے عمل عملیات اجازت بھی لیتے ہیں جس کے اثرات کو آج سب ہی مانتے اور ایمان کامل کے ساتھ مانتے ہیں لیکن خالقِ کائنات نے جس عمل کی اجازت اپنے رسول کو دی اور رسول نے اپنی اُمت۔ بلکہ تمام انسانوں کو عطا فرمائی۔ اس سے ہم استفادہ نہیں کرتے۔ یہ کیوں؟ اس لئے کہ ہم کو کلامِ الٰہی اور اپنے رسول صلعم پر اس قدر کامل یقین نہیں ہے جس قدر کہ ہمارے پیروں۔ مرشدوں اور اولیاء اللہ الفاظ اور اقوال اور اجازت پر ایمان کامل ہے۔

میں نے جب کبھی اس وحی کے الفاظ کو اپنی قوت ارادی سے کام میں لایا تو مجھ کو کبھی ناکامی نہیں ہوئی۔ میرے اس بیان کو ہر شخص خود آزما سکتا ہے۔ بشرطیکہ اس کا عقیدہ اللہ اور اللہ کے رسول اور کلامِ الٰہی پر بمقابل اولیاء اللہ اور پیر و مرشد کے یقینِ کامل اور سچے ایمان کے ساتھ رہے۔ کبھی وہ ناکامی کی صورت نہ دیکھے گا۔

۱۰۵

نام سورہ **الفیل** تعداد آیات (۴) تعداد رکوع (۱) شمارہ ترتیب موجودہ (۱۰۵) پارہ (۳۰) ——

شمارہ ترتیب نزول وحی بلحاظ تحقیق علامہ محمد اجمل خان (۵) زمانۂ نزول ۔ دور اول ۔ سنہ بعثت ۔ سنہ ۶۱۴ عیسوی۔

اس سورۃ کے سلسلۂ نزول سے متعلق جن محققین نے جو شمارہ اپنی تحقیق میں قرار دیا ہے نقشۂ ذیل سے اسکی صراحت معلوم ہوگی۔

نام محققین	[illegible]	[illegible]	[illegible]	[illegible]	[illegible]	[illegible]	[illegible]	[illegible]	[illegible]	[illegible]	[illegible]	[illegible]
[illegible]	۱۸	۱۸	۱۸	۱۹	۱۳	۹	۱۹	۴	۳۹	۱۶	۱۹

توضیحات

شمارہ الحاقی آیات	کون مخاطب ہے یا کونسی مثال ہے	احکام و ہدایت و منہاج	میرے فکر و نظر کے موضوعات			
			موضوع	صفحہ	موضوع	صفحہ
×	محمد عربی صلعم اور اہل مکہ	×	واقعۂ لشکر اصحاب فیل طیراً ابابیل اور حجارۃ کی حقیقت اور محاورے	ف۱		

بِسْمِ اللّٰهِ الرَّحْمٰنِ الرَّحِيْمِ

ابتدا نام سے اللہ کے

اے مخاطب! کیا تو نے سنا نہیں کہ تیرے رب نے ہاتھی کے لشکر والوں کیساتھ کیا کیا؟ ۱ کیا اسکے ارادے کو (خانۂ کعبہ کو ڈھا دینے کا) ناکام ثابت نہیں کر دیا ۲ تم سن چکے ہو کہ انکی تباہی کیلئے ابابیل کے جھنڈ کے جھنڈ مقرر تھے ۳ جو حجارۃ کے ذریعہ لشکر کو ایسا تباہ کر دیا کہ جیسے کھایا ہوا بھوسہ ۴ ف

ف۱۔ میرا فکر:۔ سنہ ۵۶۹ یا سنہ ۵۷۰ میں گورنر حبشہ ابرہا نے خانۂ کعبہ پر اس ارادے سے حملہ کی تیاری کی کہ معبد کعبہ کو ڈھا کر واقعۂ اصحاب فیل۔ مجرا مود کو اپنے شہر کے معبد میں لے جائے۔ اس لشکر میں ایک گرانڈیل ہاتھی بھی تھا جو موسوم تھا "نام موتھ" سے جسکے معنے زبان حبش میں گرانڈیل ہاتھی کے ہیں۔ اس لشکر نے مکہ کا محاصرہ کر لیا۔ قدرت نے اچانک مرض چیچک فوج میں پیدا کر دی۔ ظاہر ہے کہ چیچک کا مرض گرم ممالک میں کسقدر شدت کیساتھ ہوا کرتا ہے جس کا ثبوت یہ ہے کہ آج بھی حجاج بغیر ٹیکہ چیچک کے حدود عرب میں داخل نہیں ہو سکتے۔ اس مرض کے پیدا ہونے سے لشکر میں کثرت سے اموات واقع ہو گئے۔ اور ابرہا کو اپنے لشکر کا محاصرہ اٹھا کر ناکام واپس ہونا پڑا۔ یہ واقعہ تاریخی آنحضرت صلعم کے زمانۂ پیدائش سے (۵۵) دن قبل کا ہے۔ اہل عرب نے اپنی یادداشت کیلئے اس تاریخی واقعہ کو "عام الفیل" یعنے ہاتھی کا سال ٹھہرایا۔ اس وحی کے متعلق مفسرین نے مختلف روایات کا انبار لگا دیا ہے۔ لغت کے لحاظ سے "ابابیل" کے معنے جھنڈ کے جھنڈ۔ پے در پے۔ مسلسل کے ہیں اور "طیر" کے معنے پرند۔ تباہی۔ بدشگونی اور مصیبت کے بھی ہیں۔ "حجارۃ" "طیراً ابابیل" اور "حجارۃ" کی حقیقت۔ "کنکریاں" چیچک کے دانوں کو بھی کہتے ہیں۔ مثلاً ہندوستان میں تپ کہنہ کی پھنسیوں کو "موتی جھرہ" اور چیچک کی پھنسیوں کو "چیچک کے دانے" کہتے ہیں۔ اہل ہنود چیچک کو "ماتا دیوی" کہتے ہیں۔ ہندیں اکثر یہ توہم ہے کہ جس گھر میں ابابیل بس جائیں وہ تباہی کا پیش خیمہ ہے۔ کیونکہ یہ پرند ہمیشہ ویران مقام میں (باقی صفحہ ۱۴۸)

(بقیہ میرا فکوٹ صفحہ ۱۴۷) بسیر التیا ہے۔ بہرحال مین نے جب اس وحی کے مفہوم پر غور کیا تو اس نتیجہ پر پہنچا کہ: لشکر مین مرض چیچک پھوٹ پڑنے سے تمام سپاہیون کے جسمون مین چیچک کے دانے پیدا ہو گئے جس کا نتیجہ یہ ہوا کہ ہزارون سپاہی مر گئے جن کو مردہ چھوڑ کر لشکر نے اپنا کیمپ برخاست کر دیا۔ چونکہ زمانۂ محاصرہ دشمن مین کوئی شہری باہر نہین نکل سکتا تھا! انکو خبر تھی کہ فوج مین مرض چیچک پھوٹ پڑا ہے جسکی وجہ محاصرہ اٹھا کر فوج کوچ کر گئی لیکن عام طور پر اہل مکہ نے دیکھا ہوگا کہ پرندونکے جھنڈ کے جھنڈ منڈلا رہے ہین۔ کچھ دنونکے بعد جب محاصرہ کے ختم ہونیکی اطلاع ملی تو اہل مکہ باہر نکلے۔ اور دیکھا ہوگا کہ مردونکے جسم مین سوراخ پیدا ہو گئے ہین اس پر سے کم سمجھ عقیدونکے دیوانون نے کہہ دیا کہ پرندون نے اپنی چونچون سے کنکریان پھینک کر فوج کو تباہ کر دیا اس طرح خانۂ کعبہ کی حفاظت رب کعبہ نے خود کر لی! اور بعض سمجھدار صاحب فہم حضرات نے چیچک کے مرض سے تباہی اور رب کعبہ کے حکم سے یہ مصیبت لشکر اصحاب فیل پر آنا سمجھا۔ بہرحال اس زبان زد خاص و عام واقعہ کو جو مکہ والون کیلئے ایک تاریخی واقعہ تھا۔ بزبان وحی دہرایا جا رہا ہے۔ اور مخاطب وحی کو تسلی دیجا رہی ہے کہ:۔ "دیکھو! قدرت جب کسی صالح مظلوم اقلیت کو بچانا چاہتی ہے تو اکثریت جسکا مقصد ظلم اور خود غرضی ہوتا ہے۔ کارکنان قضا و قدر اپنے رب کے حکم سے اسکی تباہی کے اسباب اچانک پیدا کر دیتے ہین! اور پتہ بھی نہین چلتا کہ یہ مصیبت اور تباہی پے در پے کہان سے اور کیسے! اور کیونکر پیدا ہو گئی" پس آنحضرت صلعم کو اس وحی کے ذریعہ اس واقعہ کو یاد دلا کر دھارس دلانا مقصود ہے کہ:۔ "تم جس مشن پر مامور کئے گئے ہو اسکی مخالفت عامہ سے پریشان ہونیکی ضرورت نہین۔ ہم اپنی قدرت کے کارکنون کے ذریعہ اسکی کامیابی کے اسباب مہیا کر دینگے! اور تم اس وحی کے ذریعہ اہل مکہ کو بھی آگاہ کر دو کہ جسطرح رب کعبہ اصحاب فیل کی تباہی کا سامان مہیا کر دیا تھا جو تمہارے آنکھون دیکھی بات ہے اسی طرح محمد عربی کی تعلیم حق و صداقت کو رب کعبہ مامون و کامیاب بنائیگا۔ اور تم کو خبر بھی ہوگی"۔ چنانچہ اس پیشین گوئی کا ثبوت شہر مکہ مین محمد عربی صلعم کا پُرامن فاتحانہ داخلہ تھا۔ اب یہان پر ایک سوال پیدا ہوتا ہے کہ اصحاب فیل کی ناکامی! اور محمد عربی صلعم کی کامیابی معبد کعبہ کے متعلق دو متضاد کیفیات کیون؟ عقیدت سے دور عقل و فکر و فہم کا جواب یہ ہے کہ اصحاب فیل کے مقابل اہل مکہ مظلوم تھے اور رابرہا ایک ظالمانہ ارادہ رکھتا تھا کہ انکی آزادی کو ختم کر کے غلامی کی زنجیرون مین جکڑ لے اس کا یہ ارادہ باطل تھا۔ محمد عربی صلعم اور مہاجرین و انصار حق و صداقت کے علمبردار تھے۔ وہ اہل عرب مکہ کو دنیوی غلام بنانا چاہتے تھے اور نہ کعبہ کو مسمار کرتا۔ بلکہ وہ تو اہل مکہ کو ذہنی و فکری عقاید باطلہ کی غلامی سے آزادی دلا کر حق و صداقت کا علمبردار اور خلافت زمین کا حقدار بنانے کیلئے یہ سب کچھ کر رہے تھے۔ اسی لئے اس مرتبہ اقلیت کو کامیابی ہوئی۔ بس! اسی قدر واقعہ اس وحی کے نزول کا ہے جس کو راویان معتبر کی سند نے عوام اور پست ذہنیت عوام کیلئے نمک مرچ لگا کر سیکڑون صفحات کی تفسیر کرتے ہوئے داد سخن حاصل کرنیکا موقع فراہم کر لیا۔

طیر کے معنے اور حجارۃ کا محاورہ نزول وحی کیوقت عوام اہل مکہ کے ذہن مین "طیر" کے معنے "تباہی و مصیبت" اور "ابابیل" کے معنے "پے در پے" اور "حجارۃ" کے معنے "چیچک کے دانے" ہی بلحاظ محاورہ ہونگے! اور یقینی ہونگے لیکن جب فن لغت منظر عام پر آیا تو لغوی معنے لئے گئے۔ ظاہر ہے کہ اسکو ثابت کرنے کیلئے کس قدر تاویلات کی ضرورت پیش آتی ہے ایک مثال ذہن نشین کر لیجئے۔ حضرت علی کو "اسد اللہ" کہا جاتا تھا جسکا مطلب "اللہ کا ایک بہادر بندہ" تھا لیکن عوام خواب مین حضرت علی کا تصور شیر کی تصویر ہی مین دیکھتے ہین۔ یہ ہین لغوی معنی کے نتائج۔ پھر اس قسم کے محاورے قرآن حکیم اپنے مخاطبین کے فہم سمجھ بوجھ کے لحاظ سے زبان وحی مین استعمال کیا تھا لیکن محاورون کو جب لغت کے ترجمے کے تحت لکھا گیا تو مفہوم ناقابل فہم ہو گیا۔ اسکے بعد اسکو تقدس بیان۔ کلام تحریر کے ذریعہ نباہنے۔ روایات کی سند لیجانی پڑی اور پھر روایت کو ناقابل انکار بنانیکے لئے شخصیت پرستی کا صنم تراشا گیا اسطرح راوی معتبر و امقام عقل و خرد فہم و فکر سے بلند و بالا ہو گیا۔ اسی اصول پر آپ متقدمین و متاخرین اور زمانۂ حال کے ہر مذہب کے معتقدات کو جانچ سکتے ہین۔

سورہ **القدر** تعداد آیات (۵) تعداد رکوع (۱) شمارہ ترتیب موجودہ (۹۷) پارہ (۳۰)
شمارہ ترتیب نزول وحی بلحاظ تحقیق علامہ محمد اجمل خاں (۶) زمانہ نزول دور اول سنہ ۴ بعثت سنہ ۶۱۴ عیسوی
اس سورۃ کے سلسلۂ نزول سے متعلق جن محققین نے جو شمارہ اپنی تحقیق میں قرار دیا ہے نقشہ ذیل سے کی صراحت معلوم ہوگی۔

نام محققین	[illegible]	[illegible]	[illegible]	[illegible]	[illegible]	[illegible]	[illegible]	[illegible]	[illegible]	[illegible]	[illegible]
شمارہ ترتیب	۲۴	۲۴	۲۴	۲۵	۲۴	۱۴	۲۱	۵۵	۴۱	۳۲	۳۵

توضیحات

شمار الحاق آیات	کون مخاطب ہے یا کونسی مثال ہے	احکام و شریعت منہاج	میراث فکر و نظر کے موضوعات			
			موضوع	صفحہ	موضوع	صفحہ
×	محمد عربی صلعم اور اہل مکہ و اہل کتاب	×	شب قدر؟ نزول قرآن شب قدر میں۔ اہل کتاب ہونگی تمنا بنی اسمٰعیل روح کی حقیقت نزول قرآن شب قدر کا مفہوم۔	۱	رسول عربی صلعم نے ہمیشہ روزے اور دسمبر کی مین رکھے اور نبی کی حقیقت۔ نصاریٰ کے روزوں کا زمانہ	

بِسْمِ اللّٰهِ الرَّحْمٰنِ الرَّحِيْمِ

آغاز از اسم قدیر تعالیٰ سبحانہٗ

ہم نے وحیِ قرآنی کو شبِ قدر میں نازل کیا ہے ۱۔ تم کو معلوم نہیں کہ شبِ قدر کی عظمت کیا ہے؟ ۲۔ وہ قدر و عظمت کی رات تو ہزار مہینوں کے راتوں سے زیادہ متبرک ہے۔ ۳۔ کیونکہ اس رات میں روح (یعنے فرشتۂ وحی) دوسرے ملائک کیساتھ کائناتِ ارضی کے انتظام کیلئے اپنے رب کے حکم سے زمین پر نزول کرتے ہیں ۴۔ بلاشبہ یہ رات صبح ہونے تک امن اور سلامتی سے بھرپور رہتی ہے ۵۔ ف۱ (ع ۱)۔

ف۱ میرا فکر:۔ قیاس یہ کہتا ہے کہ اہلِ مکہ سال میں ایک رات کی بڑی قدر و منزلت کرتے ہونگے اور یہ مقدس رات یقیناً ماہِ رمضان ہی میں پائی جاتی ہوگی۔ شبِ قدر:۔ جسمیں خیر و برکت کا نزول اور مقدراتِ سالِ آیندہ رب العالمین کیجانب سے حکماً ملائکہ کا نزول مانتے ہونگے خواہ وہ سنتِ ابراہیمی کے ہوں یا اہلِ کتاب کے تصورات کے تحت۔ بہرحال اہلِ مکہ لیلۃ القدر کی عظمت کے ضرور قایل تھے۔ لہٰذا ذریعۂ وحی اعلان کیا جارہا ہے کہ "دیکھو! نزولِ قرآن قلبِ محمد پر اسی مبارک رات میں ہوا ہے پس جب تم کو اس رات پر ایمان اور یقینِ کامل ہے کہ اس رات میں انعامات و برکاتِ الٰہی کی تقسیم ہوتی ہے اور نزولِ قرآن شبِ قدر میں روح کا نزول ہوتا ہے تو تمہارے رب نے اسی رات میں یہ فیصلہ کیا ہے کہ بنی اسمٰعیل سے ایک نبی اور رسول کو صاحبِ کتاب بنایا جائے چنانچہ محمد کو اس مقصد کیلئے فضلِ الٰہی نے منتخب کرلیا ہے۔ یہ تو تمہاری دلی تمنا میں تھیں کہ بنی اسحاق میں تو بہت نبی و رسول مبعوث ہوئے لیکن بنی اسمٰعیل اس اعزازِ الٰہی سے ہزارہا سال سے محروم ہے (باقی صفحہ ۱۵۰ پر)

تمنا بنی اسمٰعیل اہلِ کتاب ہونگی۔

ع روح یعنی قرآنی وحی۔ قُلِ الرُّوْحُ مِنْ اَمْرِ رَبِّیْ دیکھو نزول وحی الٰہی اور ملائکہ کا ذکر پہلی مرتبہ آرہا ہے یہ نزول کا مقصد امن و سلامتی ہے نہ کہ شر و فساد۔

(بقیہ صفحہ ۱۴۹) کیا یعقوب تمہارا پشت پناہ نہیں ہے؟ لو اب تمکو اس نعمت عظمیٰ سے سرفرازی بخشی جا رہی ہے۔ یہ سب کچھ لیلۃ القدر ہی میں مقدر ہو رہا ہے۔ پس تم اس جلیل القدر انعام سے خوش ہو جاؤ اور اسکو حاصل کرنے میں سبقت کرو۔ خبردار اس نعمت عظمیٰ سے کفر (انکار) کر کے فیضان الٰہی سے محروم نہ رہنا۔ دیکھو تمہاری ایک ذی تمنا یہ بھی تو تھی کہ "کاش ہم اہل کتاب ہوتے تو بنی اسحاق سے بہتر اپنی کتاب پر عمل کرتے" لو اب اپنے دعوے کو ثابت کرو۔ خبردار تم اپنے نبی اور کتاب کی تکذیب نہ کرنا جیسے کہ اے بنی یعقوب کا وطیرہ رہا ہے۔

شب قدر میں نزول قرآن اس وحی کا اسان ہے۔ جس سے ظاہر ہو رہا ہے کہ اہل مکہ اور اہل کتاب کے عقائد کے لحاظ سے محمدؐ پر وحی الٰہی ہے نہ القائے شیطانی کیونکہ اس رات میں ان ہی کے عقائد کے لحاظ سے شیاطین مقید کر دیے جاتے ہیں۔ اسلئے قرآن میں شیطان کا کوئی دخل ہی نہیں ہو سکتا۔

روح کی حقیقت روح ربّ سبحانہ تعالیٰ کی وہ اکمل صفت ہے جس سے انسان کو نوازا گیا ہے۔ اس صفت الٰہی کو قرآن حکیم نے وحی اور روح ارشاد فرمایا ہے۔ اس قوت الٰہی اور قدرت رب کو عرف عام میں اہل کتاب جبریل کہا کرتے تھے جسکو اہل عرب بھی مانتے تھے۔ پس میں روح، جبریل، ملائکہ و فرشتے ان سب ناموں کو اپنے ربّ سبحانہ تعالیٰ کی مخلوق اور انکے صفات سے تعبیر کرتا ہوں۔ اور ان سب میں روح کو عظیم تر صفت اور قدرت الٰہی مانتا ہوں۔ میرا فکر ان غیر مرئی قوتوں کے متعلق جب کسی مثال کو تلاش کرتا ہے تو میرے سامنے قوت برق، قوت ایتھر دائر ہی آجاتے ہیں جن سے دنیا آج استفادہ کر رہی ہے۔ پس اسی طرح کشف الہام وغیرہ میں اور ان سب میں اعلیٰ مقام وحی کا ہے جو نبی اور رسول کیلئے مخصوص ہے۔ میں سمجھتا ہوں کہ جسطرح ایتھر کو سمجھنا ایک غیر سائنسدان کیلئے ناممکن ہے اسیطرح روح اور نبی کی حقیقت کو سمجھنا غیر نبی اور غیر رسول کیلئے ناممکن ہے[۵]

نزول قرآن حکیم شب قدر میں قرآن حکیم کا نزول شب قدر میں اس وحی کے لحاظ سے نص قرآنی ہے۔ گو وہ مسلسل ۲۳ سال تک دھیرے دھیرے محمد عربی صلعم پر نازل ہوتا رہا۔ اس لئے کہ ہر قانون کے نفاذ کی وہی تاریخ ہوتی ہے جبکہ اسکا اعلان کر دیا جائے خواہ اسکے شائع ہونے میں کتنی ہی مدت کیوں نہ لگے۔ چنانچہ سورہ دخان کی ابتدائی آیتوں میں اگر فکر کیجائے تو معلوم ہوگا کہ "امر ربّ" کا منشا کیا ہے۔ یعنی امر ربّ کن کے ساتھ ہی کارکنان قضا و قدر تکمیل حکم میں مصروف عمل ہو جاتے ہیں۔ اسکے وقت کا شمار ہمارے ایک سال کا نہیں بلکہ ہمارے ایک ہزار یا دس ہزار سال کا وہ ایک دن شمار ہوتا ہے۔ یہاں پر ایک بات قابل غور و فکر ہے کہ بلحاظ روایات و نقایسر اگر شب قدر میں قرآن حکیم لوح محفوظ پر نازل ہو چکا تھا تو آیا وہ نزول وحی کے سلسلہ سے تھا یا موجودہ ترتیب کے لحاظ سے؟ اگر یہ کہا جائے کہ ترتیب موجودہ کے لحاظ سے تھا تو اسکے معنے یہ ہوں گے کہ جبریل نے خلاف سلسلہ نزول لوح محفوظ اسکو مقدم و موخر کر دیا۔ ایسا تو جبریل نہیں کر سکتے تھے۔ لہٰذا یہ ماننا پڑے گا کہ لوح محفوظ پر قرآن کی ترتیب سلسلہ نزول وحی کے لحاظ ہی سے تھی۔ نہ کہ موجودہ ترتیب کے لحاظ سے۔

نسی کی حقیقت اس بات کو ذہن میں رکھیے کہ ۱۰ھ ہجری یعنی حجۃ الوداع تک ملک عرب میں نسی کا طریقہ رائج تھا یعنی شمسی سال ہی میں تمام ہلالی مہینے آتے تھے جس طرح ہندوستان کی جنتری آج تک رائج ہے۔ یعنی ہر تین سال میں تیسرا سال بجائے بارہ ماہ کے تیرہ ماہ کا ہو جاتا۔ اس کو لون کا مہینہ کہتے ہیں۔ چنانچہ اندھرا میں ابتک بھی اسی طرح کا عمل ہے (دوسرے ہندی جنتریوں میں ایک ہی تاریخ میں دو تاریخ جمع کر کے سال کے دس دن کو بڑھا لیا جاتا ہے۔ اس طرح عمل کرنے سے لون کا مہینہ تیسرے سال نہیں بڑھتا۔ اور ہلالی سال و فصلی سال میں مطابقت رہتی ہے) اہل عرب بھی اسی طرح کرتے کہ ہر تین سال میں ایک مہینہ بڑھا دیتے۔ اسی کو نسی کہا جاتا تھا۔ چونکہ عرب میں بعض مہینے حرمت کے ہوتے تھے جس میں لوٹ اور قتل کی سخت ممانعت تھی۔ اور حج اکبر اور حج اصغر کے لئے لوگ سفر کرتے تھے۔ اس لئے اہل عرب نے نسی کا مہینہ ان حرمت کے مہینوں میں ہی قرار دیا تھا۔ یعنی کبھی دو رجب اور

---

[۵] میرا فکر وحی کے متعلق سلسلہ نزول وحی نمبر ۳۱ پر بھی ملاحظہ ہو۔

(بقیہ صفحہ ۱۵۰) کبھی ذوالحجہ۔ یہ ان کی فاسد نیت کا سبب تھا۔ کیونکہ وہ ایک زاید ماہ کو حلال کر دیتے اور دوسرے کو حرام۔ اس طرح حجاج و مسافرین حرمت والے مہینہ سے بے خبر رہتے۔ اور اس بے خبری کا نتیجہ لوٹ و غارت گری میں اہلِ عرب کو آزادی مل جاتی۔

پس۔ وحیِ اوّل مین نزولِ وحی کی تاریخ ۱۷ رمضان مطابق ڈسمبر ۶۱۰ء لکھی گئی ہے۔ گویا رمضان کا مہینہ ہر سال ماہِ ڈسمبر ہی مین رہا کرتا تھا۔ چنانچہ بعض روایات سے ثابت ہوتا ہے کہ مثل اہلِ کتاب کے اہلِ عرب بھی روزہ رکھا کرتے تھے اور وہ ماہ رمضان ہی مین رکھتے تھے۔ حضرت خدیجہؓ اور ورقہ بن نوفل کا روزہ رہنا بھی ثابت ہے۔ اور خود آنحضرت صلعم کا اس ماہ مین روزہ رکھنا۔ اور غارِ حرا مین معتکف ہونا متواتر روایات سے مسلمہ ہے۔

نسی کا طریقہ نزولِ قرآن کے بعد بھی (۲۳) سال تک برابر جاری رہا۔ اور فرضیتِ روزہ ماہِ رمضان کے وقت بھی جاری تھا۔ اور فرضیتِ ماہِ صیام ۲ھ مین ہوئی ہے۔ اس حکم کے بعد مسلسل (۸) سال رمضان بلحاظ طریقہ نسی ماہِ ڈسمبر ہی مین آتا رہا۔ یہان تک کہ حجۃ الوداع مین وحیِ الٰہی نے نسی کو اس طرح منسوخ فرمایا کہ سال کے بارہ ماہ ہی ہونا چاہئے نہ کہ تیرہ ماہ۔ اس حکمِ امتناعی کے بعد آنحضرت صلعم صرف (۹۰) یوم بقیدِ حیات رہے۔ اور وہ بھی بعض اہم امور مین مصروف یا سلسلۂ علالت مین مبتلا۔ اس دنیا سے آپؐ انتقال فرمانے کے بعد اسلام نے حسب سابق قمری مہینون ہی سے سالِ ہجری کے شمار کو باقی رکھا لیکن قدرت کے گردشِ موسم اور تمام کرۂ زمین کے متمدن اقوام کے طریقۂ حساب پر نظر نہین ڈالی۔ اس طرح اسلامی سال ایک علاوہ سال بن گیا۔

قیاس تو یہ کہتا ہے کہ اگر آنحضرت صلعم کو مزید عرصہ اس دنیا مین رہنا ہوتا تو آپؐ ہلالی سال کو فصلی سال مین شاید مثل ایران اور ہندوستان اور یونان کے مقرر فرما دیتے۔

اس خصوص مین میر امیر علی صاحب نے جو مقالہ لکھا ہے جس کو "غریب القرآن" مرتبہ علامہ ابوالفضل مرحوم مین جگہ دی گئی ہے۔ و نیز محمد اجمل خان مصنف سیرۃ القرآنیہ رسول عربی صلعم کی تحقیق ملاحظہ طلب ہے۔

مختصر یہ کہ آنحضرت صلعم اپنی حیات تک رمضان کے روزے ماہِ ڈسمبر ہی مین رکھا کرتے تھے۔ اور رمضان ماہ دسمبر ہی مین آتا تھا۔ آپ کے بعد رمضان کا مہینہ موسم مین گردش کرنے لگا۔

نصاریٰ کے روزے

مخفی مباد کہ نصاریٰ ۱۵ نومبر سے ۲۵ ڈسمبر تک چالیس دن کے روزے اس زمانہ مین رکھتے تھے اور آج بھی عیسائیون کے پاس ان ایام ہی مین روزے رکھے جاتے ہیں۔

سرسری تقویم بطور یادداشت (اقتباس از سیرت قرآنیہ)

تاریخ تولد محمدی :- ربیع الاول ۔ آغاز سنہ محمدی م جون ۵۵۷ء ۔ تاریخ بعثت ۔ رمضان سنہ ۴۱ محمدی م ۱۷ رمضان ۔ م دسمبر سنہ ۶۱۰ء

سنہ آغاز بعثت

دَورِ اول ۔ دعوتِ سرسری ۔ ذیحجہ سنہ ۳ بعثت م فبروری سنہ ۶۱۲ء ۔ دَورِ دوم ۔ دعوتِ جہری ۔ محرم سنہ ۴ بعثت تا رجب سنہ ۵ بعثت م مارچ سنہ ۶۱۲ء تا اکتوبر سنہ ۶۱۴ء ۔ دَورِ سوم دعوتِ جہری و مقاطعہ ۔ شعبان سنہ ۵ بعثت تا محرم سنہ ۶ بعثت م نومبر سنہ ۶۱۴ء تا مارچ سنہ ۶۱۶ء ۔ دَورِ چہارم و مقاطعہ ۔ رجب محرم سنہ ۶ بعثت تا ذیحجہ سنہ ۹ بعثت ۔ مارچ سنہ ۶۱۶ء تا مارچ سنہ ۶۱۹ء ۔ دَورِ پنجم و ختم مقاطعہ و دعوت حوالی مکہ تا ہجرت ۔ محرم سنہ ۱۰ بعثت آخر صفر سنہ ۱۳ بعثت ۔ مارچ سنہ ۶۱۹ء تا ۱۶ جون سنہ ۶۲۲ء

تقویم ہجرت از یکم ربیع اول م ۱۷ جون سنہ ۶۲۲ء بجانب مدینہ ۔ تا وفات نبوی صلعم مطابقت سنہ ہجری و سنہ عیسوی

1st Moharrum without Intercalate

نام مہینہ	یکم محرم	یکم صفر	یکم ربیع اول	یکم ربیع ثانی	یکم جمادی اول	یکم جمادی ثانی	یکم رجب	یکم شعبان	یکم رمضان	یکم شوال	یکم ذیقعدہ	یکم ذیحجہ	
سنہ مطابق	۶۲۳ء	۶۲۳ء	۶۲۳ء	۶۲۳ء	۶۲۳ء	۶۲۳ء	۶۲۳ء	۶۲۳ء	۶۲۳ء	۶۲۳ء	۶۲۳ء	۶۲۳ء	F. 16.7.622
	۱۹ اپریل ؟	×	۱۸ مئی ؟	۱۷ جون پنجشنبہ	۱۶ جولائی جمعہ	۱۵ اگست یکشنبہ	۱۴ ستمبر دوشنبہ	۱۳ اکتوبر سہ شنبہ	۱۱ نومبر پنجشنبہ	۱۱ دسمبر شنبہ	۹ جنوری یکشنبہ	۸ فروری سہ شنبہ	
سنہ مطابق	۶۲۳ء	۶۲۳ء	۶۲۳ء	۶۲۳ء	۶۲۳ء	۶۲۳ء	۶۲۳ء	۶۲۳ء	۶۲۳ء	۶۲۳ء	۶۲۳ء	۶۲۳ء	T. 5. 7.623
	۸ اپریل جمعہ	۷ مئی سنیچر	۶ جون دوشنبہ	۵ جولائی پنجشنبہ	۴ اگست سہ شنبہ	۲ ستمبر جمعہ	۲ اکتوبر یکشنبہ	۳۱ اکتوبر دوشنبہ	۳۰ نومبر چہارشنبہ	۹ دسمبر پنجشنبہ	۲۸ جنوری شنبہ	۲۶ فروری یکشنبہ	۱۷ مارچ سہ شنبہ
سنہ مطابق	۶۲۴ء	۶۲۴ء	۶۲۴ء	۶۲۴ء	۶۲۴ء	۶۲۴ء	۶۲۴ء	۶۲۴ء	۶۲۴ء	۶۲۴ء	۶۲۴ء	۶۲۴ء	S. 24.6.624
	۲۵ اپریل چہارشنبہ	×	۵ مئی جمعہ	۴ جون یکشنبہ	۴ جولائی سہ شنبہ	۲ اگست چہارشنبہ	۲ ستمبر جمعہ	۲۰ اکتوبر شنبہ	۹ نومبر دوشنبہ	۸ دسمبر سہ شنبہ	۱۷ جنوری پنجشنبہ	۱۵ فروری جمعہ	۱۷ مارچ یکشنبہ
سنہ مطابق	۶۲۵ء	۶۲۵ء	۶۲۵ء	۶۲۵ء	۶۲۵ء	۶۲۵ء	۶۲۵ء	۶۲۵ء	۶۲۵ء	۶۲۵ء	۶۲۵ء	۶۲۵ء	Th. 13.6.625
	۱۵ اپریل دوشنبہ	×	۱۵ مئی چہارشنبہ	۱۲ جون پنجشنبہ	۱۳ جولائی شنبہ	۱۱ اگست یکشنبہ	۱۰ ستمبر سہ شنبہ	۹ اکتوبر چہارشنبہ	۸ نومبر جمعہ	۷ دسمبر شنبہ	۶ جنوری دوشنبہ	۴ فروری شنبہ	۶ مارچ پنجشنبہ
سنہ مطابق	۶۲۶ء	۶۲۶ء	۶۲۶ء	۶۲۶ء	۶۲۶ء	۶۲۶ء	۶۲۶ء	۶۲۶ء	۶۲۶ء	۶۲۶ء	۶۲۶ء	۶۲۶ء	T. 2.6.626
	۱۲ اپریل جمعہ	۴ مئی یکشنبہ	۲ جون دوشنبہ	۲ جولائی چہارشنبہ	۳۱ جولائی پنجشنبہ	۳۰ اگست شنبہ	۲۸ ستمبر یکشنبہ	۲۸ اکتوبر سہ شنبہ	۲۶ نومبر چہارشنبہ	۲۶ دسمبر جمعہ	۴ جنوری شنبہ	۳ فروری دوشنبہ	۲۴ مارچ سہ شنبہ
سنہ مطابق	۶۲۷ء	۶۲۷ء	۶۲۷ء	۶۲۷ء	۶۲۷ء	۶۲۷ء	۶۲۷ء	۶۲۷ء	۶۲۷ء	۶۲۷ء	۶۲۷ء	۶۲۷ء	S. 23.5.627
	۱۲ اپریل پنجشنبہ	×	۲۳ مئی شنبہ	۲۳ جون دوشنبہ	۲۱ جولائی چہارشنبہ	۲۰ اگست پنجشنبہ	۱۵ ستمبر جمعہ	۱۸ اکتوبر یکشنبہ	۱۶ نومبر دوشنبہ	۱۶ دسمبر چہارشنبہ	۴ جنوری پنجشنبہ	۱۳ فروری سنیچر	۱۳ مارچ یکشنبہ
سنہ مطابق	۶۲۸ء	۶۲۸ء	۶۲۸ء	۶۲۸ء	۶۲۸ء	۶۲۸ء	۶۲۸ء	۶۲۸ء	۶۲۸ء	۶۲۸ء	۶۲۸ء	۶۲۸ء	W. 11.5.628
	۱۲ اپریل سہ شنبہ	×	۱۱ مئی چہارشنبہ	۱۰ جون جمعہ	۹ جولائی شنبہ	۸ اگست دوشنبہ	۶ ستمبر سہ شنبہ	۶ اکتوبر پنجشنبہ	۴ نومبر جمعہ	۴ دسمبر یکشنبہ	۲ جنوری دوشنبہ	۲۲ فروری چہارشنبہ	۲ مارچ پنجشنبہ
سنہ مطابق	۶۲۹ء	۶۲۹ء	۶۲۹ء	۶۲۹ء	۶۲۹ء	۶۲۹ء	۶۲۹ء	۶۲۹ء	۶۲۹ء	۶۲۹ء	۶۲۹ء	۶۲۹ء	M. 1.6.629
	یکم اپریل دوشنبہ	یکم مئی سہ شنبہ	۳۱ مئی چہارشنبہ	۲۹ جون پنجشنبہ	۲۹ جولائی شنبہ	۲۷ اگست دوشنبہ	۲۶ ستمبر سہ شنبہ	۲۵ اکتوبر چہارشنبہ	۲۴ نومبر جمعہ	۲۴ دسمبر شنبہ	۲۲ جنوری دوشنبہ	۲۰ فروری سہ شنبہ	۲ مارچ پنجشنبہ
سنہ مطابق	۶۳۰ء	۶۳۰ء	۶۳۰ء	۶۳۰ء	۶۳۰ء	۶۳۰ء	۶۳۰ء	۶۳۰ء	۶۳۰ء	۶۳۰ء	۶۳۰ء	۶۳۰ء	F. 20.4.630
	۳ اپریل جمعہ	×	۳ مئی یکشنبہ	۱۸ جون دوشنبہ	۱۸ جولائی چہارشنبہ	۱۶ اگست پنجشنبہ	۱۵ ستمبر شنبہ	۱۴ اکتوبر یکشنبہ	۱۳ نومبر سہ شنبہ	۱۲ دسمبر چہارشنبہ	۱۱ جنوری جمعہ	۹ فروری شنبہ	۱۱ مارچ دوشنبہ
سنہ مطابق	۶۳۱ء	۶۳۱ء	۶۳۱ء	۶۳۱ء	۶۳۱ء	۶۳۱ء	۶۳۱ء	۶۳۱ء	۶۳۱ء	۶۳۱ء	۶۳۱ء	۶۳۱ء	T. 9.4.631
	۹ اپریل چہارشنبہ	×	۹ مئی پنجشنبہ	۷ جون جمعہ	۷ جولائی یکشنبہ	۵ اگست دوشنبہ	۴ ستمبر سہ شنبہ	۳ اکتوبر پنجشنبہ	۲ نومبر شنبہ	یکم دسمبر یکشنبہ	۳۱ دسمبر سہ شنبہ	۲۹ جنوری چہارشنبہ	۲۸ فروری جمعہ
سنہ مطابق	۶۳۲ء	۶۳۲ء	۶۳۲ء	۶۳۲ء	۶۳۲ء	۶۳۲ء	۶۳۲ء	۶۳۲ء	۶۳۲ء	۶۳۲ء	۶۳۲ء	۶۳۲ء	S. 29.3.632
	۲۹ مارچ یکشنبہ	×	۲۸ اپریل سہ شنبہ	۲۷ مئی چہارشنبہ	وفات محمد رسول اللہ صلعم ۱۲ ربیع الاول سلامہ مطابق یکشنبہ ۱۸ جون سنہ ۶۳۲ء								

لے حجۃ الوداع میں نسی کے طریقہ کو (لوگوں کے مہینہ کی وجہ سے تین سال میں (۱۳) مہینہ کا سال ہوا کرتا تھا) حرام قرار دیا گیا جسکے بعد نسی کا طریقہ عرب اسلام میں ختم ہوگیا ۔ ہلالی سال بارہ ۱۲ ماہ کا ہمیشہ کے لئے قرار پایا ۔

آغاز دعوت جہری

یعنی

تبلیغ علانیہ

بحیثیت منذر و مزکی

دورِ دوم

محرم سنہ ۱۱ بعثت تا رجب سنہ ۱۲ بعثت مطابق مارچ سنہ ۶۱۲ء تا اکتوبر سنہ ۶۱۴ء

نام سورۂ **القریش** تعدادِ آیات (۴) تعدادِ رکوع (۱) شمارہ ترتیب موجودہ (۱۰۶) پارہ (۳۰)
شمارہ ترتیب نزولِ وحی بلحاظ تحقیق علامہ محمد اجمل خان (۷) زمانۂ نزول دورِ دوم ۵ سنہ بعثت ۶۱۵ عیسوی
اس سورۃ کے نزول سے متعلق جن محققین نے جو شمارہ اپنی تحقیق میں قرار دیا ہے نقشۂ ذیل سے اسکی صراحت معلوم ہوگی۔

[illegible]	[illegible]	[illegible]	[illegible]	[illegible]	[illegible]	[illegible]	[illegible]	[illegible]	[illegible]	[illegible]	[illegible]	[illegible]
۲۸	۲۸	۲۸	۲۹	۵	۴	۲۰	۳	[illegible]	[illegible]	۲۶	۲۹

توضیحات

شمارہ الحاقی آیات	کون مخاطب ہے یا کونسی مثال ہے	احکام و شریعت و منہاج	میرے فکر و نظر کے موضوعات: موضوع	صفحہ	موضوع	صفحہ
. .	اہلِ قریش	×	قریش کا تجارتی سفر۔ حج کا زمانہ۔ قریش کے باہمی اتحاد کے فوائد۔ نکتۂ رحلت الشتاء والصیف۔ یعنے قریش کے سفرِ تجارت کے راستے جو موسم گرما اور سرما میں استعمال کئے جاتے تھے۔	ف۱		

بِسْمِ اللّٰهِ الرَّحْمٰنِ الرَّحِيْمِ

اے اہلِ قریش! کیا تم کو اتحاد و اتفاق باہمی کے خیر و برکات کے نتائج یاد نہیں؟ ۱ جسکا نتیجہ تمہارے تجارتی قافلوں کا سردی اور گرمی میں امن اور سلامتی کیساتھ گذرتے رہنا ہے ۲ پس اس روشنی میں تم کو اس بات کا احساس ہونا چاہیئے کہ اسی طرح متحد ہو کر خانۂ کعبہ کے مالک یعنے اللہ۔ ربِّ کعبہ کے احکام کی فرمانبرداری کیلئے کمربستہ ہو جاؤ ۳ تم جانتے ہو کہ اسی اتحاد کا نتیجہ تو تمہارے سامنے ہے کہ تجارتی راستے کھل جانیکی وجہ تم کو فاقہ کشی سے نجات ملی اور ربِّ کعبہ نے اپنی رحمت اور برکت امن اور سلامتی سے نوازا ۴ ف

ف۱ میرا فکر:۔ گذشتہ وحی میں بنی اسمٰعیل یعنے اہلِ قریش پر انعامِ الٰہی کے آغاز کا ذکر کیا گیا ہے۔ یعنے اہلِ کتاب بنا دینے کا۔ اس وحی میں اہلِ قریش کو ہاشم عبدِ مناف کا وہ معاہدہ یاد دلایا جا رہا ہے جو اس نے اہلِ قریش کے تجارتی قافلوں کے امن و امان کی ضمانت کیلئے اطرافِ عرب کی خود مختار سلطنتوں سے حاصل کیا تھا جسکے بعد قافلوں کو اپنی حفاظت میں شام اور مصر و روم، عراق و فلسطین وغیرہ شمال جنوب اور مشرق و مغرب بلا کھٹکے لے جاتے اور امن سلامتی کے ساتھ (باقی صفحہ ۱۶۰ پر)

قریش کا تجارتی سفر حج کا ہمیشہ ماہِ مارچ میں ہوتا

ع اس وحی سے ثابت ہوتا ہے کہ حج اکبر ماہ مارچ میں اور حج اصغر ماہ ستمبر پر زمانۂ اعتدالِ شمسی ہوا کرتا تھا۔
(ذیحجہ ماہ مارچ میں) (صفر ماہ ستمبر میں)

(بقیہ سیر افکر صفحہ ۱۵۵) واپس ہوتے چونکہ باہم متحد ہو کر تمام اہل مکہ نے یہ معاہدہ کیا تھا۔ اور باہمی اتحاد ہی کے ساتھ انکے قافلے تجارتی موسم گرما یعنے بعد رجب مارچ اپریل میں ملک شام کی طرف سفر کرتے۔ جہاں وہ شدت گرمی سے بھی محفوظ رہتے کیونکہ یہ حصہ سرد ملک کا تھا۔ جیسے کشمیر اور موسم سرما میں یمن وغیرہ کی طرف جاتے جو معتدل گرم رہتا۔ اس طرح نہ صرف تجارت کے کاروبار منفعت بخش تھے بلکہ اہل قریش کا ہر مقام پر عزت و احترام بھی ملحوظ رکھا جاتا تھا۔ کیونکہ دیگر ممالک کے قافلوں کی حفاظت بھی اہل قریش کے ذمہ تھی کہ وہ لوٹ اور غارت گری سے محفوظ رہتے تھے دیکھئے نقشہ رحلۃ الشتاء والصیف پہلی صدی عیسوی کا جس سے معلوم ہوگا کہ شہر مکہ تجارتی نقطہ نظر سے کس طرح خشکی کا بندرگاہ تھا۔ جہاں سے چین۔ ہند۔ ایران کے قافلے مغرب میں تجارت کے لئے لازماً گذرا کرتے تھے۔ اور اسی طرح مغرب اور شمال کے تجارتی قافلوں کا حال تھا۔ آپ جانتے ہیں کہ عرب کشتی رانی میں بھی کامل مہارت رکھتے تھے۔ اسلئے دریائی سفر بھی انکی امداد کے بغیر نہیں ہو سکتا تھا۔ اس طرح بحرہ عرب خلیج عمان و فارس اور بحر قلزم کے سفر میں انکی محتاجی تھی اسلئے نہ صرف مکہ خشکی کا بندرگاہ تھا بلکہ سمندری سفر میں بھی عرب کی بندرگاہیں تھیں۔ یہی وجہ تھی کہ خانۂ کعبہ تمام مذاہب عالم کے انہوں سے معمور تھا۔ کرۂ زمین پر ایسا مرکزی معابد اور کوئی نہ تھا جس کی شہادت آپ کو نقشۂ جغرافیہ سے مل سکتی ہے۔

ہاشم عبد مناف کے معاہدہ کے بعد کمی مسافت کے جو راستے قریش نے قایم کر لئے تھے وہ بھی اس نقشہ سے ظاہر ہو سکتے ہیں۔ غور کیجئے کہ محمد عربی صلعم نے اپنے سن شعور سے چالیس سال کی عمر تک بحیثیت ایک متلاشی راہ ہدیٰ اور ایک مفکر و مفہم ہر ملک کے مسافروں سے میل جول پیدا کر کے دیگر ممالک کے مذاہب۔ تمدن اور معاشرت۔ اور انسانی زندگی کے ہر شعبۂ حیات سے متعلق کس قدر معلومات اپنے ذہن مبارک میں محفوظ فرمایا ہوگا۔

اتحاد کا ابتدائی سبق قریش کے باہمی اتحاد کی مثال

نزول وحی کا زمانہ قریش کیلئے انتہائی پریشان کن تھا کیونکہ روم۔ ایران وغیرہ کی جنگوں کی وجہ مکہ کی تجارتی اور معاشی حالت پر اثر پڑا تھا۔ حجاج کی آمد و رفت اور تجارتی کاروبار میں کمی ہو رہی تھی جسکی وجہ سراسیمگی بڑھ رہی تھی اس موقع پر وحی الٰہی جہری یعنے اعلان عام کے ذریعہ قریش کو اتحاد کے نتایج یاد دلا کر متنبہ کر رہی ہے کہ "تم کو رب کعبہ پر تو ایمان کامل ہے نا؟ اور اپنے جد امجد ابراہیم کی دعاؤں پر بھی۔ تو ابراہیم نے اللہ واحد ہی کی پرستش اور عبادت کیلئے کعبہ کی تعمیر کی تھی۔ پس یہ وحی الٰہی بھی تو رب کعبہ ہی کی طرف سے نازل ہو رہی ہے! اور تم کو بتلایا جا رہا ہے کہ اگر تم متفق و متحد ہو کر محمد بن عبد اللہ کو رب کعبہ کا رسول مان لو۔ اور وحی رب کعبہ کے بتلائے جانے والے طور طریق پر چلنے کمربستہ ہو جاؤ تو پھر انعامات رب کعبہ تم کو بیحد و بے حساب ملیں گے" اس کیلئے تم کو چاہئے کہ انانیت سے دور رہ کر اپنے باپ دادا کے غلط تصورات کو چھوڑ کر ظلم کے بجائے رحم۔ حجاج کو ستانے کے بجائے تلطف و مہمان نوازی قتل و غارتگری کے بجائے امن و سلامتی۔ غلاموں کو تکلیف دینے کے بجائے شفقت۔ بے سہارا کو سہارا۔ اور بھوکوں کو کھانا دینے کیطرف ہمارے رسول کی رہنمائی میں اسکے مددگار ہو جاؤ۔ اس طرح رب کعبہ کی صحیح طریقے پر عبادت یعنے فرمان برداری پہلے سے زیادہ تم کو بھوک و خوف سے امن و امان دے گی"۔

نقشہ مشرق وسطیٰ پہلی صدی عیسوی تجارتی راستے خشکی و تری



اہل عرب اور اہل قریش کے جدید راستے و نیز قریش کا رحلت الشتاء (یعنی موسم گرما کا شمالی سفر) اور رحلت الصیف (یعنی موسم سرما کا جنوبی و مشرقی سفر)

علامات

شمالی سفر مکہ سے رحلت الشتاء ——— اہل قریش و عرب کے جدید راستے چھٹی صدی عیسوی کے - - - - - -

جنوبی و شمالی سفر مکہ سے رحلت الصیف × × × × × پہاڑ ⌇⌇⌇ شہر و بندرگاہ ○ ▫ دریا ~~~

سمندری راستہ ○ ○ ○ ○ ○

نام سورہ **اللیل** تعداد آیات (۲۱) تعداد رکوع (۱) شمارہ ترتیب موجودہ (۹۲) پارہ (۳۰)
شمارہ ترتیب نزول وحی بلحاظ تحقیق علامہ محمد اجمل خان (۸) زمانۂ نزول۔ دورِ دوم۔ سنہ بعثت ۶۱۲ عیسوی
اس سورۃ کے سلسلۂ نزول سے متعلق جن محققین نے جو شمارہ اپنی تحقیق میں قرار دیا ہے نقشۂ ذیل سے اسکی صراحت معلوم ہوگی۔

نام محققین / شمارہ بلحاظ ترتیب نزولِ وحی۔	[illegible]	[illegible]	[illegible]	[illegible]	[illegible]	[illegible]	[illegible]	[illegible]	[illegible]	[illegible]
	۸	۸	۲	۹	۱۱	۱۰	۱۶	۱۵	۳۷	۹	۹

توضیحات

شمارہ الحاقی آیات	کون مخاطب ہے یا کونسی مثال ہے	احکام و ہدایت و منہاج	میرے فکر و نظر کے موضوعات			
			موضوع	صفحہ	موضوع	صفحہ
	اہل قریش اور عام انسان بھی		ہر انسان کیلئے کسب معاش کا ذریعہ علیحدہ علیحدہ ہوا کرتا ہے۔ مصیبت کے بعد ہی آرام ملا کرتا ہے منکرین حق و انصاف کی تباہ حالی۔ قانون صرف مجرم کو سزا دیتا ہے۔ سزا پانے والا ہی جہنم کا مستحق ہے یہ کیسی بدبختی ہے۔ دین کی نیکی کیا ہے؟	ف ۱ ۱۵۹ تا ۶۰	قرآن کی تعلیم کا اساس تعلیم قومیت ہے۔	

بسم اللہ الرحمٰن الرحیم

وہ رات کی تاریکی جو دن کی روشنی پر چھا جائے ۱ اور وہ دن کی روشنی جب تاریکی کو مٹا دے ۲ اور وہ ربِ خالق جس نے نر اور مادہ سے تخلیقِ انسانی و حیوانی کا قانون بنا دیا ہے۔ کیا یہ سب کچھ کھلے طور پر تمہارے مشاہدہ کیلئے کافی نہیں؟ ۳ پس اسی طرح تم لوگوں کی کوششیں بھی مختلف طور طریق پر ہیں ۴ لہٰذا جس نے خوشنودیٔ خدا کیلئے ایثار اور قربانی کی اور تقویٰ کیا (یعنے رب کے احکام کے نافرمانیوں کے نتائج سے ڈرا) ۵ اور حق بات پر غور و فکر کیا ۶ بے شک اس کے مستقبل کو آسانیوں کا حامل اللہ کر دے گا ۷ ف ۱ برخلاف ایثار و قربانی کے جس نے

ف ۱۔ میرا فکر:۔ وحی (۷) کے بعد اس وحی کے سلسلہ پر غور کیجئے۔ خصوصاً میرے فکر وحی (۷) پر معلوم ہوگا کہ کسب معاش ہر انسان کا الگ الگ اہلِ قریش اور تمام مخاطبین وحی کو رات اور دن کی مثال (باقی بحوالہ ۱۵۹ ف ۲)

بخل کیا۔ اور مفادِ قوم سے بے پرواہ ہو کر ذاتی مفاد کو ترجیح دی ۸۔ اور نیک و حق نصیحت کو جھٹلایا اور اس پر عمل کرنے سے انکار کیا ۹۔ یاد رکھو کہ اس کا نتیجہ یقینی یہ ہے کہ اسکا مستقبل تاریک کر دیا جائے ۱۰ ف۲ کیا انسان اتنی سی بات پر بھی غور و فکر نہیں کرتا کہ جب وہ اپنے جرم کی سزا میں گرفتار ہوگا تو اسکا مال اس وقت اسکے کچھ بھی کام نہ آئے گا ۱۱۔ یاد رکھو کہ ہر شخص اپنے کئے کا ذمہ دار ہے۔ ہمارا رسول تو اس وحی کے ذریعہ راہِ ہدایت بتلا رہا ہے ۱۲۔ (ماضی اور حال اور مستقبل) دنیا اور آخرت تو ہماری ہی بنائی ہوئی ہے ۱۳ ف۳ اچھی طرح سمجھ لو کہ عذاب کی بھڑکتی ہوئی آگ سے تم کو آگاہ کیا جا رہا ہے ۱۴۔ اور تم تو اس بات سے اچھی طرح واقف ہی ہو کہ جو کوئی عذاب میں داخل ہوگا وہ بڑا ہی بدبخت ہوگا ۱۵۔ ظاہر ہے کہ وہ بدبخت تو اسی لئے بن جاتا ہے کہ وہ حق بات کو جھٹلاتا ہے۔ اس سے انکار کرتا ہے۔ اور دعوتِ غور و فکر سے

(بقیہ میرا فکر صفحہ ۱۵۸) حق و باطل کیلئے دیکر سمجھایا جا رہا ہے کہ جس طرح قانونِ قدرت نر و مادہ یعنی مثبت و منفی کے ذریعہ ارتقاءِ زندگی کے مد و جزر کی شہادت دی جا رہی ہے اسی طرح یہ بھی بتلایا جا رہا ہے کہ انسان فرداً فرداً شعبۂ حیات میں مختلف عمل، خیال و تصور کا حامل ہوتا ہے وہ ہرگز مثل جانور کے ایک ہی فطرت نہیں رکھتا کیونکہ اسکو قوتِ فکر یہ دیجا کر کرۂ زمین کے ہر ذی حیات سے ممتاز گردانا گیا ہے۔ لہٰذا جو قوم عملِ پیہم اور اتحادِ عمل و تصورِ خیال میں متحد و متفق ہو کر ایثار و قربانی۔ جانی و مالی کرتی ہے۔ اور خدا کے بتلائے ہوئے اخلاقِ حسنہ کے

ابتدائی سبب حصولِ آزادی اور بعد میں آرام

علاوہ کرنے سے اسکے نتائج بد سے خائف ہو کر حق اور صداقت کے بتلائے ہوئے طور طریق پر ہمہ تن متوجہ ہو جاتی ہے۔ تو اسکے نتائج مستقبل میں درخشاں ہوتے ہیں۔ اور دشواریاں دور کر کے اسکے لئے قدرت آسانیاں مہیا کر دیتی ہے۔ یاد کرو تمہارے زمانۂ ماضی کے سفرِ گرما و سرما کے معمولی کامیابی کے نتائج۔ اب اس سے بڑھ کر تم کو اہلِ کتاب بنا کر کامیابی دلانا قدرت چاہتی ہے۔

ف۲۔ میرا فکر:۔ ان تین آیتوں میں مفادِ قوم سے لاپروائی کرنے والوں اور ذاتی منفعت کے خود غرضوں کو بتلایا جا رہا ہے کہ

حق و انصاف کے منکرین کی تباہی

جب تم حق بات سے انکار کرتے ہو اور ظلم و ستم سے باز نہیں آتے۔ تباہ حال قوم کے افراد کی تم کو کوئی پروا نہیں۔ غلاموں کے ساتھ تمہارا ظالمانہ برتاؤ کم نہیں ہوتا مساکین اور محتاج کا لوٹ کھسوٹ سے تم کو بچنا منظور نہیں ہے تو اس کا نتیجہ تم کو سمجھ لینا چاہئے کہ تمہارا مستقبل تاریک سے تاریک ہو کر رہیگا کیونکہ یہ ایک ہماری مقررہ سنت یعنی بنایا ہوا قانون ہے کہ جو قومیں حق و انصاف کی پروا نہیں کرتیں تو انکو تباہ کر دیا جاتا ہے۔

ف۳۔ میرا فکر:۔ پھر وحیِ الٰہی انسان کو دعوتِ فکر و غور دے رہی ہے کہ:۔ تم دیکھتے ہو کہ اسی دنیا میں مجرم کو جب

قانون مجرم ہی کو سزا دیتا ہے

عدالت سزا دیتی ہے تو اس وقت اس کا مال اس کی دولت کچھ بھی کام نہیں آتی اور نہ کوئی دوسرا شخص چاہے وہ باپ ہو۔ یا بیٹا۔ ماں ہو یا شوہر۔ چاہے وہ بادشاہ کا بیٹا ہو۔ یا ایک غریب مرتکبِ جرم ہی کو سزا بھگتنی پڑتی ہے۔ کوئی دوسرا اسکی سزا کا ذمہ دار قرار نہیں دیا جا سکتا (باقی بر صفحہ ۱۶۰)

منہ پھیر لیتا ہے ۱۶ ف۴ برخلاف اسکے جو متقی ہوگا اس کو آگ سے بچا لیا جائیگا ۱۷ کیونکہ اس نے اللہ کی دعوتِ حق پر غور و فکر کر کے ایثار و قربانی سے اپنی اور اپنی قوم کی حفاظت کر لی تھی ۱۸ پھر وہ اپنے عمل کا دوسرون پر احسان بھی نہین جتلا رہا تھا ۱۹ بلکہ جو کچھ کرتا تھا اپنے فرض کو فرض جانکر اپنے رب کی مرضی کے تحت کرتا تھا ۲۰ پس وہ یقینی مستقبل مین مسرور ہوگا ۲۱ ف۵ ۔

(بقیہ صفحہ ۱۵۹) اور نہ اسکا مال سزائے جرم کے بدلے مین قابلِ قبول ہو سکتا ہے پس ہمارا رسول تم کو تمہارے عقل و فہم کے لحاظ ہی سے دعوتِ فکر دے رہا ہے اور آیندہ بھی دیتا رہیگا کیونکہ ماضی حال اور مستقبل کا قانون تو ہم ہی نے بنا دیا ہے اسکے خلاف کچھ نہین ہو سکتا۔ جس کا ثبوت جب تم دنیا مین دیکھ رہے ہو کہ ہر شخص اپنی کمائی اور گنوائی۔ فایدہ اور نقصان۔ اچھائی اور بُرائی کا ذمہ دار ہے تو پھر کیون آخرت کے معاملہ پر غور نہین کرتے۔

ف۴۔ میرا فکر:۔ ظاہر ہے جیل خانہ مین کوئی خوش نصیب تو داخل نہین ہو سکتا جو کوئی بھی سزا بھگتا ہے اسکو دنیا بدبخت ہی کہتی ہے اور یہ بھی ظاہر ہے کہ جو کوئی سزا پاتا ہے وہ اپنی بدکرداری ہی کی وجہ سے پاتا ہے اسکے بزرگ والدین۔ سرپرست اور سلح تو اسکو بُرائیون کے کرنے سے ہمیشہ روکا ہی کرتے تھے لیکن اسنے سچائی۔ حق و نصیحت پر غور نہین کیا۔ محض ذاتی غرض و منفعت کیلئے اُس نے جرم کیا تو اسی کا خمیازہ اُسی کو بھگتنا پڑتا ہے۔ جیسی صورت تو تم روزمرہ اپنی زندگی مین مشاہدہ کرتے ہی رہتے ہو۔ پھر احکامِ خدا کی نافرمانیون کے نتایج تو ظاہر ہین کہ ایک بھڑکتی ہوئی آگ سے بھی زیادہ عذاب کا مستحق بنا دیتے ہین۔ غور کر لو! اور اچھی طرح غور کر لو کہ تمہاری خود غرضیان تم کو دنیا و آخرت مین تباہ کر دین گی! اور اس تباہی کے گڑھے مین گرنے والا سوائے بدبخت کے اور کون ہو سکتا ہے۔

ف۵۔ میرا فکر:۔ اور پھر تم خود غور کر لو کہ جو عذابِ دنیا و آخرت سے بچا لیا گیا وہ کس قدر خوش قسمت ہوگا کیون بچا لیا جاتا ہے؟ نیکی ہی کیا ہے؟ اسی لئے تاکہ خدا کے قانونِ مقررہ کی خلاف ورزی کے نتایج سے ڈرا اور اپنی قوم کیلئے ایثار و قربانی کی۔ یعنے بے سہارا لوگون کو سہارا دیا بھوکون کو کھانا کھلایا قوم مین زندگی پیدا کرا دینے کیلئے دامے۔ درمے۔ قدمے سخنے۔ قلمے ہر قسم کی سعی و کوشش کی پھر اپنے اس عمل سے دوسرون پر احسان بھی نہ جتلایا۔ بلکہ جو کچھ کیا اسکو اپنے رب کی مرضی اور حکم سمجھکر کیا اور اپنے فرض کو فرض جانکر پورا کیا اور یہ سمجھکر کیا کہ میری تخلیق مین میرے رب کی یہی مرضی ہے کہ آدمی انسانیت کے درجہ مین داخل ہو جائے اور ہر فرد جماعت کا فرض یہ ہے کہ وہ خدمتِ خلق اللہ مین سعی پیہم کرے۔ چونکہ میری پیدائش مین میرے خالق کی مرضی اسی طرح مضمر ہے۔ پس مجھ کو اپنا فرض ادا کرنا چاہیے اثر آگے کچھ نہین۔ اس طرح عمل کا نتیجہ یہ ہوتا ہے کہ نہ صرف اس فرد کو مستقبل مین انعاماتِ الٰہی سے سرفرازی ہوتی ہے بلکہ اُس کی قوم بھی کامیاب و کامران ہو جاتی ہے۔

قرآن کی تعلیم کا اساس تنظیم قومیت ہے ایک بات ذہن مین رکھنے کی ہے کہ قرآن حکیم ایک فرد کو حکم دیتا ہے کہ وہ افراد کی بھلائی کرے۔ کیونکہ انعاماتِ الٰہی کیلئے قرآن جماعت کو پسند کرتا ہے نہ کہ فرد کو۔ تمام قرآن کا مطالعہ کرو تو کہین بھی انفرادیت سے خطاب نہین ہے بلکہ اجتماعیت ہی کو وہ مخاطب کرتا ہے۔ ظاہر ہے کہ فردی عزت عظمت خوشحالی مسرت اسکی قوم اور جماعت سے وابستہ ہے اور اسی طرح اسکی ضد ہے پس قرآن کی مخاطب جماعت ہے نہ کہ انفرادیت۔ اسی لئے اس وحی مین (بلکہ تمام قرآن مین) یہی بتلایا جا رہا ہے کہ سرمایہ دار اپنی دولت کو ضرورت مندون محتاجون اور بھوکون ننگون کیلئے خرچ کرین اور غیر سرمایہ دار اپنے کردار اور عملِ پیہم سے دوسرون کی خدمت کرین۔ تاکہ قوم سربلند ہو جائے اسلام کا اساس میرے فکر مین یہی آتا ہے کہ ذہنی غلامی سے آزادی حاصل کر لو۔ نیک کردار بنکر عملِ صالح مین رات دن لگ جاؤ۔ تاکہ تم جہالت کی تاریکی سے نکل کر آزادی کی روشنی مین آجاؤ۔

نام سورہ **العادیات** تعدادِ آیات (۱۱) تعداد رکوع (۱) شمارۂ ترتیب موجودہ (۱۰۰) پارہ (۳۰)
شمارۂ ترتیب نزولِ وحی بلحاظ تحقیق علامہ محمد احمد خان (۹) زمانۂ نزول ۔ دورِ دوم ۔ سنہ بعثت ۵ ۔ سنہ ۶۱۵ عیسوی۔
اس سورۃ کے سلسلۂ نزول سے متعلق جن محققین نے جو شمارہ اپنی تحقیق میں قرار دیا ہے نقشۂ ذیل سے اسکی صراحت معلوم ہوگی۔

نام محققین	[illegible]	[illegible]	[illegible]	[illegible]	[illegible]	[illegible]	[illegible]	[illegible]	[illegible]	[illegible]
شمارۂ ترتیب نزولِ وحی	۱۴	۱۳	۱۳	۱۴	۲	۳۰	۳۴	۸	۳۱	۹۷	۱۴

توضیحات

شمارۂ الحاقی آیات	کون مخاطب ہے یا کونسی مثال ہے	احکام و شریعت و منہاج	میرے فکر و نظر سے موضوعات			
			موضوع	صفحہ	موضوع	صفحہ
×	اہلِ عرب		عربی گھوڑون کی قسم کا مقصد ۔ سرمایہ داری کی مذمت ۔	ف۱ ف۲		

بِسْمِ اللّٰہِ الرَّحْمٰنِ الرَّحِیْمِ

اے اہلِ عرب!! کیا تم کو سرپٹ دوڑنے والے گھوڑون کی شہادت کافی نہین جو انتہائی دوڑ مین ہانپ جاتے ہین ۱ اور جن کی تیز دوڑ اُن کے ٹاپون سے انگار کی چنگاریان پیدا کرتی ہے ۲ انہی پر سوار ہو کر تو تم اچانک صبح ہوتے ہوتے اپنے دشمن کو جا لیتے ہو ۳ گھوڑون کی دوڑ سے جو گرد و غبار پیدا ہوتا ہے اس کی وجہ تم اپنے دشمن کی نظرون سے اوجھل رہتے ہو ۴ اور اس طرح تم ان پر حملہ آور ہو جاتے ہو ۵ انسان تو اپنے رب کا بڑا ہی ناشکر گذار ہے ۶ کہ وہ ان نعمتون سے استفادہ کے بعد بھی شکر گذاری نہین کرتا ۷ ف بلکہ وہ تو مال کی محبت مین مگن رہتا ہے ۸

ف۱۔ میرا فکر:۔ اہلِ عرب کی بہادری اور سورمائی مین عربی النسل گھوڑون کو بڑا دخل تھا۔ چنانچہ تاریخ بتلا رہی ہے کہ عرب اپنے گھوڑون کو اپنی اولاد سے زیادہ عزیز رکھتے تھے۔ اہلِ عرب کی شاعری۔ ان کی بہادری اور سورمائی کی تعریف گھوڑون کو شامل کئے بغیر مکمل نہین ہوتی تھی۔ پس اس وحی کے ذریعہ ان کو بتلایا جا رہا ہے کہ جس مخلوق کو۔ یعنے گھوڑون کو تم عزیز رکھتے ہو اور ان کی عظمت کرتے ہو۔ وہ بھی تو تمہارے رب ہی کی مخلوق ہے۔؟ دیکھو تم تو ان گھوڑون کی وجہ اچانک اپنے دشمن پر حملہ کر دیتے ہو۔ اور ان کو خبر بھی نہین ہوتی۔ گھوڑون کی تیز رفتاری پر تم کو ناز ہوتا ہے۔ اور پھر ان کی وفاداری پر تم کو کامل بھروسہ بھی ہے۔ چونکہ ان سے تمہارے بہت سے فواید وابستہ ہین۔ اسلئے تم (باقی بر صفحہ ۶۲)

عرب کے گھوڑون کی قسم کا مطلب

کیا انسان کو اتنا بھی خیال نہین آتا کہ جو کچھ وہ زمین مین مال و دولت دفن کرکے رکھتا ہے وہ تو ہمیشہ کیلئے محفوظ نہین رہ سکتا۔ بلکہ وہ کبھی نہ کبھی ظاہر ہی ہوکر رہے گا ۹۔ اور اسی طرح دلون کے فاسد تصورات بھی ظاہر ہوکر رہین گے ۱۰۔ یاد رکھو کہ وہ جو کچھ کرتے ہین ان کا رب تمام باتون سے باخبر ہے ۱۱ ع ۔ ف۲

(بقیہ صفحہ ۱۶۱) ان کو عزیز رکھتے ہو۔ اور محبت کرتے ہو۔ پس اللہ کی مخلوق کی شہادت تمہارے لئے کیا کافی نہین؟ غور کرو کہ جس اللہ کی مخلوق سے تم کو اس قدر منفعت حاصل ہوتی ہے اس کے پیدا کرنے والی ذات ربِ کعبہ خالقِ کائنات کا تم ذرا بھی تو شکر ادا نہین کرتے۔

ف۲ ۔ میرا فکر:۔ دیکھو ہماری اس مخلوق۔ یعنے گھوڑون ہی کی معاونت سے جو کچھ دولت تم حاصل کرتے ہو اس مال سے تم دوسرے حاجت مندون۔ بے سہارا (یتیم) کی کچھ مدد نہین کرتے۔ اور نہ مفادِ قوم و ملت کے لئے کچھ خرچ کرتے ہو۔ بلکہ روپے کی محبت مین مگن اس کو دفنا کر رکھنا تم کو محبوب و مرغوب ہے۔ اگر تم ہماری دی ہوئی دولت کو خرچ بھی کرتے ہو تو محض اپنے نام و نمود۔ شہرت و عزت کی خاطر غیر مستحقین پر۔ جو نہ قوم کے لئے اور نہ ملت کے افراد اور ضرورت مندون کے لئے کوئی کار آمد ہوتا ہے۔ یاد رکھو! اور اچھی طرح سمجھ لو کہ جب وقت موعود (یعنے بُرائی کا وقت) آئے گا تو تم دیکھ لوگے کہ زمین تمہارے دفینے دشمنون کے آگے اُگل دے گی۔ اور تم چیخ اٹھوگے کہ ہائے آج ہماری دولت ہمارے لئے مصیبت بن گئی۔ بلکہ وبالِ جان ہو رہی ہے۔ کاش ہم اس کو مفادِ قوم و ملت اور حاجت مندون پر خرچ کئے ہوتے تو آج یہ روز بد ہم کو نصیب نہ ہوتا۔ ان تمہارے تصورات کو تم خود چیخ چیخ کر واویلا مچاؤگے۔ بلاشبہ مستقبل کو تمہارا رب ہی خوب جانتا ہے۔ تمہارا رب تو ماضی۔ حال۔ مستقبل کی تمام باتون کو جو تمہارے دل مین ہین جانتا ہی ہے۔

سرمایہ داری کی مذمت

ان آیات کی تفسیر مین نے پولیس ایکشن حیدر آباد کے وقت اپنے کانون سُنی اور آنکھون دیکھی ہے۔ "ذالک الکتاب لا ریب فیہ"۔

دیکھو وحی (۷) منفعتِ تجارت کو بتلا رہی ہے۔ اور آٹھوین وحی انسان کے مختلف کسبِ معاش کے طریقون کو ظاہر کر چکی ہے۔ اب یہ توین وحی سرمایہ دارون کو بلا مصرف کے مال و زر تجوریون مین بند رکھنے کے مضرات کو بتلا رہی ہے۔

سورۂ **الزلزال** تعداد آیات (۸) تعداد رکوع (۱) شمارۂ ترتیب موجودہ (۹۹) پارہ (۳۰)۔
شمارہ ترتیب نزول وحی بلحاظ تحقیق علامہ محمد اجمل خان (۱۰) زمانۂ نزول۔ دورِ دوم۔ سنہ ۵ بعثت سنہ ۶۱۵ عیسوی
اس سورۃ کے سلسلۂ نزول سے متعلق جن محققین نے جو شمارہ اپنی تحقیق میں قرار دیا ہے نقشۂ ذیل سے اسکی صراحت معلوم ہوگی۔

نام محققین	[illegible]	[illegible]	[illegible]	[illegible]	[illegible]	[illegible]	[illegible]	[illegible]	[illegible]	[illegible]
شمارہ ترتیب نزول وحی	۹۲	۹۴	۹۲	۶	۳	۲۵	۳۰	۹	۲۱	۹۵	۹۳

توضیحات

شمارۂ الحاقی آیات	کون مخاطب ہے یا کونسی مثال ہے	احکام و شریعت و منہاج	میرے فکر و نظر کے موضوعات			
			موضوع	صفحہ	موضوع	صفحہ
۲	قریش اہل عرب نیز تمام انسانیت		سرمایہ داری کا زلزلہ؟ قدرتی زلزلہ۔	ف ۲ ف		

بِسْمِ اللّٰہِ الرَّحْمٰنِ الرَّحِیْمِ

غور کرو کہ ــ جب زمین میں زلزلہ ہوتا ہے تو وہ لرزنے لگ جاتی ہے۔ ہلنے لگتی ہے۔ پھٹ جاتی ہے جس کو تم دیکھتے اور سنتے ہی ہو ۱۔ پھر یہ بھی تم کو معلوم ہے کہ زلزلہ کی وجہ وہ اپنے اندر کے مدفون خزانہ کو اوگل دیتی ہے۔ یعنے باہر نکال ڈالتی ہے ۲۔ اس کیفیت کو دیکھکر انسان بے اختیار چیخ اٹھتا ہے کہ آج اس زمین کو کیا ہوگیا ۳۔ یاد رکھو کہ اُس دن تو زمین وہ سب کچھ ظاہر کر دے گی جس کو تم نے اس میں پوشیدہ رکھا تھا ۴۔ تم جانتے ہی ہو کہ یہ سب کچھ اسی لئے ہوگا کہ ربِّ زمین یعنے اللہ اس کو اس طرح کرنے کا حکم دے گا ۵۔ ف پھر تو اس دن لوگ گروہ در گروہ ہوکر اپنے رب کے حضور میں حاضر ہونگے۔ تاکہ ان کو ان کے اعمالِ گذشتہ سے باخبر کیا جائے ۶۔ یاد رکھو کہ ہر شخص اُس دن اپنی زندگی کی ذرہ برابر

ف۱۔ میرا فکر:۔ اس وحی میں بتلایا جا رہا ہے کہ زلزلۂ زمین کی وجہ تمہارے مدفون خزانے باہر نکل پڑیں گے۔ جو تم گھروں میں زمین کھود کھود کر اپنے دفینوں کو پوشیدہ رکھا کرتے ہو۔ وہ زمین اُگل دے گی۔ تم تو اکثر دیکھتے اور سنتے ہو کہ زلزلہ کی وجہ زمین لرزنے لگتی ہے۔ اندر کے مدفون خزانے اوپر آجاتے ہیں ــ غار پڑ جاتے ہیں اس حالتِ سراسیمگی کو دیکھ کر انسان بے اختیار زبان سے کہہ اٹھتا ہے کہ آج اس زمین کو کیا ہوگیا؟ تم تو جانتے ہی ہو زمین اور آسمان کا رب وہی ربِّ کعبہ ہے جو تمام قوموں کا رب ہے۔ پس اُس کے حکم کی تعمیل میں زمین زلزلہ کو (باقی بر صفحہ ۱۶۴)

سرمایہ داری کا زلزلہ

نیکی کو بھی وہاں دیکھ لے گا ۷ اور اسی طرح ذرہ برابر بُرائی کو بھی اپنے سامنے موجود پائے گا ۸ ع۔ ف۲

(بقیہ صفحہ ۱۶۳) پیدا کر لیتی ہے۔ یہ تو نزولِ وحی کے وقت کا مفہوم ہو سکتا ہے۔ لیکن فی زمانہ غور کرو تو معلوم ہوگا کہ انسان جو سرمایہ داری کا شیدا ہے۔ اپنی دولت کو تجوریوں میں محفوظ کرتا جاتا ہے جب کسی قوم کی مغلوبیت کا زلزلہ پیدا ہو جاتا ہے تو فاتح تجوریاں اور زمین کے مدفون خزانے توڑ پھوڑ اور کھود کھاد کر نکال لیتے ہیں۔ پھر ان کو مزید نشان دہی کیلئے فاتح قوم سخت تکالیف دیتی ہے۔ وتیز زلزلہ کی وجہ زمین اپنی گہرائی کے مدفون معدنیات کو بھی اوپر لے آتی ہے۔

قدرتی زلزلہ اگر ایسا نہ ہو تو گہرائی کی وجہ انسانی دست رس سے وہ دور رہتے ہیں۔ یہ تو اس سائنسی زمانہ کی بات ہے۔ نزولِ وحی کے وقت مخاطبین کو اس سے کوئی واسطہ ہی نہ تھا۔

ف۲۔ میرا فکر:۔ اس وحی میں مخاطبین کو متنبہ کیا جا رہا ہے کہ دیکھو کہ زمین کا زلزلہ تمہارے سامنے قیامت کے زلزلہ کی ایک مثال ہے جس طرح زلزلہ کی حالت میں لوگ گھروں سے باہر نکل پڑتے ہیں اور گروہ کے گروہ بحالتِ پریشانی و سراسیمگی واویلا مچاتے پھرتے ہیں اسی طرح جب کسی قوم کے عدم اتحاد۔ اختلاف اور ظلم و زیادتی کی وجہ دوسری صالح قوم کو خداوند تعالیٰ مسلط کر دیتا ہے اس وقت بھی تمہاری کیا حالت ہوتی ہے! اس کا اندازہ کر لو! اس وقت کفِ افسوس ملنے سے کیا حاصل۔ یہ تو دُنیا کی زندگی کا حشر ہے۔ غور کرو کہ مرنے کے بعد دوسری زندگی میں تمہاری زندگی کے ذرہ ذرہ عمل نیک و بد کا حساب ہوگا اور نتائج اعمال تمہارے سامنے ہی ہوں گے۔ نیکی اور بُرائی کو تم اپنے آنکھوں دیکھو گے تو غور کر لو کہ عذابِ آخرت میں مبتلا ہونے والا فرد یا قوم کیسے بدبخت ہوں گے۔ اور کس طرح گنہگار گروہ در گروہ اپنے رب کے حضور میں حاضر کئے جائیں گے۔ دیکھو کیا یہ سب باتیں تم اپنے ہوش سنبھالے جب ہی سے دُنیا میں دیکھتے اور سُنتے نہیں چلے آ رہے ہو۔؟ پھر تم کو کیا ہوا کہ تم نتائج اعمال پر غور و فکر نہیں کرتے۔ اور مال کی محبت میں اندھے بنے ہوئے ہو؟

نام سورہ **العصر** تعداد آیات (۳۰) تعداد رکوع (۱) شمارہ ترتیب موجودہ (۱۰۳) پارہ (۳۰)
شمارہ ترتیب نزولِ وحی بلحاظ تحقیق علامہ محمد احمل خان (۱۱) زمانہ نزول۔ دورِ دوم ۵ سنہ بعثت ۶۱۵ء
اس سورۃ کے سلسلۂ نزول سے متعلق جن محققین نے جو شمارہ اپنی تحقیق مین قرار دیا ہے نقشہ ذیل سے اس کی صراحت معلوم ہوگی۔

نام محققین / شمارہ ترتیب بلحاظ نزولِ وحی	عبد اللہ بن عباس غالباً ۶۸۳ء	حسین بن ابی الحسن کاشفی ۱۴۹۰ء	محمد بن مسعود شیرازی	جابر بن یزید جعفی	دیتیم محمود ۱۲۳۳ء	نوبل ڈیکے ۱۸۶۵ء	رڈولف ڈیکے ۱۸۵۹ء	رڈولف ڈیکے ۱۸۶۵ء	ایچ گرام	پرشفیلڈ ۱۸۳۸ء	سید محمد حسین ۱۹۱۰ء	محقق ہمدرد ۱۹۱۸ء
	۱۲	۱۲	۹	۱۳	۱	۲۱	۲۷	۶	۳۶	۱۳	۱۳	

توضیحات

شمارہ الحاقی آیات	کون مخاطب ہے یا کونسی مثال ہے	احکام و شریعت و منہاج	میرے فکر و نظر کے موضوعات			
			موضوع	صفحہ	موضوع	صفحہ
×	اہلِ عرب و نیز دُنیائے انسانیت		عصر یعنے زمانہ کا مد و جزر ہند کی تحریکِ آزادی۔ حیدر آباد کی تحریکِ آزادی۔	ف ۱ ص ۱۶۷ ص ۱۶۷		

بِسۡمِ اللّٰہِ الرَّحۡمٰنِ الرَّحِیۡمِ

دیکھو! زمانہ اس بات پر شاہد ہے ۱؎ کہ انسان عام طور پر اپنی غلط راہ روی کی وجہ نقصان (مالی۔ جانی۔ عزت۔ اقتدار۔ روحانی جسمانی) مین مبتلا ہو جاتا ہے ۲؎ سوائے اُن لوگون کے جو امن و سلامتی کے علمبردار اور عملِ صالح کی پیروی کرنے والے حق و صداقت کا اعلان کرتے ہوئے باطل پرستون کی طرف سے ان پر جو شدائد ظلم و ستم ہوتے ہین۔ اُس کو صبر و استقلال سے برداشت کر لیتے ہین ۳؎ ع ۱

۱؎ میرا فکر:۔ اس گیارھوین وحی کے مخاطب بھی محمد عربی صلعم ہی معلوم ہوتے ہین۔ و نیز آپ کے متبعین بلکہ تمام انسانیت۔ کیونکہ مخاطبت تو خاص ہے اور ہدایات بھی مخصوص۔ لیکن ہمت و استقلال کو برقرار رکھ کر قدم بڑھانے ہی کے لئے ہر زمانہ کی انسانیت کو ایک سبق عام طور پر دیا جا رہا ہے۔

عصر۔ یعنے زمانہ کا مد و جزر

اس وحی کے متعلق میرا فکر نزولِ وحی کے زمانے پر قیاس کرنے کے بجائے اپنے ہی زمانے کے مشاہداتِ عینی کے اطراف گھوم رہا ہے۔ غور کرنے سے معلوم ہوتا ہے کہ کس قدر جامع طریقہ پر عام فہم الفاظ مین (باقی بر صفحہ ۱۶۶)

(بقیہ صفحہ ۱۶۵) جس کے صرف تین مختصر سے جملے ہیں۔ نتائج کائنات کی تاریخ کا نظریہ بتلایا جا رہا ہے جس کو ہر دور زمانہ میں ایک بدوی یا جنگلی سے لے کر ایک شہری عالم و جاہل بھی آسانی سے ذرا سا فکر کر کے یکساں نتائج اخذ کر سکتا ہے کیونکہ ہر صاحب فکر انسان انقلاب زمانہ سے متاثر ہوئے بغیر نہیں رہتا۔ اور پھر ہر زمانہ میں ہر متنفس صاحب شعور انسان کی زبان پر ایک جملہ اپنی اپنی زبان میں یہ ہوتا ہے کہ "کیا زمانہ ہے" "کیسا عجیب زمانہ ہے" "زمانہ کا کیا رنگ ہے"۔ غور کرو تو معلوم ہوگا کہ ہمیشہ ہر اچھی یا بُری تحریک۔ اور اچھے یا بُرے اعمال ہر زمانہ میں ظہور پذیر ہوتے ہیں۔ اور افراد ہی کے ہاتھوں اس کے نتائج ظاہر ہوتے ہیں۔

حق۔ سچائی اور نیکی اور اس کے ضد باطل۔ بدی و ظلم ـــــ یہ دونوں زمانہ ہی کی پیداوار ہیں لیکن اول الذکر اچھی اور دیرپا فصل ہے۔ اور ثانی الذکر خراب اور جلد تباہ و فنا ہونے والی فصل ہے۔ بلاشبہ باطل یعنے ظلم و ستم۔ استبداد اور شر۔ حق اور سچائی۔ نیکی اور انصاف کو مٹانے کے درپے ہوتے ہیں۔ چونکہ شر کے حاملین کی کثرت ہوتی ہے۔ اس لئے حق کی فصل ابتداء میں تو کمزور ہو جاتی ہے لیکن اس کی قوت نمو اس کو مٹنے نہیں دیتی۔ بلکہ دھیرے دھیرے وہ زمانہ میں پھلنے پھولنے لگ جاتی ہے۔ یہاں تک کہ اس کے شیریں اور خوش ذائقہ ثمرات سے موافق اور مخالف لطف اندوز ہو کر اس سے محبت کرنے لگ جاتے ہیں۔

اس وحی میں امن و سلامتی کے علمبرداروں یعنے مومن کو خسران یعنے تباہی و بربادی سے متنبہ کیا جا رہا ہے۔ بشرطیکہ وہ صبر اور استقلال سے اس پُرخطر وادی کو طے کرتے ہوئے آگے بڑھتے چلے جائیں۔ بات کیا ہے؟ بات یہ ہے کہ جب کوئی حق و صداقت کے ذریعہ سچی تبلیغ شروع کرتا ہے تو اس کے خلاف نہ صرف پرائے بلکہ اپنے بھی اس کی مخالفت میں کوئی کسر باقی نہیں رکھتے۔ خواہ وہ صداقت۔ مفادِ ملت یا افراد یا قوم کے لئے کیسی ہی فلاح و بہبود دنیا اور دین۔ حال اور مستقبل کے لئے منفعت بخش کیوں نہ ہو۔ اور جس قدر زیادہ صداقت۔ سچائی اور نیکی کی بات ہوگی اسی قدر زیادہ مخالفت بھی ہوتی رہے گی۔ پس اس وحی میں حق کے ساتھ ہی صبر کی تلقین۔ ہمت و استقلال کو برقرار رکھنے کے لئے کی جا رہی ہے۔ نزولِ وحی کے زمانہ رسالتمآب صلعم پر نظر ڈال کر غور کرو تو مصائب کے شدائد اور پھر صبر استقلال کا اندازہ ہوگا۔ اس کا اندازہ تو مجھ کو زمانہ حاضرہ کے پچاس ساٹھ سالہ دور میں۔ اقوام روس۔ ترکی۔ ہند۔ مصر۔ عرب وغیرہ کی تحریک آزادی کے علمبرداروں کے مصائب و تکالیف اور کشمکش حیات اور پھر ان کے صبر و تحمل اور استقلال کے بعد کامیابی و کامرانی پر غور و فکر کرنے سے ہو رہا ہے۔ اور زمانہ کی شہادت آشکارا ہو رہی ہے اور معلوم ہو رہا ہے کہ نزولِ وحی کے ماضی بعید میں جو شہادت زمانے کی ملی رہی ہے وہی آج بھی مشاہدہ میں ہے۔

یہ شہادتِ زمانہ میرے علم الیقین اور عین الیقین دونوں کے لئے کھلی ہوئی ہے۔ اور یہ بات کھلے طور پر سمجھ میں آتی ہے کہ اللہ تعالیٰ رب العالمین ہے۔ وہ کسی خاص گروہ۔ یا ملت۔ یا مذہب۔ یا قوم۔ یا فرقہ کے لئے مختص نہیں ہے چنانچہ اس وحی میں وہ کرۂ زمین کے تمام انسانوں کو عام طور پر مخاطب کر رہا ہے جس کا مقصد یہ ہے کہ یہ سنت اللہ یعنے قانونِ الٰہی ہر انسان کے لئے ہے۔ جیسے کہ اس کی نعمتیں سورج۔ بارش۔ ہوا۔ رزق۔ عقل۔ فکر و دانش وغیرہ وغیرہ تمام انسانوں کے لئے ان کے حسبِ حیثیت اور معیار اور ضرورت کے لحاظ سے فیض پہنچاتے ہیں۔ اسی طرح اس قانون پر عمل کرنے والوں کو بھی نہ صرف اسی دنیا۔ یا موجودہ زندگی میں جزا اور سزا ملتی ہے بلکہ آخرت باد باقی (بر صفحہ ۱۶۷)

(بقیہ صفحہ ۱۶۶) دوسری زندگی۔ یا مستقبل میں بھی ملتی رہی ہے اور ملتی رہے گی۔

ہند کی تحریکِ آزادی دیکھئے ہند کی تحریک آزادی کے لئے مہاتما گاندھی جی نے اور ان کی آواز پر لبیک کہنے والے کس طرح صبر و استقلال کے ساتھ حق پر جمے رہے، اور کیسے کیسے جانی۔ مالی اور جسمانی تکالیف کو صبر و شکر کے ساتھ برداشت کیا۔ اور نتیجہ آج دنیا کے سامنے آزادیٔ ہند کا موجود ہے۔

حیدر آباد کی تحریکِ آزادی کی ناکامی یہاں پر ایک سوال پیدا ہوتا ہے کہ حیدر آباد نے بھی اپنی آزادی کے لئے قدم اٹھایا تھا۔ وہ کیوں تباہ ہو گیا؟ ۔ بلاشبہ حیدر آباد کی تحریک نہ صرف ناکام ہوئی بلکہ مسلمانانِ حیدر آباد خسران میں مبتلا ہو گئے۔ اور میری نظروں نے تو حشر اول کو اپنی آنکھوں دیکھا (سورۂ حشر میں یہود کی جلاوطنی و تباہی کو قرآنِ حکیم نے اول حشر کہا ہے۔ اسی کی طرف میرا یہ اشارہ ہے۔ دیکھو میرا فکر سورۂ حشر میں) حیدر آباد کی ناکامی کا مجھ کو ابتداءً تحریک اتحاد المسلمین ہی سے یقین تھا چنانچہ میرا ایک خط نواب بہادر یار جنگ مرحوم بانیٔ تحریک کے نام اس خصوص میں ممکن ہے کہ اُن کے دفتر میں موجود ہو۔ اور اس کا جواب جو نواب صاحب نے مجھ کو دیا تھا وہ آج تک میرے پاس محفوظ ہے جس کا فوٹو بھی تاریخ آزادی ہند کے لئے مجھ سے لیا گیا ہے ـــــ حاصلِ بیان یہ کہ وحی نمبر (۸) سے نمبر (۱۱) تک جن خرابیوں کو قرآنِ حکیم نے بتلایا ہے، وہ من و عن ہم حیدر آبادیوں میں موجود تھیں۔ یعنے سچائی کا فقدان۔ باہمی اتحاد و یک جہتی کی نفی۔ صبر و استقلال ندارد۔ نہ تو خود اعتمادی تھی اور نہ صداقت سعی و عمل کا وجود۔ بلکہ اللہ کی نصرت پر بھی تو یقینِ کامل نہ تھا۔ محض پاکستان کے بھروسہ ہمارا لیڈر تھا۔ اور ہم تھے جس کا نتیجہ وہی ظاہر ہوا جو آپ کو وحی نمبر (۱۳) میں اشارہ کیا گیا ہے۔ کھڑکھڑانیوالے دبابوں اور ہیبت بم کی آوازوں نے ہماری دو سو سالہ برائے نام اسلامی سلطنت کے شیرازے کو ذرات کی طرح بکھیر دیا۔ یہ بات نہ صرف حیدر آباد کے لئے مختص ہے۔ بلکہ تاریخ اسلام اور تاریخ عالم کے مطالعہ کرنے والوں کے لئے زمانہ کی شہادت میں لاکھوں صفحات ایسے واقعات سے سیاہ نظر آئیں گے۔ جو باعثِ خسران بنی نوع انسان ہیں ـــــ بشرطیکہ تقلیدِ جامد اور روایاتِ معتبر کے ملمع عقاید کی تاریک عینکوں کو چشمِ بصیرت سے ہٹا کر اصلی رنگ کو دیکھا جائے تو حقیقت آشکارا ہو کر رہے گی۔

"والعصر ان الانسان لفی خسر الا الذین امنوا وعملوا الصالحت وتواصوا بالحق وتواصوا بالصبر"

صدق اللہ ورسولہ۔

ذالک الکتاب لاریب فیہ ـــــ (بلاشبہ اس قانون میں ذرا بھی شک و شبہ نہیں)۔

عہ۔ مسلمانانِ حیدر آباد نے بقول ابوالکلام آزاد کے "وہ رویہ اختیار کیا جو صفحۂ ہستی سے محو ہو جانے والی اقوام کا ہوا کرتا ہے (تقریر بر نرمائہ دورۂ حیدر آباد بعد پولیس ایکشن)۔

نام سورہ **التکاثر** ۔ تعداد آیات (۸) تعداد رکوع (۱) شمارہ ترتیب موجودہ (۱۰۲) پارہ (۳۰) شمارہ ترتیب نزول وحی بلحاظ تحقیق علامہ محمد اجمل خان (۱۲) زمانۂ نزول ۔ دورِ دوم سنہ بعثت ۶۱۵ء اس سورۃ کے سلسلۂ نزول سے متعلق جن محققین نے جو شمارہ اپنی تحقیق مین قرار دیا ہے نقشۂ ذیل سے اسکی صراحت معلوم ہوگی ۔

نام محققین	عبداللہ بن عباس رضی اللہ عنہ ۶۸۳ء	حسن بن ابی الحسن بصری ۷۰۸ء	محمد بن سیرین ۷۲۸ء	جابر بن زید ابو الشعثاء	مستشرق نولدیکے ۱۸۶۰ء	مستشرق ولیم میور ۱۸۵۹ء	مستشرق ڈوزی ۱۸۷۶ء	ایچ گرام	مستشرق ہرشفیلڈ ۱۹۰۰ء	مستشرق سیل ۱۹۲۴ء	محقق مصر ۱۸۸۰ء
شمارہ بلحاظ ترتیب نزول وحی	۱۵	۱۵	۱۵	۱۶	۹	۸	۱۵	۷	۴۰	۹۸	۱۶

توضیحات

شمارہ الحاقی آیات	کون تخاطب یا کونسی مثال ہے	احکام و شریعت متہاج	میرے فکر و نظر کے موضوعات			
			موضوع	صفحہ	موضوع	صفحہ
×	سرمایہ داروں کے حرصِ مال کی مثال		سرمایہ داری مین حرصِ مال کی مثال ۔ حشرِ اول مین حیدرآباد کے مسلم سرمایہ داروں پر عذابِ الٰہی ۔	۱ ص ۱۶۹		

بِسْمِ اللّٰہِ الرَّحْمٰنِ الرَّحِیْمِ

لوگو! تم کو مال اور اولاد کی طلبِ کثیر یعنے زیادتی نے مستقبل سے غافل بنا رکھا ہے ۱ یہان تک کہ تم قبرون مین جانے کے قریب ہو گئے ہو ۲ اچھا تو تم کو بہت جلد معلوم ہو جائے گا ۳ اور بہت ہی جلد تم اس خواہشِ مال و جاہ کی حرص کے نتایج معلوم کر لو گے ۴ تم تو اپنے مشاہداتِ عینی سے بھی اس بات کا یقین ہی رکھتے ہو ۵ کہ بدی کا بدلہ بُرا ہی ہوا کرتا ہے ۶ پھر تم خود اپنے لئے بھی اس کو یقین کے ساتھ دیکھ لو گے ۷ ہان اس وقت تم سے ہمارے عطیات و انعامات کے متعلق سوال ہوگا ۔ اور ضرور ہوگا ۸ ع

ف ۱ میرا فکر :۔ ہر قوم مین حرصِ دُنیا کے نتایج کو مرتے وقت مُبتلاء عذاب ہونا کہا جاتا ہے ! اور حرصِ مال و متاع کیلئے

سرمایہ داروں کی حرصِ مال و دُنیا

ایک مثل مشہور ہے کہ "قبر مین پاؤن لٹکائے بیٹھے ہین ۔ مگر حرصِ دُنیا نہین جاتی" ۔ اہلِ عرب کے پاس بھی یہ محاورہ ہوگا ۔ قرآنِ حکیم اہلِ عرب کے اسی محاورہ کو بزبانِ وحی استعمال کر رہا ہے کہ تمہاری قوم سے بعض عمر رسیدہ ہو چکے ہین ۔ یعنے قبرون مین جانے کے قریب ہو گئے ہین لیکن سرمایہ جمع کرنے کی حرص اور زیادتی اولاد کی (باقی بر صفحہ ۱۶۹)

(بقیہ صفحہ ۱۶۸) طلب ان کے دلون مین نہ صرف باقی ہے بلکہ دن بہ دن اس مین اضافہ ہی ہوتا چلا جارہا ہے۔ اور تمنا یہ ہے کہ سب کچھ ان کو مل جائے اور انکے برابر کوئی اور نہ ہو۔ تاکہ وہ سب سے بڑے سرمایہ دار۔ اور سب سے زیادہ اولاد کے جتھے والے اور صاحب اقتدار دُنیا مین مان لئے جائین۔ حالانکہ تم کو تو معلوم ہی ہے کہ کثرتِ سرمایہ اور اس کے حرص کے نتایج کیا ہوتے ہین۔ تم تو روزمرہ اپنی آنکھون سے ایسے لوگون کی موت کے وقت دیکھتے ہی رہتے ہو کہ مرتے وقت صاحب سرمایہ کس عذاب مین مبتلا ہو جاتا ہے۔ نہ تو اس کی دولت اسکے کام آتی ہے اور نہ اولاد۔ وہ سب کچھ چھوڑ کر اور سب کو ترستی ہوئی نظرون سے دیکھتا ہوا مر جاتا ہے اور تم کہتے ہو کہ "افسوس مرنے والے کی دولت اور اس کا گھمنڈ اُس کے کچھ بھی تو کام نہ آیا"۔ تو پھر تم خود کیون اپنے مستقبل سے بے فکر ہو کر ایسی باتون کی حرص مین مبتلا ہو۔ ذرا تو غور کرو کہ اگر تم مفادِ قوم و ملت کے لئے اپنی جمع شدہ دولت کو خرچ کرنے لگو تو کس طرح تمہاری دولت نہ صرف تمہارے بلکہ تمہاری اولاد اور تمہاری قوم کیلئے بھی تو کارآمد ثابت ہوگی اس طرح اللہ کی مخلوق پر تمہارا روپیہ جو صرف ہوگا۔ یعنے حق کی جد و جہد کیلئے مجاہدین کی مدد کروگے قوم کے غریبون۔ محتاجون کو خوشحال بناؤ گے۔ بھوکون کو کھلا کر۔ ننگون کو پہنا کر مظلومون کو ظالمون کے پنجے سے چھوڑ کر۔ دفاع کیلئے سامانِ حرب اور فوج کو مضبوط کرنے کے لئے جو کچھ تم خرچ کروگے یقینی وہ ایک قرض کی صورت ہوگی جس کا معاوضہ تم کو قدرت ہزارون گونہ مستقبل قریب مین دیدے گی۔ اگر مستقبل قریب مین تم کو نہ بھی ملے تو مستقبل بعید مین تمہاری اولاد اور تمہاری قوم اس سے استفادہ کرے گی اور آخرت مین تم کو جو کچھ ملے گا اس کا تو شمار و قطار ہی نہین ہو سکتا ـــــ اگر اس کے خلاف تم کروگے تو اس کا نتیجہ صرف تمہارا ذاتی نفع۔ عیش و عشرت تک محدود رہے گا۔ لیکن جب تمہاری قوم کی بدحالی و کمزوری کی وجہ دوسری قوم تمہاری قوم اور مُلک پر غالب آجائے گی تو پھر نہ تو یہ دولت اور نہ یہ اولاد۔ اور نہ یہ سب کچھ عزت۔ اقتدار باقی رہے گا۔ تم کو اپنے آنکھون اسی دُنیا مین ذلت اور رُسوائی دیکھنا پڑے گی۔ پھر مرنے کے بعد تو تم سے سوال ہوگا کہ اللہ تعالیٰ نے تم کو جو بے حساب انعامات سے سرفراز کیا تھا تو تم نے اس کے بندون اپنے بھائیون کے حقوق کو کیون نہین ادا کیا۔ اور کیون اس مین بخل کیا۔ لو آج اس عدم ادائی قرض کا مزا چکھو ـــ

دُنیا میرے عقاید کے متعلق جو چاہے کہہ لے۔ مین نے تو پولیس اکشن سے پہلے مسلم سرمایہ دارون۔ اُمرائے حیدرآباد کو بہادر یار جنگ کی اپیل کو نظر انداز کرتے ہوئے دیکھا ہے۔ اور پولیس اکشن کے بعد ان کے عذاب کو بھی نہ صرف مین۔ بلکہ دُنیا نے دیکھا! اور ان کو بھی کفِ افسوس ملتے دیکھا۔ برخلاف اس کے ہندو بھائیون کو کانگریس کی مدد مین تجوریونکو کھولتے دیکھا۔ اور ہندو قوم کو حیدرآباد کا مسلم اقتدار منتقل ہوتے دیکھا۔ اور دُنیا دیکھ رہی ہے لیکن افسوس کہ ہم فہم قرآن سے بے خبر ہین۔

نام سورہ **القارعۃ** تعداد آیات (۹) تعداد رکوع (۱) شمارہ ترتیب موجودہ (۱۰۱) پارہ (۳۰)
شمارہ ترتیب نزول وحی بلحاظ تحقیق علامہ محمد اجمل خان (۱۳) زمانہ نزول ۔ دور دوم ۵ سنہ بعثت سنہ ۶۱۵ء
اس سورۃ کے سلسلۂ نزول سے متعلق جن محققین نے جو شمارہ اپنی تحقیق مین قرار دیا ہے نقشۂ ذیل سے اسکی صراحت معلوم ہوگی۔

نام محققین	[illegible]	[illegible]	[illegible]	[illegible]	[illegible]	[illegible]	[illegible]	[illegible]	[illegible]	[illegible]	[illegible]
شمارہ بلحاظ ترتیب نزول وحی	۲۹	۲۹	۲۹	۳۰	۷	۲۴	۲۹	۹	۳۲	۲۷	۳۰

توضیحات

شمارہ الحاقی آیات	کون مخاطب ہے یا کونسی مثال ہے	احکام و شریعت و منہاج	میرے فکر و نظر کے موضوعات			
			موضوع	صفحہ	موضوع	صفحہ
	اہل عرب اور تمام دنیا نیز انسانیت عالم		قارعہ ؟ ۔ حیدر آباد مین قارعہ ۔ معاویہ کا مفہوم ۔	۱۷۰ ۱۷۱		

بِسْمِ اللّٰہِ الرَّحْمٰنِ الرَّحِیْمِ

لوگو! تم کو کھڑکھڑا دینے والی مصیبت کی کچھ خبر بھی ہے؟ ع۱ تم جانتے ہو کہ وہ کھڑکھڑاہٹ کیا بات ہے؟ ع۲ بھلا تم کچھ سمجھے بھی کہ وہ کھڑکھڑا دینے والی مصیبت کے آثار کیا ہین؟ ع۳ دیکھو! جس دن یہ مصیبت کسی قوم پر نازل ہوتی ہے تو (یا بروز قیامت) لوگون کی پریشانی اور سراسیمگی مثل بکھرے ہوئے پتنگون کے ہو جاتی ہے ع۴ اور پہاڑون کی حالت ایسی ہوتی ہے جیسے اون کے دھنکے ہوئے ذرات جو ہوا مین منتشر ہو جاتے ہین ع۵ ہان اس دن صاحب خیر تو امن مین رہ سکتا ہے ع۶ اور جس کی نیکیان بمقابلۂ شر کے ہلکی ہون وہ تو گڑھے مین جا گرا ع۷ کچھ معلوم ہے کہ وہ گڑھا کیا ہے؟ ع۸ وہ تو ایک دہکتی ہوئی عذاب کی آگ ہے ع۹ ف۱

ف۱ ۔ میرا فکر :۔ "قارعہ" کے معنے ہین مصیبت آفت جو مسلسل پئے در پئے نازل ہو ۔ اور ایک معنے ہین کھڑکھڑاہٹ ۔

قارعہ ۔ یعنے کھڑکھڑا دینے والی ساعت کیا ہے؟ تمام مترجمون نے اسی معنے کو یوم حشر کے روایات ہی مین بتلایا ہے میرا موجودہ زمانہ کا فہم اس وحی کے متعلق یہ ہے کہ ابتدائی وحیون مین سرمایہ داری اور حق و صداقت سے انکار کے جو نتایج قوم کی تباہی کے بتلائے گئے ہین اسی سلسلہ مین بتلایا جا رہا ہے کہ :۔

حیدر آباد مین قارعہ "تم قارعہ" کو یوم حشر سمجھو یا اس دنیا مین حشر اول کی مصیبت لیکن وہ ہر تاعاقبت اندیش قوم پر نازل ضرور ہوتی ہے ۔ اور جب وہ نازل ہو جاتی ہے تو قوم کے (باقی بر صفحہ ۱۷۱) ۔

(بقیہ صفحہ ۱۷۰) افراد مثل پتنگوں کے منتشر ہو جاتے ہیں۔ عوام تو عوام بلکہ خواص بھی جن کو سرمایہ داری۔ عزت۔ اقتدار کی وجہ قوم و ملک کا پہاڑ کہا جاتا ہے۔ وہ بھی تو اُن کے ذرّوں کی طرح منتشر ہو جاتے ہیں۔ یعنے ان کا کوئی وزن سرمایہ داری اور اقتدار باقی نہیں رہتا۔ اس طرح ناعاقبت اندیش قوم کی تباہی آتی ہے۔ البتہ عاقبت اندیش افراد جن کی نیکیاں اور عملِ خیر قوم کے ساتھ زیادہ سے زیادہ وزن دار رہے ہوں وہ اچھی حالت میں رہتے ہیں۔ اور بداندیش قوم کا ٹھکانہ "ھاویہ" ہوتا ہے۔

ھاویہ کی حقیقت

"ھاویہ" کے معنے ہیں ایسا گہرا گڑھا جس کی تہہ کا بھی پتہ نہ ہو۔ یہ محاورہ انتہائی ذلت اور خواری کے موقع پر بھی کہا جاتا ہے۔ جیسے اُردو کا محاورہ کہ "یہ کم بخت تو اپنے ہاتھوں غلط راہ روی سے اندھا بن کر گڑھے میں گر رہا ہے"۔ ایک دوسرا محاورہ عرب کا "ھاویہ" اُس مصیبت کی تکلیف دہ زندگی کو کہا جاتا ہے۔ جس میں انسانی دل و دماغ دونوں معطل ہو جاتے ہیں۔ یعنے ابتلا و مصیبت کی دل و دماغ کو جلا کر خاک کر دینے والی آگ۔ بلاشبہ سب سے بڑا عذاب وہ آگ ہے جو نظر تو نہیں آتی لیکن دل کو اندر ہی اندر جلا کر خاک بنا دیتی ہے۔ غور کرو تو معلوم ہوگا کہ جب کبھی ایک آزاد اور خود دار قوم دوسری قوم کی غلامی اور ماتحتی میں داخل ہو جاتی ہے تو اُس قوم کے افراد کے دل و دماغ کا کیا حال ہو جاتا ہے۔ اور کس طرح ان کی جسمانی اور روحانی حالت تباہ و برباد ہو جاتی ہے۔ ذرا غور کیجئے کہ وہ آزاد عرب ملکے کے جن کی خود داری اور عصبیت کی مثال کرۂ زمین پر اس وقت شاید ہی مل سکتی تھی۔ جب اپنے دشمنانِ دین یعنے محمدِ عربی صلعم اور مہاجرینؓ و انصارؓ کے آگے مغلوب ہو کر کھڑے ہوگئے تو کیا وہ "ھاویہ" میں نہ تھے۔! ذرا فی زمانہ آزاد جرمن۔ جاپان قوم کی مغلوبیت کا بھی اندازہ لگائیے۔ یہ تو ہمارے سے دُور کی باتیں ہیں۔ خود حیدرآباد کا حکومتِ ہند کے ہاتھوں مغلوب ہونا دیکھ لیجئے اور اپنا جائزہ آپ ہی لے کر "قارعہ اور ھاویہ" دونوں کی تفسیر سمجھ لیجئے۔ دیکھئے جب دبابہ کی مہیب کھڑکھڑاہٹ اور بم کی کانوں کو پھاڑ دینے والی آوازیں ہمارے کانوں میں آئیں تو کس طرح حیدرآباد کے اضلاع کے لوگ پتنگوں کی طرح منتشر ہو گئے اور پھر کس طرح سرمایہ داری اور دولت اور اقتدار رکھنے والی ہستیاں۔ یعنے میر عثمان علی خان شاہِ دکن اور اُمرائے پائیگاہ اور جاگیرداران مثل دھنکی ہوئی اُون کے حیدرآباد کی سرزمین پر اُڑنے لگے۔ یہ تفسیر تو اس زندگی اور دُنیا کی ہے۔ حشرِ اخیر کا تصور تو انسان سے ناممکن ہے۔

نام سورۃ **النّاس** تعداد آیات (۶) تعداد رکوع (۱) شمارہ ترتیب موجودہ (۱۱۴) پارہ (۳۰)
شمارہ ترتیب نزول وحی بلحاظ تحقیق علامہ محمد اجمل خان (۱۴) زمانۂ نزول۔ دورِ دوم ۱۰ سنہ بعثت ۶۱۵ء
اس سورۃ کے سلسلۂ نزول سے متعلق جن محققین نے جو شمارہ اپنی تحقیق میں قرار دیا ہے تختۂ ذیل سے اسکی صراحت معلوم ہوگی۔

نام محققین	عبداللہ ابن عباس رضی اللہ عنہ ۶۸۲ء	حسن بصری رحمۃ اللہ علیہ ۷۲۸ء	محمد بن سائب کلبی ۷۴۶ء	جابر بن زید ابادی ۷۱۱ء	محمد بن اسحاق ۷۶۵ء	نولدیکے ۱۸۵۹ء	راڈویل ۱۸۶۶ء	ایچ آر ایم ۱۹۰۰ء	سید ڈیوڈ سیل ۱۹۳۸ء	تحقیق مصر ۱۸۸۵ء
شمارہ بلحاظ ترتیب نزول وحی	۲۰	۲۰	۲۱	۲۱	؟	۴۷	۷	۳۸	۸۴	۲۱

توضیحات

شمارہ لحاقی آیات	کون مخاطب ہے کونسی مثال ہے	احکام و شریعت منہاج	میرے فکر و نظر کے موضوعات			
			موضوع	صفحہ	موضوع	صفحہ
	محمد عربی صلعم اور عام انسانیت		اوسوسہ کی خرابی ۲۔ خناس۔ ۳۔ جن ۔۔ ۴۔ آسیب کے متعلق میرا ریسرچ ۔ ۵۔ کیا روح پابندِ زبان ہوتی ہے؟ ۶۔ جن سے میرا مقابلہ ۔۔ ۷۔ مکی قرآنِ حکیم میں جن کا ذکر۔	۱۷۰ ۱۷۳ ۱۷۴ ۱۷۵	۱۔ جن کا لفظ مدنی وحی میں کیوں نہیں آیا؟ ۔۔ ۲۔ رسول صلعم پر جادو کا اثر ہونا ایک غلط روایت ہے۔ ۳۔ جن کی حقیقت۔ یعنے وہ کیسی مخلوق ہے ۔۔ ۴۔ اللہ کا تصور۔ ۵۔ ہر مذہب کی مقدس کتاب کو اس مذہب کا الٰہ یعنے صنم بنا لیا گیا ہے ۶۔ جن کے لغوی معنے! بلحاظ محاورہ عرب و نیز قرآن حکیم۔	۱۷۷ ۱۷۸ ۱۷۹ ۱۸۰ ۱۸۱

بِسْمِ اللّٰہِ الرَّحْمٰنِ الرَّحِیْمِ

اے مخاطب! تو کہہ کہ میں انسانوں کے رب کی پناہ کا طالب ہوں ۱ وہ رب جو تمام بادشاہوں کا بھی بادشاہ ہے ۲ اور تمام انسانوں کا معبودِ حقیقی بھی وہی ہے ۳ اے میرے رب مجھ کو خناس کے وسوسوں سے جو نظروں سے اوجھل ہے اپنی پناہ میں لے لے ۴ یعنے وہ خناس جو انسانوں کے قوتِ فکریہ میں وسوسہ انداز ہوتا ہے ۵ میرے آقا! رب! تو ہی جانتا ہے کہ یہ خناس کون ہے۔ خواہ وہ جن سے ہو۔ یا انسان سے کسی گروہ سے کیوں نہ ہو۔ مجھ کو اُس کے وسوسوں سے دُور رکھکر اپنی پناہ میں لے لے ۶ ع ف

ف ۱۔ میرا فکر:۔ اس وحی کو وحی نمبر (۴) ہی کے سلسلہ کی سمجھنا چاہیئے۔ کہ امان طلبی کا ایک اور طریقہ بھی بتلایا جا رہا ہے۔
وسوسہ کی خرابی | اب تک (۱۳) وحیاں نازل ہو چکی ہیں۔ دو رسری تو گذر چکا۔ اب ذکر علانیہ تبلیغ کا ہے (باقی صفحہ ۱۷۳ پر)

(بقیہ صفحہ ۱۷۲) جس میں قوم سے تبادلۂ خیالات کا موقع ملا۔ ہر ایک کو کہنے سننے کا حق جو علانیہ پیدا ہو گیا۔ اس زمانہ میں مختلف افراد کے خیالات نے وسوسہ اندازی شروع کر دی ہو گی۔ اور کیا عجب کہ بلحاظ بشریت مختلف چہ میگوئیوں کی وجہ آپ کے ذہنی تصورات میں مد و جزر پیدا ہو رہا ہو۔ اور ان وسوسوں سے پریشانی طبع ہو رہی ہو۔ پس اس وحی کے ذریعہ ایک ایسی قوت جو ظاہری اقتدارِ اعلیٰ یعنے بادشاہوں سے بڑھکر ہے۔ اُس کی پناہ میں آنے کی تمنا بتلائی جا رہی ہے کیونکہ نزولِ وحی کے وقت کرۂ زمین پر انسانی تصور میں بادشاہ کا مقام عام انسانوں سے بلند و بالا سمجھا جاتا تھا۔ اسکو خدا کا نمائندہ مانا جاتا تھا۔ اس کا اقتدارِ اعلیٰ عام انسانوں کے لئے باعث ربوبیت تھا۔ وہ سب کا پروردگار سمجھا جاتا تھا۔ وہ پالن ہار۔ آقا۔ مربی سب کچھ تھا۔ یہاں تک کہ موت اور حیات کا بھی وہ مالک تھا۔ کہ جس کو چاہا قتل کر دیا۔ اور جس کو چاہا جان بخش دی۔ یعنے معاف کر دیا۔ پس اسی تصورِ انسانی کو لئے ہوئے بادشاہوں کے رب کی طرف اشارہ کیا جا رہا ہے کہ ایک قوت جو دُنیا کے بادشاہوں سے بڑھ کر بھی قوت رکھتی ہے وہ ربِّ کعبہ ہے اُسکی پناہ گیری کی تمنا کرو۔

تیسری آیت میں تمام انسانوں کے اِلٰہ یعنے معبود کا نام لیا جا رہا ہے۔ کیونکہ کرۂ زمین پر بسنے والے تمام انسان ایک عالمگیر قوت یعنے خدا کے ضرور قائل تھے۔ گو وہ ذیلی الٰہوں کو خود مختار سمجھ کر ان کی پرستش کیا کرتے تھے تو اُس ایک برتر اِلٰہ کی پناہ میں پہنچنے کی استدعا سکھلائی جا رہی ہے۔

یہ سب امان طلبی صرف ایک ہی تمنا کے لئے مقصود ہے۔ یعنے وسوسہ اندازی سے نجات مل جائے ——— وسوسہ اندازی کا باعث کون ہے؟ وہ خناس ہے۔

خناس کیا ہے؟ اہلِ عرب خیالاتِ فاسدہ۔ یعنے خراب تصورات پیدا کرنے والے کو "خناس" کہا کرتے تھے۔ چاہے وہ انسان کی چہ میگوئیوں سے ہو۔ یا ذہنِ انسانی میں خود بخود ظاہر ہوتے ہوں۔ جب خیالاتِ فاسد ذہن و فکرِ انسانی میں خود بخود پیدا ہوتے تو اس کو انسان کسی غیر مرئی قوت کی پیداوار سمجھتا ہے۔ آج بھی تو ہم اس بات کا اندازہ نہیں لگا سکتے کہ ذہن و فکرِ انسانی میں ایسے خیالات کے پیدا ہونے کا باعث کیا ہے؟ (اس خصوص میں دیکھو میرا فکر وحیٔ اول کا ص۳) عامۃ الناس کا تو ذکر ہی کیا۔ آج دُنیا کے بڑے بڑے سائنس دان اور علم الابدان کے ماہر ابھی تک کسی خاص نتیجہ پر نہیں پہنچ سکے کہ جو بات وہم و گمان میں بھی نہ ہو اچانک کہاں سے دماغ میں آجاتی ہے۔ چاہے وہ بات اچھی ہو یا بُری۔ یعنے خیر ہو یا شر۔

میرے ایک عزیز صاحبِ فکر و غور ڈاکٹر ابوطاہر عبدالقادر سیول سرجن نے ایک مرتبہ بدوران گفتگو موضوعِ زیرِ بحث پر میری تائید میں ایک ڈاکٹری کتاب اپنی الماری سے نکال کر مجھ کو انسانی دماغ کا فوٹو بتلایا تھا۔ اور مجھ کو سمجھایا تھا کہ انسانی دماغ کے ۳/۴ حصہ کی حد تک ابھی تحقیقات باقی ہے۔ اس سہ ربع حصہ کے کون اجزاء کس مقصد و مدعا کے لئے ہیں اب تک تحقیق نہ ہو سکی۔ گویا ابھی تک وہ محتاجِ تحقیق ہے۔ بہرحال وحیٔ اول میں "علم الانسان مالم یعلم" کے متعلق جو فکر میرا ہے۔ وحیِ الٰہی کے متعلق۔ یہاں پر القائے شیطانی وسواس الخناس کیلئے بھی اُدھر روشنی میں فکر کو ہاتھ ایک ظنی و ذہنی عقیدہ نزولِ وحی کے وقت یہ بھی تھا۔ اور اس سے ہزاروں سال پہلے سے چلا آ رہا ہے۔ اور آج بھی فی لاکھ (۹۹۹۹۹) میں موجود ہے۔ یعنے انسان نیک خیالات کے متعلق خدا اور فرشتوں یا نیک ارواح کا تصور باندھتا ہے اور بُری باتوں کے لئے شیطان۔ جن اور بدروحوں کا خیال کرتا ہے۔ پس اہلِ عرب (باقی بر صفحہ ۱۷۴)

(بقیہ صفحہ ۱۷۳) بلا کسی واسطۂ ظاہری کے کوئی بُرا وسوسہ فکرِ انسانی میں آتا تو اس کو ایک غیر مرئی قوت کی جانب سے سمجھتے جس کو وہ "خناس" کہتے۔ جیسا کہ آج کل بھی بُرے خیالات شیطان کی طرف سے آنے کا تصور ہر مذہب و ملت کے انسانوں میں موجود ہے۔ بہرحال استقلالِ کامل اور یقینِ حق کے ساتھ راہِ ہدایت پر گامزن ہونے کی تعلیم دی جا رہی ہے اور وسوسوں سے محفوظ و مامون رہنے کے لئے ایک دعا بتلائی جا رہی ہے تاکہ یکسوئی قلب کا باعث ہو۔

جن کی حقیقت اس سورۃ میں پہلی مرتبہ "جن" کا لفظ آیا ہے۔ "جن" کیا ہے۔ چونکہ وسوسہ اندازی کے سلسلہ میں اس مخلوق کا ذکر آ رہا ہے۔ لہٰذا ابتدا ہی میں لفظِ جن کے متعلق مجھ کو اپنا دیرینہ فکر صاحبانِ غور و فکر کے دعوتِ فکر کے لئے پیش کرنا لازمی ہے۔ پس یہاں پر اس کو واضح بیان کرنا ضروری سمجھتا ہوں تاکہ آئندہ وحیوں میں لفظِ جن پر غور و فکر میں آسانی ہو۔ مخاطبین کی ذہنیت کے متعلق میں نے گذشتہ افکار میں فہمِ قرآنی کے سلسلہ میں صراحت کر دی ہے لیکن ہر وقت اس بات کو ذہن نشین رکھنا فکرِ قرآنی کے لئے ضروری ہے اس لئے بار بار اس کا اعادہ کرنا پڑتا ہے کہ وحیِ الٰہی کا منشا ہمیشہ اُمم کی اصلاح کے لئے ذریعۂ رسالت قومی ملکی۔ آبائی تصوراتِ ذہنی کو باقی رکھ کر اسی ماحول میں انسان کے تصوراتِ فنی و ذہنی کو بتدریج بدل کر اصلاح کرنا ہے۔ وہ ایک سخت ہزاروں پشت کے تصورات کو توڑ پھوڑ کر اصلاح کرنا نہیں چاہتی۔ کیونکہ سُنت اللہ اور قدرت کا قانون انسان کے لئے بلکہ ہر ذی حیات کیلئے یہ ہے کہ داخلی تصور سب کچھ اور خارج از تصور کچھ نہیں۔ اسی لئے ہر رسول کی وحی اس کی قوم کے تصورات کی حامل ہوتی ہے۔ تاکہ مُردہ قوم کی اصلاح کر کے اس کے ذہنی فنی تصورات میں علم کی روشنی سے روحِ عمل پیدا کر دی جائے۔ اگر ایسا نہ کیا جائے تو فطرتِ انسانی خارج از تصورات بات کو قبول کرنا تو درکنار سُننے کے لئے بھی تیار نہیں ہوتی۔ ظاہر ہے جو بات انسان کے وہم و گمان میں بھی نہ ہو کس طرح اس پر غور و فکر یا ادنیٰ سی توجہ بھی مرکوز کی جا سکتی ہے۔ دیکھو جسمانی امراض کے لئے ایک حاذق حکیم مریض کی طبیعت و رجحان ہی کے مدِ نظر مرض کو آسانی سے دُور کر سکتا ہے۔ اگر اس کے خلاف کرے تو نہ مرض دُور ہو سکتا ہے اور نہ اس کو کوئی حکیم حاذق کہہ سکتا ہے۔ پس اسی طرح روحانی حکماء یعنے انبیاءؑ و مرسلینؑ وحیِ الٰہی کے نسخوں کا استعمال مریض قوموں کو کرا کے اُن کی روحانی کمزوریوں کو دُور کرتے ہیں۔

میرا ریسرچ میں نے "رسولِ جن" اور "شیاطین" کی حقیقت پر غور و فکر کیا ہے۔ میرے لئے دو مشکلات تھے۔ ایک طرف تو مجھ کو اجنہ اور شیطان کے تجسم سے انکار تھا۔ اور دوسری طرف قرآنِ حکیم پر میرا ایمان و یقین کامل۔ دو ضدین کس طرح ایک جا جمع ہو سکتے تھے۔ اجنہ کے انکار سے اس لئے رجوع نہیں کر سکتا تھا کہ بسلسلۂ آسیب اور سایہ وغیرہ کامل دو سال میں نے اپنی قوتِ ارادی سے بلا کسی اسمی عمل کے تحقیق کر لی تھی کہ یہ سب کچھ ظنیات کے اثرات ہیں۔ تصورات کی دُنیا ہے۔ چنانچہ میں نے چند ایسے آسیب زدہ عورتوں اور مردوں پر اپنے نمایشی عمل کو آزمایا جو عاملین اور اطبا کے پاس رجوع ہو کر بھی صحت یاب نہ ہوئے تھے۔ اور یہ تھوڑے بہت تعلیم یافتہ تھے۔ لیکن گہرا نا اور ماحول اعلیٰ تعلیم کا تھا۔ میں اپنے دوست ڈاکٹروں کو بھی اپنے عمل کا مشاہدہ کرا کے ساتھ رکھتا۔ بوقتِ عمل میرا موکل مجھ سے باتیں کرتا جس کی آواز صرف میں سُنتا۔ دوسرے نہیں سُنتے۔ میری آواز دوسرے سُنتے۔ شاہِ جن سے میں خط و کتابت کرتا میرا خط نمایاں رہتا۔ لوگ دیکھتے شاہِ جن کا جواب سادہ کاغذ پر مجھ کو ملتا۔ سب لوگ دیکھتے کہ کاغذ سادہ ہے۔ میرا موکل مجھ سے کہتا کہ کاغذ پر فلاں اسم پڑھ کر عود و صندل کا دھواں دو۔ میں ویسا ہی کرتا۔ سب مشاہدہ کرتے کہ کاغذ سادہ تھا۔ اور اس عمل سے اس پر حروف نمایاں ہو گئے۔ مریض بھی دیکھتا اور کانپ جاتا (باقی بر صفحہ ۱۷۵)

(بقیہ صفحہ ۱۷۴) میرے حکم سے مجسم سانپ نمایاں ہوتے اور ایک دوسرے کو اپنے منہ سے پکڑ کر لاتا۔ مین ان کے سر پر تعویذ کاغذ کا رکھتا اور وہ شعلہ بن کر ان کو جلا دیتا۔ میرے حکم سے زمین شق ہوتی اور اس مین سے میرا موکل چاندی کا تعویذ مجھ کو دیتا۔ میرے عمل سے آسیب شیشے مین دھوان بن کر اتر جاتا اور شیشہ وزن دار بن جاتا۔ اس طرح مختلف عملیات مین نے دو سال کامل کئے۔ درآن حالیکہ کوئی اسم اعظم مین نہین پڑھتا تھا۔ صرف زبان اور لبون کو حرکت دیتا تھا۔ جو کچھ کرتا تھا جس کا مشاہدہ کیا جاتا اور کرایا جاتا وہ چند شعبدون کے طریقے تھے۔ مثلاً کاغذ پر پیاز کے عرق سے تحریر کردی جاتی۔ بظاہر وہ نمایان نہ ہوتی۔ عود کے دھوین اور آگ کی گرمی اس کو نمایان کر دیتی۔ یعنے حروف مین رنگ آجاتا۔ ربر کے سانپ لے کر ان کو شعبدہ بازی کے طریقے سے سامنے لاتا۔ دو الیسڈ ملانے سے آگ پیدا ہو جاتی۔ دو الیسڈ ملانے سے دھوان نمایان ہوتا۔ زمین مین چنے بھگو کر اس پر تعویذ رکھ دینے سے وقت مقررہ پر زمین شق ہوتی اور چنون کے پھولنے سے ان کی قوت اس کو باہر نکالتی۔ چونکہ شعبدہ بازی مین نے بچپن مین قاضی فضل الدین مرحوم اورنگ آبادی سے جو میرے ڈرائنگ ماسٹر تھے سیکھی تھی۔ انھین سے مسمریزم بھی سیکھا تھا۔ مین جانتا ہون کہ یہ جادو سحر اور نظر بندی کے کیا راز ہین۔ دست غیب کس کو کہتے ہین۔ بڑے بڑے عقلاء۔ سائنس دان حیران ہو جاتے ہین۔ ان کو ماننا پڑتا ہے کہ کوئی غیر مرئی قوت اس جادوگر کے تابع ہے۔ درآن حالیکہ سائنس دان اُن تمام مفرد و مرکب کے اثرات و ماہیت سے واقف ہوتا ہے۔ لیکن اُس وقت اُس کا دماغ شعبدہ باز کی قوت ارادی سے مسلوب ہو جاتا ہے۔ ایک طرف تو فلسفۂ اجتماع کام کرتا ہے اور دوسری طرف شعبدہ گر کے ہاتھ کی صفائی اُس کے عقل و فکر کو مسخر کر دیتی ہے۔ کیا ہے شعبدہ بازی کا راز؟ ہاتھ کی صفائی۔ یعنے کسی چیز کو ہاتھ مین اس طرح پکڑنا کہ دوسرون کی نظر اس پر نہ پڑ سکے۔ اور کسی چیز کو اس طرح سے دوسری جگہ منتقل کر دینا کہ دوسرا اس کو محسوس نہ کر سکے۔ یا پھر چند سائنس کے چٹکلے۔ لیکن ان سب پر شعبدہ باز کی لفاظی محیط ہوتی ہے کہ وہ ناظرین کی توجہ اپنی طرف کر لے۔ پھر ان پر اپنے فن کی عظمت اور رعب قایم کرا دے۔ نیت اچھی ہے تو وہ شعبدہ باز ہے۔ اگر نیت فاسد ہے تو وہ پاکٹ پلیر۔ یعنے جیب کترا ہے۔ اگر مذہبی رنگ مین ہے تو غیر شعوری طور پر عامل ہے۔ اس کی کرامت اور عمل کا چرچا ہے۔ مختصر یہ کہ جب میری شہرت عمل عملیات کی ہونے لگی تو سلطان پورہ کے ایک بہت بڑے عامل صاحب (تو، میان صاحب عامل) سے میری مخلصانہ ملاقات ہوئی۔ ان کو میرے عامل ہونے کا علم ہو چکا تھا۔ مین نے

روح کیا پابندِ زبان ہوتی ہے؟

اُن سے سوال کیا کہ "کیا روح پابند زبان ہے؟" انھون نے نفی کی۔ پھر مین نے اجنہ کے متعلق یہی سوال کیا جس کا جواب بھی نفی مین ملا۔ مین نے عرض کیا کہ "پھر کیا وجہ ہے کہ جب ہم کسی آسیب زدہ پر اس کے جن یا روح بد، یا شیطان کو حاضری کا حکم دیتے ہین اور وہ حاضر ہو جاتا ہے تو ہمارے سوالات کا جواب وہ ہماری زبان مین ادا نہین کرتا۔ بلکہ آسیب زدہ ہی کی زبان مادری مین جواب دیتا ہے۔ اور ہمارا موکل بھی ہماری مادری زبان ہی بولتا ہے؟ اس کا جواب ان سے بن نہ پڑا۔ پھر مین نے اُن سے استدعا کی کہ وہ کسی حقیقی آسیب زدہ یا بھانا متی کے مریض کے علاج کے وقت مجھ کو یاد کر لین تاکہ مین ایسے متاثرہ فرد کو دیکھون۔ لیکن افسوس ہے کہ وہ انتقال کر گئے۔ اور میری تشنگی دور نہ ہو سکی۔

میرا مقابلہ جن سے

ایک اور واقعہ بھی اسی سلسلہ مین باعث غور و فکر ہے۔ میری عمر جب (۲۵) سال کی تھی مین اپنے ایک شفیق استاد مرزا ساجد بیگ صاحب مرحوم ناظم عدالت پرگنی کے پاس (باقی بر صفحہ ۱۷۶)

(بقیہ صفحہ ۱۷۵) مقیم تھا۔ اور ان کے زیر تعلیم امیدوار ملازمت جس بنگلہ میں وہ رہتے تھے وہاں پر جن کا مسکن مشہور تھا۔ ایک رات تقریباً ایک دو بجے انھوں نے مجھ کو آواز دی اور کہا کہ دیکھو صحن میں کیا نظر آرہا ہے۔ میں نے لحاف منہ سے نکال کر دیکھا تو ایک لاش کفن پہنے زمین سے آسمان تک لٹک رہی ہے اور ہاتھ پیر ہلا رہی ہے میں نے لحاف میں منہ چھپا لیا اور خوف سے مجھ کو پسینہ آنے لگا۔ ناظم صاحب مرحوم کی بھی وہی کیفیت ہوئی۔ میں لحاف سے جھانکتا تو سامنے ایڑیاں اور پیچھے پنجے نظر آتے۔ ہاتھ کی انگلیاں بڑی لمبی لمبی۔ توبہ بھلی۔ میں پھر منہ ڈھانک لیتا۔ اسی طرح صبح ہوگئی۔ اور صبح سے اس کا چرچا ناظم صاحب نے اپنے ملنے والوں سے شروع کیا اور شہادت میں میں تھا۔ ہم دونوں سخت متاثر تھے۔ ناظم صاحب اپنے زنانہ کو اس گھر میں بلوانے غور کر رہے تھے۔ چند روز ایسے ہی گذرے۔ اتفاقاً دس بجے رات کو پھر میرے سامنے وہی صورت آگئی۔ چونکہ بستر پر لیٹنے کے بعد مسلسل اسی طرف نظر رہتی تھی۔ مگر لوگ چل پھر رہے تھے۔ اس لئے ہمت بڑھی تو میں نے پلنگ سے نیچے سر جھکا کر یہ دیکھنا چاہا کہ وہ لاش کا چہرہ بھی نظر تو آئے۔ بس میرا سر نیچے جاتا تھا کہ میں ہنس پڑا۔ رات کو دو بجے میں نے ناظم صاحب کو آواز دی اور کہا کہ دیکھئے آج بھی جن نمودار ہے۔ ناظم صاحب نے دعائیں شروع کردیں اور حصار باندھا۔ تھوڑی دیر کے بعد میں نے پھر ان کو آواز دی اور کہا کہ میں اس جن سے لڑنا چاہتا ہوں۔ اس پر انھوں نے مجھ کو ڈانٹا کہ خبردار ایسا نہ کرنا۔ میں ایک دم پلنگ سے چھلانگ کر اس مقام پر پہنچا اور وہ خفا ہی ہوتے رہے کہ میں نے اس چادر کو جو فرش پر بچھانے کی تھی املی کے درخت سے کھینچ لی۔ اس پر ناظم صاحب پلنگ سے دوڑ کر میرے پاس آئے اور کہا کہ یہ کیا ماجرا ہے۔ میں نے کہا کہ دراصل یہ چادر کی حرکت جو ہوا سے ہو رہی تھی ہم کو نیند کے آنکھوں میں ایک تصوراتی جن کو پیش کر دیا تھا۔ اس پر وہ میری جراءت اور تحقیق پر شاباشی دی۔

دوسرا واقعہ جب کہ میں چالیس سال کی عمر سے متجاوز ہو چکا تھا۔ تفریح کا عادی تھا اور ہوں۔ بہت سویرے گھر سے نکل جاتا جنگل میں صبح کی تماشا دا کرتا۔ ایک مرتبہ تالاب کے کٹے سے گذر رہا ہوں۔ تقریباً نصف میل کے فاصلہ پر طوم کے سامنے میں نے دیکھا کہ کوئی عورت کھڑی سر کے بال جھٹک رہی ہے۔ یعنے پانی نہا کر اور بال زمین تک لٹک رہے ہیں۔ میں برابر قدم بڑھاتے چلا جا رہا ہوں اور سوچ رہا ہوں کہ اتنی رات میں کون عورت اتنے بڑے بال والی نہا کر نکلی ہے۔ صبح کی سفیدی بڑھ رہی ہے اور میری نظر اسی پر جمی ہوئی ہے۔ اس کی ساڑی بھی مجھ کو نظر آرہی ہے اور اس کا قد و قامت بھی۔ یہاں تک کہ میں اس کے قریب پہنچا تو دیکھا کہ ایک گدھا کھڑا دم ہلا رہا ہے۔ میں اپنے تصوراتِ ذہنی پر ہنس پڑا۔ اور بے اختیار بہ آوازِ بلند اپنے کو مخاطب کرتے ہوئے کہا کہ:۔ "لیجئے یہ آپ کی حسینہ ہے"

بات کیا ہے؟ صرف یہی کہ ہمارے تخیلات ہی صورت گری کرتے ہیں۔ اگر ہمت کرکے حقیقت معلوم کرنا چاہو تو حقیقت منکشف ہو جاتی ہے۔ پس اسی طرح راویانِ معتبر کے مشاہدات ہوتے ہیں۔ وہ جھوٹ نہیں کہتے۔ ان کے تصورات جو کچھ ان کے سامنے بطور مشاہدہ پیش کرتے ہیں وہ اس کو بیان کرتے ہیں۔ چونکہ مخاطبین کے سامنے وہ شئے نہیں ہوتی اور بیان کرنے والے کی صداقت ناقابلِ انکار ہوتی ہے اس لئے ایک کی زبان سے دوسرے کی زبان پر واقعہ مستند ہوتا چلا جاتا ہے۔

بہر حال اس دور سے میری تحقیقِ مشاہداتی کا سلسلہ گذر چکا ہے۔ ایسی حالت میں میں جن اور شیطان کے تجسم کا منکر بنا رہا ہے۔ اب دوسری دشواری قرآنِ حکیم میں جن کا لفظ اور سورۂ جن کا (باقی بر صفحہ ۱۷۷)

(بقیہ صفحہ ۱۷۶) نفس کلام ہونا۔ درآں حالیکہ مین قرآن پر کامل یقین و ایمان رکھتا ہون ۔ برسون اس فکر مین رہا۔ غور کرنے سے فکرِ قرآنی نے مجھ کو بتلایا کہ لفظِ جن صرف مکی آیات مین ہے۔ مدنی کسی آیت مین لفظِ جن نہین آیا۔

قرآنی جن اس بات کے یقین ہو جانے پر میرے لئے ایک دوسرا مسئلہ بھی حل طلب نکل آیا۔ کہ کیا وجہ ہے کہ وحیِ الٰہی مکی مین تو جن کا ذکر آرہا ہے اور مدنی آیات جن کے نام سے ساکت ہین؟

مختلف مکاتبِ خیال کے افکار کو دیکھا۔ کسی نے لغت کی بناء پر کہا کہ "جن" نظر نہ آنے والی مخلوق کو کہتے ہین۔ اس لئے جو انسان رسول اللہ صلعم کی نظرون سے اوجھل تھے ان کی طرف اشارہ ہے ۔ بعض کا خیال یہ ہے کہ لفظِ جن اہلِ عرب غیر عرب اقوام کے لئے استعمال کرتے تھے۔ جیسے کہ وہ دوسرون کی زبان اور دوسرون کو "عجم" یعنی گونگا کہتے تھے۔ لہٰذا جن غیر عرب کے لئے مکی آیات مین آیا ہے۔ اور مثال بھی کہ انگریز اپنے کو گورا کہتے اور غیر یورپ یعنے مشرقیون کو کالا "نیٹیو"۔ درآں حالیکہ کشمیری اور پنجابی بہت سُرخ و سفید ہوتے ہین۔ مگر ان کو بھی وہ کالا ہی کہتے ۔ مگر پھر بھی میرا فکر مزید جستجوِ فہمِ قرآنی مین مصروف رہا۔ اچانک یہ بات میری سمجھ مین آئی کہ ۔ چونکہ عرب (بلکہ تمام کرۂ زمین کے انسان) جن۔ شیطان۔ بدروح وغیرہ کے میراثی تصور مین پشت ہا پشت سے چلے آرہے ہین۔ اور ان قوتون کو وہ غیر مرئی اور انسان کو ان کے مقابلہ سے مجبور جانتے ہین خصوصاً اہلِ مکہ فرشتون کو اللہ کی بیٹیان اور ان کی نسل سے اجنہ کو مانتے تھے۔ پھر ان کے تصرفات کے وہ قایل تھے۔ ان کے خاندان اور جتھے اور ان کی قومی بادشاہت۔ سب ہی کے غیر مرئی ہونے کا ایمانِ کامل رکھتے تھے۔ ایسی صورت مین وحیِ الٰہی نے ان کے تصورات ہی کے تحت اجنہ کا ذکر کیا جسکے متعلق میرا فکر و فہم یہ ہے کہ :۔ دیکھو اے اہلِ مکہ تم جن غیر مرئی قوتون کو انسان سے بہتر سمجھتے ہین اور جن کے متعلق تمہارا ایمان و یقینِ کامل ہے کہ ان کے خلاف کوئی انسان جھوٹ یا بہتان۔ یا ان کے خلافِ مرضی کوئی بات بھی کہے تو وہ قوتین اس انسان کا گلا دبوچ دیتی ہین ۔ یہی ہے نا تمہارا تصور اجنہ کے متعلق؟" تو دیکھو قرآنِ حکیم بزبان محمدِ عربی تم کو بتلا رہا ہے کہ۔ اجنہ بھی قرآن کو دلچسپی سے سُنتے ہین۔ اور اس کو اللہ کا کلام مانتے ہین اور اپنی قوم مین جاکر قرآن کا پرچار کرتے ہین۔ اور محمد کی رسالت اور توحیدِ الٰہی کا اقرار بھی کرتے ہین ۔ اب تم ہی بتلاؤ کہ جب اتنی بڑی قوتین اللہ کے کلام پر ایمان لاتے ہین تو تم کو کیا ہوا کہ تم اس کو غلط سمجھ کر اس سے انکار کرو۔ اگر تم سمجھتے ہو کہ اجنہ ایمان نہین لاتے اور محمد کی زبان پر وحیِ الٰہی کا دعویٰ غلط ہے تو پھر کیون وہ محمد کو نقصان نہین پہنچاتے۔ ذرا تم ہی غور کرلو کہ بات کیا ہے۔ یا تو تمہارے تصورات اجنہ کے متعلق مہمل اور لغو ہین۔ یا پھر وہ صحیح ہین تو قرآن اور محمد کی صداقت مین کوئی کلام نہین ہو سکتا"۔ پس اس طرح اہلِ مکہ کے تصورات ہی سے ان کو لاجواب کرنے یا قائل کرنے وحیِ الٰہی نے "جن" کا لفظ مکی وحیون مین استعمال کیا ہے۔

جب میرا فکر اس نتیجہ پر پہنچا تو مین بارگاہِ رب العزت مین سربسجود ہو گیا کہ مجھ کو "قرآن کے جن" سے انکار کرنے کی بھی ضرورت نہین رہی۔

مدنی وحی مین جن کا لفظ کیون نہین آیا اب یہ بات صاف ہو گئی کہ جب ہجرت کے بعد متبعینِ قرآن مدینہ چلے گئے تو جن کی حقیقت سے یہ مشن بخوبی واقف تھا۔ وہ سب ہی جانتے تھے کہ سوائے ذاتِ اللہ کے کسی مین کوئی قوت و طاقت نہین "لا حول و لا قوۃ الا باللہ" اور "لا الٰہ الا اللہ" پر ایمانِ کامل تھا۔ اور پھر اہلِ مدینہ بھی تو اہلِ مکہ کی طرح فرشتون اور اجنہ کے متعلق ایسے خیالات نہین رکھتے تھے کیونکہ مدینہ مین یہودی اہلِ کتاب تھے۔ وہ فرشتون کو خدا کی بیٹیان [illegible] تھے۔ ایسی حالت مین (باقی بر صفحہ ۱۷۸)

(بقیہ صفحہ ۱۷۷) لفظِ جن وحیِ الٰہی کے لئے غیر ضروری تھا۔ اگر دیگر محققین کی تحقیق کو بھی مان لیا جائے کہ "لفظِ جن وحیِ الٰہی کے لئے غیر ضروری تھا۔ اور اس تحقیق کو بھی مان لیا جائے کہ "غیر قریش و غیر عرب اہلِ مکہ کو محاورہ میں جن کہا جاتا تھا۔ تو" ایسی حالت میں بھی ہجرت کے بعد وہ محاورہ باقی نہیں رہا۔ اس لئے "جن" کا لفظ وحی میں آنے کی ضرورت نہ تھی۔

اب یہاں پر ایک اور بات بھی واضح کر دینا ضروری معلوم ہوتا ہے۔ وہ یہ کہ بعض مفسرین نے سورۂ ناس کو مدنی نزول قرار دیا ہے۔ اس لحاظ سے اگر فی الحقیقت یہ سورہ مدنی ہے تو پھر میری تمام بحث ہی بے معنے ہو جاتی ہے۔ لہٰذا اس سورہ کے متعلق میری تحقیق کو بھی یہاں پر واضح کر دینا ضروری سمجھتا ہوں تاکہ تشنگی باقی نہ رہے۔ دیکھئے سورۃ الفلق اور سورۃ الناس کے متعلق اختلاف ہے کہ یہ جزوِ قرآنِ حکیم ہے یا نہیں۔ بعض اصحابِ رسولؐ اسکو قرآن کی وحی نہیں مانتے۔ چنانچہ حضرت عبداللہؓ ابن عباسؓ اور عبداللہؓ ابن مسعود کے قرآن میں سورۂ فاتحہ، سورۂ فلق اور سورۂ ناس نہیں ہے۔ اور بعض مفسرین اس کو جزوِ قرآن قرار دیتے ہیں۔ ایک روایت ہے کہ آنحضرتؐ پر کسی ساحرہ نے جادو کر دیا تھا تو اس کے اثر کو زائل کرنے جبرئیلؑ نے یہ دو دعائیں آپؐ کو بتلا دیں جس کے ورد سے اثرِ سحر دور ہو گیا۔

رسولؐ پر جادو کا اثر غلط ہے بعض روایات میں اس واقعہ کو مکی زندگی کا بیان کیا جاتا ہے۔ اگر اس روایت کو مان لیا جائے تو پھر ان سورتوں کے مکی ہونے میں شک و شبہ باقی نہیں رہتا۔ بعض روایت میں سحر بعد زمانۂ ہجرت کے کہا جاتا ہے۔ اس کا کوئی داخلہ مستند تاریخ سے نہیں ملتا۔ درآں حالیکہ ہجرت کے بعد کی تاریخ بڑی حد تک محفوظ ہے (اگر سحر کا اثر رسولؐ پر مان لیا جائے تو پھر وحیِ الٰہی میں شک و شبہ کی گنجائش پیدا ہو جائے گی[عہ])۔ بہرحال ایک خاص واقعہ کے تحت جبرئیلؑ نے آپؐ کو یہ دونوں دعائیں بتلا دی تھیں اس لئے حضرت عبداللہ ابن مسعودؓ نے انکے جزوِ قرآن ہونے سے انکار کیا۔ اور عبداللہ ابن مسعودؓ صحابیٔ رسولؐ قرآنِ حکیم پر کامل عبور رکھنے کے ثبوت میں رسول اللہ صلعم کی زبانِ مبارک سے بارہا مصدق ہو چکے ہیں جس کا ثبوت احادیث میں مل سکتا ہے۔ پس اس روشنی میں تمام قرآنی وحیاں جس میں لفظِ جن آیا ہے وہ سب مکی ہونا مسلم الثبوت ہیں اور میرا یہ بیان کہ مدنی قرآن میں لفظِ جن نہیں ہے۔ قابلِ تسلیم ہو جاتا ہے۔ پھر ایک اور بات کی تشنگی باقی رہتی ہے کہ "سورۂ جن" کیا ہے؟۔ و نیز رسول اللہ صلعم نے اجنہ سے گفتگو فرمائی اور بہت سے اولیاء اللہ کے متعلق روایات ہیں کہ اُن کے درس میں جن آیا کرتے تھے تو یہ سب کیا غلط ہی غلط باتیں ہیں؟۔ اس کا جواب تو میں نے اپنے فکر کے لحاظ سے صفحاتِ ماقبل میں جو کچھ لکھ دیا ہے وہ کافی ہے۔ لیکن پھر بھی رسالت مآب کے متعلق سوال حل طلب رہ جاتا ہے۔ دیکھئے سورۂ جن میں اور سورۂ رحمٰن میں میرا فکر موجود ہے۔ سورۂ جن میں اجنہ کے قرآن سننے کا علم رسول اللہ صلعم کو بذریعۂ وحی ہوا ہے نہ کہ بلا وحی کے بالراست اور عینی مشاہدات کے تحت (باقی بر صفحہ ۱۷۹)

عہ تمام جادوگر اور عمل عملیات کرنے والے اس بات پر متفق ہیں کہ کسی حاکم یا بادشاہ پر کوئی اثر جادو یا عمل کا نہیں ہوتا۔ پھر رسول اللہ صلعم پر جادو کا اثر ہو جانا کیسے تسلیم کر لیا جائے؟۔ اگر تسلیم کیا جائے تو پھر اس کے بعد وحیِ الٰہی (جو آپؐ کی زبانِ مبارک سے جاری ہوئی ہے۔ یعنے قرآنِ حکیم) میں کس قدر شبہات کی گنجائش پیدا ہو جائے گی غور طلب بات ہے۔ اگر میرے فکر کی روشنی میں اِن دونوں صورتوں پر غور کیا جائے تو سحر کی روایت ہی بے معنے ہو جاتی ہے۔ بہرحال اس روایت کی میرے پاس کوئی اصلیت نہیں جس کے بعد وحیِ الٰہی پر کسی قسم کے شک و شبہ کی گنجائش ہی باقی نہیں رہتی۔

(بقیہ صفحہ ۱۷۸) پس جب کہ نصِ قرآن اس خصوص میں واضح موجود ہے تو پھر آپؐ کے مشاہدۂ عینی یا ملاقاتِ اجنہ کا واقعہ صرف روایات کے تحت باقی رہتا ہے۔ اور نصِ قرآن کے مقابلہ میں روایات بلکہ احادیث کا بھی تو کوئی مقام نہیں۔

اب رہا اولیاء اللہ یا ائمہ و غوث و قطب وغیرہ سے اجنہ کی ملاقات۔ مجھ کو ان روایات سے انکار کرنے کی اس لئے ضرورت نہیں کہ جب میں وحیِ الٰہی کو ماحول فکرِ انسانی اور تصوراتِ ذہنی کا پابند سمجھتا ہوں تو انکے بیانات کو اسی دائرہ میں سمجھنے سے کیوں انکار کروں۔ پھر کسی بزرگ کا مشاہدہ خود ان کے قلم نے نہیں لکھا ہے بلکہ ان کے معتقدین نے روایت کی ہے۔ تو دراصل راوی معتبر کا بیان ہے نہ کہ شاہدِ صادق البیان کا۔ اور پھر اگر شاہد کا بیان بھی ہو تو کیا "مازاغ البصر و ما طغیٰ" بہکی نہیں نگاہ اور نہ حد سے بڑھی ـــ یعنے مشاہدہ میں کوئی غلطی نہیں ہوئی ـــ تو کیا رسول اللہ صلعم ہی کی نظروں کی طرح تمہیں ہر ایک کی نظر اور مشاہدہ کو مان لینے پر مجبور ہوں؟ جی نہیں! رسول اللہ صلعم کی نظر میرے نزدیک کچھ اور ہی ہے۔ اور غیر رسول اور غیر نبی کی نظر کچھ اور (دیکھئے میرا فکر سورۂ النجم میں)۔ بہرحال یہ میرا ذاتی فکر ہے۔ میں جانتا ہوں کہ کروڑ انسانوں میں ایک بھی میرے اس فکر کا موید نہیں ہو سکتا۔ مگر مجھ کو اس سے بحث نہیں ہے۔ میرا مقصد تو میری ذاتی تحقیق اور میرا فکر جو میرے رب کا عطیہ ہے اسکو دوسروں تک پہنچا دینا ہے۔ میرا کام منوانے کا نہیں ہے اور نہ مجھ کو اس کی ضرورت ہے۔ اب رہا یہ امر کہ میں بھی دوسروں کیطرح جنات کو مان لوں۔ یہ ناممکن ہے کیونکہ جس حقیقت تک میرا علم الیقین عین الیقین تک پہنچ چکا ہے اس سے انکار میرے نزدیک کفر۔ بلکہ میرے رب سے کفرانِ نعمت ہے۔

جن کیا ہے؟ وہ کیسی مخلوق ہے؟

مختصر یہ کہ ان تمام نظریات کے بعد جن اور شیطان اور ارواح کے متعلق یہ کلیہ قرار دیا جا سکتا ہے کہ:ـــ

یہ تمام قوتیں بلاشبہ غیر مرئی ہیں۔ اور ذہنِ انسانی کی پیداوار۔

بالفاظِ دیگر

یہ سب ظنی مخلوق ہے۔

دیکھو خالقِ کائنات نے بہت سی مخلوق ایسی پیدا کی ہے جس کو انسانی بصارت دیکھ نہیں سکتی مثلاً جرثیم۔ امراض کے۔ خون کے۔ پانی کے وغیرہ۔ لیکن انسان نے خردبین ایسی ایجاد کر لی ہے کہ اس کی مدد سے اُن کا مشاہدہ کر لیتا ہے۔ دُور کی نظر عاجز ہے طویل مسافت کی شئے کو دیکھنے تو اس نے دُوربین سے مدد لی۔ اور اس کو بھی دیکھ لیا۔ لیکن ہو الدور آواز کو نہ دُوربین دیکھ سکتی اور خردبین۔ تو اس نے اس کو مکانیت میں مقید کر کے اس کا وزن اور اسکے اثرات سے استفادہ کیا۔ اسی طرح برق کو بھی اپنے تصرف میں لایا۔ آواز کو ریکارڈ کیا ـــ اس سے بڑی قوت ایتھر کی تحقیق کی تو اسکو نہ دیکھا جا سکتا ہے اور نہ مقید کیا جا سکتا۔ تو پھر بھی اس کے ذریعہ ریڈیو اور ٹیلی ویژن کی ایجاد کر لی۔ ظاہر ہے کہ یہ تمام قوتیں غیر مرئی ہی تو ہیں لیکن سائنس کی نظروں میں ان کا جسم یعنے مادہ ہونا مسلمہ ہے۔ کیونکہ ہر قوت تابع مادہ ہے ـــ اور ہر مادہ میں قوت لازمی ہے۔ پس جوہر یعنے آٹم کی تحقیق نے بہت کچھ راہائے سربستہ قدرت کے انسان (یعنے خلف الرشید آدم) کے سامنے کھول کر رکھ دیئے ـــ اس زمانہ میں جن اور شیطان۔ روح سے انکار ایک جہالت ہوگی۔ مگر اس کا اقرار اُن معنوں میں نہیں کیا جا سکتا جن معنے میں دُنیا سمجھتی ہے۔ بلکہ اللہ کی قوتوں میں ان کو شمار کر لو جس میں فرشتے بھی آجاتے ہیں ـــ لہٰذا یہ سب قوتیں اللہ کی مخلوق ہیں ـــ پس یہ کائنات کی ہر قوت کو چاہے وہ مرئی ہو یا غیر مرئی (باقی بر صفحہ ۱۸۰)

(بقیہ صفحہ ۱۷۹) خدا کی مخلوق مانتا ہوں اس سے انکار نہیں کرتا۔ جیسے انسان میں بصارت۔ سماعت۔ گویائی۔ سونگھنے اور ذائقہ اور حفظِ نفس وغیرہ کی قوتیں ہیں۔ درآں حالیکہ سب غیر مرئی ہیں لیکن خدا ہی ان کا خالق ہے اور سب مخلوق ہیں۔ اسی طرح قوتِ فکر عقل کو بھی سمجھ لو۔ ارادہ کو بھی مان لو۔ البتہ ایک بات پر ایمان لگا لو رکھتا ہوں کہ ایک ذاتِ واحد ہی ایسی ہے جو کائنات کی خالق ضرور ہے مگر مخلوق نہیں ہے۔

اللہ کا تصور

وہ کون؟ ۔ وہ اللہ۔ اوم۔ گاڈ۔ یزدان ہے ۔ ہر زبان میں اسکے نام علیحدہ ہیں۔ ہر تصور اس کو اپنے رنگ میں جانتا۔ دیکھتا ہے۔ مگر سب غلط۔ اس لئے کہ "لیس کمثلہٖ شیٔ" اس کے مثل کائنات میں کوئی شئے ہی نہیں تو پھر خارج از تصور کچھ بھی نہیں جس نے کہا کہ میں نے اس کو جانا اور وہ نہ جانا۔ اور جس نے اعتراف کیا کہ اس کو نہیں جانا۔ بے شک اس نے اسکو اسکی قدرتوں سے کچھ نہ کچھ پہچانا۔

ذاتِ خدا میں فکر کے بجائے اسکی مخلوق میں فکر کرو

اس نجات نظر سے تو میں سب ہی کا یقین رکھتا ہوں اور ذاتِ خداوندی میں فکر کرنے کے بجائے اس کی تخلیق اور قدرت میں غور و فکر کرتا ہوں۔ اور بس۔ چنانچہ میرے چالیس سالہ فکر قرآنی میں میں نے کبھی ذاتِ الٰہی یعنے خالقِ کائنات میں فکر نہیں کیا۔ کروں تو کس طرح کروں۔ جب کہ قرآن کہتا ہے کہ "لیس کمثلہ شیٔ" کہ اللہ کی ذات کی مثال کسی شئے سے بھی متمثل نہیں ہو سکتی ـــــ پس میں صاحبانِ فکر قرآنی کی خدمت میں عرض کروں گا کہ وہ جن۔ فرشتہ۔ شیطان ـــ ارواح وغیرہ سے منکر نہ ہوں۔ بلکہ قرآنی نکتۂ نظر سے ان کی تصدیق کریں۔ البتہ اپنے ماحول اور آباء و اجداد کے روایاتی۔ ملحی۔ ذہنی۔ فرشتوں۔ اجنہ اور شیطان اور ارواح سے انکار کر دیں۔ کہ ان کی کوئی اصلیت نہیں ہے مجھ کو امید ہے کہ جن کو اللہ تعالیٰ نے فکر اور بصیرت دی ہے وہ میرے اس فکر کو بہ غور پڑھ کر کسی صحیح نتیجہ پر پہنچنے کی کوشش کریں گے۔ اور اس سے آگے وہ اپنے فکر کو بڑھا کر بلند زینہ پر پہنچیں گے جس مقام تک میرے فکر کی رسائی نہیں ہوئی ہے۔ چونکہ میں نے اپنے اس فکر کو دادِ سخن حاصل کرنے کی تمنا میں نہیں لکھا ہے۔ بلکہ اس کا مقصد دوسروں کے لئے دعوتِ فکر ہے۔

ہر مذہب کی مقدس کتاب اس مذہب کا الٰہ یعنے بت۔ صنم تصور کیا جاتا ہے۔

اس سلسلہ میں ایک بات قابلِ یادداشت ہے کہ ہر مذہب و ملت نے اپنی مقدس کتاب کے حروف۔ الفاظ اور ان کی آواز کو بت بنا کر پوجنا شروع کر دیا۔ چنانچہ حاملینِ قرآن اور امتِ محمدی بھی اس زمرہ میں داخل ہیں۔ لیکن میں قرآنِ حکیم کے حروف۔ الفاظ۔ جملوں۔ (یعنے آیات) جن کی تعداد زاید از چھ ہزار ہے روایات کے مندر میں رکھ کر ان کی پوجا کرنا نہیں چاہتا۔ میں جانتا ہوں کہ ایک بت خانہ میں الٰہ دراصل ایک مقدس مورتی ہوا کرتی ہے۔ اس کی حقیقت اور اصلیت سوائے اس کے کچھ نہیں کہ وہ ایک پتھر تھا۔ ایک بت تراش کی صنعت نے اس کو حسین یا ہیبتناک صورت دے دی۔ اگر وہ کسی میدان یا جنگل میں پڑا رہتا تو کوئی بھی اس کے تقدس و عظمت کو نہ مانتا۔ لیکن وہ ایک قیمتی عمارت میں رکھ دیا گیا ہے تو اس عمارت کی شان و شوکت اور نقش و نگار اس مورتی یا بت کے تقدس کا باعث بنے۔ اور اس سے زیادہ اجتماعی فلسفہ اور کثرتِ روایات اس بت کی پرستش اور احترام کا سبب ہیں۔ پس اس مثال کو سامنے رکھ کر میں قرآنِ حکیم کو روایات کے بت خانہ میں رکھ کر چھ ہزار آیات اللہ کو (جو خوشنویس۔ مثل بت تراش یا مصور کے اس کو بنایا ہے) اپنا الٰہ بنا کر (باقی بر صفحہ ۱۸۱)

(بقیہ صفحہ ۱۸۰) پوچھنا نہیں چاہتا۔ مین تو اِن حروف کی حقیقت کو اپنے فکر سے معلوم کرنا چاہتا ہون تاکہ فہم قرآن حکیم حاصل کرکے اس منشا کی تکمیل کے لئے ممکنہ کوشش کرون جس مقصد کے لئے وہ بصورت وحی بزبان محمد عربی صلعم عالم وجود مین ہماری نظرون کے سامنے موجود ہے (دیکھو وحی نمبر (۳۱) کتاب اللہ پر میرا فکر)۔ بہ قول علامہ رومیؒ :۔

من ز قرآں مغز را برداشتیم ۔ استخواں پیش سگاں انداختیم

مین نے قرآن کے آیات محکمات سے کھلے ہوئے مفہوم کو اپنے فکر قرآنی مین سمو لینے کی کوشش کی ہے جیسے کہ مخاطبین وحی اُمی عرب مکہ یا عرب مدینہ یا اطراف وجوانب کے عرب اس وحی الٰہی کو سن کر اور فکر کرکے فہم حاصل کر لیا کرتے تھے مجھ کو قرآن حکیم مین تاویلات۔ صرف ونحو۔ علم کلام۔ فلسفہ اور منطق سے بال کی کھال نکالنا نہین ہے۔ اور نہ قرآن کے حرفون کو الٰہ بنا کر پوجنا مقصود ہے۔ اس کے خلاف تیرہ سو سال سے حامل قرآن اُمت محمدی نے معنی سے دست بردار ہو کر ہڈیون کے لئے ایک دوسرے پر غراتے ہوئے زاید از چار سو فرقے بنا لئے ہین تو (دیکھو میری ایک تالیف "مذہب اسلام کے چارسو فرقے") مجھ کو ان ان فرقون سے کوئی بحث نہین۔

غریب القرآن" مین لفظ "جن" کے معنی ومفہوم اور محاورات حسب ذیل ہین جن کے لغوی معنی :۔

جن ۔۔۔ ڈھانکنا۔ س (۶) آیت (۷۶)۔
" ۔۔۔ مقام آسایش۔ س (۲۰) آیت (۱۱۷) س (۵۷) آیت (۲۱) س (۱۱) آیت (۱۰۸)
" ۔۔۔ شیطان۔ س (۱۸) آیت (۵۰)۔
" ۔۔۔ چھپی ہوئی چیز۔ س (۵۳) آیت (۳۲)۔
" ۔۔۔ وحشی لوگ غیر متمدن۔ س (۲۷) آیت (۱۷)۔ جان۔ سانپ۔ س (۲۷) آیت (۱۰)۔
" ۔۔۔ " " ۔ س (۳۴) آیت (۱۲ و ۱۳)۔
" ۔۔۔ " " ۔ س (۲۷) آیت (۳۹) مجنون۔ مجنون یا دیوانہ۔ س (۸۱) آیت (۲۲)۔
" ۔۔۔ نجومی وکاہن۔ س (۷۲) آیت (۱ و ۲ و ۸ و ۱۰)۔ جن۔ مخلوق مزعومہ ومظنونہ غیر مرئی عرب جاہلیت۔
" ۔۔۔ بدسرشت۔ غنڈے۔ س (۶) آیت (۱۱۳ و ۱۱۴)۔ دیکھو غریب القرآن صفحہ (۶۵ و ۶۶ و ۶۷)۔
" ۔۔۔ کیڑے مکوڑے۔ س (۶) آیت (۱۴۳)۔
" ۔۔۔ " " ۔ س (۷۱) آیت (۱۲)۔

نام سورہ **الشمس** تعداد آیات (۱۵) تعداد رکوع (۱) شمارہ ترتیب موجودہ (۹۱) پارہ (۳۰)
شمارہ ترتیب نزول وحی بلحاظ تحقیق علامہ محمد اجمل خان (۱۵) زمانہ نزول دورِ دوم ۵ بعثت ۶۱۵ء
اس سورۃ کے سلسلۂ نزول سے متعلق جن محققین نے جو شمارہ اپنی تحقیق میں قرار دیا ہے نقشۂ ذیل سے اسکی صراحت معلوم ہوگی۔

نام محققین	[illegible]	[illegible]	[illegible]	[illegible]	[illegible]	[illegible]	[illegible]	[illegible]	[illegible]	[illegible]
شمارہ بلحاظ ترتیب نزولِ وحی	۲۵	۲۵	۲۵	۲۶	۴	۱۶	۴۳	۱۶	۳۸	۲۳	۲۶

توضیحات

شمارہ الحاقی آیات	کون مخاطب ہے یا کونسی مثال ہے	احکام و شریعت منہاج	میرے فکر و نظر کے موضوعات			
			موضوع	صفحہ	موضوع	صفحہ
	اہلِ عرب اور تمام انسانیت		کائناتِ ارضی کی تمام مخلوق پر انسان کو جو امتیاز ملا ہے وہ قوتِ فکریہ سے ملا۔ قصہ قوم ثمود۔ قرآن اللہ کو تیاج منقبل سے بے خوف تلاوت ہے اسکا مفہوم۔ ہمارے فہم قرآنی اور مخاطبین نزولِ وحی میں فرق۔	۱ ۲ ۱۹۰ ۱۹۲	فرقۂ اسلام کے زاید از چار سو فرقے۔ نفس کی حقیقت اور مقام قلب و مسکنِ روح کے نقشے۔	۱۹۲ ۱۸۵ ۱۸۶

شروع نام سے زمین و آسمان پیدا کرنے والے کے

سورج اور اس کی روشنی ۱۔ چاند کا سورج کے بعد نمودار ہونا ۲۔ ان دونوں کی گردش سے دن اور رات کا ظاہر ہونا ۳ و ۴۔ اور آسمانوں کی بلند و بالا بناوٹ ۵۔ زمین کا پھیلاؤ ۶۔ پھر سب سے بڑی تخلیق و تسویہ نفسِ انسانی کی بناوٹ ۷۔ جو اچھائی اور برائی کا تمیز دار ہے ۔ دیکھو یہ تمام نشانیاں اللہ کی ربوبیت و خالقیت کے شاہد ہیں ۸۔ پس کامیاب زندگی ہے اُس کی جس نے اپنے نفس کو سنوار لیا۔ اور نامراد و برباد ہوا وہ جو

اصلاحِ نفس کی طرف توجہ نہین کیا ۹ و ۱۰ ف۱ ۔ دیکھو تم کو قوم ثمود کی تباہی کا قصہ تو معلوم ہی ہے کہ

ف۱ ۔ میرا فکر :۔ دیکھئے! پھر وحیِ الٰہی مخاطبینِ وحی کو تخلیقِ اشیاء کی عظیم الشان آیات اللہ یعنے سورج ۔ چاند ۔ زمین ۔ آسمان ۔ گردشِ نظامِ شمسی کو شہادت مین پیش کرتے ہوئے سب سے بڑی صفت خالق سبحانہٗ تعالیٰ کو نفس سے نامزد کرکے بتلا رہی ہے کہ اسکے ذریعہ ہر شخص آزادیٔ فکر کے ساتھ اپنے کردار کی اصلاح کرکے سچی انسانیت اور اچھی دنیا پیدا کرسکتا ہے ۔۔۔ اور جو اندھی تقلید مین گم ہو کر اندھا ۔ بہرا بنا ہوا نفس کے اچھے اشارات کو درخورِ التفات نہین سمجھتا اس کی بربادی اور نامرادی مین کوئی کلام ہی نہین ہوسکتا ۔

نہ معلوم اس وحی کے متعلق نزولِ وحی کے مخاطبین کے کیا فکر و فہم اور تصورات ہون گے ۔ بظاہر تو ایسا معلوم ہوتا ہے کہ ایک فریق نفس کی حقیقت کو محاورۂ عرب مین سطحی نظر سے غور کیا اور اچھائیون کی طرف راغب ہوگیا جن کو مصدقین قرار دیا گیا ۔۔۔ دوسرا فریق جو اپنے باپ دادا کی سنت سے ہٹنا ۔ اور آزادیٔ فکر کو کام مین لانا گناہ اور پاپ سمجھتا تھا اور اپنے پیدائشی دین و مذہب ہی کو حق جانکر اسکے خلاف آوازِ حق پر لبیک کہنا دنیا اور آخرت کی خرابی جان رہا تھا اس نے اس وحی کو سنکر سنی ان سنی کیفیت پیدا کرلی ۔ تو اس کو مکذبین سے موسوم کیا گیا ۔ پس ہم کو قصۂ ماضی کے متعلق صرف اس قدر کہنا ہے کہ رفت و گزشت ۔ اسکے بعد آج اپنے ماحول مین اپنے فکر و نظر کے لحاظ سے اس وحی کے آیات (۷ و ۸) پر غور کرکے نفس کی حقیقت معلوم کرتا ہے کہ ہمارے جسم مین وہ کونسا مقام ہے جس مین خالق سبحانہٗ تعالیٰ نے ایسا بے بہا جوہر رکھا ہے جس کو پیشِ نظر رکھنے کے لئے ارشاد ہو رہا ہے تاکہ ہمارا مقصدِ تخلیق ادائیِ فرائضِ انسانیت کی صورت مین پورا ہوسکے اور ہم اپنی زندگی مین کامیاب و کامران ہوسکین ۔ بصورتِ ثانی ناکامی و نامرادی ہماری تباہیِ دنیا و آخرت کا باعث ہوجائیگی ۔ جس کا ثبوت قوم ثمود و عاد کی تباہی و بربادی سے دیا جا رہا ہے ۔۔۔ وحیِ الٰہی بتلا رہی ہے کہ نفس کی تخلیق مین جو صفت انسان کو اچھائی اور برائی کی تمیز پیدا کرادینے کی رکھی گئی ہے وہ بہت ہی بڑی نعمت خالق تعالیٰ سبحانہٗ کی ہے ۔ ظاہر ہے کہ جب تک اس صفت کے حامل عضوِ جسم کا علم نہ ہو ہم کس طرح اس وحی کی حقیقت کو معلوم کرکے فہم حاصل کرسکتے ہین اس لئے ضرورت اس کی ہے کہ نفس کا مقام ہم اپنے جسم مین متعین کرلین تاکہ اس کی قوت ۔ اور اس کی کارکردگی کا صحیح احساس و علم ہم کو ہو جائے کیونکہ قرآن حکیم کے زاید از چھ ہزار آیات اسی مرکز کی اصلاح کے لئے نازل ہوئی ہین ۔

. . . . . .

قرآن حکیم مین "نفس" مختلف محاورون مین استعمال ہوا ہے ۔ (دیکھو غریب القرآن) ۔ ۹:۱۰+

نفس ۔ یعنے (۱) جاندار ۔۔ (۲) جان ۔ یعنے حیات (۳) شخص (۴) ہم جنس (۵) نوع ۔ یعنے قسم (۶) ذات ۔ (۷) جی (۸) قوتِ ممیزہ (۹) نفسِ امارہ (۱۰) اولاد و نسل ۔۔۔

اس وحی مین نفس کا مفہوم نمبر (۷ تا ۹) بھی ہوسکتا ہے ۔ کیونکہ قوتِ ممیزہ کی دو ذیلی قوتین ہین :۔

(۱) "نفسِ امارہ" ۔ (یعنے وہ ۔ جی ۔ طبیعت ۔ فطرت ۔ جو برائی کی طرف مائل کرتی رہتی ہے) ۔

(۲) "نفسِ مطمئنہ" ۔ (یعنے وہ قوت جو اچھائی کے نتایج کی طرف مائل کرتے ہوئے مستقبل مین فلاح و کامرانی کا یقین کامل دلاتی ہے) ۔

ان دونون قوتون کے مجموعہ کا نام قرآنِ حکیم مین "نفسِ لوامہ" آیا ہے ۔

قرآنِ حکیم ۔ لفظِ "قلب" کا مفہوم بھی مختلف محاورون مین اپنے مخاطبین کو اپنے ذکر کے لئے عطا کرتا ہے ۔۔۔

"قلب" بمعنیٰ (۱) پھیرنا یعنے الٹنا (۲) پھرانا (۳) واپس کرنا (۴) دل (۵) عقل (۶) علم (۷) غور و فکر (باقی بر صفحہ ۱۸۴)

اُس قوم کی اصلاح کرنے والے مامور من اللہ نبی سے انھون نے کس طرح کی شرارت کی ۱۱ اور

(بقیہ صفحہ ۱۸۳) "دل" یعنے ہارٹ (Heart) کے لئے عربی لفظ "فؤاد" بھی حسب ذیل سورتون مین آیا ہے:۔ ملک ۴۹ ۔ آیت (۲۳) السجدہ ۵۴ آیت (۹) الاحقاف ۵۰ ۔ آیت (۲۶) المومنون ۶۱ ۔ آیت (۷۷) ابراہیم ۱۴ ۔ آیت (۳۸) نمل ۲۷ ۔ آیت (۷۷) انعام ۹ ۔ آیت (۱۱۳) ہمزہ ۱۰۴ ۔ آیت (۶) ۔ اور اسی طرح صدر کا ترجمہ بھی "دل" کیا جاتا ہے۔ مگر یہ سب محاورات مروجہ ہی ہیں وحی مخاطبین کو ارشاد کر رہی ہے۔ جو نہ صرف نزول وحی کے زمانہ مین مروج تھے بلکہ آج تک بھی دنیا محاورے ہر مذہب و ملت مین انسان کہتے اور سنتے ہین۔ لیکن ہم کو تو اپنے جسم مین اس عضو کو معلوم کرنا ہے جس مین نفس لوامہ۔ اور قوت فکر یہ انسان کے لئے خالق تعالیٰ سبحانہ نے پیدا کر کے تخلیق کی عظمت و شان کو اس وحی کے ذریعہ نہ صرف بتلا دیا ہے بلکہ حکم دیا جا رہا ہے کہ منشاء تخلیق انسانیت اور ادائی فرائض انسان کی تکمیل کا انحصار اسی نفس لوامہ کے مقام کو معلوم کر کے اس کی قوتون (یعنے اشارات) سے استفادہ حاصل کرنے مین ہے ۔ تاکہ یہ آدم زاد مخلوق شرف انسانیت حاصل کر کے اشرف مخلوق بن جائے۔

میرا فکر تو یہ ہے کہ "نفخت فیہ من روحی" یعنے اللہ تعالیٰ نے تخلیق آدمؑ کے بعد اُس کو مقام انسانیت پر پہنچانے اپنی ایک خاص صفت روح سے ایک ادنیٰ سی قوت اس کو عطا کی ہے۔ تو ظاہر ہے کہ اسکا مقام جسم انسانی مین کوئی خاص ہی ہوگا۔ یعنے ہمارے جسم کا کوئی خاص عضو اللہ تعالیٰ کی قدرت کاملہ کا حامل ہونا چاہیئے۔

. . . . . .

عام طور پر نفس۔ اور قلب کی قوتون کا مرکز۔ دل۔ یعنے ہارٹ کو سمجھا جاتا ہے جو ہمارے جسم مین سینہ کے بائین جانب ایک گوشت کا لوتھڑا سا ہے ۔ اسی عضو کو تمام مذاہب کے عالم اور جاہل باعث خیر و شر اور عشق و محبت مجازی و حقیقی ذکر و شغل خشوع و خضوع الی اللہ۔ و نیز چین و سکون۔ راحت و آرام سمجھتے ہین۔ اور برائیون کا ذمہ دار شیطانی وسوسہ۔ نازی اور رنج و غم کا مقام بھی اسی کو قرار دیتے ہین۔

ایک قدیم تصور یہ بھی ہے کہ دل کے ساتھ شش۔ یعنے پھیپھڑا بھی بہادری اور محبت کے جذبات کا مساوی ذمہ دار تھا۔ چنانچہ جہان یہ محاورے ہین کہ ۔ اللہ ہمارے دل مین ہے ۔ ہمارا دل فلاں نے چرا لیا ۔ اللہ سے دل لگاؤ۔ وغیرہ وہان یہ بھی کہا جاتا ہے کہ ۔ زید بڑے ہی دل جگر کا شخص ہے ۔ یا ۔ فلاں واقعہ سے دل و جگر مین سوراخ پڑ گئے۔ وغیرہ۔

بہر حال یہ تصورات ذہن انسانی مین شعور انسانیت کی ابتدائی منازل کی یادگار ہین جبکہ اسکو تشریح الابدان کا علم نہین تھا۔ لیکن کیا آج بھی اس وحی کے مفہوم کو ہم دل اور جگر ہی سے متعلق کرین گے؟ درآنحالیکہ ہم سائنسی دنیا مین پیدا ہوئے ہین۔ اور ہمارے بچے بچے کے معلومات متقدمین سے بالا و بلند ہین ۔ تو آج ہم کو اس وحی الٰہی کا حقیقی مفہوم حاصل کرنا ہوگا۔ تاکہ وحی نمبر (۳) کے شرح صدر کی حقیقت اور قلب رسول اللہ صلعم پر نزول وحی کا مقصد بھی ہمارے فہم مین آسانی سے آجائے۔ پھر اصل حقیقت کی روشنی حاصل کرنے کے بعد ہمارے ظنی و ذہنی تصورات و روایات کی تاریکیان دور ہو کر ہم "خلیفۃ الرشید آدمؑ" بن جائین۔

نفس اور قلب کے مخصوص عضو کو اپنے جسم مین تلاش کرنے سے پہلے بدن انسانی کے تشریحات و تفصیلات کو معلوم کر لینا ضروری ہے۔ تاوقتیکہ ہمارے اعضاء جسم کے فرائض اور کارکردگی کا علم (باقی بر صفحہ ۱۸۵)

اپنی قوم کے ایک سرغنہ کے کہنے پر حق کی آواز کو جھٹلا کر بدبختی مول لی ۱۲ اللہ کے رسول نے تو

(بقیہ صفحہ ۱۸۴) ہم کو نہ ہو جو قدرت نے ہمارے لئے بنائے ہیں کسی صحیح نتیجہ پر ہم نہیں پہنچ سکتے۔ لہذا مندرجہ ذیل خاکے اور انکی عام فہم کارکردگی تشریح الابدان یعنے اناٹمی کے نظریات آپ کے فکر کے لئے پیش کئے جا رہے ہیں :۔

خاکہ نمبر (۱) دل



خاکہ نمبر (۲) دل اور شریان اور نس متعلق نخاع



خاکہ نمبر (۱) میں آپ کو دل کا نقشہ نظر آئیگا۔ دل میں دو حصہ ہوتے ہیں۔ یعنے الف اور ب۔ اور ہر ایک حصہ میں پھر دو حصہ ہوتے ہیں۔ یعنے اذن و بطن جس کو انگریزی میں اریکل اور وینٹریکل کہتے ہیں۔ حصۂ الف میں خونِ غیر صالح ہوتا ہے جسکو انگریزی میں نان آکسیجنیٹڈ بلڈ (NON-OXYGENATED BLOOD) کہتے ہیں۔ یہ خون حصۂ الف سے پھیپھڑوں میں شریانوں کے ذریعہ پہنچ کر وہاں سے فلٹر یعنے صاف ہو کر حصۂ ب میں شریانوں کے ذریعہ پہنچ جاتا ہے۔ پھر دل کا حصۂ ب اس صالح خون کو جس کو انگریزی میں آکسیجنیٹڈ بلڈ کہتے ہیں۔ تمام جسم کی پرورش کے لئے اپنے پمپ کے ذریعہ پہنچاتا رہتا ہے یہ عمل دل کا حیاتِ انسانی کے آخری لمحہ تک بلا کسی وقفہ کے (یعنے مقررہ وقفہ کے علاوہ) جاری رہتا ہے جس میں دل اپنے فرائضِ منصبی میں ذرا بھی غفلت نہیں برتتا۔ گویا یہ دل کی تسبیح اور صلوٰۃ ہے۔

خاکہ نمبر (۲) کے نقشہ میں آپ کو معلوم ہوگا کہ قدرت نے دل سے نخاع اور نخاع سے دل کو کن کن مثبت و منفی تاروں سے (جس کو طب میں نس اور انگریزی میں نروز NERVE کہتے ہیں) مربوط کیا ہے۔ اور حبل الورید یعنے شہ رگ بھی آپ کو نظر آئے گی جس کے متعلق وحیِ الٰہی کہتی ہے کہ ہر انسان سے اس کا خالق اس کی شہ رگ سے بھی قریب ہے۔ اسی لئے اس کا وسوسہ اور خیال بھی اللہ کے علم سے باہر نہیں ـــــ خاکہ پر غور کرنے سے معلوم ہوتا ہے کہ دل ایسے پمپ کے مماثل ہے جو دماغ کو اس کی غذا پہنچانے کا فریضہ ادا کرتا ہے جس سے دماغ کی مشنری چالو رہے۔ جیسے موٹر میں فیول پمپ (FUEL PUMP) ہوا کرتا ہے۔ گویا دماغ کی مشنری خود دل کے چار جینگ کا باعث ہے اور اپنی غذا اس کے ذریعہ حاصل کر لیتی ہے ؎ (باقی بر صفحہ ۱۸۶)

؎ سورۂ اعلیٰ۔ وحی نمبر (۲۱) میں فکر نمبر (۱) پر گھڑی کی بال کمانی کی مثال آپ کے لئے مزید وضاحت کا باعث ثابت ہوگی۔

قوم سے صرف ایک اونٹنی کے احترام کے لئے اسکے پانی پینے کے سلسلہ میں ایک چھوٹی سی بات کہی تھی ۱۳

(بقیہ صفحہ ۱۸۵) خاکہ (۲) کے نسوں اور شریان کے فرائض حسب ذیل ہیں :-

۱۔ نخاعی ڈور (SPINAL - CORD) یہ دماغ کی جڑ ہے۔

۲۔ مرکز بطی القلب (CARDIO - INHIBITOR CENTRE) حرکتِ دل کو سست کرنیوالا تار یعنے نس۔

۳۔ مرکز سریع القلب (CARDIO - ACCLERATOR CENTRE) " " تیز کرنیوالا تار " " "

۴۔ نخاعِ مستطیل (MEDULLA - OBLONGATA) نخاع کے اوپر کا حصہ۔

۵۔ الیاف ضاغطہ (DEPRESSOR FIBRE EFFERENT VAGAL) دل کا دباؤ کم کرنیوالا تار۔ یعنے نس۔

۶۔ الیاف راجعہ (EFFERENT VAGAL FIBRE) " " بڑھانیوالا تار " " "

۷۔ جوفِ شباتی (CAROTID SINUS) شہ رگ کو کنٹرول کرنیوالا " " "

۸۔ نخاع کا قرن جانبی (LATERAL HORN OF SPINAL CORD)

۹۔ شہ رگ (JUGULAR VEIN) گردن کی سب سے بڑی شریان جسکے ذریعہ دل سے دماغ اور گردن اور سر کے دوسرے حصوں کو خون پہنچتا ہے۔

خاکہ نمبر (۳) دماغ انسانی



لیکن انھون نے اپنی شرارت سے اس کا احترام تو کیا کرتے اسکی کونچین ہی کاٹ ڈالین تو تم نے

(بقیہ صفحہ ۱۸۶) خاکہ نمبر (۳) انسان کے دماغ کا ہے (یعنے کھوپڑی کے اندر جو مغز قدرت نے محفوظ کیا ہے) میرا موضوع اس خاکہ کے ذریعہ طب اور ڈاکٹری کے تفصیلات (جو سیکڑون صفحات پر مشتمل ہین) اپنے ناظرین کو بتلانا نہین۔ کیونکہ نہ تو مین علم طب کا ماہر ہون اور نہ میرے مخاطب تشریح الابدان کے متجسس ہین۔ مین تو اس خاکہ مین نفس یا قلب یا مقام روح کا خود متلاشی ہون۔ اور اپنے ناظرین کو بھی اُسی کے لئے دعوتِ فکر کا داعی بتاہون۔

محققین نے اپنے تجربے کے بعد ایک اوسط درجے کے انسانی دماغ کے مغز کا وزن (۱۲۰) تولے اور اعلیٰ دماغِ انسانی کے مغز کا وزن (۱۷۱) تولے تک ہونا بتلایا ہے۔ پاگلون کے دماغ کا وزن (۶۱) تولے تک کہا جاتا ہے۔

خاکہ نمبر (۳) مین اُن آسان حصص دماغ کو بتلایا گیا ہے جس کو ایک غیر ماہر طب آسانی سے سمجھ لے۔ اُن باریک اور باریک سے باریک تر تحقیقاتون کو نظر انداز کر دیا گیا ہے جس پر ملائک بھی فکرِ انسانی پر انگشت بدندان ہین کہ اِسے کیا کہیئے ــــ

خاکہ نمبر (۳) کا حصہ نمبر (۱ و ۲)۔ یہ مرکزِ محرکاتِ انسانی ہے جس کو طب مین رقبہ حرکی اور انگریزی مین موٹر ایریا۔ اور پری موٹر ایریا کہا جاتا ہے۔ اس جزو دماغ کے فرائض۔ پیر۔ ران۔ پنڈلی۔ پیٹ اور سینہ۔ گردن۔ انگلیان۔ انگوٹھا۔ چہرہ وغیرہ کے حرکات و سکنات پر کنٹرل کرنا ہے۔ یعنے اس حصہ کے حکم کے بغیر یہ اعضاء انسانی کوئی حرکت نہین کر سکتے۔ اس طرح یہ حصہ مرکزِ محرکات افعال بدنِ انسانی ہے۔

حصۂ نمبر (۳) یہ حصہ مغز کا سب سے بڑا تقسیم شدہ حصہ ہے جس کو طب یونانی مین مُخ۔ یا رقبہ جبہی اور انگریزی مین فرنٹل ایریا (FRONTAL AREA) سے موسوم کیا گیا ہے جو انسان کی پیشانی کے عین سامنے اور دونون کنپٹیون سے ملا ہوا ہے۔ یہ خالق تعالیٰ سبحانہٗ کے تخلیق کاملہ کا ایک انمول جواہر ہے جس کے متعلق تمام سائنٹسٹ اس بات پر متفق ہین کہ اِس زمین کے کسی جان دار مخلوق مین قدرت نے ان صفات کا حامل کسی دماغ کو نہین بنایا ہے جیساکہ دماغِ انسانی کو ایک خاص امتیاز اس کے ذریعہ ملا ہے۔ "فتبارک اللہ احسن الخالقین"۔ بابرکت ہے اللہ جو تمام صناعون سے بہتر صانع و بہترین خالق ہے۔ یہ حصہ منبع کلام۔ تحریر۔ غور و فکر۔ عقل و خرد۔ مہبطِ علم یعنے "علم الانسان مالم یعلم" کا ہے۔ یہی حصہ آدمی کو مقام انسانیت عطا کرتا ہے۔ کیا اس حصہ کو نفس۔ قلب اور مقام نزولِ وحی الٰہی یعنے قوتِ فکریہ کا مرکز قرار دینے مین مین غلطی کا مرتکب تو نہین ہون؟ ــ

حصہ نمبر (۴)۔ یہ حصہ مرکز کلام ہے جس کو مرکز تکلم۔ اور اسپیچ سینٹر کہا جاتا ہے جو ہمارے ما فی الضمیر کا ہماری زبان۔ حلق اور ہونٹون کی جنبش سے بصورتِ آواز دوسرون کی سماعت تک پہنچانے کا حاکم ہے جس کی طرف قرآن حکیم نے "خلق الانسان علمہ البیان" کا اشارہ فرمایا ہے۔

حصہ نمبر (۵) قوتِ تحریر کا ہے۔ گویا ہمارے قلم کی حرکت۔ اور قلم کے ذریعہ اپنا ما فی الضمیر دوسرون کے لئے کسی چیز پر منقوش کرانے کا یہ ذمہ دار ہے۔ جیساکہ وحی اول مین "علم بالقلم" کا اشارہ قرآن حکیم نے کر دیا ہے۔

حصۂ نمبر (۶) اس کے دو ذیلی حصص ہین۔ ان سب کے فرائض آواز کے سننے اور اس کی تمیز سے متعلق ہے جس کو طب مین رقبہ سماعی کہا جاتا ہے۔ (باقی بر صفحہ ۱۸۸)

سُن ہی لیا کہ اللہ نے ان پر اپنا عذاب نازل کر دیا۔ کہ جس سے قوم کی قوم برباد و تباہ بلکہ فنا ہو گئی ۱۴

(بقیہ صفحہ ۱۸۷) حصہ (۸ تا ۹) یہ مرکزِ بصارت ہیں۔ اِن حصص کے ذرات کی صناعی کے بتلانے کے لئے سیکڑوں صفحات پر مشتمل ایک خاص کتاب کی ضرورت ہے۔ کسی اناٹمی کی کتاب میں آنکھ کی بناوٹ اور بصارت کے قدرتی انتظامات کا مطالعہ کیجئے تو انسان انگشت بدندان ہو کر چیخ اٹھے کہ خالق تعالیٰ سبحانہٗ کی قدرت کو کیا کہیئے۔ اس انتظامِ قدرت کی نقالی میں صناعانِ مجازی یعنے سائنسدانوں نے جو ایجاد فوٹو گرافی کی ہے۔ اس کی نزاکتوں کو انسان رات دن پردۂ سینما پر دیکھ کر حیران و ششدر رہ رہا ہے۔ تو پھر صانعِ حقیقی کی صنعت پر فکرِ انسانی کا کیا حال ہوگا۔

حصہ نمبر (۱۰) سونگھنے اور چکھنے کی دونوں قوتوں کا مرکز ہے۔ جس کو اطباء مرکزِ شمی۔ اور مرکزِ ذائقہ کہتے ہیں۔ ہمارا سونگھنا۔ اور چکھنا۔ پھر اُس کے امتیازات وغیرہ سب کا ذمہ دار مرکز ہے۔

حصہ نمبر (۱۱) یہ تمام حسیات کا مرکز ہے جس طرح کہ نمبر (۱ و ۲) کی کیفیت ہے۔ گویا یہ مقام تمام دماغ کا منبع ہے۔ اس خاکہ میں بغیر نشانات کے کچھ حصص آپ کو نظر آئیں گے خصوصاً سامنے کا حصۂ دماغ جس کی تفصیلِ کارکردگی کا تجزیہ ابھی ماہرینِ سائنس کے زیرِ تحقیق ہے۔ گویا اِس اٹیمی زمانہ میں جب کہ سائنس دان کارکنانِ قضاء و قدر کو اپنے تابع بنا کر آسمان پر اُڑا چلا جا رہا ہے وہ اپنی ذات کے لئے ابھی تک خدا کی قدرتوں کا کما حقہٗ علم حاصل کرنے میں اپنے کو جماعتِ اول ہی کا طالب علم سمجھ رہا ہے۔ وہ کبھی بھی "انا خیرٌ منہم" زبان پر نہیں لاتا۔ بلکہ وہ علانیہ کہتا ہے کہ:۔ "ہمارے عقل و فکر کے تمام زینے طے ہو کر ہماری عمر ختم ہو رہی ہے لیکن ابھی تو کتابِ کائنات کا درسِ اول بھی ختم نہیں ہوا۔ لہٰذا ہم آنے والی نسلِ انسانی کو اپنے کندھوں پر لئے ہوئے متوقع ہیں کہ جو چیزیں ہماری نظروں سے اوجھل رہی ہیں وہ اپنی دوربینی سے اس کو معلوم کرنے کی کوشش کریں گے۔ اور ہماری باتوں کو حرفِ آخر نہ سمجھیں گے"۔

میں اپنے فکرِ دیرینہ کے بعد نفس، قلب اور مقامِ مہبطِ وحی۔ یا الہام۔ اور قوتِ فکریہ۔ یعنے مقامِ "روح" کو دماغِ انسانی کا حصۂ نمبر (۳) قرار دینے اپنے عقل و خرد سے مجبور ہو گیا ہوں۔ کیا صاحبانِ فکر و بصیرت اپنی عقل و خرد کی روشنی میں میری تائید کرنے تیار ہیں؟ "فکرِ ہر کس بقدرِ ہمتِ اوست"۔

یہ حقیقت نفس الامری ہے کہ جب کوئی اصطلاح غلط مفہوم میں زبان زدِ عوام ہو جاتی ہے تو وہ خواص کے لئے بھی فصیح اور بلیغ بن جاتی ہے۔ اس سے انحراف تو کجا اس کی اصلاح و صحت بھی تقریباً ناممکن ہے۔ چنانچہ میرے اِس فکر پر بعض حضرات نے مجھے کہا کہ:۔ "دل کے مقام پر تو نظر پڑ سکتی ہے۔ اور ذکر و شغل میں اس کی جانب آسانی سے توجہ کیجا سکتی ہے۔ دماغ کے لئے یہ صورت کہاں ہو سکتی ہے؟" اِس کا جواب یہ ہے کہ جو لوگ تجسم کے پرستار ہیں ان کے لئے تو یہ بات جائز ہے۔ البتہ تنزیہ کے مکتبِ خیال والوں کے لئے تو ایسا تصور بھی شرکِ عظیم ہے۔ غور کیجئے کہ جو معبود زمان و مکان سے منزہ ہو۔ اس کے عرش کا تصور نظروں کے سامنے رہنا کس قدر مہمل عقیدہ ہوگا۔

بہرحال میری ذاتی عقل و خرد۔ اور میرا فہم میرے فکر کے نتائج پر کامل مطمئن ہے۔ اس سلسلہ میں میرے ایک عزیز ڈاکٹر مظفر حسین عرف اختر کا ایک خط جو میرے استفسارات کے جواب میں گلاسگو یونیورسٹی لندن سے بتاریخ یکم ڈسمبر ۱۹۵۹ء کو لکھا ہوا مجھ کو ملا۔ اس کا اقتباس ناظرین کے لئے پیش کر رہا ہوں جو یقیناً باعثِ دلچسپی ہوگا:۔

"دماغ کے خاکے گرے اناٹمی سے بنا کر حاضرِ خدمت کر رہا ہوں۔ آپ نے جن دلچسپ حالات کا (باقی بر صفحہ ۱۸۹)

دیکھو! اور خوب سمجھ لو کہ ایسی زبردست قوم کے تباہ و برباد کر دینے میں قدرت کو ذرا بھی پس و پیش

(بقیہ صفحہ ۱۸۸) ذکر فرمایا ہے اُس کی تائید میں سائنس کے نظریات موجود ہیں۔ غالباً مشرق میں مذہبی نکتۂ نظر سے اس موضوع پر شاید ہی کبھی ایسا فکر منظرِ عام پر آیا ہو۔ بہرحال آپ کا خیال قوتِ فکریہ کے مقام دماغ سے بلا واسطہ ہارٹ (دل) بالکل صحیح ہے۔ البتہ آپ نے نخاع (یعنے حرام مغز) کو جو نامزد کیا ہے اس کو فرسٹل ایریا (یعنے حصۂ نمبر ۳) کا مقام قوتِ فکریہ کا مرکز قرار دیجئے تو پیچیدگیاں پیدا نہ ہوں گی۔ آپ کا خیال صحیح ہے کہ دل کا کام صرف پمپ کا ہے۔ رنج و راحت اور جملہ احساسات کا تعلق مراکزِ دماغ سے وابستہ ہے۔ دراصل دماغ چاہتا ہے اور سب کچھ محسوس کرتا ہے نہ کہ دل۔ "دل چاہتا ہے" کی اصطلاح اُس زمانے کی ہے جب کہ انسان کو اناٹمی اور فزیالوجی کا علم نہ تھا۔ یہ سچ ہے کہ کسی خوفناک چیز کو دیکھ کر دل کی حرکت تیز یا سُست ہو جاتی ہے۔ یہ اس کی ظاہری کیفیت ہے جو تابع دماغ ہے نہ کہ بذات۔ لہٰذا اس خصوص میں بھی آپ کی رائے بالکل ٹھیک ہے۔

روح کے متعلق آج تک مسئلہ سلجھ نہ سکا۔ وہ روح (SPIRIT) جس کو قرآن نے "قل الروح من امر ربی" ارشاد فرمایا ہے۔ کیا جان ہے؟ یہ مسئلہ دائرۂ مذہب میں تو بلاشبہ بہت ہی پیچیدہ ہے لیکن علمِ طب و سائنس میں جتنا آسان ہے۔ چنانچہ ہمارے روزمرہ کے تجربات میں بوقت اپریشن دل کی حرکت بند ہو جائے تو اندرون (۳) منٹ سینہ چاک کر کے دل کا مساج کیا جائے تو انسان ملک الموت کے چنگل سے نکل آتا ہے۔ یہاں پر یہ سوال پیدا ہوتا ہے کہ ہمارے اس عمل پر جو وقت انسان کی موت کے وقفہ کا ہے۔ اس عرصہ میں روح کہاں رہی؟ ۔ و نیز ایک مردہ انسان کے دل کو ہم نے شیشہ میں بند کر کے عرصہ سے زندہ رکھا ہے۔ یعنے اس کی حرکت ہمارے سائنسی اصولوں کے تحت جاری ہے۔ اس دل کو دیکھ کر مجھ کو خیال آتا ہے کہ۔ اس دل کا انسان تو مر چکا ہے۔ مگر دل زندہ ہے تو کیا صاحبِ دل کی روح دل میں محفوظ ہے؟ چونکہ میرا مضمون سرجری ہے لہٰذا یہ موضوع علماء مذہب ہی کے لئے قابلِ غور و فکر ہے۔"

خاکون اور تشریحات مذکورالصدر کے بعد یہ بات ذہن نشین ہو جائے گی کہ صانع حقیقی تعالیٰ شانہٗ نے انسانی تخلیق میں نفس یعنے قوتِ فکریہ کا جوہر کیسا عظیم الشان رکھا ہے کہ اس کی مثال کائناتِ ارضی و سماوی کے کسی ذی حیات میں نظر نہیں آتی۔ پھر خلف الرشید آدمؑ نے خالقِ بے ہمتا کے پوشیدہ رازوں کی کھوج لگا کر اس حقیقت کا پتہ لگایا کہ اس کائنات میں جس طرح خالقِ بے ہمتا کی کوئی مثال نہیں اسی طرح اس کی یہ تخلیق بھی بے مثال ہے۔

قبل اس کے کہ آپ کسی نتیجہ پر پہنچیں۔ مزید ایک حقیقت کو بھی پیشِ نظر رکھئے کہ۔ پاگل خانوں میں پاگل و مجنوں کے دل یعنے ہارٹ تو صد فیصد بہتر حالت میں ہوتے ہیں لیکن صد فیصد دماغی توازن بگڑا نظر آتا ہے۔

پھر ہم روزمرہ دیکھتے ہیں کہ دل کے مریض جسمانی کمزوری میں مبتلا نظر آتے ہیں لیکن ان کا دماغی توازن بہترین حالت میں رہتا ہے۔ برخلاف اس کے دماغ کے مریض صحتِ جسمانی کے لحاظ سے تنومند ہوتے ہیں۔

یہاں پر ایک سوال پیدا ہوتا ہے کہ خوشی و غمی میں کیوں ہمارے دل کے حرکات میں تغیر پیدا ہو جاتا ہے جب کہ اس میں احساس و ادراک کا وجود نہیں؟ ۔ اس کا تفصیلی جواب تو اناٹمی کے ماہروں سے (باقی بر صفحہ ۱۹۰)

عہ روح کے متعلق میں نے ڈاکٹر صاحب موصوف کو اپنے فکر سے مطلع کر دیا ہے۔ ملاحظہ ہو میرا فکر وحی نمبر ( ) میں۔

نہیں ہوتا ۱۵ ع ۲ ف

(بقیہ صفحہ ۱۸۹) تشفی بخش ملے گا۔ میرا اپنا فکر اس خصوص میں یہ ہے کہ دل کے حرکات مقررۂ قدرت تو اس کے ذاتی ہوتے ہیں۔ ما بقی تابع دماغ۔ پس احساسات دماغ کی وجہ ہی اس میں تیزی یا سستی پیدا ہوتی ہے چونکہ دماغ کے حرکات ظاہر و نمایاں نہیں ہوا کرتے اس لئے اس کے متعلقہ اعضاء کے حرکات کو ان اعضاء کے ذاتی حرکات تصور کر لیا جاتا ہے۔ جیسے کہ موٹر کی مشنری میں پٹرول اور اسپارک کا عمل تو نظر نہیں آتا۔ درآن حالیکہ دال اور پسٹن پٹرول کے شعلہ کی وجہ متحرک ہوتے ہیں اور ان کی حرکت کے باعث تمام مشنری چلتی ہے۔ بظاہر مشنری کے پرزے ہم کو متحرک نظر آتے ہیں۔ اس مثال کو سامنے رکھ کر دل کے دھڑکنے اور آہستہ ہونے پر غور کیا جا سکتا ہے۔

اب ہر صاحب غور و فکر کے لئے یہ نتیجہ اخذ کرنا ہوگا کہ خانۂ خدا۔ یا مقام نزول وحی جو الہام۔ منبع ذکر و شغل۔ مقام روح۔ یعنے قوت فکریہ کا مرکز اگر دماغ انسانی کو قرار دیا جائے تو قرآن حکیم میں نفس اور قلب کے الفاظ کا صحیح مفہوم آسانی سے حاصل ہو جائے گا۔ اگر انسان کے نفس امارہ۔ نفس مطمئنہ۔ نفس لوامہ اور قلب مطمئنہ کے صحیح میٹر کا مقام معلوم ہو جائے تو پھر اس کو روحانی ریڈیائی اسٹیشن سے مواصلات حاصل کرنے میں آسانی ہو جائیگی۔ بشرطیکہ تقلید جامد کے بادلوں کی غلیظ فضاء ریڈیو کو متاثر نہ کر دے۔

ہر شخص اپنے فکر و فہم سے اس بات کا اندازہ کر سکتا ہے کہ نفس اور قلب کے مفہوم قرآنی کا عضو اس کے جسم میں کہاں ہے۔ پس وہی مقام الہامات الٰہی کا مرکز ہوگا۔ اور وہی القائے شیطانی کا منبع۔ اس طرح اس آیت کا مفہوم آپ حاصل کر سکتے ہیں۔ "و نفس و ما سوٰھا۔ فالھمھا فجورھا و تقوٰھا" (اللہ نے نفس انسانی کو اس طرح مکمل طریقہ پر بنا دیا ہے کہ وہ اچھائی اور برائی کا امتیاز صحیح صحیح طریقہ پر کرا دیتا ہے)۔

مخفی مبادکہ نزول قرآن کے وقت تصورات مخاطبین کی اصلاح اناٹمی۔ تشریح الابدان کے ذریعہ مقصود نہ تھی۔ بلکہ اس وقت کے محاورات مخاطبین ہی کے مدنظر وحی الٰہی نے ان کو مخاطب کیا تھا۔ اس لئے قرآن حکیم میں قلب اور افئدہ اور نفس کے الفاظ مختلف محاوروں میں اگر آئے ہیں تو اس سے میرے تحقیقی فکر پر کوئی اثر نہیں پڑ سکتا۔ اور نہ اناٹمی اور تشریح الابدان کی حقیقت اس سے متاثر ہو سکتی ہے۔

ف ۲۔ میرا فکر:۔ دیکھو انسان کی ناکامی و نامرادی کا ایک قصہ قوم ثمود کا تم کو معلوم ہی ہے۔ کہ کس طرح حق بات کو محض ایک سرغنہ قوم کے کہنے سے تقلید جامد میں پستے ہوئے قوم کی قوم نے اپنی قوم ہی کے ایک مصلح قوم نبی مامور من اللہ کے ساتھ شرارت کی۔ نتیجہ کیا ہوا کہ خود ہی فنا ہو گئی۔ ذرا سی بات ہی تو نبی نے قوم سے کہی تھی کہ اس اللہ کی نشانی والی اونٹنی کو پانی پی لینے کا موقع دو۔ اور اس وقت معینہ پر چشمہ کو اس کے لئے چھوڑ دو۔ مگر قوم اس ادنیٰ سی آزمائش میں ایثار اور قربانی نہ کر سکی۔ بلکہ اپنے لیڈر شر پسند کے اغواء سے اس اونٹنی کے پیر ہی کاٹ ڈالے۔ تو اس میں نہ مامور من اللہ کا کوئی نقصان ہوا۔ اور نہ خدائی کا۔ بلکہ قدرت نے ایسی زبردست قوم کو آن واحد میں فنا کر دیا (باقی بر صفحہ ۱۹۱)

ع عاد اور ثمود کے زمانۂ اقتدار کی حدود ارضی کا نقشہ وحی نمبر (۲۰) کے صفحہ ( ) پر ملاحظہ ہو۔

(بقیہ صفحہ ۱۹۰) جس کا نام و نشان بھی آج تم کو نظر نہیں آتا عہ اس واقعہ سے سبق حاصل کرو۔ اور اچھی طرح سمجھ لو کہ تمہاری قوم میں بھی ایک مامور من اللہ رسول مبعوث ہوا ہے۔ کہیں اُسی قوم ثمود کی طرح تم بھی حق بات کے ماننے سے انکار۔ اور شرارت۔ ضد۔ ہٹ نہ کرنا۔ ورنہ مثل قوم ثمود کے قدرت تمہارے ساتھ بھی سُنت اللہ کو پورا کرے گی۔

خدا کیوں مستقبل کے نتایج سے بے خوف قوموں پر عذاب نازل کر کے فنا کر دیتا ہے "ولا یخاف عقبٰھا"

اس سورۃ کی آخری آیت نمبر (۱۵) پر میں نے اگر غور و فکر کیا ہے کہ آخر کس بناء پر شانِ بے نیازی رب العزت جل جلالہٗ اس انداز میں ظاہر کی جا رہی ہے کہ "وہ نتایج مستقبل سے بے خوف ہے"۔ جنگِ ثانی یورپ کے دوران میں جرمن قوم کے عقل و دانش۔ سائنس اور ہمت و جرأت۔ بہادری اور جوانمردی سب ہی باتوں کا غلغلہ کرۂ زمین پر تھا۔ اس کی فتح و نصرت کا یقین ہر ایک کو تھا۔ اور یہ سمجھا جا رہا تھا کہ اللہ تعالیٰ نے جس قوم کو ان انعاماتِ الٰہی سے نوازا ہے اس کو تباہ کر کے کیا کرے گا؟۔ اگر یہ قوم تباہ ہو جائے تو دنیا سے ترقیِ سائنس اور ایجادات کی جڑ ہی اکھڑ جائے گی۔ لیکن اچانک اخبارات نے جرمن قوم کے مغلوب ہونے کی خبر دکھائی۔ اور اس طرح تباہ ہوئی کہ کرۂ زمین کے ہر فرد میں اس عروج کے بعد زوال کی داستان نے کپکپی پیدا کر دی۔ اس وقت میری زبان سے یہ الفاظ نکل پڑے کہ "ولا یخاف عقبٰھا" وہ قدرتِ خداوندی نتایج سے نہیں ڈرتی ہزاروں سالہ تاریخ لاکھوں قوموں کی ہمارے سامنے ہے اور ہر ایک کا عروج اور زوال (باقی بر صفحہ ۱۹۲)

عہ اس وحی کے مبینہ ذکر شود پر یہ سوال پیدا ہوتا ہے کہ کس طرح اونٹنی پہاڑ کی چٹان سے پیدا ہوئی اور کس طرح محض ایک اونٹنی کے مار ڈالنے کی وجہ سے قوم کی قوم عذابِ الٰہی سے فنا کر دی گئی۔ درآں حالیکہ قوم کا ہر فرد تو اس قتلِ اونٹنی میں شریک نہ ہوگا۔ اللہ کا ایسا انصاف کیسا؟۔ اس کا جواب آپ کو پہلے ہی صفحات میں بتلا دیا گیا ہے کہ قرآنی قصص کوئی مستند واقعات پر مبنی نہیں ہیں۔ بلکہ وہ روایات جو کسی قوم کے معتقدات میں داخل ہو چکے ہیں اُسی کو دُہرا کر ان کو نصیحت کی جاتی ہے۔ بنی اسرائیل میں یہ قصہ اسی طرح چلا آ رہا تھا۔ اور اسی کا عکس اہلِ عرب میں تھا۔ پس اس کو دُہرا کر نصیحت کی جا رہی ہے۔ اس وحی کے پیشِ نظر نہ تو خلافِ سُنت اللہ اونٹنی کا پہاڑ سے نکلنا یا نہ نکلنا تحقیق طلب ہے اور نہ اونٹنی کے مار ڈالنے یا پیر کاٹ دینے میں کون کون شریک تھے تحقیق طلب ہے۔ وحی کے پیشِ نظر صرف اس قدر ہے کہ۔ دیکھو! تم جانتے ہی ہو قوم ثمود کا قصہ جس نے اپنے نبی کے مقررہ ہدایات کی نافرمانی کی تو غضبِ الٰہی میں مبتلا ہو کر فنا ہو گئی۔ لہٰذا ہر قوم کا فرض ہے کہ وہ اپنے نبی کے احکام کی خلاف ورزی نہ کرے۔ ورنہ تباہ و برباد کر دی جائے گی۔ پس تم بھی کہیں ایسی حرکت نہ کرنا۔

فہمِ قرآنِ حکیم کے لئے قصص قرآنی کے ریسرچ کی قطعاً ضرورت نہیں۔ صرف اس کے نتایج پر فکر و غور کر کے راہِ ہدایت حاصل کرنا چاہیئے۔ یہی اصول اصحابِ رسولؐ کا رہا ہے۔

مثلاً گلستان بوستان۔ بہارِ دانش۔ انوارِ اسہیلی آپ بچوں کو محض اس لئے پڑھاتے ہیں کہ اس کے قصص۔ حکایات سے بچوں میں شعور۔ فکر و فہم حاصل ہو جس کے بعد وہ اچھے بُرے کی تمیز پیدا کر لیں اور اپنی زندگی کو سنوار لیں۔ نہ کہ ان قصص سے کسی تاریخی واقعات کا ریسرچ مقصود ہوا کرتا ہے۔ البتہ سطحی درجہ کے انسان اپنے تخیلات میں ان باتوں کو حقیقت پر مبنی سمجھتے ہیں۔

(بقیہ صفحہ ۱۹۱) بتلا رہی ہے کہ کس طرح دیکھتے ہی دیکھتے قدرت سنت اللہ کے تحت اسباب عروج اور اسباب زوال مرتب کرتی چلی جاتی ہے ـــــ بات کیا ہے؟ ـــ بات یہ ہے کہ جس مجازی ہستی کو اپنی حقیقت پر کامل عبور ہو۔ اور اپنی صنعت گری میں لاجواب ہو۔ ایسے خالق اسٹیچو۔ یعنے بُت تراش۔ ایسے مصور اور ایسے کمہار کو اسکی کیا پرواہ ہے کہ اس کی خوب صورت سے خوب صورت مورت۔ خوب صورت اور حسین تر تصویر۔ بہترین برتن کو وہ خود توڑ پھوڑ کر تباہ کردے اور پھر افسوس کرے اپنی محنت پر۔ جب کہ وہ ہمیشہ اس سے بہتر ہر چیز کو بنانے کا عادی ہو۔ ظاہر ہے کہ اُس ٹوٹے پھوٹے اجزاء ہی سے وہ بہترین صورت گری کرے گا ـــ پس ـــ "ق لا یخاف عقبٰھا" اشارہ کر رہا ہے :۔ "ھو الذی خالق۔ بارئ۔ مصور۔ لیسبح لہ ما فی السمٰوٰت و الارض۔ و ھو العزیز الحکیم۔ القدیر۔ الکبیر۔

ہم کس بناء پر قرآن کی تفسیر صحیح کر سکتے ہیں۔ ہمارے فہم قرآنی اور ماضی کے فہم قرآنی کا فرق۔

نزولِ وحی کے وقت تو مخاطبین کیلئے ایک معمولی اشارہ قوم ثمود کا مقصود تھا کیونکہ نہ تو مخاطبین کے پیشِ نظر دُنیا کی قوموں کے عروج و زوال کی تاریخ تھی اور نہ ان کا دماغ آج کی طرح منازلِ ارتقاء پر پہنچا تھا لیکن آج قرآن کے اس آیت کی تفسیر :۔ "و اٰخرین منھم لما یلحقوا بھم" (سورۂ جمعہ) یعنے "یہ قرآن اور وحی تو ان مخاطبین کے علاوہ اور لوگوں کیلئے بھی تو ہے جو مستقبل میں ظاہر ہونے والے ہیں" ـــ ہر شخص اپنے ایقان اور ایمانِ کامل سے اس بات کا مدعی ہے کہ قرآنِ حکیم کے آیات بینات ہر زمانے کیلئے اپنے نشانات نصیحت۔ خوشخبری اور ڈر۔ المعروف۔ المنکر کیلئے اپنے میں لچک رکھتے ہیں۔ بلاشبہ نزولِ وحی کے وقت اُن کا منشاء وہی تھا جس کو مخاطبین نے سمجھا۔ اور خلافتِ اول اور دوم کے وقت اس وقت کے ماحول کے لحاظ سے اصحابؓ نے انکا منشاء لیا۔ وہ بھی برحق تھا۔ بے لوث ائمہ اور خلفائے اسلام نے جو سمجھا وہ انکے زمانے اور ماحول کے لحاظ سے حق تھا۔ آج کے ماحول کے لحاظ سے جو علماء کے حق اور مجددین سمجھ رہے ہیں وہ بھی حق ہے۔ اور مستقبل میں جو کچھ سمجھا جائیگا وہ بھی حق ہوگا۔ بشرطیکہ آیات اللہ کو بُت بنا کر چودہ سو سال کے تصورات میں اس کو نہ پوجا جائے۔ بلکہ ہر زمانے میں اسکی اصلی روح کو برقرار رکھکر اپنے ماحول میں اس سے استفادہ کیا جائے۔ یعنے نزولِ وحی کے ماحول اور پس منظر اسلام کو پیشِ نظر رکھکر قوم کی اصلاح جس طرح مقصود وحیٔ الٰہی کی تھی اُن ہی اقدار پر ہر زمانے میں اسکو منطبق کرکے اسکے اصول و مبادیات سے اپنی قوم اور اپنے ملت اور اپنے ماحول کی اصلاح کی جائے۔ ظنیات۔ روایات۔ شخصیت پرستی کے بُت توڑ دیئے جائیں ـــ جو ۳۵ھ ہی سے اسلام کی عظیم الشان عمارت میں اس طرح ظنی تصورات علمِ کلام کے ذریعہ گھن کے کیڑوں کی طرح داخل ہوئے کہ سب کچھ کھوکھلا کردیا۔ باوجود چار سو سے زاید ستون (یعنے فرقے) اسکو سہارا دینے والے بنے اور بنتے جارہے ہیں لیکن اسلام کی عمارت ناقابلِ رہائش بنی ہوئی ہے۔ اور ایک بھیانک صورت اختیار کرتی جارہی ہے ـــ یہ تمام کرشمہ سازی ہے صرف تقلیدِ جامد کی اور شخصیت پرستی کے بھوت کی ـــ کہ یہ دونوں حق و صداقت کے ازلی دشمن انسان کو اپنے آہنی چنگل میں اس طرح جکڑ لیتے ہیں کہ پھر ان کی غلامی سے چھٹکارا ناممکن ہے۔ اسی ذہنی غلامی اور تقلیدِ جامد کے جیل خانے سے آزادی دلانے یہ قرآنِ حکیم نازل ہوا تھا ـــ مگر وائے بدقسمتی کہ پھر اُمتِ وسطیٰ اسی رنگ میں رنگ گئی جس رنگ غلامی میں دُنیا کی تمام قومیں تباہ و برباد ہو کر فنا ہو چکی تھیں ـــ بہرحال ہر اُس انسان کو جو فہمِ قرآن کا متلاشی ہو مطالعۂ قرآنِ حکیم کے وقت اِن بنیادی اصولوں پر نظر و فکر رکھنا ضروری ہے۔

فرقۂ اسلام کے زاید از چار سو فرقے

نام سورۃ **الہمزۃ** تعداد آیات (۹) تعداد رکوع (۱) شمارہ ترتیب موجودہ (۱۰۴) پارہ (۳۰)
شمارہ ترتیب نزول وحی بلحاظ تحقیق علامہ محمد اجمل خان (۱۶) زمانہ نزول دور دوم ۔ سنہ بعثت ۶۱۵ء
اس سورۃ کے سلسلہ نزول سے متعلق جن محققین نے جو شمارہ اپنی تحقیق میں قرار دیا ہے نقشۂ ذیل سے اسکی صراحت معلوم ہوگی۔

نام محققین	[illegible]	حسین ابن احمد [illegible]	محمد بن [illegible]	[illegible]	[illegible]	[illegible]	[illegible]	[illegible]	[illegible]	[illegible]
شمارہ بلحاظ ترتیب نزول وحی	۳۱	۳۱	۳۱	۳۲	۱۶	۶	۱۳	۵	۱۳	۲۹	۳۲

توضیحات

شمارہ الحاقی آیات	کون سی مخاطب ہے یا کونسی مثال ہے	احکام و شریعت و منہاج	میرے فکر و نظر کے موضوعات			
			موضوع	صفحہ	موضوع	صفحہ
	اہلِ قریش		حطمہ کی حقیقت۔ عید آباد کے مراد و جاگیرداروں کا عذاب میں مبتلا ہونا۔ چغلی کا حشر۔	۱۹۳		

بسم اللہ الرحمٰن الرحیم

خرابی و بربادی میں مبتلا ہے ہر چغلی کرنے والا طعن و طنز کرنے والا ۱ جو مال جمع کرکے اسکو گن گن کر رکھتا ہے ۲ سرمایہ دار بخیل کا تصور تو ہمیشہ یہی رہتا ہے کہ اس کا مال اسکے لئے باقی رہے گا ۳ کچھ نہیں وہ تو اس سرمایہ کی وجہ حطمہ میں جائے گا ۴ اے مخاطب! کیا حطمہ کو تو جانتا ہے ۵ وہ ایک آگ ہے اللہ کی طرف سے سلگائی ہوئی ۶ جو جھلس دیتی ہے انسان کے دل و دماغ کو ۷ وہ آگ بند ہے خود سرمایہ داروں کی تجوریوں میں اور انکے عالیشان مکانوں میں ۸ و ۹ ف۱

ف۱ ۔ میرا فکر :۔ دیکھئے اس سولھویں وحی میں پھر وحی نمبر (۱۱ و ۱۲ و ۱۳) کا اعادہ کیا جا رہا ہے اور بتلایا جا رہا ہے

حطمہ کی حقیقت جو سرمایہ دار اپنا سرمایہ صحیح مصرف پر قوم اور ملت کے مفادات پر خرچ نہیں کرتے بلکہ اس کو جمع کرکے اس خیال میں گم رہتے ہیں کہ وہ ان کے لئے دوامی کام آئے گا۔ اور اپنے سرمایہ داری نشہ میں صحیح مصرف پر خرچ کرنے والوں کا مذاق اڑاتے ہیں طعن و طنز کرتے ہیں اور جو کوئی بعض مشکلات کی وجہ پوشیدہ طور پر اپنی کمائی سے مفاد ملک کے لئے خرچ کرتا ہے تو اسکی چغلی کرتے ہیں۔ یہ لوگ بلاشبہ ایک دردناک مصیبت کی آگ میں گرنے والے ہیں جس کا نام تمہارے (باقی بر صفحہ ۱۹۴)

(بقیہ صفحہ ۱۹۳) محاورے مین "حُطمہ" ہے۔
"حَطَم" کے معنے ہین چور چور کر ڈالنا۔ اہلِ عرب کا محاورہ "حُطمہ" اس مصیبت کو کہا جاتا جو انسان کو اندر ہی اندر رنج و غم مین تباہ کر دیتا۔ جیسے ہم کسی سخت پریشان حال مصیبت زدہ کو دیکھ کر کہتے ہین کہ "یہ تو مدقوق معلوم ہوتا ہے" یعنے دق کا مریض بن گیا ہے۔

عذابِ حطمہ مین اُمراء اور جاگیرداران حیدرآباد کس طرح مبتلا ہوئے حطمہ کے عذابِ الیم کو مین نے بکثرت حیدرآباد کے پولیس اکشن مین سرمایہ دارون پر نازل ہوتے ہوئے اپنی آنکھون دیکھا ہے اور کانون سنا ہے۔ آج دس سال پولیس اکشن کو ہو چکے ہین۔ لیکن اُس حطمہ کے لمبے لمبے شعلہ زن ستون برابر دلون کو جلا رہے ہین۔ اس آگ کی تپش برقی لہرون سے بھی زیادہ تیز ہے۔ مگر وہ آگ نظر نہین آتی۔ کسی شاعر نے سچ کہا ہے کہ ؎

نہ بر آسمان و نہ زیر زمین ؛ ہمیشہ خورد گوشتِ آدمی

اُمرائے پائیگاہ اور جاگیرداران۔ سرمایہ دارانِ اضلاع سے ذرا پوچھو کہ ان کے ان گنت مامور خزانے کیا ہوئے۔ آج وہ دوسرون کے محتاج کیون ہین۔ جن کی ڈیوڑھی پر بڑے بڑے اُمراء و عمائدین بگلوس دستار کے ساتھ دست بستہ کھڑے ہوتے تھے۔ آج وہ دفتر معتمدی جاگیرات مین ایک معمولی کلرک کے میز کے سامنے اپنی کارروائی کی التجا کرتے ہوئے کھڑے نظر آتے ہین۔ معتمدی مین داخل ہونے کیلئے چپراسیون کی خوشامد کرتے دیکھے جاتے ہین ——
خدا بخشے بہادر یار جنگ مرحوم نے دیوان ڈیوڑھی کے ایک جلسہ مین سالار جنگ اور اُمرائے پائیگا کو اس وحی سے ڈرایا تھا۔ سُننے والون کے کان مین مرحوم کی آواز گونج رہی ہوگی اور ان کی آنکھین حطمہ کی آگ سے جلتے ہوئے دلون کو بھی دیکھ رہی ہون گی۔ نواب میر عثمان علی خان نظامِ سابع جو دُنیا مین اس زمانے کے سب سے بڑے سرمایہ دار مشہور تھے جن کی بے حساب دولت کنگ کوٹھی مین بند تھی کنگ کوٹھی کی زمین نے اُسکو فاتحین کے سامنے اُگل دیا۔
خلاصہ فکر یہ ہے کہ سرمایہ دارون کا مال جب فاتح قوم کیلئے مالِ غنیمت ہو جاتا ہے۔ یا ڈاکو لوٹ لیتے ہین —— یا اولاد نا خلف نکل کر اس کو برباد کرتی ہے یا اچانک پیغامِ موت پہنچ جاتا ہے۔ تو غور کرو کہ دل و دماغ مین کس طرح حطمہ کی آگ کے شعلے بھڑک اُٹھتے ہین۔ یہ تو اس زندگی کا نقشہ ہے۔ پہلے اس پر غور کر لو۔ اس کے بعد آخرت حشر قیامت اور دوزخ کے متعلق غور کرنا۔

چغلی کا حشر اس وحی مین چغلی کا بھی ذکر ہے۔ اسکو بھی ذرا سمجھنے کی ضرورت ہے۔ کانگریس کی تحریک کے زمانے مین حکومت نے حکم دیا تھا کہ کوئی وفادارِ حکومت کانگریس کو کسی قسم کی مدد نہ کرے۔ اور خصوصاً ملازمین سرکار تو سخت پابند تھے۔ اُس زمانے مین جو لوگ چوری چھپی کانگریس کی مالی مدد کرتے تو دوسرے لوگ حکومت کا تقرب حاصل کرنے انکے متعلق رپورٹ کرتے۔ اور رات دن کے میل جول مین طنزاً طعنہ دیتے۔ اشارۃً کنایۃً آوازے کستے۔ پس اسی کو بُرا کہا جا رہا ہے۔ دیکھئے اتحاد المسلمین۔ جماعتِ اسلامیہ۔ مسلم لیگ وغیرہ وغیرہ مین بھی اسی طرح کے حالات موجود ہین اور ہر زمانے مین تھے۔ اور ہین اور رہین گے۔ پس نزولِ وحی کے زمانے مین بھی آنحضرت صلعم کی مشن کے مالی امداد کیلئے جو لوگ ایسا کرتے تھے تو انکے آقاؤن سرپرستون والدین وغیرہ سے بعض لوگ چغلی کرتے ہونگے اور طعن و طنز اشارۃً ملاقات مین بھی کرتے ہونگے۔ لہذا ایسے لوگون کیلئے وحی انتباہ دے رہی ہے۔

صد جہان باقیست در قرآن ہنوز ؛ اندکِ خود را بہ آیاتش بسوز (اقبالؒ)

نام سورہ **المعارج** تعداد آیات (۴۴) تعداد رکوع (۲) شمارہ ترتیب موجودہ (۷۰) پارہ (۲۹)
شمارہ ترتیب نزول وحی بلحاظ تحقیق علامہ محمد اجمل خان (۱۷) زمانہ نزول دور دوم ۵ سنہ بعثت ۶۱۵ء
اس سورۃ کے سلسلۂ نزول سے متعلق جن محققین نے جو شمارہ اپنی تحقیق مین قرار دیا ہے نقشۂ ذیل سے اسکی صراحت معلوم ہوگی۔

نام محققین	عبداللہ بن عباس رضی اللہ عنہ	حسین بن ابی الحسن نیشاپوری	محمد بن سلیمان بن مسیب	جابر بن زید ازدی	ولید بن مسلم	ولید بن ہشام	ابی بن کعب	شیخ ابو الریحان بیرونی	مولانا حمید الدین فراہی	مولانا امین احسن اصلاحی	محمد اجمل خان
شمارہ بلحاظ ترتیب نزول وحی	۷۸	۷۶	۷۷	۷۷	۳۷	۴۲	۴۷	۳۵	۳۰	۷۹	۷۹

توضیحات

شمارہ الحاقی آیات	کون مخاطب ہے یا کونسی مثال ہے	احکام و شریعت و منہاج	میرے فکر و نظر کے موضوعات			
			موضوع	صفحہ	موضوع	صفحہ
	اہل عرب اور بیسویں صدی کے سائنٹسٹ و نیز ہر صاحب فکر و نظر۔		حق کو جھٹلانے والے عذاب کی فرمائش کیون کرتے ہین۔ قدرت کا ایک دن پچاس ہزار سال کے برابر ہوتے کا ایک زمینی ثبوت۔ مکذبین پر عذاب نازل نہونیکی وجہ مصدقین مین شک و شبہ۔ دنیا کے قانون انصاف کی ایک مثال جس مین امریکہ کا ذکر ہے۔ تمام مذاہب کے مومنون کی تعریف قرآنی۔	۱	نماز کا محاورۂ قرآنی۔ تسلی اولاد انبیاء و مرسلین محض تعلق کی وجہ قابل احترام نہین۔ رب المشرقین و المغربین۔ حسب نسب کا گھمنڈ آبائی دین کا گھمنڈ۔ روحانی ہستیون کی بے بسی اور پولیس اکشن حیدرآباد کی ایک مثال۔	۵ ۶ ۷

بسم اللہ القہار والجبار تعالیٰ سبحانہ

اے محمد! دیکھو۔ ایک طلبگار عذاب کہہ رہا ہے کہ۔ جس عذاب سے بذریعۂ وحی تم ڈرا رہے ہو وہ اس وقت مجھ پر نازل ہو جائے تو یقین کرونگا کہ تم سچے رسول اللہ ہو۔ ہان ہان تم اس سے کہدو کہ۔ وہ عذاب جس کا تم سے وعدہ کیا جا رہا ہے۔ وقت مقررہ پہ نازل ہو کر رہے گا کہ تمہارے صاحب درجات رب کعبہ تعالیٰ سبحانہ کی طرف سے اس عذاب کا ایک وقت مقرر ہے ۱ تا ۳
اس طلبگار سے کہو کہ۔ تم لوگ تو اس حقیقت سے ناواقف ہو اللہ کی مشیت کیا ہے؟ دیکھو!

اس کا ایک دن تمہارے پچاس ہزار سالوں کے مساوی ہے جس میں فرشتے اور روح (یعنے کارکنانِ قضاء و قدر) اپنے رب کی تعمیلِ حکم میں مصروفِ عمل ہو جاتے ہیں ۔ اے محمد! تم

ف ۱ ۔ میرا فکر :۔ دیکھئے اس سورۃ کا نام ہی بمقابلۂ زمانۂ نزولِ وحی کے اس بیسویں صدی کے انسانوں کو قانونِ ارتقاء کے نظریات کا اشارہ کر رہا ہے ۔ بیچارے اہلِ مکہ مخاطبین ان اشارات کی ماہیت کو کیا جان سکتے تھے ۔

دعوئے حق کی تکذیب کرنے والوں کا خدا سے عذاب کا طالب ہونا

(دیکھو میرا فکر وحی نمبر (۱۵) کے فقرۂ (۲) صفحہ (۱۹۲) پر "آخرین صنم") اہلِ مکہ کے ایک پروہیت خاندان کے ایک فرد یعنے محمد رسول اللہ کی زبان سے عذاب کے ڈراوے کو سن کر سر برآوردہ افراد خادمینِ کعبہ یعنے کعبہ کے مندر کے پجاریوں سے کسی ایک نے (جیسا کہ بعض روایات میں ابی لہب اور بعض میں نذر بن حارث کہا گیا ہے) خانۂ کعبہ کے روبرو کھڑے ہو کر حالتِ اضطرار میں خانۂ کعبہ کا واسطہ دے کر ربِ کعبہ کو پکارا ہوگا کہ :۔ "اے ربِ کعبہ! اگر محمد سچے نبی و رسول ہیں ۔ اور فی الحقیقت جبریلؑ قرآن کو وحی کے ذریعہ ان پر نازل کر رہے ہیں تو اس میرے انکارِ حق پر مثلِ ثمود کے مجھ پر عذاب نازل کر دے تاکہ میری تکذیب کا بدل مجھ کو مل جائے ۔ اور دوسروں کے لئے محمدؐ کے پیغامِ حق کا ثبوت ہو جائے" ۔۔۔ یہ کوئی انوکھی بات نہیں ۔ آج بھی ہم کو نظر آتا ہے کہ جب کبھی کسی ضدی تقلیدِ جامد کے پرستار سے کہا جاتا ہے کہ :۔ "فلاں کام نہ کرو ۔ قرآن میں اس کی ممانعت صریح آئی ہے ۔ اللہ کے عذاب سے ڈرو!" ۔ تو کہنے والے کے مقابل جب ضدی لاجواب ہو جاتا ہے تو بے ساختہ پکار اٹھتا ہے کہ :۔ "اگر میرا عقیدہ یا عمل جھوٹا ہے تو اسی آن و لحظہ میرے افکار کی سزا مجھ کو خدا دے" ۔۔۔ پس اسی طرح اس وقت بھی تقلیدِ جامد کے جذبے سے کسی کی زبان پر یہ الفاظ جاری ہو گئے ہوں گے ۔ جس کا جواب یہ مل رہا ہے ۔۔ کہ :۔ دیکھو! اے منکرینِ حق ۔ قانونِ قدرت کے تحت اپنے وقت پر سب کچھ ہو کر رہے گا ۔ محض تمہاری خواہش کی وجہ ہمارا قانونِ امہال بدلتا نہیں ۔ ہمارا قانونِ ارتقاء تو تم کو بلندیوں کی طرف لے جانا چاہتا ہے اور تم پستی کی طرف جانا چاہتے ہو ۔ پس تمہارے لئے ہمارا قانونِ امہال مقرر ہے ۔ تم کو کچھ معلوم بھی ہے کہ قانونِ ارتقاء و قانونِ امہال کی مدت کیا ہوتی ہے؟ سنو! اس کا ایک دن تمہارے کرۂ زمین کے سالوں کے لحاظ سے پچاس ہزار سال کا ہوتا ہے ۔ جس میں کارکنانِ قضاء و قدر اپنے رب کے حکم کی تعمیل میں مصروفِ عمل ہوتے ہیں ۔ پس تم جس عذاب کے لئے جلدی کر رہے ہو ہو جائے اس کے کاش تم بلندی کی طرف رجوع ہو جاتے اور فتح و کامرانی کی طلب کرتے تو انعاماتِ الٰہی سے سرفرازی ملتی ۔ مگر تم تقلید کے پرستار بھلا ان باتوں پر جو قرآن حکیم تم کو سنا رہا ہے کیوں توجہ کرنے چلے ۔"

ایک دن پچاس ہزار سال کے برابر ہونے کا کرۂ زمین پر ثبوت

ایک دن قدرت کا پچاس ہزار سال کا کیسے ہو سکتا ہے؟ یہ بات تو نزولِ وحی کے مخاطبین تصورات کی دنیا میں روزِ روشن کا سمجھ رہے تھے ۔ اور حیران تھے ۔ اور آج بھی مفسرین کے تفاسیر اس پر رائے زنی کرتے ہوئے صفحات کے صفحات سیاہ کر رہے ہیں لیکن اس بیسویں صدی نے اس بات کا مشاہدہ اس کرۂ زمین پر کرا دیا ہے کہ ۔۔ اسی کرۂ زمین پر قطبِ شمالی اور قطبِ جنوبی میں (۳۶۵) دن کا (باقی بر صفحہ ۱۹۷)

منکرینِ حق کی طعنہ زنی اور شر و فساد کی چیرہ دستیوں کو برداشت کرتے چلے جاؤ۔ اور اس پر صبر و استقلال سے رہنا۔ دیکھنا جس دن کا وعدہ اِن منکرینِ حق سے وحیِ الٰہی کر رہی ہے۔ بلا شبہ اِن لوگوں کے حساب شمار کے لحاظ سے تو وہ بہت دُور دراز مدت معلوم ہو رہی ہے۔ لیکن ہمارے اوقات کے شمار کے لحاظ سے وہ ایک دن کے اندر ہی اندر کی بات ہے ۵ تا ۷ اے مخاطبین! دیکھو تم تو اپنے باپ دادا سے سُنتے ہی چلے آئے ہو کہ اس دن تو آسمان پگھلے ہوئے تانبے کی طرح نظر آئے گا۔ اور پہاڑ دُھنکی ہوئی اون کی طرح ہوا میں منتشر ہو جائینگے ۸ تا ۹ یاد رکھو کہ اُس دن کوئی بھی ایک دوسرے کا پرسانِ حال نہ ہوگا۔ درآنحالیکہ سب ایک دوسرے کے آمنے سامنے موجود ہوں گے ۱۰ ف ۲ دیکھو اچھی طرح سمجھ لو کہ روزِ قیامت انصاف کے دن ہر ملزم۔ گنہگار خاطی۔ جج یوم انصاف کے روبرو اس بات کی خواہش کرے گا کہ

(بقیہ صفحہ ۱۹۶) ایک دن درات ہوا کرتے ہیں۔ اور ماہرینِ فلکیات نے نظامِ شمسی میں پچاس پچاس ہزار سال کا ایک دن بھی دریافت کر لیا ہے۔ ماہرینِ طبقات الارض نے زمین کے سات طبقات کے لئے ہر طبقہ میں لاکھوں سال کا فرق بتلایا ہے۔ غور کیجئے ہمارے عقاید کو کہ "کُن" کے ساتھ ہی "فیکون" ہو گیا۔ اور قرآن کہتا ہے کہ چھ روز میں کُن کا نتیجہ فیکون کی صورت میں کارکنانِ قضاء و قدر نے تکمیل کیا۔ دیکھا آپ نے یہ خدا کو شعبدہ گر بنا کر پیش کرنے والے ہمارے راویانِ معتبر کے روایات کی حقیقت۔ اور ہمارے عقیدہ میں دوزخ میں جلنے والے خلف الرشید آدم کی تحقیقات کے نتائج؟ بتلائیے کہ اللہ تعالیٰ کس طبقہ کی قدر فرمائیں گے؟ غور کا مقام ہے۔

ف ۲۔ میرا فکر:۔ دیکھئے وحی نمبر (۱۴) میں جن وسوسہ اندازیوں کا ذکر کیا گیا تھا میرے فکر کی تائید اس وحی سے ہو رہی ہے کہ جب اس طرح منکرینِ وحی نے گڑگڑا کر ربِ کعبہ سے دُعا کی ہوگی تو مصدقین نے دیکھا ہوگا کہ دُعا کرنے والے کا بال بھی متاثر نہیں ہوا۔ ظاہر ہے کہ فطرتِ انسانی کے تحت وسوسہ پیدا ہو گیا ہو کہ یہ ماجرا آخر کیا ہے؟

مکذبین پر عذاب نازل نہ ہونے سے مصدقین کے شکوک

پس اس سلسلۂ کلام کے ذریعہ اُن تصوراتِ قیامت اور انتہائی عذاب دُنیا کی صورت کا نقشہ کھینچا جا رہا ہے لیکن سب سے پہلے رسولؐ اور مصدقین کو صبر و استقلال کی ہدایت کی جا رہی ہے کہ کہیں تصدیقِ رسالت میں متزلزل نہ ہو جائیں۔

منکرینِ وحی کو بتلایا جا رہا ہے کہ "تم دیکھتے نہیں کہ جب آتش فشاں پہاڑ سے لاوا نکلتا ہے تو اُس کے شرارے آسمان کو تانبا بنا دیتے ہیں اور پھر مخلوق کی حالتِ سراسیمگی بھی تو تمہارے (باقی بر صفحہ ۱۹۸)

کسی طرح اسکے جُرم و گُناہون کے بدلے مین جو طلب کیا جائے تاوان دینے وہ تیار ہے۔ یہان تک کہ اپنی اولاد۔ اپنے بھائی۔ اپنا خاندان۔ بلکہ تمام روئے زمین کے انسان۔ معہ ان کی دولت کے وہ تاوان دینے کو تیار ہے۔ لیکن یومِ انصاف کے قاضی القضات یعنے چیف جسٹس یومِ حساب کے پاس کوئی بات اس وقت قابلِ قبول یا درخورِ التفات نہ ہوگی۔ بجز اسکے کہ حکمِ سزا سُنا دیا جائے اور ملزم عذابِ سخت کے مقام پر پہنچا دیا جائے ۔۱۱ تا ۱۶ ف ۳

(بقیہ صفحہ ۱۹۷) پیشِ نظر رہتی ہے؟ کہ باپ کو بیٹے کی اور ماں کو بچے کا ہوش نہین رہتا۔ ہر ایک نفسی نفسی مین لگا رہتا ہے۔ اُس وقت تمہارے معبودانِ باطل اور شفیعانِ ظنی کہان ہوتے ہین۔ کون بچا سکتا ہے۔ سوائے ذاتِ واحد القہار و الجبار کے۔ یہ تو دُنیا کے آنکھون دیکھی بات ہے۔ ذرا قیامت کا بھی تصور کر لینا۔ جو کچھ وہان ہوگا وہ تمہارے تصورات سے خارج ہوگا۔

ف ۳۔ میرا فکر:۔ ان آیات مین انسان کے ظنی اور ذہنی عقاید کو چُور چُور کیا جا رہا ہے۔ اور بتلایا جا رہا ہے کہ انسان کس طرح بے سندی باتون مین آن کر اپنے عقایدِ باطلہ مین غرق ہو جاتا ہے اور شفاعت کی اُمیدین اپنے ذہنی اولیاء۔ انبیاء اور پیرون کو وہ یومِ حشر اللہ کے پاس سفارش کر کے نجات دلوانیکی اُمیدین اپنے ضمیر کی آواز کو ٹھکراتا ہے۔

قانونِ انصاف۔ دُنیا کی مثال امریکہ کا واقعہ۔

اس وحی کو سمجھنے کے لئے ذرا اس دُنیا کے بنائے ہوئے قوانین اور عدالتون پر ایک گہری نظر ڈالنا ضروری ہے۔ تاکہ "ملک یوم الدین" کا انصاف روزِ حشر کا کچھ سمجھ مین آجائے۔ دیکھئے! جب کسی عدالت مین کسی مجرم کے خلاف چالان پیش ہوتا ہے تو ملزم چاہے ولی عہد کیون نہ ہو۔ اگر بعد تحقیقات جرم ثابت ہو جائے تو فیصلہ سزا کا صادر ہو جاتا ہے۔ اگر ملزم کی طرف سے اس کے ماں یا باپ یا اولاد یا بیوی اُس سزا کو اپنے پر لینا چاہے۔ یا کروڑ در کروڑ نقد روپیہ اس سزا مجوزہ کے تاوان مین دے کر سزا سے بری ہونا چاہے تو وہ عدالت یا اس سے مافوق عدالت اس کو بری نہین کرتی۔ اور نہ ایسی درخواست پر کوئی ادنیٰ سی توجہ کسی جج کی مبذول ہوتی ہے۔ چنانچہ ۱۹۵۴ء کا ایک تازہ واقعہ موجود ہے کہ امریکہ نے ایک سائنس دان کو جو ہری بم کا راز فاش کرنے کی سزا مین بوجہ غداریٔ مُلک موت کی سزا تجویز کی جس پر تمام کُرۂ زمین کے کونے کونے سے اس کی جان بخشی اور قیدِ عمر بھر سے سزائے موت کو بدلنے کے لئے صدرِ جمہوریہ امریکہ کے پاس ہزارہا تار اور عرضداشتین بھیجی گئین۔ مگر وہ سزائے موت نہین بدلی گئی۔ وقتِ مقررہ پر اس کی سزا نافذ ہوگئی۔ جب دُنیا کی عدالتون کا یہ حال ہے تو غور کا مقام ہے کہ وہ مجرمون کا جج۔ وہ یومِ حشر کا قاضی القضات۔ چیف جسٹسون کا چیف جسٹس کس طرح تمہارے گُناہون کو معاف کر دے گا۔ ذرا مقامِ غور ہے۔ پس ان آیاتِ بینات کے خلاف جو لوگ اپنے ظنی و ذہنی بے سندی عقاید مین مگن ہین اور ایصالِ ثواب۔ شفاعت۔ کفارہ وغیرہ کے بھروسہ اس دُنیا کی کھیتی مین جو اربو کر آخرت مین انگور اور سیب حاصل کرنیکی (باقی بر صفحہ ۱۹۹)

اے حق اور صداقت کی آواز پر پیٹھ پھیر کر جانے والے انسان اور سرمایہ کے دھتی دیکھ اور سُن لے کہ تجھ کو وہ تپتی ہوئی آگ کا عذاب پکار رہا ہے جو تیرے دل و دماغ کو جلا کر خاک کر دینے والا ہے ع۱۷ و ۱۸ بے شک انسان کی فطرت بے صبرا و حریص ہے ع۱۹ دیکھو جب اُسکو کسی مصیبت میں مبتلا ہونا پڑتا ہے تو بے صبرا بن جاتا ہے ع۲۰ اور جب بھلائی اس کا ساتھ دیتی ہے تو بدکرداری کی طرف راغب ہو جاتا ہے ع۲۱ باستثناء اُن انسانوں کے جو مصلین ہیں ع۲۲ اور اپنی صلاۃ پر جمے ہوئے ہیں ع۲۳ اور جن کے مال میں مستحقین کا حق مقرر ہے ع۲۴ محتاج مسکین سائلوں کا ع۲۵ اور یقین رکھتے ہیں انصاف کے دن کا ع۲۶ پھر جو لوگ اپنے رب کے مواخذہ سے خائف ہیں ع۲۷ بلاشبہ ان کے رب کے عذاب سے نڈر نہ ہونا چاہئے ع۲۸ اور جو اپنی خواہشاتِ نفسانی پر قابو رکھتے ہیں ع۲۹ مگر خواہشات کی تکمیل اپنی بیبیوں اور لونڈیوں سے پوری کر لیتے ہیں جس کی کوئی پوچھ ان سے نہیں ع۳۰ ہاں اس کے سوائے جو دوسری عورتوں پر نظر دوڑاتے اور زناکاری کرتے ہیں یہ گناہ ہے ع۳۱ اور جو اپنے قول و قرار امانت و دیانت کے پابند ہیں ع۳۲ اور جو اپنی گواہی حق و صداقت کے لئے بلا کم و کاست دیتے ہیں ع۳۳ اور جو اپنی صلاۃ پر جمے ہوئے ہیں ع۳۴ پس ان اوصاف کے انسانوں ہی کے لئے عزت کے باغ اور آرام و آسائشیں ان کے رب کے پاس موجود ہیں ع۳۵ ف۴ اور اے محمد! ذرا ان مدعیانِ ملتِ ابراہیم و موسیٰ و عیسیٰ کو دیکھو کہ جو تمہارے اطراف جوق در جوق جمع ہو کر

(بقیہ صفحہ ۱۹۸) تمثالیں ہیں۔ غور کر لیں کہ ان کا عقیدہ کس حد تک عقلِ سلیم کے لئے قابلِ قبول ہے۔ (اس خصوص میں وحی نمبر (۲۹ صفحہ) میں بھی ایک تفصیلی فکر آپ کے غور و فکر کا محتاج ہے)۔ آیات ۱۷ و ۱۸ میں مکذبین کو مخاطب کیا جا کر متنبہ کیا جا رہا ہے کہ اس تکذیب کے نتائج کو اچھی طرح سوچ سمجھ لیں۔

ف۴۔ میرا فکر:۔ (۱۹ سے ۳۵) آیات پر غور کیجئے تو معلوم ہوتا ہے کہ آنحضرت صلعم کی آواز پر لبیک کہنے والوں کو اب مخاطب کیا جا رہا ہے۔ اور ان کو متنبہ کیا جا رہا ہے کہ انسان فطرتاً مصائب میں بے صبری اور خوش حالی میں بدمستی کا عادی ہے۔ یہ اس کی صحیح فکر نہیں ہے۔ بلکہ صحیح فکر تو یہ ہے کہ اس کو ہر دو صورتوں میں ایک مستقل مزاج انسان ہونا چاہیئے۔ تاکہ وہ اپنی زندگی حال اور مستقبل کو سنوار لے۔ دیکھو جو لوگ اللہ کی نافرمانیوں کے (باقی بر صفحہ ۲۰۰)

دعوے کر رہے ہیں کہ ہم فلاں رسول اور نبی کی اولاد سے اور ان کے منبع ہیں۔ ہم ان کو مانتے ہیں۔ پس یقیناً ہم نجات یافتہ اور مستحقِ جنت ہیں کیونکہ ہمارے اسلاف سے ربِ کعبہ نے وعدۂ مغفرت کر لیا ہے۔ لہٰذا اس وعدہ کے لحاظ سے ہمارے پیشوایانِ ہم کو نجات دلا کر ہی رہیں گے"۔ ان بے عقلوں اور ظنی و ذہنی عقیدوں اور غلط تصوراتِ بے سندی کے مدعیوں سے کہدو کہ ضمیر فروشی۔ بدکرداری۔ بددیانتی۔ جھوٹی گواہی۔ وعدہ خلافی کر کے عملِ صالح سے یکسر منحرف رہ کر یوم الفصل سے بے نیاز ہو کر پھر بھی انعاماتِ الٰہی کے مستحق ہونے کا تمہارا گھمنڈ لغو اور مہمل ہے! اللہ خوب جانتا ہے کہ

(بقیہ صفحہ ۱۹۹) نتائج سے ڈرتے ہیں۔ وہ اپنے باہمی اتحاد پر اور ادائی فرائض پر (یہاں صلاۃ کے معنے فرائض کے معنی لے رہا ہوں) جمے رہتے ہیں۔ وہ فرائض کیا ہیں؟ کہ ان کے سرمایہ اور دولت میں مستحق مانگنے والوں اور بے سہارا انسانوں کا حق ہوتا ہے۔ وہ انکی خبر گیری کرتے رہتے ہیں۔ اور ان کی مالی مدد کرتے ہیں۔ اور پھر اپنی نفسانی خواہشات کی تکمیل میں وہ زنا کاری نہیں کرتے۔ البتہ اپنی بیویوں اور لونڈیوں سے اپنے عیش کو پورا کر لیتے ہیں (دیکھئے اس بات کو ذہن میں رکھئے کہ یہ مکی وحی ہے۔ امتِ محمدی کے لئے ابھی کوئی قانون نافذ نہیں ہوا ہے۔ اہلِ مکہ جن باتوں اور رشتوں اور طریقوں کو حلال اور جائز سمجھتے تھے وہی حلال طیب ہیں۔ اسی لئے لونڈیوں سے بلا نکاح کے مباشرت کا جواز بتلایا جا رہا ہے اور عقدِ نکاح کے بیویوں کی تعداد کا کوئی تعین نہیں ہے! اس کے متعلق احکام مدینہ میں ہجرت کے بعد نافذ ہوئے ہیں۔ لہٰذا میرا فکر سورۂ المومنون اور سورۂ النساء میں قابلِ ملاحظہ ہے جہاں پر میرے ذاتی فکر قرآنی نے لونڈی سے بلا نکاح مباشرت کی نفی کی ہے۔ سورۂ المومنون (۶۱) دین وحی ہے) اور اپنے قول و قرار کے پابند ہوتے ہیں! امانت داری میں پکے۔ حق و صداقت کے سچے گواہ۔ بلا کسی رو رعایت کے ہوتے ہیں۔ اس طرح اپنے ضمیر کی آواز پر ادائی فرائض (صلاۃ) پر جمے رہتے ہیں۔ یہ سب محض اس لئے کرتے ہیں کہ وہ اپنے رب یعنے اپنے آقا کے محاسبہ سے (جس دن الفصل کے لئے وہ قاضی القضاۃ ہوگا) ڈرتے ہیں کہ کہیں ان پر بحیثیت ایک غلام کے یعنے بحیثیت ایک بندہ ہونے کے ادائی فرائض میں کوتاہی کی وجہ وہ ملزم قرار نہ پائیں۔ پس ایسے ہی لوگ دنیا اور آخرت میں مستحق جنت ہیں۔ دیکھئے وحیِ اول میں میں نے صلاۃ کے متعلق اپنا فکر پیش کیا ہے۔ یہاں پر متبعین محمدِ عربی صلعم ہی مخصوص نہیں ہیں بلکہ ہر قوم۔ خصوصاً مکہ کے اہلِ عرب میں صالحین کون ہیں اس کی صراحت کی جا رہی ہے۔ ان صالحین میں موسوی۔ عیسوی۔ ابراہیمی۔ مجوسی۔ ہندی وغیرہ سب ملتیں شامل ہیں۔ اور ہر ایک ملت میں جن افراد میں یہ خوبیاں ہوں ان کو مستحقِ جنت بتلایا جا رہا ہے۔ مگر ہمارے مفسر صلاۃ اور ان متذکرہ امور کی تکمیل کرنے والا سوائے مسلمان امتِ محمدی کے کسی اور کو نہیں سمجھتے۔ اس کا کوئی علاج ہی نہیں ہے۔ ذرا غور نہیں کیا جاتا کہ ابھی امتِ محمدی کے لئے کوئی قانون ہی نہیں بنا اور نہ کوئی دستور۔ ابھی تو ابتدائی دور افراد کے کردار سازی کا ہے۔ اس دور میں امتِ محمدی کے لئے نماز کی فرضیت کا بھی کوئی سوال ہی نہیں ہے۔ تو پھر مفسرین کی تفسیر میں صلاۃ کے لفظِ قرآنی کو ہر جگہ نماز نماز کی رٹ میرے فکر و فہم سے بالاتر ہے۔

تمام مذاہب کے مومن کی تعریف

صلاۃ۔ نماز بمعنے تنظیم | غریب القرآن میں صلاۃ کا مفہوم و محاورہ حسب ذیل ہے جو (باقی بر صفحہ ۲۰۱)

تمہارے اعمال کا کیا حال ہے ع۳۶ تا ۳۷ ف۵ قسم ہے رب المشرقین والمغربین کی کہ اللہ اپنے نااہل ف۶ بندوں کو صالح بندوں سے مغلوب کر دینے پر قادر ہے۔ پھر کون ہے جو اللہ کے قابو سے نکل جائے ع۳۸ و ۴۱

(بقیہ صفحہ ۲۰۰) عین قرآنِ حکیم ہی کے محاوروں کے لحاظ سے ہے :۔ صلا ۔ فرض ۔ فرضِ منصبی ۔ دین ۔ ایمان ۔ دعا ۔ رحمت ۔ برکت ۔ صف بندی تنظیم ۔ نماز جماعت ۔ یہود کی عبادت گاہ ۔
دیکھئے ابتداءً صالحین کی تعریف صلاۃ سے آغاز ہوئی اور ختم بھی صلاۃ ہی پر جس کے معنے صاف یہ ہیں کہ قرآنِ حکیم نے تسبیح ۔ صلاۃ اور ذکر کے الفاظ زیادہ تر تنظیم اور ادائیِ فرائضِ منصبی کے لئے ہیں ۔

ف۵ ۔ میرا فکر :۔ آیات ۳۶ تا ۳۹ پر میرا فکر یہ ہے کہ جب (۱۹ تا ۳۵) آیات نازل ہوئے تو اہلِ مکہ جوق در جوق محمدِ عربی صلعم کے پاس آن کر ہر ایک اپنی ملت اور اپنے نبی کی پیروی کا مدعی ہونے لگا اور

ف۵ اولادِ انبیاء و مرسلین ہونا قابلِ احترام نہیں

کہنے لگا کہ دیکھئے ہم صحایف ابراہیم کے پیرو بلکہ ان کی اولاد ہی سے ہیں ۔ ہم بھی اسحاق و یعقوب سے اور ان کی امت ہی میں ہیں اور اسی طور طریق پر چل رہے ہیں تو یقیناً ہمارے انبیاء سے کئے ہوئے وعدہ پر ہم مستحقِ جنت ہیں ۔ آپ اس کی تصدیق کیجئے ۔" اس قسم کے ادعاء کا جواب وحیِ الٰہی دے رہی ہے کہ یہ سب کچھ تو سچ ہے لیکن ذرا گریبان میں منہ ڈال کر تو دیکھو کہ تمہارے اعمال اور کردار کا کیا حال ہے ۔ وہ کونسی صفت ہے جو صالحین کے اوصاف میں وحیِ اول الذکر میں بتلائی گئی ہے اور وہ تم میں موجود ہے ۔ تم صلاۃ کو کعبہ کے طواف اور چند الفاظ کو بڑبڑانے کی حد تک سمجھ رہے ہو ۔ وحیِ الٰہی جس صلاۃ کا ذکر کر رہی ہے وہ تمہاری بے روح صلاۃ نہیں ہے بلکہ وہ روحِ صلاۃ ہے یعنے ادائیِ فرائضِ منصبی جس کو سمجھ کر اور جس پر قایم رہ کر صالحین اپنے کردار کو سنوار لیتے ہیں ۔ جو فرائض ہی کو نہیں جانتا وہ کیا خاک فرمانبرداری کرے گا ۔ پس یہ جو کچھ تم کر رہے ہو بے حقیقت طور طریق ہیں جو تمہارے باپ دادا ؤں نے اپنے دل سے گھڑ لئے ہیں ۔ اگر تم حقیقی صلاۃ یعنے فرائضِ منصبی کا دھیان کرو گے تو تم میں خود بخود صالحین کے اوصاف ظاہر ہونے لگیں گے ۔ دیکھو تمہارے دلوں کی بات اور تمہاری نیتوں کو جاننے والا اللہ ہے ۔ وہ ہر چیز کو جانتا ہے ۔ اس سے کوئی چیز ۔ کوئی بات پوشیدہ نہیں ۔ محض تمہارا گھمنڈ اولادِ انبیاء و مرسلین کی نسل سے ہونا ۔ یا اس ملت میں پیدا ہونا ۔ یا اس ملت کے ساتھ اپنے کو منسلک کر لینا ۔ اور اپنے کو نجات یافتہ اُمت قرار دے لینا ۔ یہ لغو اور مہمل بات ہے ۔ "یوم الدین" یعنے انصاف کے دن میزانِ اعمال ہوگا کہ کوئی پیمانۂ معتقدات اور نہ حسب و نسب کا اس دن کوئی وزن ہوگا اور نہ شمار و قطار ۔ ہر نفس اپنا آپ جواب دہ ہوگا ۔ نہ کسی کی سفارش کام آئے گی اور نہ شفاعت اور کفارہ ۔ نہ ناوان قبول ہوگا اور نہ ایک دوسرے کا بوجھ اُٹھائے گا ۔ پس اچھی طرح سمجھ لو کہ جس نے جو کچھ اس دُنیا کی زندگی میں اچھا یا بُرا عمل کیا وہی اس کو مستقبل میں یعنے آخرت میں موجود پائے گا ۔ لہٰذا اگر تم چاہتے ہو کہ جنت میں داخل ہو تو چھوڑو اپنے باپ دادا ؤں کی تقلید کو اور آزادیِ فکر حاصل کر کے ادائیِ فرائضِ منصبی کی طرف لگ جاؤ ۔

ف۶ ۔ میرا فکر :۔ مشرق کہتے ہیں جدھر سے آفتاب طلوع ہوتا ہے اور مغرب ڈوبنے کے مقام کو ۔ چونکہ آفتاب

رب المشرقین و رب المغربین

گردشِ زمین کی وجہ ہر سال دو مقامات کو (باقی بر صفحہ ۲۰۲)

اے محمد! ان باتونی اور گھمنڈ کرنے والے باپ دادا کے رسم و رواج کے پیرو تقلیدِ جامد کے بندون کی بکواس کو نظر انداز کر دے۔ اور اپنا کام کئے جا۔ یہ بہت جلد اس دن کو دیکھ لین گے جس کا ان سے وعدہ کیا جا رہا ہے ۴۲ یقین جان کہ اُس دن یہ اپنی قبرون سے اس طرح نکل پڑین گے جیسے بدحواسی مین انسان نشان پر بے تحاشہ دوڑتے ہین ۴۳ اور اس وقت انتہائی خجالت اور ذلت و خواری کی وجہ ان کی آنکھین زمین مین دھنسی جا رہی ہونگی اور اس وقت وہ سمجھ لین گے کہ یہ تو وہی وعدہ کا دن ہے ۴۴ ف ع

(بقیہ صفحہ ۲۰۱) بدلتا رہتا ہے۔ یعنے شمال مشرق اور جنوب مشرق سے طلوع ہوتا ہے۔ اور اس کے خلاف شمال مغرب اور جنوب مغرب مین ڈوب جاتا ہے۔ اہلِ عرب کا اسی لئے مُشرقین و مغربین محاورہ تھا۔ اور ہر قوم اپنے لئے علیحدہ ایک مخصوص رب مانتی تھی۔ تو۔ رب المشرقین کی شان کو ظاہر کرتے ہوئے یہ اس قدر عظیم الشان قسم نیز بیان رسالت جاری ہو رہی ہے اور بتلایا جا رہا ہے کہ مخاطبین کو جو گھمنڈ ہے بلحاظ حسب نسب حصولِ جنت کا۔ یا تمام اقوام عالم پر اپنی برگزیدگی و منتخبہ خدا کی مخلوق

حسب و نسب کا گھمنڈ غلط ہے

ہونے کا وہ غلط اور سراسر غلط و بے بنیاد ہے۔ اللہ تعالیٰ کے پاس باعزت وہی قوم و ملت افراد یا فرد ہے اعمالِ صالح سے اپنے نفس کو سنوار لیا۔ اور اللہ کے احکام کی نافرمانیون کے نتائج سے ڈرتا رہا۔ یومِ حساب کے محاسبہ کا اس کو ہر دم خیال پیشِ نظر رہا۔ پس یہ سنت اللہ ہے کہ غیر صالح قوم سے خلافتِ زمین یعنے اقتدار عزت۔ عظمت۔ دولت سب کچھ چھین کر صالح قوم کو مسلط کر دے۔ چونکہ اللہ تعالیٰ حقیقی مالک ہے اس لئے وہ اس بات پر قدرتِ کاملہ رکھتا ہے۔ وہ تمہاری جھوٹی آرزوؤن کی پرواہ نہین کرتا۔ اس کی سنت نہین بدلتی جیسا کہ ابھی ابھی تم کو ایک زبردست قوم ثمود کے فنا کر دینے مین ذرا بھی اللہ تعالیٰ کو تامل نہ ہونے کا ثبوت دے دیا گیا ہے۔ لہذا جب تباہی کا حکم صادر ہو جاتا ہے تو پھر کوئی مفر بچنے یا نکلنے کا نہین۔ لہذا اپنی نسلی و نسبی بڑائی کا گھمنڈ چھوڑ دو۔ اور عملِ صالح کی طرف حق کی آواز پر لبیک کہنے لگو۔

کیا اُمتِ محمدی اِن آیاتِ بینات کی روشنی مین اپنے عقاید کا جائزہ لینے تیار ہے؟

ف۔ میرا فکر:۔ (۴۲) وین آیت مین بلحاظ حسب و نسب اہلِ قریش اپنی برگزیدگی اور اولادِ نسلِ ابراہیمی کے

آبائی دین کا گھمنڈ

ثبوت مین تائیدِ ربِ کعبہ کا واقعہ اصحابِ فیل پیش کیا ہوگا کہ اگر ہم غلط راہ پر تھے تو پھر اللہ کیون ہماری مدد فرماتا۔ بلکہ اصحابِ فیل کے ذریعہ ہم کو تباہ کر دیتا۔ لہذا یہ کبھی نہین ہو سکتا کہ ہمارے طور طریق عبادت سے اللہ ناخوش ہو۔ اور کوئی نیا دین ہم کو اپنے باپ دادا سے ہٹ کر قبول کرنا نہین ہے۔ اس پر یہ وحی نازل ہو رہی ہے کہ وہ اپنے جھوٹے گھمنڈ کا نتیجہ عنقریب دیکھ لین گے۔ ہم کو تو صرف ہمارا پیغام قوم کو پہنچانے کے لئے مقرر کیا گیا ہے۔ ان کے خرافات کی پرواہ کئے بغیر پیامِ حق پہنچاتے رہو۔ اور یہ مغرور دیکھ لین گے جب ہمارا حکم جاری ہوگا تو یہ اپنی قبرون سے ذلت و نامرادی کی (باقی بر صفحہ ۲۰۳)

(بقیہ صفحہ ۲۰۲) حالت میں نکل پڑیں گے۔ اور چیخ اٹھیں گے کہ ہائے یہ تو وہی وعدہ کا دن ہمارے سامنے آگیا۔ یہ تو آخرت کی خبر اس وحی میں ہے۔ لیکن ذرا غور و فکر کیا جائے تو معلوم ہوگا فتح مکہ کے وقت یہ وعدہ کا دن اہل مکہ کیلئے اس وحیِ الٰہی کے مطابق من و عن ظاہر ہو گیا تھا۔ ذرا بھی اس میں فرق نہ تھا۔ اگر اہلِ حیدر آباد خصوصاً عثمان آباد اور بیدر وغیرہ اضلاع کے صاحبانِ فکر پولیس اکشن کے موقع پر مسلمانوں کی حالت کا جائزہ لیں اور یاد کریں تو معلوم ہوگا کہ کس طرح ذلت۔ خجالت اور بے سروسامانی میں وہ گھروں سے نکلے۔ اور جو مارے گئے تو وہ آخرت میں حساب و کتاب دیں گے۔ لیکن جو زندہ رہے ان کا کیا حشر ہوا۔ بات یہ ہے کہ قرآنِ حکیم کی ہر آیت ہمارے لئے آئینہ ہے۔ اسی دنیا میں۔ بشرطیکہ فکر و غور کیا جائے۔ آخرت کے متعلق تو جو کچھ ہونے والا ہے وہ ہمارے فکر۔ قیاس و گمان میں سمو بھی نہیں سکتا۔

روحانی ہستیوں کی بے بسی پولیس اکشن حیدر آباد کے موقع پر

ایک بات اپنے ذہن میں رکھئے کہ عثمان آباد۔ بیدر۔ بیڑ وغیرہ میں جو قتلِ عام بزمانۂ پولیس اکشن ہوا ہے اس کی داستانِ عبرت کے لئے کئی ہزار صفحوں کی ضرورت ہے۔ اس موقع پر یہ سوال پیدا ہوتا ہے کہ وہ روحانی ہستیاں جن کو مسلمان رات دن پکارتے تھے آخر ان کا تصرف ان معصوم بچوں۔ عفت مآب خواتین اور مظلوم و بے گناہ مسلمانوں کے لئے کیوں ظاہر نہیں ہوا؟ نہ حضرت علیؓ کی ولایت کام آئی اور نہ پیرانِ پیر و خواجۂ اجمیریؒ نے کوئی مدد کی۔ یہاں تک کہ رسولِ عربی صلعم کو پکارنے والے اور خالص اللہ کے آگے گڑگڑانے والے بھی اس وقت دردناک عذاب سے نجات حاصل نہ کر سکے۔ آخر یہ کیوں ہے۔ یہ محض اس لئے کہ قانونِ امہال کی مدت ختم ہو چکی تھی اور عذابِ الٰہی نازل ہو چکا تھا۔ کارکنانِ قضا و قدر تعمیلِ حکم میں مصروف تھے۔ اس وقت یہ سب فنی و ذہنی خود ساختہ دیوی داختہ شفیعان اپنے پرستاروں سے بے خبر تھے۔ کیونکہ وہ مردہ تھے۔ ان کے اختیار میں اتنا بھی نہ تھا کہ اپنی قبروں کی بے حرمتی پر جلال میں آجائیں۔ اور اللہ تعالیٰ نے اپنے بندوں کی پکار اس لئے نہیں سنی کہ دروازہ توبہ بند ہو چکا تھا۔ کیونکہ عذاب کا فرمانِ قضا شیم نافذ ہونے کے بعد توبہ کا دروازہ بند ہو جانا سنتِ اللہ ہے۔ بہر حال قرآن کے ہر وعید اور اس کی ہر بشارت کو مسلمانانِ حیدر آباد اپنے پولیس اکشن کے آئینہ ہی میں دیکھ سکتے ہیں۔ بشرطیکہ چشمِ بصیرت کو کھول کر دیکھیں اور اس کے بعد وہ آخرت اور اپنے مستقبل کا اندازہ کرتے ہوئے (اہلِ مکہ مخاطبین پر محمدِ عربی صلعم کی بشارت و نذارت کی پیش گوئیاں (وحیِ الٰہی یعنے قرآنِ حکیم) کس طرح لفظاً لفظاً صادق آئیں معلوم کر سکتے ہیں۔ چشمِ بصیرت بمقابلہ ظاہر بصارت جو تقلیدِ جامد کی تاریکی میں کھلی ہو کس قدر بلند ہوتی ہے وحی نمبر (۱۸) سے معلوم کیجئے۔

نام سورہ **عبس** تعدادِ آیات (۴۲) تعداد رکوع (۱) شمارۂ ترتیب موجودہ (۸۰) پارہ (۳۰)
شمارۂ ترتیب نزولِ وحی بلحاظ تحقیق علامہ محمد اجمل خان (۱۸) زمانۂ نزول دورِ دوم ۵ سنہ بعثت ۶۱۵ء
اس سورۃ کے سلسلۂ نزول سے متعلق جن محققین نے جو شمارہ اپنی تحقیق میں قرار دیا ہے نقشۂ ذیل سے اسکی معلوم ہوگی۔

نام محققین	[illegible]	[illegible]	[illegible]	[illegible]	[illegible]	[illegible]	[illegible]	[illegible]	[illegible]	[illegible]	[illegible]
شمارہ بلحاظ ترتیب نزولِ وحی	۲۳	۲۳	۲۳	۲۳	۲۶	۱۷	۲۴	۲۷	۲۲	۲۱	۲۴

توضیحات

شمارۂ الحاقی آیات	کون مخاطب ہے یا کونسی مثال ہے	احکام و شریعت و منہاج	میرے فکر و نظر کے موضوعات			
			موضوع	صفحہ	موضوع	صفحہ
	محمد عربی صلعم اور اہل قریش و نیز عام انسانیت		۱۔ آنکھوں والے بے بصیرت کے مقابل نابینا صاحب بصیرت بہتر ہوتا ہے۔ ۲۔ قرآنی تعلیم پست کو بلند کرتی ہے۔ ۳۔ ہر نبی کے مصدقہ بے علم ہوتے ہیں نہ کہ عالم۔ ۴۔ لیڈر اور مصلح قوم کی آواز پر عوام لبیک کہتے ہیں گاندھی جی کی ایک مثال۔ ۵۔ قرآن میں ہر زمانے کے لئے لچک موجود ہے۔	۱ 〃 〃 〃 〃	۱۔ اُمّی کس کو کہتے ہیں۔ ۲۔ قرآن کے مقدس لکھنے والے کون ہیں۔ ۳۔ قتل الانسان کا محاورہ۔ ۴۔ مساوات اونچ و نیچ اپنی روزانہ غذا ہی پر غور و فکر سے قدرت کا اندازہ کرنیکا حکم ۵۔ قانونِ زراعت۔ ۶۔ حشر اول و حشر آخر۔ ۷۔ ایک لقمہ پر غور و فکر قدرت کی عظمت کے معلوم کرنیکے لئے بہت ہے۔	۲ 〃 ۳ 〃

باسمہٖ مالک القدوس

کیا وجہ ہے اے محمد! تو نے تیور چڑھائے اور ناگواری سے بے رُخی برتی۔ کہ تیرے پاس ایک اندھا حاضر ہوا ع ۱ و ۲ اے محمد! تیرے کو کیا خبر کہ وہ اندھا ہی تیری نصیحت کو قبول کرتا۔ یا تیری نصیحت پر غور کرتا تو وہ کسی نتیجہ پر پہنچ جاتا ع ۳ و ۴ برخلاف اس کے جو تیرے مخاطب

سراسر تیری نصیحتون سے تقلیدِ جامد کی وجہ لاپرواہین۔ تو تو انھین کی اصلاح کی فکر مین لگا ہوا ہے ۶ و ۷ ۔ درآن حالیکہ تو جانتا ہے کہ جو تیری باتون کو سُنکر اپنے نفس کو نہ سنوارے تو تیرے پر کوئی ذمہ داری نہین ۷ ۔ اور جو تیرے پاس طلبِ حق مین دوڑا دوڑا چلا آرہا ہے۔ اور اسکے دل مین خوفِ خدا بھی ہے۔ تو تو اُس طالبِ صدق سے لاپرواہ ہو رہا ہے ۸ تا ۱۰ ف

ف۔ میرا فکر:۔ ایک روایت ہے کہ آنحضرت صلعم اہلِ مکہ کے سربرآوردہ سمجھ دار افراد سے تبلیغ قرآنی و اسلام کے سلسلہ مین گفتگو فرما رہے تھے اس مجلس مین ایک نابینا ابنِ اُمِ مکتومؓ آگئے اور آنحضرت صلعم سے کچھ معلومات حاصل کرنے کے لئے سوال کیا۔ ایسے وقت مین جب کہ آپ اہلِ مکہ خصوصاً اہلِ قریش کے سردارون سے گفتگو فرما رہے تھے تو ایک غریب نابینا کا دخل در معقول ہونا آپ کے بارِ خاطر گزرا۔ اس پر وحیِ الٰہی رسالت کو متنبہ کرتے نازل ہوئی ہے۔ اور کہا جا رہا ہے کہ وحیِ دوم مین سائل سے ترش رو ہونے کی تم کو ممانعت کی گئی تھی تو کیا اس کو بھول رہے ہو۔ یہ اندھا تو چشمِ بصیرت کا سائل ہو کر تمہارے پاس آیا ہے۔ اس کو تم نظر انداز کر رہے ہو۔ اور ان سردارانِ قریش اندھے مقلدین سرمایہ اور اپنے بلند مرتبت کے نشہ مین چور لوگون کو سمجھانے مر کھپا رہے ہو۔ ذرا تو غور کرو کہ جو تلاشِ حق مین سرگردان ہو اس کو راہِ حق کی راہ نمائی کس قدر جلد سے جلد تر اس کو منزلِ مقصود کی طرف پہنچائے گی۔ اور زبردستی کھینچ تان کر راہِ حق پر ڈالنے کی کوشش کس قدر بے نتیجہ ثابت ہوگی۔ یاد رکھو اے محمد! یہ سنت اللہ ہے کہ حق کی آواز پر لبیک کہنے والے یہ مغرور و متکبر سرمایہ دار اور مذہب پرستی کے اجارہ دار نہین ہوا کرتے بلکہ ایسے ہی غریب و بدحال منکسر المزاج قلوب نصیحت قبول کرنے والے ہوتے ہین۔ پس تم کو آئندہ ادائے فرائض مین اس بات کا خیال رکھنا ضروری ہے کہ تم سے یہ نہ پوچھا جائے گا کہ تمہاری اُمت کی تعداد کیا ہے اور کتنے علماء و سرمایہ داروں کو تم نے اپنا پیرو بنایا۔ بلکہ تم سے صرف پوچھا جائے گا کہ پیامِ حق کے پہنچانے اور ہر طالبِ راہِ حق کو غلامیٔ فکر و تقلید جامد سے آزادی حاصل کر لینے کے لئے اس کے عقل و فکر کی حد تک تفہیم کے فرائض کس حد تک ادا کئے گئے۔

آنکھون والے بے بصیرت کے مقابل اندھا بابصیرت بہتر ہوتا ہے۔

قرآن کی تعلیم پست کو بلند کرنیکی ہے غور کرو تو معلوم ہوگا کہ اس وحی مین یہ اصولِ ارتقاء بتلایا جا رہا ہے کہ کس طرح پست کو بلند کیا جا سکتا ہے۔ یہ ایک نفسیاتی حقیقت ہے کہ بمقابلۂ علم والون کے بے علم۔ اور بمقابلۂ سرمایہ دارون کے مفلس اور بمقابلۂ بلند درجات والون کے کم درجہ کے لوگ نصیحت کو جلد سے جلد قبول کر لیتے ہین۔ ان کے دلون کی تڑپ اُن کو مستقبل کی امیدون یعنے غیب کی باتون کی طرف بلا کھٹکے راغب کر دیتی ہے۔

ہر نبی کے مصدق بے علم ہوتے ہین نہ کہ عالم وہ مثل علماء و مشائخ۔ احبار۔ رہبان۔ فلسفی منطقی۔ پنڈت۔ پادری۔ مولوی کے چنان چنین مین نہین پڑتے۔ اسی وجہ قرآن حکیم نے تاریخ انبیاء و اُمم سابقہ مین حق و صداقت کی آواز پر لبیک کہنے والون کی وضاحت کر دی ہے اور چنان چنین کر تیو الون کا اعتراض بھی بتلا دیا ہے کہ ہر رسول اور نبی سے یہی کہا گیا کہ تمہارے پیرو کوئی صاحب علم و فضل اور صاحب سرمایہ و غرور و فکر والے نہین ہین بلکہ پست درجہ ہی کے لوگ ہین۔

لیڈر و مصلحانِ قوم کی آواز پر عوام لبیک کہتے ہین۔ گاندھی جی کی تحریک کی مثال غور کیجئے کہ جب (باقی بر صفحہ ۲۰۶)

ہاں۔ یہ تو ایک تذکرہ ہے۔ یعنے یاد دہانی۔ نصیحت ہے ۱۱ پس جو کوئی چاہے اس سے نصیحت حاصل کرے ۱۲ یہ نصائح تو باعظمت و احترام مقدسون ہی کے ہین ۱۳ جو ستھرے اور بلند مقام پر رکھے جاتے ہین ۱۴ اور وہ تو بڑے ہی مقدس اور باحرمت و عظمت ہاتھون سے ہی

(بقیہ صفحہ ۲۰۵) کسی تحریک سیاسی کا ظہور ہوتا ہے تو لیڈر کا ساتھ کون دیتا ہے؟ لینن۔ گاندھی جی اور جناح ہی کو دیکھ لیجئے کہ ابتداء مین ان لیڈرون کا ساتھ گرایجویٹون نے دیا۔ یا لکھے پڑھے اور کم لکھے پڑھون نے؟ یہ لکھے پڑھے معترضین چنان چنین مین مبتلا ہو جاتے ہین۔ لیکن جب دیکھتے ہین کہ اس تحریک مین جوق در جوق قوم داخل ہو رہی ہے اور تحریک زور پکڑتی جا رہی ہے تو یہ نام و نمود کا خود غرض ہوشیار طبقہ فتح و نصرت کا تقاضی بن جاتا ہے اور اس مین شریک ہو جاتا ہے۔ اس کی مثال ایسی ہی ہے کہ ایک عمارت کی تعمیر مین اس کی بنیاد و گنڈون یعنے ناتراشیدہ پتھرون ہی سے بھر کر مضبوط کی جاتی ہے۔ اس بنیاد کی بھرائی مین محنت و مشقت زیادہ لیکن معاوضہ بہت ہی کم ملتا ہے۔ جب بنیاد تیار ہو چکتی ہے اور مستحکم ہو جاتی ہے تو تراشیدہ پتھرون اور اچھے میسترلون کی ضرورت پڑتی ہے جن کی مزدوری بمقابلۂ اول الذکر کے دوگنی تگنی ہوتی ہے۔ اور جب عمارت کھڑی ہو جاتی ہے تو نقش و نگار کرنے والے میستری کو اول الذکر سے دس گنی مزدوری دی جاتی ہے اور اس کا کام اس قدر دقت طلب ہوتا ہے کہ ایک فٹ کے لئے اس کو دو چار دن لگ جاتے ہین۔ پس یہی حال اُمتون اور قومون کی تعمیر کا ہے۔ لیکن جو تجربہ کار اور اعلیٰ انجینیر ہے اس کی نظرین تو بنیاد ہی کے استحکام کی طرف لگی رہتی ہین۔ وہ اُن بنیادی پتھرون ہی کی تعریف کرتا ہے جس پر عمارت کا استحکام ہے۔

قرآن مین عصر حاضر کے مطابقت کی جھلک۔

پس ان آیات مین رسول عربی صلعم کو بطور خاص مخاطب کیا جا کر اپنی قوم کو پستی سے بلند کرنے کے اصولِ ارتقاء بتلائے جا رہے ہین۔ قرآنِ حکیم کے بعض آیات بلاشبہ ذاتِ محمدی صلعم کے انتباہ کے لئے مختص ہین۔ لیکن اس سے استفادہ حاصل کرنا حاملینِ قرآن کے لئے لازمی ہے کیونکہ سالم قرآن جن حالات حاضرہ کی اصلاح کے لئے نازل ہوا جب اور جہان اُن حالات کا ظہور ہوگا تو وہ اُسی طرح اپنے مین بجھک اصلاح کی رکھتا ہے۔ کیونکہ ہر کتاب حکمت وہی کہلا سکتی ہے کہ جس مین مبادیات کے اصول بتلائے گئے ہون جو ہر زمانے مین اُس کے نظریات باعثِ استفادہ ہون۔ مثلاً ابو علی سینا جو نظریات صفرادی بخار کے لئے قائم کیا تھا اور اُس کے لئے جو نسخہ تجویز ہوا تھا جب کبھی اور جہان کہین صفرادی بخار ظاہر ہوگا تو اس کا علاج بھی اُسی اصول کے پیشِ نظر ہوگا۔ اگر تشخیص غلط ہو یا علاج مین غلطی ہو تو کوئی فایدہ نہ ہوگا۔ پس یہی حال قرآنِ حکیم کا ہے۔ لیکن ہمارے حکمائے روحانی نہ تو امراضِ روحانی کی صحیح تشخیص کر سکتے ہین اور نہ اشیاء و ترتیب کی ماہیت اور اس کے اثرات کا فہم رکھتے ہین۔ صرف امراض کا نام لیتے ہین اور نسخہ کے الفاظ کا ورد کرتے ہین۔ اور سمجھتے و سمجھاتے ہین کہ اسی طرح اور اسی طریقہ سے امراضِ لاحقہ قوم و ملت دور ہو جائین گے اور صحت حاصل ہو جائے گی۔ وہ قطعاً حالاتِ زمانہ سے متاثر ہونا نہین چاہتے بلکہ زمانۂ ماضی ہی کی پرستش مقصدِ تخلیقِ انسانی پر ایمانِ کامل رکھتے ہین۔ عوام الناس کا حال یہ ہے کہ بہ قولِ اقبال ؎

ہے وہی تیرے زمانہ کا امامِ برحق ۔:۔ جو تجھے حاضر و موجود سے بیزار کرے

(باقی بر صفحہ ۲۰۷)

لکھے جاتے ہیں ع۱۵ و ۱۶ ف۲ ہائے تباہی انسان کی! کیسا ناسمجھ ہے؟ ع۱۷ غور نہیں کرتا کہ کس چیز سے اللہ نے اس کو بنایا ع۱۸ ایک قطرۂ منی ہی سے تو وہ بنا! اور پھر اس کی ایک مقدار پر نشو و نما کی ع۱۹ پھر اس کے لئے راستے زندگی کے مہیا کر دئے ع۲۰ یہاں تک کہ وہ مر کر قبر میں دفن ہو جاتا ہے ع۲۱

(بقیہ صفحہ ۲۰۶) یاد رکھو کہ وہ من علم اور وہ بھی جامد تقلید میں محدود و محصور۔ جہاں فکر کی نفی ہی نفی ہو علم نہیں بلکہ جہلِ اکبر ہے۔ اور ایک کرنی بھر علم اور وہ من فکر و فہم جو آزاد فضا میں ہو دراصل کتابِ علم و حکمت کا بے انتہا خزانہ ہے۔

ف۲۔ میرا فکر:۔ اس وحی کا مفہوم معلوم کرنے سے پہلے ذرا پس منظر نزولِ وحی کو ذہن نشین کر لو اہلِ عرب کے محاورہ میں

اُمّی کس کو کہتے تھے

"اُمّی" غیر اہلِ کتاب کو کہتے تھے۔ کتاب کے عربی معنے ہیں قانونِ الٰہی۔ حکمِ الٰہی جو کسی رسول کے ذریعہ اس کی قوم کو متمدن بنا کر اس کی معاشرت کی اصلاح کے لئے منجانب الٰہی بصورت دستورِ دنیوی دیا جاتا ہے تاکہ دُنیا کی زندگی کو وہ سنوار کر آخرت یعنے مستقبل کو روشن بنالے۔ ہمارے محاورہ میں "اُمّی" غیر مہذب۔ اور ناشائستہ قوم یا جماعت کے معنی ہے۔ اور اہلِ کتاب شائستہ مہذب قوم یا جماعت کے معنے ہیں جیسے ہندوستان میں نیچ جماعت اور قوم کو شودر کہتے ہیں اور یورپ والے غیر مہذب اقوام کو "نیگرو" یعنے کالے لوگ کہتے ہیں۔ دیکھئے ہر مذہب کی مقدس کتاب کی عظمت اُس کے پیرو تو کرتے ہی ہیں لیکن غیر مہذب و ناشائستہ اور پست طبقہ صاحبِ علم سے زیادہ اس کی عظمت و احترام کرتا ہے۔ وہ اپنی پست ذہنیت کی وجہ اس کو چھونا بھی گناہ سمجھتا ہے۔ کیونکہ وہ سمجھتا ہے کہ میری ایسی ناپاکی و رذالت کی وجہ مجھ کو حق نہیں کہ میں اس مقدس کو ہاتھ لگاؤں۔ اگر ہاتھ لگاؤں گا تو مہاپاپ ہوگا۔ وہ نہیں جانتے کہ اس مقدس میں کیا لکھا ہے البتہ اتنا جانتے ہیں کہ اس کو مقدس ہستیاں ہی لکھ و پڑھ سکتے ہیں۔ چنانچہ ہندو شاستر نے ویدوں کا سُننا بھی شودروں کیلئے جُرم قرار دیا۔ اور بصورت خلاف ورزی سُننے والے کی سزا اس کے کانوں میں سیسہ پگھلا کر ڈال دینے کو کہا۔ یہ کیوں؟ اس لئے کہ اگر وہ ویدوں کی تعلیم سے آگاہ ہو جائیں گے تو پھر پیشوایانِ مذہب پر وہ غالب ہو جائینگے۔ چنانچہ آپ نے دیکھ لیا کہ مسٹر امبیڈکر آنجہانی ہندوستان کے بلند و بالا شاستری بن گئے۔ پس اس وحی کے نزول کے وقت اہلِ عرب کا بالکل ایسا ہی حال تھا۔ یہود اور نصاریٰ دونوں صاحبِ کتاب تھے۔ مجوسیوں کے پاس بھی ژند اوستا موجود تھی۔ ان مقدس کتابوں کے نامون سے تو وہ ضرور واقف ہوں گے۔ مگر یہ نہیں جانتے تھے کہ اُس میں کیا لکھا ہے۔ کوئی صاحبِ کتاب ان کو اپنی مقدس کتاب کے چند جملے سُنا دیتا۔ اور وہ اس کو تبرکاً سُنکر ایک کیفِ روحانی حاصل کر لیتے۔ اور بس۔

لہٰذا اس وحی کے ذریعہ اہلِ مکہ و نیز تمام اُمیوں کو مخاطب کر کے کہا جا رہا ہے کہ "دیکھو محمدِ عربی کے ذریعہ

کرامِ بررہ قرآن کو لکھنے والے کون؟

تم کو تذکرہ یعنے اُن قوانینِ الٰہی کی یاد دہی بزبانِ عربی کی جا رہی ہے جو نہ صرف صحفِ موسیٰ اور عیسیٰ اور زرتشت یا ویدوں میں مذکور ہے۔ بلکہ صحایفِ نوح اور ابراہیم کے بہت قدیم مقدسوں میں بھی جو کچھ لکھا ہوا ہے اس سے تم کو تمہاری مادری زبان عربی میں آگاہ کر دیا جائے گا۔ ان سب مقدسوں میں انسانوں کے لئے (باقی بر صفحہ ۲۰۸)

پھر اللہ جب چاہا اس کو پھر پیدا کر دیا ع۲۲ ہائے بدنصیبی انسان کی کہ وہ اپنی زندگی میں اپنے مقصدِ تخلیق کو پورا نہیں کرتا ع۲۳ ذرا انسان اپنی غذا پر ہی غور کرے! ع۲۴ کہ قدرت نے غذا کی ہر چیز کو بارش ہی کا تو محتاج رکھا ہے ع۲۵ ذرا وہ غور کرے کہ معمولی دانہ کس طرح بارش کے بعد زمین کو پھاڑتا ہوا باہر نکل آتا ہے ع۲۶ پھر اس پودے میں قدرت نے اناج کی بالیاں پیدا کر دیں ع۲۷ اور انگور۔ اور ترکاری ع۲۸ زیتون اور کھجور ع۲۹ اور کہیں گھنے باغ ع۳۰ میوہ اور گھانس کے ع۳۱ جو انسان اور جانوروں کے لئے غذا ہے ع۳۲ اے مخاطب! ذرا تو سوچ کہ جب وہ ساعت آجائے جس کی آواز سے کان بہرے ہو جائیں ع۳۳ اور جس دن بھائی

(بقیہ صفحہ ۲۰۷) درسِ نصیحت ہے۔ اس کے سوائے کوئی راز یا طلسم یا ناقابلِ عمل و ناقابلِ فہم و ادراک بات نہیں ہے۔ کیونکہ تم جانتے ہو کہ یہ تمام مقدس کتابیں جو وحیٔ الٰہی ہیں ان کو پاک نیت۔ پاکباز۔ پاک دل۔ پاکیزہ بزرگ انسان لکھ کر ان کو باعظمت بلند مقام پر رکھتے ہیں اور ان کا احترام کرتے ہیں جس کی وجہ نہ صرف مقدس کو ماننے والے بلکہ دوسرے بھی اس کا احترام اپنے پر فرض سمجھتے ہیں۔ بس ان مقدس اوراق میں جو کچھ لکھا ہوا ہے محمد عربی کی زبان سے بذریعۂ وحی تم کو سنایا جا رہا ہے اور سنایا جائے گا۔ اب تم کو اختیار ہے کہ ان نصائح کو سن کر تم اس پر عمل کرو۔ یا اس سے انکار کر کے ذلیل و خوار بنے رہو۔ اور اس بات کو بھی یاد رکھو کہ محمد ہمارا رسول تم پر داروغہ بنا کر جبر کرنے کے لئے نہیں ہے بلکہ اس کا کام تو صرف تم کو تذکرہ سنا دینا ہے۔ (تذکرہ کے معنے ہیں نصیحت۔ یاد دھانی وعظ) اور بس"۔

آیت نمبر (۲۱) کو غور سے پڑھو۔ فکر کرو۔ اور میرے فکر وحی نمبر (۲۸) میں نظریۂ تناسخ کو پڑھ کر غور و فکر کرو۔ کہ کس طرح وحیٔ الٰہی ارشاد فرما رہی ہے کہ قبر میں جانے کے بعد اللہ نے جب چاہا اس کو پیدا کیا۔ بہرحال وحی نمبر (۲۸) کے فکر پر غور کر کے اس آیت کو سمجھنے کی ضرورت ہے۔

قتل الانسان یعنے "مارا جائے انسان" کا محاورہ

ف۳۔ میرا فکر:۔ آیت نمبر (۱۶) سے (۲۲) تک انسانوں کو مخاطب کیا جا رہا ہے۔ اور مخاطبین وحی کو عام محاورہ کے لحاظ سے کہا جا رہا ہے کہ "مارا جائے انسان" یعنے کیسی تباہی ہے انسان کی۔ جیسے کہ اردو میں ہم بطورِ محاورہ کہتے ہیں "ڈوب مر"۔ "تجھے موت آئے"۔ "تو قبر میں جا" وغیرہ۔ یہ جملہ یا محاورہ اس وقت کہا جاتا ہے جب کہ کوئی شخص اپنے فرضِ منصبی سے ہٹ کر یا اس کو ترک کر کے غلط راہ پر چلتا ہوا دکھائی دیتا ہے اور بار بار جتانے کے بعد بھی وہ سوچ سمجھ سے کام نہیں لیتا تو سمجھ دار اور بزرگ خاندان۔ یا استاد کی زبان پر یہ جملے جاری ہو جاتے ہیں۔ اسی طرح عرب کے مروجہ محاورہ میں مخاطبین کو وحیٔ الٰہی مخاطب کر رہی ہے کہ:۔ "انسان جب صاحبِ شعور ہو جاتا ہے تو قوت۔ طاقت۔ جوانی۔ سرمایہ دار ہی۔ حسب نسب۔ علم و فضل۔ اقتدار وغیرہ حاصل ہو جانے کے بعد اس کو اونچ نیچ کا دماغ (باقی بر صفحہ ۲۰۹)

بھاگے اپنے عزیز بھائی سے ۳۴ اپنی ماں اپنے باپ سے۔ اپنی رفیقِ حیات اور اپنے بیٹے سے ۳۵ ہر آدمی کو اس دن ایک ہی فکر تو لاحق ہوگی! جو اس کے لئے کافی ہوگی ۳۶ اس روز کتنے منہ مسرت و شادمانی سے چمکتے ہونگے ۳۷ اور ہنسی خوشی مسرت و شادمانی ان کی ہوگی ۳۸ اور کتنے ہی اُس دن سیاہ روئی مین منہ پر خاک ڈالے ہونگے ۳۹ و ۴۰ بس سمجھ لو کہ یہ وہی لوگ ہونگے جنھون نے حق نصیحت سے انکار کیا۔ اور تقلیدِ جامد پر

(بقیہ صفحہ ۲۰۸) گھمنڈ پیدا ہو جاتا ہے۔ اس نشہ مین وہ مفلوک الحال۔ کمزور۔ بے سہارا مسکین۔ غلام وغیرہ پر جبر و ظلم کرتا ہے اور جب اس کو حق بات۔ صداقت۔ سچائی۔ انصاف کے لئے کہا جاتا ہے تو اُس سے لاپرواہ ہو جاتا ہے۔ تو اس کو انتباہ کرنا پڑتا ہے۔ چنانچہ جب کوئی افلاس و غربت کی حالت مین تھا۔ ماں باپ غریب اور نان شبینہ کو محتاج تھے۔ اور خود بھی انتہائی محتاج زندگی مین تعلیم و تربیت پاکر کسی بڑے عہدہ پر پہنچ گیا۔ اور پھر اس نے اپنی سابقہ حالت کو بھول گیا اور اپنے خاندان بلکہ والدین۔ بہن بھائی کو ذلت کی نظرون سے دیکھا تو اس کے بزرگ یا ہم عمر بلکہ چھوٹے بھی کہین گے کہ:۔ "ارے میان تم ذرا اپنی اصلیت کو تو یاد کرو! آج یہ گھمنڈ کیون ہے؟" — دیکھا آپ نے کس طرح عام محاورون مین قرآنِ حکیم انسان کے کردار کی اصلاح کرتا ہے؟ وہ کہہ رہا ہے کہ ایک غریب اور ایک امیر۔ ایک بادشاہ اور ایک فقیر دونون کی پیدائش قانونِ قدرت کے تحت ایک قطرۂ منی ہی سے تو ہوئی ہے۔

انسانی مساوات اونچ نیچ کوئی سونے یا چاندی کے قطرہ سے ہو۔ اور کوئی لوہے یا مٹی سے ہو تو خیر بات بھی ہے۔ کسی کی منی دودھ اور شہد سے بنائی گئی ہو۔ اور کسی کی گندے اور سڑے پانی سے تو بھی امتیاز مناسب ہوگا۔ مگر جب سب انسان ایک قطرۂ منی ہی سے قرارِ حمل حاصل کرتے ہین اور خونِ حیض سے زمانہ حمل مین نو ماہ قدرت ان کے اعضاء درست کرتی ہے۔ اس کو سنوارتی ہے۔ سب کو یکسان ماں کی چھاتیون سے حیض کا خون دودھ بنا کر غذا دی جاتی ہے اور آہستہ آہستہ ایک نومولود جب کہ وہ کچھ نہین ہوتا ایک کیڑے کی طرح ہوتا ہے۔ نہ بول سکتا نہ دیکھ سکتا نہ چل سکتا نہ بیٹھ سکتا۔ اسی حالت سے قدرت کا قانون اس کو سنِ شعور کو پہنچاتا ہے اور پھر وہ دُنیا کی زندگی مین کامیاب و کامران ہو کر سب کچھ بن جاتا ہے۔ یہان تک کہ عمرِ طبعی حاصل کر کے موت کو لبیک کہتا ہے۔ اور قبر مین دفن کر دیا جاتا ہے۔ پھر اس کو یہ بھی معلوم ہے کہ اس کا رب اس کو جب چاہتا ہے زندگی عطا کرتا ہے[عہ] باوجود

اپنی غذا روزانہ پر ایک نظر صاحبِ غور و فکر ہونے کے کیسا بدنصیب ہے انسان جو حقیقت کو سمجھنے سے گریز کرتا ہے۔ اچھا ذرا انسان اپنے روزمرہ کے کھانے پینے ہی پر غور تو کرے کہ قدرت اسکی زندگی کو قایم رکھنے کس طرح کے انتظامات کا سلسلہ جاری رکھی ہے تاکہ اس کی پرورش ہوتی رہے۔ ایک چاول کے دانہ ہی کو دیکھو کہ وہ کس قدر ادنیٰ سی شئے ہے! اس حقیر دانہ کو جب دھان کی صورت مین زمین مین دبوج دیا جاتا ہے تو قدرت بارش برساتی ہے۔ زمین مین دھان کا وہ ایک دانہ اپنے سے طاقتور سخت زمین کو چیرتا ہوا باہر نکل آتا ہے (باقی بر صفحہ ۲۱۰)

عہ دیکھو فقرۂ (۲) کا آخری نوٹ اور وحی نمبر (۲۸) کا فکر۔

ڈھیٹھ بنے رہے ۴۲ ع ف۴

(بقیہ صفحہ ۲۰۹) اب اس کی صورت شکل ہی علیحدہ ہوتی ہے۔ پہلے تو وہ سخت اور زرد دھان تھا۔ اب وہ انتہائی نرم و نازک سبز پتی بن کر زمین سے باہر برآمد ہوا ہے۔ غور کرو کہ کس طرح اس نرم و نازک پتی نے زمین کو چاک کیا ہوگا۔ اب وہ بڑھتا ہے اور وہ ایک دانہ اپنے نشو و نما کے بعد دس بالیاں پیدا کرتا ہے اور ہر بالی میں سو سو دانے۔ پھر دیکھو ایک ہی

زراعت کا قانونِ قدرت

زمین اور ایک ہی پانی۔ لیکن باغوں کو دیکھو کہ مختلف قسم کے پھل۔ میوہ۔ ترکاریاں کوئی کھٹی۔ کوئی کسیلی۔ کوئی میٹھی۔ کوئی کڑوی۔ اور ہر ایک میں مختلف قسم کے حیاتین۔ پھر ان سب کو تم اپنی قوتِ فکریہ سے نشو و نما دیکر پکاتے اور لذتیں حاصل کرتے ہو۔ پھر بھی نہیں کہ صرف تمہارے ہاتھوں کاشت ہو رہی ہے بلکہ تمہاری امداد کے لئے جو جانور پیدا کئے گئے ہیں جو تمہاری کاشت اور سواری اور بوجھ ڈھونے میں تمہاری مدد کرتے ہیں ان کے لئے بھی تو گھانس اور ان کی غذا کا انتظام قدرت کر رہی ہے۔ پھر یہ تمام کاشت سوکھ جاتی ہے اور راکھ کا ڈھیر بن جاتی ہے۔ دیکھنے والا سمجھتا ہے کہ یہ قطعۂ زمین کس قدر ویران ہے۔ لیکن پھر ان ہی ذرات سے جو ہر پیدا ہوتا ہے اور اپنے موسم پر وہی قطعہ پھر لہرانے لگ جاتا ہے۔ جب تم یہ سب کچھ اپنی آنکھوں سے دن رات دیکھ رہے ہو اور اس سے فایدہ حاصل کرتے رہتے ہو تو حقیقت پر غور و فکر کیوں نہیں کرتے۔ اور کیوں اس بات کا یقین نہیں کرتے کہ انسان کی پیدائش میں بھی اسی طرح کے بہت سے راز چھپے ہوئے ہیں۔ اور وہ بھی کسی خاص مقصدِ عظیم کے لئے پیدا ہوا ہے۔ پیدا کیا گیا ہے۔ اور مرتا ہے۔ اور پھر قدرت اس کو پیدا کرتی ہے۔ غور کرو کہ کائنات جس مخلوق عظیم کے لئے پیدا کی گئی ہے اس کے مقاصدِ تخلیق بھی کتنے اونچے اور بلند ہوں گے۔ مگر ہائے بدبختی اس اشرف المخلوقات یعنے انسان کی کہ وہ ذرا بھی نہیں سوچتا۔ اور اپنے فرائضِ منصبی کو ادا کرنے کی طرف مائل نہیں ہوتا ؎

ہمہ از بہرِ تو سرگشتہ و فرمان بردار ٭ شرطِ انصاف نہ باشد کہ تو فرمان نبری (سعدیؒ)

ف۴۔ میرا فکر: — اب پھر مخاطبینِ وحی کو سمجھایا جا رہا ہے کہ: "تم یہ سب کچھ انعاماتِ الٰہی کو صبح و شام بلکہ

حشرِ اوّل انفرادی۔ حشرِ اوّل اجتماعی۔

ہر لحظہ و ہر گھڑی اپنی آنکھوں دیکھ رہے ہو۔ اور یہ بھی دیکھ رہے ہو کہ انسان پر جب موت واقع ہو جاتی ہے تو اس کے لئے قیامتِ صغریٰ کس طرح ظاہر ہوتی ہے! اور پھر ایک حشرِ اول بھی تو قوموں پر قدرت لاتی ہی رہتی ہے جس کے قصے تو اریخِ ماضی اور واقعاتِ حال سے بھی تم کو معلوم ہوتے رہتے ہیں کہ جب کوئی قوم کسی قوم پر بہ حیثیت فاتح غالب آجاتی ہے تو کیا حال ہوتا ہے اس وقت مغلوب قوم کا۔ کس طرح انتشار پیدا ہو جاتا ہے۔ نہ بیوی کی خبر۔ اور نہ ماں باپ کا خیال۔ نہ اولاد کی فکر۔ بس نفسی نفسی کا عالم رہتا ہے۔ اور ایک فکر لاحق ہوتی ہے کہ کس طرح جان بچے۔ اور بس۔ اگر اپنے کردار کی وجہ وہ نیک نام رہا ہے تو مسرور ہے۔ اگر بدنام رہا ہے تو چہرے پر سیاہی دوڑتی ہے۔ نیک نامی اور بدنامی کا سوال سمجھو لو۔ یعنے اگر وہ غالب حکومت کا طرفدار تھا تو وہ اس غلبہ سے خوش ہے کہ اس کو انعام۔ جاگیر سب کچھ ملے گا اور اس سے کوئی مواخذہ نہ ہوگا۔ اگر وہ حکومت کا باغی رہا ہے اور اس کے خلاف لڑا اور سازش کی ہے تو وہ سیاہ رو ہوگا اور زیادہ پریشان۔ دیکھو پولیس ایکشن میں جو ایک معمولی حشرِ اول مسلمانانِ حیدر آباد کا تھا۔ یہ نقشہ نہ صرف میں نے بلکہ ہر مسلمان حیدر آبادی نے دیکھا ہے جس میں سرِ مو فرق نہیں خصوصاً عثمان آباد۔ بیدر۔ بیڑ وغیرہ کے مسلمانوں سے پوچھو (باقی بر صفحہ ۲۱۱)

(بقیہ صفحہ ۲۱۰) پس یہی حالت حشرِ آخر مین بھی ہونے والی ہے۔ بلکہ اس حشرِ آخر کا تصور بھی نہین لاسکتے۔ اپنے وہم وگمان مین بھی ایک آقائے بے نیاز سے جب زندگی بھر بغاوت کی جاتی رہی ہو۔ اوپھر مقصدِ حیات کو پورا نہ کیا گیا ہو۔ بلکہ زندگی بجائے خیر کے شر ہی شر مین گزار کر "یوم الدین" یعنے محاسبہ کے دن اپنے رب کے سامنے حاضری ہوگی تو کیا حال ہوگا باغیون کا اور کس طرح مسرور رہون گے اپنے فرایض کو کما حقہٗ ادا کرنے والے۔ غور کرلو۔

دیکھو ۳۳ وین آیت مین "یوم الصاقہ" آیا ہے۔ "صاعقہ" عربی مین لوہے سے لوہا ٹکرانے کو کہتے ہین اور محاورہ مین سخت مصیبت کے دن کو۔ غور کرو کہ جنگ ہی مین تو تلوار تلوار سے ٹکراتی ہے۔ اس لحاظ سے میرے فکر مغلوبیت بمعنی حشرِ اول پر غور کرو۔

مزید فکر متعلق آیات ۲۳ تا ۳۲ ـــــ اس سلسلہ مین میرا قدیم فکر یہان لکھ رہا ہون جو آج ہی میری نظر سے گزرا ہے۔

ایک لقمہ پر غور و فکر خدا کی خدائی کی عظمت کو سمجھنے کیلیے بہت کافی ہے

آج بیسوین صدی مین ان آیات پر اگر غور کیا جائے تو ان کا مفہوم یہ ہوگا کہ :ـــ

انسان ذرا اپنے کھاتے پیتے ہی پر غور کرے کہ اِس کے رب۔ پرماتما۔ پرورد گار۔ پالن ہار کی طرف سے اس کے لئے جو نعمتین مل رہی ہین وہ کیسی عظیم المرتبت ہین جن سے تمہارے پالن ہار کی عظمت ظاہر ہوتی ہے۔ تمہارا ایک نوالہ جو تمہارے حلق سے نیچے اُتر کر تم کو قوتِ حیات بخشتا ہے کن کن مدارج کو طے کرتا ہے۔ دیکھو! تم جب کوئی نعمت اپنے رب کی دی ہوئی کھاتے ہو تو وہ کس قدر خوش ذائقہ۔ خوشبودار۔ اور لطافت سے بھری ہوئی ہوتی ہے۔ لیکن جب تم اس کو حلق سے نیچے اُتارتے ہو تو وہ معدہ مین پہنچ کر اپنے تمام صالح اور لطیف اجزاء تمہارے جسم کے نشو و نما کے حوالے کرکے فاسد اور بدبُو دار مادّہ کی صورت مین تمہارے جسم سے خارج ہو جاتی ہے جس سے تم کو خود گھن آتی ہے۔ دیکھو صرف ایک دانہ گندم کی حقیقت معلوم کرنا ہو تو کسی ماہرِ علمِ نباتات۔ ماہرِ علم الاشجار۔ ماہرِ علمِ کیمیا کے مقالون کو پڑھو۔ تم کو اپنی غذا کی حقیقت معلوم ہوگی کہ تمہارا رب کس طرح اپنی قدرتِ کاملہ کے ذریعہ اُس کے نشو و نما کا انتظام کرتا ہے۔ تم اور تمہارے احبار۔ و رہبان۔ علماء و مشایخ ان باتون کو کیا سمجھ سکتے ہین۔ وہ تو فرشتہ ہین (یعنے فرشتہ مین قوتِ فکریہ مفقود ہوتی ہے جس کا ثبوت آپ کو آیندہ افکار مین ملے گا جہان پیدائشِ آدمؑ کا ذکر ہوگا) تم لوگ تو مثل جانورون کے ہماری نعمتون کو چبا کر کھا لینا جانتے ہو اور بس ـــ دیکھو جب ماہر سائینس دان ہمارے بنائے ہوئے ایک دانہ اور ایک پتے کی تحقیق مین عمر گزار دیتا ہے تو نتیجہ پر پہنچ کر چیخ اُٹھتا ہے کہ ـــ

برگِ درختانِ سبز در نظرِ ہوشیار ہر ورقے دفتریست معرفتِ کردگار

یہ ہے ہماری سچی حمد و ثنا اور تسبیح و تحلیل ـ نہ ـــ تسبیح و سجادہ و دلق ـــ

یاد رکھو کہ قرآن کے آیات نزولِ وحی کے وقت بیسوین صدی کی تحقیقات کو اپنے مخاطبین کے غور و فکر کے لئے خطاب نہین کر رہے تھے۔ اس وقت کے دماغ کے لحاظ سے مخاطبین فہم حاصل کر رہے تھے۔ بلکہ اٹھارھوین یا نیسوین صدی عیسوی مین بھی اس پر اس طرح غور نہین کیا جا سکتا تھا جیسے بیسوین صدی کی تحقیقات کے لحاظ سے غذائے انسانی مین قدرتی حیاتین کا علم ہم کو ہوا ہے جسکی وجہ ہم اِن آیات کو اُسی روشنی مین غور و فکر کا محل بنا سکتے ہین۔ (باقی بر صفحہ ۲۱۲)

(بقیہ صفحہ ۲۱۱) اسی طرح آیندہ تحقیقات سائنس جس قدر بلندی پر پہنچے گی وہ ان آیات کا مفہوم حاصل کرے گی۔ یہ نہیں کہ ہم یہ سمجھ لیں کہ نزولِ وحی کے وقت اصحابِ رسولؐ آج کی طرح اِن آیات کا فہم حیاتین کے مدِ نظر حاصل کر رہے تھے۔ پس قرآنِ حکیم کے فہم حاصل کرنے کے لئے اُس اساس پر ہی مطالعۂ قرآن باعثِ ثواب اور حصولِ حکمت ہو سکتا ہے۔

حشرِ اول و آخر

میرے فکرِ قرآنی میں حشرِ اول کا جملہ کثرت سے استعمال ہوا ہے۔ سورۂ حشر کو ملاحظہ کیجئے تو اس میں آپ کو یہ آیت ملے گی:۔ "ھُوَ الذی اخرج الذین کفروا من اھل الکتاب من دیارھم لاول الحشر" (ترجمہ:۔ وہی ہے جس نے نکال دیا ان کو جو منکر ہیں کتاب والوں میں ان کے گھروں سے جو ان کے لئے حشرِ اول تھا)۔

لغاتِ غریب القرآن میں "حشر" کے معنے ہیں:۔ (۱) اکٹھا کرنا (۲) جلا وطن کرنا (۳) مجمع۔

قرآنِ حکیم نے اکثر قوموں۔ اُمتوں کی مغلوبیت۔ جلا وطنی۔ تباہی و بربادی۔ غلامی وغیرہ کا ذکر کر کے ان کے حشرِ اول کو بتلایا ہے۔ یوم الساعۃ اور قیامت۔ یوم جزاء انصاف کا دن۔ یہ سب یوم معاد یعنے مرنے کے بعد دوسری زندگی کے لئے۔ وہ نیز خود موجودہ زندگی کے لئے بھی استعمال ہوئے ہیں۔ چنانچہ وحی نمبر ۲ پر معاد کے متعلق میرا فکر آپ کو واضح طور پر ملے گا۔ بہر حال بنی نضیر کی جلا وطنی کے سلسلہ میں قرآن نے حشرِ اول کا جملہ استعمال فرمایا ہے اور احادیث سے انسان کی موت اس کے لئے قیامتِ صغریٰ بھی تو ہے۔ یہ تو انفرادی موت کا ذکر ہے۔ اجتماعی قوموں کی موت بھی تو ان کا حشرِ اول۔ قیامتِ صغریٰ۔ یوم الساعۃ کے مصداق ہے۔ پس میرے فکر میں حشرِ اول اِن ہی معنیٰ میں ہے۔ حشرِ آخر سے انکار نہیں۔ لیکن وہ میرے لئے ناقابلِ فکر ہے۔

نام سورہ **البلد** تعداد آیات (۲۰) تعداد رکوع (۱) شمارۂ ترتیب موجودہ (۹۰) پارہ (۳۰)
شمارہ ترتیب نزولِ وحی بلحاظ تحقیق علامہ محمد اجمل خان (۱۹) زمانۂ نزول دورِ دوم ۵ سنہ بعثت ۶۱۵ء
اس سورۃ کے سلسلۂ نزول سے متعلق جن محققین نے جو شمارہ اپنی تحقیق میں قرار دیا ہے نقشۂ ذیل سے اسکی صراحت معلوم ہوگی۔

نام محققین	عبداللہ بن عباس خالباً ۸۳ھ	حسین ابن ابی الحسن کرمانی	محمد بن سلیمان بن مسیب	جابر بن زید تابعی	نولدیکے ۱۸۶۰ء	فونر بل ۱۸۵۹ء	ریڈولوف ۱۸۷۶ء	انجیل کرام	تنفیلڈ ۱۸۳۸ء	بلاشیر ۱۹۳۴ء	تحقیق جدید ۱۹۵۸ء
شمارہ بلحاظ ترتیب نزولِ وحی	۳۴	۳۴	۳۴	۳۵	۱۵	۱۱	۱۸	۱۷	۳۶	۳۱	۲۶

توضیحات

شمارۂ الحاقی آیات	کون مخاطب ہے یا کونسی مثال ہے	احکام و شریعت منہاج	میرے فکر و نظر کے موضوعات			
			موضوع	صفحہ	موضوع	صفحہ
	اہلِ مکہ		۱۔ شہرِ مکہ کی قسم ؟	ف۱		
			۲۔ انسان کی ترقی کا قانون۔	″		
			۳۔ ووٹ حاصل کرنے کا قدیم طریقہ اہلِ مکہ کا۔	″		
			۴۔ ایثار و قربانی کی گھاٹیاں۔	ف۲		
			۵۔ عقبۃ۔ یعنے گھاٹیاں کیا ہیں؟	″		
			۶۔ اصحاب المیمنہ و اصحاب الشمال۔	″		

بِسۡمِ اللّٰہِ الرَّحۡمٰنِ الرَّحِیۡمِ

اے محمد! تم قسم کھاکر بیان کرو اس شہرِ مکہ کی۔ اور حرمت کی اس شہر کے۔ اور اپنے والدین کی اور اپنی ۱تا۳ دیکھو انسان کو قدرت نے محنت اور مشقت کے جھیلنے کے لئے بنایا ہے ۴ اور کیا انسان یہ خیال کرتا ہے کہ اُس پر کسی کا قابو نہیں ہے؟ ۵ اور کہتا ہے کہ میں نے ڈھیروں مال خرچ کیا ہے ۶ اور سمجھتا ہے کہ اس کی نیتوں کو کوئی دیکھتا نہیں ۷ کیا ہم نے اس کو دو آنکھیں دیکھنے کے لئے نہیں دیں ۸ اور زبان گویائی کے لئے ۹ ف۱ اور اس کے لئے

ف۱۔ میرا فکر:۔ دیکھئے اِس وحی میں محمدِ عربی صلعم کی زبان مبارک پر (باقی بر صفحہ ۲۱۴)

دو راستے کھول دیئے ع۱۰ مگر وہ گھاٹی کو طے نہ کر سکا ع۱۱ اے مخاطب تو کیا سمجھا کہ وہ چڑھائی (گھاٹی) کیا ہے ع۱۲ سن! آزادی دلوانا، غلامی اور قرض سے ع۱۳ اور فاقہ زدوں کو کھلانا ع۱۴ اور بے سہارا (یتیم) کو سہارا دینا ع۱۵ اور نیز مساکین جو ذلت و مسکنت میں مبتلا ہوں ع۱۶ اور وہ امن و سلامتی کا علمبردار ہو کر رہے اس طرح جیسے کہ ایمان والے دوسروں کو صبر و تحمل کی رحم و کرم سے تاکید یعنے تبلیغ کرتے ہیں ع۱۷ ایسے ہی لوگ بڑے

قسم شہر مکہ کی حقیقت

(بقیہ صفحہ ۲۱۳) شہر بلد الامین یعنے مکہ کے امن والے شہر کی قسم جاری کیجا رہی ہے اور اپنے والدین کی قسم بھی ۔ کیونکہ شہر مکہ کے دشوار گزار ریگستان میں ایک بڑی عبادت گاہ کے وجود کا تصور بھی اہل عرب کو اس کی عظمت و احترام کی وجہ جھوٹی قسم کھانے پر لرزہ براندام کر دیتا ہوگا ۔ اور کوئی شخص اپنے والدین کی قسم جھوٹی نہیں کھا سکتا ۔ اسلئے یہاں پر سچائی آیات قرآنی کے ثبوت میں وہ قسم رسول عربی صلعم کھا رہے ہیں اور قرآن پیش کر رہے ہیں ۔ ایک دوسرا مفہوم اس کا یہ ہو سکتا ہے کہ تیسری آیت میں نوحؑ سے لے کر ابراہیمؑ و اسمٰعیلؑ تک اشارہ ہے جو حسب و نسب کی وجہ قریش و اہل مکہ اور عرب سب ہی کے جد اعلیٰ ہیں ۔ کیونکہ تاریخ توراۃ بتلا رہی ہے کہ نوحؑ کے فرزند حام کی اولاد سے اہل عرب ہیں (نوحؑ کا زمانہ چار ہزار سال قبل مسیحؑ کا کہا جاتا ہے) اور اسی سلسلہ سے ابراہیمؑ بھی ہیں ۔ ظاہر ہے کہ انسان اپنے مقدس و با عظمت اجداد کو جب اپنی طرف منسوب کرتا ہے تو دونوں کی قسم کو بڑی وقعت ہو جاتی ہے ۔ جیسا کہ کوئی سید اپنے جد اور اپنی سادات کی قسم کو بڑی اہمیت دیتا ہے ۔ بہر حال اس شہادت یا قسم کے ذریعہ مخاطبین کو وحی الٰہی بزبان محمد عربی صلعم سمجھا رہی ہے کہ انسان کشمکش حیات کیلئے بنایا گیا ہے ۔ محض نسب حسب ۔ نسل ۔ اصل کی وجہ آسمان سے کوئی چیز نہیں گرتی ۔ ایسا خیال بے معنے و مہمل ہے ۔

انسانی ترقی کیلئے ایک قانون مقرر ہے

ہمارا قانون مقررہ ہے وہ تبدیل نہیں ہوتا ۔ انسان جیسا کریگا ویسا ہی پھل اس کو ملے گا ۔ اللہ نے کائنات کو بے لگام نہیں رکھا ہے تو پھر انسان کو کیسے بے لگام چھوڑ دیا جائے گا ۔ انسان کی ترقی کے لئے جو ضابطے مقرر کئے گئے ہیں اس میں سر مو فرق نہیں ہو سکتا ۔ تم جو کہتے ہو کہ ہم نے ڈھیروں مال خرچ کیا ہے تو یہ مال تم نے محض اپنے نام و نمود کے لئے خرچ کیا ہے ۔ اس میں مفاد ملت اور اصول دین پیش نظر نہیں تھے ۔

اہل مکہ لیڈر شپ کے لئے شراب اور جوے کی رقم سے لوگوں کا ووٹ حاصل کرتے تھے

یہاں پر اس بات کو ذہن میں رکھو کہ اہل قریش اور اہل مکہ اپنے حصول اقتدار اور عہدہ کے لئے زمانۂ حج میں زائرین کو شراب کباب اور پانی پلا کر اپنا نام پیدا کر لیتے اور اس طرح وہ رفتہ رفتہ لیڈری کی کوئی اعلیٰ خدمت حاصل کر لیتے جس سے ان کی آمدنی میں اضافہ ہو جاتا (جیسے کہ آج کل الکشن میں ہم دیکھتے ہیں کہ ہر امیدوار کا طریقۂ عمل ووٹروں کے ساتھ کیسا ہوتا ہے) اسی کی طرف اشارہ ہے کہ تم جو کہتے ہو کہ ہم نے ڈھیروں روپیہ خرچ کیا ہے اس میں قوم یا مفاد ملک و ملت کے لئے ایک حبہ بھی تو (باقی بر صفحہ ۲۱۵)

خوش قسمت ہیں دُنیا اور آخرت میں ۱۸ اور جو منکر ہوئے ہماری نشانیوں سے اور ہماری حکمت کی آیتوں سے وہی اصحاب المشئمہ کمبختی والے ہیں ۱۹ جو ہمیشہ رہیں گے مصائب میں گھرے ہوئے آگ میں جلتے ہوئے ۲۰ ف۲

(بقیہ صفحہ ۲۱۴) خرچ نہیں کیا ہے۔ تمہاری نیتوں کو اللہ خوب جانتا ہے۔ بھلا غور و فکر کرنے والے اور صاحب نظر جب تمہارے طور طریق کو دیکھ کر اندازہ لگاتے ہیں تو اللہ اس سے کیسے بے خبر ہوگا۔ قدرت نے انسان کو آنکھیں دی ہیں اور زبان گویا ہے۔ یتیم مسکین اور مجبور و معذور۔ غلامی و قرضہ میں گرفتار تمہاری نظروں کے سامنے سسک رہے ہیں۔ بتلاؤ کہ ان ڈھیروں مال سے تم نے ان کی کیا مدد کی ــــ؟ البتہ اپنے ذاتی مفاد کے لئے۔ نمود و نمائش کے لئے جو کچھ خرچ کیا خرچ کر لیا۔"

ف۲۔ میرا فکر:ــــ دیکھو آیت (۱۰ تا ۱۶) میں کس طرح صاف طور پر بتلایا جا رہا ہے کہ: ــــ ہم نے

ایثار و قربانی کی گھاٹیاں

انسان کو قوتِ فکر یہ عطا فرما کر نیکی۔ بدی۔ خیر و شر۔ اچھائی۔ برائی۔ کامیابی و ناکامیابی کے دو راستے بتلا دیئے ہیں۔ بلاشبہ یہ دونوں راستے بڑے ہی دشوار گزار ہیں۔ جیسے کہ پہاڑوں کے اُتار چڑھاؤ کا راستہ۔ مگر افسوس کہ اے ڈھیروں مال خرچ کرنے والو! تم نے اس گھاٹی کے راستہ کو طے نہیں کیا۔ تم سمجھے کہ وہ گھاٹی کا راستہ کیا ہے؟ سنو! وہ ایثار و قربانی کا راستہ ہے۔ صحیح معنے میں مستحقین پر اپنی دولت اور اپنی خدمت صرف کرنے کا راستہ ہے۔ جس کے ذریعہ تم کامیابی کی منزل پر پہنچ سکتے ہو۔ یعنے اپنے ملک اور قوم۔ اور شہر کے غلاموں اور قرضداروں کو آزاد کرانے کے لئے اپنا روپیہ صرف کرو۔ اور بے سہارا کو سہارا دینے میں اپنا سرمایہ لگا دو۔ فاقہ کشوں اور برہنہ جسموں کو کھلانے اور پہنانے میں روپیہ صرف کرو۔ جو لوگ ذلت اور مسکنت میں مبتلا ہیں ان پر روپیہ خرچ کر کے ان کو ذلت اور مسکنت سے نکالو۔ پھر ان کو امن و سلامتی کی تعلیم دو۔ خود اس پر عمل پیرا رہو۔ اور قوم کو صبر و تحمل کا۔ رحم و کرم کا عادی بناؤ۔ اس طرح عمل کرنے والے ہی خوش نصیب ہیں دُنیا اور آخرت میں۔ اور اس کے خلاف ڈھیروں روپیہ خرچ کر کے نام و نمود پیدا کرنے والے اور اقتدار میں مست و مدہوش رہنے والے بلاشبہ بدنصیب اور قعرِ مذلت میں

عقبۃ۔ یعنے گھاٹیاں کیا ہیں؟

گرنے والے ہیں اور بس۔ اے حاملینِ قرآن! ذرا ان آیات پر اور ان گھاٹیوں پر فکر کرو۔ تو معلوم ہوگا کہ غیر شعوری طور پر کس طرح اس انیسویں صدی میں غیر حاملینِ قرآن اس درسِ انسانیت کو اپنا رہے ہیں اور چودہ سو سال پہلے جو نظریات ایک جاہل قوم کے سامنے پیش کئے گئے تھے آج علم کے علمبردار سیاستِ مدن میں اس پر عمل کرنا ضروری سمجھ رہے ہیں۔ دیکھو امریکہ اور ایشیا اور یورپ کو کہ وہ گرے ہوئے ممالک کو بلند کرنے کس طرح اپنے خزانوں کے منہ کھول دیئے ہیں اور فاقہ کشی دُور کرنے لاکھوں ٹن اناج دے رہے ہیں اور کروڑہا کپڑا ننگوں کے لئے بھیج رہے ہیں۔ غلامی سے آزادی دلانے۔ غلامی کو ممنوع قرار دے دیا ہے۔ ممالکِ مقروض کو قرض سے نجات دلاتے کروڑہا ڈالر خرچ کر رہے ہیں۔ گو اس میں ان کی سیاست مضمر ہے لیکن (باقی بر صفحہ ۲۱۶)

(بقیہ صفحہ ۲۱۵) ہے تو وہی بات جس کی طرف ان آیات میں اشارہ کیا گیا ہے۔ لیکن آج حاملینِ قرآن کیا کر رہے ہیں؟ صدقات۔ خیرات۔ زکاۃ کا ان کے پاس کیا مصرف ہے؟ نذر۔ نیاز۔ غیر اللہ۔ شادی بیاہ کی دعوتیں۔ گیارھویں۔ بارھویں کا کھانا۔ رمضان میں پارچہ کی تقسیم۔ کس کس طرح ان کا روپیہ بے مصرف خرچ ہو رہا ہے۔ یہ سب اسی آیت اور وعید کے تحت ہے۔ ذرا دیکھو میرا ایک رسالہ مطبوعہ "رجب کے کونڈے" تو معلوم ہوگا کہ حاملینِ قرآن کدھر چلے جا رہے ہیں۔ دیکھو کس طرح دعوتِ غور و فکر دی جا رہی ہے۔ ہوائی قلعے نہیں۔ مشتلی میں جنت نہیں بلکہ انسان کو ایثار و قربانی کی گھاٹیاں طے کرنا ہوگا۔ سچائی اور حق کے ساتھ فرض کو فرض سمجھ کر تن دہی کیساتھ محنت و مشقت کرتے ہوئے۔ احکامِ خدا کی نافرمانیوں کے نتائج سے ڈر کر دنیا کی زندگی کو سنوارنا۔ تبلیغ حق اور اپنی قوم کی آزادی و بلندی کے لئے اپنے اور غیروں کے ہر قسم کے ظلم و تعدی کو صبر و استقلال سے سہہ کر گذرے گا تو پھر نہ صرف اس کو بلکہ اس کی قوم کو بلند و بالا مقام ملے گا۔ یعنے ترقی کی چوٹی پر پہنچ جائیگا۔ پس جو اسطرح ایثار و قربانی کی گھاٹیوں کو طے کر لیتے ہیں۔ دراصل وہی انسان بہان سعادت و عزت و عظمت اور حیاتِ جاوید حاصل کر کے خوش و خرم نظر آتے ہیں۔

گھاٹی کا محاورہ ایسا سمجھو جیسا کہ "دیکھو یہ کام کرنا فولاد کے چنے چبانا ہے"۔ "دیکھو یہ کام تو ایسا ہے کہ پہاڑ کو اِدھر سے اُدھر کرنا۔" "پہاڑ کا کھودنا آسان تر ہے اس کام سے۔" وغیرہ۔ بس اسی طرح کا یہ محاورہ بلحاظ زبانِ عربی وحی نے استعمال کیا ہے۔

اصحاب المیمنہ و اصحاب المشئمہ

اس وحی میں "صاحبِ میمنہ" اور "صاحبِ مشئمہ" آیا ہے۔ عربی میں یہ محاورہ نیکوں اور بدوں۔ اچھوں اور بُروں کے لئے اسی طرح استعمال ہوا کرتا ہوگا جیسے کہ اُردو میں "اچھے قسمت والے" اور "بدنصیب و بدبخت" کہا جاتا ہے۔ ہندوستان میں "دکھن مارگی" نیک نفس انسانوں کی جماعت کے لئے قدیم محاورہ تھا۔ "اصحابِ میمنہ" کے معنے "صاحبانِ قسمت" یعنے امن و سلامتی۔ خوش و فرحان لوگ۔ اور "شمال" کے معنے "مصیبت زدہ اور بدقسمت لوگ"۔ ظاہر ہے کہ جو لوگ عزت و احترام میں ہونگے وہ خوش قسمت ہوں گے اور جو مصائب و تکلیف میں ہوں گے بدقسمت ہوں گے۔ پس قرآنِ حکیم نے اسی طرح کے محاورے استعمال کئے ہیں۔۔۔ ایسے لوگ ہر زمانے میں تھے اور ہر وقت موجود ہیں اور مستقبل میں بھی ——

"اصحاب المیمنہ و اصحاب المشئمہ" رہیں گے۔ نہ صرف آخرت میں بلکہ اس دُنیا میں ہر قوم اور ہر مُلک میں جو صاحبانِ بصیرت کو اور اصحابِ غور و فکر کو نظر آتے ہیں۔ (ذیل میں محمد اجمل خان صاحب کی کتاب سیرۃ قرآنیہ کا مقدمہ اس خصوص میں ایک تحقیقی فکر درج کرتا ہے) اصحاب الیمین۔ اور اصحاب الشمال ہند میں آنحضرت صلعم سے بہت پہلے یہ اصطلاح جاری تھی اور آج کی مہذب دُنیا میں اخلاق و سیاست میں یہ اصطلاح عام ہو گئی ہے۔ زبانِ سنسکرت میں "دکھن آچاریہ" یا "دکھن مارگی"۔ دستِ راست۔ اصحاب المیمنہ کو کہتے ہیں۔ اور اصحاب المشئمہ یعنے دستِ چپ والا۔ بام آچاری یا بام مارگی کہلاتے ہیں۔ یہی تصور مصر۔ بابل۔ یونان میں بھی جاری و ساری رہا۔ دیکھئے جو لوگ اپنی خود غرضیوں اور نفس پرستی میں مبتلا ہو کر دوسروں کو بھی بدراہ بنانا چاہتے ہیں۔ ان کو بام مارگی کہا جاتا تھا اور کہا جاتا ہے۔ اور جو لوگ نیک راہ پر خود چلتے ہیں اور دوسروں کو بھی چلانے کی کوشش کرتے ہیں ان کو دکھن مارگی کہا جاتا تھا اور کہا جاتا ہے۔ گویا یہ سمجھ لینا چاہیئے۔ فی زمانہ اُردو زبان میں لفظ "غنڈا" آدمی بام مارگی کے مترادف ہے۔ نیک آدمی "اصحاب المیمنہ" کے مترادف ہے۔"

نام سورہ **الفجر** تعداد آیات (۳۰) تعداد رکوع (۱) شمارہ ترتیب موجودہ (۸۹) پارہ (۳۰)
شمارہ ترتیب نزولِ وحی بلحاظ تحقیق علامہ محمد اجمل خان (۲۰) زمانہ نزول دورِ دوم ۷ بعثت ۶۱ء
اس سورۃ کے سلسلہ نزول سے متعلق جن محققین نے جو شمارہ اپنی تحقیق مین قرار دیا ہے نقشۂ ذیل سے اسکی صراحت معلوم ہوگی۔

نام محققین / شمارہ بلحاظ ترتیب نزولِ وحی	[illegible]	[illegible]	[illegible]	[illegible]	جابر بن زید ازدی	[illegible]	[illegible]	[illegible]	[illegible]	[illegible]
	۹	۹	۱۰	۱۰	۱۴	۳۵	۳۹	۱۸	۴۳	۱۰	۱۰

توضیحات

شمارہ الحاقی آیات	کون مخاطب ہے یا کونسی مثال ہے	احکام و شریعت و منہاج	میرے فکر و نظر کے موضوعات			
			موضوع	صفحہ	موضوع	صفحہ
×	اہلِ عرب اُمّی اور اہلِ کتاب		۱۔ جُفت اور طاق راتین۔	ف۱	۵۔ قدرت کی مشنری۔	ف۳
			۲۔ تاریخ عاد و ثمود و موقشہ	ف۲	۶۔ انصاف روزِ جزا۔	ف۳
			۳۔ فرعون کی بمقابلہ بنی اسرائیل مظلومیت کی ایک تازہ مثال برطانیہ۔	״	۷۔ روزِ حشر کے دو گروہ۔	ف۴
			۴۔ اقوامِ عرب و شام کا ذکر قرآن مین بار بار دُہرانے کی وجہ۔	״	۸۔ ہر غالب قوم کیا مومن کہلانیکی مستحق ہوتی ہے؟	״
					۹۔ یوم الساعۃ۔	״

بِسْمِ اللّٰہِ الرَّحْمٰنِ الرَّحِیْمِ

قسم ہے فجر کی اور دس راتون کی۔ اور جُفت اور طاق راتون کی اور گزرتی رات کی ۔ آیا ۴ دیکھو! یہ قسمین تو صاحبانِ غور و فکر کے لئے بڑی اہمیت رکھتی ہین ۔ ف۵ اے مخاطب! تم کو معلوم نہین کہ ربِّ کعبہ نے قومِ عاد کے ساتھ کیا کیا جو ارم مین بلند و بالا ستون کی عمارتون مین زندگی

ف۱۔ میرا فکر:۔ زمانۂ نزولِ وحی مین اہلِ مکہ کے پاس ان قسمون کی بڑی اہمیت ہوگی۔ اور جب کوئی اہم واقعہ بیان کرنا ہوتا تو وہ اس طرح کی قسمین کھا کر بیان کرتے ہون گے اسی نقطۂ نظر سے وحی اپنے مخاطبین کو مخاطب کر رہی ہے۔ مجھ کو اس بات مین (باقی بر صفحہ ۲۱۸)

جُفت اور طاق راتین

بسر کرتے تھے ۶ و ۷ جن کی مثل اُس زمانہ میں کوئی اور قوم نہ تھی ۸ اور قوم ثمود کا کیا حشر ہوا جنھوں نے وادیوں میں پہاڑوں کو تراش کر عمارتیں بنائی تھیں ۹ اور فرعونِ مصر جو صاحبِ جبروت و اقتدار تھا ۱۰ جب ان قوموں نے غرورِ اقتدار میں سر اُٹھایا اور ظلم و تعدی مظلوموں پر شروع کر دیا اور قوم کو تباہ حال کرنا شروع کیا ۱۱ تو تم نے سُنا ہوگا کہ قدرت نے اللہ تعالیٰ کے حکم سے کس طرح ان پر عذاب کا کوڑا چلایا ۱۲ بلاشبہ تیرا رب اپنی مخلوق کے اعمال کو تاکتا رہتا ہے ۱۳ و ۱۴ ف۲ آدمی کا بھی عجب حال ہے۔ کہ جب اس کا رب اس کو عزت اور رزق کی نعمتیں دے کر اس کی جانچ کرنا چاہتا ہے کہ

(بقیہ صفحہ ۲۱۷) غور و فکر کی ضرورت نہیں کہ دس راتیں طاق اور جفت کی تحقیق کرو کہ وہ دس راتیں ذی الحجہ کی پہلی راتیں ہیں۔ یا ماہِ رمضان کی آخری طاق یوم عرفہ محرم یا یوم الحج کی فجر ہے۔ طاق اور جفت سے کیا مراد ہے۔ مجھ کو صرف یہ دیکھنا ہے کہ مخاطبین کی ذہنیت کے مدِنظر اہم ترین قسموں کو زبانِ محمد عربی صلعم پر بذریعۂ وحی جاری کر کے کیا ذکر فرمایا جا رہا ہے۔ اور بس قسموں کے متعلق میں نے اپنا فکر وحی نمبر (۲) کے فقرہ (۱) میں بیان کر دیا ہے۔

ف۲۔ میرا فکر:۔ اے اہلِ عرب کیا تم کو عاد ثمود اور فرعون کے قصص اور تاریخ معلوم نہیں؟ دیکھو اے اہلِ عرب عاد و ثمود کی نسل سے تو تم بھی ہو۔

تاریخ عاد و ثمود کہا جاتا ہے کہ آج سے سات آٹھ ہزار سال قبل سمیریا (عراق) کا تمدن شروع ہوا تھا۔ اسی زمانے میں مصر کے تمدن کا بھی پتہ چلتا ہے۔ سامی النسل قوم جو دجلہ و فرات کے درمیان کی سرزمین پر آباد تھی وہ نوحؑ کے بیٹے سام بن نوحؑ کی نسل سے تھی جس کا ذکر توراۃ میں ہے۔ سامی نسل وسطِ ایشیا خالدیہ۔ فارس اور عرب میں پھیلی ہوئی تھی۔ سرزمینِ احقاف میں جو سامی آباد تھے وہ قوم عاد اولیٰ سے موسوم تھے۔ عادِ اولیٰ نے عمان سے لے کر حضرموت بشمولِ یمن و سرزمینِ احقاف کا اقتدار حاصل کر لیا تھا۔ جب عادِ اولیٰ کا اقتدار زوال پذیر ہوا تو عادِ ثانی جو سمیریا میں آباد تھی عروج پر آئی۔ جس نے شمالی عرب شام و فلسطین اور عراق و نیز مصر پر اپنا تسلط جما لیا۔ اس کے بعد ثمود کو عروج حاصل ہوا۔ جو یمن اور احقاف میں آباد تھی۔

قوم عاد کے مامور من اللہ ھودؑ اور ثمود کے صالحؑ ہونا قرآن سے ثابت ہے۔ نافرمانی اور تکذیب کی وجہ یہ قومیں عذابِ الٰہی میں مبتلا ہو کر فنا ہو گئیں۔ یہ تینوں قومیں نہایت قوی ہیکل جنگجو۔ اور فنِ کوہ تراشی و تعمیری فنون کی ماہر تھیں۔ عادِ ثانی نے لوہا۔ تانبا۔ چاندی سونے کا استعمال شروع کر دیا تھا۔ جب اہلِ بابل جانوروں کے بال تو بیچ کر پائندگی کرتے تھے تو سامی قینچی سے کترا کرتے تھے۔ عاد و ثمود نہ صرف (باقی بر صفحہ ۲۱۹)

کس طرح وہ اپنے فرائض کو ادا کرتا ہے۔ یعنے انعاماتِ الٰہی سے وہ دوسروں کو کس طرح سرفراز کرتا ہے۔ تو وہ کہتا ہے کہ میرے رب نے مجھ کو میرے اعمالِ نیک کی وجہ نوازا ہے اور دوسروں کے حقوق کو نظر انداز کر دیتا ہے ع۱۵ اور جب اس کو روزی تنگ کر کے ابتلا میں ڈال دیتا ہے تو

(بقیہ صفحہ ۲۱۸) عمارات کی تعمیر میں بلکہ کوہ تراشی میں بھی اپنی مثل نہیں رکھتے تھے (عراق و یمن و عرب میں آثار قدیمہ برآمد ہوئے ہیں جن سے عاد و ثمود کی صنعتی ترقی کا ثبوت ملتا ہے) عادِ ثانی و ثمود عربی گھوڑوں پر سوار ہو کر جنگ کرنے میں خوب مہارت رکھتے تھے اسی لئے دیگر ممالک کو آسانی سے فتح کر لیا کرتے تھے۔ چنانچہ مصر پر تقریباً تین سو سال عادِ ثانی و ثمود کا تسلط رہا جن کو چرواہے بادشاہ حی عکس (HYXKSOS) کہا جاتا تھا (کیونکہ سامی النسل ابتدائی زمانے میں چرواہے تھے) ۱۵۷۰ قبل مسیح میں شاہ اثور نے مصر سے ان کا اقتدار ختم کر دیا۔

غالباً ابراہیم علیہ السلام شہر مصر میں حی عکس کی شاہی کے زمانے میں داخل ہوئے تھے۔ بنی اسرائیل کے سامی النسل ہونیکی وجہ سے غالباً فرعون کو بنی اسرائیل کے اقتدار حاصل کرنیکا اندیشہ تھا۔ بنی اسرائیل کی اولادِ نرینہ کے قتل کا قانون نافذ کیا جانا قبطیوں کے اسی خدشہ کی ..... وجہ سے ہو سکتا ہے۔ چنانچہ فرعون اور قوم مصر کا یہ اندیشہ حضرت موسیٰؑ کے ذریعہ دُنیا کے سامنے ظہور پذیر ہو کر رہا۔ اور آج بھی بنی اسرائیل کا دماغی ارتقا سائنس و سیاست میں ایک سامی النسل ہونیکا ایک کھلا ثبوت ہے۔ نقشۂ ذیل سے عادِ اولیٰ و ثانی اور ثمود کے سرزمینِ اقتدار کا خاکہ آپ کے ذہن نشین ہو جائے گا۔

نقشہ (الف) اقتدار عادِ اولیٰ

نقشہ (ب) اقتدار عادِ ثانی و ثمود

اب آپ کو غور کرنا ہوگا کہ قرآن حکیم میں عاد۔ ثمود۔ اصحاب الحجر و اصحاب الایکہ اور اصحاب الرس (باقی بر صفحہ ۲۲۰)

کہتا پھرتا ہے کہ میرے رب نے مجھ کو ذلیل و رسوا کر دیا ۱۶ اور وہ نہیں غور کرتا کہ اس بدحالی کی وجہ دراصل اس کی اس لاپروائی کا نتیجہ ہے جو اس نے انعاماتِ الٰہی کی حالت میں بے سہارا کی مدد کرنے میں کی ۱۷ اور نہ خود محتاجوں بھوکوں وفاقہ کشوں کے کھلانے کا کوئی انتظام کیا اور

(بقیہ صفحہ ۲۱۹) اور قوم نوحؑ و احقاف و سبا۔ اور بنی اسرائیل ہی کا ذکر کیوں بار بار آرہا ہے؟ (اصحاب الحجر وغیرہ کے متعلق متعلقہ وحی میں میرا فکر آپ کے پیشِ نظر آئے گا) بات یہ ہے کہ مخاطبینِ وحی جس نسل سے تھے یہ سب اُن کے جدِ اعلیٰ یا ہمسایہ قومیں تھیں جن کے حالات اور واقعات و روایات سے مخاطبین کے کان آشنا تھے۔ برخلاف اس کے وہ کرۂ زمین کے دیگر اقوام کے تاریخی حالات سے قطعاً ناآشنا تھے۔ اس لئے دیگر اقوام اور ان کے انبیاءؑ و مرسلینؑ کا ذکر وحیِ الٰہی نے غیر ضروری جانا۔ البتہ ایک کلیہ سُنت اللہ کا قرآنِ حکیم نے اپنے حاملین کے ذہن نشین کرا دیا کہ ہر قوم میں اس قوم کی زبان جاننے والا اسی قوم سے ایک ہادی۔ نبی۔ رسول۔ رشی۔ متی۔ اوتار (اس مُلک کے محاورہ کے مدِنظر) مامور من اللہ پیدا کیا گیا۔ سُنت اللہ ایسی ہی ہے۔ لہٰذا تمام قوموں کے انبیاءؑ و مرسلینؑ اور ان کی تعلیم کی سچائی کو تسلیم کرنا حاملینِ قرآنِ حکیم پر فرض ہے۔

نوٹ:۔ سامی نسل کی تاریخ بہت قدیم اور کرۂ زمین پر یہ نسل غیر معمولی طریقہ پر پھیلی ہوئی ہے اسلئے صاحبانِ فکرِ قرآنی اگر چاہیں تو تاریخ پر عبور حاصل کر کے مزید تشفی حاصل کر سکتے ہیں۔ وحی نمبر (۱۵) میں سرسری طور پر صرف قومِ ثمود کی تباہی و بربادی کا ذکر کیا گیا تھا۔ برخلاف اس کے اس وحی میں سامی النسل تین عظیم الشان قوموں کی بربادی کا ذکر کیا جا رہا ہے اور بتلایا جا رہا ہے کہ یہ قومیں احکامِ فطرت کے نتائج سے بے خوف ہو کر عذابِ الٰہی کی مستوجب بن چکی ہیں۔ لہٰذا اب تم کو بھی جب ایک بلند و بالا مرتبہ کی طرف راہ نمائی کیجا رہی ہے تو سنبھل سدھر کر اپنا قدم آگے بڑھانے سے چلنا ہے۔ ورنہ یاد رکھو کہ قدرت نے خلافِ احکام و منشاءِ فطرت چلنے والوں۔ امن و سلامتی کے نظر انداز کرنے والوں اور ظلم و شر پھیلانے والوں کو باوجود اس قدر اونچے مقام پر پہنچنے کے ایسا تباہ کر دیا کہ آج ان کا نام لیوا بھی باقی نہیں ہے۔ دیکھو عاد و ثمود کا قصہ بہت ہی قدیم ہے۔ مصر کا قصہ تو اس کے بعد کا ہے۔ بنی اسرائیل کے واقعات تو تم کو بخوبی معلوم ہیں کہ بنی اسرائیل کے مقابلہ میں فرعونِ مصر کی قوت کتنی بڑھی ہوئی تھی۔ لیکن تم نے دیکھ لیا کہ موسیٰ کی مدد کس طرح قدرت نے کی اور کس طرح فرعون کی باجبروت اور مستحکم فوج کو بے دست و پا بنی اسرائیل کے مقابل فتح و نصرت عطا کی۔ دیکھئے!

ایک مثال برطانیہ اور ہندوستان کی فراعنۂ مصر اور بنی اسرائیل کے مماثل

برطانیہ کی قومی قوت کیسی زبردست تھی۔ کل کی بات ہے کہ گاندھی جی کی تحریک پر لوگ ہنسا کرتے تھے۔ غیر مذہب والے نہیں بلکہ خود ہندو۔ کہ چرخہ کات کر اور اہمسا سے یہ پوست و استخوان گاندھی کس طرح توپوں اور ہوائی جہازوں اور ٹینکوں کا مقابلہ کر کے ہندوستان کو آزادی دلا سکتا ہے؟ مگر دُنیا نے دیکھ لیا کہ قدرت نے کس طرح برطانیہ سے ہندوستان کو آزادی دلا دی۔ اس پر لوگ کہتے ہیں کہ یہ اتفاقات ہیں۔ ہاں صاحب! اتفاقات ہی کا نام قدرت کے کرشمے ہوا کرتے ہیں۔ نہ کہ آسمان سے پتھر برسا کر محمد آسی قوم کو مغلوب اور کسی کا غالب کرتا ہے۔ مگر کیا کیا جائے کہ فہمِ قرآن حاصل کرنے میں روایات سے ہٹ کر (باقی بر صفحہ (۲۱)

نہ اپنے زیر اثر دن کو ترغیب دی ۱۸۔ نہ صرف یہ غلطی کی بلکہ مُردون کا مال بلا کھٹکے کھاتا رہا ۱۹
اور اپنے سرمایہ کی محبت مین غرق رہا ۲۰۔ کیا وہ نہین جانتا کہ جب اس کے لئے زمین تنگ
کردی جائے گی ۲۱ اور رب العالمین انصاف کے لئے جلوہ افروز ہوگا ۲۲ اور جہنم اسکے
سامنے اُس دن موجود ہوگی ۲۳ تو اس دن آدمی نتایج پر غور کرنے لگے گا تو بھلا اب اسکا
سوچنا اُس کے لئے کیا فائدہ دے سکتا ہے ۲۴ اب وہ کہنے لگتا ہے کہ کیا اچھا ہوتا کہ مین ماضی مین

(بقیہ صفحہ ۲۲۰) راویانِ معتبر کی شخصیت پرستی سے دُور ہوکر غور و فکر کرنا ہر حال کتاب مقدس نہین چاہتا۔ بلکہ وہ تو اپنے ذہن و فکر کو اندھی تقلید ہی مین غلام بنائے رکھنا سعادتِ دارین سمجھتا ہے اور بس) پس اے مخاطبین عرب! تم کو اس بات کا یقین رکھنا چاہیئے کہ خالقِ کائنات کا قانون اٹل ہے۔ وہ بے لگام اور کھیل تماشا۔ سحر۔ جادو۔ طلسم نہین ہے۔ وہ تو ہر ٹیڑھی راہ چلنے والون کی تاک مین ہے کہ جس قوم یا فرد نے فرائضِ منصبی مین کوتاہی کی۔ کہ اس پر عذاب کا کوڑا برس پڑا۔ اس بیسوین صدی مین ہمارے غور و فکر کے لئے اس وحی مین قومون کے عروج و زوال کی لاکھون تاریخین ماضی اور حال کی موجود ہین۔ ذرا زارِ روس اور جرمن۔ چین۔ برطانیہ۔ ہندوستان۔ ترکی۔ بغداد۔ طرابلس۔ یونان۔ فرانس۔ فلسطین۔ مصر۔ اسپین کی تاریخون کا مطالعہ کرو۔ اور مسلمانون کے عروج و زوال پر نظر ڈالو۔ پھر ان آیاتِ قرآنی کا فہم حاصل کرنے کے لئے غور و فکر کو کام مین لاؤ تو معلوم ہوگا کہ قدرت کا قانونِ امہال اور قانونِ ارتقا کس طرح ایک دوسرے کی تاک مین خالقِ کائنات تعالیٰ سُبحانہٗ نے لگا رکھا ہے کہ رمق برابر بھی اس مین کمی و زیادتی نہین ہوتی۔ اور خود بخود نتایج خیر و شر نمایان ہوتے رہتے ہین جیسے کہ ایک مشنری ہر پُرزے کے نتایجِ عمل کو ظاہر کرتی رہتی ہے جیسے مِنٹ (دارالضرب) مین چاندی کو ایک مقام پر ڈال دیا جائے تو وہ اپنے مدارج مشنری کو طے کرتے ہوئے ایک روپیہ کی صورت مین آخری درجہ پر ظاہر ہو جائے گی۔ اگر تانبا ڈال دیا جائے تو پیسہ کی صورت مین۔ سونا ڈال دیا جائے تو اشرفی کی صورت مین۔ بس اسی طرح اللہ کے بنائے ہوئے قانونِ قدرت کو خالقِ کائنات کی ایک مشنری سمجھ لو۔ اس کی ضرورت نہین ہے کہ خدا اس مشنری کے ہر پُرزے کو ہر وقت تاک لگائے بیٹھا رہے۔ ہم دیکھتے ہین کہ یورپ کے بہترین کارخانون کی مشنری کو اُس کا انجینیر ہزار دن کو اس پر بیٹھا ہوا دیکھتا نہین رہتا۔ مگر اس کی بنائی ہوئی مشنری کبھی غلطی نہین کرتی۔ تو غور کرو کہ وہ خالقِ کاینات کی مشنری کیسے غلطی کر سکتی ہے۔ پس اس آیت کا منشا آج کا دماغ انسانی بھی لے سکتا ہے کہ سُنت اللہ کی مشنری جزا و سزا کے نتایج مرتب کرتے اپنے خالق تعالیٰ سُبحانہٗ کے منشاء کے مطابق تاک لگائے ہوئے ہے۔

ان آیات کی روشنی مین جرمن وغیرہ کی تباہی

قدرت کی مشنری

۲۰۔ میرا فکر:۔ نہ صرف مخاطبین وحی زمانۂ نزول کو سمجھایا جا رہا ہے بلکہ ہر زمانے کے آدمی کو درسِ عبرت دیا جا رہا ہے کہ دیکھو انسان (باقی صفحہ ۲۲۲)

گری ہوئی انسانیت کو سہارا نہ دینے سے تباہیِ قوم و مُلک و ذات

مستقبل کے لئے کچھ اپنا سرمایہ خرچ کر لیتا کہ وہ آج میرے کام آتا ۲۵ وہ دن انصاف کا تو بڑا ہی سخت مواخذہ کا ہوگا ۲۶ اور قاضیِ یومِ جزاء کا حکمِ سزا بھی تو بہت ہی

(بقیہ صفحہ ۲۲۱) کیسا عجیب الفکر ہے۔ کہ جب اس کا رب اس کو اپنے فضل اور اس کے اعمالِ صالحہ کے نتیجہ میں عزت اور دولت سے سرفرازی بخشتا ہے تو وہ سب کچھ بھول کر کہنے لگتا ہے کہ یہ تو میری نیکیوں کا بدلہ میرے رب نے مجھ کو عطا فرمایا۔ اور وہ اپنے فرائضِ منصبی کو بھول جاتا ہے کہ انسانیت کا فرض کیا ہے۔ یعنی بے سہارا کو سہارا دے کر اس کو اس کے قدموں پر کھڑا کرنا۔ اور مفلوک الحال مفلس۔ فاقہ کش کی امداد کرنا۔ اپنی دولت کو اپنی قوم کے مفاد کے لئے خرچ کرنا۔ اور اپنی عزت۔ اپنے اقتدار کو کام میں لاکر دوسروں کو ایسا کرنے کی ترغیب دینا تاکہ انسانیت کا توازن بگڑنے نہ پائے۔ ان فرائض کو انسان بھول کر اپنے عیش و عشرت میں مگن ہو جاتا ہے اور ہر دم اس کو یہ خیال رہتا ہے کہ میرا سرمایہ اور میرا اقتدار تو میرے رب ہی نے میرے اعمالِ نیک کی وجہ مجھ کو دیا ہے۔ اس کو ذرا بھی اپنے فرائض کا خیال نہیں آتا ــ جب اس کی اس لاپروائی فرائض کی وجہ اس کے رب کے مقررہ قانون کے تحت کارکنانِ قضا و قدر اس پر تنگی اور ذلت و مسکنت لیپ دیتے ہیں تو چیخ اٹھتا ہے کہ ہائے میرے رب نے مجھ پر ظلم کیا اور مجھ پر تباہی و بربادی ڈال دی ــ ذرا بھی غور نہیں کرتا کہ وہ رب العالمین اپنے بندوں پر ظلم کرکے کیا کرے گا۔ وہ تو اپنے بندوں کا بے غرض آقا ہے اور کائنات کو ان کے سعیِ پیہم کے سلسلہ میں انعاماتِ الٰہی سے فیض یاب کرنے کے لئے ان کا مطیع بنا دیا ہے تو پھر وہ تم پر ظلم کرکے کیا کرے گا۔ چنانچہ ثمود۔ عاد اور مصر کی عظیم المرتبت قوموں کا ذکر کرتے ہوئے جن کو اہلِ عرب مخاطبینِ وحی خوب جانتے تھے۔ انسان کی فطرت کی بے لگامی کو بتلایا جا رہا ہے کہ ان قوموں نے ابتداء میں تو اپنی سعیِ پیہم کی وجہ عزت اور دولت سب کچھ حاصل کر لیا۔ لیکن دولت اور اقتدار نشہ میں سرشار ہو کر بجائے امن و سلامتی کے جبر و تشدد۔ ظلم و زیادتی کو اپنا شعار بنا لیا۔ اور محض چند رسم و رواج کے حرکات اور الفاظ کو ادا کرکے یہ سمجھ لیا کہ یہی مالی اور جسمانی عبادت ہے اور یہی باعثِ خوشنودیِ خدا ہے۔ اور پھر اس گھمنڈ میں بھی مبتلا ہو گئے کہ تمام اقوامِ عالم سے خدا کے ہم برگزیدہ ہیں۔ چونکہ ہم کو اللہ تعالیٰ نے برگزیدگی عطا فرمائی ہے اس لئے ہم کو پست اقوام پر ہر قسم کے ظلم و ستم اور جور و جفا کا حق بھی ہے۔ اس کا نتیجہ قانونِ امہالِ قدرت نے نافذ کر دیا اور قوم کی قوم کو یا افراد کو مصائب و آلام میں مبتلا کرکے ان کی روزی تنگ کر دی تو واویلا مچانا شروع کر دیا کہ ہمارے رب نے ہم کو تباہ کر دیا۔ بات یہ ہے کہ تمہارے رب نے تم کو تباہ نہیں کیا بلکہ تم خود اپنے ہاتھوں تباہ و بربادی کو مول لئے۔

مُردوں کا مال کھانے والے دیکھئے آیت (۲۰ و ۲۱) میں مُردوں کا مال غیر مستحقوں کے کھانے کو انتہائی کراہت سے دُہرایا جا رہا ہے اور وہ بھی بسلسلۂ عذاب اور وعید۔ نزولِ وحی کے زمانے میں سرمایہ داروں کے مُردوں کا مال کھانے کی طرف جو رغبت تھی آج بھی تمام اقوام میں۔ خصوصاً مسلمانوں میں وہی رغبت بہت زیادہ نمایاں ہے ــ غور کیجئے تو معلوم ہوگا کہ جب کوئی مرتا ہے تو جو کچھ چھوڑ جاتا ہے وہ بیوہ۔ یتیم کا حق ہوتا ہے۔ ان کی بے سہارگی کا ایک ادنیٰ سا سہارا۔ لیکن ایصالِ ثواب۔ فاتحہ وغیرہ کے نام سے جو رسومات انجام پاتے ہیں ان میں (باقی بر صفحہ ۲۲۳)

سخت ہوگا ۲۷ ف۳ پس انسان کے لئے کیا ضروری نہیں ہے کہ وہ اس زندگی میں اپنے نفس کو مطمئن کرلے ۲۸ اور پھر مستقبل میں جب وہ اپنے رب کے سامنے حاضر ہو تو وہ اس کے ادائیِ فرائض سے راضی ہو جائے اور تو خود اپنے رب کے سرفرازیِ انعامات سے

(بقیہ صفحہ ۲۲۲) ان میں سرمایہ دار اور غیر مستحقین جاکر کھاتے ہیں اور مستحقین کو نظر انداز کر دیا جاتا ہے۔ اگر رسم و رواج کی پابندی نہ کی جائے تو بیوہ اور یتیموں پر انگشت نمائی اور طعنہ زنی شروع ہو جاتی ہے۔ جس سے محفوظ رہنے کے لئے ان یتیموں کو مجبوراً ایسا کرنا پڑتا ہے۔ اور پھر علماء و مشائخین۔ پیرانِ طریقت سب ہی ایصالِ ثواب کے نام سے دو گوشتہ پلاؤ کھاتے ہیں۔ اگر کوئی منع کرے تو اس کو ملحد۔ وہابی۔ بے دین کا خطاب ملتا ہے (دیکھو اس خصوص میں میرا مطبوعہ رسالہ "رجب کے کونڈے") اور اسی طرح میراث کی تقسیم میں قوی۔ کمزور کے حقوق کو غصب کر جاتا ہے۔ لڑکیوں کے حصص نظر انداز کر دیئے جاتے ہیں اور بعض یتیم و بیوہ کو محروم الارث قرار دے کر تباہ کر دیا جاتا ہے۔ یہ ہے آج کل اُمتِ محمدی کا طریقہ! بس اسی طرح نزولِ وحی کے وقت اہلِ مکہ کا طور و طریق تھا۔ یہود کے احبار۔ راہبان امی اہلِ عرب کو اس قسم کی ترغیب و تحریص دلا کر مُردوں کی میراث کو من مانے کھاتے تھے۔ اور خود اہلِ مکہ و اہلِ عرب بھی ایسا کرتے تھے تو ان کو متنبہ کیا جا رہا ہے کہ "دیکھو! تم کس طرح اپنے مال کی محبت میں غرق ہو۔ آج مُردوں کا مال بے کھٹکے کھا رہے ہو۔ اور اپنے سرمایہ سے محبت کرکے اس کو جان سے عزیز رکھا ہے۔ کل تمہارے مرنے کے بعد کیا ہوگا اس پر بھی تم نے غور کیا ہے؟ غور کرلو اللہ تعالیٰ کے مقرر کردہ فرائضِ انسانیت کی عدم ادائیگی کی وجہ سے عاد و ثمود و فرعونِ مصر کا جو حشر ہوا وہ تمہارے سامنے ہے۔ پس سنبھل جاؤ اور اپنی اصلاح کرلو!"

ف۳۔ میرا فکر:۔ "اے انسان! کیا تیری قوتِ فکریہ اس بات پر غور نہیں کرتی کہ موت تیرے سر پر کھڑی ہے! کارکنانِ قضاء و قدر تیری تاک میں لگے ہوئے ہیں! اور ایک دن تجھ کو مرکر اپنے رب کے آگے محاسبۂ زندگی کے لئے کھڑا ہونا لازمی ہے۔ جہاں پر فرائضِ زندگی کے ذرہ ذرہ کا حساب دینا ہوگا! تیرے سامنے جہنم کا عذاب بھی ہوگا۔ اور انعاماتِ الٰہی کے آرام و آسائشوں کی جنت بھی۔ اور اس دن

انصاف روزِ جزاء قاضیٔ انصاف۔ جج۔ مجسٹریٹ۔ چیف جسٹسوں کا چیف جسٹس۔ یعنے تیرا رب کرسیٔ انصاف پر ہوگا۔ اور کارکنانِ قضاء و قدر تعمیلِ حکم کی بجا آوری میں صف بستہ حاضر رہیں گے۔ اس وقت تو کفِ افسوس ملے گا۔ اور سوچے گا کہ کاش میں اپنے ماضی میں مستقبل کے لئے کچھ توشہ آگے بھیج دیتا تو وہ آج کام آتا۔ لیکن اس وقت تیرا سوچنا عبث ہوگا۔ کیونکہ تیرے لئے قانونِ امہال کی مدت ختم ہو چکی ہوگی! کیا تو نہیں دیکھتا کہ تیرے بنائے ہوئے قاضی۔ مجسٹریٹ اور چیف جسٹس جب کرسیٔ انصاف پر بیٹھتے ہیں تو کس قدر سچائی سے بے لوث انصاف کرتے ہیں۔ پھر مالکِ یوم الدین کے انصاف میں تو کیا ناانصافی کی توقع رکھ سکتا ہے؟" (دیکھو میرا فکر وحی نمبر (۱۰) فقرہ (۳) میں)۔

دیکھئے! کس طرح ان آیاتِ بینات میں مخاطبین کے غور و فکر کے لئے دنیاوی انسانوں کے (باقی بر صفحہ ۲۲۴)

مسرور رہے ع۲۹ اور تیرا رب کہے کہ تو میرے خاص بندون کے ساتھ جا مل ع۳۰ اور داخل ہو جا اطمینان و آرام۔ راحت و آسایش کی زندگی مین ف۴ ع۴۰۔

(بقیہ صفحہ ۲۲۳) عدالتون کا نقشہ کھینچ کر سمجھایا جا رہا ہے تاکہ معاد کا تصور ان کو کپ کپا دے۔ دیکھو جب چیف جسٹس اجلاس پر آتا ہے تو کس طرح اس کے لوازمات مہیا رہتے ہین کہ ملزم کی نظر چیف جسٹس پر پڑتے ہی وہ کانپنے لگتا ہے۔ ہائی کورٹ کے اجلاس کو دیکھو تو "مالک یوم الدین" کے اجلاس کی شان کا اندازہ ہوگا۔ جس مولوی و مشائخ یا مفسر نے کبھی اعلیٰ عدالتون کا معاینہ ہی نہ کیا ہو اس غریب کو دیدۂ عدالت کی کیا خبر؟ بہر حال حشر آخر کے متعلق تو کوئی انسان تصور بھی نہین کر سکتا کہ وہان کیا اور کیسا اور کیونکر ہوگا۔ اسی لئے وحیٔ الٰہی مخاطبین کے داخلی تصورات و نقشون کو بتلا کر ہی راہِ ہدایت اور حکمت و موعظت کا طریقہ اختیار کرتی ہے تکہ ہتلی کی جنت اور زیر پا کا جہنم۔ پس جس طرح دنیا کی عدالتون مین ملزم کے لئے سزا تجویز ہو جانے کے بعد اس کا پچتاوا۔ افسوس سب کچھ بے کار ہے اسی طرح اس زندگی کے بعد دوسری زندگی مین بھی عبس اور بے معنے بات ہے۔

ف۴۔ میرا فکر:۔ دیکھئے پھر بتلایا جا رہا ہے کہ انسان کا فرض یہ ہے کہ وہ اپنی حیاتِ موجودہ۔ زندگیٔ جاریہ مین ہی ایسے کام کرے جس سے اُس کے قلب کو اطمینان حاصل ہو جائے کیونکہ وحی نمبر (۱۵) مین بتلا دیا گیا ہے کہ انسان کو اللہ تعالیٰ نے قوتِ فکریہ عطا فرما کر اچھائی اور برائی کی تمیز دے دی ہے تو اسکا فکر۔ اس کے ضمیر کو مطمئن کر دے گا جب کہ وہ عملِ صالح کرے۔ ورنہ اس کو ملامت کرے گا۔ پس جو لوگ عملِ صالح کر کے اپنی زندگی ہی مین اطمینان حاصل کر لیتے ہین وہ یومِ حساب مین نہ صرف مطمئن رہین گے بلکہ ان کا رب بھی اُن سے راضی رہے گا کہ انھون نے مقصدِ تخلیق کو کما حقہٗ پورا کیا۔ ظاہر ہے کہ جب کسی آقا کے غلام کسی بادشاہ کے ملازمین اپنے فرائض کو کما حقہٗ پورا کر کے متعلقین۔ آقا اور رعایا و حکومت کو راحت و آرام دیتے ہین تو آقا اور بادشاہ اپنے غلامون اور ملازمین سے جس طرح راضی و خوش ہو کر ان کو انعامات سے سرفراز کرتا ہے۔ برخلاف اس کے عدم ادائیٔ فرائض سے وہ ناراض ہو کر ان کے لئے سزا تجویز کرتا ہے۔

روزِ حشر صرف دو گروہ ہون گے غور کیجئے کہ یومِ انصاف۔ یومِ حشر اول و آخر دو ہی گروہ کا ذکر آپ کو قرآنِ حکیم مین ملے گا۔ ایک گنہگار۔ ملزم۔ مجرم۔ اور دوسرے نیکوکار۔ فرائضِ منصبی کو کما حقہٗ ادا کرنے والے۔ البتہ ایک اور جماعت کا ذکر بھی قرآن نے کیا ہے۔ وہ "مقربین" ہین دنیا مین بھی ہر حکومت مین یہ تین ہی گروہ آپ کو نظر آئین گے ان گروہون مین کسی مذہب۔ یا عقیدہ یا صورت شکل۔ نسل۔ نسب کا کوئی سوال ہی نہین ہوگا۔ صرف عمل ہی دیکھے جاتے ہین۔ اور عمل ہی کے لحاظ سے تمام رعایا۔ اور غلام اور بندے جماعت مین تقسیم ہوتے رہین۔ بہر حال اس وحی مین پھر وہی بات بتلائی جا رہی ہے کہ یومِ جزا اور نہ کسی کی سفارش کارگر ہوگی اور نہ کوئی معاوضہ قابلِ قبول ہوگا۔ اور نہ کوئی مہلت دی جائے گی اور نہ کسی کے عقاید۔ ایمانیات۔ نسب حسب کو (باقی بر صفحہ ۲۲۵)

(بقیہ صفحہ ۲۲۴) پوچھا جائے گا سوائے عمل کے۔

ایک بات خاص طور پر فکر و فہم کے حصول کے لئے ذہن نشین رہنے دیجئے کہ وحیِ الٰہی ابتداء ہی سے حشرِ اول یا حشرِ آخر کے موقع پر دو یا تین فریقوں کا ہی ذکر فرما رہی ہے۔ ایک قابلِ سزا۔ اور ایک قابلِ جزاء۔ اور تیسرا مقربِ بارگاہ ــــ غور کیجئے کہ حشرِ اول ہر قوم کے موقع پر یہی تین فریق دنیا میں بھی نظر آتے ہیں ــــ (حشرِ اول کیا ہے؟ ــ سورۂ حشر میں یہود کی جلاوطنی کو وحیِ الٰہی نے حشرِ اول کہا ہے۔ اس سورہ کو پڑھ لیجئے اور تاریخ کی روشنی میں حشرِ اول کا مفہوم حاصل کر لیجئے ــ) پس ہر قوم غالب یا مغلوب یا پھر سرداران قوم غالب ہوتے ہیں۔

ہر غالب قوم کا مومن ہونا

قرآنِ حکیم نے ایک اٹل فیصلہ کر دیا ہے کہ "تم ہی دوسروں پر غالب رہو گے اگر تم سچے مومن ہو جاؤ گے!" ــ پس اس نظریہ کے تحت ہر فاتح قوم کا مومن ہونا ایک نتیجہ ہوگا۔ اگر یہ کہا جائے کہ مشرک۔ غیر مسلم اُمتِ محمدی کے مقابل مومن کیسے کہا جا سکتا ہے؟ ــ اسکا جواب عقایدِ باطلہ سے ہٹ کر قرآن کی روشنی میں میری سمجھ میں یہی آتا ہے کہ جس جماعت کی نیکیاں (۵۱) فی صد ہوں گی (۴۹) فی صد کے مقابل قرآنِ حکیم کے فیصلہ کے لحاظ سے وہ مومن سمجھی جائے گی۔ کیونکہ سنت اللہ کے تحت قانونِ قدرت ہوتا ہے اور قانونِ قدرت کے تحت کارکنانِ قضا و قدر خود بخود نتایج مرتب کرتے رہتے ہیں۔ آپ یا میں جب کبھی "حشر" کی بات پر غور کریں گے تو حشرِ اول میں ایک ایک حرف وحی کے مطابق اپنی آنکھوں دیکھ لیں گے ــ خود اُمتِ محمدی کے حشرِ اول کو مختلف ممالک میں ان کی تاریخوں کو سامنے رکھ کر غور کر لو کہ کس طرح مفتوح قوم اور

یوم الساعۃ

افراد کی گت بنتی ہے ــ دور کیوں جائیں۔ حیدر آباد کے پولیس ایکشن ہی پر نظر ڈالو۔ تو "یوم الساعۃ" کے بتلائے ہوئے تمام نقوش مسلمانانِ حیدر آباد کے آنکھوں دیکھی باتیں ہوں گی ــ حشرِ آخر کے تصورات تو ہمارے وہم و گمان سے بالاتر ہیں ــ اب رہی غالب قوم کی حالت ــ جب کوئی قوم صبر و استقلال اور قوتِ ارادی کے ساتھ اللہ کی رسی کو متحد ہو کر مضبوطی سے پکڑ لیتی ہے تو وہ فتح و نصرت کا انعام بھی حاصل کر کے آرام و آسایش مسرت و شادمانی کی جنت میں پہنچ جاتی ہے اور اسکو وہاں پر حور، غلمان۔ باغ۔ نہریں۔ تخت۔ گاؤ تکیہ۔ کنگن وغیرہ سب ہی قدرت مہیا کر دیتی ہے۔ چنانچہ تاریخ اسلام کے اوراق میرے اس فہم کی ناقابلِ تردید شہادت ہے۔ بہ قولِ اقبال ؎ یہ بہشت بھی ہے۔ حور و جبریل بھی ہے۔ پیشِ نظر میں ابھی شوخیِ نظارہ نہیں۔

ظاہر ہے کہ بے بصیرت کا کوئی علاج نہیں جب کہ وہ مادر زاد اندھا یعنے تقلیدِ جامد کا شکار ہو ــ ذرا فرانس۔ برطانیہ۔ مصر کے کل ہی کے حالات پر نظر ڈالو۔ فلسطین اور عرب۔ عراق۔ چین۔ جرمن اور جاپان یا خود اپنے گھر کا جائزہ لو۔ یعنے ہندوستان اور پاکستان (بشرطیکہ "انا خیر منہ" یعنے اُمتِ محمدی ہی سب سے برتر کا ابلیسی عقیدہ غور و فکر پر غالب نہ ہو) ہی کے حالات پر نظر ڈالو تو "یوم الساعۃ" صالح اور غیر صالح جماعتوں پر آسانی سے رائے قایم ہو کر فہمِ قرآنی حاصل ہو سکتا ہے۔

"نفسِ مطمئنہ" کس طرح اصحابِ رسولؐ کو حاصل تھا۔ اور وہ کس طرح خدا سے راضی ہوئے یعنے اُس کے احکامات بلا جبر و اکراہ بجا لائے اور کس طرح اللہ تعالیٰ ان سے راضی ہوا اور نتیجۃً خلافتِ زمین اور اقتدار ارضی سے سرفراز فرمایا۔ پھر انکے ناخلف کس طرح تباہی میں جا پڑے۔ تاریخ اسلام کی ورق گردانی کر کے عبرت حاصل کرو۔ محض خوش اعتقادی اور تقلیدی کاہلیت اور سست ذہنی غیر الامم کے تصوراتِ فنی سے کوئی فایدہ نہیں "فلن تجد لسنت اللہ تبدیلا" یقین رکھو کہ اللہ کا قانونِ رزق براہ راست نہیں بدلتا۔

نام سورہ۔ **الاعلیٰ** تعداد آیات (۱۹) تعداد رکوع (۱) شمارہ ترتیب موجودہ (۸۷) پارہ (۳۰)
شمارہ ترتیب نزول وحی بلحاظ تحقیق علامہ محمد اجمل خان (۲۱) زمانۂ نزول۔ دورِ دوم ۔ سنہ بعثت سنہ ۶۱۷ء
اس سورۃ کے سلسلۂ نزول سے متعلق جن محققین نے جو شمارہ اپنی تحقیق مین قرار دیا ہے نقشۂ ذیل سے اسکی صراحت معلوم ہوگی۔

نام محققین	[illegible]	[illegible]	[illegible]	[illegible]	[illegible]	[illegible]	[illegible]	[illegible]	[illegible]	[illegible]
شمارہ بلحاظ ترتیب نزولِ وحی	۷	۷	۷	۸	۲۳	۱۹	۲۵	۲۰	۲	۸	۸

توضیحات

شمارہ الحاقی آیات	کون مخاطب ہے یا کونسی مثال ہے	احکام شریعت و منہاج	میرے فکر و نظر کے موضوعات	صفحہ		صفحہ
×	عام انسانیت	×	۱۔ تخلیقِ کائنات کا نظریہ۔ خلق۔ تسویٰ۔ قدریٰ۔ فہدیٰ۔	ف۱	۷۔ انسان مین بھول کی صفت ایک نعمتِ خداداد ہے۔	ف۳
			۲۔ گھڑی کی ایک مثال۔	ف۱	۸۔ ناسخ و منسوخ آیات۔	ف۳
			۳۔ فہدیٰ = ہدایت	ف۱	۹۔ صبر کی حقیقت۔	ف۳
			۴۔ وحیِ الٰہی۔ وحیِ شیطانی۔	ف۱	۱۰۔ نصیحت کو کون قبول کرتا ہے؟	ف۴
			۵۔ وحی کی زبان	ف۱	۱۱۔ دینِ فطرت دینِ قدیم تمام کرۂ زمین کے مذاہب کے انسانون مین موجود ہے۔	ف۶
			۶۔ گھاس کا کوڑا کرکٹ ایک ہی زندگی کا ارتقاء ہے۔	ف۲	۱۲۔ تاریخ ابراہیم اور ان کی ہجرت کا نقشہ۔ صحف ابراہیمؑ و موسیٰؑ۔	ف۶
					۱۳۔ کیا وید صحفِ نوحؑ و ابراہیمؑ ہے؟	

بِسْمِ اللّٰهِ الرَّحْمٰنِ الرَّحِيْمِ

اے انسان! تو اپنے ربِّ جلیل الشان کی پاکی بیان کر۔ یعنے اپنے منشاءِ تخلیق کو پورا کر ۱
جس نے کائنات کو اکمل طریقہ پر پیدا کیا ۲ اور جس نے ہر چیز کو جو کائنات مین ہے

ایک اندازہ مقرر کر کے ایک اچھے راستہ پر لگا دیا ۳ ف اور وہ ذات جس نے

ف۔ میرا فکر: سبحان اللہ! کس قدر جامع یہ تین جملے وحیٔ الٰہی کے ہیں جس میں اس بیسویں صدی کا تمام علم سائنس بھرا ہوا ہے۔ نزولِ وحی کے وقت مخاطبین وحی یہ مشکل ان جملوں کا مفہوم اعلیٰ سمجھ سکتے ہوں گے۔ جب کہ آج کا انسان ایک لاکھ میں ایک بھی اس کو سمجھنے سے عاری ہے۔ البتہ ماہرین علم سائنس ہی

تخلیقِ کائنات کا نظریہ: خلق۔ فسوّیٰ۔ قدّرٰی فھدٰی۔

ان آیات کی صحیح تفسیر اپنے تجربات کی بناء پر کر سکتے ہیں۔ وحیٔ اول میں "علم الانسان ما لم یعلم" کہہ کر انسان کے فکر میں اچانک پیدا ہونے والے علم کی طرف اشارہ کیا گیا تھا۔ اب تخلیقِ کائنات کے ذرّہ ذرّہ میں کن کن اصولوں کو قدرت نے اختیار کیا ہے اس کی وضاحت کی جا رہی ہے۔ کہ جب خالق تعالیٰ سبحانہٗ کا حکم "کُن" ہوتا ہے کسی چیز کے عالمِ وجود میں لانے کے لئے تو کارکنانِ قضاء و قدر منشاءِ رب العزت کی تعمیل میں انتہائی حُسن و خوبی سے ٹھیک ٹھیک اُس کی بناوٹ کرتے ہیں کہ اس میں کوئی سُقم نہیں ہو سکتا۔ اور اُس کے ساتھ ہی ساتھ اس شئے کے نشو و نما اور اپنے مقصدِ تخلیق کے حصول کے لئے ایک اندازہ بھی مقرر کر دیا جاتا ہے۔ یعنے اس کی تقدیر بھی معین ہوتی ہے۔ تقدیر کے مفہوم میں عام طور پر غلط فہمیاں ہیں اور قرآن حکیم نے تقدیر کا لفظ اکثر استعمال فرمایا ہے۔ اس لئے میں اپنے فکر و فہم کے لحاظ سے اس کی وضاحت کر دینا ضروری سمجھتا ہوں۔

تقدیر دیکھئے غریب القرآن میں حسب ذیل قَدَرَ کے معنیٰ قرآن میں آئے ہیں:۔

(۱) قَدَرَ۔ قدرت رکھنا۔ کام کرنے کی طاقت رکھنا۔ اختیار رکھنا۔ دار و گیر کرنا۔ گرفت کرنا۔
(۲) قَدَّرَ۔ ایک اندازے سے دینا۔ ایک حساب سے دینا۔ نپی تلی چیز (فقدر علیہ رزقہ)۔
(۳) " تنگی کرنا (اللہ یبسط الرزق عن یشاء و یقدر)۔
(۴) " کسی کی قدر کا اندازہ کرنا (فقدر علیہ رزقہ)۔
(۵) مقرر کرنا (علیٰ امر قد قدر)۔
(۶) قَدَرٌ۔ (اسم فاعل) مقررہ۔ مقدار۔ حساب۔ قاعدہ (قد جعل اللہ لکل شیٍ قدرا)۔
(۷) قدر۔ استطاعت۔ طاقت۔ عظمت (لیلۃ القدر خیرٌ)۔
(۸) قَدَرٌ۔ (اسم فعل) مقرر شدہ۔ مقدر۔ مقررہ مقدار۔ مقررہ ناپ۔ حساب۔
(۹) " وسعت۔ (۱۰) قُدُرٌ۔ دیگیں (قدورٌ۔ راسیات)۔
(۱۱) قادرٌ۔ وہ جو طاقت رکھتا ہے۔ غالب ہے۔ (۱۲) قدیر۔ زبردست قدرت رکھنے والا۔
(۱۳) مَقدُورٌ۔ ایک حساب سے مقرر کیا ہوا (و کان امر اللہ قدرًا مقدورا)۔
(۱۴) مِقدار۔ حساب۔ قاعدہ (و کل شیٍ عندہ بمقدار)۔
(۱۵) " مدت (فی یوم کان مقدارہٗ خمسین الف سنۃٍ)۔
(۱۶) قَدَّرَ۔ بمقتضائے حکمت ترتیب دینا۔ مقرر کرنا۔ دائرۂ عمل تجویز کرنا (والذی قدر فھدٰی)۔
(۱۷) قَدَّرَ۔ مقرر کرنا (قدر فیھا اقواتھا)۔
(۱۸) حکم دینا (۱۹) تدبیر کرنا (۲۰) حساب کرنا۔ ناپنا (قدرنٰھا تقدیرا)۔

(باقی بر صفحہ ۲۲۸)

اِس زمین سے لہلہاتا سبزہ اُگایا ۴ پھر کیا تو نہیں دیکھتا کہ وہ خاکستر

(بقیہ صفحہ ۲۲۷) (۲۱) تَقْدِیْرٌ۔ (اسم فعل) بمقتضائے حکمت ترتیب دینا حساب سے مقرر کیا ہوا انتظام
(۲۲) مُقْتَدِرٌ۔ قدیر۔ قدرت والا۔ غالب۔

گھڑی کی مثال میرا فہم تقدیر کے لئے یہ ہے کہ کسی شئے کو اس کی حالت۔ مقدار۔ اثر۔ زمان و مکان میں ایک معین حساب سے مقید کر دیا جائے جیسے گھڑی۔ کہ اُس کے خالق نے اس طرح اُسکی تقدیر بنادی ہے کہ اگر اُس کو کنجی دے دی جائے تو اس کا ہر پُرزہ قوتِ کمانی سے متحرک ہو جاتا ہے اور ایک ہی مقررہ حرکت پر وہ رہتا ہے جس کی وجہ آپ کو سکنڈ۔ منٹ۔ گھنٹے وہ بتلاتی ہے لیکن اسکے لئے ہر ایک پُرزے کا دوسرے پُرزے سے تعاونِ عمل لازمی ہے۔ ورنہ گھڑی اپنے فرائض کو پورا نہیں کر سکتی۔ ایک خاص چیز گھڑی میں اُس کے بنانے والے نے جو رکھی ہے وہ اس کی بال کمانی ہے۔ دیکھئے جب آپ گھڑی کو کنجی دے دیں بلا کسی حرکت کے تو وہ چلے گی نہیں۔ بال کمانی کو متحرک کرنے گھڑی کو حرکت دینی ہوگی۔ جب بال کمان متحرک ہو جائے تو وہ اصلی کمانی کی قوت سے اس وقت تک متحرک رہے گی جب تک کہ اصلی کمانی کی قوت ختم ہو جائے۔ قوتِ محرکہ کے ختم ہونے کے بعد آپ نے گھڑی کو بال کمانی کے متحرک کرنے کے لئے ہلا دیا لیکن وہ ایک دو سکنڈ چل کر پھر رُک گئی۔ اس لئے کہ دوسرے پُرزے لیور کو متحرک نہیں کر رہے ہیں۔ کیوں؟ اس لئے کہ اصلی کمانی میں اب قوت ختم ہو چکی ہے۔ پس معلوم ہوا کہ گھڑی کے موجد (یعنی خالق) نے گھڑی کی تقدیر اس طرح بنائی ہے۔

جب ہم کائناتِ عالم کی کسی چیز پر نظر ڈالتے ہیں تو معلوم ہوتا ہے کہ ہر وجود کی جسمانی ساخت اور معنوی قویٰ میں ایک خاص اندازہ موجود ہے۔ جس میں ذرا بھی کمی یا زیادتی نہیں ہوتی۔ جیسا کہ ارشاد ہوتا ہے:—

قولہٗ تعالیٰ "خَلَقَ كُلَّ شَيْءٍ فَقَدَّرَهٗ تَقْدِيْرًا ۝" (ترجمہ:۔ تیرے رب نے کائنات کی ہر چیز پیدا کی اور پھر ہر چیز کے لئے اس کی حالت اور ضرورت کے مدِنظر ایک خاص اندازہ مقرر کر دیا) یہ قانونِ فطرت کا بنیادی اصول ہے جس میں ذرہ برابر بھی تغیر نہیں ہوتا۔ چنانچہ کائنات کی ہر چیز چاہے وہ نظامِ شمسی کی گردش اور کشش ہو۔ یا چیونٹی کی پیدائش اور اس کی زندگی۔ سب تقدیر کی حد بندیوں میں جکڑی ہوئی ہیں۔ جو ارب در ارب صدیوں کے گذر جانے کے بعد بھی اپنی تقدیر کو بدل نہیں سکتیں:—

"فتبارک اللہ احسن الخالقین ۝"

دیکھو جو پرند ہوا میں اُڑتا ہے وہ پانی میں رہ نہیں سکتا۔ اور پانی کی مخلوق خشکی پر فنا ہو جاتی ہے۔ پھر مختلف قطعاتِ زمین کی آب و ہوا کے لحاظ سے ہر جاندار کی ایک خاص ساخت اور تقدیر قدرت نے بنائی ہے جو بلحاظ جغرافیائی حالت کے موزوں ہے۔

پھر ذرا گھڑی کی مثال کو پیشِ نظر رکھو۔ ہر گھڑی کا مقصد اور غرض وقت بتلانا ہے۔ لیکن ہر گھڑی کے پُرزے اور ساخت۔ صورت شکل میں علیحدہ علیحدہ نظر آئیں گے۔ لیکن ہر گھڑی کے لئے ایک قوتِ محرکہ اور دوسرے لیور۔ یعنے قوتِ محرکہ کو کنٹرول کرنے والا پُرزہ لازمی ہوگا۔ گو اس کی صورت شکل علیحدہ علیحدہ ہو۔ پس یہ خلق تو گھڑی ہوئی یعنے ایک شئے — ایک غرض کے لئے اس کو بنایا گیا تو "فسوّٰی" کی (باقی بر صفحہ ۲۲۹)

ہو جاتا ہے ع ۵ و ۲ اے محمد! ہم تجھ کو سب کچھ بتلا دینگے جسکو تم بھول نہ سکوگے اِلَّا مَا شَآءَ اللّٰہُ

(بقیہ صفحہ ۲۲۸) صورت ہوئی۔ فَقَدَّرَ اسکے لئے ایک مقررہ اندازہ بنایا گیا۔ یعنے وہ ہر سکنڈ بتلاتی ہے۔ اس کے بعد ہر منٹ۔ اس کے بعد ہر گھنٹہ۔ اس کے علاوہ ہر روز۔ ہر ہفتہ۔ ہر مہینہ اور ہر سال۔ بلکہ ہر صدی۔ یہ ہے اسکی تقدیر کے کرشمے۔ "فَھَدٰی" وہ بال کمانی کی حرکت ہے جو ایک انتہائی کمزوری کے باوجود تمام مشنری کو متحرک کردیتی ہے اور اس کو راہ پر لگا دیتی ہے۔ بس یہ ہے تقدیرِ انسانی کا منشاء۔ لیکن وہ جو ہم سمجھتے ہیں کہ نطفہ کے قرار پاتے ہی ایک فرشتہ نے اللہ کے حکم سے اس کی پیشانی پر اس کی قسمت لکھ دی۔ لہٰذا انسان اپنی قسمت تقدیرِ مقررہ کا تابع ہو گیا۔ یعنے مجبور و معذور۔ اس کے اختیار میں کچھ نہیں۔ لیکن اقبال نے دو مصرعوں میں تقدیر کی حقیقت کو خوب واضح کر دیا ہے ؎

عبث ہے شکوۂ تقدیرِ یزداں ٭ تو خود تقدیرِ یزداں کیوں نہیں ہے

اب ذرا ہدایت۔ ھدٰی پر بھی فکر کرنا ہے۔ کیونکہ قرآن میں اکثر مقامات پر فھدٰی کا لفظ آیا ہے۔

فھدٰی جسکے معنے ہدایت

راستہ بتلانا۔ ٹھیک راہ پر لے چلنا۔ منزلِ مقصود تک پہنچنے کی راہنمائی کرنا ہے۔ ظاہر ہے کہ منزلِ مقصود پر بلا بھٹکے کے جو راہ نمائی ہو وہی سچی راہ نمائی کہی جا سکتی ہے۔ نکہ منزلِ مقصود سے ہٹ کر راہ بھٹکتے پھرنے کو راہ نمائی کہا جائے۔ قرآنِ حکیم نے ہم کو جو دعا بتلائی ہے وہ "صراط مستقیم" یعنے ایسا راستہ جو منزلِ مقصود کو خیر و عافیت سے جلد پہنچا دے کی دعا ہے۔ قانونِ قدرت بال سے باریک اور تلوار سے تیز ہے۔ ذرا بھی راہِ مستقیم سے ہٹو تو غار میں گرنا پڑتا ہے

قرآن حکیم نے لفظِ ہدایت کو مختلف حالات کے لئے مختلف مفہوم میں ارشاد فرمایا ہے۔ چنانچہ وہ کہیں تو ایک وجدانی کیفیت کیطرف اشارہ کرتا ہے اور کہیں تو ربوبیتِ الٰہی کو بتلا رہا ہے۔ کہیں حواس و ادراک کی بیداری میں نظر آتا ہے۔ کہیں ذہن و فکر کی تربیت کا سبب ہے اور کہیں وہ اصلاحِ انسانیت کیلئے بصورتِ وحی انبیاءؑ و مرسلینؑ و مصلحینِ قوم کا رہنما ہے اور کہیں وہ لیڈروں اور ناخدایانِ قوم کی رہبری میں استعمال ہوتا ہے۔ یہاں تک کہ وہ جمادات۔ نباتات۔ حیوانات۔ حشرات سب ہی کو ان کے مدارج تخلیق و تسویہ و تقدیر کے لحاظ سے رہنمائی کرتا ہے۔

پھر گھڑی کی مثال کو سامنے لاؤ۔ اور اس کی بال کمانی کے مقصد اور کارکردگی پر غور کرو کہ اس کا کام تمام پرزوں کو راہ پر لگا دینا ہے۔ یعنے محرک کر دینا ہے جس کے بعد مشنری متحرک ہو جاتی ہے اور بال کمانی اس کے تابع ہو کر متحرک رہتی ہے۔

وحیِ الٰہی

قرآنِ حکیم نے وحیِ الٰہی کا بھی ذکر کیا ہے اور مختلف الفاظ ہم معنیٰ و مفہوم میں ارشاد ہوا ہے۔ وحی کے متعلق میرا فکر (وحی نمبر (۳۱) سورۂ القیامہ کے فقرۂ (۴) پر ملاحظہ ہو) میں بصراحت موجود ہے۔ یہاں پر یہ بتلا دینا چاہتا ہوں کہ وحی کے معنیٰ ایک مخفی اشارہ کے ہیں۔ یعنے فطرت اللہ کا فطرتِ انسانی کے فکر کے لئے ایک مخفی اشارہ۔ یعنے ہدایت جس سے راہِ عمل کھل جائے۔ چنانچہ شہد کی مکھی کے لئے وحی کا لفظ قرآن نے استعمال فرمایا ہے جس کا مطلب یہ ہے کہ وہ اپنی جبلت کے بموجب اپنے نظم و ضبط کو قایم رکھ کر اپنے فرض کو پورا کرتی ہے۔ اسی طرح ہر مخلوق کے لئے تسویہ۔ تقدیر اور ہدایت ہے۔ (باقی بر صفحہ ۲۳۰)

یعنے فطرتِ انسانی کے تقاضے کے تحت اگر کوئی بات تم بھول جاؤ تو تم کو وحی کے ذریعہ بتلا دیا جائے گا۔ کیونکہ تمہارا رب تو ہر کھلی چھپی چیز سے واقف ہے۔ پس تم کو آسان اور

(بقیہ صفحہ ۱۲۹) ہان۔ قرآن کہتا ہے کہ شیطان بھی اپنی ذریات کو وحی کرتا ہے۔ تو اس کے کیا معنے ہوئے؟

وحیِ شیطانی یہی تاکہ شر کے لئے جو اشارہ قلبِ انسانی پر ہو وہ القائے شیطانی ہے۔ قرآنِ حکیم میں غیر انبیاء و مرسلین پر بھی وحی کے نزول کا ذکر ہے۔ جیسے والدۂ موسیٰؑ۔ زوجۂ فرعون۔ والدۂ مریمؑ اور خود مریمؑ پر "یوحیٰ" کا لفظ آیا ہے ـــــ اس سے معلوم ہوا کہ وحیِ الٰہی کے مختلف مدارج ہیں۔ کہیں وہ ربوبیت کے لئے عام ہے اور کہیں فکرِ انسانی کے لئے عملِ صالح کی رہنمائی کرتی ہے اور سب سے بلند و بالا درجہ اس کا مرسلینؑ کے لئے ہے کہ اُس کے ذریعہ قانونِ الٰہی مرتب ہوتا ہے جس کو قرآنِ حکیم نے "کتاب اللہ" کہا ہے۔ اور کہیں اس کو نورِ حکمت۔ موعظتِ حسنہ۔ امامِ مبین۔ فرقان۔ قرآن سے موسوم کیا گیا ہے۔

وحی کس زبان میں نازل ہوتی ہے؟ میں نے اپنے فکر سے وحی کے متعلق جو فہم حاصل کیا ہے وہ یہ ہے کہ قوتِ مدرکہ۔ قوتِ فکریہ کو ایک مخفی اشارہ ہوتا ہے جس کو مامور من اللہ یعنے رسول اپنی مادری زبان میں اپنی قوم کو اُن الفاظ میں مخاطب کرتا ہے جو منجانب اللہ یعنے بصورتِ آمد اس کی زبان پر جاری ہوتے ہیں جس میں آورد کا کوئی مقام نہیں رہتا ـــ پس اس فکر سے آگے میرا فہم و ادراک اور غور و فکر کے پَر جلتے ہیں اس لئے میری زبانِ فکر رُک رہی ہے۔

مختصر یہ کہ ہر ایجاد۔ ہر علم۔ ہر عمل۔ ہر فکر رسا۔ ہر شعر۔ ہر نئی بات۔ ہر جدید تحریک امن و سلامتی اور آزادیٔ قوم اور نیک کرداری کے لئے انسان مثل بال کمانی کے محتاجِ ہدایت ہے۔ بشرطیکہ اس کی بڑی کمانی یعنے قوتِ ارادی قوی ہو۔ ورنہ ہدایت کی تحریک اس کے لئے کوئی منفعت بخش ثابت نہیں ہو سکتی۔ مثل بالکمانی کی مثال کے تھوڑی دیر متحرک ہو کر پھر رُک جائے گی۔ چنانچہ وحی نمبر (۱۱) والعصر میں صبر و استقلال کی طرف جو اشارہ ہے وہ قوتِ ارادی ہی کو مستحکم اور قوی العمل بنانے کے لئے ہے۔

المنکر۔ یعنے خواہشاتِ نفسانی۔ یعنے شر و فساد کے لئے بھی یہی صورت ہے جس کو قرآن نے القائے شیطانی سے تعبیر کیا ہے ـــ پس معلوم ہوا کہ جو اشارہ المعروف یعنے خیر کے لئے ہوتا ہے وہ ہدایت۔ وحیِ الٰہی ہے۔ اور وہ منجانب اللہ ہے ـــ اور جو اشارہ المنکر کی طرف ہو یعنے شر کے لئے وہ شیطانی۔ یعنے القائے شیطانی ہے۔

ت۔ میرا فکر:ـــ (صفحہ ۲۲۹ سے متعلق) دیکھو! پھر وہی ارتقائی منازل کو بتلایا جا رہا ہے کہ ہر روئیدگی

گھانس کا کوڑا کرکٹ ہونا ایک شئے زندگی کا پیش خیمہ ہے جب اپنے مقصدِ تخلیق کو پورا کر لیتی ہے تو اس کی عمرِ طبعی ختم ہو جاتی ہے۔ جس کو تم فنا ہو جانا۔ سوکھ جانا۔ جل جانا کہتے ہو۔ لیکن یہ تخریب دراصل ایک بلند مقصد کی حامل ہوا کرتی ہے۔ دیکھو جب تم پودوں کی بالیاں حاصل کر لیتے ہو تو گھانس رہ جاتی ہے جس کو یا تو جانور کھا جاتے ہیں یا وہ سوکھ جاتی ہے (باقی بر صفحہ ۲۳۱)

سہل طریقے پر تمہارے مشن کی کامیابی کے ذرائع بذریعۂ وحی تمہارا رب بتلا دے گا ع ۶ تا ۸ ف ۳

(بقیہ صفحہ ۲۳۰) لیکن اُس کے جواہر یعنے اجزائے ترکیبی فنا نہین ہوتے ۔ خواہ وہ جانور کھا کر گوبر اور لید بن جائے ۔ یا اناج فضلۂ انسانی مین بدل جائے یا زمین ہی مین نمازتِ آفتاب کی وجہ وہ جل کر سیاہ ہو جائے ۔ خواہ کچھ ہی کیون نہ ہو ۔ لیکن بارش یا موسم بہار مین قدرت پھر اس کو سرسبز کر دیتی ہے ۔ اِس حقیقت کو سائینس دان اور علمِ نباتات و جمادات کے ماہرین نے معلوم کیا ہے ۔ جن کے مقالے پڑھنے سے اِس وحی کا منشاء ذہن نشین ہو سکتا ہے نکہ تفسیر کے معمولی سطحی اذکار سے ۔

پس ۔ کہا جا رہا ہے کہ "ہمارے تخلیق ۔ تسویہ ۔ تقدیر اور ہدایت کے مدِنظر تم ہمیشہ دیکھتے رہتے ہو کہ جلی ہوئی گھانس اور ہضم شدہ اشیاء کا فضلہ بھی قانونِ قدرت کے تحت ارتقائی منازل طے کرتا ہے ۔ پھر کیون سمجھتے ہو کہ انسان بلا کسی مقصد کے پیدا کیا گیا ہے ۔ اور اس کا مستقبل تاریک ہے ۔ اور وہ مرنے کے بعد فنا ہو جائے گا ۔ تمہارا ایسا تصور بے معنے اور لغو ہے ۔ یاد رکھو کہ تم کو بعثت بعد الموت کے مدارج اسی طرح طے کرنا ہے جیسا کہ تم زمین کی پیداوار کو دیکھتے رہتے ہو" ۔

ف ۳ ۔ میرا فکر :۔ ان آیات کا مفہوم میری سمجھ مین یہ آ رہا ہے کہ وحیِ الٰہی محمد عربی صلعم کو اس بات سے مطمئن کر رہی ہے کہ :۔ دیکھو ! جس طرح ہر چیز مین تسویہ ۔ تقدیر ۔ اور ہدایت کے سامان تخلیق کے ساتھ ہی مہیا کئے جاتے ہین اُسی طرح جب تم کو رسالت کے لئے قدرت نے منتخب کر لیا ہے تو تم کو ہدایت کے اعلیٰ درجہ یعنے وحی کے ذریعہ سب کچھ بتلایا جا رہا ہے ۔ اگر کبھی تم بتقاضائے بشریت کچھ بھول چوک جاؤ گے تو اس کی اصلاح ذریعۂ وحی کر دیجائیگی ۔ ہان جس بات کو اللہ چاہے گا اس کو تو تم اپنے ذہن سے یقینی فراموش کر جاؤ گے" ۔

انسان مین بھول کی صفت قدرت کا ایک عظیم انعام ہے

یہان پر میرا فکر اس بات کی طرف اشارہ کر رہا ہے کہ بھول انسان کے لئے قدرت کا عطیہ اور ایک نعمتِ عظمیٰ ہے ۔ اگر انسان مین بھول کی صفت نہ ہوتی تو اس کی قوتِ فکریہ کے مدِنظر اس کی زندگی محال تھی ۔ کیون ؟ انسان بھول جاتا ہے کہ جب اُس کے پیر مین کانٹا چبھا تھا تو وہ کس کرب و بے چینی مین مبتلا ہوا تھا ۔ مان اپنے لختِ جگر کی موت کو بھول جاتی ہے ۔ اگر وہ نہ بھولے تو اس کی زندگی دشوار ہو جائے ۔ اس طرح ہر بات راحت یا رنج کی ذہنِ انسانی سے محو ہو جاتی ہے ۔ اس کے برخلاف ایک ضعیف العمر انسان کو اپنے بچپن کا کوئی واقعہ ازبر رہتا ہے ۔ در آن حالیکہ اس کا حافظہ زیادتیِ عمر کی وجہ سے انتہائی کمزور ہو جاتا ہے ۔ اگر بھول انسان مین نہ ہو تو غور کیجئے کہ اس کی زندگی کس طرح آگے بڑھ سکتی ہے ۔ ظاہر ہے کہ قدرت ضرورت کی چیز کو حافظہ مین محفوظ رکھتی ہے ۔ اور جس چیز کو حافظہ مین رکھنا مفادِ انسانیت کے لئے مضر ہو اس کو حافظۂ انسانی سے محو کر دیا جاتا ہے ۔ اگر باقی بھی رہتا ہے تو ایک موہوم سا خیال ۔ آپ نہین بتلا سکتے کہ ایک روز قبل آپ نے دستر خوان پر کیا کیا کھایا تھا ۔ ایک تو ہی حافظہ والے سے دو روز گذشتہ کا روزنامچہ (۲۴) گھنٹے کا من و عن لکھنے کے لئے کہئے تو یقیناً وہ بیسیون باتون کو فراموش کر چکا ہوگا ۔ اگر ہم اس بھول کیطرف اس وحی کے اشارہ کو سمجھین تو وہ پیچیدگیان دور ہو جاتی ہین جو آیات اللہ کے (باقی بر صفحہ ۲۳۲)

اے محمد! تم سے جہان تک ہو سکے نصیحت کرتے چلے جاؤ ع۹ اور یاد رکھو کہ تمہاری نصیحت تو وہی قبول کرے گا جو خدا کے احکام کی نافرمانیون کے نتایج سے خوف کرتا ہو ع۱۰ اور جس کے قلب مین صفائی موجود ہو۔ اور جو محض اندھی تقلید کی وجہ اپنی فکر کو غلامی کی زنجیرون مین جکڑ رکھا ہے۔ اور اپنے قلبِ سلیم یعنے غور و فکر کو اندھا بنا چکا ہے۔ اور باپ دادا کے رسم و رواج پر اندھا دھند چلا جا رہا ہے۔ ایسے بدقسمت تو عذابِ جہنم کے لئے ہی مختص ہو چکے ہین جہان پر نہ تو وہ مرین گے اور نہ ہی ان کی زندگی زندگی مین شمار ہو گی ع۱۱ تا ۱۳ ف۴

(بقیہ صفحہ ۲۳۱) ناسخ و منسوخ ہونے پر مختلف تفاسیر پیش کرتے ہین۔ میرا فکر آیات اللہ کے منسوخی کی طرف مائل

ناسخ و منسوخ آیاتِ قرآنی نہین ہے۔ جب کہ عام عقاید کے لحاظ سے قرآنِ حکیم کی ہر آیت کو قیامت تک کے لئے نافذ سمجھا جاتا ہے۔ اور کہا جاتا ہے کہ جس قدر قرآن نازل ہوا وہ من و عن ہمارے سامنے مکمل موجود ہے اور اس کا ہر لفظ محفوظ رکھنے کا وعدۂ قرآنی موجود ہے تو پھر اس کے بعض جملون کو منسوخ سمجھنا ایک بے معنے بات ہو گی۔ ہان۔ آیات اللہ کے معنے کلمات قرآنی سے ہٹ کر آیاتِ کاینات کے لئے جائین جن مین سنت اللہ کے تحت تغیر۔ تبدل ہوتا رہتا ہے تو کوئی بات قابلِ اعتراض نہین رہتی۔

آیۃ۔ کے معنے ہین نشان۔ ثبوت۔ دلیل۔ معجزہ۔ حکم۔ عبرت ——— پس قرآن نے اسی مفہوم مین آیات اللہ کا لفظ استعمال فرمایا ہے۔

صبر کی حقیقت ایک بات یاد داشت مین رکھیئے کہ صبر کے معنے ہمت و استقلال کے ساتھ کسی بھی تکلیف اور مصیبت کو برداشت کرنے کے ہین۔ لیکن غور کیجئے کہ فطرتِ انسانی کسی بھی تکلیف اور مصیبت کو بتدریج فراموش کر دیتی ہے کسی مصیبت و تکلیف یا پریشانی مین فکرِ انسانی کے تعطل اور سراسیمگی کے بجائے استقلال و ہمت کو کام مین لاتے ہوئے اور سختیون کو برداشت کر کے سہج سہج آگے بڑھنے کی کوشش کرنے کا نام صبر ہے۔ اگر تم اپنی مصیبت و تکلیفون اور دشواریون کو بھول کر ہمت و استقلال اور پامردی سے حصولِ مقصد کے لئے آگے بڑھو گے تو فتح و نصرت اور کامیابی و کامرانی تمہارے قدم چومنے کیلئے تیار ہے۔ برخلاف اسکے تم پست ہمت ہو کر مصیبت اور تکلیف کا توحہ پڑھتے بیٹھے رہو۔ اور پست ہمتی و لاچاری مین پڑ جاؤ تو یقیناً ایک وقت معین پر تم سب باتون کو فطرتِ انسانی کے تحت بھول ہی جاؤ گے اور فطری صبر تم کو مل ہی جائیگا۔ لیکن یہ بات تم کو کوئی فایدہ نہ دے گی۔ پس یہ صبر کے معنے بھی بلحاظ نتایج بھول ہی کے لیئے پر مجبور ہون۔ ایک اور بات بھی قابلِ یاد داشت ہے کہ آیۃ کے معنے حکم کے بھی ہین اور ثبوت و دلیل کے بھی۔ اللہ تعالیٰ نے دین تو ایک ہی پسند فرمایا ہے جو اس وقت ہم کو کرۂ زمین کے ہر مذہب مین نظر آتا ہے۔ البتہ شرع و منہاج جدا جدا ہین جو فروعاتِ دین ہین۔ پس جو حکم باقی رکھا گیا ہے وہ تو دین ہے۔ وہ منسوخ نہین ہو سکتا۔ اسلئے کہ سنت اللہ نہین بدلتی۔ البتہ شرع و منہاج کا حالات یقینیات وقت اور زمانہ اور ضروریات کے تحت بدلتے رہنا لازمی ہے بغیر اسکے چارہ نہین۔ قرآن میں حکم اور احکام ہے آیتہ اور اق مین آیکو ملیگا۔ یہان صرف اشارہ کر دیا گیا ہے۔

ف۴۔ میرا فکر:۔ پھر بتلایا جا رہا ہے کہ:۔ اے محمد! تم تو کوئی داروغہ قوم نہین ہو۔ (باقی بر صفحہ ۲۳۳)

اے انسان! یہ تو کھلی بات ہے کہ جس نے بھلائی اور ہدایت حاصل کرکے اپنے کو سنوار لینے کا ارادہ کر لیا وہ یقینی سنور جاتا ہے ۱۴ اور وہ اپنے رب کا نام لیتا رہتا ہے اور "صلّی" بھی کرتے ہین ۱۵ مگر لوگ عام طور پر تو دُنیا کی زندگی ہی مین مگن رہتے ہین اور آخرت کی بہترین اور تابناک زندگی سے لاپروائی برتتے ہین ۱۶ و ۱۷ ف اے مخاطبین! دیکھو اس قرآن کے ذریعہ جو کچھ نصیحت تم کو کی جارہی ہے وہ کوئی انوکھی اور نئی بات نہین ہے۔

(بقیہ صفحہ ۲۳۲) تمہاری حیثیت تو صرف ایک پیغام رسان کی ہے نصیحت کے سُننے والے مانین یا نہ مانین۔ تم کو اس فکر کی ضرورت نہین۔ تمہارا فرض تو اسی قدر ہے کہ تالیفِ قلوب اور سنجیدگی کے ساتھ ہماری نصیحت مخاطبینِ وحی کو سُناتے چلے جاؤ۔

نصیحت کو کون قبول کرتا ہے؟

دیکھو! سچائی اور حق اور اچھی نصیحت کو تو وہی لوگ سُنین گے جن کے قلوب تقلیدِ جامد سے پاک ہون۔ اور غور و فکر کے لئے ان کی نظر اور کان کھلے ہوئے ہون۔ لیکن جن کے قلوب اندھی تقلید سے زنگ آلود ہو چکے ہین اور وہ ظنی و ذہنی عقاید بے سندی مین مگن ہین اور اپنے باپ دادا ؤن کے ریت درواج ہی پر دُنیا اور آخرت کی نجات سمجھتے ہین۔ ان کے لئے تو ہمارا یہ تذکرہ یعنے نصیحت قطعاً کارگر نہ ہوگی۔ وہ تو ایسی راہ پر ہین جس کی آخری منزل نامُرادی و ناکامی کے سوائے کچھ نہین۔ جب وہ قعرِ مذلت مین گرین گے تو تکالیف جسمانی و روحانی سے تنگ آکر موت کو پکارین گے۔ لیکن نہ تو ان کو موت ہی آئے گی اور نہ ان کے مصائب مین کچھ کمی ہوگی۔ بہ قول شاعر کے:

مرتے ہین آرزو مین مرنے کی ۔ موت آتی ہے پر نہین آتی

جب ذِلّت اور مسکنت کسی قوم یا فرد پر قدرت لیپ دیتی ہے تو اُن کی ایسی ہی حالت ہو جاتی ہے۔

ف ۵ ۔ میرا فکر: ۔ پھر اس بات کو مخاطبین کے ذہن نشین کیا جارہا ہے کہ جن انسانون مین غور و فکر کا مادّہ ہوتا ہے وہ حق بات کو مان کر اپنی اصلاح آپ کر لینے کی طرف مایل ہو جاتے ہین۔ وہ یہ نہین دیکھتے کہ اُن کے باپ دادا ؤن کا طور طریق کیا تھا۔ وہ سمجھتے ہین کہ ان کے باپ دادا کے زمانے کے حالات کے مدِ نظر انھون نے جو کچھ کیا کیا ہوگا ہم کو ہمارے زمانے کے حالات کے مدِ نظر اپنا فرض ادا کرنا ہوگا۔ ایسے صاحبانِ غور و فکر کی تلاش کی جارہی ہے۔ اور بتلایا جارہا ہے کہ بلا شبہ یہی راستہ کامیابی و کامرانی کا ہے۔ پس انسان کو دنیا یا زمانہ حال کی زندگی ہی مین مگن نہ رہنا چاہیئے۔ ایسا تصور جمود پیدا کر دیتا ہے اور انسانی ترقی رُک جاتی ہے جس کا نتیجہ سوائے تباہی کے کچھ نہین۔ بلکہ انسان کو اپنا مستقبل یعنے آخرت درخشان اور بلند و بالا بنانے کی فکر رہنی چاہیئے کہ انسان کی تخلیق کا منشاء پورا ہو کر رہے۔ تم کو معلوم ہے کہ جمود کی وجہ سے کیسی بڑی بڑی قومین فنا ہو گئین۔ لہذا جو لوگ نصیحت کو قبول کر کے اپنی اصلاح کی طرف پوری قوت ارادی کے ساتھ قدم بڑھاتے ہین اور ہر وقت اپنے رب کے انعامات و برکات کے تصور مین اپنی تخلیق۔ تسویہ۔ تقدیر اور ہدایت کو کما حقہٗ (باقی بر صفحہ ۲۳۴)

یہ تو وہی نصائح ہیں جو تمہارے جد ابراہیم کے صحایف میں تھے۔ اور موسیٰ کے صحف میں لکھے ہوئے ہیں (یہی نہیں بلکہ تمام کرۂ زمین کے قوموں کی مقدس کتابوں میں بھی یہی لکھا ہوا ہے۔ پھر تم کو اچھنبا کیوں معلوم ہوتا ہے) ۱۸ و ۱۹ ف ۶ ع۔

(بقیہ صفحہ ۲۳۳) کام میں لاتے رہتے ہیں ــ دُنیا یعنے حال کی زندگی کو غنیمت سمجھ کر مستقبل کے مدارج ترقی کو نظر انداز کر دینا اور لاپروائی برتنا منشاء تخلیق انسانیت کے سراسر خلاف ہے۔ دراصل آخرت یعنے مستقبل ہی کی زندگی کو درخشاں کرنے میں منشاء تخلیق انسانی ہے۔

"صلی" کے لغوی و محاورے کے معنے آپ کو وحی نمبر (۲۲) الکوثر میں ملیں گے۔

ف ۶۔ میرا فکر:ــ دیکھئے دین فطرت کی یکسانی کو اس ابتدائی زمانے ہی کی وحی میں واضح کیا جارہا ہے کہ دین فطرت ایک ہی ہے جو کرۂ زمین کے تمام مذہبوں میں مشترک نظر آتا ہے۔ سب مقدس کتابوں میں چاہے وہ وید ہو یا ژند اوستا ہو یا بھگوت گیتا۔ یا توراۃ ہو یا انجیل۔ سب ہی میں تم کو ایک ہی قسم کی بنیادی تعلیم نظر آئے گی کہ انسان کو ایک زبردست ہستی نے پیدا کیا ہے۔ اور اس کو یوں ہی نہیں پیدا کر دیا بلکہ تمام خوبیوں سے آراستہ کر کے ایک اچھے اندازے و حساب سے اس کو بنایا۔ اور پھر اس کو قوت فکر دی۔ جس سے وہ اچھے بُرے کی تمیز کر سکتا ہے اور اچھی راہ پر چلنے کے لئے اس کو یعنے اس کی فکر کو ہدایت بھی قدرت سے ملتی رہتی ہے۔ ایسی حالت میں انسان کو چاہیئے کہ وہ اپنے مستقبل کو سنوارنے کی کوشش میں رات دن لگا رہے۔ اپنے کردار کو اور اپنی قوم کے کردار کو درست رکھ کر اجتماعی قوت کے ساتھ اللہ کے انعامات سے زیادہ سے زیادہ خود اور اپنی قوم کو بلکہ تمام انسانیت کو امن اور سلامتی کا پیغام پہنچانے۔ ظلم اور غلامی کا انسداد کرنے۔ علم کو عام کرنے۔ پسماندگان کو سہارا دینے۔ مجبور و معذور۔ فاقہ کشوں اور بھوکوں کی مدد کرنے میں دریغ نہ کرے۔ حال کی زندگی پر حصر نہ کرے۔ مستقبل کو کامیاب بنانے کی کوشش میں لگا رہے۔ اپنے فرض کو فرض جانکر پورا کرے۔ اور اپنے سرمایہ کو قوم و ملت کے لئے افراد کو سہارا دینے اور بھوکوں کو کھلانے۔ ننگوں کو پہنانے اور غلامی سے قوم و افراد کو آزادی دلانے میں صرف کرے۔ ایثار اور قربانی۔ جد و جہد میں برائے حصول انعامات الٰہی زمانۂ حال و مستقبل (یعنے اس زندگی میں اور اس زندگی کے بعد دوسری زندگی میں جسکو آخرت کہا جاتا ہے) کیلئے سعی پیہم اور عمل صالح کی نصیحت نظر آئے گی۔ کسی مقدس کتاب میں یا کسی معمولی عقل و فکر کے انسان کی تحریر یا تقریر میں جھوٹ۔ ظلم۔ ناانصافی۔ بندگان خدا۔ یا مخلوق خدا کو تکلیف دینے اور خود غرضی و نفس پرستی کو اچھا۔ اور نیکیوں کو بُرا بتایا جاتا نظر نہ آئے گا۔ پس یہی اصل دین ہے۔ یہی دین۔ دین الٰہی اور خدا کے سچے دین کی جڑ بن ہیں۔

۲۳۵

اس وحی میں صحف ابراہیمؑ و موسیٰؑ کا بھی ذکر آیا ہے۔ اس لئے حضرت ابراہیمؑ کا مختصر ذکر (باقی بر صفحہ)

آج بھی دین فطرت تمام کرۂ زمین کے مذاہب میں مشترک ہے

(بقیہ صفحہ ۲۳۴) ضروری معلوم ہوتا ہے تاکہ تعلیم قرآنِ حکیم میں آپ کا فکر آسانی سے نتائج اخذ کر سکے :۔

ذکر سیدنا ابراہیم علیہ السلام و صحف ابراہیم و موسیٰ علیہم السلام

حضرت سیدنا ابراہیم علیہ السلام کا نام بسلسلۂ صحفِ ابراہیمؑ وحیِ الٰہی میں پہلی مرتبہ آیا ہے ۔۔۔ چونکہ قرآنِ حکیم کی تعلیم دینِ ابراہیمؑ اور صحفِ ابراہیمؑ ۔ و نیز کعبۂ ابراہیمی و نسلِ ابراہیمی کے اطراف گھوم رہی ہے اس لئے ضروری ہے کہ حضرت سیدنا ابراہیم کی مختصر سی تاریخ بتلا دی جائے تاکہ واقعات و نظریاتِ قرآنِ حکیم کے فکر و فہم میں آسانی ہو ۔۔۔

اولاً اس بات کو ذہن میں جگہ دیجئے کہ نوحؑ کی کشتی میں جو مصدقین سوار تھے اور طوفان سے وہ جانبر ہو چکے تھے ان کی نسلیں بھی تو دنیا میں پھیلی ہوں گی ۔۔ اور عروج و زوال کے منازل طے کی ہوں گی ۔ ایسی حالت میں نوحؑ کو آدمِ ثانی کہنا ۔ اور آدمِ اوّل کے بعد تمام دنیا میں ان کی نسل کا تصوّر ایک بے معنے بات ہے (اس خصوص میں میرا فکر تاریخِ نوحؑ کے سلسلہ میں بہ وضاحت پیش کیا جائے گا) رسولوں کی نسلی اور نسبی اولاد نہیں بلکہ ان کی روحانی اور تعلیمی اولاد قرآن سے ثابت ہے ۔ اس لئے مصدقین نوحؑ کی اولاد کا اولادِ نوحؑ تصور کیا جانا حق بجانب ہوگا ۔

توراۃ سے پتہ چلتا ہے کہ سیدنا ابراہیمؑ نسلِ نوحؑ کی آٹھویں پشت سے بہ مقام "اُر" سرزمینِ عراق میں ۲۰۶۸ سنہ قبل مسیحؑ پیدا ہوئے تھے جن کے والد کا نام "تارح" تھا ۔ تارح نے اپنے لڑکے کا نام "اب رام"[عہ] رکھا ۔ جس کے معنے باعظمت باپ کے ہوتے تھے ۔ شہر "اُر" وہ مقام تھا جس کو بعد میں شمالاً وہ اور خالدیہ سے نامزد کیا گیا جو بصرہ اور کوفہ کے درمیان آج بھی ایک مختصر سا شہر ہے ۔ یہ شہر اُر دو ہزار سال قبل مسیحؑ (غالباً عاد و ثمود کے زمانے میں) ایک مرکزی و تجارتی اور صنعتی شہر تھا جس کے کاروبار دُور دُور تک پھیلے ہوئے تھے ۔ اس ملک کے تاجدار کا لقب "ارنمو" تھا (جس کو بزبانِ عربی نمرود کہا جاتا ہے) قوم اپنے ہر بادشاہ کو خدا کا اوتار مانتی تھی[عہ] اس قوم کا مذہب تجسم پرستی تھا ہر بلند مرتبت انسان کی موت کے بعد اس کا بُت بنا کر اس کو معبود یعنے قابلِ پرستش قرار دیا جاتا تھا ۔ علاوہ ازیں آسمان کے جگمگاتے ستاروں اور سیاروں کی پرستش کی جاتی تھی ۔ ہر شہر کا ایک خداوند خدا بھی ہوتا تھا جس کے ماتحت معبود انتظامِ کائنات میں خود مختار سمجھے جاتے تھے ۔ پایہ تخت "اُر" کے (باقی بر صفحہ ۲۳۶)

عہ لفظِ "رام" سُریانی زبان کا ہے ۔ غالباً بزبان سریانی خُدا کے مقدس نامون سے ہوگا ۔ اسی لئے "تارح" نے یہ نام اپنے فرزند کا رکھا ۔ غور کیجئے کہ راجہ "دشرتھ" نے جو نام اپنے فرزند کا رکھا ۔ وہ بھی "رام" ہی سے مشتق "رام چندر" تھا ۔ چونکہ "تارح" بھی سامی النسل تھے اور "دشرتھ" بھی ۔ وسطِ ایشیا سے ہندوستان میں جو آریہ داخل ہوئے ان کے سامی النسل ہونے میں کوئی کلام نہیں ہو سکتا ۔ ایسی حالت میں مقامِ "اُر" اور "آریہ" اور لفظِ "رام" صاحبانِ فکر کے لئے ضیافتِ طبع کا سامان ہے ۔

عہ قومِ عاد و ثمود کی تاریخ کو بھی پیشِ نظر رکھئے جو اسی سلسلے کی کڑیاں ہیں ۔

(بقیہ صفحہ ۲۳۵) خداوند خدا۔ "ننار" اور "شماش" تھے۔ جن کے شاندار معابد فلک بوس پہاڑوں پر نظر آتے تھے۔ بہرحال قدیم تاریخ کے متلاشیوں نے سلطنتِ اُر کے معبودوں کی تعداد آثارِ قدیمہ کے لحاظ سے پانچ ہزار تک بتلائی ہے۔ اس ملک کے باشندے تین درجوں میں تقسیم تھے:۔

(۱) اونچے طبقہ والے۔ پنڈت۔ پروہیت۔ اُمراء۔ وزراء۔ اور اعلیٰ افسر کو "عمیلو" کہا جاتا تھا۔ جن کے متعلقین بھی "عمیلو" ہی کہلاتے تھے (جیسے ہندوؤں میں برہمن اور چھتری)۔

(۲) جو طبقات تجارت۔ زراعت۔ صنعت و حرفت کرتے ان کو "مشکینو" کہا جاتا تھا (جو ماتحل ویش کے)۔

(۳) غلاموں اور محنت مزدوری کرنے والوں کو "اَرْدُو" کہا جاتا تھا (گویا ہندوستان کے "شودر" کے ہم معنیٰ)۔

محققینِ آثارِ قدیمہ کا اندازہ ہے کہ شہرِ اُر کی آبادی دو ہزار سال قبلِ مسیحؑ تین چار لاکھ کے درمیان ہوگی۔ اور یہ بھی کہا جاتا ہے کہ اُر کا شاہی خاندان سامی النسل تھا۔ ظاہر ہے کہ "ننار" اور "شماش" کے پروہیت بھی سامی النسل ہوں گے۔ لہٰذا "اب رام" کے شاہی خاندان اُر سے ہونے میں بہت کم شبہ رہتا ہے۔

"ابرام" نے جب اپنی فکرِ خداداد کو کام میں لاتے ہوئے اپنے قومی معبودوں کے متعلق غور کیا کہ یہ کون۔ کیوں۔ اور کیسے معبود ہیں تو ان کی عقلِ سلیم نے ان کو بتایا کہ یہ سب فانی اور بے اختیار محض ہیں اور اس عظیم الشان کائنات کا انتظام مختلف اور فانی قوتوں کے اختیار میں نہیں ہے۔ ان کی عقل و خرد نے انکے لئے راہِ ہدایت کھول دی اور وہ اپنے آبائی دین سے منحرف ہوگئے اور ایک مدبرِ کائنات "محیطِ کل" لافانی پردۂ غیب میں پنہاں قوت کے تصور میں ڈوب گئے۔ اور بے اختیار ان کی زبان پر یہ الفاظ جاری ہوگئے کہ:۔

"میں تو اپنے فکر کو ایک ایسی بے ہمتا ذات کی طرف پھیر رہا ہوں جو کائنات کی خالق ہے۔ اس طرح میں آزادیِ فکر کے ساتھ تنِ تنہا اپنی قوم کے عقایدِ باطلہ سے برگشتہ ہو کر صرف ایک منزّہ ذات کی طرف متوجہ ہو رہا ہوں۔ لہٰذا قومی اور آبائی مذہب کے معبودوں سے اور تقلیدِ جامد سے مجھ کو کوئی تعلق نہیں۔"

اس طرح "ابرام" کا عقیدہ تجسم سے ہٹ کر تنزیہ کی طرف یقینِ کامل کے ساتھ جم گیا۔ اس کے ساتھ ہی قوم ان کی آزادیِ فکر کے صلہ میں ان کو ملحد۔ باغی۔ غدار۔ کافر۔ ناخلف۔ گستاخ۔ بے دین۔ باپ دادا کے قدیم دین کو چھوڑ کر ابتر شخص قرار دینے پر مجبور ہوگئی اور ان کے اس جرم کی سزا آگ میں زندہ جلانے قرار دی گئی[عہ]۔ آگ تیار ہوئی۔ لیکن قدرت نے شاہ نمرود اور قوم کی تیار کی ہوئی شعلہ فگن آگِ مخالفت کو ابرام کے لئے گلزار بنا دیا:۔ "یانارُ کونی بردًا و سلامًا علیٰ ابراھیم" اور یہ معبودانِ باطل و تقلیدِ جامد کا منکر ایک ذاتِ واحد تعالیٰ شانہٗ کا پرستار (باقی بر صفحہ ۲۳۷)

عہ کیا اس زمانے میں بھی ہر مذہب کے پیرو اپنے مذہب کے ایسے ملزم و مرتد کو اسکی آزادیِ فکر کی سزا میں ہر قسم کی ایذا رسانی و مخالفت کو باعثِ خوشنودیِ خدا اور خدمتِ مذہب نہیں سمجھتے؟ پھر ہم گزشتہ قوموں کو کیوں لعنت و ملامت کریں جب کہ ہم خود اُن کی سُنت پر ہیں۔

(بقیہ صفحہ ۲۳۶) اپنی بیوی "سری" اور اپنے بھتیجے لوطؑ کے ساتھ اپنے وطن سے ہجرت کر گیا۔ گذشتہ اوراق میں کسی جگہ اس حقیقت کو واضح کر دیا گیا ہے کہ آزادیٔ فکر خداداد کو دوسروں تک پہنچانے کے لئے اپنی جان بچا کر ہجرت کرنا ایک بہت بڑے مقصد کا حامل اور اولوالعزمی کا مظاہرہ اخلاقی اقدار کی بلندی ہے جس کی تقلید ارسطو کو کرنی پڑی۔ اور خود آنحضرت صلعم نے اس سنتِ ابراہیمی کو دو ہزار سال بعد زندہ کیا۔ نقشۂ مندرجۂ ذیل سے ہجرت کے نقوش آپ کے سامنے نمایاں ہوں گے۔



نقشہ سے آپ کو معلوم ہوگا کہ "اب رامؑ" جب اپنے وطن سے مخالفت کے بہتم سے بچکر نکلے تو (باقی بر صفحہ ۲۳۸)

عہ "اب رامؑ" اور "پرلھاد" ایک دوسرے کے مماثل ہیں۔ اہلِ ہنود کے پاس ہولی کی عید پرلھاد کی توحید پرستی کی یادگار میں منائی جاتی ہے۔ یہ عجیب بات ہے کہ مقصدِ توحید کی یادگار منانے والے دونوں فریق اصلی حقیقت کو پسِ پشت ڈال کر ایک دوسرے سے نبرد آزما ہیں۔

(بقیہ صفحہ ۲۳۷) بابل کی طرف کوچ کیا۔ پھر وہاں سے حاران پہنچے۔ پھر کنعان و بیت ایل سے ہوتے ہوئے بیر سبع میں ٹھیرے اور وہاں سے مصر میں داخل ہوئے۔ کیونکہ عراق کے بعد مصر کا تمدن اور تہذیب قابلِ سکونت تھا۔ اور یہاں کا فرمانروا اس وقت غالباً سامی النسل ہی ہوگا جیسا کہ قومِ عاد کی تاریخ میں میرا فکر ظاہر ہو چکا ہے۔ مصر میں ایک عرصہ تک قیام کے بعد جب دوسرا سفر آغاز ہوا تو ہمراہ سفر "ہاجرہ" باندی آپ کے ساتھ تھیں۔ یہ قافلہ بیر سبع سے ہو کر بیت ایل میں ٹھیرا۔ یہاں پر ہاجرہ حاملہ ہوئیں۔ جس کے بعد انھیں عرب کے جنوبی صحرا میں پہنچا دیا گیا۔ جہاں پر ان کے بطن سے "اسمٰعیلؑ" پیدا ہوئے۔

ہاجرہ اپنے فرزند کو لے کر ابراہیمؑ کے پاس آئیں۔ لیکن سوکنوں میں ان بن ہو گئی تو اب رامؑ اسمٰعیلؑ یعنے اسماعیلؑ اور ہاجرہ کو لے کر سرزمینِ حجاز میں پہنچے اور وہاں پر ایک عبادت گاہ کعبہ بشراکت اسماعیلؑ تعمیر کر کے ماں اور بیٹے کو وہاں چھوڑ دیا۔ اور خود مقامِ لوطؑ کی طرف لوٹ آئے۔ کیونکہ لوطؑ نے اردن کی سرسبز و شاداب زمین کو اپنا مسکن بنا لیا تھا۔ اس علاقہ کا نام "سدوم" تھا۔ پھر یہاں سے "حبرون" کی طرف یعنے اپنے مسکن پر پہنچ گئے۔ کیونکہ ابتدائے ہجرت میں جب بیت ایل پر آپؑ ٹھیرے تھے تو اس سرزمین پر آپ کی اولاد کے حکومت کی بشارت آپ کو ملی تھی۔ اسی لئے شام کو ارضِ موعودہ کہا جاتا ہے ــــ حبرون میں قیام کے بعد پھر آپ کو "سری" سے ایک اولاد کی خوشخبری دی گئی اور یہاں پر آپ کا نام بجائے "اب رام" کے "اب راھام" اور "سری" کا نام "سارہ" رکھا گیا اور پیدا ہونے والے لڑکے کا نام "اضحاک" (یعنے ہمیشہ ہنس مکھ رکھنے کا حکم ملا۔ اور اسی سلسلہ میں قومِ لوطؑ پر عذابِ الٰہی کی اطلاع بھی آپ کو دی گئی ــــ بہرحال سیدنا ابراہیمؑ نے اپنی عمر کا آخری حصہ حبرون ہی میں گزارا ــــ کیونکہ یہ سرزمین آپ کی موعودہ تھی۔ "اضحاک" (یعنے اسحاقؑ) کی پیدائش کے بعد جب سارا کا انتقال ہو گیا تو ابراہیمؑ نے "قطورہ" سے عقد کیا جس سے چھ سات اولادیں ہوئیں اور (۱۷۵) سال کی عمر میں سیدنا ابراہیمؑ نے ۱۸۹۳ قبلِ مسیحؑ میں انتقال کیا اور حبرون ہی کی سرزمین میں دفن ہوئے۔

سیدنا ابراہیمؑ کے متعلق مزید واقعات و تفصیلات اپنے اپنے موقع پر بلحاظ سلسلۂ نزولِ وحی پیش کئے جائیں گے ــــ یہاں پر "صحفِ ابراہیمؑ" کا ذکر وحیِ الٰہی میں پہلی مرتبہ آ رہا ہے اس لئے اس کی ابتدائی تاریخ پر روشنی ڈالی جائے گی:ــــ

صحفِ ابراہیمؑ

اس وقت تک "صحفِ نوحؑ" کا پتہ دنیا کو نہیں ملا۔ جس سے معلوم ہوتا کہ انھوں نے اپنی قوم کو وحیِ الٰہی کے ذریعہ کس قسم کا دستورِ حیات پیش کیا تھا ــــ آثارِ قدیمہ کے بعض نقوش پر یہ قیاس غالب قائم ہوتا ہے کہ "صحفِ نوحؑ" کے نقوش ابراہیمؑ پر منعکس ہوئے تھے کیونکہ نوحؑ کے بعد صعودؑ کا زمانہ اور ان کی تعلیم کا ذکر قرآن میں نظر آتا ہے۔ پھر صالحؑ کا ذکر ہے۔ ظاہر ہے کہ ان دونوں قبیلوں نے نوحؑ کی تعلیم کے مبادیات سے استفادہ کیا ہوگا۔ چونکہ تیسری کڑی ابراہیمؑ کی ہے تو وہ تعلیمِ نوحؑ کا عکس ہی ہوگا۔ لیکن اس کا کیا مداوا ہے کہ خود صحفِ ابراہیمؑ کا پتہ نہیں۔ قرآن کی روشنی ہم کو یہ بتلاتی ہے کہ (باقی بر صفحہ ۲۳۹)

(بقیہ صفحہ ۲۳۸) جو تعلیم قرآنِ حکیم کی ہے وہ صحفِ ابراہیمؑ ہی کا عکس ہے۔ اور صحفِ ابراہیمؑ کو معلوم کرنا چاہتے ہو تو صحفِ موسیٰؑ کا مطالعہ کرو ــــ اس وحیِ الٰہی کی روشنی میں ہم اس طرح نتیجہ اخذ کر سکتے ہیں کہ صحفِ نوحؑ جو ہودؑ اور صالحؑ کی تعلیم وہی ہے جو صحفِ موسیٰؑ میں مذکور ہے۔

گذشتہ اوراق میں آپ نے عاد و ثمود کے عروج کی تاریخ دیکھی ہے۔ سمیریا بابل کا متمدن ہونا مستند آثارِ قدیمہ سے ثابت ہے۔ جب سامی نسل حضرتِ نوحؑ سے چلی تھی تو صحفِ نوحؑ کی وہ علمبردار ہوگی۔ جب ہی تو قدرت نے اس کو خلافتِ زمین (وسطِ ایشیا) سے اس کو نوازا تھا۔ پس ہمارے سامنے ایک قدیم کتاب جس کو "قانونِ حمورابی" کہا جاتا ہے کرۂ زمین کا سب سے پہلا مدون قانون۔ یعنے کتاب کی صورت میں نظر آتا ہے۔ یہ "حمورابی" کون تھا؟ بابل کا فرمانروا جس کا اصلی نام "اُمرافیل" تھا۔ اس نے سب سے پہلے انسانیت کے لئے ایک قانون مرتب کیا تھا جس کے نقوش آثارِ قدیمہ کے دساتیر میں موجود ہیں۔ توراۃ اور تاریخِ بنی اسرائیل سے آپ کو معلوم ہوگا کہ اُس توراۃ میں جو زمانۂ نزولِ قرآن حکیم میں اسرائیل کے ہاتھوں میں تھی بابل والوں کے روایات و تصورات اور عقاید داخل تھے۔ ایسی حالت میں قانونِ حمورابی کو ہم صحفِ نوحؑ کی تعلیم قرار دینے میں غلطی کے مرتکب نہیں سمجھے جائیں گے۔

ایک اور بات بھی غور طلب ہے کہ سیدنا ابراہیمؑ نے سمیریا سے ہجرت کی اور مصر۔ عرب اور شام میں اپنی بود و باش اختیار کر لی۔ وہ اپنی قوم کو عراق میں چھوڑ آئے۔ اب ان کی کوئی قوم نہ تھی۔ البتہ نسلِ اسمٰعیلؑ و نسلِ اسحاقؑ سے جو قوم بنی اس پر قوم ابراہیمؑ کا اطلاق ہو سکتا ہے۔ جیسے کہ قوم نوحؑ کے فنا ہو جانے کے بعد اولادِ نوحؑ اور اولادِ مصدقین سے قومیں بنیں وہ اولادِ نوحؑ کہلائیں۔ اب غور کیجئے کہ تقریباً دو ہزار سال جس نسل کو اپنے جدِ اعلیٰ کے وطن سے کوئی تعلق نہ رہا ہو وہ کس طرح اپنے جدِ اعلیٰ یا اپنی قوم کے تعلیمی اقدار سے واقف ہو سکتی ہے۔ پس اولادِ ابراہیمؑ صحفِ نوحؑ سے قطعاً نابلد تھی۔ یہاں تک کہ موسیٰؑ کو دس احکام توراۃ وحیِ الٰہی کے ذریعہ ملے (جو آج بھی توراۃ میں من و عن موجود ہیں) اس وحیِ الٰہی کی روشنی میں موسیٰؑ نے اپنے دین کا قانون بنایا۔

اس سلسلہ میں میرا فکر مجھ کو ویدِ مقدس کی طرف بھی کھینچ رہا ہے جو کرۂ زمین پر سب سے مقدس کتاب مانی جاتی ہے۔ کہا جاتا ہے کہ آریہ قوم نے ہندوستان میں اپنے ساتھ ویدِ مقدس کو لایا تھا۔ اگر ہم "اُر" سے سیدنا ابراہیمؑ کی ہجرت کا زمانہ تلاش کرتے ہیں تو سترہ سو سال قبلِ مسیحؑ کا بتلایا جاتا ہے اور سامی النسل کے خروج کا زمانہ بھی یہی کہا جاتا ہے۔ اور ہندوستان میں آریاؤں کی آمد کا زمانہ بھی یہی بتلایا جاتا ہے۔ پھر سمیریا کے شہر اُر (وطنِ سیدنا ابراہیمؑ) اور لفظِ آریہ پر غور کیا جائے تو یہ سب کڑیاں ایک دوسرے سے ملتی نظر آتی ہیں۔ اگر وید مقدس کو ہم صحفِ نوحؑ کہیں تو کوئی بے تک قیاس نہیں ہو سکتا ــــ لیکن مشکل تو یہ آن پڑی ہے کہ (باقی بر صفحہ ۲۴۰)

ــــ یہاں پر اصلی کتاب میں تحریف ہو جانے کی وجہ وید مقدس سے انکار ایک بے معنے بات ہوگی جب کہ توراۃ اور انجیل کے محرف ہو جانے کا یقین کامل رکھتے ہوئے بھی حاملینِ قرآن موجودہ توراۃ اور انجیل کو مقدس مانتے ہیں۔ اسی طرح وہ ویدِ مقدس کا بھی احترام کریں خصوصاً جب کہ اصلی وید مقدس کی بنیادی تعلیم بت پرستی کی نہیں نظر آتی بلکہ توحید کی موجود اس میں نمایاں ہے۔

(بقیہ صفحہ ۲۳۹) ہماری تنگ نظری۔ اندھی تقلید۔ اور فکر و فہم کا اندھا پن ہم کو آزادیٔ فکر کے ساتھ شرح صدر حاصل کرنے میں مانع و مزاحم ہے۔ بہر حال یہ تو مسلمات سے ہے کہ دنیا کی مقدس کتابوں میں سب سے قدیم کتاب "وید" مانی جاتی ہے تو سب سے آخری وحیٔ الٰہی کا ایڈیشن "قرآنِ حکیم" ہے۔ اس چودہ سو برس میں کسی ملک یا قوم نے کوئی الہامی قانون دنیا کے سامنے پیش نہیں کیا۔ پھر وہ تو کرۂ زمین کے ہر قوم کے مامور من اللہ مصلح اور اس کے الہامی کتاب کا مصدق بھی ہے۔ نہ صرف خود مصدق ہے بلکہ اپنے پیروؤں سے بھی اس کی تصدیق کا میثاق لیتا ہے۔ پھر اس کا دعویٰ بھی یہ ہے کہ اس کی تعلیم کوئی انوکھی نہیں۔ اچھوت نہیں اور نہ عجائب و غرائب کے باعث ناقابلِ فہم ہے۔ بلکہ وہ فطرتِ انسانی کے عین موافق اور صحفِ نوح۔ صحفِ ابراہیمؑ اور صحفِ موسیٰؑ ہی کے اقدار کو نمایاں کرنے والی ہے۔

حاصلِ فکر یہ کہ:۔ اس وحی یعنے آیات (۱۸ و ۱۹) میں مخاطبین وحی سے کہا جا رہا ہے کہ:۔ محمدِ عربی (صلعم) تم کو دینِ ابراہیمؑ ہی کی تعلیم دے رہے ہیں۔ (دینِ ابراہیم دراصل دینِ موسیٰ ہے) تاکہ تم بھی خلافتِ زمین کی صلاحیت پیدا کر لو۔ جیسے کہ بنی اسحاق نے حاصل کی تھی۔ کیونکہ تم بھی تو بنی ابراہیم ہی ہو۔ تم کو میراثِ ابراہیم کی تمنا عرصہ سے تھی اور نسلِ اسمٰعیل سے ہونے کی وجہ اہلِ قریش کو ناز بھی ہے ایسی حالت میں اگر حقیقت کو نظر انداز کر کے تم اندھی تقلید کے غلام بنے رہو گے اور اپنے رہبر و رہنما۔ مامور من اللہ کی تعلیمات سے روگردانی کرتے ہوئے "سُنّتِ اولین" (یعنے اُن قوموں کے طریقے پر جنھوں نے اپنے مامور من اللہ کو جھٹلایا اور ان کو ایذا دی) پر چلو گے تو یاد رکھو کہ تم اپنی جدّی میراث کو کھو دو گے اور دوسرے اس کو حاصل کر لیں گے۔ لہٰذا اس کھلی نصیحت کو سوچو۔ سمجھو۔ اور اس پر غور و تدبر سے عمل پیرا ہو جاؤ"۔

یہ ہے اس وحی کی اساس جو اتحادِ بین الملل و ادیانِ عالم کی صداقتوں کو ان دو چھوٹے بولوں میں بتلا کر قرآن ازم کے عالمگیر ہونے اور امن و سلامتی کے قایم کرنے والے دینِ الٰہی ہونے کا ثبوت پیش کر رہی ہے۔ باوجود اس کے اگر حاملینِ قرآن عمداً حقیقت سے چشم پوشی کر رہے ہیں تو ظاہر ہے کہ مسیح منیر کس طرح ان کو کتابِ حکمت و فراست سے روشنی پہنچا سکتا ہے؟۔ یہ قول کسی شاعر کے ہے

کہہ سکے کون کہ یہ جلوہ گری کس کی ہے ۔ پردے اتنے ہیں پڑے اس پہ اٹھائے نہ بنے

نام سورہ **الکوثر** تعداد آیات (۳) تعداد رکوع (۱) شمارۂ ترتیب موجودہ (۱۰۸) پارہ (۳۰)
شمارۂ ترتیب نزولِ وحی بلحاظ تحقیق علامہ محمد اجمل خان (۲۲) زمانۂ نزول دورِ دوم مدینہ ۶۱۷ء
اس سورۃ کے سلسلۂ نزول سے متعلق جن محققین نے جو شمارہ اپنی تحقیق مین قرار دیا ہے نقشۂ ذیل سے اسکی صراحت معلوم ہوگی۔

نام محققین	[illegible]	[illegible]	[illegible]	[illegible]	[illegible]	[illegible]	[illegible]	[illegible]	[illegible]	[illegible]	[illegible]
شمارہ بلحاظ ترتیب نزولِ وحی	۱۴۰	۱۴	۱۴	۱۵	۱۸	۵	۱۲	۱۰	۳۵	۹۶	۱۵

توضیحات

شمارہ الحاقی آیات	کون مخاطب ہے یا کونسی مثال ہے	احکام و شریعت و منہاج	میرے فکر و نظر کے موضوعات			
			موضوع	صفحہ	موضوع	صفحہ
	محمد عربی صلعم	×	۱۔ کوثر ؟	ف۱	۸۔ مسلمانون کی عید قربان کا قربانی۔	ف۱
			۲۔ صلاۃ ؟	ف۱	۹۔ ہندوؤن اور یہودیون کی قربانی۔	ف۱
			۳۔ نحر۔ یعنے قربانی۔	ف۱	۱۰۔ ابتر کی حقیقت۔	ف۱
			۴۔ قربانی کی تاریخ۔	ف۱	۱۱۔ آنحضرت صلعم کیا برہمن خاندان سے تھے ؟	ف۲
			۵۔ ہندوؤن کی قربانی۔	ف	۱۲۔ حضرت ابراہیم علیہ السلام پروہت خاندان سے تھے۔	ف۲
			۶۔ لڑکون اور لڑکیون کی انسانی قربانی۔	ف۱		
			۷۔ بیسوین صدی مین ایک مسلمان کا اپنے لڑکے کو حکمِ خدا کے تصور مین ذبح کر دینا	ف۱		

بسم اللہ الرحمٰن الرحیم

اے محمد! اللہ نے تم کو الکوثر عطا کیا ہے ف۱ پس تم کو چاہیئے صلاۃ ونحر اپنے رب کیلئے کرتے رہو ف۲

ف۱۔ میرا فکر:۔ کوثر کے معنے خیر کثیر کے ہین۔ بہت سی نیکیان اور بھلائیان ایک جگہ جمع ہو جانیکو کوثر! محاورۂ عرب مین کوثر کہا جاتا تھا۔ یعنے اچھائیون کا منبع۔ جیسا کہ ہم (باقی بر صفحہ ۲۴۲)

تم کو جو لوگ طنزاً ابتر کہتے ہیں یقیناً وہی ابتر ہوں گے ۳

(بقیہ صفحہ ۲۴۱) کہتے ہیں کہ "یہ تو مجسمۂ خیر ہے" یا "یہ تو فرشتہ" ہے۔ یعنے سوائے خیر کے اس میں کوئی شر نہیں ہے۔ پس کہا جا رہا ہے کہ: "اے محمد! تیرے رب نے تجھ کو خیر کثیر والا بنایا ہے۔ یعنے اوصاف پاکیزہ والا۔ پس تم کو چاہیئے کہ وصف مقصدِ تخلیق بلکہ مقصدِ رسالت کو پورا کرنے کے لئے ادائی فرائض میں کوتاہی نہ کرو۔ بلکہ فَصَلِّ لِرَبِّكَ وَانْحَرْ یعنی ادائی فرائض کے ساتھ ساتھ ایثار و قربانی میں کوتاہی نہ کرنا۔"

"غریب القرآن" میں صلاۃ کے مادہ میں صلوٰۃ کے معنے حسب ذیل ہیں:۔

صلاۃ۔ نماز کی حقیقت فرض۔ فرضِ منصبی۔ فریضہ۔ دین۔ ایمان۔ دین داری۔ رحمت۔ برکت۔ جہاد کی تنظیم کے لئے باجماعت نماز (حدیث:۔ الصلوٰۃ جامعۃ الناس) یہود و نصاریٰ کی عبادت گاہ۔ صَلّٰی۔ فرض ادا کرنا۔ اپنے فرائض کو کما حقہٗ پورا کرنا۔

یہاں پر صلوٰۃ اور نحر کا حکم تاکیداً دیا جا رہا ہے جب کہ ابھی نماز فرض نہیں ہوئی تھی۔ اور نہ ہی اس زمانۂ نزولِ وحی میں رسول اللہ صلعم اور مسلمان نماز باجماعت پڑھا کرتے تھے تو پھر "فصلی لربک وانحر" سے کیا مقصود ہے؟۔ دیکھئے صفحاتِ ماقبل میں میں نے صلوٰۃ کے لفظ قرآنی کو ادائی فرائض تخلیق انسانی لکھا ہے۔ یہاں بھی وحیِ الٰہی رسولِ عربی صلعم اور ان کے متبعین بلکہ تمام انسانیت کو حکم دے رہی ہے اور نصیحت کر رہی ہے کہ "جب تمہاری راہ روی خیر کی طرف ہو چلی ہے تو اپنے فرائض کی ادائی میں ذرا بھی تساہل نہ کرو۔ بلکہ زیادہ سے زیادہ تن دہی کے ساتھ فرائض کی تکمیل میں کوشاں ہو جاؤ۔ لیکن اس کے ساتھ ہی "نحر" کی بھی ضرورت ہے۔"

"نحر" قربانی کی حقیقت النحر کے معنے "غریب القرآن" میں۔ دسترس پیدا کرنا۔ علم میں دستگاہ حاصل کرنا۔ نحر بالصلوٰۃ۔ رجوعِ قلب کے ساتھ سیدھا کھڑا ہونا (النحر۔ سینہ پر ہاتھ باندھنا۔ بعض روایات میں ہے۔ اور ابن کثیر نے قربانی کے معنے لئے ہیں۔ تمام مفسرین "قربانی" ہی ترجمہ کرتے ہیں)۔ آج کل ہر مذہب و ملت قربانی کو فرض سمجھتے ہیں اور ادا کرتے ہیں خصوصاً مسلمان امتِ محمدی میں قربانی کے معنیٰ یہی سمجھے جاتے ہیں کہ چند سکۂ رائج الوقت کا جانور خرید کر اس کو ذبح کر دیا جائے اور بس۔ کیا فی الحقیقت قرآن میں اسی قربانی کو اور جانور کو اہمیت دی گئی ہے؟ اور کیا خدا اسی قربانی کو اور جانور کے لہو اور گوشت کو پسند کرتا ہے؟ جس طرح نصاریٰ اور دیگر مذاہب کے پیرو سو مختلف قربانی اسی لئے کرتے ہیں کہ اسکی بو سے خدا خوش ہوتا ہے؟ کیا امتِ محمدی کو بھی یہی بتلایا جا رہا ہے کہ خدا تمہارے قربانی کے جانور کے لہو سے خوش ہوتا ہے؟۔ میرا فکر اس تصور کو ماننے کے لئے تیار نہیں ہے۔ کیونکہ جس رسولؐ کے متعلق اور کتاب اللہ کے متعلق نص ہو کہ: "تمہارا رسول ہماری کتاب کے ذریعہ تمہارے فکر کو سنوار کر علم و حکمت سکھلا رہا ہے" (دیکھو سورۂ جمعہ کا پہلا رکوع) تو پھر ایسی کتاب اور ایسے رسول کی طرف قربانی کے وہی معنے منسوب کرنا جو اہل عرب زمانۂ جاہلیت میں کیا کرتے تھے۔ یا دیگر امم کا طریقہ قدیم زمانے سے چلا آ رہا تھا کس طرح صحیح ہو سکتا ہے؟۔ یہ میں مانتا ہوں کہ مفسرین نے اس آیت کی تفسیر نماز اور قربانی کی ہے۔ بلاشبہ وہ اگلے زمانے کے حالات سے منطبق ہوتی ہوگی۔ لیکن آج بیسویں صدی میں اس طرح اس آیت کے (باقی بر صفحہ ۲۴۳)

(بقیہ صفحہ ۲۴۲) مفہوم کو مین لینا نہین چاہتا۔ بلکہ قرآن حکیم کی حکمت کی روشنی مین مین نے قربانی کی حقیقت پر جو کچھ فکر کیا ہے اس کو ظاہر کرنا چاہتا ہون — درآن حالیکہ قربانی کے لئے قرآن حکیم نے بطور محاورہ "نُسُکٌ" فرمایا ہے[عہ] قبل اس کے کہ قربانی یا نحر کے متعلق کچھ عرض کرون قربانی کی اُس حقیقت کو واضح کردینا مناسب معلوم ہوتا ہے جو انسانی ذہن مین قدیم زمانے کی پیداوار ہے۔

قربانی کی تاریخ

تاریخ ہم کو بتلاتی ہے کہ ایک زمانہ انسانیت پر ایسا بھی گذرا ہے کہ جب کہ خُدا کے پاس رسُوخ حاصل کرنے اس کی محبت مین اس کے نام پر اپنی اولاد کو قربان یعنی ذبح کردیا جاتا تھا۔ اور سمجھا جاتا تھا کہ پلوٹھا یعنے پہلی اولاد جو سب سے زیادہ عزیز ہوتی ہے وہ اگر خُدا کے نام ذبح کردیجائے تو ایسی قربانی خُدا کو بہت پسند آتی ہے — اسی طرح بدروحون سے نجات حاصل کرنے بھی انسان کو بھینٹ

انسان کی قربانی

چڑھانے کی رسم تھی (اور آج بھی بعض جاہل قومون مین بلکہ مہذب قومون مین یہ عقیدہ موجود ہے) تصور یہ تھا کہ جو چیز انسان کو سب سے زیادہ عزیز ہو وہ اللہ کے نام پر قربان کردی جائے لڑکا لڑکی سے زیادہ کون عزیز ہوسکتا ہے؟

جب انسان مین کچھ شعور زیادہ ہوا تو اِس نے اپنی اولاد کو نظر انداز کرکے دوسرے انسانون پر دست درازی کی۔ پھر شعور بڑھا اور اپنے ہم قوم اور ہم وطن سے اُنس مین اضافہ ہوا تو غیر ملکی اور غیر قوم یا غلامون پر دست درازی شروع کی۔ پھر آدمی سے جانورون پر قربانی ٹھیری۔ یہان تک کہ بعض وہ قومین جو کسی جانور کو مارنا پاپ سمجھتی ہین آٹے کے جانور بنا کر قربانی کرتے ہین۔ کبھی آپ نے غور کیا ہے کہ مندر اور دیو پر جو سرخ سیندھور ہوتا ہے وہ

ہندو مُورتی کی پوجا خون کے بغیر نہین ہوتی

کیون مُورتی کے لئے مخصوص ہے؟ قدیم زمانے مین قربانی کا خون خُدا کے پسند سمجھا جاتا تھا اور انسانی وحیوانی قربانی کے بعد اس کا خون مُورتی پر ڈال دیا جاتا تھا۔ آہستہ آہستہ کے تحت انسانی خون اور حیوانی خون نہ مل سکا تو اُس کے بدل خون کی سُرخی کے لئے سیندھور کا استعمال شروع ہوا۔ یہی نہین بلکہ بہادر راجپوت اور مقدس برہمن قربانی کے بعد اشنان کرنے اور اس مقدس خون کا ٹیکہ ماتھے پر لگاتے پھر کھانا کھاتے۔ موجودہ تلک کی رسم اسکی بدلی ہوئی شکل ہے۔

پہلے لڑکے کی قربانی

تاریخ قربانی سے ثابت ہے کہ اولاد کی قربانی خُدا کی خوشنودی کے لئے حضرت ابراہیمؑ نے بھی کرنے کا ارادہ کیا لیکن خواب مین خُدا کا حکم معلوم کرکے — یہ تو ڈیڑھ ہزار سال قبل مسیح کا زمانہ ہے لیکن ۵۴۵ء مین بھی تو سُنّتِ ابراہیمی کو تازہ کرنے کا ایک موقع عبدالمطلب آنحضرت صلعم کے دادا کیلئے درپیش ہوا تھا — روایت ہے کہ عبدالمطلب نے خواب مین دیکھا کہ چاہِ زمزم کو وہ کھود رہے ہین۔ صبح کو اُٹھ کر انھون نے کوشش کی مگر کوئی یار مددگار نہ ہونے سے منّت مانگی کہ اگر مجھ کو دس لڑکے ہون تو ایک کو ربّ کعبہ کے نام قربان کردون گا۔ قدرت نے دس لڑکے دیئے۔ قرعہ اندازی کی تو عبداللہ کا نام نکلا یعنے (باقی بر صفحہ ۲۴۴)

عہ ذہن مین رکھئے کہ "نُسُکٌ، مُنْسُکٌ" کے معنے رسمی قربانی کے ہین اور نیز رسم۔ دستور۔ طریقۂ عبادت کو بھی کہا جاتا ہے (دیکھئے غریب القرآن)۔

عہ وید اور شاستر مین بزبانِ سنسکرت قربانی کو "یگیہ" ( ) کہتے ہین۔

(بقیہ صفحہ ۲۴۵) "ابتر" ہیں۔ یعنے ان کی اولاد ذکور نہیں ہے اور ان کی تحریک بھی بے نام ونشان ہو جاوے گی۔ جس کے جواب میں وحیِ الٰہی رسولِ عربی صلعم کو مخاطب کرکے دلاسا دے رہی ہے کہ :۔ "اِن ناعاقبت اندیش اندھوں کو کہہ لینے دو۔ اس کا کوئی وسوسہ یا رنج نکرو۔ بلاشبہ یہ خود ہی ابتر ہو کر رہ جائیں گے اور تم کو خیرِ کثیر حاصل ہوگا!"۔

آنحضرت صلعم بھی پروہت خاندان سے تھے

ایک بات ذہن نشین رکھیئے کہ خانۂ کعبہ میں بُت تھے۔ گویا وہ مندر۔ دیول کی صورت میں عبادت گاہ تھا۔ اس کے متولی یعنے پُجاری قریش تھے۔ جس طرح ہندوستان میں مندروں کے متولی یعنے پُجاری برہمن اعلیٰ ذات ہوتے ہیں یعنے پروہت۔ اسی طرح رسولِ عربی صلعم ایک پُجاری۔ برہمن۔ پنڈت خاندان کے فرد تھے ــــ غور کیجئے کہ جب محمدِ عربی صلعم نے بُت پرستی سے انکار کیا اور نعرۂ توحید بلند کرکے تمام عقایدِ باطلہ اب وجد کو توڑتے "لا الٰہ الا اللہ" کے ہتوڑے کی ضرب لگائی تو اس کعبہ کے بُت خانہ کے پُجاریوں کی کیا کیفیت ہوئی ہوگی اور کس طرح دل کی گہرائیوں سے انھوں نے قرآن ازم اور محمدِ عربی صلعم کو "ابتر" کہا ہوگا۔ لیکن اس کے ساتھ ہی اس پیش گوئی قرآنی کو بھی دیکھیئے کہ آج چالیس کروڑ مسلمانِ قرآن ازم اور محمدِ عربی صلعم کے نام لیوا کرۂ زمین پر موجود ہیں۔ درآں حالیکہ اس وحی کو نازل ہو کر تقریباً (۱۴۰۰) سال کا زمانہ گذر چکا ہے۔

حضرت ابراہیم علیہ السلام پروہت خاندان سے تھے

یاد رکھنے کی بات ہے کہ حضرت ابراہیم علیہ السلام بھی پروہت خاندان کے ایک فرد تھے جنھوں نے باپ دادا کے طریقہ کو توڑا تھا۔ اور محمدِ عربی صلعم نے بھی اپنے جدِ اعلیٰ کی سُنت پر عمل کرکے پروہیت یعنے برہمنوں اور پنڈتوں کے خلاف نعرۂ بغاوت بلند کیا ــــ

"صلی اللہ علیٰ محمد صلعم کما صلی علیٰ ابراھیم"

نام سورہ **الماعون** تعدادِ آیات (۷) تعدادِ رکوع (۱) شمارہ ترتیب موجودہ (۱۰۷) پارہ (۳۰)
شمارہ ترتیب نزولِ وحی بلحاظِ تحقیق علامہ محمد اجمل خان (۲۳) زمانۂ نزول۔ دورِ دوم ۔ سنہ بعثت ۶۱ء
اِس سورۃ کے سلسلۂ نزول سے متعلق جن محققین نے جو شمارہ اپنی تحقیق مین قرار دیا ہے نقشۂ ذیل سے اسکی صراحت معلوم ہوگی۔

نام محققین / شمارہ بلحاظ ترتیب نزولِ وحی	عبدالرحمٰن عبدالحق خان بنگالی ۱۸۳۰ء	حسین بن احمد الطیبی مکہ مکرمہ	محمد بن عبدالرحمٰن بن شیخ	جار اللہ بن یدالبیانی	دیلمی محمود [illegible] ۱۸۶۵ء	نولدیکے [illegible] ۱۸۶۳ء	راڈویل [illegible] ۱۸۵۹ء	ایچ گرام	منتخبات [illegible] ۱۹۰۰ء	سید ابوالحسین [illegible] ۱۹۲۳ء	تحقیق مصر ۱۸۸۵ء
	۱۶	۱۶	۱۶	۱۷	۳۹	۷	۱۴	۲	۳۴	۳۴	۱۷

توضیحات

شمارہ الحاقی آیات	کون مخاطب ہے یا کونسی مثال ہے	احکام و شریعت و منہاج	میرے فکر و نظر کے موضوعات: موضوع	صفحہ	موضوع	صفحہ
	محمد عربی صلعم اور اہلِ دین		۱۔ دین کی حقیقت۔	ف		
			۲۔ دین کو جھٹلانے والے	ف		
			۳۔ نمازی پر ویل کی حقیقت۔	ف		
			۴۔ ثواب کی حقیقت۔	ف		
			۵۔ ہر مذہب کا دین۔			
			۶۔ دینِ انسانیت ہی اصلی دین ہے۔	ف		

بِسۡمِ اللّٰہِ الرَّحۡمٰنِ الرَّحِیۡمِ

اے مخاطب! تو دیکھتا ہے دین کے جھٹلانے والون کو؟ یہ تو وہی ہین جو بے سہارا یتیمون کو دھکے دے کر نکال دیتے ہین۔ اور فاقہ کشون۔ مساکین کو نہ خود کھلاتے ہین اور نہ دوسرون کو کھلانے کی ترغیب دیتے ہین۔ ویل ہے ایسے مصلیانِ دین کے مدعیون پر۔ ف۱

ف۱۔ میرا فکر:۔ جب محمد عربی صلعم نے باپ دادا کے طور طریق اور پروہتی مذہب کو ترک کر کے روحِ دین۔ یعنے اساسِ دینِ انسانیت کی تبلیغ شروع کی تو قریش اور دیگر اہلِ مکہ نے کہا کہ:۔ "ہم تو اپنے باپ دادا ؤن کے ریت۔ رواج (باقی بر صفحہ ۲۴۸)

دین کی حقیقت

جو دراصل حقیقتِ صلاۃ ہی سے ناواقف ہین۔ محض دکھاوے۔ یا اب وجد کے طور طریق پر عبادت کرتے ہین۔ ذرا دیکھو کہ اِن مین روحِ عبادت کا نام و نشان بھی تو نظر نہین آتا۔ ایثار و قربانی تو کجا ــــ اگر کوئی اِن سے عاریتاً کوئی چیز برتنے کی مانگتا ہے تو دینے سے

(بقیہ صفحہ ۲۴۷) طور طریق پر اپنی دین داری کو قایم رکھے ہین۔ اور اسی طریق پر ہم اپنی عبادت بھی خشوع و خضوع سے کرتے ہین۔ کیا یہ حقیقت نہین ہے کہ ہمارے اجداد ہم سے زیادہ نیک اور جاننے والے تھے۔ کیونکہ ان کو تو حضرت ابراہیمؑ و اسمٰعیلؑ سے قربت تھی ــ تو بتلاؤ کہ کس طرح ہم اپنے آبائی دین کو چھوڑ کر تمہارا ساتھ دین اور کس طرح مان لین کہ ہمارا دین جھوٹا ہے اور تمہارا سچا ہے؟ ــ اِس پر یہ وحی نازل ہو رہی ہے۔ غور کرو کہ کتنی واضح اور عام فہم یہ آیات اللہ ہین!ــ

ایک مثال کو پیشِ نظر رکھئے ؛ ــ اگر آج ہم کسی سے یہ سُنین کہ فلاں شخص دین کو جھٹلا رہا ہے۔ تو معاً یہ خیال ذہن مین آئے گا کہ وہ نماز۔ روزہ۔ حج۔ زکاۃ کا منکر ہے۔ کیونکہ دین کے معنے ہر ملت و مذہب مین چند عبادت کے طور طریق ہی کو سمجھا جاتا ہے ــ پس قرآن سب سے پہلے عبادت کے اِن رسمی و رواجی حرکات و سکنات کے بتون کو توڑ پھوڑ کر دین کی اصلی روح کو بتلانا چاہتا ہے ــ

دین کے جھٹلانے والے کون؟ قرآن یہ بتلا رہا ہے کہ :ــ "دین کے جھٹلانے والے تو یہی رسمی عبادت گذار ہوتے ہین جو بے روح جسم کو لئے پھرتے ہین۔ اور ناز کرتے ہین کہ وہ فرایضِ مذہب کی تکمیل کما حقہٗ کر رہے ہین۔ یعنے "مُصلّی" ہین ــــ ہین۔ ہرگز نہین۔ دینِ اصلی تو دینِ فطرت۔ دینِ انسانیت۔ دینِ امن و سلامتی ہے۔ بے دین وہ لوگ ہین جو بے سہارا۔ یعنے یتیم۔ بیوہ۔ معذور مجبور۔ مصیبت زدہ مستحقِ امداد کی مدد نہین کرتے اور ان کو کوئی سہارا نہین دیتے۔ بلکہ دھکے دے کر نکال دیتے ہین۔ اور وہ لوگ جو صاحبِ عزت و اقتدار ہین۔ پند و نصیحت ہین۔ مذہبی رہنما ہین۔ اپنے زیرِ اثر لوگون کو اس بات کی ترغیب و تحریص بھی نہین دلاتے کہ وہ بھوکون اور فاقہ کشون کو کھلائین اور ننگون کو پہنائین۔ بلکہ اگر کوئی ایسا کرتا ہے تو اس کو طعنہ دیتے ہین کہ :ــ "دیکھو! یہ کیسا بے وقوف ہے کہ اپنا روپیہ برباد کرتا ہے۔ یہ تو خدا کی طرف سے اس کو سزا مل رہی ہے۔ جب خدا کی طرف سے اس کو سزا مل رہی ہے تو ہم کیسے مدد کرین گے۔" پھر یہ لوگ اپنی عبادت اور ریاضت مین مگن ہین اور کہتے ہین کہ ہم دین دار ہین۔ یہ لوگ تو دین کے معنے تک نہین سمجھتے۔ دراصل "دین" مقصدِ انسانیت کی تکمیل کرتا ہے جو کرۂ زمین کے ہر مذہب و ملت مین ایک ہی قدر مین رکھتا ہے ــ وہ کیا؟ وہ یہ کہ خدا کی مخلوق کی ربوبیت۔ یعنے اُن کے ضروریات کی تکمیل کرنا اور تربیت دے کر مکمل نشو و نما کرنا۔ اپنے حسبِ استطاعت و استعداد یعنے بے سہارا کو سہارا دینا۔ بھوکون کو کھلانا۔ ننگون کو پہنانا۔ بے گھرون کو ٹھکانے لگانا۔ بے علمون کو علم سکھانا۔ جسمانی و فکری غلامی سے نجات دلوا کر آزادی کا علمبردار بنانا۔ بیچ اونچ کو مٹانا ــــ

صرف نماز۔ روزہ وغیرہ ہی دین نہین ہے! یہ نماز۔ روزہ۔ حج۔ زکوٰۃ تو دین کے فروعات ہین۔ "دین" ایک ہی ہے اور فروعات جس کو قرآن نے شرع و منہاج کہا ہے ہر ملک کے (باقی بر صفحہ ۲۴۹)

انکار کرتے ہین ۷ تا ۷ ع ۲ ب

(بقیہ صفحہ ۲۴۸) دین و مذہب کے لحاظ سے علیحدہ علیحدہ ہین ۔ پس شرع و منہاج پہ قایم رہنا اور اساسِ دین اور دین کی بنیادی قدرون کو پس پشت ڈال دینا اصلی دین داری نہین ہے" ۔ دیکھا آپ نے قرآنِ حکیم کی اس بنیادی تعلیم کو جو تیئیسوین وحی کے ذریعہ دی گئی تھی ۔ حاملینِ قرآنِ حکیم نے کس طرح بھلا دیا اور وہی طریقہ اختیار کر لیا جو دیگر مذاہب نے اختیار کیا تھا ۔ مغزِ قرآنی تو غیر حاملینِ قرآن نے لے لیا ۔ شرع و منہاج کے پیچھے حاملینِ قرآن پڑ کر ایک دوسرے سے دست بہ گریبان ہوئے جس کا سلسلہ ۱۳۰۰ ہی سے تخم اختلاف کی صورت مین بویا گیا اور آج زاید از چارسو فرقے اِس دینِ فطرت کے نام لیواؤن مین ایک دوسرے کو لعنت و ملامت کرتے ۔ کفر و الحاد کے فتوے دیتے نظر آرہے ہین (دیکھو میرا ایک رسالہ "مذہب اسلام مین چارسو فرقے") عبرت حاصل کرو اے صاحبانِ بصیرت ! اور اقبال کے اِس شعر پہ غور کرو ؎

اے بتقلیدش اسیر آزاد شو ؛ دامنِ قرآن بگیر آزاد شو

تقلیدِ جامد ۔ باپ دادا کے ریت رواج کی سُنہری زنجیرون سے اپنے فکر و فہم کو آزاد کر کے سچے حاملینِ قرآن اُمتِ محمدی ۔ اُمتِ وسطیٰ ۔ خیر الاُمم بن جاؤ !

ب ۲ ۔ میرا فکر :۔ دیکھئے ! ان آیات مین مصلّی پر "ویل" کی وجہ بتلائی جارہی ہے کہ :۔ وہ لوگ جو اپنے کو مصلّی ۔ یعنے نمازی پر ملامت کی حقیقت | مصلی ۔ یا عبادت گزار ۔ یا دین دار کہتے ہین اُن کو کیون وحیِ الٰہی ویل کے مستحق قرار دیتی ہے ؟ یہان بتلایا جارہا ہے کہ عبادت و ریاضت کی روح اصلی تو خدمتِ خلق اللہ ہے ۔ اگر ان کی عبادت مین روح ہوتی تو وہ نمایان ہوتی ۔ یعنے خدمتِ خلق کی شکل مین ظاہر ہوتی اور وہ ایثار و قربانی کی طرف مایل ہوتے ۔ لیکن یہ تو یکسر اُس روح سے عاری ہین ۔ دیکھو تو اِن کو مال ۔ دولت ۔ عزّت ۔ ثروت ۔ اقتدار ۔ اولاد ۔ تمام انعامات خُدا نے دیئے ہین ۔ اور اگر کوئی ضرورت مند کبھی ان سے عاریتاً کوئی چیز مانگتا ہے ۔ یعنے دیگچی ۔ پلنگ ۔ بستر یا برتن وغیرہ تو یہ محض اس خیال سے کہ وہ اشیاء خراب ہو جائین گی ۔ انکار کر دیتے ہین کہ ہمارے پاس نہین ہے یا ہم نہین دے سکتے ۔ دیکھا ! اِن ناشکر گزار مدعیانِ دین کی عبادت کی حقیقت ! کس طرح وہ بے روح جسم نمایشی ہے ۔ یہ اتنا بھی تو نہین غور کرتے کہ ان کو سب کچھ اللہ ہی کی طرف سے ملتا ہے ۔ پھر اس کی شکر گزاری مین ضرورت مندون کی حاجت پوری نہین کرتے ۔ جن لوگون سے اتنا بھی نہ ہو سکے وہ کس مُنہ سے اپنے کو مصلی ۔ یعنے خُدا کا خالص عبادت گزار اور دین دار کہتے ہین ۔

ثواب کے معنی | ثواب کے معنے فایدہ کے ہین ۔ "ثواب الدُنیا" کے معنے فایدۂ عاجلہ ۔ حال کا فایدہ ۔ دُنیاوی فایدہ ۔ اور "ثواب الآخرہ" کے معنے مستقبل کا فایدہ ۔ اُخروی فایدہ ۔ ہر عمل کا کچھ نہ کچھ فایدہ ضرور ہوتا ہے ۔ اِسی طرح عبادت کا ایک ثواب ہے ۔ مثلاً آپ نے میوہ کھایا ۔ وہ خونِ صالح بن کر آپ کی قوت مین اضافہ کر کے آپ کو فایدہ پہنچایا ۔ یہ فایدۂ عاجلہ ۔ یا ثواب الدُنیا ہے ۔ آپ نے ایک باغ لگایا ۔ ایک عرصہ کے بعد آپ یا آپ کے مرنے کے بعد آپ کی اولاد نے (باقی بر صفحہ ۲۵۰)

(بقیہ صفحہ ۲۴۹) اس باغ کا پھل کھایا۔ یہ فایدہ آپ کا مستقبل کا۔ یا ثواب الآخرۃ کہلائے گا۔
جب آپ کسی مذہبی عمل کے ذریعہ حصولِ ثواب کی امید رکھتے ہیں تو اس کے فایدہ بخش آثار کا زمانہ حال ہی سے نمایاں ہونا ضروری ہے۔ اگر فایدہ بخش آثار ظاہر نہ ہوں تو مستقبل میں اس عمل کے فایدہ یا ثواب کا کوئی سوال ہی نہیں ہو سکتا۔ مثلاً ایک درخت آم کا آپ لگاتے ہیں۔ اس کی آبیاری کرتے ہیں اور وہ سرسبز ہوتا اور بڑھتا جاتا ہے آپ کا ان آثار کی بنا پر مستقبل میں اس کے بار آور ہونے کی امید رکھنا ٹھیک رہے گا۔ برخلاف اس کے اگر وہ درخت باوجود آپ کی محنت کے برابر مرجھاتا جا رہا ہے تو کیسے امید کی جا سکتی ہے کہ مستقبل میں آپ اس درخت کا پھل کھائیں گے اور آپ کی محنت ٹھکانے لگے گی ـــ پس اسی طرح اگر آپ کے اعمالِ عبادت۔ شرع و منہاج آپ کے کردار کو سنوار رہے ہیں تو بلاشبہ آپ کی اس عبادت کا ثواب آپ کو دنیا اور آخرت۔ حال و مستقبل میں ملے گا۔ برخلاف اس کے اگر آپ کی عبادت سے آپ کے کردار میں کوئی فرق نہیں آ رہا ہے بلکہ آپ کا دل غریب۔ محتاج۔ بے سہارا۔ ضرورت مندوں سے نفرت کرتا ہے۔ ان کی امداد و استعانت کی طرف مایل نہیں ہے بلکہ لاپروا اور متشقیق ہے تو پھر یہ کیسے کہا جا سکتا ہے کہ آپ کو ثواب مل رہا ہے۔ صلوٰۃ وہی ہے جو مصلّی کو ایثار و قربانی اور عملِ صالح کی طرف زیادہ سے زیادہ راغب کرے۔ اس کے کردار کو سنوارے۔ بصورتِ ثانی وہ جو کچھ مذہب اور دین کے نام پر کر رہا ہے اس پر ویل ہے۔ ایک بار نہیں ہزار بار۔ خدا کی اور کائنات کے ذرّہ ذرّہ کی۔

ایک بات اور بھی غور طلب ہے کہ میری ترتیب کے لحاظ سے اس وحی کا سلسلۂ نزول (۲۳) ہے۔ اور حضرت عبداللہ ابن عباسؓ کی روایت کے لحاظ سے تو (۱۶) وین ہے۔ مفسرین نے نمازِ محمدی کو خشوع و خضوع سے نہ پڑھنے والوں سے اس وحی کو متعلق کر کے تفسیریں لکھی ہیں ـــ غور کیجئے کہ ابھی تو نہ نماز ہی کی فرضیت کا حکم ہوا ہے اور نہ ہی عوام داخلِ اسلام ہوئے ہیں۔ بجز چند خاص خاص اصحابِ رسولؐ کے۔ تو کیا یہ ویل ان اصحابِ رسولؐ کے متعلق ہے؟۔ میں تو ایسا وہم و گمان بھی نہیں کر سکتا کہ اصحابِ رسولؐ کی نمازوں پر اس وحی میں ویل پڑ رہی ہے ـــ چنانچہ میرا فکر وحیِ اول میں نماز کے سلسلہ میں لکھا جا چکا ہے لہذا اس کا اعادہ غیر ضروری ہے۔ اس وحیِ الٰہی کا فہم مجھ کو یہ حاصل ہو رہا ہے کہ خانۂ کعبہ کے سامنے تمام مذاہب کے پیرو اپنے اپنے طور طریق سے عبادت کرتے تھے۔ اور خود اہلِ قریش بہ حیثیت بردھیت اور برہمن و پجاری ہونے کے اپنے طور و طریقِ عبادت پر نازاں ہوں گے۔ اور قرآنِ حکیم اور محمدِ عربی صلعم کے متبعین کے طور طریقِ عبادت کے متعلق وہ کہتے ہوں گے: "دیکھو! یہ دین میں رخنہ ڈال رہے ہیں۔ بھلا ان کی عبادت کو ربِ کعبہ کہاں پسند کر سکتا ہے۔ دین تو ہمارا دین ہے۔ جس کی پیروی میں ہم عبادت کرتے ہیں!" ـــ اس اعتراض کا جواب وحیِ الٰہی کے ذریعہ نہ صرف معترضین کو بلکہ متبعینِ قرآن۔ مخاطبینِ وحی اور آج تک کے بلکہ قیامت تک کے مصلیوں کو بتلایا جا رہا ہے کہ دین کی حقیقت کیا ہے۔ اور عبادت کے نتائج کیا ہیں۔

دین؟

ہر مذہب میں دین کی حقیقت اس وحی میں "دین" کا لفظ آیا ہے اور ہر مذہب کی (باقی بر صفحہ ۲۵۱)

(بقیہ صفحہ ۲۵۰) بنیاد دین پر ہی ہے۔ قرآن حکیم نے (۶) دین وحی (سورۂ الروم) میں اس کی وضاحت فرمادی ہے کہ:۔ "فَأَقِمْ وَجْهَكَ لِلدِّينِ حَنِيفًا ۚ فِطْرَتَ اللَّهِ الَّتِي فَطَرَ النَّاسَ عَلَيْهَا" (ترجمہ:۔ اے انسان تو سیدھا چلے چل ایک ہی منزلِ مقصود کی طرف۔ وہ منزلِ مقصود کیا ہے؟ وہی فطرت اللہ۔ جس پر اس نے انسان کو بنایا ہے۔ یاد رکھو کہ اللہ کا بنایا ہوا قانون کوئی بدل نہیں سکتا۔ اور نہ وہ بدلا جاتا ہے" پس یہی سیدھا سادہ دین ہے (ذالک دین القیم) لیکن اکثر لوگ فکر سے کام نہیں لیتے" دیکھا آپ نے بنیادِ دین کی حقیقت!

عربی میں "دین" کے معنے ہیں حساب۔ قانون۔ فطرت۔ یعنے ایسی طبیعت جس کے مطابق خدا نے انسان کو بنایا۔ جس پر چلنا ہی انسانیت کا فرض ہے۔

"مذہب" کے معنے "ایک طرف رجوع ہونے والے" کے ہیں۔ یعنے کسی بانیِ مذہب کے بتلائے ہوئے طریق پر کاربند رہنا۔ قدیم زبانِ چینی میں مذہب۔ دھرم کو "پنتھ پتھ مارگ" کہتے ہیں جس کے معنے جکڑے رکھنے کے ہیں۔

اب سوال یہ ہے حساب۔ قانون۔ فطرت کی تعریف کیا ہو سکتی ہے؟ یہی کہ سب کو کسی دایرہ میں جکڑ کر رکھا جائے تاکہ وہ بے راہ نہ ہو جائیں۔ بے راہ روی۔ اور راہ روی کے نتایج کیا ہیں؟ دیکھئے بے راہ روی میں شر اور فساد ظلم و زیادتی لازمی ہے اور راہ روی میں سلامتی۔ امن و سکون ملتا ہے۔ پس دنیاوی قانون کا منشا یہی ہے کہ وہ اس دایرہ میں انسان کو جکڑے رکھے جس سے امنِ عامہ میں خلل واقع نہ ہو۔ اور ایک دوسرے پر ظلم نہ کرنے پائے۔ اگر اس کی خلاف ورزی کی جائے تو مرتکبِ جرم کو سزا دی جائے تاکہ دوسروں کو عبرت ہو۔

"فطرت" بھی ایک ایسے طریقہ کو کہتے ہیں جو کسی اصول کی پابندی میں اٹل ہو۔ قرآن کہتا ہے کہ "اللہ کی فطرت بدلی نہیں سکتی!" اور انسان کے متعلق وہ کہتا ہے کہ:۔ "وہ بھی ایک اٹل فطرت کا ہے!" وہ فطرت کیا ہے؟ ایک سچائی۔ جو شعوری اور غیر شعوری طور پر انسان کو نیکیوں اور بھلائیوں کی طرف رجوع کرے اور برائیوں اور ظلم و ناانصافی سے ایک قسم کا تنفر دلائے۔

دینِ انسانیت یعنے اخلاقیات ہی "دین" ہے

اگر آپ غور کریں تو معلوم ہوگا کہ ہر مذہب میں تمام انسانوں کی بھلائی اور سب کو بھلائے رکھنے کا حکم ہے ظلم و ناانصافی اور مقررہ حدود سے بے محابا ہونے کو گناہ۔ پاپ۔ کفر۔ شرک کہا گیا ہے پھر غور کیجئے کہ ہر مذہب میں اسکے بنیادی اقدار اخلاقیات ہیں۔ "اخلاق" کیا ہے؟ یہی کہ اچھی دنیا بنانے کے لئے سچی انسانیت پیدا کرلی جائے۔ جسکے لئے اپنے گھر والوں۔ محلہ والوں۔ شہر والوں۔ اپنے ملک والوں بلکہ دنیا کے تمام انسانوں کی بھلائی کو پیشِ نظر رکھا جائے۔ یہاں تک کہ دوسروں کیلئے خود برباد اور فنا ہو جانا ایک بہت بڑی انسانیت ہر مذہب اور ہر تمدن میں تسلیم کیا گیا ہے۔ قرآنِ حکیم جو کہتا ہے کہ:۔ "دین اسلام جو محمدِ عربی (صلعم) پیش کر رہے ہیں کوئی نیا دین نہیں ہے۔ یہی نوح سے لیکر عیسیٰ تک اور کرۂ زمین کے ہر قوم کے مامور من اللہ کا دین ہے۔ کیونکہ دینِ سلامتی اللہ تعالیٰ کی فطرت ہے اور اسی پر انسان کی بناوٹ ہے" اس دعوے کی کیا حقیقت ہے؟ آپ غور کریں گے تو معلوم ہوگا کہ مذہب میں ظلم۔ چوری۔ جھوٹ۔ چغلی۔ ایک معذور و مجبور کی خبر گیری نہ کرنا۔ بھوکے کو کھانا نہ کھلانا۔ بے سہارا کو سہارا نہ دینا بدترین گناہ سمجھا جاتا ہے! اور خدا کی عبادت کرنا۔ ماں باپ کی خدمت۔ مصیبتوں میں دوسروں کی امداد۔ انصاف۔ خیرات۔ ان سب کو اچھا کام سمجھا جاتا ہے۔ پس یہ ہے دین کی حقیقت یعنے بنیادِ دین۔ نہ کہ شرع و منہاج۔ ریت رواج۔ طور طریق۔ عبادت۔ معاشرت وغیرہ۔ پس اس وحی میں بتلایا جا رہا ہے کہ:۔ "دین کو جھٹلانے والے۔ یعنے اصولِ دین کو نظر انداز کرکے محض ریت رواج شرع و منہاج کو دین سمجھکر دین کے اقدار سے تہی دامن ہو کر اپنی دین داری پر ناز کرنیوالے دراصل قابلِ نفرت ہیں کیونکہ ان میں اصل دین کی حقیقت رتی برابر بھی نہیں ہوتی"

نام سورہ **لھب** ۔ تعداد آیات (۵) تعداد رکوع (۱) شمارۂ ترتیب موجودہ (۱۱) پارہ (۳۰)
شمارہ ترتیب نزول وحی بلحاظ تحقیق علامہ محمد اجمل خان (۲۴) زمانۂ نزول دسویں دوم شعبہ بعثت ۶۱۷ء
اس سورۃ کے سلسلۂ نزول سے متعلق جن محققین نے جو شمارہ اپنی تحقیق میں قرار دیا ہے نقشۂ ذیل سے اسکی صراحت معلوم ہوگی

نام محققین / شمارہ بلحاظ ترتیب نزول وحی	محمد بن عبدالوہاب نجدی ۱۷۰۳ء	محمد بن اسحاق ۱۷۰۴ء	محمد بن سلیمان ۱۷۰۵ء	محمد بن عبدالرحمن ۱۷۶۵ء	محمد بن عبدالرحمن ۱۷۵۹ء	محمد بن عبدالرحمن ۱۷۵۳ء	راڈویل ۱۸۶۹ء	ایچ گرام	شبلی نعمانی ۱۹۰۰ء	سید محمود حسین ۱۹۲۳ء	محققین مصر ۱۹۵۸ء
	۵	۵	۵	۶	۲۲	۳	۱۱	۱	۱۲	۶	۶

توضیحات

شمارہ اسحاقی آیات	کون مخاطب ہے یا کونسی مثال ہے	احکام و شریعت و منہاج	میرے فکر و نظر کے موضوعات			
			موضوع	صفحہ	موضوع	صفحہ
	عبدالعزیٰ عرف ابی لہب اور قوم عرب		۱۔ ابی لھب کے ہاتھ ٹوٹ گئے؟	ف۱		
			۲۔ ابی لہب کی مخالفت کا سبب۔	ف۱		
			۳۔ دین آبائی کی حفاظت کا تصور آج بھی وہی ہے جو ابی لہب کا تھا۔	ف۱		
			۴۔ ابی لہب کے گلے کی رسی۔	ف۱		

بِسۡمِ اللّٰہِ الرَّحۡمٰنِ الرَّحِیۡمِ

دیکھو! ٹوٹ گئے ہاتھ ابی لہب کے۔ اور وہ آپ ہی آپ شکست خوردہ ہوگیا ع۱۔ دیکھا تم نے کہ اس کا مال اور اس کی کمائی اس کے کچھ کام نہ آئی ع۲۔ وہ خود پڑ جائے گا اپنے غرور کی بھڑکتی آگ میں اور اس کی عورت جو لگائی بجھائی کرتی پھرتی ہے۔ ایک دن وہ بھی سر بازار رسوا ہوگی ع۳ ف۱

ف۱۔ میرا فکر ۔ عبدالعزیٰ عبدالمطلب کے لڑکے اور آنحضرت صلعم کے حقیقی چچا تھے۔ چونکہ وہ بہت ہی سرخ و سفید تھے۔ اس لئے حضرت عبدالمطلب نے ان کی کنیت "ابی لہب" رکھی تھی ۔ "لہب" کہتے ہیں بھڑکتی ہوئی آگ کے شعلہ کو۔ صورت سے بھی اور سیرۃً بھی وہ پرکالۂ آتش تھے۔ اسلئے یہی کیفیت ان کی ہوگئی تھی۔ کنیت "ابی" کے معنے ہیں ہاتھ۔ کام۔ عمل۔ طاقت۔ قوت۔ اقتدار۔ قبضہ و اختیار۔ عطا اور نعمت کے ۔ یہاں پر "ٹوٹ گئے ہاتھ ابی لہب کے" معنے اور یہ ہیں کہ وہ اپاہج ہوگیا۔ بلکہ ابی لہب کے یار و مددگار (باقی بر صفحہ ۲۵۵)

ابی لہب کے ہاتھ ٹوٹ گئے کی حقیقت

(بقیہ صفحہ ۲۵۲) اس کا ساتھ چھوڑ دیئے۔ جیسا کہ پارٹی ٹوٹنے اور قوتِ مقابلہ کے ختم ہونے کو اُردو میں محاورۃً ہاتھ ٹوٹنا اور قوتِ بازو مفلوج ہونا کہتے ہیں ــــ ذہن نشین رکھئے کہ ہر وہ تحریک جو مفادِ عامہ کیلئے ہو سرمایہ دار طبقہ اور ذی حشمت طبقہ کیلئے مضر ہوتی ہے۔ اسی لئے یہ طبقہ اسکی مخالفت اپنا فرض سمجھتا ہے۔ چونکہ عوام اس طبقہ سے متاثر رہتے ہیں اسلئے وہ بھی ان کا ساتھ دیتے ہیں۔

تاریخ سے ثابت ہے کہ ابی لہب۔ محمدِ عربی صلعم کے مشن قرآن ازم کے سخت مخالف تھے۔ غور کرنے سے پتہ چلتا ہے کہ

ابی لہب کی مخالفت کا اصلی سبب آبائی دین کی حفاظت تھا۔

یہ مخالفت کسی جایداد یا خاندانی وجوہات کی بناء پر نہ تھی۔ بلکہ محض پروصیتِ دین کے حفاظت کی خاطر تھی۔ ظاہر ہے کہ محمدِ عربی صلعم تقلیدِ جامد کو مٹا کر آزادیِ فکر کی تعلیم دے رہے تھے۔ تو کس طرح وہ اپنے خاندان کے حق میں اچھے سمجھے جا سکتے تھے ــ بات یہ ہے کہ جب کوئی فردِ خاندان آبائی دین کی مخالفت بلکہ اسکو نیست و نابود کرنے کا درپے ہو جائے تو عموماً تمام خاندان کے بزرگ افراد کے لئے یہ صورتِ حال ناقابلِ برداشت ہو جاتی ہے۔ اور سب مل کر اس بات کی کوشش میں لگ جاتے ہیں کہ اپنے فردِ خاندان کو ابتر نہ ہونے دیا جائے۔ یہاں تک کہ ماں باپ بھی خاندانی معبودوں کی بے حرمتی برداشت نہیں کر سکتے اور حتی الامکان نرمی ــ گرمی جبر ظلم ہر طریقہ کو کام میں لاکر اس کو آبائی دین پر قایم رکھنے کی کوشش کرتے ہیں۔ اگر اس پر بھی وہ اپنے ارادہ سے نہ پھرے تو پھر اس کا قتل بھی خوشنودیِ خدا کا سبب سمجھ لیا جاتا ہے۔

تاریخ سے پتہ چلتا ہے کہ محمد بن عبداللہ سے ابی لہب کو تاریخِ پیدائش ہی سے ایک خاص الفت شفقت اور محبت تھی۔ اور اس وقت تک برابر رہی جب تک کہ آپؐ نے پروصیتِ مذہب کے معبودوں کی مخالفت نہیں کی۔ چنانچہ ابن ہشام نے جلد اول صفحہ (۱۶۲) میں لکھا ہے کہ جب محمدِ عربی صلعم نے اپنی قوم کے سامنے اسلام کو پیش کیا تو قوم نے آپؐ کی مخالفت نہیں کی۔ لیکن جب ان کے معبودوں کو باطل ٹھیرایا تو قوم آپؐ کی مخالف ہو گئی ــــ ظاہر ہے کہ ابی لہب نے جب دیکھا کہ اُس کا عزیز بھتیجہ بے دین۔ ملحد ہو کر ابتر ہو رہا ہے تو اس نے اپنے محبوب بھتیجہ کو راہِ راست پر لانے کے لئے ہر قسم کی سختیاں شروع کر دیں۔ چونکہ ابی لہب کے سر پر تقلیدِ جامد کا جادو چڑھا ہوا تھا اس لئے وہ حق کو ماننے کی طرف راغب نہ ہو سکا۔ اور اپنے مرنے تک سمجھتا رہا کہ اپنے دین کی حفاظت کے لئے کسی کی پرواہ نہ کرے۔

دین کی حفاظت کا تصور آج بھی وہی ہے جو ابی لہب کا تھا۔

آج بھی ہم دیکھتے ہیں کہ بمقابلۂ سنجیدہ انسان کے مغلوب الغضب اور بہادر شخص ہی اپنے دین۔ مذہب کی حفاظت میں آگے آگے رہتا ہے اور اُس کی ایمان داری کو عوام قابلِ داد سمجھتے ہیں جس قدر واقعات توہینِ مذہب کرنے والوں کے قتل کے آپ دیکھیں گے اس میں بے پڑھا لکھا۔ یا کم لکھا پڑھا ہی قاتل نظر آئے گا۔ اور اسی طرح آج بیسویں صدی میں بھی کسی بڑے مشائخ یا مولوی سُنت جماعت کا کوئی لڑکا جو باپ کا اور خاندان کا چاہیتا ہو۔ قادیانی یا شیعہ یا خارجی وغیرہ کسی مذہب کو قبول کرے تو اس کا باپ اس کو راہِ راست پر لانے کے لئے کیا کیا اندابیر۔ اور سختیاں اور ظلم و ستم اس پر کرے گا۔ کیوں؟ ــ محض اس لئے کہ وہ اپنے آبائی دین سے منحرف ہو رہا ہے ــ اور ایسی صورت میں اس خاندان کے کم علم اور جاہل افراد بھائی۔ چچا پیش پیش نظر آئیں گے۔ ماں باپ کو بھی ایسے ناخلف۔ ابتر اولاد کے موت کی تمنا ہوگی ــ پس اس مثال کو سامنے (باقی بر صفحہ ۲۵۴)

(بقیہ صفحہ ۲۵۳) رکھ کر آنحضرت صلعم سے ابو لہب کی مخالفت کا اندازہ کیا جاسکتا ہے۔

اب ذرا وحیٔ الٰہی پر غور کیجئے کہ کس قدر عامیانہ جملوں کے ساتھ وہ نازل ہو رہی ہے۔ دراصل کتابِ حکمت ایسی ہی ہوتی ہے جو عوام کے عقل و فہم اور ان کے عام فہم محاوروں میں ان کو نصیحت کرے۔ وہ کتاب جو عوام کے معیارِ فہم اور سوجھ بوجھ سے بالاتر ہو جس میں علمِ کلام۔ فلسفہ اور منطق کی بھول بھلیاں ہوں وہ نہ تو اللہ کا کلام ہو سکتا ہے اور نہ کسی رسول کی کتاب۔ دراصل کتاب اللہ فطرتِ انسانی کی آسان سے آسان تر رہنمائی کا نام ہے۔ ایسی صورت میں وہ اپنے مخاطبین کی تفہیم اور غور و فکر کے لئے ایک چھوٹی یا اس سے کمتر مثال کے ذریعہ سمجھانے میں ذرا بھی پس و پیش نہیں کرتی۔ دیکھئے اس وحی میں بتلایا جا رہا ہے "ابی لہب کی پارٹی کو شکست ہوگی اس کا مال اس کے کچھ کام نہ آئے گا اور وہ خود محمدِ عربی کی مخالفت میں ناکامی کی وجہ غم و غصہ کی بھڑکتی ہوئی آگ میں گرے گا۔ نہ صرف وہ بلکہ اس کی بیوی بھی سرِ بازار رسوا ہوگی"۔ چنانچہ ایسا ہی ہوا۔ آنحضرت صلعم نے اپنے چچا اور اپنی قوم کے ارادے کو کامیاب نہ ہونے دیا۔ قدرت نے محمدِ عربی صلعم کو مکہ سے بچا کر نکالا اور مدینہ پہنچا دیا۔ اور وہاں پر قرآن ازم نے اتنی ترقی کی کہ

ابی لھب کی عورت کے گلے میں رسی

ابی لہب اپنے بھتیجے کے مقابلہ میں ناکام ہوا۔ پھر فتح مکہ کے بعد جو کچھ رسوائی اس کی عورت کی ہوئی ہوگی اس کا اندازہ کیجئے تو عبرت حاصل ہوتی ہے۔ پس اس وحی کا منشاء یہ ہے کہ ابی لہب کا مشن تباہ ہو گیا۔ یعنے اس کے ہاتھ ٹوٹ گئے۔ اس کا سرمایہ۔ اس کا اقتدار اور اس کی کارستانیاں کچھ بھی کام نہ آئیں۔ بلکہ وہ اپنی ناکامی کے رنج و غم کے شعلوں میں جلتا ہی رہا۔ اور مر کر بھی جل رہا ہے۔ اس کی بیوی کی رسوائی کی بھی کوئی انتہا نہ رہی۔ گویا یہ ایک پیشین گوئی تھی وحیٔ الٰہی کی جو فتح مکہ کے بعد ظاہر ہو کر رہی۔

آج اس وحی کو اور مخالفتِ ابی لہب کو چودہ سو سال گذر چکے ہیں لیکن حق کے مقابل باطل کی مخالفت کیلئے بدنصیب ابی لہب اور ابو جہل کا مقام بطور ضرب المثل نہ صرف دنیا کے چالیس کروڑ مسلمانوں بلکہ غیر مسلموں کی زبان پر ہے۔ میں اس وحی کو آج بھی فطرتِ انسانی کا عکس سمجھتا ہوں۔ ابی لہب کو لعنت ملامت کیلئے نہیں اور ہر مذہب میں ایسی فطرت ابی لہب کو دیکھ کر عبرت حاصل کرتا ہوں۔

نام سورہ **طارق** تعداد آیات (۱۷) تعداد رکوع (۱) شمارہ ترتیب موجودہ (۸۶) پارہ (۳۰)
شمارہ ترتیب نزول وحی بہ لحاظ تحقیق علامہ محمد اجمل خاں (۲۵) زمانۂ نزول دورِ دوم ۴ سنہ بعثت ۶۱۴ سنہ عیسوی
اس سورۃ کے سلسلۂ نزول سے متعلق جن محققین نے جو شمارہ اپنی تحقیق میں قرار دیا ہے نقشۂ ذیل سے اس کی صراحت معلوم ہوگی۔

نام محقق	عبدالرحمن بن زید	ابن ابی الحسین	محمد بن اسحاق	جابر بن زید	سعید بن جبیر	قتادہ	زہری	راوی دیل	ابن عباس	شعبی	مجاہد	بعض مصری محققین
شمارہ بہ لحاظ ترتیب موجودہ	۳۵	۳۵	۸۶	۳۶	۲۹	۱۵	۲۲	۲۱	۲۳	۳۲	۳۶

توضیحات

شمارہ الحاقی آیات	کون مخاطب ہے یا کون سی مثال ہے	احکام و شریعت و منہاج	میرے فکر و نظر کے موضوعات			
			موضوع	صفحہ	موضوع	صفحہ
×	اہلِ مکہ	×	طارق یعنی ایک ستارے کے پرستار	ف۱		
			مساوات انسانی بہ لحاظ تخلیق	ف۲		
			حشر پر ظاہری ایمان اور عملاً نفی	ف۳		
			آیات قرآن و کائنات کی نشانیاں	ف۴		
			الہان باطل قرآن کے مصدق	ف۴		

بِسْمِ اللّٰهِ الرَّحْمٰنِ الرَّحِيْمِ

بسم خالق السماء والطارق

اے مخاطب ۔ قسم ہے آسمان کی اور طارق کی ع۱ تم جانتے ہو کہ طارق کیا ہے ع۲ وہ تو ایک چمکتا ہوا ستارہ ہے ع۳ دیکھو کوئی نفس (شئے) نہیں جس پر کوئی نگہبان مقرر نہ ہو ع۴ خود آدمی اپنی ہی پیدائش پر غور کرے کہ اس کی بناوٹ کا آغاز کس طرح ہوتا ہے ع۵ یہی نا کہ وہ بنتا ہے جوشِ نفسانی کے بعد قطرۂ منی سے ۔ ع۶ وہ منی جو نکلتی ہے ریڑھ

ف۱ ۔ میرا فکر :۔ طارق ۔ محاورہ عرب میں صبح کے ستارہ کو کہتے تھے اور معزز لوگ رؤسا کو بھی طارق کا محاورہ اس شخص کے لیے بھی تھا جو آخری رات میں دروازہ کھٹکھٹاتا ہو ۔ یہاں پر آسمان اور صبح کے ستارہ کی قسم مقصود معلوم ہوتی ہے ۔ اس ستارے کا نام ہمارے پاس زہرہ ہے ۔ نظام شمسی کے مختلف سیاروں کو مختلف قومیں پوجا کرتی تھیں جس سے اہلِ مکہ بھی متاثر تھے کیونکہ مختلف ممالک کے مختلف (باقی بر صفحہ ۲۵۶ پر)

طارق ۔ مشتری ۔ زہرہ کے پرستار

کی ہڈی اور ترائب سے ع۷ بے شک اللہ اس پیدائش کو دُہرا سکتا ہے ع۸ وف۲ تم جانتے ہو کہ جس دن دلوں کے پوشیدہ بھید ظاہر ہوں گے یعنی بروز یوم حساب ع۹ اُس دن نہ تو کوئی زور کام آئے گا اور نہ ہی کوئی مدد کرنے والا ہوگا ع۱۰ وف۳

اے مخاطبین! پھر محمدؐ کی زبان سے سُن لو! قسم ہے آسمان چکر مارنے والے کی (یعنی نظامِ شمسی کی) ع۱۱ اور زمین کے پیداوار کی ع۱۲ بے شک یہ وحیٔ الٰہی امرِ فیصل شدہ ہے ع۱۳ اس میں کوئی لغویات اور مہملات نہیں ہیں ع۱۴ باوجود اس کے مخاطبین اگر اعلانِ حق کے خلاف بُرے تدبیروں میں لگے ہیں ع۱۵ تو قدرت کے کارکن بھی حق کو کامیاب بنانے کی تدبیروں میں لگے ہوئے ہیں ع۱۶ البتہ قانونِ مہلت

(بقیہ میرا فکر۔ ف۱۔ صفحہ ۲۵۵) اقوام وملل بضمن تجارت مکہ میں آتے تھے۔ اور ان کے عقائد کے لحاظ سے ان کے معبود بھی خانۂ کعبہ میں رکھے جاتے تھے جس کا ذکر اوراقِ گزشتہ میں آچکا ہے۔ پس آسمان اور طارق کی قسم زبانِ محمدیؐ پر جاری کر کے نصیحت کا آغاز کیا جارہا ہے کہ دیکھو تمہارے تصور اور عقیدے کے لحاظ سے طارق کی قسم کھا کر کہتا ہوں کہ کوئی شئے کائنات میں ایسی نہیں ہے جس پر کوئی نگہبان مقرر نہ ہو۔ کیونکہ بغیر نگہبانی کے کوئی شئے باقی نہیں رہ سکتی۔ یعنی جب تک اس کی بقاء کے لیے کارکنانِ قضاء وقدر اس کی نگہبانی نہ کریں۔ چنانچہ آج سائنس کی دُنیا میں ہوا اور برق۔ ایتھر۔ الیکٹرون وغیرہ گیاس ہی سے ہر حیوان۔ اور نباتات کی زندگی مسلمہ ہے، پس دیکھو تمہارا معبود طارق بھی اللہ کے مقررہ نگہبانوں کی حفاظت میں ارب در ارب سالوں سے اپنے محور پر گھوم رہا ہے۔

ف۲ میرا فکر:۔ اُن مخاطبین کو جو بعث بعد الموت۔ اور معاد کے منکر ہیں۔ یا محض عقیدہ رکھ کر نتائجِ اعمال سے لاپروائی برتتے ہیں۔ تو ان کو غور کرنا چاہئے کہ ان کی پیدائش تو کوئی راز نہیں ہے "وہی نطفۂ منی عورت کے رحم میں داخل ہو کر اس کے خون کو قدرت دودھ کی صورت میں بچے کی پرورش کے لیے خوراک بنا دیتی ہے۔ تم خوب جانتے ہو کہ یہ سب کچھ اللہ ہی کی قدرت مقررہ سے اور اس کے حکم سے ہوتا ہے۔ تو پھر تم کو کیوں بعث بعد الموت اور یوم حساب سے انکار۔ یا لاپروائی ہے۔ اور کیوں نہیں سمجھتے کہ جب اللہ کی قدرت ایک بار پیدا کرتی ہے تو وہ دوبارہ اس کو پیدا نہیں کر سکتی۔ اگر تم اپنے معبودِ باطل طارق ہی پر نظر ڈال کر فکر کرو تو معلوم ہوگا کہ وہ کس طرح ہر مرتبہ غروب ہوتا ہے۔ اور پھر طلوع ہوتا ہے۔ کیا تم نے کبھی اس کے اوقاتِ مقررہ میں ایک لحظہ کا بھی فرق دیکھا ہے؟۔ جب ایسے عظیم الشان سیاروں پر اللہ کے نگہبان یعنی کارکنانِ قضاء وقدر موجود ہیں۔ جس کی وجہ وہ اپنے فرائض کی تکمیل میں سرمو فرق نہیں کرتے۔ تو اے انسان تیرے کو جب تیرے خالق نے قوتِ فکریہ کی نعمت دے کر تجھ کو اپنے اعمال وافعال میں مختار کر دیا ہے تو کیوں تقلید جامد میں جکڑا ہوا محض عقائد وایمانیات کی دُنیا میں اپنے فرائض کو بھول رہا ہے۔ اور قوتِ فکریہ سے تسلیم حق کی آزادی کو حاصل کرنے میں پس وپیش کرتا ہے۔

انسانی پیدائش منی سے سب انسانوں کے لیے یکساں ہے

ف۳۔ میرا فکر:۔ اس وحی کے مخاطبین کی کیفیت وہی ہوگی جیسی کہ آج کل ہم مسلمانوں کی ہے۔ یعنی قیامت کے قائل، روزِ جزاء اور سزا پر ایمان کامل رکھتے ہیں۔ میزانِ عمل اور حساب اعمال نیک وبد ہر وقت زبان پر جاری ہے اور پھر یہ بھی کہتے ہیں کہ بروزِ قیامت کوئی مددگار نہ ہوگا۔ (باقی صفحہ ۲۵۷ پر)

عقائدِ حشر کی عملاً نفی

ان کو ڈھیل دے رہا ہے۔ اور یہ چند روزہ مہلت ان کے لیے ہے اور بس ۱۷ ف ۴

(بقیہ میرا فکر۔ ف ۳۔ صفحہ ۲۵۶) قرآن حکیم کی تلاوت کرتے ہیں۔ جو لوگ طوطے کی طرح بڑبڑاتے ہیں اُن کا تو کوئی ذکر ہی نہیں۔ جو صاحبِ علم و فضل ہیں قرآنِ حکیم کے معنی و مطالب کو جانتے ہیں۔ تفاسیر لکھتے ہیں۔ سب کچھ ہے، لیکن ان کے دلوں کا بھید تو یہ ہے کہ ہم امتِ محمدی ہیں لہذا ہمارے لیے اللہ کی رحمت اور اس کی مغفرت پر بھروسہ کافی ہے۔ "نجات ہمارے لیئے لازمی ہے ــــ" بس اسی طرح مخاطبین وحی کے ایمانیات و عقائد لازمی ہوں گے جس کی طرف اس وحی میں اشارہ ہے۔

یہ کائنات کے نشانیاں بھی آیاتِ قرآنی ہیں

ف ۴۔ میرا فکر:۔ پھر مخاطبین وحی کو زبانِ رسول پر زمین اور آسمان کی قسم جاری کر کے بتلایا جا رہا ہے کہ ہم محمدِ عربی کے ذریعے جو کچھ تم کو اب تک سنا چکے ہیں۔ اور آئندہ سنائیں گے۔ ہر بات امرِ فیصل شدہ ہے۔ دو اور دو چار کی طرح ہے اس میں کوئی لغزش یا لغو یا ہوائی باتیں نہیں ہیں۔ ہم تو تم کو کائنات کا کھلا قرآن۔ موجودات کی آیتیں یعنی نشانیاں بتلا کر سمجھا رہے ہیں کہ دیکھو جس کو تم رات دن اپنی آنکھوں سے دیکھتے ہو۔ اور اپنے عمل سے جانچتے ہو یعنی ہر عمل کا بھلا یا برا نتیجہ تمہارے سامنے فوری ظاہر ہو جاتا ہے۔ پھر تم اس قولِ فیصل کو جو تمہاری بھلائی کے لیے ذریعہ وحی الٰہی جاری کیا جا رہا ہے۔ اور تمہارے ذہن و فکر ہی کے دائرہ میں تم کو سمجھایا جا رہا ہے کیوں غور نہیں کرتے۔ اور کیوں تقلید اب وجد سے فکر کی آزادی حاصل کر کے قرآن ازم کی پارٹی میں داخل نہیں ہوتے؟ ذرا تو غور کرو کہ تمہارے ہی عقائد کے مدِ نظر محمدِ عربی صلعم تم سے کیسی بڑی بڑی قسمیں کھا کر اپنا دعویٰ پیش کر رہے ہیں۔ اگر وہ غلط کہتے تو کیا تم اتنا نہیں سمجھتے کہ تمہارے معبودانِ باطل اُن کو کیوں ضرر نہیں پہنچاتے؟ تم دیکھتے ہو کہ ان کو ان قسموں کے بعد بھی تو کوئی نقصان نہیں پہنچ رہا ہے۔ تو تم کو غور کرنا چاہیئے کہ تمہارے الٰہ بھی ان کے بیان اور نصیحت کو صحیح سمجھتے ہیں۔ اس کے باوجود اگر تم اعلانِ حق کو مٹانے کی تدبیروں میں لگے رہو گے تو پھر کارکنانِ قضا و قدر بھی حق کو بلند کرنے اور تمہارے باطل کو مٹانے کی تدابیر میں اللہ تعالیٰ کے حکم سے مصروف ہیں۔ یہ زمانہ تو تمہارے لیے ایک مہلت کا ہے۔ اور جب تمہارے حساب کا دن آجائے گا تو پھر سب کچھ ظاہر ہو جائے گا۔ پس اس مہلت میں جو کرنا ہے کر لو ــــ دیکھئے۔ ہمارے پاس بھی تو زراعت پیشہ اپنی زراعت کی قسم کھاتا ہے اور کبھی وہ بارش کی کبھی اپنے کھیت کی۔ ایک بڑھائی اپنے اوزار کی۔ عام انسان چراغ کی۔ مطلب اس سے یہی ہوتا ہے کہ اگر وہ غلط کہتا ہے تو زراعت تباہ ہو گی۔ اوزار اس کے ہاتھ پاؤں کو نقصان پہنچائیں گے۔ چراغ پھر اس کو دیکھنا نصیب نہ ہو گا۔ یعنی موت آئے گی یا تباہی آجائے گی۔ آسمان اس پر ٹوٹ پڑے گا۔ ان تصورات ہی کے تحت مخاطبین وحی کو زبانِ رسول اللہ صلعم پر اُن کے عقائد کے لحاظ سے قسموں کو جاری کر کے نصیحت کے ماننے کی طرف رجوع کیا جا رہا ہے۔

نام سورہ **مُزَّمِّل** تعداد آیات (۲۰) تعداد رکوع (۲) شمارہ ترتیب موجودہ (۷۳) پارہ (۲۹)
شمارہ ترتیب نزول وحی بلحاظ تحقیق علامہ محمد اجمل خاں (۲۶) زمانہ نزول دورِ دوم ۴ھ بعثت ۶۱۴ عیسوی
اس سورۃ کے سلسلۂ نزول سے متعلق جن محققین نے جو شمارہ اپنی تحقیق میں قرار دیا ہے نقشہ ذیل سے اس کی صراحت معلوم ہوگی

نام محقق	عبداللہ ابن عباس ۶۸ھ	عکرمہ ابن ابی الحسین ۱۰۵ھ	محمد بن کعب قرظی ۱۰۸ھ	حارث بن یزید عکلی ۱۲۸ھ	زید بن اسلم ۱۳۶ھ	ابو العالیہ ۱۳۰ھ	قتادہ بن دعامہ ۱۱۷ھ	ابن زید ۱۸۲ھ	ابن اسحاق ۱۵۱ھ	محمد اجمل خاں ۱۹۲۴ء	تحقیق مصر ۱۹۳۸ء
شمارہ بلحاظ ترتیب وحی	۳	۳	۳	۳	۲۳	۴۶	۳	۳۴	۳	۸	۳

توضیحات

شمارہ اسمائی آیات	کون مخاطب ہے یا کون سی مثال ہے	احکام شریعت و منہاج	میرے فکر و نظر کے موضوعات			
			موضوع	صفحہ	موضوع	صفحہ
(۲۰) ویں آیت مدنی ہے	محمد عربی صلعم اور عام انسانیت	۱۔ پچھلی رات میں دعا اور وحی الٰہی پر غور و فکر کا حکم۔ ۲۔ عدم تشدد کا حکم	مزمل ؟ تہجد کی حقیقت مراقبہ اور مسمریزم رب المشرقین رب المغربین ؟ عدم تشدد یعنی اہمسا بنی اسماعیل کی تمنا اہل کتاب بننے کی۔ آگ کی بیڑیاں ؟ آخرت کے لیے زاد راہ ؟ تذکرہ قرآنی ؟ الحاقی آیات پر یادداشت	ف ۱ ف ۱ ف ۱ ف ۲ ف ۳ ف ۴ ف ۴ ف ۴ ف ۵ ف الف	مدنی قرآن۔ تعمیر اسٹیٹ قوانین وحی اور تمدن و معاشرت کو نافذ کرتا ہے۔ قرآنی احکام کے ناسخ و منسوخ کی حقیقت۔ نماز با جماعت زکوٰۃ کی حقیقت مالی عبادت سے ثواب آخرت ثواب آخرت کی ایک مثال علی گڑھ یونیورسٹی ہے۔	ف ف ف ف

بسم اللہ الرحمٰن الرحیم

اے محمد! جب بار نبوت کے تم حامل ہو چکے ہو تو رات کو سوتے رہنا کیا معنی رکھتا ہے؟ ع۱ پس رات میں تھوڑی دیر کے لیے قیام بھی کر لیا کرو ع۲ خواہ آدھی رات ہو یا اس سے کم ع۳ یا اور بھی زیادہ اور اس قیام میں اللہ کی نازل شدہ وحیوں پر آہستہ آہستہ غور و فکر بھی کرنا چاہیئے ع۴ کیوں کہ عنقریب تم پر تبلیغ کا ایک بھاری بوجھ ڈالا جانے والا ہے ع۵ کچھ شک نہیں کہ شب بیداری نفس کے لیے ایک بار گراں ہے۔ لیکن یہ وقت ذکر کے لیے اچھا ہوتا ہے (یعنی وحی الٰہی میں غور و فکر کے لیے) ع۶

پس رات ہی کو سب سے بے تعلق ہو کر وحی الٰہی میں ذکر کیا کرو (یعنی فکر کیا کرو) کیونکہ دن میں کثرتِ مشاغل کی وجہ سے فکر و فہم کا موقعہ نہیں ملتا ۷ و ۸ ۔ یاد رکھو کہ مالک مشرق کا اور مالک مغرب کا سوائے ایک اللہ کے دوسرا نہیں ہے۔ لہٰذا اسی کو اپنا کارساز بنا لو ۹ ۔ ہاں اے محمدؐ! تیرے اعلانِ حق پر جو کچھ اعتراضات

ف ۱ ۔ میرا فکر:۔ مزمل محاورہ عرب میں حاملِ نبوت کو کہتے ہیں۔ مزمل اصل میں متزمل سے مشتق ہے۔ یعنی اپنے آپ کو

مزمل عبادت کے لیے سرپوش کر لینے والا۔

اس وحی کے مخاطب خاص محمدؐ عربی صلعم ہیں۔ وحی الٰہی آپ کو آگاہ کر رہی ہے کہ اب جبکہ تم کو نبی اسمٰعیل سے نبی منتخب کیا گیا ہے تو دن کے کاروبار معیشت و فرائض تبلیغ کے علاوہ رات کو وحی الٰہی میں زیادہ فکر اور غور کیا کرو۔ تاکہ سکونِ قلب کے ساتھ راہِ عمل اور نتائج پر پہنچنے کا تم کو موقع ملے۔

تہجد کی حقیقت دیکھئے آج بھی جو لوگ شب میں عبادت کرتے ہیں، یا کسی معاملے میں غور و فکر کرتے ہیں ان کی قوتِ ارادی اور قوتِ فکریہ کس قدر تیز ہوتی ہے جس کی وجہ ان کی تبلیغ مؤثر خلائق بن جاتی ہے۔ بات یہ ہے کہ رات کی خموشی میں جس طرح سکونِ قلب ملتا ہے وہ دن کے شور و غل اور مشاغل و فرائض زندگی کی وجہ حاصل نہیں ہوتا۔

مسمریزم اور مراقبہ میرا ذاتی تجربہ ہے کہ مسمریزم میں قوتِ ارادی کو بڑھانے کے لیے رات کے آخری حصے ہی میں توجہ کرنی بہت مفید ہوتی ہے۔ مجھ کو اپنی کم سنی کا ایک واقعہ یاد ہے کہ میرے خالو احمد علی شاہ متخلص قاضی خلیفہ فیضؔ نے مجھ سے مسمریزم کا طریقہ پوچھا اور میں نے بتلایا کہ اس طرح رات میں ایک سیاہ نقطہ پر توجہ ڈالی جا کر اس کو روشن پھر سیاہ کر لیا جاتا ہے۔ تو وہ چیخ اٹھے ــــ کہ "ارے یہ تو ہم صوفیا ہی کی ابجد ہے، تم لوگ شیطانی ابجد میں مبتلا ہو ــــ" بہر حال قوتِ ارادی بڑھانے کے لیے آج دنیا میں کئی طریقے۔ ہپناٹزم۔ مسمریزم۔ ڈیولپ منٹ آف مائنڈ۔ وغیرہ ہیں۔ اور بڑے بڑے سائنس داں اور صاحبِ فکر سیاست داں رات ہی میں غور و فکر کرتے ہیں۔ پس اس لحاظ سے آج کے ماحول میں غور کیجئے تو وحی الٰہی پر غور و فکر کرنے کا حکم ظہور تجلیات کے لیے سمجھ میں آ سکتا ہے۔ مفسرین نے بہ لحاظ عمل رسول صلعم نماز تہجد کا حکم اس کو قرار دیا ہے۔ کیونکہ نماز پنجگانہ کی فرضیت کے لیے ابھی حکم نافذ نہیں ہوا ہے۔ چنانچہ آج بھی بعض فرقے۔ مثلاً مہدوی۔ اور قادیانی۔ اور صوفیہ کے نزدیک نماز تہجد فرض کا درجہ رکھتی ہے۔ اسی لیے وہ اس کو قضا نہیں کرتے۔

دیکھئے اس وحی میں انسانی معیشت کا کس طرح خیال رکھا گیا ہے۔ یہ نہیں کہا جا رہا ہے کہ زندگی کے کاروبار ترک کر کے آخرت کی طلب میں مسجد و محراب کے حوالے ہو جاؤ۔ یا سنیاسی۔ یا رہبانیت اختیار کر لو۔ نہ تو بدھ مت کی طرح بادشاہی کی تعلیم ہے اور نہ عیسائیوں کی طرح رہبانیت کی ــــ بلکہ دن کو معاشی جد و جہد کے لیے جب قدرت نے بنایا ہے تو انسان کو اچھی دنیا پیدا کرنے کے لیے اس میں مصروفِ عمل رہنا لازمی ہے۔

ف ۲ ۔ میرا فکر:۔ میرا فہم کہتا ہے کہ اس آیت کا منشا رسالت مآب صلعم کے ذریعے تمام انسانوں کو خواہ وہ مشرق کے رہنے والے ہوں

رب المشرق والمغرب یا مغرب کے، شمال کے ہوں یا جنوب کے۔ جو بھی اپنی اپنی زبانوں میں اللہ کی پرستش کے مدعی ہیں ان سب کو یہ سنانا ہے کہ الٰہ یعنی معبود سب کا ایک ہی ہے، اگر کوئی اس کے خلاف اپنی قوم اور اپنے ملک کا علیحدہ علیحدہ رب یعنی پروردگار سمجھتا ہے تو یہ اس کی غلط فہمی ہے، لہٰذا انسان کو چاہئے کہ وہ ایک ہی ذاتِ واحد کو اپنا رب سمجھ کر اسی کو اپنا کارساز بنانے والا۔ (باقی صفحہ ۲۶۰ پر)

اختلافات۔ اور جبر و ستم۔ ظلم و استبداد تجھ پر ہوگا اس کو سہتا رہ اور لوگ جو کچھ حق کی مخالفت میں تجھ سے کہیں اس کو سنتا رہ۔ اور اُن کی سختیوں کو نظر انداز کر دیا کر ۱۰۔ اور ان حق کے جھٹلانے والوں کا معاملہ اللہ کے فیصلے کے لیے چھوڑ دے۔ ان کو قانونِ امہال کے سلسلے میں کچھ مہلت ملے گی ۱۱ ۳۰۔ اے محمدؐ! تو کیوں فکر کرتا ہے؟ ان جھٹلانے والوں کے لیے تو ہم نے سخت سے سخت جہنم کا عذاب تیار کر رکھا ہے ۱۲ اور ان کے لیے ذلت کی غذا ۱۲ تو دیکھ لے گا جس دن زمین کانپ اُٹھے گی اور پہاڑ مثل ریت کے ٹیلوں کے پھسلنے لگیں گے ان مکذبین کا حشر ۱۳۔ اے اہلِ مکہ! دیکھو ہم نے تمھارے لیے بنی اسمٰعیل سے ویسا ہی رسول منتخب کیا ہے جیسا کہ بنی یعقوب سے موسیٰ کو منتخب کر کے فرعونِ مصر کے پاس بھیجا تھا ۱۴۔ تم تو جانتے ہی ہو کہ جب فرعون نے موسیٰ کا کہا نہ مانا تو فرعون اور اُس کی فوج کا کیا حشر ہوا ۱۵ ۱۶۔ تم اگر ہمارے رسول کی تعلیم سے انکار کرو گے تو کس طرح ہمارے عذاب سے بچ سکتے ہو ۱۷۔ اور کہو! عذاب کا دن ضرور آئے گا اور وہ دن اتنا سخت ہوگا کہ انسان تو انسان آسمان بھی اُس دن پھٹ جائے گا ۱۸۔

(بقیہ میرا فکر ف ۲ صفحہ ۲۵۹) اور پالنہار۔ سب کچھ سمجھ لے ـــــ اس کے خلاف تمام دعوے۔ اور اپنی برتری کا ادعا اللہ کے برگزیدہ اُمت ہونے کا گھمنڈ لغو اور مہمل ہے۔

ف ۳۔ میرا فکر:۔ دیکھئے ان آیات میں تشدد کا جواب عدم تشدد کے اصول سے دینے کی تعلیم محمدؐ عربی صلعم کو دی جا رہی ہے۔ تاریخ

اہمسا یعنی عدم تشدد کی تعلیم

شاہد ہے کہ محمدؐ عربی صلعم کی ۱۳ سالہ تبلیغی زندگی مکہ میں کس کشمکش کی گذری۔ اور آپ نے اس تعلیم کے سوا ق کس طرح حلم۔ بردباری۔ اور حسنِ اخلاق و کشادہ دلی کے ساتھ منکرینِ حق سے تعلقات قائم رکھے۔ جو لوگ یہ کہتے ہیں کہ کسی نبی و رسول کی قوم نے مثل عرب کے اپنے نبی پر ظلم نہیں کیا۔ وہ تو صرف حسنِ عقیدت سے کہتے ہیں۔ میری نظر میں گزشتہ انبیاء و مرسلین پر جو ظلم ہوا ہے آنحضرت صلعم پر اس میں کا ہزارواں حصہ بھی نہیں ہوا۔ لیکن میں اس بات پر یقین و ایمان رکھتا ہوں کہ سولی پر چڑھ جانا۔ آرے سے کٹ جانا۔ آگ میں جلنا۔ موت کے منہ میں چلے جانا۔ تو ایک وقتیہ بات ہے۔ لیکن زندگی کو ہر وقت خطرہ میں ڈال کر رات دن قوم کی مخالفت۔ جانی۔ مالی جسمانی عزت و آبرو پر ضربات سہتے ہوئے پیغامِ حق کو عدم تشدد کے ذریعے پہنچانا اور پھر اپنے مشن کو اپنی زندگی ہی میں کامیاب بنانا، فی الحقیقت اولوالعزمی ہی کا کام ہے۔ جس میں محمدؐ عربی صلعم کی مثال بہ مشکل تمام دیگر انبیائے مرسلین میں مل سکتی ہے۔ ابتدائی وحی الٰہی نے آپ کو جو ہدایت صبر و استقلال اور عدم تشدد کے ساتھ حسنِ اخلاق سے تکمیلِ رسالت کی دی تھی، اس پر جس طرح آپ نے عمل فرمایا اس کی تصدیق اپنے نہیں بلکہ پرائے انگشت بدنداں ہو کر کر چکے ہیں۔ چنانچہ بعض عیسائی محققین و مورخین نے اپنے کتابوں میں اس کا اعتراف کیا ہے ـــــ لیکن سوال یہ ہے کہ آج مسندِ محمد رسول اللہ کے جانشین یعنی علماء و مشائخین کا کیا حال ہے؟

ف ۴۔ میرا فکر:۔ دیکھئے اس وحی کے ذریعے آنحضرت صلعم کو ڈھارس دی جا رہی ہے۔ کہ تم اپنی مخالفت کرنے والوں کو ہم پر چھوڑ دو۔ ہم اپنی قدرت اور کارکنانِ قضا و قدر کے ذریعے ان کو سمجھ لیں گے۔ ان کی قسمت میں تو ازل زندگی ہی معلوم ہوتی ہے۔ وہ باوجود احسنِ تقویم ہونے کے اسفل زندگی ہی کو پسند کرتے ہیں۔ تم اپنے فرائض حسنِ اخلاق کے ساتھ انجام

لوگو ـــ !! ذرا تو غور کرو کہ محمدؐ تمھارے کو جو خطاب کر رہا ہے۔ اور وہ جس وحی الٰہی کو تمھارے لیے لا رہا ہے۔ یہ دراصل ہے کیا ؟ ۔ یہ تو صرف تذکرہ ہی تو ہے !! یعنی صرف نصیحت۔ پس اے اہلِ مکہ۔ اے مخاطب۔ اب تیرے اختیار میں ہے کہ اس نصیحت کو قبول کر کے حق کا راستہ

(بقیہ میرا فکر۔ ف ۴ صفحہ ۲۶۰) دیتے چلے جاؤ ـــ اور ہمارے نصرت اور رحمت کے منتظر رہو۔

اہلِ عرب کی دیرینہ تمنا اہلِ کتاب بننے کی

پھر اہل مکہ کو مخاطب کر کے کہا جا رہا ہے کہ اے تقلید جامد، باپ دادا کے مذہب پر اندھے بہرے بن کر چلنے والو ـــ ذرا تو غور کرو ـــ کہ تمھاری کتنی دیرینہ تمناؤں کو پورا کرنے کے لیے رحمت خدا جوش میں آئی۔ اور بنی اسمٰعیل پر برس پڑی کہ محمدِ عربی بنی اسمٰعیل میں مبعوث کئے جا رہے ہیں اور تم اس نعمتِ عظیم کی ناقدری کر رہے ہو۔ اور ان کی تعلیم کو مٹانا چاہتے ہو۔ کیا تم غور نہیں کرتے کہ تم اہل مکہ کی حیثیت مصر کے بادشاہ فرعون کے مقابل کیا ہے ؟ جب وہ ہمارے رسول موسیٰؑ کا مقابلہ نہ کر سکا اور تباہ و برباد کر دیا گیا۔ جس کے واقعات تمھارا بچہ بچہ جانتا ہے۔ تو پھر تم ہمارے رسول بنی اسمٰعیل کی مخالفت کر کے کیا پھل پاؤ گے ـــ ؟ ذرا تو غور کرو۔ اور اندھی تقلید سے باہر نکل کر سوجھ بوجھ سے کام لو۔ دیکھو ہمارا عذاب کیسا سخت ہوا کرتا ہے کہ آسمان بھی تو اس کی تاب نہیں لا سکتا ـــ

آگ کی بیڑیاں

معتقدات۔ روایات۔ ظنی و ذہنی میں اس بات پر غور کرنے کے بجائے کہ ۔ دوزخیوں کی بیڑیاں آگ کی کیسی ہوں گی ؟ وہ غذا ان کی کیا ہو گی ؟ آسمان کیسے پھٹ جائے گا ؟ وغیرہ۔ اپنی اس زندگی ہی میں ہر چیز پر غور کر لو۔ تو سب کچھ آسانی سے سمجھ میں آ جائے گا ـــ پولیس ایکشن کل کی بات ہے۔ عثمان آباد بیڑ۔ بیدر۔ کے اُن عہدہ داروں اور سرمایہ داروں اور حوالدر دپٹھانوں۔ بہادر رضاکاروں سے دریافت کرو کہ کس طرح عذاب الٰہی بصورت پولیس ایکشن نازل ہوا۔ بظاہر تو کوئی آگ کی بیڑیاں نہ تھیں لیکن بندوق کی نالی آگ کی بیڑی سے زیادہ تھی۔ ان کی غذا جو ان کو دی جا رہی تھی کیسی تکلیف دہ ذلت کی غذا تھی۔ اُن سے پوچھو کہ جب وہ اپنی جان بچا کر بھاگ رہے تھے تو بڑے بڑے پہاڑوں کے سامنے کیسے ریت کے ٹیلوں کی طرح پھسلتے نظر آ رہے تھے۔ اول تعلقدار۔ مہتمم پولیس ناظم عدالت۔ یہ بڑے بڑے عہدہ داروں کے پیروں کا کیا حال تھا۔ آخر یہ کیا ماجرا ہے۔ یہ کیسی بدنصیبی اور اندھا پن ہے کہ رات دن جو کچھ اس زندگی میں بداعمالی کی وجہ مصائب برداشت کرنے پڑتے ہیں اس کی طرف تو وہ دھیان دینا نہیں چاہتا۔ اور ایسی باتوں کو وہ لے کر غور و فکر کرتا رہتا ہے جس کی نہ تو مثال ہی مل سکتی ہے اور نہ انسان کے سوجھ بوجھ۔ عقل و فہم اور فکر میں وہ سمو سکتی ہے۔

آخرت کے لیے زادِ راہ کی حقیقت

چنانچہ قرآن نے مخاطبین کے فہم و ادراک کے لحاظ سے مثالیں دے کر بتلا دیا ہے کہ اس زندگی ہی میں انسان اپنے کو سنبھال لے۔ تاکہ اس کا مستقبل درخشاں ہو جائے۔ کاشت کی۔ زمین کی۔ بارش کی۔ جھاڑوں پہاڑوں کی۔ حیوان انسان کی ہی تو وہ مثالیں دے کر سمجھاتا ہے۔ اور آسمان کی مثال بھی دیتا ہے تو تمھارے نظر کی حد تک۔ ملائک اور اجنہ کا ذکر کرتا ہے تو تمھارے ہی عقائد و تصورات کے لحاظ سے۔ پھر تم ان رات دن کے گزرنے والے واقعات اور ان کے اسباب و علل۔ پر تو غور نہیں کرتے ـــ اور دوزخ۔ جنت۔ قیامت۔ حشر کے واقعات ہی پر اپنا فکر رسا اور علم کلام و منطق۔ فلسفہ۔ بلکہ روایاتِ بے سندی کی روشنی میں۔ دادِ کلام۔ دادِ تحریر۔ دادِ سخن حاصل کرنے میں اپنی عمریں تباہ کر رہے ہو۔ جس کا مفاد۔ یعنی ثواب (رزق) برابر بھی نصیب نہیں ہو سکتا۔ غور کرو اے صاحبانِ بصیرت ۔

اختیار کرلے۔ یا باطل ہی میں تباہ ہو جائے ۱۹ ۔ اے محمدؐ! بے شک تیرا رب جانتا ہے کہ تو دو تہائی رات شب بیداری کرتا ہے۔ اور تیرے متبعین بھی۔ اور اللہ ہی نے دن اور رات مقرر کئے ہیں۔ پس اللہ جانتا ہے کہ اب اتنی سخت ریاضت کو تم اور تمہارے متبعین پورا نہیں کر سکتے۔ لہذا اب تم کو چاہئے کہ شب بیداری کے لیے جس قدر بھی تم کو سہولت سے حاصل ہو نماز میں مصروف رہا کرو ف الف ۶ کیوں کہ تمہارے میں بہت سے عمر رسیدہ۔ کمزور۔ بیمار۔ اور مجاہدین۔ نبرد آزما۔ یعنی فوجی سپاہی۔ بھی تو ہیں۔ ایسی حالت میں جس قدر بھی تم کو قرآن حکیم کے پڑھنے کا موقع ملے پڑھ کر غور و فکر کر لیا کرو۔ لیکن اس کے ساتھ ہی یاد رکھو کہ نماز کے

ف۵۔ میرا فکر:۔ میرے فکر پر ایک مرتبہ غور کر کے ذرا اس آیت نمبر (۱۹) کو پڑھئے۔ تو معلوم ہوگا کہ میں جو کچھ لکھ رہا ہوں

تذکرۂ قرآنی | وہ شر کی رہنمائی۔ اور حق سے دوری۔ یا قرآن کا انکار ہے یا دراصل قرآن حکیم خود ہی اپنے نزول کا منشاء واضح الفاظ میں یہ ہی بتلا رہا ہے۔ کہ قرآن دراصل ایک پند نامہ ہے۔ نصیحت ہے۔ تذکرہ ہے۔ قرآن حکیم کوئی جیومیٹری نہیں ہے۔ منطق اور فلسفہ۔ اقلیدس اور سائنس کے کلیات کو تم سے بیان کرنے کے لیے تمہاری تلاوت میں نہیں ہے وہ تو تم کو راہ راست جس کی منزل مقصود تعمیر انسانیت کی فیاکٹری ہے۔ اسی طرف رہنمائی کے لیے بطور ایک سگنل کے ہے۔ تم انفراداً یا اجتماعاً اس راستے پر چل پڑو گے تو آسانی سے منزل مقصود پر جلد سے جلد پہنچ جاؤ گے۔ اگر اس سبیل۔ یا صراط مستقیم۔ یا سیدھے شاہراہ سے ہٹ کر غلط راہ پر چل پڑو گے تو تم قطعاً منزل مقصود کو نہیں پا سکتے۔ بلکہ راستہ بھٹک کر نہ صرف حیران و پریشان ہوں گے بلکہ یقینی تم اپنے کو موت کے گڑھے میں ڈال دو گے۔ اور فنا ہو جاؤ گے۔ یہ ہے۔ اِنَّ هٰذِهٖ تَذْكِرَةٌ ۚ فَمَنْ شَآءَ اتَّخَذَ اِلٰى رَبِّهٖ سَبِيْلًا ۝ کا مفہوم۔

ف الف ۶۔ میرا فکر:۔ یہ بیسویں آیت اس سورۃ کی مکی نہیں بلکہ مدنی ہے۔ یعنی ہجرت کے زمانے میں نازل ہوئی

الحاقی آیات؟ | تھی۔ اور آنحضرت صلعم کے حکم کے تحت اس سورۃ میں ضم کر دی گئی ہے۔

(ایک ضروری یادداشت۔ میں مکی سورتوں میں مدنی وحی کے الحاقی آیات کو علیحدہ کر کے مدنی قرآن کے سلسلے میں شریک نہیں کر سکا۔ بلکہ ان کو ان کی سورتوں ہی میں لکھ رہا ہوں۔ اس کی وجہ یہ ہے کہ۔ اول تو مجھ کو ان الحاقی آیات کے سلسلۂ نزول کا مواد نہیں مل سکا۔ جس کے حوالے سے میں مدنی وحیوں میں ان کو سلسلہ وار لکھتا۔ دوسری وجہ یہ ہے کہ مکی سورتوں میں مدنی وحیاں بہت ہی کم شامل ہوئی ہیں اور ان کے سلسلۂ بیان میں بھی ایک قسم کا ربط ہے۔ کوئی خاص بات کسی واقعہ کی مختلف قصہ نہیں۔ پس ان دو وجوہات کی بناء پر میں نے ان کو مدنی قرآن میں شریک نہیں کیا۔ البتہ ایسی صورت میں بطور یادداشت مدنی آیات کا مکی سورۃ میں الحاقی نوٹ کر دیا گیا ہے امید کہ ناظرین اس یادداشت کو ذہن نشین رکھیں گے)

دیکھئے تیرہ سالہ مکی دور عدم تشدد کا، جدوجہد تبلیغ حق کا اور کردار سازی و تہجد گزاری کا گزر چکا ہے۔ اور تیرہ سالہ مکی آیات کے وعدوں اور وعیدوں کا ظہور شروع ہو چکا ہے اور قرآن کے موعودہ انعامات الٰہی سے متبعین رسول کریم صلعم اسی دنیا ہی سے سرفراز ہونے لگے ہیں اور نتیجۃً حکومت الٰہیہ کا قیام عمل میں آچکا ہے۔ بقاء مملکت کے لیے قتال یعنی جنگ کی اجازت دے دی گئی ہے۔

قائم رکھنے اور زکوٰۃ کی ادائی میں۔ اور اللہ کے لیے قرض دینے میں ذرا بھی کوتاہی نہ کرنا۔ اس میں تمھارے لیے کوئی رعایت نہیں ہے۔ ف ب ۶

(بقیہ میرا فکر۔ ف الف۔ صفحہ ۲۶۲) اور عدم تشدد کا زمانہ ختم ہو گیا ہے۔ تنظیم مملکت، تنظیم فوج اور اصلاح معاشرت کے لیے زیادہ وقت درکار ہے۔ اس لیے اب رات کی عبادت شاقہ اور رات رات بھر فکر قرآنی کا موقعہ نہیں رہا کیونکہ اس کا مقصد کردار سازی تھا۔ مثال کی طور پر سمجھئے کہ کسی ملک کی رعایا آزادی حاصل کرنے کی متمنی ہے، تو اس کا لیڈر چند ایسی تحریکیں اپنی قوم کو بتلاتا ہے جس سے وہ اپنے نفس پر کنٹرول کر سکیں اور آپس میں متحد ہو جائیں، جیسے کہ گاندھی جی نے چرخہ اور عدم تشدد کی تحریک ابتدا میں پھیلائی۔ افراد نے جماعتی قوت پیدا کر لی۔ اور ہندوستان آزاد ہو گیا۔ اب نظم و نسق اور دفاعی انتظامات کی طرف لیڈر متوجہ ہو گئے۔ اب چرخہ کا تنا کسی فرصت کے وقت رکھا گیا ـــــ اس مثال کو سامنے رکھ کر نزول وحی مکی اور مدنی پر غور کرنے سے معلوم ہو جاتا ہے کہ کس طرح سنت اللہ کے تحت ہمیشہ معاشرہ و تمدن انسانی کی تنظیم درجہ بہ درجہ ہوتی ہے۔ بہرحال مدنی وحیوں کے سلسلے میں میرا فکر ملاحظہ فرمایا جائے تو معلوم ہوگا کہ مکی وحیاں جو تقریباً دو ثلث قرآن حکیم پر مشتمل ہیں، کردار سازی کے لیے نازل ہوتی رہی ہیں۔ اور جب چند نفوس کے کردار بڑی حد تک ٹھیک ہو چکے اور انھوں نے ہجرت کی اور ان کے ساتھ انصار بھی شریک ہو گئے تو یہ دونوں جماعتیں ایک ہو کر ایک اسٹیٹ بن گئیں۔ اب وحی الٰہی یعنی مدنی قرآن۔ سب سے پہلے جنگی احکام دفاع کے نافذ کرنے لگا۔ اور اس کے ساتھ ہی ساتھ تمدن و معاشرت کی اصلاح کے لیے بھی قانون سازی شروع کر دی گئی۔ ایسی حالت میں۔ آنحضرت صلعم اور آپ کی جماعت کے لیے رات کی بیداری اور عبادت یعنی قرآن حکیم میں غور و فکر کی اتنی ضرورت باقی نہیں رہی جو مکہ میں تھی۔ اب ہر مہاجر بنیادی اصول تعمیر ملت اور حصول انعامات الٰہی کے نظریات سے واقف ہو چکا ہے۔ اور بڑی حد تک مہاجرین کی سنگت میں انصار بھی رنگے گئے ہیں۔ اب رات دن دفاع و منظم اسٹیٹ کے فرائض ہر مصدق پر عائد ہو رہے ہیں۔ دن بھر محنت شاقہ کے بعد رات میں آرام ضروری ہے۔ اگر رات میں جسم۔ دماغ اور روح کو سکون نہ ملے تو اسٹیٹ کا استحکام ناممکن ہوگا۔ اس لیے وحی الٰہی حکم دے رہی ہے کہ دیکھو سابقہ حکم حالات حاضرہ کے لحاظ سے ملتوی رکھا جا رہا ہے اور اب رات میں عبادت کے لیے زیادہ وقت صرف کرنے کی ضرورت نہیں۔

قرآنی احکام کے ناسخ و منسوخ ہونے کا مطلب کیا ہے؟ ایک بات ذہن میں رکھنا ہوگا کہ قرآن حکیم کے بعض آیات کو اکثر مفسرین منسوخ کہتے ہیں، میں ایسا نہیں سمجھتا۔ اس لیے کہ قانون الٰہی اٹل ہونا چاہئے۔ اس میں ایسے اصول ہونا لازمی ہیں۔ جو قیامت تک نافذ ہوں ـــــ پھر میں یہاں پر یہ جو لکھ رہا ہوں کہ مکی وحی ملتوی رکھی جا رہی ہے اس کے کیا معنی ہوں گے ـــــ دیکھئے قرآن حکیم بلاشبہ فطرت الٰہی کا قانون ہے، اور فطرت اللہ عین انسانی فطرت ہے۔ فطرت الٰہی نے ایام اللہ میں مد و جزر کا قانون بنا دیا ہے۔ جس کا کھلا ثبوت ہم کو رات دن اور موسموں سے ملتا ہے۔ جس طرح حالات بدلتے ہیں ویسے ہی احکام میں بھی تبدیلی ہوتی ہے۔ پس قرآن حکیم کا ہر حکم تا قیامت اس طرح نافذ ہے یعنی جب کبھی وہ حالات اور واقعات پیدا ہو جائیں تو اس پر عمل کرنا لازمی ہے۔ اور جب حالات بدل جائیں تو وہ قانون ملتوی رہے گا۔ التواء کو منسوخ نہیں کہا جا سکتا۔ بلکہ ان حالات کے رونما ہونے پر خود بخود اُن اصولوں پر وہ لاگو ہو جائے گا۔ مثلاً۔ نماز ہی کو لیجئے کہ حالت سفر میں نصف ہے تو حالت خوف میں ربع۔ جب یہ دونوں حالات نہ ہوں سکون و امن و چین ہو تو پھر نماز کی مقررہ رکعتیں بھی پڑھنی ہوں گی۔ بلکہ نوافل بھی ـــــ اسی طرح وضو۔ تیمم۔ غسل۔ وغیرہ پر نظر ڈالئے ـــــ اب صاحبان غور و فکر کے لیے میدان فکر آسانی سے وسیع ہو جائے گا۔

ف ب ۶۔ میرا فکر۔ میرے فکر الف ۶ کی تائید خود ان آیات سے ہو رہی ہے اور بتلایا جا رہا ہے کہ ایسا رعایتی حکم کیوں نافذ ہو رہا ہے۔ دیکھئے نزول مکی میں ضعیف۔ کمزور۔ اور تھکے ماندے کا کوئی سوال نماز کے سلسلے میں نہیں آیا ہے۔ مدنی وحی میں

ہاں اس بات کو سمجھ لو کہ جو کچھ تم اس زندگی میں اپنے مستقبل کے لیے سرمایۂ عمل جمع کرتے جاؤ گے جو عمل خیر عمل صالح اور نیکیاں ہوں گی۔ اس کو تم اپنے رب کے پاس محفوظ۔ مامون۔ بلکہ ثواب کے اضافہ ہی کے ساتھ پاؤ گے۔ پس اپنی بھول چوک۔ فروگزاشت کا احساس کر کے ہمیشہ اللہ سے اپنی غلطیوں کی معافی کے خواستگار بنے رہو۔ کیونکہ تم تو جانتے ہی ہو کہ اللہ بڑا ہی معاف کرنے والا۔ اور بخشنے والا۔ اور رحمتوں والا۔ آقائے بے نیاز ہے ۲۰ ع ۲ ف ج ۶

(بقیہ میرا فکر ف ب ۶۔ صفحہ ۳۶۳) اس کا ذکر آرہا ہے۔ اور اس رعایتی حکم کے ساتھ ہی ساتھ نماز کی تنظیم اور زکوٰۃ۔ اور چندے کے نظام کو برقرار رکھنے بلکہ اس کی پابندی یعنی فرضیت کا سختی سے حکم دیا جارہا ہے۔ کیونکہ یہ تو ایک اسٹیٹ کی بنیاد ہی ہے یعنی فوجی قوت۔ اور مالی بجٹ کے لیے جس کے بغیر کوئی حکومت قائم نہیں رہ سکتی۔

نماز باجماعت کا لزوم اور مقصد اور زکوٰۃ کی حقیقت

ایک بات اور یادداشت میں رکھئے کہ قرآن حکیم اور عمل رسول صلعم و اصحاب رسول میں۔ نماز دراصل جماعت ہی کے ساتھ لازمی ہے کیونکہ میرا فکر یہ کہتا ہے کہ کردار سازی کے ساتھ ساتھ یہ ایک فوجی پریڈ بھی تھی۔ مکہ میں نہیں بلکہ مدینہ میں ہجرت کے بعد ہی جماعت کے ساتھ نماز کی پابندی شروع ہوگئی۔ اس خصوص میں مزید تفصیلات آپ کو مدنی قرآن میں ملیں گی ـــــ اسی طرح زکوٰۃ۔ اور قرض۔ زکوٰۃ تو ایک مقررہ ٹیکس ہے۔ جیسا کہ ملک میں مختلف ٹیکس وصول ہوتے ہیں اسی طرح زکوٰۃ کا مدینہ ہی کے بیت المال میں جمع ہونا لازمی تھا۔ جس طرح آپ مالگذاری کا ٹیکس بلدیہ کو دے کر بری الذمہ نہیں ہوسکتے۔ اسی طرح عاملین بیت المال ہی زکوٰۃ کی وصولی کے مجاز تھے۔ کوئی مسلمان زکوٰۃ کو باختیار خود خرچ کرنے کا قطعاً مجاز نہ تھا۔ آج اگر بیت المال کسی جگہ پر نہیں ہے تو مسلمانوں

زکوٰۃ کی حقیقت

پر فرض عائد ہوتا ہے کہ وہ جماعتی تنظیم کے تحت بیت المال قائم کریں اور تمام مسلمانوں پر فرض عائد ہوتا ہے کہ وہ زکوٰۃ بیت المال میں داخل کریں ـــــ دوسرا ذکر یہاں پر قرض کا ہے۔ کیا سمجھا آپ نے اللہ کو قرض دینا کیا معنی رکھتا ہے؟ یہ جنگی اغراض خصوصاً دفاع کا غیر معمولی چندہ ہے۔ آج اس بیسویں صدی میں آپ نے دیکھا کہ امریکہ جیسی متمول حکومت بھی جنگی قرضہ کا اعلان کرتی ہے۔ لہٰذا قرآن حکیم بھی قرض حسنہ (یُقرِضُ اللّٰہَ قَرضًا حَسَنًا) کا جو اعلان کررہا ہے اس بیسویں صدی میں کرۂ زمین کی تمام حکومتیں اس کی نقالی کرنے مجبور ہیں بلکہ غیر شعوری طور پر کرنے مجبور ہیں۔ غور کیجئے کہ کیا اس وحی میں۔ صلاۃ۔ زکوٰۃ۔ اور قرض حسنہ سے کسی کو بھی رعایت کے تحت مستثنیٰ قرار دیا جارہا ہے؟

ف ج ۶۔ میرا فکر:۔ اب بتلایا جارہا ہے کہ یہ جو کچھ تم کروگے اس میں اللہ تعالیٰ کا ذاتی مفاد تو کچھ ہے نہیں۔ وہ بے نیاز

مالی عبادت سے ثواب آخرت؟

آقا ہے جو کچھ تم کروگے وہ تمہارے مستقبل یعنی آخرت کے لیے ذخیرہ بنے گا ـــــ کیسے ذخیرہ بنے گا؟ ہم نے آخرت کے ثواب کا ایک ہوائی تصور قائم کرلیا ہے۔ میرا فکر اس تصور کا فہم اس طرح حاصل کرتا ہے کہ ـــــ اصحاب رسول صلعم نے جو کچھ عمل تعلیم قرآنی کے سلسلے میں کیا بلاشبہ ان کو اور ان کی نسل کو اس کا ثواب اس دنیا میں ملا۔ تاریخ شاہد ہے۔ اور آخرت میں کیا ملے گا اور کیسا ملے گا۔ اس پر تو میں فکر کرنا ہی نہیں چاہتا کہ وہ میرے فکر ہی سے خارج بات ہے۔ میں اپنے اس فکر کو بار بار دہرانے پر مجبور ہوں کہ۔ سرسید مرحوم نے جب

علی گڈھ یونیورسٹی کا ثواب آخرت ہونا

یونیورسٹی علی گڈھ کی تحریک پیش کی تو ظاہر ہے کہ عام طور پر کس قدر مخالفت ہوئی۔ لیکن بعض دور اندیش لوگوں نے حسب استطاعت دل کھول کر چندہ دیا۔ آج اس کا ثواب

(بقیہ میرا فکر۔ ف ج ۶۔ صفحہ ۲۶۴) یعنی فائدہ کس طرح قوم اور ملت کو مل رہا ہے۔ اگر مخالفت کرنے والوں کو آج قدرت زندہ کر دے تو وہ کس طرح کفِ افسوس ملیں گے کہ ہائے اس قدر منفعت بخش کام کے لیے ہم نے اپنا سرمایہ دل کھول کر کیوں نہیں دیا۔ افسوس کہ ہمارا سرمایہ بھی نہ رہا کہ ہماری اولاد نے اس کو برباد کر دیا۔ اور ہماری آنے والی نسل بھی برباد ہوئی۔ پس اس مثال کو سامنے رکھ کر قرآن حکیم کے آیات پر غور و فکر کرنا ہوگا۔

ثواب کا لفظ قرآن حکیم میں کس مفہوم میں آیا ہے۔ گزشتہ صفحات میں آپ پڑھ چکے ہیں۔ لیکن ہم نے اپنے خلیات میں کچھ اس طرح کا تصور پیدا کر لیا ہے کہ گویا خدا نے ہر انسان کے لیے ایک آلہ بنا دیا ہے۔ جس میں اس کے مخصوص عبادات کی وجہ ڈگریاں بڑھتی جاتی ہیں۔ اور دوسری امتوں کی مخصوص عبادتیں اس آلہ پر اثر انداز نہیں ہوتیں۔

منشاء قرآنِ حکیم کے خلاف یہ ایک مہمل اور مضحکہ خیز تصور اور عقیدہ ہے۔ بات یہ ہے کہ قدرت نے ہر انسان کے لیے اس کی تخلیق میں ایک ایسا معیاری آلہ بنا دیا ہے۔ جس میں اچھائیوں کا بھی ثواب نمایاں ہوتا ہے اور برائیوں کا بھی ثواب ظاہر ہوتا رہتا ہے۔ یہ آلہ نہ تو آسمان کی بلندیوں پر ہے اور نہ زمین کی گہرائیوں میں بلکہ وہ شعورِ انسانی میں موجود ہے۔ وَنَفْسٍ وَّمَا سَوّٰهَا فَاَلْهَمَهَا فُجُوْرَهَا وَتَقْوٰهَا۔ دیکھو وحی نمبر (۱۵)۔ پس اچھے یا برے فعل کا ثواب نہ صرف فاعل کے احساسات محسوس کر لیتے ہیں۔ بلکہ صاحبِ بصیرت بھی۔

سورہ **تین** تعداد آیات (۸) تعداد رکوع (۱) شمارہ ترتیب موجودہ (۹۵) پارہ (۳۰)
شمارہ ترتیب نزول وحی بلحاظ تحقیق علامہ محمد اجمل خاں (۲۷) زمانہ نزول دور دوم ۴ سنہ نبوت م ۶۱۴ سنہ عیسوی
اس سورۃ کے سلسلہ نزول کے متعلق جن محققین نے جو شمارہ اپنی تحقیق میں قرار دیا ہے نقشہ ذیل سے اسکی صراحت معلوم ہوگی۔

نام محققین / شمارہ ترتیب نزول	عبداللہ ابن عباس	حسین بن ابی الحسن نیشاپوری	محمد بن سلمان بن نصیر	جابر بن زید ابی	دکتر بلاشیر	نولدیکے	رازی	انجیل گرام	شفیلڈ	مولانا شبلی نعمانی	مولانا فراہی
شمارہ ترتیب نزول وحی	۲۷	۲۷	۲۷	۲۸	۸	۲۰	۲۶	۱۲	۴۷	۲۵	۲۸

توضیحات

سورۃ ربانی آیات	کون مخاطب ہے یا کونسی مثال ہے۔	احکام شریعت یا تنبیہ	میرے فکر و نظر کے موضوعات			
			موضوع	صفحہ	موضوع	صفحہ
×	اہل عرب		کوہ طور کے احترام کی ایک مثال	ف۱	نتائج اعمال	ف۳
			احسن تقویم ؟	ف۲	ایک ذات واحد کا عام تصور	ف۴

بسم اللہ الرحمن الرحیم

اے مخاطب! تین، زیتون اور طور سینین اور یہ امن والا شہر مقدس گواہ ہیں کہ انسان کو بہترین تخلیق بناوٹ کے ساتھ بنایا گیا ہے۔ پھر وہ پست سے پست تر حالت اختیار کر لیتا ہے[ف۱] ع ۱ تا ۶

ف۱ میرا فکر۔ تینا اور زیتونا یہ دو پہاڑ ہیں جہاں حضرت عیسیٰؑ کی بعثت ہوئی تھی۔ (دیکھو انجیل) اور طور سینا بھی ایک مقدس پہاڑ ہے۔ جہاں پر موسیٰ کو تجلیات حاصل ہوئی تھیں اور شہر امن کعبہ کا شہر مکہ ہے جسکو ابراہیم نے قائم کیا۔ ظاہر ہے کہ یہ مقدس مقامات اہل کتاب کے مسلمہ ہیں جسکو امی عرب بھی خاص عقیدت سے مانتے تھے۔ پس ان مقدس مقامات کی قسم کھا کر یا انکو گواہ کر کے مخاطبین کو ایک نصیحت کیجا رہی ہے۔ مخاطبین میں آل یعقوب بنی اسرائیل جو یہود اور نصاریٰ ہیں اور بنی اسمٰعیل یعنی قریش ہیں۔ ہمارے حیدرآباد میں بھی تو ہندو مسلم دونوں کے لئے مولا کا پہاڑ مقدس مانا جاتا ہے۔ خصوصاً فرقہ امامیہ کے پاس تو وہ بہت ہی مقدس ہے۔ یہ کبھی مولا کے پہاڑ کی قسم نہ کھائیں گے۔ اہل ہنود کے پاس کوہ ہمالیہ اور لنکا کے پہاڑ کی بڑی عظمت ہے کیونکہ وہاں پر دیوتاؤں کا مسکن مانا جاتا ہے۔ پس مخاطبین ہی کے تصورات کے مدنظر وحی الٰہی ان مقامات کی قسم کھاتے ہوئے اور

حیدرآباد میں مولا کا پہاڑ اور اسکی عظمت

گواہی پیش کرتے ہوئے انسان کی بہترین پیدائش کی طرف اشارہ کر رہی ہے کہ وہ تمام مخلوقات سے اشرف بنایا گیا ہے۔ کیوں؟۔ اسلئے کہ اسکو قوت شکر یہ دی گئی ہے۔ جو کسی مخلوق میں نہیں ہے۔
اس وحی میں ایک اور بھی اشارہ ہے۔ تورات کے باب پیدائش کے لحاظ سے یہود صرف اپنے کو برگزیدہ (باقی صفحہ ۲۶۷ پر)

ع۵ دیکھو نقشہ ہجرت موسیٰؑ سلسلہ وحی ( )

(بقیہ میرا فکر صفحہ ۲۶۶) انسان سمجھتے تھے محض سلسلہ یعقوب سے ہونے کی وجہ۔ تو ظاہر ہے کہ بنی اسمٰعیل کو بھی ایسا سمجھنے کا حق تھا۔ کیونکہ وہ بھی تو سلسلہ ابراہیم ہی سے ہیں۔ قریش اہل مکہ اپنے کو برگزیدہ سمجھتے تھے۔ اسی لئے دوسروں کی زبان اور دوسروں کو گونگا یعنی عجمی کہا کرتے تھے۔ یہ کوئی نئی بات نہ تھی۔ بابل، مصر، ایران سب ہی قوموں کا یہ ہی حال تھا۔ یہ تو بہت پرانی بات ہے۔ اس بیسویں صدی میں جرمنی نے بزمانہ اقتدار ہٹلری کرۂ زمین کے تمام اقوام سے اپنی قوم کو برتر سمجھا۔ آریا بھی ہندوستان میں ایسا ہی سمجھتے ہیں۔ برہمن اور مسلمانوں کا بھی یہی نظریہ ہے۔

ہر قوم اپنے مقابل دوسری قوم کو ارذل سمجھا کرتی ہے۔

بہرحال قرآن تو کسی فرقہ کے لئے نہیں ہے وہ تو تمام انسانیت کو مخاطب کرتا ہے۔ اسلئے میرے فہم میں اس وحی کا منشاء یہ ہے کہ قدرت نے انسان کی تخلیق بہترین طریقہ پر کی ہے۔ جسمیں ضمیر یا قوت فکریہ ایسی موجود ہے جسکی وجہ وہ اپنے اچھائی برائی کو تمیز کر سکتا ہے۔ پھر اسکی فکر بلند اس کو آسمانوں کی سیر کرا رہی ہے۔ اسنے تمام کائنات کو مسخر کر لیا ہے۔ وہ زمین کی خلافت بھی حاصل کر کے اپنے اقتدار کو قائم کرتا ہے۔ نظم و ضبط کا مالک ہے۔ یہ سب کچھ تو تم روزمرہ دیکھتے ہی ہو۔ اور اسکے ساتھ ہی ساتھ تم کو یہ بھی نظر آتا ہے کہ وہی انسان جسمانی اور ذہنی غلامی میں مبتلا ہو کر رذالت و ضلالت و مسکنت کی زندگی میں بھی مبتلا ہو جاتا ہے۔ آخر انسان غور بھی کرتا ہے کہ ایسا کیوں ہوتا ہے؟ کیا وہ یہ سمجھتا ہے کہ اللہ ہی نے اچھا اور برا بنایا ہے۔ یہ تو سراسر غلط فہمی ہے۔ خدا نے تو تمکو احسن تقویم ہی بنایا ہے۔ ہر انسان کو فرداً فرداً اور بحیثیت اجتماعی ہر قوم کو اختیار ہے کہ وہ اچھی انسانیت کا حامل ہو کر انعامات الٰہی سے سرفراز ہو۔ یا ارذل طبقہ میں جا گرے۔

انسان کا احسن تقویم ہونا

کیونکہ سوائے انسان کے کائنات کی کوئی مخلوق ذی شعور یعنی صاحب فکر و فہم نہیں ہے۔ اسی لئے سوائے انسان کے کسی اور مخلوق کے لئے جزا اور سزا کا قانون نہ تو قدرت نے رکھا ہے نہ خود انسان نے۔ یہانتک کہ ایک انسان یا وجود انسانی ہونے کے جب وہ سن شعور کو نہیں پہنچتا ہے۔ یا مدت سن شعور گزر جانے کے بعد وہ عوارضات میں مبتلا ہو کر اپنے شعور کو حاصل نہیں کر سکتا یا شعور کو کھو دیتا ہے تو اس پر مذہبی اور اخلاقی قوانین نافذ نہیں ہو سکتے۔ ان حالات میں یقیناً انسان احسن تقویم بنایا گیا ہے۔ لہٰذا وہ بلحاظ اپنے قوت فکریہ کے اپنے افعال اور اعمال اور نیت و کسب کا مختار کل ہے۔ اور یہی وجہ ہے کہ وہ جزا اور سزا کا مستوجب بھی ہے۔ چونکہ اسکی قوت فکریہ کی اصلاح لازمی تھی۔ اسی لئے خالق نے اس کی اصلاح کے لئے انسانوں ہی میں سے نبی، رسول اور ہادی ہر قوم کیلئے مقرر کئے۔ تاکہ المعروف اور المنکر کی تمیز عامۃ الناس کو کرا دی جائے۔ اگر ایسا نہ ہوتا تو انسان بھی مثل دیگر مخلوق کے ایک ایسا گروہ یا ایسی امت ہوتا۔ جو بلحاظ تخلیق و جبلت ایک ہی طور طریق پر چلا جاتا۔ جیسے جانور ہیں۔ ایسی حالت میں کوئی سوال ہی پیدا نہ ہوتا یا جزا کا نہ ہوتا۔

ہم دیکھتے ہیں کہ جب انسان اچھے کردار کی طرف مائل ہوتا ہے تو وہ ایک صالح معاشرہ بنا لیتا ہے جسکے بعد اسکو انعامات الٰہیہ سے سرفرازی ملتی ہے۔ اور اسکے برخلاف جب انسان ظلم و استبداد و شر و فساد کی طرف متوجہ ہو جاتا ہے۔ اور نفس پرستی کی طرف مائل ہو جاتا ہے تو فرداً یا اجتماعاً گڑھے میں گر پڑتا ہے۔ چنانچہ نہ صرف تاریخ اقوام عالم اس عروج و زوال کو بتلاتی چلی آ رہی ہے۔ بلکہ زمانہ حال میں ہر انسان کی آنکھوں کے سامنے ایسے واقعات گزر رہے ہیں۔ ایک اور بات بھی قابل غور ہے کہ انفرادی زندگی میں ایک انسان اپنے بچپن، نوعمری اور جوانی میں کیا خوبصورت رہتا ہے۔ جب جوانی ختم ہو جاتی ہے تو وہ کس طرح ناکارہ ہو جاتا ہے۔ لیکن جو لوگ نفس پرستی و نفسانی خواہشات پر قابو رکھ کر مختار رہتے ہیں تو وہ بڑھاپے میں بھی اپنی صحت جسمانی کے لحاظ سے اچھے رہتے ہیں اور مجبور و معذور ہو کر نہیں مرتے۔ جسم و جوارح (باقی صفحہ ۲۶۸ پر)

البتہ وہ انسان جو امن و سلامتی کے علمبردار ہیں اور نیک عمل کرتے رہتے ہیں۔ بلاشبہ انکے لئے قدرت نے بے انتہا اجر رکھا ہے ۶ اے انسان! آخر وہ کیا بات ہے جو تجھ کو دین یعنی عمل کے جزا و سزا کے معاملہ میں منکر بنا دیتی ہے ۷ کیا اللہ سب حاکموں کا حاکم اور سب آقاؤں کا آقا اور تمام شہنشاہوں کا شہنشاہ نہیں ہے ۸

(بقیہ میرا فکر صفحہ ۲۶۷) کی درستی ہی کے ساتھ داعی اجل کو لبیک کہتے ہیں)

ف۲ میرا فکر:۔ احسن تقویم کون؟ سابقہ فقرہ میں احسن تقویم کی صراحت کر دی گئی ہے۔ دیکھیے ایک فکر انسانی تو وہ ہے جو اپنی ذات کے لئے محدود ہے۔ کہ اپنے کردار کو صالح بنا کر اپنا حال اور مستقبل اچھا بنالے۔ اور ایک فکر انسانی وہ بھی ہے جو اپنی قوم کی ابتری کو دور کر کے انکو سنوار کر میدان عمل میں گامزن کرا دے اور انسان کی رجعت پسندی کو منزل ارتقا کی طرف لگا دے۔ انسانیت میں ایسی ہی ہستیاں صاحب وحی اور مقام رسالت پر فائز ہوتی ہیں۔ انکے متبعین اس آیت کے مصداق ہیں۔ ان میں بعض کا مقام ہادیوں کا ہوتا ہے۔ جن کو فی زمانہ قوم کا سچا لیڈر کہا جا سکتا ہے۔ دیکھئے اس کے بعد کی آیت میں وحی نمبر (۲۳) کی طرح دین کے جھٹلانے والوں کو بتلایا جا رہا ہے کہ یہ وہی لوگ ہیں جو نتائج اعمال سے لاپرواہ ہوتے ہیں۔ دین کیا ہے؟ اخلاق حسنہ نہ کہ روزہ، نماز، تسبیح و سجادہ۔ میرے اس بیان کی اور میرے اس فکر کی تفسیر آپ کو رسالت مآب صلعم اور آپ کے اصحاب کی تاریخ حیات میں عملاً اور قولاً ملے گی "اَرَءَيْتَ الَّذِي يُكَذِّبُ بِالدِّينِ" اور "فَمَا يُكَذِّبُكَ بَعْدُ بِالدِّينِ" آیت (۷) دونوں ایک دوسرے کی تفسیر ہیں کہ محض چند رسوم کو تم دین سمجھ کر دوسرے علمبرداران دین حق کو کیوں جھٹلاتے ہو۔

ف۳ میرا فکر:۔ نتائج اعمال اگر ہم ذرا سا غور کریں تو معلوم ہوتا ہے کہ ہمارے روزمرہ کے ہر عمل کا کوئی نہ کوئی نتیجہ ظاہر ہوئے بغیر نہیں رہتا۔ ہم جب اچھا یا برا کام کرتے ہیں تو اس کا پھل بھی ہم کو اچھا یا برا ملتا ہے۔ اسلئے کہا جا رہا ہے کہ باوجود روزانہ کے مشاہدات کے تم کسطرح سمجھتے ہو کہ تم بلا کسی مقصد کے پیدا کئے گئے ہو۔ اور تمہاری اس زندگی کے اعمال کے کوئی نتائج ہی مترتب نہ ہوں گے۔ اگر تمہارے صوم و صلوٰۃ نتائج پیدا نہیں کر رہے ہیں تو تمہارا دعویٰ عبادت گزاری بے معنے اور ایسی عبادت قابل ویل اور اسفل السافلین میں لیجانے والی ہوگی۔ ہر مہذب اور غیر مہذب آدمی سب ہی اپنے اپنے عقائد مذہبی کے لحاظ سے اس بات کو یقین کامل کے ساتھ ماننے کے مدعی ہیں کہ اس زندگی کے بعد دوسری زندگی میں ہمارے اعمال کا بدلہ ضرور ملے گا۔ مگر باوجود اس کے علاوہ سچائی۔ صداقت۔ بھلائی اور نیکی کی طرف مائل نہیں ہوتے۔ تو اس کے یہ معنی ہیں کہ وہ جزا اور سزا کے معاملہ میں یقین کامل نہیں رکھتے۔ اور منکر ہیں۔ پس انسان کو چاہیے کہ اس بات پر غور کرے۔ تاکہ وہ احسن تقویم سے اسفل السافلین میں نہ جائے دیکھو وحی ۲۳ میں دین کو جھٹلانے والے؟ اور پھر یہاں بھی اسی دین کی تکذیب کا سوال کیا جا رہا ہے۔ عقائد سے کوئی بحث نہیں صرف عمل صالح ہی کا تو سوال اصل دین ہے۔ جیسا کہ فکر نمبر (۲) میں بتلایا گیا ہے۔

ف۴ میرا فکر:۔ ایک ذات واحد کا عام تصور انسان باوجود تقلید جامد کا شکار ہونے کے۔ باوجود سیکڑوں الٰہوں کو اپنا معبود بنانے کے۔ باوجود دو خداؤں یعنی خیر و شر کے دو خدا ماننے کے۔ باوجود تثلیث پر ایمان رکھنے کے پھر بھی وہ ایک سب سے بڑے حاکم خدا کو ماننے کے لئے مجبور ہے۔ (باقی بر صفحہ ۲۶۹)

(بقیہ میرا فکر؟ صفحہ ۲۶۸) اہل عرب بھی ایک سب سے بڑے خدا کو مانتے تھے جسکو وہ اللہ کہتے تھے۔ پس تخلیق انسانی کا ذکر کرنے کے بعد مخاطبین سے وحی الٰہی سوال کر رہی ہے کہ کیا تم اپنے معبودان باطل ظنی و ذہنی خداؤں اور دنیا کے تمام باقتدار انسانوں اور بادشاہوں بلکہ شہنشاہوں سے بڑھ کر اللہ کو حاکم نہیں مانتے؟ کیا اللہ سب حاکموں کا حاکم نہیں ہے؟ اگر فی الحقیقت تم ایسا سمجھنے پر مجبور ہو تو کیوں نہیں اس حاکم الحاکمین کے فرمانبردار غلام بن جاتے؟ اگر اس طرح تم حاکم الحاکمین کا یقین کر لوگے تو یقیناً احسن تقویم پر قائم رہوگے۔ اگر آپ دنیاوی زندگی پر غور کریں تو معلوم ہوگا کہ ایک بڑے بادشاہ کی رعایا چھوٹے بادشاہوں کے پاس لائق احترام ہوتی ہے۔ اگر کسی سلطنت کی رعایا کے ساتھ دوسری سلطنت کا کوئی فرد باعث توہین حرکت کرے تو اس سے بڑی سلطنت جواب طلب کرتی ہے۔ اور اس سے مواخذہ بھی کرتی ہے۔ یہاں تک کہ بڑی بڑی جنگیں سلطنتوں کے وقار کو قائم رکھنے ایک معمولی رعایا کی توہین کے سلسلہ میں ہوتی رہی ہیں۔ جسکا ثبوت تاریخ سے ملتا ہے۔ چنانچہ معتصم باللہ خلیفہ بغداد کا ایک واقعہ آج تاریخ میں موجود ہے کہ محض ایک بڑھیا کی دہائی پر اس نے بذات خود اس ملک پر فوج کشی کی۔ اور سب ابلق گھوڑوں کی فوج لے کر۔ کیونکہ طنزاً کہا گیا تھا کہ تیری دہائی پر معتصم ابلق فوج لے کر تیری مدد کو آئیگا۔

اب غور کا مقام ہے کہ اگر کوئی قوم یا جماعت اللہ کو حاکم الحاکمین مان لے تو وہ یقیناً صالح بن جائے گی۔ اور وحی الٰہی کی روشنی میں وہ حزب اللہ یعنی اللہ کی فوج ہوگی۔ کوئی ہے جو حزب اللہ کا مقابلہ کر سکے۔ لیکن شرط یہ ہے کہ اذا خیزٌ منھم کا ابلیسی تصور نہ ہو۔ ورنہ وہ تباہ ہو جائے گی۔ جسکا ثبوت آپ کو زمانہ نزول قرآن میں غزوہ حنین سے مل سکتا ہے۔

نام سورۂ **اِنْشِقَاقْ** تعداد آیات (۲۵) تعداد رکوع (۱) شمارہ ترتیب موجودہ (۸۴) پارہ (۳۰)
شمارہ ترتیب نزولِ وحی بلحاظ تحقیق علامہ محمد اجمل خان (۲۸) زمانۂ نزول دورِ دوم ۴ سنہ بعثت ۶۱۴ء
اس سورۃ کے سلسلۂ نزول سے متعلق جن محققین نے جو شمارہ اپنی تحقیق میں قرار دیا ہے نقشۂ ذیل سے اسکی صراحت معلوم ہوگی۔

نام محققین	محمد مصطفیٰ خان ۱۹۳۲ء	حسن بن احمد بن ابی الحسن ۱۹۳۲ء	محمد بن سلیمان ۱۹۳۲ء	جابر بن زید ابادی ۱۹۶۵ء	محمد بن عبدالرحمن ۱۹۶۵ء	نوبل دیکے ۱۹۶۹ء	رائے ویلیم ۱۹۷۶ء	انجمن ارشد ۱۹۸۰ء	ہرمن شپیلمن ۱۹۹۰ء	سید محمد حسین ۱۹۹۲ء	تحقیق جدید ۱۹۹۴ء
شمارہ بلحاظ ترتیب نزولِ وحی	۸۲	۷۹	۸۱	۸۱	۲۸	۲۹	۳۳	۲۳	۲۰	۸۳	۸۳

توضیحات

شمارہ الحاقی آیات	کون مخاطب ہے یا کونسی مثال ہے	احکام و شریعت و منہاج	میرے فکر و نظر کے موضوعات			
			موضوع	صفحہ	موضوع	صفحہ
	اہلِ عرب اور تمام انسان		۱۔ زمین آسمان کی اطاعت اور انشاق کی نافرمانی۔	ف۱	۷۔ میرا نظریہ معاد اور تناسخ۔	ف۲
			۲۔ بیسویں صدی کے مخاطبین وحی کا مفہوم۔	ف۱	۸۔ نظریۂ ارتقاء	ف۳
			۳۔ معاد کا تصور مذاہب عالم میں۔	ف۲	۹۔ طبقاً عن طبق	ف۳
			۴۔ زمانۂ قدیم میں جنت و دوزخ کا تصور۔	ف۲	۱۰۔ دماغ انسانی کا ارتقاء	ف۳
			۵۔ وید دن میں یوم حشر۔	ف۲	۱۱۔ تخریب انسانی اور قدرتی تخریب کا فرق	ف۳
			۶۔ قرآنی جنت و دوزخ کا نظریہ۔	ف۲	۱۲۔ علامہ رومی کا تصور ارتقاء انسانی۔	ف۳
					۱۳۔ کیا تناسخ کے ماننے والے منکرِ معاد ہیں؟	ف۳

بِسْمِ اللّٰہِ الرَّحْمٰنِ الرَّحِیْمِ

اے مخاطبین! یہ تو تمہارا عقیدہ ہی ہے کہ روزِ حشر اس دن ہوگا جب آسمان پھٹ جائیگا ۱ اور اپنے رب کا حکم بجا لائیگا کہ وہ فرمان بردار ہے ۲ اور جب زمین پھیلا دی جائیگی ۳ یہاں تک کہ جو کچھ اس میں ہے باہر نکل آئے گا ۴ وہ بھی اپنے رب کا حکم بجا لائے گی کیونکہ وہ بھی فرمان بردار ہے ۵ پس اے انسان یاد رکھ کہ مشکلات کے مقابلہ کے بعد ہی

خدا سے ملنے کی توقع پوری ہو سکتی ہے ع۶ ف۱ یاد رکھو کہ جس کے نامۂ اعمال اس کے سیدھے ہاتھ میں ملیں گے ع۷ تو اس کا حساب آسان ہوگا ع۸ اور وہ اپنے لوگوں (اہلِ مسرت) کے پاس خوشی خوشی لوٹے گا ع۹ اور جس کا نامۂ اعمال بائیں ہاتھ میں ہوگا ع۱۰ تو وہ اپنی نامرادی پر اپنی موت کا خواہاں ہوگا ع۱۱ کیونکہ اس کا حشر تو جہنم کی آگ میں ہوگا ع۱۲ اس لئے کہ وہ اپنے بیوی بچوں ہی میں خود غرضی و نفس پرستی کا شکار بنا ہوا تھا اور

ف۱۔ میرا فکر:۔ ان ایک تا چھ آیاتِ وحی میں پھر روزِ حشر کی طرف اشارہ کیا جا رہا ہے۔ اور یہ بتلایا جا رہا ہے کہ:۔ "دیکھو تمہارا ایمان و یقین تو اس بات پر ہے کہ "یوم الساعۃ" کے وقت آسمان پھٹ جائیگا اور زمین پھیلا دی جائے گی۔ اور جو کچھ زمین کے اندر چھپا ہوا وہ باہر نکل آئے گا۔

زمین و آسمان کی اطاعت اور انسان کی نافرمانی۔

یہ سب کیوں ہوگا؟ اس لئے کہ وہ اپنے رب کے فرمان بردار ہیں اور ان پر اپنے رب۔ یعنے آقا کا حکم بجا لانا ضروری ہے۔ وہ اپنے رب کے حکم سے سرتابی نہیں کر سکتے۔ دیکھو! آسمان کی عظمت کا خیال کرو! اور زمین کی وسعت پر غور کرو! پھر یہ دیکھو کہ کس طرح وہ نافرمانی کے مرتکب نہیں ہوتے۔ بلکہ بلا چون و چرا اپنے رب کی فرمان برداری کرتے ہیں۔ تو پھر انسان تو آسمان اور زمین سے زیادہ قوت والا نہیں ہے۔ لیکن اس کی نافرمانی کی کوئی انتہا بھی نہیں ہے۔ پھر وہ چاہتا ہے کہ وہ اللہ کا مقرب بھی بن جائے۔ لیکن وہ اس تمنا کی تکمیل بلا مشکلات جھیلے کے چاہتا ہے۔ یہ کیسی اس کی ناسمجھی ہے۔ یاد رکھو کہ جس طرح آسمان اور زمین اور ہر مخلوق اپنے رب کی فرمان بردار ہے اسی طرح انسان بھی فرمان بردار ہو کر ہی مصائب و مشکلات کا مقابلہ کرتے ہوئے مقربِ بارگاہِ رب العزت ہونے کی تمنا کو پورا کر سکتا ہے۔ ورنہ اس کی خواہش اس کی خام خیالی ہی ہے"۔ یہ تو مخاطبینِ وحی زمانۂ نزول کا تصور ہو سکتا ہے۔ لیکن اس سورۃ میں اگر آج ہم اپنے کو مخاطب سمجھیں تو وحیِ الٰہی ہم سے یہ کہہ رہی ہے کہ:۔

بیسویں صدی کے مخاطبینِ وحی کا مفہوم

"اے انسانوں! دیکھو کہ کس طرح تمام ستارے اور شمس اپنے رب کی فرمان برداری میں لگے ہوئے ہیں۔ کہ ایک دوسرے کی کشش میں سرِ مو فرق نہیں آتا۔ اربوں در اربوں سال گذر چکے ہیں لیکن یہ خیال مت کرو کہ ان کو دوام حاصل ہے۔ ایک نہ ایک دن ان کے مقررہ وقت پر یہ پھٹ جائیں گے۔ سورج پھڑک اٹھے گا اور نظامِ شمسی درہم برہم ہو جائیگا۔ تو۔ ظاہر ہے کہ ایک سیارہ دوسرے سیارے سے ٹکرا جائیگا۔ اور خلاء میں ذرات بن کر پھیل جائیں گے۔ اسی دن کو قرآن "یوم الساعۃ" کہتا ہے۔ ایسا کیوں ہوگا؟ اس لئے کہ وہ اپنے رب کی فرمان برداری میں اس کے حکم کو بجا لانے پر مجبور و معذور ہیں۔ کیونکہ کائنات کی ہر مخلوق اپنے رب کی فرمانبردار ہے کہ جس جبلت کے تحت اس کو بنایا گیا ہے اسی پر وہ بلا چون و چرا چلے جا رہے ہیں۔ لیکن اس کائنات میں ایک مخلوق ایسی بھی ہے جس کو "فکر" کی قوت دیکر مختار بنا دیا گیا ہے کہ وہ اپنی اچھائی اور برائی میں تمیز کر کے جس راہ پر چاہے چل پڑے۔ اور منازلِ ارتقاء طے کرتے ہوئے آگے بڑھتے چلے چنانچہ (باقی بر صفحہ ۲۷۲)

سرمایہ داری کے نشہ میں تھا ۱۳ اور وہ اس خیال میں مگن تھا کہ اسکو پھر کر جانا نہیں ہے ۱۴
بلاشبہ اسکا رب اسکو دیکھ رہا تھا ۱۵ پس کیا شام کی سرخی (یعنے شفق) ۱۶ اور رات کی تاریکی

(بقیہ صفحہ ۲۷۱) ارتقاء کی بلندیوں پر پہنچنے کی کوشش میں ہے تاکہ وہ اپنے خالق کا مقرب بن جائے پس اس کی یہ تمنا اسی وقت پوری ہو سکتی ہے جب وہ کائنات کی مخلوق میں غور و فکر سے کہ وہ کس طرح اپنی تخلیق کے فرائض کی تکمیل میں مصروف ہیں۔ اور جب ان کا یوم الساعۃ آجاتا ہے تو وہ اپنے رب کے حکم کی تعمیل میں سرمو فرق نہیں کرتے اور فنا ہو جاتے ہیں۔ جیسے تم کو وحی نمبر (۲۱) میں "الذی اخرج المرعیٰ فجعلہ غثاءً احوٰی" قانونِ ارتقاء" کو سمجھا دیا گیا ہے۔ پس جب انسان اپنے مقامِ انسانیت کے حصول کی تمنا رکھتا ہے تو اس کو جد و جہد کرنی لازمی ہے۔ بغیر مشقت کے کوئی چیز حاصل نہیں ہوتی۔

غور کیجئے کہ مغربی اقوام چاند اور دوسرے سیاروں تک پہنچنے کے لئے کس قدر مشقت اور جد و جہد کر رہی ہیں۔ ان کی اس سعیٔ پیہم کو قدرت کبھی رائگاں نہ ہونے دے گی۔ اور انسان ایک دن ارض و سماء کے اقطار پار کر کے ہی رہے گا۔ اسی طرح حصولِ آزادی اور قوت و اقتدار کے لئے کس قدر مشکلات کا سامنا کرنا پڑتا ہے۔

پس جو لوگ خیال کرتے ہیں کہ ہم چند اوراد و وظائف کا ورد کر کے نجاتِ اخروی اور جنت کے حق دار ہو جائیں گے۔ یا مردہ پرستی۔ یعنے باپ دادا کے عظمت و احترام کی وجہ ہم کو جنت مل جائے گی۔ خدا کا دیدار نصیب ہوگا۔ انسانیت کا مقام ہم حاصل کر لیں گے۔ یہ تصور سراسر غلط اور بے معنے اور مہمل ہے یعنی کی بہشت ہے ـــــ دیکھئے مخاطبینِ وحی جو اُمیت "یعنے جہالت سے بلند ہونے کے متمنی تھے اور اہلِ کتاب بننا چاہتے تھے تو یہ منزلِ مقصود کن مدارجِ مصائب و مشکلات کو طے کرنے کے بعد حاصل ہوئی۔ اور کس طرح اسی سورۃ کی آیت نمبر (۹) میں وعن اسی دنیا میں ظاہر ہو کر رہی ـــ غور کرو فتح مکہ کے بعد مہاجرین کا داخلہ مکہ میں۔

ف۔ میرا فکر: ـــ وحی ۷، ۸ و ۹ (آیات) پر غور اور فکرِ بسیط کی ضرورت ہے۔ خصوصاً آیت نمبر (۹) ـــ میرے فکر وحی نمبر (۱۷) و (۱۸) پر ایک نظر ڈال کر اس فکر کو ملاحظہ کیجئے ـــ سیدھے ہاتھ والے اور بائیں ہاتھ والے کون ہیں؟ ـــ صفحاتِ ماقبل میں لکھ چکا ہوں ـــ اب یہاں پر "ینقلب الی اھلہٖ مسرورًا" کی تشریح کی جا رہی ہے۔

اہلِ تناسخ سے مخاطبت! نزولِ وحی کے وقت ممکن ہے کہ بعض مخاطبین تناسخ کے قائل ہوں اور یہ سمجھتے ہوں کہ مرنے کے بعد پھر اسی دنیا میں دوسری زندگی حاصل ہوگی اور ہم اپنے نیک اعمال کی وجہ اپنے لوگوں میں خوشی خوشی آجائیں گے اور ہم کو اپنی گذشتہ زندگی یاد ہوگی ـــ یا۔ یہ سمجھتے ہوں گے کہ بروزِ حشر ہمارے نیک اعمال کی وجہ ہم اپنے بزرگوں اور اپنے خاندان سے ملیں گے ـــ ظاہر ہے کہ ان کے بزرگ ابراہیمؑ و اسمٰعیلؑ ہی ہوں گے۔ جو کچھ ہوگا تصورِ مخاطبین کا ہوگا لیکن بظاہر اس آیت کا اصلی مفہوم اس وقت حاصل ہو چکا ہوگا جب کہ فتح مکہ کے بعد مہاجرین اپنے جد و جہدِ آزادی و استقامت و صبر کے منازل طے کر کے اپنے لوگوں میں مسرور و ظفر و منصور "اللہ اکبر" کا نعرہ بلند کرتے ہوئے داخلِ مکہ ہو کر بچھڑے ہوؤں سے گلے ملے ہوں گے۔ اور منکرِ حق جس طرح اس موقع پر آگِ ندامت میں جلتے ہوئے بار بار کہتے ہوں گے کہ :۔ (یقول :۔ "الکافر یا لیتنی کنت ترابا" (باقی بر صفحہ ۲۷۳)

جب کوئی چیز نظروں کو دکھائی نہیں دیتی ۱۷ اور بدرِ کامل کی روشنی ۱۸ یہ سب کیا اس بات کی

(بقیہ صفحہ ۲۷۲) (ترجمہ :۔ اے کاش آج مین کسی طرح زمین ہی مین فنا ہو جاتا)۔

معاد کا تصور مذاہبِ عالم مین مین نے جس حد تک مذاہبِ عالم کے تصورات کا مطالعہ کیا تو سب کو ایک ہی مقصد کا حامل پایا۔ یعنے تمام مذاہب اس بات کا عقیدہ رکھتے ہین کہ اس زندگی کے بعد دوسری زندگی یقینی ہے۔ جس مین موجودہ زندگی کے اعمال کی جزا یا سزا۔ ثواب یا عذاب بھگتنا لازمی ہے۔ لیکن ہر مذہب کے ظنیات دوسری زندگی کے متعلق بالکل جداگانہ ہین۔ دیکھیے ہر مذہب کے تصورات ظنی و ذہنی اور فکری اس طرح ہین :۔

(۱) ایک تصور یہ ہے کہ اس زندگی کے اعمالِ بد۔ پاپ۔ گناہ کی سزا اس طرح ملے گی کہ اس کو اداگمان (داگون) کا چکر کاٹنا پڑے گا۔ یعنے کتا۔ سور۔ گدھا۔ بیل کا جنم دیا جائے گا۔ اس طرح بھوگ بھرنے کے بعد اس کو نیکون کا جنم ملے گا۔ ہندوستان۔ چین۔ یونان کا یہ تصور تھا۔ چین اور ہندوستان کا اب بھی ہے۔

(۲) دوسرا تصور یہ ہے کہ مرنے کے بعد دوسری زندگی جمادات اور نباتات سے گذرتی ہوئی حیوانات مین منتقل ہو کر آدمیت ہی مین آئے گی۔ اور پاپ یعنے گناہون کی سزا آدمی ہی کے جنم مین اس کو ملے گی۔ یعنے وہ امیر تھا تو اب غربت مین مبتلا ہوگا۔ صحت مند تھا تو بیماریون مین۔ اگر کسی کا مال غصب کر لیا تھا تو اس کا مال دوسرا غصب کرے گا۔ برخلاف اس کے اگر اس کی نیکیان زاید ہون تو اس کے برعکس حالات پیدا ہون گے۔ اس کو "تناسخ" کہا جاتا ہے۔ بابل اور مصر بھی اسی مکتبِ خیال کے حامل تھے۔ (میرا فکر اس خصوص مین آگے آئے گا)۔

(۳) تیسرا مکتبِ خیال یہ ہے کہ صرف ایک ہی زندگی ہے۔ برائیون کی جزا و سزا اسی زندگی ہی مین ملتی ہے۔ اس کے بعد وہ فنا ہو جائے گا۔ پھر کوئی زندگی نہ ہوگی۔ اس مکتبِ خیال کو "دہریہ" کہا جاتا ہے۔

(۴) ایک مکتبِ خیال یہ تھا کہ اس زندگی کے جواب سوال کے لئے ایک دن مقرر ہے۔ جب تمام دنیا فنا ہو جائے گی تو خدا پھر سب کو زندہ کرے گا۔ اور خدا اس دن انصاف کے لئے بیٹھے گا۔ ہر ایک کو اس کے اعمال کا بدلہ اچھا یا برا ملے گا۔ اچھے لوگ جنت مین داخل کئے جائین گے اور برے لوگ دوزخ مین جلا دیئے جائین گے۔ کہا جاتا ہے کہ ایسا تصور "سمیریا" کا تھا۔ اور قدیم مزدیسنائی مذہب کا بھی۔ جس کو توراۃ نے بھی قبول کیا اور اپنا لیا تھا۔ زمانۂ قدیم مین اہلِ بابل نے اپنے ظنی تصور کا ایک نقشہ بھی بنایا تھا کہ زمین سے اوپر ہوا اور آسمان۔ آسمان کے اوپر سمندر۔ زمین کے نیچے "از لویا" یعنے وہ زمین جس مین مرنے کے بعد روحین جاتی ہین۔ اور یہان پر جزا و سزا ملتی ہے کیونکہ یہان جنت اور دوزخ بھی ہوتی ہے۔ البتہ امراء اور بادشاہون کے لئے آسمان پر سورج نکلنے کی جگہ علحدہ جنت مانی جاتی تھی۔ چنانچہ اس تصور کو مختلف اقوام اور مذاہب نے مختلف اشکال مین اپنایا ہے۔

(۵) ایک مکتبِ خیال سرے ہی سے جزا و سزا کا منکر تھا۔ اور ہے۔ اس کو لامذہب یا منکرِ خدا کہا جا سکتا ہے۔

توراۃ مین بھی اہلِ بابل کے تصورات کا عکس آیا ہوگا کیونکہ بخت نصر نے (۶۰۴ قبل مسیح) یہودیون کو قید کر کے بابل بھیج دیا تھا۔ کیا عجب کہ ایک دیرینہ غلامی مین اہلِ بابل کے معتقدات اور (باقی بر صفحہ ۲۷۴)

شہادت نہیں ہے کہ انسان کو بھی زینہ بہ زینہ سیڑھی بہ سیڑھی منازل طے کرنا ہے ۱۹ کیا ہوا ہے تم کو کہ

(بقیہ صفحہ ۲۷۳) ایمانیات کو انھوں نے اپنا لیا ہو۔ جب سایرس ؑ نے (۵۳۹ قبل مسیح) بابل کو فتح کر کے یہود یوں کو آزاد کیا تو وہ پھر فلسطین میں آ بسے۔ اس کے بعد توراۃ "ال سبعین" بھی نذرِ آتش ہو گئی۔ پھر توراۃ "سامرہ" بنی۔ بہر حال توراۃ کا نام "بائبل" خود اس بات کا ثبوت ہے کہ وہ بابل کے

نقشہ متعلقہ صفحہ ۲۷۳۔ زمانۂ قدیم کے زمین ــــ اور ــــ آسمان جنت و دوزخ کے تصور کا۔



تصورات کی پیداوار ہے (دیکھو "منظر اسلام" مولفہ محمد اجمل خان صفحہ ۵۱ و ۵۲)۔

نزولِ قرآن کے وقت دو فرقے ضرور تھے لیکن بعض اہلِ عرب اور اہلِ کتاب تو جزاء و سزاء بعد الموت۔ اور حیاتِ بعد الموت کے منکر تھے اور بعض یوم الحساب۔ یوم الدین۔ یوم الساعۃ۔ یوم القیامۃ کے ماننے والے تھے جس میں امی اور اہلِ کتاب دونوں شامل ہوں گے۔

ویدوں میں "یومِ حشر" ("پرلوک")

دیکھئے مصر بھی موسیٰ ؑ کے زمانے میں "بعث بعد الموت" کا قایل نہیں تھا جس کا پتہ قرآن حکیم سے ملتا ہے۔ کیونکہ فرعون نے موسیٰ ؑ سے کہا تھا کہ "پھر ہمارے باپ دادا کہاں اور کیسے ہیں بتلاؤ یا ان کو زندہ کر کے لاؤ"۔ ہندو بھی "بعث بعد الموت" کے اور

"نرک ڈنڈ" یعنی عذابِ دوزخ

جزاء و سزاء کے قایل تھے۔ چنانچہ ان کے کتبات اور تصاویر میں سزاؤں کی بڑی لمبی تفصیل ہم کو نظر آتی ہے جو قبلِ مسیح ؑ کے ہیں جس کو وہ "نرک ڈنڈ" یعنی دوزخ کا عذاب بتلاتے ہیں۔ جس میں کہیں تو آرے سے آدمی کو چیرا جا رہا ہے۔ کہیں ہتوڑے سے سر پر مارا جا رہا ہے۔ کہیں زہریلے سانپ کچھ ڈس رہے ہیں۔ کہیں آگ میں جلایا جا رہا ہے۔ کہیں آہنی بیڑیاں آگ سے گرم کر کے پہنائی جا رہی ہیں۔ کسی کو سور کی صورت میں عذاب دردناک ہو رہا ہے۔ بہر حال مختلف قسم کے شدید تکالیف ہر پاپ کے بدلے میں بتلائے گئے ہیں اور اسی طرح "سورگ بھوگ" یعنی جنت کے آرام و آسایش کو بتلایا گیا ہے۔ یہ تصاویر آج بھی چھپے ہوئے نظر آتے ہیں۔ جس سے معلوم ہوتا ہے کہ ہند کا یہ تصور بہت قدیم ہے ــــ ویدوں میں "پرلوک" یعنی آخرت کے الفاظ موجود ہیں ــــ میرا فکر یہی کہتا ہے کہ ان ہی تصورات کی روشنی میں قرآن حکیم نے اپنے مخاطبین کو درسِ عبرت دیا ہے۔ چونکہ دیگر ممالک کے تاجر و مسافرین کی (باقی بر صفحہ ۲۷۵)

ع غالباً "ذوالقرنین" کا یہی نام ان کی قومی زبان میں تھا۔ (دیکھئے "ترجمان القرآن" جلد دوم۔ علامہ آزاد)۔

ہر چیز کے ارتقاء کو دیکھکر بھی غور نہیں کرتے ۲۰ اور جب قرآن تمکو حق بات بتلاتا ہے تو اسکے آگے نہیں جھکتے ۲۱ (بقیہ)

(بقیہ صفحہ ۲۷۴) مکہ میں آمد و رفت کی وجہ جس میں ہندوستان کے لوگ بھی شامل تھے اور اہلِ عرب میں حشر کا تصور پنہاں تھا۔ اگر ہم ذرا گہرے فکر میں جائیں تو پتہ چلتا ہے کہ بعث بعد الموت۔ معاد۔ تناسخ اور اعمال وغیرہ کا مطلب اور مقصد ایک ہی ہے گو الفاظ جداگانہ ہیں ــ یعنے آدمی کے کردار کو سدھارنا سنوارنا اور انسانیت کے مقام پر کھڑا کر دینا اور بس۔ لیکن اصل حقیقت کے متعلق میرا فکر تو یہ کہتا ہے کہ یہ ایک رازِ سربستہ ہے۔ جس طرح ذاتِ واحد کے بارے میں سب کی زبان بند ہے اور قرآن نے "لیس کمثلہ شیء" (کہ اس کی کوئی مثال ہی نہیں) کہہ کر فکرِ انسانی کا دروازہ بند کر دیا ہے۔ گو ہر مذہب اپنے اپنے ظنیات ہی میں قیاسات کو قایم کرتے ہوئے خدا کا تصور رکھتا ہے۔ اسی طرح "معاد" کے تصورات بھی ہیں۔

زندگی سے پہلے کیا تھا؟ موت کے بعد کیا ہوتا ہے؟

تاریخ مشہورِ انسانی سے آج تک اور شاید قیامت تک ان دو سوالات کا علم الیقین اور عین الیقین کسی کو بھی حاصل نہیں ہوا اور نہ ہوگا کیونکہ انبیاء و مرسلین بھی ہم کو نہ سمجھا سکے بلکہ خود ان کو بھی اپنے عین الیقین کیلئے خدا سے عرض کر کے اطمینانِ قلبی حاصل کرنا پڑا تھا (دیکھو وحی نمبر ( ) میں حضرت ابراہیم علیہ السلام کے متعلق میرا فکر) اکثر احادیث موجود ہیں

قرآنی جنت و دوزخ کا نظریہ

جن میں آنحضرت صلعم نے جنت اور دوزخ کے متعلق قرآنی تصریحات کو امثال اور تشبیہات ہونا بیان فرمایا تھا جس کے معنے یہ ہیں کہ مخاطبین کے تصورات و تخیلات اور مشاہدات ہی کے مدِ نظر انکو ترغیب و تحریص اور ان کو خوف اور ڈر۔ ان کے خواہشاتِ نفسانی۔ یا تکلیف نفس کے مدِ نظر آیات الٰہی میں الفاظ آئے ہیں ــ ایک بات یہ بھی سمجھنے کی ہے کہ مرسلینؑ اپنے ذاتی علم کے باوجود ذاتِ واحد یعنے اللہ اور وحیِ الٰہی کی حقیقت دوسروں کو نہ بتلا سکے جب کسی کے حواسِ خمسہ سے کوئی ایک حس موجود نہ ہو تو اس کا احساس کیسے کرایا جا سکتا ہے۔ مثلاً اندھے کو روشنی کی اصلیت کیسے مشاہدہ کرائی جا سکتی ہے۔ یا بہرے کو سماعت کی حقیقت کیسے بتلائی جا سکتی ہے۔ یا ذائقہ بغیر حس کے کیسے معلوم کرایا جا سکتا ہے ــ پس اسی طرح بعث بعد الموت کی حقیقت خارج از قیاس و گمان و وہم تھی۔ اور آج بھی ہے اور یہی کیفیت "پرلوک" بعث بعد الموت کی بھی ہے۔ میں تو خالق تعالیٰ کو بار بار پیدا کرنے کی صفت سے متصف پاتا ہوں کیونکہ زمین کی پیداوار اور کائنات کی دیگر نشانیوں کے بار بار ظاہر ہونے کو قرآن بتلا کر انسان کے مرنے کے بعد زندہ ہونے کی مثال دیتا ہے۔ اور بعض آیات میں انسان کے بار بار پیدا ہونے کی طرف بھی اشارات ہیں (دیکھو وحی نمبر (۱۸) آیت نمبر (۲۱)) اور بعض مقامات پر مرنے کے بعد پھر زندہ کرنے کا بھی ذکر ہے ــ پھر روایات بھی مثل اہلِ ہنود کے عذابِ دوزخ کے متعلق ہمارے صوفیاء کے معتقدات کا جزو بنے ہوئے ہیں کہ کسی کو بندر کا جسم دیا گیا۔ کوئی کتا بنا وغیرہ ــ اور نیکوں کو قیامت میں بدصورتی سے خوب صورت ہونے کا بھی تصور پیش کیا جاتا ہے۔ ان تمام باتوں پر غور و فکر کرنے کے بعد میں اس نتیجہ پر پہنچتا ہوں کہ ــ مسلمانوں کا دیگر مذاہب کے نظریاتِ معاد پر کفر کا فتویٰ بلاشبہ نا سمجھی کی بات ہے اور بعث بعد الموت کی توضیح و تشریح کرنے والے تمام مذاہب بخصوصاً مسلمان مفسرین کی کیفیت بجز چار اندھوں اور ایک ہاتھی کے کچھ نہیں نزولِ قرآن کے وقت چونکہ مخالفینِ حق و منکرینِ قرآن مخاطبینِ وحی مختلف مکتبِ خیال کے تھے اس لئے یوم حشر کو اس نے مقدم قرار دیا۔ اور جو طبقہ اس زندگی کے بعد دوسری زندگی کا منکر تھا اسکو (باقی بر صفحہ ۲۷۶)

بلکہ دیدہ و دانستہ اللہ کے آیات یعنے کائنات کی نشانیون کو جھٹلاتے ہو ع۲۲ اللہ تو
اِن منکرینِ حق کے دِلون کی حقیقت سے خوب واقف ہے ع۲۳ پس اے محمد!
منکرینِ حق کو عذابِ دردناک مین مُبتلا ہونے کی خبر سُنا دے ع۲۴ اور جو لوگ
آیات اللہ مین غور و فکر کرکے حق کو مانتے ہین۔ اور عملاً اس کا ثبوت دیتے ہین وہ
بلاشُبہ نفع مین ہین ع۲۵ ف۳

(بقیہ صفحہ ۲۷۵) سمجھایا کہ خدا کی تخلیق انسانی کا مقصد بے معنے اور عبث نہین ہے۔ جب تم دیکھتے ہو کہ ہر آن اور ہر لحظہ ہر عمل کا نتیجہ کائنات مین تمہاری آنکھون کے سامنے ظاہر ہوتا رہتا ہے اور یہ اللہ کا اٹل قانون یعنے سُنّت اللہ کے تحت ہوتا ہے تو اسکے خلاف تمہارے تصورات اپنے متعلق کیسے بے معنے اور نادانی کے ہین۔ دراصل تمہارے سوچ بوجھ عقل و فکر پر اندھی تقلید کا ایک جادو سوار ہے جس کی وجہ تمہاری بصیرت بند ہو گئی ہے۔ لہٰذا اسکے خلاف کسی صاحبِ عقل و فہم تو کجا رسولؐ اور نبیؐ۔ بلکہ اللہ کے کلام پر بھی تو غور و فکر نہین کرتے"۔ میری اس تمہید کے بعد پھر آیات نمبر (۷ تا ۱۵) پر آپ خود غور کیجیے۔ اور اسکے ساتھ ہی ساتھ وحی نمبر (۱۷) کے آیات اور میرے فکر پر بھی فکر کیجیے۔

نظریۂ معاد اور تناسخ پر میرا فکر "معاد" کے مسئلہ پر کافی غور و خوض کے بعد مین اس نتیجہ پر پہنچا ہون کہ انسان مرنے کے بعد فنا نہین ہوتا۔ جب ہم دیکھتے ہین کہ مادہ فنا نہین ہوتا تو انسان کیسے فنا ہو سکتا ہے۔ مادہ کا مختلف روپ بدلنا بظاہر ہم کو تخریب معلوم ہوتا ہے لیکن ہم جانتے ہین کہ یہی تخریب ایک بہتر تعمیر کا پیش خیمہ ہوتی ہے۔ کائنات کی پیدائش اور اسکے ارتقاء پر غور کرین تو معلوم ہو گا کہ ہر شئے ترقی پذیر ہے۔ زندگی کا ظہور کرۂ زمین پر ابتدا مین بہت ہی پست درجہ مین ہوا اور وہی نفسِ واحدہ کی روح منازلِ ارتقاء کو طے کرتی ہوئی آدمؑ کے روپ مین ظاہر ہوئی اور نہ معلوم وہ آیندہ کونسے بالاتر روپ مین ظاہر ہو گی۔ (ارتقاء کے بارے مین مزید تفصیلات آیندہ فقرہ مین ملاحظہ ہون) مین فنا فی اللہ ہونا یا زاہدون کے ساتھ عیش و عشرت کی جنت مین مگن رہنا نہین چاہتا۔ بلکہ ایک مردِ مومن کی طرح فکر کے اعلیٰ سے اعلیٰ منازل طے کرتے ہوئے خود انعاماتِ الٰہی سے مستفید ہوتے ہوئے دوسرون کو مستفیض کرنا چاہتا ہون۔ غور کیجیے کہ رسول اکرمؐ قربِ الٰہی سے کس قدر جلد لوٹ آئے (بموجب روایتِ معراج) اور حضرت عیسیٰ علیہ السلام وہان جم کر بیٹھ گئے اور حضرت بدھ فنا فی اللہ ہو گئے۔ مجھ کو اپنے رسولِ عربی صلعم کے نقشِ قدم پر چلنے کی تمنا ہے اور بار بار پیدا ہونے اور مرنے کی آرزو ہے۔ اور اسی تصور مین یہ دعا ہمیشہ کرتا رہتا ہون:۔ "توفنی مسلما و الحقنی بالصالحین"

ف۳۔ **میرا فکر: نظریۂ ارتقاء**:۔ دیکھیے پھر دن کے بعد رات کے آغاز کا بتدریج ظاہر ہونا ثبوت مین پیش کیا جا رہا ہے کہ:۔ آفتاب ڈوبتے ہی یکدم تاریکی نہین ہوتی۔ شفق اور اس کے بعد آہستہ آہستہ تاریکی کا نمودار ہونا۔ پھر انتہائی اندھیری رات۔ پھر اسی تاریکی مین طلوعِ قمر۔ اور مختلف منازل (باقی بر صفحہ ۲۷۷)

(بقیہ صفحہ ۲۷۶) قمر ہلال سے بدرِ کامل اور پھر بدرِ کامل سے مثل سوکھی ہوئی ٹہنی کے اور پھر اندھیری رات (اماوس) کیا یہ تمہارے روزمرہ کے مشاہدات اس بات کا ثبوت نہیں ہیں کہ انسان کو بھی اسی طرح بہ تدریج منازل طے کرائے گئے ہیں۔ اور طے کرائے جا رہے ہیں۔ اور طے کرائے جائیں گے۔ تم کس طرح اس بات کو سمجھتے ہو کہ ایک دم انسان کو سب کچھ مل جائے گا۔ یا وہ سب کچھ ہو جائے گا۔ جب تم کو وحیِ الٰہی یعنے قرآن حکیم کائنات کی نشانیوں کو بتلا کر سنوارنا چاہتی ہے تو تم اس سے اعراض کرتے ہو۔ بجز تقلیدِ جامد کے تم کو کچھ سوجھائی نہیں دیتا۔ تو یاد رکھو کہ منکرینِ حق کے لئے دردناک عذاب مقرر ہو چکا ہے۔ اور حقیقت پر غور کرنے کے بعد اچھے عمل کرنے والوں کو ان کا اچھا بدل لازمی ملے گا۔ ۲۰

دماغِ انسانی کا ارتقاء طبقاً عن طبق

سو کھانا نہیں آیات پر نظر ڈالو۔ غور کرو خصوصاً انیسویں آیت پر "لترکبن طبقاً عن طبق ۵" (ترجمہ:۔ اے انسان! تیرے کو چڑھنا ہے زینہ بزینہ) اگر آپ اس بیسویں صدی کی تحقیقات پر غور کریں تو معلوم ہوگا کہ کسطرح انسان ارتقاء کی سیڑھیوں کو طے کرتا ہوا آج اس مقام پر پہنچا ہے۔ اور پھر وہ اس پر ٹھیرا ہوا نہیں ہے بلکہ اور اونچا ہوتا ہی چاہتا ہے۔ آج سے چودہ سو سال پہلے ایک اُمّی رسولؐ کی زبان پر اس وحیِ الٰہی سے اس جملہ کی حقیقت کو مخاطبینِ آج کی طرح نہ سمجھ سکتے ہوں تو کوئی تعجب نہیں۔ لیکن آج قرآن کے اس ارشاد کے بموجب کہ:۔ "وَ اٰخَرِیْنَ مِنْهُمْ لَمَّا یَلْحَقُوْا بِهِمْ ۵" (ترجمہ:۔ اور تمہارے بعد دوسرے بھی تم سے ملنے والے ہیں) ہم کو حق ہے کہ ہم اس وحیِ الٰہی کے مفہوم کے لئے فکر کریں۔ چنانچہ مسئلہ ارتقاء پر آج کوئی سائنس دان اختلاف نہیں کر سکتا۔ پس اُن ناقابلِ تردید شہادات شفق۔ قمر۔ اور رات۔ نظامِ شمسی کی گردش پھر تخریب و تعمیر کائنات کو پیش کر کے بتلایا جا رہا ہے کہ انسان بلا کسی مقصد کے پیدا نہیں کیا گیا! بلکہ اس کو ارتقائی منازل طے کرتے ہوئے ہمیشہ آگے بڑھتے رہنا ہے۔ موت "تخریب نہیں" زندگی کی انتہا نہیں بلکہ ایک دوسری زندگی کی ابتداء ہے۔ "موت کو سمجھتے ہیں غافل اختتامِ زندگی ہے یہ شامِ زندگی صبحِ دوامِ زندگی" جدید تعمیر میں تو پہلے ہر چیز منزلِ تخریب ہی سے گذرتی ہے۔ زمین کی کھدائی۔ پتھر کا توڑنا۔ لکڑی کا کاٹنا۔ اینٹ کا جلانا۔

انسانی تخریب و تعمیر اور قدرت کی تخریب و تعمیر

یہ سب ہی تو تخریب ہی تخریب ہے۔ لیکن غور کیجئے کہ بغیر تخریب کے تعمیر کے کیا معنے ہوں گے۔ سوائے ہوائی قلعہ بندی کے۔ یہ تو انسانی تخریب و تعمیر ہے۔ قدرت کی تخریب و تعمیر پر نظر ڈالئے تو دماغ چکرا جائے گا۔ دیکھئے قرآن نے ہر مقام پر زمین کے سوکھ جانے۔ گھاس کے جل جانے۔ زراعت کے کوڑا کرکٹ بن جانے۔ زلزلہ کے شدائد۔ بادل کی سمع خراش اور دل و دماغ کو لرزا دینے والی گرج۔ بجلی کی چمک سے آنکھوں کا چکا چوند ہو جانا۔ سورج کی تمازت۔ چاند کے منازل۔ چشموں کی روانی۔ طوفان اور باد و باران کی حیرانیاں۔ کوہِ آتش فشاں کے شرارے اور تباہ کاریاں وغیرہ وغیرہ کے ہزاروں تخریبی مثالوں کو ہمارے غور و فکر کے لئے پیش کرتے ہوئے "ارتقاء" اور "سنت اللہ" کی شان کو سمجھایا ہے۔ اور اشارۃً نہیں بلکہ واضح طور پر تعمیر کے منشاء کو ظاہر کیا ہے۔ ارتقاء کی ہر وہ منزل جہاں پر اس کا اختتام سمجھا جائے ارتقاء کی دوسری منزل کی ابتداء ہوتی ہے۔ یہ ہے مطلب ایک طبق کے بعد دوسرے طبق کو طے کرنیکا! (باقی بر صفحہ ۲۷۸)

(بقیہ صفحہ ۲۷۷) یہ نہیں کہ انتہا ہی ارتقاء ہے۔

علامہ رومی کا نظریۂ ارتقائے انسانی

اس سلسلہ میں جب میں انسانی حیات و ممات کے ارتقاء پر فکر کرتا ہوں تو قرآنِ حکیم کے حشر۔ الساعۃ اور قیامت میں مجھ کو ارتقاء ہی ارتقاء نظر آتا ہے۔ اور علامہ رومیؒ کے ان تصورات پر سر دھننے کو جی چاہتا ہے ؎

از جمادی مُردم و نامی شدم — وز نما مُردم بہ حیوان سر زدم
مُردم از حیوانی و آدم شدم — پس چہ ترسم کے ز مُردن کم شدم
حملۂ دیگر بمیرم اے بشر — تا بر آرم از ملائک بال و پر
بارِ دیگر از ملک قربان شدم — آنچہ اندر وہم نہ آید کان شوم (دفترِ سوم مثنوی رومی)

یعنے جمادات سے فنا ہوا تو نباتات میں بلند ہوا۔ نباتات سے فنا ہوا تو حیوان کی عظمت حاصل کی۔ حیوانات سے مرا تو آدمؑ کا مقام حاصل کیا۔ اب آدمؑ سے مرنے پر ملائک کا مقام حاصل کروں گا۔ جب ملائک کی زندگی ختم کروں گا تو کیا ہونگا؟ یعنے کس بلند سے بلند تر مقامِ ارتقاء پر پہنچ جاؤں گا؟ اس کا وہم و گمان بھی میرے فکر و فہم سے خارج ہے!" ـــــ دوسرے مقام پر وہ کہتے ہیں ؎

ہفت صد و ہفتاد قالب دیدہ ام — ہمچو سبزہ بارہا روئیدہ ام

تناسخ کے ماننے والے منکرِ معاد نہیں ہیں

غور کا مقام ہے کہ جو لوگ خالقِ اکبر کی شان کو اس طرح محدود کر دیتے ہیں کہ وہ ایک بار پیدا کر کے مرنے کے بعد یومِ حشر دوبارہ پیدا کرے گا اور بس ـــ اُن پر مجھ کو ہنسی آتی ہے۔ اس لئے کہ وہ خالقِ اکبر کی شانِ تخلیق کو باولی کے مینڈک ہی کی طرح دیکھتے ہیں میرے نزدیک تو اس خالقِ اکبر مصوّرِ اعظم کی صفت تو یہ ہے کہ وہ کروڑ در کروڑ بار مارے اور پھر پیدا کرے تو پہلے سے بہتر مخلوق اور پھر بہتر تسویہ۔ تقدیر اور "ھدیٰ" کے ساتھ۔ یہ ہے شان: ـــــ "نصوّرکم فی الارحام" کی ـــ بلا شبہ اس سلسلۂ فکر میں تناسخ کا تصور سامنے آجاتا ہے جس کا ذکر میں نے فکر (۲) میں کر دیا ہے ـــ ان دونوں نقروں پر غور کرنے سے معلوم ہوگا کہ تاریخ آفرینشِ آدمؑ سے انسانی دماغ ارتقائی منازل برابر طے کرتا چلا آرہا ہے اور طے کرتا چلا جائے گا۔

سورۂ عبس اور سورۂ واقعہ۔ سورۂ المعارج کے آیات اللہ میں فکر کر کے تعلیم حاصل کرنے کی ضرورت ہے اور پھر (۲۰ تا ۲۵) میں آیات وحی پر نظر ڈالو تو معلوم ہوگا کہ کس طرح فکر و عقل اور شعورِ انسانی کے معذور ہیں۔ اندھوں اور سوجھ بوجھ کے بہروں سے کہا جا رہا ہے کہ تم تقلیدِ جامد۔ باپ دادا کے ایمانیات و یقینیاتِ ظنی اور معتقداتِ باطلہ سے نکل کر ذرا تو قرآنِ حکیم کے براہین۔ دلائل اور آیات پر غور و فکر کرو۔ یہ تورات۔ دن تمہارے مشاہدات ہی میں ہیں۔ اور یہ قرآن تو ہر ایک کے قوتِ فکریہ سے زاید اللہ کے پاس جوابدہ نہیں ہو سکتا ـــ اس سہولت کے بعد بھی اگر انسان تقلیدِ جامد میں جکڑا ہوا رہنا پسند کرتا ہے اور آزادیٔ فکر حاصل کرنا نہیں چاہتا تو یہ اس کی بربادی اور تباہیٔ کامل کا ایک یقینی نشان ہے جن کے لئے سوائے دردناک عذاب کے کچھ نہیں۔ البتہ جو بندے تقلیدِ جامد۔ باپ دادا کی سنت کے سنہری زنجیروں کی بندھنوں سے نکل کر آزادیٔ فکر حاصل کر لیتے ہیں اور (باقی بر صفحہ ۲۷۹)

(بقیہ صفحہ ۲۷۸) نشاناتِ کائنات میں غور و فکر کرکے اطمینانِ قلب و ضمیر کے ساتھ آیات اللہ کے آگے سربسجود ہو جاتے ہیں۔ یعنے مان لیتے ہیں۔ سرِ تسلیم خم کر دیتے ہیں تو ایسے ہی لوگوں کے لئے دُنیا اور آخرت۔ یعنے حال اور مستقبل کے انعامات الٰہی کی سرفرازیاں بے حد اور بے حساب موجود ہیں جن سے وہ مستفید ہوں گے ـــــ یہ ہے آیت (۲۱) سجدہ کا مفہوم۔ نکتہ آیت کو پڑھتے ہی بے سمجھے زمین پر پیشانی رکھ کر سمجھ لیا جائے کہ ہم نے حکمِ الٰہی پر سرِ تسلیم خم کر لیا۔ یاد رکھو کہ ؎

وہی سجدہ ہے لائقِ احترام
کہ ہو جس سے ہر سجدہ تجھ پر حرام
(اقبالؔ)

نام سورہ **انفطار** تعداد آیات (۱۹) تعداد رکوع (۱) شمارہ ترتیب موجودہ (۸۲) پارہ (۳۰)
شمارہ ترتیب نزول وحی بلحاظ تحقیق علامہ محمد اجمل خان (۲۹) زمانۂ نزول۔ دورِ دوم بعثت سنہ ۵ و ۶ م سنہ ۶۱۱ و ۶۱۲ء
اس سورۃ کے سلسلۂ نزول سے متعلق جن محققین نے جو شمارہ اپنی تحقیق میں قرار دیا ہے نقشۂ ذیل سے اسکی صراحت معلوم ہوگی۔

نام محققین / شمارہ بلحاظ ترتیب نزولِ وحی	[illegible]	[illegible]	[illegible]	[illegible]	[illegible]	[illegible]	[illegible]	[illegible]	[illegible]	[illegible]
	۸۱	۸۰	۸۰	۸۰	۱۱	۲۶	۳۱	۲۵	۱۹	۸۲	۸۲

توضیحات

شمارہ الحاقی آیات	کون مخاطب ہے یا کونسی مثال ہے	احکام و شریعت و منہاج	میرے فکر و نظر کے موضوعات			
			موضوع	صفحہ	موضوع	صفحہ
×	اہلِ عرب اور عام انسان		۱۔ قیامت کا جدید تصور۔	ف۱	۶۔ بادشاہ اور منصف کا فرق	ف۳
			۲۔ ہر انسان ایک ہی خالق کا تصور رکھتا ہے۔	ف۲	۷۔ قرآنِ حکیم کے ربع آیات دینِ انسانیت کی رہنمائی کرتی ہیں۔	ف۳
			۳۔ کراماً کاتبین۔	ف۲		
			۴۔ شفاعت کی نفی۔	ف۳		
			۵۔ ہنری چہارم اور امریکہ کے انصاف کی مثال۔	ف۳	۸۔ دینِ انسانیت۔	ف۳

باسمہ مالک یوم الدین

جب آسمان پھٹ جائے گا ۱ اور ستارے منتشر ہو جائیں گے ۲ اور سمندر اُمنڈ پڑے گا ۳ اور جب مُردے قبروں سے اُکھیڑ کر زندہ کئے جائیں گے ۴ اِس وقت ہر انسان جان لے گا کہ اس نے اپنی آخرت کیلئے کیا بھیجا تھا اور پیچھے کیا چھوڑا تھا ۵ ف۱ اے انسان! بھلا بتلا کہ

ف۱۔ میرا فکر:۔ ماہرین علمِ فلکیات کہتے ہیں کہ ہماری زمین ان حالات سے ضرور دوچار ہوگی جن کا نقشہ قرآن میں بار بار پیش کیا گیا ہے کسی وقت بھی سورج بھڑک اُٹھے گا۔ اور اس کے پھیلاؤ اور حدت سے تمام سیارے آنِ واحد میں کسی شکل اختیار کر لیں گے۔ آئے دن آسمان پر ستارے بھڑکتے رہتے ہیں۔ جو بھڑکنے سے قبل یکسان حرارت خارج کرنے والے ہوتے ہیں (باقی بر صفحہ ۲۸۱)

جدید تصورِ قیامت

آخر تجھ کو کس چیز نے اپنے ربِ کریم کے بارے میں دھوکے میں رکھا ہے ۶ اس ربِ کریم کے بارے میں جس نے تجھ کو پیدا کیا۔ اور تیرے اعضائے جسمانی کو ٹھیک ٹھیک بنایا۔ اور ایک موزون قد و قامت پر رکھا ۷ اور پھر اپنی قدرت سے ہر ایک کی صورت جیسی چاہی بنائی ۸ تم باوجود ان باتوں کو جانتے ہوئے عملاً یوم الدین کو جھٹلاتے ہو ۹ حالانکہ تمہارا یہ عقیدہ ہے کہ تمہارے ۲ عمال کو لکھنے والے نہایت معتبر فرشتے تمہارے رب نے مقرر کئے ہیں جو تمہارے نگہبانِ عمل ہیں اور جو کچھ تم کرتے ہو وہ اسے جانتے ہیں ۱۰ تا ۱۲

(بقیہ صفحہ ۲۸۰) لیکن اچانک کسی نامعلوم وجہ سے وہ اپنے جوہری ایندھن کو تیزی سے خرچ کرنے لگتے ہیں جسکی وجہ سے ان کی تپش کئی ہزار گنا بڑھ جاتی ہے اور ان کے پھیلاؤ اور حدت سے ان کے متعلقہ سیارے تباہ و برباد ہو جاتے ہیں اسی طرح نظامِ شمسی بھی ایک دن اپنی عمرِ طبعی پورا کر کے تباہ ہو جائے گا۔ تو یہ آپکا سائنسی تصورِ قیامت و قدیم تصورات کے خلاف نہیں ہے پس مخاطبینِ وحی سے کہا جا رہا ہے کہ "یہ تو تم جانتے ہی ہو کہ قیامت کسے کہتے ہیں۔ اور وہ دن کیسا ہولناک ہوگا۔ جب آسمان پھٹ پڑے گا اور تمام تارے (سیارے) منتشر ہو جائیں گے اور سمندر چھلک جائیں گے۔ بڑے بڑے پہاڑ مثل دھنکی ہوئی روئی کے ہو جائیں گے اور پوری زمین تباہ و برباد ہو جائے گی اور حشر کے روز تمام مُردہ لوگوں کو زندہ کیا جائے گا اور ان سے ان کے اعمال کی باز پرس ہوگی۔ ان کے اعمال ان کی آنکھوں کے سامنے پھریں گے اور وہ اُس دن اپنی بداعمالیوں پر کفِ افسوس ملیں گے"۔

۲۔ میرا فکر: ہر انسان۔ خواہ وہ کسی مذہب و ملت کا ہو اس بات پر یقینِ کامل رکھتا ہے کہ اس کو

ہر انسان ایک ہی خالق کا تصور رکھتا ہے

ایک ذاتِ واحد نے ہی پیدا کیا جو سب کا پیدا کرنے والا ہے۔ اور اسی ایک ذات نے انسان کو آنکھ۔ کان۔ منہ۔ ہاتھ پاؤں دیئے ہیں پھر ہر ایک کی صورت بھی علیحدہ علیحدہ اس نے بنا دی کہ ایک دوسرے میں امتیاز ہو سکے۔ اُس ذاتِ واحد کا نام ہر مذہب و ملت۔ قوم اور زبان میں علیحدہ علیحدہ رکھ لیا گیا ہے۔ اس زندگی کے بعد دوسری زندگی میں اعمال کی جزا یا سزا ملنے کا یقینِ کامل ہر مذہب و ملت کا انسان رکھتا ہے۔ اور مسلمانوں کا یہ بھی ایمان ہے کہ کراماً کاتبین، فرشتے

کراماً کاتبین

ہر انسان کی نگہبانی کرتے اور اس کے ہر قول و فعل کو لکھنے پر مامور ہیں۔ یہ سب تو زبان سے کہا جاتا ہے لیکن عملاً ایسا معلوم ہوتا ہے کہ اس سے انحراف ہے کیونکہ جان بوجھ کر انسان نفس پرستی کی طرف چلا جا رہا ہے اور اس کو عملِ صالح سے کوئی سروکار ہی نہیں۔ حق بات کو ماننے سے اس کو قطعاً انکار ہی انکار ہے اور بُرائیوں کی طرف وہ راغب ہے۔ تو بھلا اسکے ایمان کا کوئی تک بھی ہے۔

قدرت کی مختلف نگہبان قوتیں چیونٹی سے لے کر ہاتھی تک سب ہی کی یکساں نگہبانی کرتی ہیں۔ تمام کو چھوڑ کر ایک قوتِ مدافعت جو ہر جاندار میں ہے اس کو دیکھیے کہ ہم سو رہے ہیں جسم پر ایک چیونٹی رینگتی ہے تو نیند میں ہم اسکو رگڑ دیتے ہیں۔ کوئی کیڑا جسم پر آ جاتا ہے تو جھٹک دیتے ہیں۔ ہم کسی وقت بیدار ہونے کا ارادہ کرتے ہیں تو ایسا معلوم ہوتا ہے کہ کسی نے ہم کو جگا دیا۔

بے شک نیکی کرنے والے انعاماتِ الٰہی سے سرفراز ہونگے ۱۳ اور بدکار عذابِ جہنم میں مبتلا ہوں گے ۱۴ جزاء کے دن بدکاروں کا مقام جہنم ہی تو ہوگا۔ اور اس عذاب سے چھوٹ نہ سکیں گے ۱۵ و ۱۶ اور تمہیں کچھ علم ہے کہ جزاء کا دن کیسا ہوتا ہے اور کیوں کر ہوگا ۱۷ کیا فی الحقیقت تم جانتے ہو۔ اور تم کو خبر ہے کہ انصاف کا دن کیسا ہوگا ۱۸ اچھی طرح سمجھ لو کہ اس روز کوئی کسی کا بھلا نہ کر سکے گا۔ اور نہ کسی کی کوئی سفارش یا کوئی معاوضہ قابلِ قبول ہوگا۔ کیونکہ اس روز تو مالکِ یوم الدین کی حکومت قاضی القضات کی عدالت ہوگی۔ اور اسی کا حکم نافذ ہوگا ۱۹ ع ف ۳

ف ۳ ۔ میرا فکر :۔ ان آیات (۱۳ تا ۱۹) پر غور کرو کہ کس طرح آج بھی ہم کو وحیِ الٰہی عام فہم جملوں میں مخاطب کر رہی ہے اور اپنے مخاطبین یا تلاوت کرنے والوں سے پوچھتی ہے کہ :۔ "کہ تم تو یہ بات سنتے ہی چلے آئے ہو کہ نیک کام کرنے والے بروزِ حشر۔ یعنی بروزِ جزاء انعاماتِ الٰہی سے سرفراز ہوں گے اور بدنصیب۔ بدکار تو جہنم کے حوالے کر دیئے جائیں گے اپنے گناہوں کی سزا بھگتنے کے لئے۔ اور دونوں فریق ہمیشہ ہمیشہ کے لئے اپنی جزاء اور سزا پاتے ہی رہیں گے۔ اور ظاہر ہے کہ انعاماتِ الٰہی پانے والے تو خوش و خرم رہیں گے اور سزا پانے والے بڑے ہی بدنصیب۔ ہمیشہ غم و اندوہ میں مبتلا رہیں گے۔ یہ سب تمہارے عقاید ہی ہیں۔ اور تم یہ بھی جانتے ہو کہ یہ فیصلہ قیامت کے دن ہوگا۔ قیامت کو تم جزاء و سزاء کا دن ہی کہتے ہو۔ لیکن تم اس سے بے فکر ہو کہ وہ دن کب آئے گا۔ بلکہ تم تو کہتے ہو کہ یہاں تو امن سے گذر رہی ہے عاقبت کی خبر خدا جانے۔ اسی غفلت میں تم مبتلا ہو۔ اور اس پر تمہارے احبار۔ راہبان۔ مولوی و مشائخ۔ پنڈت و پادریوں نے تم کو اپنے نام لیوا انہوں کو خدا کا شریک ٹھیرا کر یہ امید دلا دی ہے کہ روزِ محشر۔ روزِ جزاء کی فکر مت کرو۔ ہمارے واسطہ سے یہ خدا کے محبوب مقبول پیارے بندے تمہاری شفاعت کر کے تم کو عذاب سے بچائیں گے۔ مالکِ یوم الدین کے پاس ان کا بہت بڑا مقام ہے۔ پس تم ہمارے ہاتھ میں ہاتھ دے کر اندھے مقلد بن جاؤ!۔ اے انسانوں! اس طرح تم کو شفاعت کی وہ گولی دیجا کر جبر میں بھنگ ملی ہوئی ہے تمہارے فکر و فہم کو کند کر دیا گیا ہے۔ اور تم اپنے اعمال کی جوابدہی سے لاپرواہ ہو کر غفلت کی نیند میں پڑ چکے ہو!۔ اچھی طرح سمجھ لو کہ روزِ جزاء۔ یوم حشر۔ یوم الدین تو سخت عذاب کا دن ہوگا۔ جس دن نہ کوئی کسی کا بھلا کر سکے گا اور نہ بُرا۔ اور تمہارے عقیدہ ہی کے مطابق کراماً کاتبین کے لکھے ہوئے تمہارے نامۂ اعمال تمہارے ہاتھوں میں ہوں گے۔ تم جانتے ہو کہ اس دن انصاف کرنے والا کون ہوگا؟ سنو! اس دن ذات ذوالجلال والاکرام انصاف کے لئے کرسیٔ انصاف پر جلوہ فرما ہوگی جس کی کرسی کی وسعت آسمانوں اور زمین پر محیط ہے۔ یعنی سب کچھ اس کے اقتدارِ اعلیٰ میں سمو جائیگا! پس اس دن صرف اسی کا حکم نافذ رہے گا۔ کسی کی مجال نہیں ہوگی کہ ایک لفظ بھی زبان سے نکالے (باقی بر صفحہ ۲۸۳)

لوگوں کی دو پارٹیاں

شفاعت کی نفی

یوم حشر اور انصاف

(بقیہ صفحہ ۲۸۲) اور نہ کسی کی سفارش میں کوئی عذر یا حیلہ حوالہ کر سکے گا۔ سنو! اس دن مجرموں پر مہر لگا دی جائے گی۔ اور جوارح یعنے ہاتھ پاؤں اور اعضائے جسم سب ہی گواہی دیں گے۔ اس انصاف کے دن کو

حشر اول

درست خیال کرو۔ تم سمجھ لو کہ شاید تمہاری دوسری سانس واپس ہونے سے پہلے وہ دن تم کو مل جائے۔ یعنے حشر اول کے لئے تمہاری موت تم کو گھیر لے۔ اس کے بعد جو کچھ ہوگا اور جب کبھی ہوگا اسکا علم تو سوائے خالقِ کائنات کے کسی کو نہیں ہو سکتا۔"

دیکھئے! اس وحی میں ان تمام تصورات نفسی۔ ذہنی اور عقاید و ایمانیات باطلہ و بے سندی کی تردید کر دی جا رہی ہے کہ جو اس وقت کے پیشوایانِ مذاہب اپنی قوم کو بتلا رہے تھے آج محمود اُمت محمدی خلافِ منشاء قرآنِ حکیم مسئلۂ شفاعت میں جس طرح مگن ہے۔ ان سب عقاید کی تردید اس وحی کے ذریعہ کی جا رہی ہے۔ آنحضرت صلعم کے شفیع المذنبین ہونے کے عقیدے سے میرا فکر مجھ کو مسلسل چالیس سال سے متفکر بنا رہا ہے جسکی وجہ سمجھنے سے پہلے ایک دُنیا کی مثال سمجھ لینے کی ضرورت ہے۔ قرآنِ حکیم دُنیا کی عام اور کھلی مثالوں ہی سے تو ہم کو تفہیم کرتا ہے۔ وہ ایک مچھر یا مکھی کی مثال دینے میں بھی پس و پیش نہیں کرتا۔ پس میری اس مثال پر ایک لمحہ فکر ضروری ہے۔ دیکھئے! جب کسی ملزم کو دُنیا کی کوئی بھی عدالت مجرم قرار دے کر سزا صادر کر دیتی ہے تو کیا کسی حاکم وقت کی سفارش یا کسی گران قدر معاوضہ کی ادائی یا کسی کا اس کے بدل سزا کو بھگتنے کا پیش کش اس مجرم کو عدالت کی مجوزہ سزا سے بچا سکتا ہے۔ آپ نے کبھی اپنی عمر میں کیا کوئی ایسا واقعہ دیکھا یا پڑھا ہے۔ یقیناً آپ اس کا جواب نفی میں دیں گے۔ اگر آپ کی نظروں میں کوئی ایسا واقعہ نظر آیا ہے تو آپ یقیناً ایسی عدالت کو عدالت ہونے سے نہیں

ہنری چہارم اور امریکہ کے انصاف کی ایک مثال

دیکھئے ایک قدیم زمانہ کا واقعہ آپ کے سامنے پیش کرتا ہوں:۔ ہنری چہارم شاہ انگلینڈ کے ولی عہد کا ایک ملازم خاص کسی جرم میں گرفتار ہوا۔ عدالت نے اُس کو قید کی سزا دیدی۔ ولی عہد کو معلوم ہوا تو وہ فوراً کمرۂ عدالت میں داخل ہوا اور جج کو ملزم کے چھوڑ دینے کا حکم دیا۔ جج نے اس کے حکم کی تعمیل کرنے سے انکار کیا۔ ولی عہد کو غصہ آگیا اور جج سے زبانی گستاخی کی۔ جج نے فوراً توہینِ عدالت کے الزام میں ولی عہد کو ایک ہفتہ جیل کی سزا سنا دی اور پولیس کو حکم دیا کہ ولی عہد کو جیل خانہ پہنچا دیا جائے۔ زمین و آسمان تو [illegible] کانپ اُٹھے کہ ولی عہد کو ایک معمولی جج نے جیل خانہ بھیج دیا۔ بادشاہ کو جب اس واقعہ کی اطلاع ملی تو وہ خوش ہو گیا اور کہا کہ جس مُلک کی عدالت کے جج ایسے منصف ہوں وہ مُلک کبھی تباہ نہیں ہو سکتا۔

ایک حال کا واقعہ بھی تو آپ کے سامنے ہے۔ ۱۹۵۳ء میں امریکہ کی عدالت نے ایک سائنس دان اور اس کی بیوی کو جوہری توانائی کے افشائے راز کے جرم میں سولی کی سزا دی۔ مجرم کی برأت کے لئے نہیں بلکہ صرف سزا کو بدلنے یعنے بجائے قتل کے حبسِ دوام کی استدعا کرۂ زمین کے کروڑ در کروڑ انسانوں نے صدرِ امریکہ سے کی لیکن انصاف کے مقابل کوئی سفارش قبول نہ ہوئی۔ وقتِ مقررہ پر وہ دونوں سولی پر ختم کر دیئے گئے۔ (دیکھئے وحی نمبر ۷) میں بھی اسکا ذکر موجود ہے)۔ غور کیجئے کہ دُنیا کے ایک ادنیٰ منصف کے انصاف کا یہ عالم ہے۔ تو قاضی القضاۃ یوم جزاء کے انصاف اور اس کے رعب و جلال کا کیا حال ہوگا۔ کون ہے جو اس عدالت کے سامنے زبان بھی ہلا سکے:۔

"لا یتکلمون الا من اذن لہ الرحمٰن وقال صوابا" کون ہے جو اس عدالت کے سامنے کسی قصور معاف کرانے کی (باقی بر صفحہ ۲۸۴)

(بقیہ صفحہ ۲۸۳) جرأت کر سکے۔ وہاں کون ہوگا جو دم بھی مار سکے گا۔ ہمارے پیشوا ان مذہب خلاف تعلیم قرآن و ارشاد رسالتمآب صلعم شفاعت پر یقین رکھتے ہیں۔ اور اپنے دعوے کو سلطان مبین یعنی برہان قطعی سے ثابت سمجھے ہوئے ہیں۔ اگر یہ صحیح ہے تو وہ کون صحیح الدماغ انسان ہوگا جو کہے کہ یوم الدین کے انصاف کو عدالت انصاف سے تشبیہ بھی دے سکے گا۔ معاذ اللہ اللہ کی ذات اور علم و انصاف کو۔ پناہ بخدا۔ لیکن یہاں پر ایک اور بات بھی تو ذہن نشین کر لینا ضروری ہے کہ بادشاہ اور جج میں بہت

بادشاہ اور منصف کا فرق

بڑا فرق ہوتا ہے۔ بادشاہ صاحب اقتدار ہوتا ہے یعنی وہ جسکو چاہتا ہے معاف کر سکتا ہے۔ جس کو چاہتا ہے انعام دے سکتا ہے جسکو چاہتا ہے عزت سے سرفراز کر سکتا ہے جسکو چاہتا ہے ذلیل و خوار کر سکتا ہے۔ اسکے اختیارات شاہی کے آگے کسی کو چوں و چرا کا حق نہیں۔ دیکھو قرآن حکیم بھی بادشاہت خداوندی کی شان کو بتلا رہا ہے۔ اے اللہ مالک سلطنت عالم کے بلاشبہ تیرے اختیار میں ہے کہ جسکو چاہے سلطنت زمین کی عطا فرما دے۔ اور جس سے چاہے سلطنت چھین لے۔ اور تیرے کو اقتدار کامل حاصل ہے کہ جسکو چاہے عزت دے۔ اور جس کو چاہے ذلیل و رسوا کر دے۔ پس تیرے ہی اختیار میں سب کچھ ہے اور تو ہر چیز پر قادر مطلق ہے۔ یہ ہے شان مالک الملک کی۔ اسکو اختیار ہے کہ جو چاہے کرے۔ کوئی اسکا ہاتھ پکڑنے والا نہیں۔ کوئی اسپر انگشت نمائی کرنے والا نہیں یہ ہی صفات تاریخ شعور انسانی سے دنیاوی بادشاہوں کے باب میں نظر میں لیکن جب اسی بادشاہ کو اسی کے منظورہ قانون کے تحت کرسی عدالت پر بٹھا دیا جاتا ہے۔ تو شان عدالت اسکو انصاف کے دائرہ سے باہر نکلنے نہیں دیتی۔ اور وہ بال برابر ناانصافی کی طرف مائل نہیں ہو سکتا۔ چاہے اسکے سامنے بحیثیت ملزم اسکا دلی بھائی ہی کیوں نہ ہو۔ جو سزا قانونی جرم منسوبہ کی مجرم کے لئے ہوگی۔ اسکو وہ پوری قوت سے نافذ کرے رہیگا۔ دراصل کرسی انصاف پر بادشاہ کا ہر حکم داخل رحم ہی ہوگا۔ کیونکہ مظلوم کے حق میں ظالم کو وہ سزا دے رہا ہے۔ مرتکب جرم کو اسکے افعال کا بدلہ دیا جا رہا ہے۔ اگر مستغیث یعنی مظلوم مجرم کو اپنی طرف سے معافی بھی دیدے تو مجوزہ سزا میں کوئی رعایت نہ ہوگی۔ اس میرے بیان کے لئے انصاف کی بڑی بڑی عدالتوں کے فیصلوں پر نظر ڈالو تو انصاف کی حقیقت سامنے آجاتی ہے۔ پس اس مثال کو سامنے رکھ کر قرآن حکیم میں فکر کرو کہ جب وحی الٰہی اللہ کو مالک یوم الدین قاضی محشر کہتی ہے۔ اور پھر اعلان کرتی ہے کہ روز جزا تمہارا رب کرسی انصاف پر جلوہ افروز ہوگا تو ذرہ ذرہ کا معاوضہ حسب وعدہ ادا کرنا اسکی عادلانہ صفت ہوگی۔ ایک جگہ وحی الٰہی کا ارشاد ہوتا ہے کہ "جس نے بھلائی کی سو اسکے لئے اور جس نے برائی کی تو وہ بھی اسی کے لئے"۔ یاد رکھو کہ تیرا رب اپنے بندوں پر ہرگز ہرگز ظلم نہیں کرتا۔ اسکے خلاف دنیا کے تمام علماء و فضلاء و ائمہ و محدثین پنڈت پادری احبار و رہبان چاہے جو کچھ کہیں تو میں کہوں گا کہ سب غلط۔ میرا رب پاک ہے ان اوصاف سے جو یہ جھوٹے مدعیان حق کہتے ہیں۔ اور مجھے سب سے انکار ہے۔ یہ خود غرض انسان تو خدا پر بہتان باندھتے ہیں۔ سبحان اللہ عما یصفون۔

قرآن کی سر ربع آیات دین انسانیت کی راہنمائی کرتی ہیں۔

میں پھر ایک مرتبہ طالبان فہم و فکر قرآنی سے کہوں گا کہ قرآن حکیم میں وہ غور کریں تو معلوم ہوگا کہ اس کی ہر ایک سر ربع آیات اس بات کو واضح کر رہی ہیں۔ کہ خدا رب العالمین ہے۔ اسکے سوائے کوئی لائق عبادت نہیں۔ دین معاد یعنی جو کچھ اس زندگی میں انسان عمل کرے گا۔ اس کی جزا یا سزا (یعنی بدلہ) اسکو اس زندگی میں بھی ملے گی۔ اور موت کے بعد اسکو پھر زندہ کیا جا کر ذرہ ذرہ کا حساب لیا جائیگا اور بلحاظ عمل اسکو بدلہ دیا جائے گا۔ پس دین اسلام یعنی وہ دین جو حضرت نوح سے لیکر رسول عربی صلعم تک و تمام کرہ زمین کے ہر پیغمبر کے ذریعہ ہر قوم کو وحی

عہ یوں تو ہر امت اپنے نبی کو مختار یوم حشر سمجھتی ہے لیکن امت محمدی تو اس عقیدہ میں بہت ہی اونچے مقام پر ہے۔ اسکے خلاف عقیدہ رکھنے والے کو وہ اپنے زمرہ سے خارج کر دینا عین منشاء تعلیم اسلام سمجھنے پر مجبور ہے۔

(بقیہ حاشیہ صفحہ ۲۸۴) الٰہی کے ذریعہ بتایا گیا۔ کہ یہ دو ہی شق ہیں۔ یعنی دین، دھرم کے یہ دو شاخیں ہیں۔ اسکے خلاف جو کچھ کہا جاتا ہے۔ یا مانا جاتا ہے۔ قرآن حکیم اس کی کھلی تردید کرتے ہوئے کہتا ہے کہ "لاؤ کوئی سلطان مبین اپنے دعوی صداقت میں اگر تم سچے ہو"۔ یہ حقیقت نفس الامری ہے کہ میرے مطالعہ کی حد تک۔ وید۔ گیتا۔ توراۃ۔ انجیل اور ژند اوستا کے موجودہ تراجم قرآن حکیم کی شہادت کے لئے کافی ہیں۔ چنانچہ میں ہر حامل کتاب مقدس کو چیلنج کرتا ہوں کے وہ اپنی مقدس کتاب میں (جو آج ان کے ہاتھوں میں ہے) ان عقائد و ایمانیات کو مجھے بتلا دے جو قرآن حکیم کے اس دعوے کی ضد۔ اور انکے عقائد و ایمانیات کی تائید میں ہو۔ یہ ہے وہ حقیقت جسکا دعوی قرآن کرتا ہے کہ اللہ اپنے کلام کا آپ محافظ ہے۔ یعنی باوجود مقدس کتابوں کی تحریف کے حقیقت کو نہیں بدلا جا سکا۔ اور نہ کبھی بدلا جا سکتا ہے۔ ہاں معنوی تحریف کی گئی۔ کیجا رہی ہے اور کیجاتی رہے گی۔

پھر ایک ضروری یادداشت سے ذہن کو تازہ کر لیجئے۔

دین انسانیت

قرآن حکیم کی تعلیم از اول تا آخر آدمی کو مقام انسانیت تک پہنچانے کے لئے ہے جو منہ چہ ذیل نظریات کے اطراف ہی گھومتی نظر آتی ہے۔

کوئی آقا۔ مربی۔ مالک۔ الٰہ معبود نہیں سوائے ایک بے غرض آقا کے جو تمام قوموں اور کل کائنات کا رب ہے۔ جسکے نام تمام زبانوں میں علحدہ علحدہ ہیں۔ اور سب اسماء الحسنیٰ اسکے ہیں۔ اسی کو قرآن توحید کہتا ہے۔ اور شعور انسانی کا یہ تصور الست بربکم قالو بلی کی طرف اشارہ کرتا ہے۔

ہر انسان کیلئے آزادی فکر اور جسمانی مالی، فکری و ذہنی غلامی سے آزادی کامل حاصل کرنے کے پیدائشی حق کا اعلان کرتا ہے۔ وہ مختلف امثال، قصص و واقعات کو استدلال میں پیش کر کے اس بات کو واضح طور پر ذہن نشین کراتا ہے کہ باپ دادا اور موروثی دین کی اندھی تقلید بلا کسی غور و فکر کے انسانیت کے لئے باعث ننگ و عار ہے۔ ہر انسان کا فرض ہے کہ وہ اپنے عقل سوجھ بوجھ کی حد تک اپنے آبائی عقائد ملی و ذہنی کو عقل و خرد کی کسوٹی پر گھس کر دیکھ لے۔

مساوات انسانی بر بنا تخلیق جب سب انسان یکساں ہیں۔ تو پھر اونچ نیچ کا سوال ہی بے معنے ہے۔ البتہ بلحاظ عمل صالح اور غیر صالح درجات ہو سکتے ہیں۔ ایسی حالت میں ایک انسان کو دوسرے انسان پر محض سرمایہ یا نسل کی وجہ فوقیت جتلانے کا کوئی حق نہیں۔

جوابدہی اعمال یعنی بعث بعد الموت کیلئے وہ ناقابل تردید دلائل و براہین کو پیش کرتے ہوئے۔ اعلان کرتا ہے کہ مرنے کے بعد جس طرح بھی تمکو حیات ثانی دیجائیگی۔ وہ پردہ غیب میں رکھی گئی ہے۔ لیکن یہ بات یقینی ہے کہ اس زندگی کے ہر چھوٹے اور بڑے عمل کی جوابدہی انصاف کے دن اپنے خالق کے سامنے کرنی ہوگی۔ اس دن ایک کا بوجھ دوسرا کوئی نہیں اٹھا سکے گا۔ اور نہ کوئی کفارہ، معاوضہ۔ سفارش۔ شفاعت یا ایصال ثواب جو ہر مذہب میں ملی و ذہنی عقائد باطلہ کی صورت میں جزو ایمان بنے ہوئے ہیں۔ کام آئیگے۔ یہ عقائد ہر قوم اور مذہب کے اجارہ داروں نے قانون جزا و سزا اور نظریہ انصاف کے خلاف محض تم لوگوں کو ذہنی غلامی کے ذریعہ اپنے بندہ بے دام بنانے کے لئے بنا لئے ہیں۔ جو آزاد [illegible] اور مکر و فریب طاغوتی ہیں۔ اگر وہ اپنے اجتہاد فتوے اور مسئلہ میں سچے ہیں تو ان سے کہو کہ وہ اپنی اپنی مقدس کتاب سے کوئی [illegible] (یعنی کھلی سند) تمکو بتلا دیں۔ وہ یقیناً ایسی کوئی سند نہیں بتلا سکتے۔

جب کوئی قوم بلا لحاظ شرع و منہاج ایک ہی اصول المعروف کی [illegible] (بغیر بوجھ) سے تھام لیتی ہے۔ تو اس کی وحدانیت میں کوئی شک و شبہ کی گنجائش نہیں رہتی۔ اسکے لئے دنیا و آخرت۔ یعنی حال و مستقبل کے الٰہی [illegible] کا کلیہ قضا و قدر خود بخود

(بقیہ صفحہ ۲۸۶)

(بقیہ صفحہ ۲۸۵) مہیا کرنے شروع کر دیتے ہیں۔ اس الحاد کو وہ "اللہ کی رسّی" سے تشبیہہ دیتا ہے۔
جب کوئی قوم شرع و منہاج کے سلسلہ میں مذہب کو آڑ بنا کر اختلاف باہمی۔ شر و فساد۔ ظلم و زیادتی۔ نفاق۔ اونچ نیچ کے نفسیاتی جذبات میں ایک دوسرے سے دست بگریبان ہونے لگتی ہے تو وہ "شرکِ عظیم" میں مبتلا ہو جاتی ہے۔ جو سب سے بڑا گناہ ہے جس کے بعد کارکنانِ قضا و قدر حال اور مستقبل۔ دُنیا اور آخرت میں اس کے لئے ذلّت و مسکنت کا عذاب نازل کر دینا شروع کر دیتے ہیں چنانچہ دُنیا کی تاریخ کے اوراق قرآنِ حکیم کے ان نظریات کے شاہد ہیں جو اقوامِ عالم کے عروج و زوال کی داستانوں سے بھرے ہوئے ہیں اگر آپ قرآنِ حکیم میں فکر کریں تو مکی وحیوں کا دَور (جو قرآنِ حکیم کا دو ثلث حصّہ ہے) قومِ عرب کی کردار سازی کے لئے اِن ہی بُنیادوں پر (۱۳) سال تک وقف رہا ہے۔
غور کیجئے کہ مکی وحی کی ہر سورۃ اور ہر رکوع کس طرح اپنے مخاطبین کو ان کے باپ دادا کے موروثی مذہب اور بے روح عبادات و نیز مہمل رسم و رواج یعنے شرع و منہاج اور عقاید فکری و بے معنے سے ہٹا کر ان کو ایک مثالی انسان بنانے اور اپنے فکر و فہم کو کام میں لانے کی ترغیب دینے کے لئے نازل ہوتی رہی ہیں۔ چنانچہ آج بھی قرآنِ حکیم کی مکی سورتیں دُنیائے انسانیت کو سنوارنے "مُنزل من اللہ" آپ کے ہاتھوں میں طالبِ فکر و فہم ہیں۔ آخر اوہامِ باطلہ کی غلامی کی بھی کوئی انتہا ہے؟ اگر تعلیم یافتہ نوجوان تقلید کی غلامی سے نکل کر آزادیٔ فکر کے ساتھ "قرآن ازم" کے نظریات کا مطالعہ کرے تو وہ دُنیا کے لئے سچی انسانیت کا معلّم اور ایک اچھی دُنیا کا معمار بن سکتا ہے۔